اردو قانونی ڈکشنری

جس میں کُل لغات۔ اصطلاحات۔ تعریفِ قانونی و الفاظ مختص لا بمدولات مع معانی متعلقہ قانون ومضامین بعبارات ایکٹ ہا و تشریحات۔ نکات تحقیقات قانونی بحوالہ نظائرات فیصلجات۔ ڈائجسٹ ویکلی رپورٹ۔ انڈین لاء رپورٹ۔ پنجاب ریکارڈ۔ تا فذ الوقت درج ہیں۔ گویا کُل قانون دیوانی۔ فوجداری۔ مال کا ایک مشرح مجموعہ ہے

جسکو

یادگار خاندان نواب یعقوب خان غزنوی۔ مولوی محمد جلیل الرحمن خان جلیل ابو الفیض بی

مولوی عالم۔ منشی عالم۔ سکالر آف فرسٹ کلاس۔ مولوی فاضل منشی فاضل پنجاب یونیورسٹی لاہور

ری ٹیکاجی سردار بکرم سنگھ صاحب بہادر کلکٹر و مجسٹریٹ ضلع۔ ولیعہد حضور والا ہز ہائی نس ہ

سر شمشیر پرکاش صاحب بہادر جی۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ والی ملک ناہن مہ ہ بالقابہ

و اتالیق حضور سردار رنجیت سنگھ صاحب بہادر والی سٹیٹ کلسیہ دام اقبالہ کتاب

قسمت نویسی۔ ضوابط الانشا۔ اصول محاوراتِ اردو وغیرہ نے تین سال میں تحقیقاتہ کتب قانونی۔ مذہبی۔ علمی کی امداد سے تصنیف کیا۔ اور

بغرض رفاہ عام

خصوصاً تمام حکام۔ رؤسائے عظام۔ صاحبان جج۔ کمشنر۔ ڈپٹی کمشنر۔ فنانشل کمشنر۔ اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر و جملہ مجسٹریان سپرنٹنڈنٹان۔ انسپکٹران۔ قانون پیشگان۔ امیدواران امتحانات عہدہ ہائے قانونی۔ بارسٹران۔ پلیڈران مختاران عہدہ داران محکمجات۔ عدالتی اہلکاران۔ اپیلنویسان۔ عرضی نویسان۔ پٹواریان۔ دیگر کلرکان دفاتر وغیرہ

بلالی پریس ساڈھورہ ضلع انبالہ میں منشی کرم بخش کے اہتمام سے چھپی

قیمت کاغذ ڈی می (عہ) ۸۴۲ قیمت کاغذ سری رامپوری (للعہ)

دیباچہ

کیوں نہ ہو کہ نیلے آسمان کے اسی آفتاب نے ایسے دن بھی دیکھے ہیں کہ مشرقی ممالک کی قومیں شائستگی اور ترقی اور ایجاد کے میدان میں تمام دنیا سے آگے تھیں - بلکہ یہ لکھنا چاہئے کہ جو قومیں سو رہی تھیں - مغربی اقوام تو کسی شمار میں ہی نہ تھیں - مشرقی اقوام کی شاگردی کا فخر بھی انکو مشکل سے نصیب ہوتا تھا - مگر زمانہ کی گردش نے مغرب کو مشرق اور مشرق کو مغرب بنادیا - جو قومیں کہ شاگردی کی عزت کو ترستی تھیں - آج وہی استادی کی کرسی کو زیب وزینت اور فخر و عزت بخش رہی ہیں اور تہذیب اور شائستگی اور اختراع کے آسمان پر آفتاب کی مانند چمک رہی ہیں اور عروج و اقبال اور ترقی کے جلوے دکھارہی ہیں - گو ہم اپنی اُستادی اور اکثر علوم کے موجد اور ترقی دہندہ ہونے کے دعوے نہایت فخر اور مباہات سے پیش کرتے ہیں لیکن اگر یہ فخر یہ دعوے آج ہمکو ان اقوام کی شاگردی اختیار کرنے سے جو علوم و فنون کی ترقی کے میدان میں گوئے سبقت لے گئے ہیں باز رکھیں تو اُن بے سود کہانیوں اور پُرانی ہڈیوں کے اکھاڑنے سے بڑھکر کوئی چیز مضر نہیں ہوسکتی ؀

یورپ میں اندنوں علوم و فنون میں اسقدر غیر محدود ترقی ہوئی ہے اور ہورہی ہے کہ قیاس و اندازہ سے باہر ہے - مختلف علوم و فنون کی چھوٹی بڑی شاخیں جو اپنے اصلی علوم سے کبھی علیحدہ نہیں ہوئی تھیں اسوقت بجائے خود جدا جدا مستقل اور وسیع علوم و فنون بن گئی ہیں ؀

ہم اپنے ملک اور زبان کی ترقی کے واسطے سوائے اسکے کچھ نہیں کرسکتے انہیں ترقی یافتہ قوموں کی پیروی کریں اور اپنی کھوئی ہوئی استادی کے حاصل کرنے کی راہ چلنے کے لیئے مغربی اقبال مند قوموں کی شاگردی اختیار کریں اور اُنکے نقش قدم پر چلیں علم لغات نے بھی دوسرے علوم و فنون اور اُنکی شاخوں کی طرح یورپ میں بے انتہا

ترقی کی ہے ہر طرح کی ڈکشنریاں - مذہبی - طبی - قانونی - تجارتی وغیرہ اسقدر انکی زبانوں میں موجود ہیں کہ انکا حساب اور شمار کرنا ہی کوئی آسان کام نہیں - ہماری زبان اُردو میں باوجودیکہ یہ زبان ترقی کر رہی ہے اور باوصفیکہ بمقابلہ دیگر السنہ مروجہ ہند زیادہ کارآمد اور مفید ثابت ہوچکی ہے - اور اگر دفاتر یا عدالت کی زبان ہے تو یہی ہے اور اگر کل قوانین انگریزی کا ترجمہ ہے تو اسی زبان میں موجود ہے - ابتک کوئی ایسی جامع اور کامل لا ڈکشنری (لغات قانونی اُردو) دیکھی کیا سننے میں بھی نہیں آئی جو عموماً کل قانون پیشہ لوگوں اور امیدواران امتحانات قانونی اور خصوصاً حکام عدالتی و چیف کورٹ و ہائیکورٹ کے ججوں صاحبان حکام عظام کمشنر - ڈپٹی کمشنر فنانشل کمشنر اور جملہ کلکٹروں - اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنروں کینسرو بیٹروں - آنریری مجسٹریٹوں منصفوں - گرداوروں امینوں - تعلقہ داروں - سررشتہ داروں - ناظروں - محافظ دفتروں اہلمدوں - محرر جوڈیشلوں - عرضی نویسوں - پٹواریوں وغیرہ کو نکات اور تشریحات اور تحقیقات اور محاورات قانونی سے بہرہ کامل عطا کرے -

اسلئے شکایت مذکورہ کے رفع کرنے کی غرض سے خاکسار نے سالہا محنت شاقہ اور عرقریزی شبارروزی سے یہ ایسی اُردو قانونی ڈکشنری تیار کی ہے جسمیں عموماً ہر لفظ اور اصطلاح قانونی کے معانی اور تشریحات موجود ہیں جہانتک مجھکو علم ہے فی زمانہ اسکے سوائے کوئی اور ایسی جامع ڈکشنری قانونی اُردو زبان میں موجود نہیں ہے - گو بعض انگریزی ڈکشنریاں قانونی موجود ہیں مگر وہ بوجہ اختصار کاربراری کے لئے مکتفی نہیں ہوسکتیں اور گراں قیمت ہونے کے باعث انکی خریداری عوام الناس کے واسطے نہایت دشوار ہے اور خرید کر بھی نسے وہی حصا پورا فائدہ اٹھا سکتے ہیں جو انگریزی جانتے ہیں یا اعلےٰ درجے کی استعداد رکھتے ہوں - بیچارے اُردو دانوں کے لیے تو انکا ہونا نہونا مساوی ہے اس ڈکشنری میں مفصلہ ذیل اُمور کا لحاظ رکھا گیا ہے - (۱) عموماً ہر ضروری لفظ قانونی درج ہے (۲) انگریزی طریق مروجہ کے مطابق ترتیب حروف رکھی گئی ہے (۳) اکثر لغات کی تشریح میں نافذ الوقت مستند کتب قانونوں کے حوالے دیے گئے ہیں (۴) علاوہ مختلف معانی کے

لغات کی ضمن میں لفظ تشریح جلی قلم سے لکھکر مفید اور کارآمد تشریحات اور نکات اور تحقیقات قانونی و علمی و عقدہاے مالاینحل حل کرکے دکھائے ہیں (۵) عموماً ہر لغت پر خصوصاً ایسے لغات اور مواقع پر نہایت غور اور صحت سے اعراب لگا دئے گئے ہیں جنمیں التباس اور اشتباہ اور باہمی مشابہت اور مغالطہ کا سخت خطرہ تھا (۶) قانونی ڈکشنری کی ڈکشنریوں کی طرح اسمیں سوائے قانونی الفاظ کے عام لغات بھر دینے سے بہت احتیاط سے اجتناب کیا گیا ہے مگر مجبوراً بعض ایسے عام الفاظ بھی درج کرنے پڑے جنکے بغیر کام نہیں چل سکتا تھا اسلیئے کہ اظہارات اور بیانات متعلقہ مقدمہ تو عموماً عوام الناس ناخواندہ لوگوں کی زبان میں لکھے جاتے ہیں جو عین بناے فیصلہ قرار پاتے ہیں (۷) پنجاب ممالک مغربی اور شمالی کے کل کتب قانونی کے کارآمد الفاظ اور انکے معانی ثبت ہیں (۸) جو الفاظ انگریزی وغیرہ بگڑکر کچھہ کے کچھہ ہوگئے ہیں انکی اصل اور بگڑنے کی وجہ مفصل بتلادی گئی ہے **الغرض** اسکو اردو قانونی ڈکشنری سمجھنا ہی کافی نہیں ہے - بلکہ اس اعتبار سے کہ اسمیں عموماً کل الفاظ اور تعریفات اور اصطلاحات اور محاورات اور تشریحات قانونی اور اکثر مضامین قانونی بھی درج ہیں کل قوانین دیوانی - فوجداری - مال کا مجموعہ تصور کرنا بجا ہے - باایں ہمہ مجھکو اپنے لسان ضعیف ہونے اور اپنی کمزوریوں کا اعتراف کرنے میں کوئی تامل نہیں ہے - مجھکو اگر اپنے پیارے ملک و اہل وطن کی محبت اور ملکی زبان کی ضرورت کا خیال ایک ایسے کام کے اختیار کرنے کی طرف جو مجھسے زیادہ قابل آدمیوں کے کرنے کی قابل تھا مائل نکرتا تو میں اس کام کو اپنے ہاتھ میں نہ لیتا -

اگرچہ میں نے جو کچھہ لکھا ہے مستند کتب قانون اور دیگر اہل زبان کی مشہور و مستند کتب لغات کتب مذہبی وغیرہ کی امداد سے لکھا ہے اور ہر ایک زبان کے مشکل الفاظ کی تشریح میں طمانیت اور صحت کے واسطے اس زبان کے علما سے مدد لی ہے اور کوئی ممکن وسیلہ غلطی اور اشتباہ سے بچنے کا نہیں چھوڑا تاہم اگر مجھسے کوئی غلطی ہوگئی ہو تو ناظرین سے امید ہے کہ وہ اُن مشکلات اور اشکال کا لحاظ کرکے جو عموماً تحقیق لغات اور خصوصاً قانونی لغات کے تیار کرنے میں پیش آنے ممکن ہیں میری غلطیوں کے ساتھہ ہمدردی کرینگے -

میں اِس دیباچہ کو ماخذ ڈکشنری بیان کرنے کے ساتھ ختم کرتا ہوں ؂

ماخذ ڈکشنری

اسمیں دیگر ڈکشنریوں کی طرح اور ڈکشنریوں کو پیش نظر رکھکر فقط لفظ ہی نہیں لیے گئے اور انگریزی سے صرف ترجموں پر ہی حصر نہیں کیا گیا بلکہ علاوہ اسکے عموماً کل کتب قانونی و محمڈن لا و ہندو لا متعلقہ قانوں و کل سرکلرات و فیصلجات چیف کورٹ و ہائی کورٹ و ڈائجسٹ و ویکلی رپورٹ وغیرہ کو اول سے آخر تک نہایت غور سے حرف بحرف دیکھکر انسے لغات اور معانی اور تشریحات مروجہ قانون لیکر حسب مواقع ترتیب دی ہے جس سے صاف ظاہر ہے کہ ڈکشنری ہذا کی تصنیف میں عمیق ہی دقت پیش آئی ہے جو ابتدائی مصنفوں کو پیش آیا کرتی ہے جن کتب قانونی سے امداد لی گئی ہے اُنکے ناموں کی تفصیل لکھنا طوالت سمجھکر یہی لکھنا کافی سمجھتا ہوں کہ تخمیناً آٹھ سَو کتب قانونی سے امداد لی گئی ہے اور اُنکے ماسوا بعض دیگر کتب لغات سے بھی مدد لی ہے جنہوں نے کہیں کہیں قانونی الفاظ میں بحث کی ہے اور بطور نمونہ کتب مذکورہ سے چند مستند کتابوں کے نام درج ذیل کرتا ہوں ؂

لغت قانونی دمارٹن صاحب بہادر۔ لغت قانونی ہمن صاحب بہادر۔ ڈکشنری قانونی فالن صاحب بہادر لغت قانونی درگا پرشاد صاحب ہیڈ کلرک مترجم دفتر جج صاحب بہادر بنارس۔ ویبسٹر ڈکشنری لغات ارمغان دہلی۔ لغات اُردو مصنفہ مولوی سید احمد صاحب دہلی۔ حاوی اللغات جامع اللغات اُردو۔ تمیز اللغات۔ لغات کشوری۔ شرح بلاکسٹو ل صاحب بہادر۔ شرح بروم صاحب بہادر۔ شرح سٹیفن صاحب بہادر۔ تشریحات قانونی میگفرن صاحب بہادر تشریحات بلیک سٹن صاحب بہادر۔ تشریحات وسن صاحب بہادر۔ کتاب مسٹر بیلی صاحب بہادر ہدایت نامہ بارکلی صاحب بہادر۔ ہدایت نامہ میور صاحب بہادر۔ دہرم شاستر میگناٹن صاحب۔ دہرم شاستر وارن صاحب بہادر۔ سراجی۔ شریفی۔ ہدایہ شریف شرع محمدی وغیرہ ؂

اردو قانونی ڈکشنری

ا

آب - پانی - صفائی - چمک - رونق - جلا - ہتھیار کی دھار جس - تیر - پسینہ - جوہر شمشیر - پتلا -

آب پاشی - پانی چھڑکنا - کھیتوں میں پانی دینا - کھیت سینچنا - (پنجابی میں) پاڑیں سینچنا - (پوربی میں) پانی پٹانا - محکمہ نہر -

تشریح - آب پاشی کے دو طریق ہیں - اول توڑ جو کھیتوں کی منڈیر توڑ کر لایا جاتا ہے - دوم ڈال جو ڈال یا ٹوکری کے ذریعے سے پانی کھیت میں ڈالا جاتا ہے اس کا نام آلہ ڈال یعنی پانی کھینچنے کے ڈول سے لیا گیا ہے - یہ فارسی حاصل مصدر ہے اس میں یائے مصدری ہے

آب خیز - وہ زمین جس کی تھوڑی سطح کھودنے سے پانی نکل آئے - بیٹ کی زمین - وہ زمین جو بانگر نہ ہو - ایک زمین جس پر دریا کا پانی گذر چکا ہو - کھادر -

تشریح - یہ اسم ظرف ہے جو آب اسم اور خیز امر حاضر سے مل کر بنا ہے جیسے زرخیز وغیرہ - پنجابی نیٹر سے پانی والی زمین -

آب دار - جو نوکر پانی رکھنے کا کام کرنے والا ہو جس کی تحویل میں پانی کی خدمت ہو - چمک دار - جلا دار - صاف - تیز دھار کا ہتھیار - عمدہ -

آب شور - سمندر کا پانی - کھاری پانی - عبور دریا - سے شور یا آب شور بولتے ہیں کالے پانی بھیجنے کو - جزائر انڈمن میں بھیجنا -

اباحت - اجازت - مجری قانون میں اختیار

واجازت۔ حلال کرنا۔ مباح کرنا۔

آباد۔ ضد ویران۔ بسا ہوا۔ بھرا ہوا۔ آدمیون سے پُر۔ جیتی دھرتی۔ جوتی بوئی زمین۔ زمین کاشت۔ اس کا استعمال مکان اور باشندہ مکان دونون پر ہو سکتا ہے۔ مزروعہ۔ سرسبز۔ رونق۔ باہن کھیت۔ سرسبزی۔ خیر خواہی (پنجابی مین) وسیا ہوا۔

تشریح۔ اصطلاح مال مین ایک گانون یا قطعہ زمین کو کہتے ہین جس سے معاملہ لیا جا سکے۔

آبادبشی۔ نوآباد یا مزروعہ زمین کی بڑھائی ہوئی مال گذاری۔ نوتوڑ زمین کا زیادہ کیا ہوا معاملہ۔

آبادکار۔ غیر مزروعہ زمین مین جا کر بسنے والا۔ ویران کا پہلا آباد کرنے والا۔

تشریح یہ اسم فاعل ترکیبی ہے جو آباد اور کار سے مرکب ہے۔

آبادکاری۔ ایک حق جو زمین کو صاف کرنے اور اُس پر قبضہ کرنے سے حاصل ہو۔ ترقی ملکیت۔ لگان زیادہ کرنا۔ ویران کو بسانا۔

آباد کرنا۔ بسانا۔ معمور کرنا۔ بھرنا۔ مکان مین رکھنا۔ کسی جگہ کو بسنے کے قابل کرنا۔ بونا جوتنا۔ کاشت کرنا۔ زراعت بڑھانا۔ جتوانا زراعت یا آبادی کی بنا ڈالنا۔ یا اُس کو ترقی دینا۔ بسنا۔ درخت لگانا۔ عمارت بنوانا۔ آبادی کے لائق بنانا۔

آبادی۔ معموری۔ بستی۔ ڈیری۔ گانون۔ قصبہ۔ کٹرہ۔ آدمیون کا شمار۔ باشندون کی تعداد۔ رونق خانہ۔ خوشی خورمی۔ گانون کی زمینون کا وہ حصہ جس پر عمارتین بنی ہون گانون کا موقعہ۔ مزروعہ جگہہ۔ دِہ۔ قریہ۔ آرام۔ خوشی۔ چین۔ زراعت۔ وسعت یا ترقی دی گئی کھیتی۔ ضد اُجاڑ۔

آبادی جدید۔ زمین کا وہ حصہ جو نیا ہی آباد ہوا ہو۔ وہ حصہ زمین جو پہلے غیر آباد تھا اور اب آباد بنا ہو۔

تشریح۔ جدید کے معنی نیا۔ اور تشریح آبادی دیکھو لفظ آبادی مین۔

آباواجداد۔ اسلاف۔ خاندان۔ کنبہ۔ گھرانا

تشریح آبا جمع اَب بمعنی باپ۔ اجداد جمع جد۔ بمعنی دادا۔ باپ دادے۔ بزرگ اَب مین وہ باپ بھی داخل ہے جو کسی کو متبنّی بنائے اور اجداد مین جس قدر باپ سے اوپر مذکر ہین سب شامل ہین۔ یعنی سلسلہ متصلہ ذکور مین ہر ایک کو جد کہہ سکتے ہین جو باپ سے اوپر ہو۔

آبائی۔ موروثی۔ جدّی۔ سلسلہ خاندان سے متعلق۔

تشریح۔ آبا جمع اب بمعنی باپ۔ یائے نسبتی یعنی جو بزرگون کی طرف نسبت رکھے

ابتدا۔ ضد انتہا کی۔ شروع۔ آغاز۔ اول۔

نکاس۔ شروع کرنا۔ تمہید۔ پیدائش۔ اصل۔ پہل۔
تشریح یہ ثلاثی مزید فیہ باب افتعال کا مصدر ہے اس کے ثلاثی مجرد کا مادہ بدو بمعنی شروع ابتدا۔ ظاہر ہونا ہے۔
ابتدا سے۔ شروع سے
ابتدا کرنا۔ شروع کرنا۔ پہل کرنا۔ قائم کرنا۔ سب سے اول کسی امر کی تحریک کرنا۔
ابتدا ئً۔ شروع میں۔ پہلے پہل۔ پہلے۔ پہلے سے۔
ابتدائی۔ پہلے۔ تمہیدی۔ منسوب بابتدا۔ وہ شے جو ابتدا کی طرف نسبت رکھتی ہو
ابتدائی رسوم۔ شروع کی رسوم۔ پہلی فیس۔ پہلا سرکاری خرچہ۔ پہلا سرکاری حق۔ پہلا اجورہ۔ پہلا محنتانہ۔ حق زمینداری نذرانہ۔ شکرانہ۔ حق فیس کورٹ۔
تشریح۔ رسوم جمع رسم کی ہے بمعنی نقش۔ نشان۔ مشاہرہ۔ آئین۔ قوانین۔ عادتیں۔ فیس۔ کمیشن۔
ابتری۔ خرابی۔ بربادی۔ بدتری۔ بدانتظامی۔ بے انتظامی۔ بے قاعدگی۔ بے ضابطگی۔ بدنظمی۔ زوال۔ تنزل۔ گرنا۔ خرابی۔ بربادی۔
تشریح۔ ابتر عربی ہے۔ دم کٹے۔ بدچلن۔ واہی۔ نامہذب۔ خراب خستہ کو

کہتے ہیں۔ اور اس میں یائے نسبتی بطور فارسی کے لگائی گئی ہے
اِبدال۔ بدلنا۔ عربی کا مصدر ہے اور بدل اس کا مادہ ہے۔
آبدال مسلمان آوارہ فقیروں کا گروہ۔ ایک مذہبی گروہ۔ اولیاء اللہ۔
اہل اسلام کا اعتقاد ہے کہ خدا انہیں کے وجود سے جہان کو قائم رکھتا ہے۔ وہ ستر شخص ہیں۔ چالیس شام میں اور متفرق مقامات میں۔ ان میں سے جب کوئی مر جاتا ہے تو خدا بجائے اس کے اور مقرر کر دیتا ہے
تشریح۔ جمع بدل کی ہے اس کے معنی شریف اور کریم کے ہیں چونکہ یہ بھی شریف اور کریم ہوتے ہیں اس لیئے ان کو بھی آبدال کہتے ہیں۔ یا بدیل کی جمع ہے اس کے معنی کسی چیز سے بدل کے ہیں۔ چونکہ ان کا بدل بھی مقرر ہے اس لیئے اُن کو ابدال کہا گیا۔ اور بطور واحد کے بھی استعمال کرتے ہیں۔ زمانۂ حال کے تعلیم یافتہ مسلمان جو مفروضات اور مسلمات کو مشاہدہ اور فلسفہ کے مطابق ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں شاید اس گروہ کے مع مشہورہ اوصاف کے تسلیم کرنے کو پسند نہ کرتے ہوں۔

ابد - وہ زمانہ جس کی انتہا نہ ہو ہمیشگی -

ابدی - دائمی - لاانتہا - ہمیشگی والی - جو ہمیشہ رہے -

تشریح - اس میں یائے نسبتی ہے اور اس میں مذکر و مونث مساوی ہیں -

ابدہوت - سدھ - جوگی - ہندو فقیروں کا ایک گروہ ہے جو واجب الوجود کے سوا دوسرے کو نہیں مانتا - اور کسی خاص قاعدہ پر خدا کی پرستش ہی کرتا ہے - ہندو فقرا جن کا یہ اعتقاد ہے کہ ہم انسانی تعلقات سے بے علاقہ ہیں - وہ شخص جو اپنے آپ کو صرف خدا ہی میں مشغول کر دے اور دیگر پرستشوں کی تمام رسمیات سے اپنے تئیں علیحدہ رکھے شیو کا پجاری -

تشریح - اصل میں دھو مصدر بمعنی کانپنا ہے اور اب اپسرگ علامت تفضیل ہے اور ت پرتیے ماضی قریب کو ظاہر کرتا ہے - یعنی جس نے بہت زیادہ کنپا دی ہے مذہبوں کی پابندی -

ابرا - آزاد کرنا - بری کرنا - چھوڑنا - دعوے کا چھوڑ دینا - پاک ہونا - بیزار ہونا -

ابرائے ذمہ - جواب دہی سے نکلنا - بھروسے سے چھوٹنا - بری الذمہ ہونا - ذمہ سے بری ہونا -

تشریح - ذمہ بمعنی عہد و امان - اور زنہار وضمان و پیمان - اور ابرار کے معنی پاک ہونا بیزار ہونا -

ابرائے نامہ - مہر کے توڑ دینے کی تحریر دعوے کو چھوڑ دینے کی دستاویز - آزاد کرنے کا ایک تحریری اقرار -

تشریح - نامہ کے معنی تحریر اور لکھت ابرا کی تشریح دیکھو لفظ ابرا میں -

ابرص - جذام والا - جس کا خون بگڑا ہوا ہو - جذامی - کوڑھی - وہ شخص جس کے بدن پر سیاہ یا سفید داغ یا دھبے نمودار ہوتے ہیں -

تشریح - یہ برص سے نکلا ہے جو ایک قسم کا مرض ہے جس سے سیاہ یا سفید دھبے بدن پر ظاہر ہوتے ہیں - اس مرض کو پھول بجری بھی کہتے ہیں - اطبا نے اس کے اقسام ابیض و اسود وغیرہ لکھے ہیں -

آبرو - لغوی معنی منہ کا نور - چہرے کی چمک - پیشانی کی دمک - عزت - حرمت - ہیبت - توقیر - قدر و منزلت - لاج - حیا - شرم - عصمت - ساکھ - اعتبار - شہرت - ناموری - ظاہری شان و شوکت - نام - ٹھاٹھ - درجہ - نیک نامی - اچھا چلن - رتبہ - تازگی -

تشریح - یہ اصل میں مضاف مضاف الیہ ہے یعنی آب رو - مگر جب اسمیت غالب

آجاتی ہے تو اضافت نہیں رہتی جیسے مرغابی وغیرہ۔

آبرو اُتارنا۔ بے عزت کرنا۔ ذلیل کرنا خوار کرنا۔ گالی گلوج دینا۔ تہتک۔ حرمت اُتارنا۔ ہتک کرنا۔ گالی دینا۔ بُرا بھلا کہنا۔ ازالہ حیثیت کرنا۔

آبرو بگاڑنا۔ دیکھو آبرو اُتارنا۔

آبرو ریزی کرنا۔ یعنی آبرو اُتارنا۔

آبرو پر پانی پھیرنا۔ کسی کی عزت کھونا عزت برباد کرنا۔ رسوا اور برباد کرنا۔ (دیکھو آبرو اُتارنا۔)

آبرو کا لاگو ہونا۔ کسی کی عزت کے پیچھے پڑنا۔ رسوا کرنے کے درپے ہونا۔ (دیکھو آبرو اُتارنا)

آبرو لینا۔ عزت اُتارنا۔ زنا کرنا۔ حرام کرنا۔ خراب کرنا۔

آبرو میں بٹہ لگانا۔ عزت میں دھبہ لگانا حرمت میں فرق ڈالنا۔

اِبطال۔ توڑنا۔ باطل کرنا۔ بگاڑنا غلط ثابت کرنا۔ جیسے بولتے ہیں ابطال اقرار داد۔ یعنی اقرار کا توڑنا۔

اَبطال۔ دلیر۔ بہادر۔

تشریح۔ اس کا واحد بطل ہے جس کے معنی شجاع اور بہادر کے ہیں۔

آبکار۔ شراب فروش۔ شراب کا ٹھیکہ دار کلال۔ بادہ فروش۔ شراب کھینچنے اور بیچنے والا۔

تشریح۔ اسم فاعل ترکیبی آب اور کار سے مل کر بنا ہے۔

آبکاری۔ منشی عرقوں کا نکالنا۔ شراب فروشی۔ شراب کی دُکان۔ بھٹی۔ بادہ فروشی شراب کی کشید۔ شراب کی بیع۔ محکمہ بیع شراب شراب کا کارخانہ۔ شراب کا محصول۔

آبکاری داروغہ۔ وہ اعلی دیسی افسر جو منشی عرقوں کے نکلوانے پر متعین ہو۔

ابواب۔ راستے۔ اندر آنے کے درے۔ ٹیکس۔ معاملہ۔

تشریح یہ باب کی جمع ہے۔ عموماً حقوق و رسوم و معاملہ و لگان پر اس کا استعمال ہوتا ہے۔

ابواب بیجا۔ معاملہ ارضی خلاف قانون۔

ابواب زمینداری۔ زمینداری حقوق زمینداری لگان۔ زمینداری محصول۔

ابواب ناجائز۔ وہ محصول ارضی جو بلا استحقاق لیا جاوے۔

اِبہام۔ شک۔ اجمال۔ کھول کر بیان کرنا۔ ضد تفصیل۔ ایک صنعت کا نام بھی ہے

آبی۔ وہ زمین جس میں آب پاشی کی گئی ہو وہ زمین جس میں تالابوں جھیلوں جوہڑوں وغیرہ سے (سوائے کنووں کے) پانی دیا

دیا جاے۔ سینچا ہوا۔ آب پاشی کیا ہوا۔
جو دریا یا شاخ دریا یا چشمہ وغیرہ سے سیراب
ہو۔ نمی۔ گیلاپن۔ بہی کا میوہ۔ پنیلا۔
نیلگون۔ ہلکا نیلا۔ آسمانی۔ زمین آب
پاشی کردہ۔ مزروعہ زمین۔ نیولا پانی کا۔
مرطوب۔

آبیانہ۔ وہ اُجرت جو سینچائی زمین کے واسطے
دی جاتی ہے

اُپاس۔ روزہ۔ برت۔ فاقہ کشی کی عبادت
خاص عرصہ تک عبادۃً بھوکے رہنا۔
تشریح۔ اصل اس کی اپیاس یعنی روزہ
ہے جس کا مصدر تپس اور اپ اس مین اسم
علامت تفضیل ہے۔

اُپاسک۔ برتی۔ روزہ دار۔ عبادت کرنے
والا۔
تشریح اگر اس کو اصل مین اپ پاسک
لیا جاے تو اس کے معنی صرف روزہ دار
ورنہ عام عبادت کرنے والا۔

اُپت۔ ہتک۔ بے عزتی۔ رسوائی۔ بے
حرمتی۔ ذلت۔

اُپج۔ لغوی معنی اُگنا۔ اپنا۔ پیدائش ظہور
طبیعت سے نکالی ہوئی بات۔ نئی بات
ایجاد۔ جو کچھ فی البدیہہ یا بے ساختہ
طبیعت سے نکلے۔ نئی تان۔

اُپجاؤ۔ زرخیز۔ قابل زراعت۔

تشریح۔ یہان جاو کے معنی پیدا ہونا
اور آپ یعنی نزدیک کے ہے۔

آپس مین رہنا۔ مل کر رہنا۔ بطور زن و شوہر کے
رہنا۔ جماع کرنا۔ زنا کرنا۔ زناکاری مین رہنا
باہم رہنا۔ ملا جلا رہنا۔ اتفاق یا سلوک سے
رہنا۔ ساتھ رہنا۔ کبھی آلودگی فسق سے بھی
مُراد ہوتی ہے۔

اپنئی۔ ہندون کی ذاتون کی علامت جنیو یا
مقدس تاگا لینا۔

اپیل۔ فریاد۔ نالش۔ مرافعہ۔ ایک حاکم کے
فیصلے سے رضامند نہوکر اُس سے اعلی حاکم
کے پاس اپنا دعوی پیش کرنا۔ بطرق اپیل یا
عندالاپیل بولتے ہین جس کے معنی اپیل کرنے
پر لیتے ہین۔
تشریح۔ عندالاپیل کی صحت مین مجھ کو کلام
ہے یہ لفظ میرے خیال مین صحیح نہین۔ اس
لیئے کہ عند عربی لفظ ہے اور اپیل انگریزی
ان کی ترکیب درست نہین۔ اور ال خاصہ عربی
کا ہے انگریزی لفظ پر نہین آتا۔ غلط العام صحیح
کے اعتبار سے ضرورۃً مان لینا دیگر امر ہے۔

اپیل بنا راضی فیصلہ۔ کسی فیصلے سے ناراض
ہوکر اس کا مرافعہ حاکم اعلی کے پاس کرنا۔
تشریح ناراضی کے معنی ناراض ہونا۔ اس
مین یا ے مصدری ہے۔ ناراضی فیصلہ فلان
یعنی خلاف رضامندی فیصلہ فلان حاکم۔

اپیل کرنا۔ فریاد کرنا۔ حاکم بالا کے پاس مقدمہ لے جانا۔

اپیل داخل کرنا۔ فریاد دینا۔ عدالت بالا مین دینا۔ مرافعہ عدالت بالا مین دینا۔

اپیل مسموع کرنا۔ اپیل سُننا۔

اپیل مسموع ہونا۔ اپیل سُنا جانا

اپیل منظور کرنا۔ اپیلانٹ کی فریاد کے موافق فیصلہ کرنا۔ مرافعہ پیش شدہ کو حسب منشائے اپیلانٹ تسلیم کرنا۔

اپیل کے صیغہ مین۔ مرافعہ کی مد مین۔ فریاد مین۔

اپیل کا ارجاع۔ اپیل رجوع کرنا۔ اپیل متوجہ کرنا۔ اپیل رجوع کرانا۔

تشریح۔ ارجاع عربی مصدر ہے۔ اس کے معنی رجوع کرنا۔

اپیل خاص۔ خاص مرافعہ۔ فریاد مخصوصہ۔ نالش مختصہ۔ وہ اپیل جس مین سقم قانونی ہو۔

اپیل سرسری۔ فریاد مجمل۔ عام مرافعہ۔ وہ اپیل جو ایک ہی گواہی پر طے ہو جاوے جیسے شہادت پٹواری بابت حق مالکانہ وغیرہ۔

اپیل عام۔ باقاعدہ اپیل۔ وہ مرافعہ جو خاص نہو جو واقعاتی اپیل ہو۔

اپیل متفرق۔ مختلف قسم کی فریاد۔ کئی قسم کا مرافعہ جداگانہ امور کی نالش۔ چھوٹے کامون کی متفرق اپیل جو اپیل سرسری مین سُنے جاتے ہین۔ درمیانی حکم کا اپیل۔

اپیل متخالف۔ ایک دوسرے کے برخلاف مرافعہ۔ اپیل ضدی۔ دوسری جانب کا اپیل اپیل بالمقابل۔

اپیلانٹ۔ فریاد کنندہ۔ اپیل کرنے والا۔ مرافعہ پیش کرنے والا۔ اگر ایک حاکم کے انصاف نہو تو دوسرے اعلی حاکم کے پاس اپنا دعوی پیش کرنے والا۔

تشریح۔ چونکہ دو عدالت ہاے اپیل مین پے درپے الفاظ اپیلانٹ ورسپانڈنٹ کے استعمال کرنے سے اکثر غلطی واقع ہوجاتی ہے خصوصاً جب کہ اشخاص اپیلانٹ فریق مختلف ہوتے ہین اس لیئے عدالت ہاے مرافعہ کو الفاظ اپیلانٹ ورسپانڈنٹ کا استعمال نہ کرنا چاہیے گر ہمیشہ کل اپنی کارروائی مین الفاظ مدعی و مدعا علیہ کو مستعمل کرین اس مین کسی غلطی کا امکان نہین۔ رسپانڈنٹ کے معنی جواب دہ۔ اپیلانٹ وہ شخص جس کا فیصلہ عدالت ماتحت سے اُس کے حسب منشا نہ ہو وہ اعلی عدالت مین مرافعہ کرے۔

اُپیم۔ افیون۔ افیم۔ یہیم۔ اس مین پوست کے ڈوڈے اور وہ چیزین جو افیون سے تیار ہوتی ہین یا اُن سے افیون تیار ہوتی ہے یا اُس مین ملی ہوئی ہوتی ہین اور نشہ کی چیزین جو پوست سے تیار کی جاتی ہین داخل ہین۔

ترپاک - یہ ایک قسم کا نشہ ہے جو خشت پوست کے ڈوڈے سے نکالا جاتا ہے - اس میں دیگر اشیاے منشی جو پوست سے تیار ہوں شامل ہیں -

اُتار - ڈھلوان جگہ - نچاؤ - گھٹاؤ - جذر دریا - کمی - زوال - قیمت کا گھٹنا - لگان کی کمی - جھگڑالو - فاحشہ عورت - نقل - مثنی - کہاٹ - سیر سحری - خیرات - اُترا ہوا لباس - چڑھاؤ کا نقیض - نشیب - ضد فراز -

اُتار اکمی - صدقہ - گھاٹ - نقل - جواب - جو زمین کسی سند پر چڑھائی جاوے - وہ زمین جو گورنمنٹ بعوض کسی خدمت کے کسی کو انعام دیوے - سراے - گذرگاہ آب -

اتالیق - خانگی معلم - ادیب - ادب سکھانے والا - اُستاد - تربیت کرنے والا - سدھانے والا - عموماً اس کا استعمال شاہزادوں اور دولتمندوں کے معلموں پر ہوتا ہے جیسے اکبر بادشاہ کا اتالیق بیرم خان خانخاناں تھا - اور بندہ ان دنوں اتالیق سری حضور کا صاحب سرندر بکرم سنگھ صاحب بہادر ولی عہد ہزہائی نس مہاراجہ سر شمشیر پرکاش صاحب بہادر جی سی - ایس - آئی والی ملک سرمور ہے

اتبات - سختی - مضرت - بے انصافی -

اِتباع - متابعت - پیروی - پیروی کرنا - تابع ہونا - تابعداری -

تشریح - تابعدار کا لفظ غلط العام ہے اصل میں تابع ہے - تابعدار کے معنی تابع رکھنے والا یعنی آقا - اس صورت میں خادم کو کہنا نامناسب ہے - اس لیئے کہ ایک ہی لفظ خادم و مخدوم دونوں کے واسطے خلاف قاعدہ ہے -

یہ ثلاثی مزید سے افتعال کا مصدر ہے اس کا ثلاثی مجرد تبع ہے -

اُتپن - پیدایش - نسل - کنبہ - لگان - محصل - خراج وصول شدہ - (ایک گانوں کا) پیداوار فصل - منافع -

تشریح - اس کا مصدر پت ہے یعنی گرنا - ات اپسرگ - تے کے آنے سے مابعد کا ت - ن ہوگیا - لفظی معنی اوپر کو اُٹھا ہوا -

اتحاد - دوستی - ملاپ - اتفاق - ایک ہونا - واحد بننا -

تشریح - عربی مصدر ہے افتعال سے اصل میں اوتحاد تھا - ایکا - محنت - اخلاص

اُتر - جواب - جواب دہی - حد جواب - مقابل سمت - شمال - دکھن کے مقابل کی سمت قطب کے شمال کی سمت -

تشریح - تری اس کا مصدر ہے - ات اپسرگ ہے یعنی اوپر کو اُچھلنا - گویا سوال کے اوپر اُچھلنا -

اُترائی - سیر سحری - اُترنا - نشیب - چڑھائی

کے خلاف۔ دریا سے پار ہونے کا محصول
ناؤ کا کرایہ۔ پہاڑ سے نیچے جانے کا کرایہ۔
پہاڑ سے اُترنے کا موسم۔

اُترادھکاری ۔ وارث۔ جانشین لفظی معنی
آئندہ کو اُس کی جگہ بیٹھنے والا۔

اُتراُتر۔ حد جواب۔ مکرر درخواست کرنا۔

اُترابھاس۔ وہ جواب جو مذبذب معلوم ہو
جواب جو ٹھیک ہو مگر مشابہ جواب کے ہو۔
تشریح لفظی ترجمہ مطابق جواب کے معلوم
ہوتا ہے۔

اُتر پرتی اُتر۔ حد جواب۔ جواب دعوی قانونی
نالش مین وکالت کرنا۔

اُترساکشی۔ مدعی۔ مدعا علیہ کا گواہ۔ عام
گواہ۔

اُترجانا۔ مطلع کیا جانا کسی مسافر کا ٹھگون
کی نسبت مسافر کا یہ اطلاع پانا کہ آگے
ٹھگ ہین۔

آتش زدگی } آگ لگانے کا جرم۔ آگ لگانا
آتش زنی } آگ دینا۔ آگ لگنا۔ اتفاقاً
یا لگانا عمداً۔

آتش گیر مادہ۔ ایسی چیزین جو جلنے کے قابل
ہون۔
تشریح۔ بول چال مین آتش ت کے
کسرہ سے زیادہ بولتے ہین۔ مولانا روم
نے بھی ضرورۃً ایک جگہہ تابِش کے ساتھ
اس کا قافیہ باندھا ہے۔ لفظی ترجمہ مادہ
جو آتش گیر یعنی آگ پکڑنے والا ہو۔

اتصال۔ لغوی معنی پیوستہ ہونا۔ ملنا۔ لگاؤ
قرب۔ چسپیدگی۔ لگاتار۔ متواتر۔ پے در پے
تابڑتوڑ
تشریح۔ یہ مصدر باب افتعال سے ہے اس کا
ثلاثی مجرد وصل ہے۔

اتصال جسمانی۔ جو جلد و جسم سے منسوب ہو
جسمی ملاپ۔ جسم کا ملاپ
تشریح۔ جسمانی صفت تشبیہی ہے یعنی جو جسم
کی طرف نسبت رکھنے والی چیز ہو۔

اتصال حقیقی۔ بالکل ایک جان ہونا۔ دو لی
کا نہ ہونا۔ اصلی ملاپ۔ وہ اتصال جو مجازی
نہ ہو۔ حقیقی بمعنی اصلی۔

اتفاق میل ملاپ۔ موافقت راے۔ ہمراہ
ہونا۔ ناگاہ ہونا۔ باہم موافقت ہونا۔ یا کرنا
سازگاری۔ تطابق۔ مطابقت۔ دوستی۔
یک دلی۔ ایکا۔ سنجوگ۔ اچانک۔ دفعۃً
ناگاہ۔ بے ارادہ۔ کچھ پیش آنا یا ہونا۔ بے
سبب کوئی کام ہو جانا۔ سازش۔ ملی بھگت
محبت۔ اخلاص۔ موقع۔ حالت۔
تشریح یہ اسم مصدر ہے۔ اصل مین اوتفاق
تھا۔ اس کا مادہ وفق ہے۔

اتفاق راے۔ تطبیق راے۔ ایک دوسرے
کا باہم ایک راے ہونا۔ راے کا متفق ہونا۔

مختلف رایوں کا ایکا۔
اتفاق رائے سے۔ کسی کے ساتھ صلاح کرکے۔ رائے کے متفق ہونے سے۔ سب رایوں کے ایک ہونے سے۔
اتفاق سے۔ ناگاہ۔ اچانک۔ گاہے۔ کبھی۔ بالاتفاق۔ حسب اتفاق۔ سنجوگ سے
اتلاف۔ ضایع کرنا۔ تلف کرنا۔ کھودینا۔ جیسے بولتے ہین اتلاف کاغذات یعنی کاغذات کا تلف کرنا۔ مدت مقررہ کے بعد ردی کاغذات کا تلف کردینا۔ دفتر سے نکال دینا۔ نیست کرنا۔ ہلاک کرنا۔
اتمام۔ تکمیل۔ پورا ہونا یا کرنا۔ پورا کرنا۔ انجام کو پہونچانا۔
آتم گھات۔ خودکشی۔ اپنے آپ کو مار ڈالنا۔
تشریح آتم یعنی اپنا۔ گھات یعنی مارنا۔
آتم گھاتی۔ خودکشی کرنے والا۔
اتہام۔ تہمت۔ الزام۔ جھوٹا الزام لگانا۔ دوش بہتان۔ کسی پر دوش دینا۔ غلطی مین ڈالنا۔ ناحق بدنام کرنا۔
اتہام بیجا۔ دروغ۔ جھوٹا الزام۔ ناجائز تہمت لگانا۔
تشریح۔ بیجا یعنی ناجائز۔
اُٹسٹ۔ سازش۔ ملی بھگت۔ رازداری چالاکی حساب کتاب مین دھوکا بازی۔ مکر۔ فریب۔ توڑجوڑ۔ آشنائی عورت مرد کی دوستی۔

آلودگی فسق۔ کام کاج۔ بے فائدہ شغل۔
اٹک۔ روک۔ مزاحمت۔ اٹکاؤ۔ رکاؤ۔ جھجک۔ پرہیز۔ بچاؤ۔
اٹکاؤ۔ دیر۔ التوا۔ (دیکھو اٹک)
آٹھ بہری۔ جو شخص اپنے کام پر رہے۔ لگان جمع کرنے والا ملازم۔ محصل۔ کھیتی کی حفاظت کرنے والا۔
آٹھ کونسل۔ کونسل۔ جلسہ۔ اجلاس۔
آٹھ ماسہ۔ وہ زمین جس پر آٹھ مہینے ہل چلتا ہے آٹھ مہینے کا بچہ۔
اُٹھائی گیر۔ جو خفیف چوریاں کرتا ہو۔ جو کسی کی گٹھری بوٹری اٹھا لیتا ہو۔ اچکا۔ جیب کترا۔ بدمعاش۔ وہ چور جو بازار سے چیزیں آنکھ بچاکر لے جائے۔
اُٹھا دینا۔ دے دینا۔ اٹھا کر دینا۔ بوجھ سر یا کندھے پر رکھوا دینا۔ مجلس یا محفل سے نکال دینا۔ کاروبار بند کردینا۔ خرچ کردینا۔ صرف مین لانا۔ دیوار چن دینا۔ پردہ اونچا کردینا۔
اُٹھا لینا۔ اونچا کرلینا۔ بلند کرلینا۔ چن لینا۔ تعمیر کرلینا۔ خرچ مین لانا۔ صرف کرڈالنا۔ سہار لینا۔ برداشت کرلینا۔ جدا کرلینا۔ ذمہ دار ہوجانا۔ اپنے اوپر لے لینا۔
اُٹھا مارنا۔ دے مارنا۔ پٹخ دینا۔ زمین پر گرا دینا۔ پچھاڑنا۔
اُٹھانا۔ جگہ سے الگ کرنا۔ دور کرنا۔ ہٹانا۔

اخذ کرنا۔ موقوف یا برخاست کرنا۔ مار ڈالنا
جان لینا۔ کسی دیوی یا دیوتا کے نام کا اُٹھانا
چھیڑنا۔ برپا کرنا۔

اثاث البیت۔ گھر بار کا اسباب۔ اثالہ۔ اثاثہ
تشریح۔ اثاث بمعنی اسباب۔ بیت بمعنی
گھر یعنی گھر کا اسباب۔

اثاثہ۔ اسباب خانہ۔ اثالہ۔ گھر کا اسباب۔
اثاث البیت۔

آثار۔ جمع اثر۔ نشانیاں۔ علامتیں۔ کھوج پتہ
نمود۔ اظہار۔ صورت شکل۔ چال چلن۔
تمہید۔ بنیاد۔ سیر۔
تشریح گو یہ لفظ جمع ہے مگر اردو مین مفرد
زیادہ استعمال ہوتا ہے۔ بنیاد کے معنی عربی
لغات مین نہین ملتے۔ البتہ فارسی مین [illegible]
نے باندھا اور سیر کے معنی مین اہل ہند کا ایجاد
معلوم ہوتا ہے کسی لغت مین نہین دیکھا گیا۔

اثبات۔ اقرار۔ اقبال۔ ثبوت۔ ثبوت دینا۔
ثابت کرنا۔ ثبوت کو پہونچانا۔ دعوی جمانا۔
مضبوط کرنا۔ مصدر ہے۔

اثبات جرم کو مسترد کرنا۔ اقبال جرم کو رد
کرنا۔ ثبوت جرم کو نامنظور کرنا۔

اثبات حقیت۔ استحقاق کا ثبوت۔ حق
کا ثابت کرنا۔

اثر۔ عمل۔ تاثیر۔ نتیجہ۔ نشان۔ کھنڈر۔ کھوج۔ علامت
گن۔ خاصیت۔ طبیعت۔ مزاج۔ حاصل
ماحصل۔ سایہ۔ پرتو۔ پرچھاوان۔ رنگ صحبت

اثر پذیر ہونا۔ متاثر ہونا۔ عمل درآمد ہونا۔

اثر پذیری سکونت جدید۔ نئی سکونت کا اثر
پذیر ہونا۔

اثر کرنا۔ خاصیت کا فعل صادر ہونا۔ تاثیر کرنا۔
سرایت کرنا۔ عمل کرنا۔ گھسنا۔ رنگ جمانا۔

اثر قانون۔ قانون کی تاثیر۔ قانون کا عمل۔

اثنا۔ درمیان۔ بیچ۔ درمیان کا عرصہ
تشریح۔ یہ ثنا کی جمع ہے۔

اثنائے تجویز۔ تحقیقات کی حالت مین۔
فیصلے کے بیچ مین۔ تجویز کے درمیان مین
وہ عرصہ جس مین تجویز ہو۔

اجابت۔ ماننا۔ منظوری۔ قبولیت۔ قبول کرلینا
تسلیم کرنا۔ جواب دینا۔

اجارہ۔ لغوی معنی اجرت پر دینا۔ کرایہ۔ ٹھیکہ
یورپ مین مقرری۔ دعوی۔ حکومت۔ قبضہ
قابو۔ اختیار۔ زمین کا ٹھیکہ جو مقررہ لگان یا
معاملہ پر قائم ہو۔ خواہ وہ براہ راست گورنمنٹ
سے مقرر ہو یا عام لگان کے کسی درمیانی لگان
کے ادا کرنے والے سے ہو۔ ایک گانون یا
ضلع کے مکان کا ٹھیکہ۔ نیز کسی قسم کے دستور
یا مالگذاری کا ٹھیکہ۔ کل تجارتی اشیا کا ٹھیکہ۔

اجارہ کا بندوبست۔ ٹھیکہ دینے کا تصفیہ
کرایہ کا انتظام۔

اجارہ کا پٹہ۔ ٹھیکہ کی سند۔

اجارہ دار۔ ٹھیکہ دار۔ دعوے دار۔

اجارہ داری۔ ٹھیکہ داری۔ لگان یا معاملہ کی ٹھیکہ داری۔ دعوے داری۔

اجارہ داری پٹہ۔ مستاجری کی سند۔ اجارہ لینے والے کو ایک علاقہ پر مستاجرانہ دخل کرنے اور زراعت کرنے کی دستاویز لگان حاصل کرنے کی اجازت کی سند۔

اجارہ دینا۔ ٹھیکہ دینا۔ ٹھیکہ کی اجازت دینا

اجارہ نامہ۔ سرخط ٹھیکہ۔ دستاویز یا سند جس سے ٹھیکہ قائم ہوتا ہے۔ ٹھیکہ کی تحریر۔

اجازت۔ رخصت۔ اذن۔ حکم۔ ارشاد پروانگی منظوری۔

اجازت خاص۔ وہ ہے کہ جس کی رو سے کسی خاص مقدمہ یا کارروائی عدالت دیوانی مین کرنے کی اجازت ہو۔ جس مین مقدمہ یا کارروائی مذکور اُس وقت زیر تجویز ہو حاضر ہونے و سوال و جواب و پیروی کرنے کی اجازت ہو خلاف اجازت عام۔

تشریح۔ اجازت کے معنی حکم۔ منظوری پروانگی عام۔ یعنی عام منظوری۔ وہ منظوری جو خاص ہو۔ وہ اجازت جس مین قانونی اثر ہو۔ عدالت دیوانی کی تخصیص چندان ضروری نہین معلوم ہوتی کوئی عدالت ہو۔

اجازت صریح۔ ظاہرا اجازت۔ وہ اجازت جو مجمل اور معنوی نہ ہو۔

اجازت عام۔ وہ ہے جس کی رو سے کسی مقدمہ یا کارروائی دیوانی مین جس مین فریق مقدمہ نے ایڈوکیٹ وکیل یا اٹیرنی ایٹ لا کو رکھا ہو کسی عدالت دیوانی مین وکالت کرنے کی اجازت ہو۔ وہ اجازت جو خاص نہو دیکھو اجازت خاص۔

اجازت معنوی۔ باطنی اجازت۔ وہ اجازت جو ظاہر نہو۔ وہ اجازت جو باطن سے منسوب ہو

اجازت نامہ۔ رخصت کی سند۔ لائسنس نیز سند و قانون (یعنی انومتی پترا) کے لیئے مسلمانون کے محاورے مین عام طور پر مستعمل ہوتا ہے۔ یا شوہر کی طرف سے اُس کی بیوی کو اس کی موت کے بعد کسی لڑکے کو متبنی بنانے کی تحریری سند جس مین نام حلیہ جگہ آمدورفت رہستہ انداز تاریخ رسید کی مقامات کی یوم غیرحاضری کا م ضرورت جس کے لیئے جاتا ہے درج ہوتا ہے۔

تشریح اجازت نامہ کا لفظ عام ہے ہر چیز کی تحریرا اجازت پر بول سکتے ہین۔ مگر کہین کہین یا خاص موقع بھی ہوتا ہے۔

اجازت نامہ تبنیت۔ ایک لڑکے کو متبنی بنانے کی اجازت کی سند۔

تشریح تبنیت مصدر ہے اس کے معنی ابن بنانا متبنی بنانا۔ عربی مین ابن بیٹے کو کہتے ہین۔

اجانب - جمع اجنبی - پردیسی لوگ کسی اور دیس کے آدمی -

اجتناب - لغوی معنی پہلو - اصطلاحی بچاؤ کنارہ - علیحدگی - پرہیز - گوشہ گزینی -

تشریح - اکثر استعمال اس کا بُرے کام سے بچاؤ کے لیئے ہوتا ہے یہ ثلاثی مزید کا افتعال ہے اور اس کا ثلاثی مجرد جنب بمعنی پہلو ہے -

اِجتہاد - جہد - کوشش سعی - دل سے سوچ کر کچھ بات نکالنا - ایجاد نئی بات نکالنے مین کوشش کرنا -

اَجر - حق السعی - محنتانہ - ثواب - انعام - مزدوری بدلہ - عوض - پاداش - مزد - اُجرت - نیک عوض

اَجرِ جائز - وہ بدلہ جس کا لینا قانوناً جائز ہے - نہ صرف وہ ما جس کا کوئی سرکاری ملازم جوازاً مطالبہ کرسکے بلکہ یہ امر ہر ایک اجر پر محیط ہے جس کے قبول کرنے کی اس کو گورنمنٹ سے اجازت ہے - یا جس کا وہ ملازم ہے جو محنتانہ از روے قانون جائز ہو -

آجر - سرخط یا پٹہ دینے والا -

تشریح یہ اسم فاعل ہے اس کی اصل اجر ہے اجر کی تشریح دیکھو اجر مین -

اِجراء - صدور - بجا آوری - عمل درآمد - تعمیل - نفاذ - جاری کرنا - شروع - نکاس - بہاؤ - کام چلانا - کام نکالنا -

تشریح - مصدر ہے اس کے معنی جاری کرنا یہ ثلاثی مزید کے باب افعال کا مصدر ہے

اجراے حکم نامہ - عدالت کے حکم نامہ کا اجرا حکم نامہ جاری کرنا - حکم نامہ کا نفاذ -

اجراے دستکات - دستک مطالبہ کا محض اعلام نامہ ہے با باقیدار کے لیئے حکم نامہ کہ حاکم تحصیل کے حضور مین اپنی باقی رکھنے کا جواب دے اور اس حکم پہونچانے والے کی اُجرت اپنے ذمہ سمجھے - سمن جاری کرنے - پروانے جاری کرنے راہداری جاری کرنا - نکاسی کی چٹھی جاری کرنا مطالبہ اور حاضری کا حکم نامہ باقی رکھنے کے پہلے قصور کے واسطے جو دستک قسط کے دوسرے دن جاری کی جاتی ہے وہ محض اطلاع نامہ ہے جب اُس سے کاربرآری نہو اور دستک کی میعاد کے اندر باقی داخل نہ کی جاے تب پھر دستک یا دستکات متعددہ چپراسی یا سوار کی معرفت جاری کرنی چاہیئن - اس صورت مین دستک کو حکم نامہ حاضر ہونے کے لیئے سمجھنا چاہیئے

تشریح اس کا واحد دستک ہے زیادہ دیکھو دستک مین -

اجراے ڈگری - نفاذ ڈگری - ڈگری کا جاری کرنا -

تشریح اجرا مصدر ہے اس کے معنی جاری کرنا ڈگری سے عدالت کا وہ حکم مراد ہے جو باضابطہ ہو جس مین نالش دیوانی یا اور فیصلہ یا مقدمہ کا

نتیجہ مندرج ہو۔ یہ لفظ ک عربی سے ہے
گ یعنی کاف فارسی سے غلط ہے۔ (دیکھو
لفظ ڈگری)

اجراے سفینہ۔ اجراے کے معنی جاری کرنا
بھیجنا۔ تعمیل کرانا۔ تعمیل کے واسطے بھیجنا۔
(دیکھو لفظ اجرا) اور سفینہ کے معنی کشتی۔ بیاض
اشعار۔ حکم طلبی۔ سمن۔ پروانہ طلبی۔ ناؤ۔

تشریح۔ سفینہ اور سمن مین یہ فرق ہے کہ سمن مدعا علیہ کے
نام جاری ہوتا ہے اور سفینہ گواہ کے نام۔

اجراے سمن۔ سمن کا نفاذ۔ سمن کا جاری کرنا

تشریح۔ سمن کے معنی اطلاع نامہ انگریزی مین سیم
کی تشدید بولتے ہین۔ (دیکھو لفظ سمن)

اجراے قرقی۔ قرقی کا نفاذ۔ قرقی کا جاری
کرنا۔ یہ اُس قرقی کا کاغذ ہے جو صاحب
کلکٹر کے حکم سے باقیات حال کے وصول کے
واسطے ہو۔ یا حکام دیوانی سے کسی اجراے
ڈگری کی بابت قرقی ہو۔

تشریح قرق کے معنی نگہبانی۔ منع کرنا۔ روکنا
یہ ترکی لفظ ہے۔ قرقی کے معنی قرق کرنا۔
(دیکھو لفظ قرقی)

اجراے کمیشن۔ کمیشن کا نفاذ۔ کمیشن کا جاری کرنا۔

تشریح کمیشن انگریزی لفظ ہے اس کے معنی دلالی
حق السعی اور فیس۔ اور ایک جماعت ممبران جو
کسی فیصلے حدبست وغیرہ کے واسطے بھیجی جاتی
ہے اجرا کے معنی دیکھو لفظ اجرا مین۔

اجزا۔ ٹکڑے سزا کی مدت کے حصے اور ٹکڑے
ہر چیز کے حصے

تشریح۔ یہ جزو کی جمع ہے۔ عموماً ہر چیز کے
ٹکڑون پر مستعمل ہوتا ہے۔ جزوی۔ جزویات
جزورسی وغیرہ اسی سے نکلے ہین۔

آج کل کرنا۔ جھوٹے وعدے کرنا۔ وعدے وعید
کرنا۔ ٹالا بالا بتانا۔ ٹالنا۔ بہت ذلیل کرنا۔
ٹال مٹول کرنا۔

آجل۔ میعاد کے اندر نالش نہ کرنے والا۔ دیر
لگانے والا۔

تشریح۔ یہ اسم فاعل ہے اس کی اصل اجل
بمعنی دیر ہے۔ عام دیر کرنے والے پر مستعمل
ہوتا ہے۔ عموماً قانوناً وہ دیر کرنے والا جو
میعاد کے اندر نالش نہ کرے

اجلاس نشست خصوصاً نشست عدالت
کچہری کرنے کو بیٹھنا۔ بیٹھنا۔ اصطلاح مین دربار
کچہری۔ جلسہ۔

تشریح یہ عربی کا مصدر افعال ہے اس کا
اور جلسہ اور جلوس وغیرہ کا ایک ہی مادہ ہے

اجلاس کرنا۔ دربار کرنا۔ کچہری کرنا۔ عدالت کرنا۔

اجلاس کامل۔ کامل عدالت۔ پورا دربار
پوری کچہری۔ وہ کچہری جس مین سب ارکان
عدالت شامل ہون۔ وہ عدالت جس مین
سب جج موجود ہون۔

اجلاس واحد۔ عدالت کے ججون مین

کی عدالت - ایک حاکم کی کچہری - کمرہ وحد
مین ایک جج کا کچہری کرنا -

اَجلاف - کمینے - سفلے - ظالم لوگ - جلف
اُس چیز کو بھی کہتے ہین جس مین خول ہو -
گٹھیل - شُدر -

تشریح واحد اور جمع دونون پر لایا جاتا
ہے اور اصل مین جلف کی جمع ہے -

اِجماع - اکٹھے ہونا - سب کی راے ایک بات پہ
متفق ہونی اہل جوری یا پنچون یا حجون
یا ثالثون وغیرہ کا متفق الراے ہونا -

تشریح قانون محمدی مین ایک خاص
اصطلاح ہے جو خاص علما کی اتفاق راے
پر بولتے ہین -

اِجماع صریح - وہ اجماع جو صاف ظاہر
طور پر ہو - ظاہر اکٹھے ہونا -

تشریح - صریح کے معنی ظاہر اور اجماع کی
تشریح دیکھو لفظ اجماع مین -

اِجمال - اشتراک دخل یا قبضہ - کھول کر کہنا
بہت تھوڑا کر دینا - پراگندہ کو اکٹھا کر دینا

اِجمالی - مشترکہ وہ علاقہ وغیرہ جو کئی فریقون
کے قبضے مین ہو -

تشریح - اس مین ی نسبتی ہے یعنی منسوب
با جمال - اجمال کے معنی دیکھو لفظ اجمال مین

اجمالی محال - علاقہ غیر منقسم - مشترکہ - آبا و
اجداد کے ورثہ کا - ہم ورثائی علاقہ -

تشریح اجمال کے معنی غیر منقسم - اور محل
اور محال کے معنی علاقہ - جاگیر - وہ قطعات
ارضی جن پر جدا اخراج لگے - جو اجزاے
مواضع سے بنایا جاتا ہے - پرگنہ - ناہن کی
بولی مین اس کو جھوج کہتے ہین - (دیکھو
اجمال اور محال)

اَجنَب - دیس کا آدمی یا شے -

اَجنبی - پردیسی آدمی - غیر دیس کا رہنے والا
آدمی - جو جان پہچان نہو - انجان - ناآشنا
ناواقف -

تشریح - آخر مین ی نسبتی ہے یعنی منسوب با جنب

اِجنٹ - نائب - گماشتہ - ایجنٹ - آڑھتی
وکیل - وہ شخص جو سرکار یا سوداگر وغیرہ
کی جانب سے کسی کام پر مقرر ہو -

تشریح صحیح ایجنٹ ی کے ساتھ ہے
اور اجنٹ غلط مشہور ہو گیا ہے -

اَجوت - وہ زمین جو جوتی نہ گئی ہو -

تشریح اس مین ہمزہ نفی کا ہے جیسے
اٹل اور اراسٹ مین -

اَجورہ - معاوضہ - کرایہ - اُجرت - وہ محنتی
جو اجرت پر کام کرے - مزدور - مزد حق
السعی - بھاڑا -

اجوری - زراعتی محنتی کی پیشگی مزدوری - مشکی -

تشریح - مشرقی اودھ مین مستعمل ہے
عام مستعمل نہین -

اَجولی۔ جو کیسون کی مزدوری کھلیان سے
دی جاتی ہے۔
تشریح یہ بنارس کا محاورہ ہے یہ لفظ
انجولا یا انجولی سے نکلا ہے یعنی اس قدر
کہ آدمی کے دونون ہاتھون مین آسکے۔
پنجابی مین اس کو بُک کہتے ہین۔ اس کو
انجلا بھی کہتے ہین۔

اُچاپت۔ لین دین۔ کھانے پینے کی چیزون
کا حساب کتاب جو کسی بنیئے یا دُکاندار سے
اُٹھایا جائے۔ برداشت۔

اُچاپت اُٹھانا۔ سودے کا لین دین کرنا۔
قرض اور اُدھار سودا لینا۔ اور دینا۔

اُچک لے جانا۔ اُٹھا لیجانا۔ لیجانا جھپٹ
لیجانا۔ جھپٹ لانا۔ اُٹھا لانا۔

اِحتظاظ۔ حظ اُٹھانا۔ مزہ چکھنا۔ ذایقہ لینا
تشریح یہ باب افتعال کا مصدر ہے حظ
اس کا مادہ ہے جیسے فلان ملازم نے مابہ
الاحتظاظ یعنی رشوت سے فائدہ اُٹھایا۔

احتمال۔ شک۔ ظن۔ اغلب۔ قیاس۔ گمان
شبہہ۔ بھرم۔ گمان کرنا جیسے بولتے ہین
احتمال معقول یعنی کافی شبہہ
تشریح یہ باب افتعال کا مصدر ہے اس
کی اصل حمل ہے۔

احتمال تکرار۔ مصالحت کے ٹوٹنے کا خوف
جھگڑے کا اندیشہ۔ دنگے کا گمان۔ فساد
کا شک۔ لڑائی کا شبہہ یا بھرم۔

احتمال قانونی۔ قانون کا قرینہ یا خیال قانون
کی روسے ایک قیاس۔

اِحتیاط۔ لحاظ۔ فکر۔ قانونی اصطلاح مین جرم
سے بچاؤ یا پرہیز کا نام ہے۔ بچنا یا جرم سے
بچنا۔ خبرداری۔ چوکسی۔ ہوشیاری

احتیاطاً۔ ازروے پرہیز۔ ازروے احتیاط
خبرداری سے۔ ہوشیاری سے۔ حفظ
ماتقدم کی نظر سے

احتیاطی۔ قابل احتیاط۔ احتیاط والا۔
پرہیزگار
تشریح۔ اس مین یائے نسبتی ہے یعنی
منسوب با احتیاط۔ احتیاط والا۔

اَحدالامرین۔ دو امرون مین ایک امر یہ
لفظ خاص موقع پر بولا جاتا ہے اور اس
جگہ کے مذکورہ دو امرون مین سے ایک
مُراد ہوتا ہے۔

احدالفریق۔ مقدمہ کا ایک فریق۔ مدعی
مدعا علیہ مین سے ایک۔ احد بمعنی ایک اور
فریق کے معنی پارٹی۔

احدالفریقین۔ دو فریقون مین سے ایک
مقدمہ کے دو فریقون مین سے ایک فریق
مدعی مدعا علیہ مین سے ایک۔ مقدمے کی رو
پارٹیون مین سے ایک۔

احدالمتخاصمین۔ مدعی مدعا علیہ مین سے ایک

دو جھگڑا کرنے والون سے ایک۔

تشریح متخاصمین جھگڑالو خصم عربی لفظ ہے اس کے معنی ہین دشمن۔ مدعی اور بحث کرنے والا۔ اور احد کے معنی ایک

احرام ۔ کسی چیز کو ناجائز بنانا۔ یا قرار دینا۔ ماہ محرم مین جماع سے بچنا۔ زمانہ حج۔ وہ موٹے کپڑے کی پوشاک جو حاجی لوگ مکہ مین داخل ہونے کے وقت پہنتے ہین۔ حرم مین آجانا۔ ماہ ہائے احرام مین داخل ہونا۔ حج کی نیت کرنا مکے کے قریب جاکر

احرام باندھنا ۔ حرم مین جانے کی شرطین بجا لانا۔ بعض حلال و مباح چیزون کو مقامات معینہ پر جاکر خانہ کعبہ کی زیارت سے چند روز پیشتر اپنے اوپر حرام کرلینا۔ اسی طرح کعبہ مین جاکر حج کے دنون مین بعض چیزون کو ترک کردینا۔ سلے ہوئے کپڑے اُتار کر تہبند اور چادر سے ستر پوشی کرنا وغیرہ۔ مجازاً نیت باندھنا پکا ارادہ کرنا۔

احصان وہ مرد یا عورت مسلم۔ بالغ۔ آزاد جو بصورت ارتکاب زنا کے مستحق درخواست سزا ہو۔ برائیون سے نگہداشت۔ مجازاً عورت کرنا اور عورت کا شوہر کرنا

احضار ۔ حاضری۔ موجودگی۔ حاضر کرنا طلب کرنا کسی چیز کا موجود کردینا۔ مصدر ہے۔

احضار بالجبر ۔ جبر سے حاضر ہونا۔ جبر سے حاضری و موجودگی۔ جبراً حاضر کرنا طلب کرنا کسی کو زبردستی اور زور سے حاضر کرنا۔

احضار فریقین ۔ مدعی و مدعا علیہ کا حاضر ہونا مدعی و مدعا علیہ کا حاضر کرنا۔

احقاق ۔ کسی کے حق کو قائم کرنا یا واپس لانا ایک مسئلے کی صداقت کو قائم یا ثابت کرنا۔

احکام ۔ آگیا۔ ہدایات۔ آرڈر۔ ڈگری۔

تشریح ۔ یہ حکم کی جمع ہے۔ (دیکھو حکم)

احکام درمیانی ۔ بیچ کے حکم۔ وہ حکم جو حاکم دوران مقدمہ مین مثل مین لکھتا یا لکھواتا ہے۔ اخیر فیصلے سے پہلے چھوٹے چھوٹے حکم۔ ضمنی احکام۔ ضمنیان۔

تشریح ۔ احکام جمع حکم اور درمیانی بمعنی بیچ۔ اس مین یہ نسبتی ہے۔ حسب احکام سرکارات تجویز اخیر محوزہ بدست خود لکھتا ہے اور باقی درمیانی احکام مثل خوان کے ہاتھ سے لکھے جاتے ہین۔

احکام مستزاد ۔ زائد ہدایات۔ وہ حکم جو ضرورت سے زائد ہون۔ وہ ہداتین جن کے بغیر کام چل سکے

احکام ناطق ۔ ناطق کے معنی بولنے والا۔ صاحب عقل۔ کلیات اور جزئیات سمجھنے والا۔ مراد یقینی اور قطعی حکم سے۔

احمد محمود ۔ عدالتون مین ایسے دو شخصون کے نام پر بولا جاتا ہے جنھون نے مل کر ایک تیسرے

شخص کو فریب دیا ہو۔
احمقانہ۔ فسخ اقرار بیع سے جو فسخ کنندہ سے بطور جرمانہ کے وصول کیا جائے۔ وہ روپیہ جو ایک عامل بصورت کمی محصول دخراج و لگان وغیرہ کے ادا کرنے کو مجبور کیا جائے
تشریح۔ احمق عربی لفظ ہے اس کے معنی مورکھ۔ بے وقوف۔ نادان۔ ان سمجھ۔ اُلو۔ گدھا۔ جاہل کے ہین۔ نہ کلمہ نسبت فارسی ہے
اَخبار۔ جمع خبر۔ ایک موقت یا غیر موقت پرچہ یا رسالہ یا گزٹ جس مین خبرین یا مضامین عام یا خاص شایع ہون۔ یہ لفظ ہر کاغذ پر حاوی ہوگا جو کسی وقت معین کے بعد چھپ کر عرصہ معمولی کے بعد جو اکتیس دن سے تجاوز نہ کرے شایع ہوتا ہو۔ خبرین۔ خبر کا کاغذ۔ پرچہ خبر
تشریح اس کو ہمزہ کے فتح سے پڑھنا چاہئے ورنہ مصدر متصور ہوگا۔ یہ جمع بجائے واحد مستعمل ہے جیسے بولتے ہین تمھاری اوقات کیا ہے اس مین اوقات جمع ہے مگر واحد کے طور پر مستعمل ہوا ہے۔
اختتام۔ مکمل ہونا ختم ہونا۔ بند ہونا ختم کرنا پورا کرنا۔
تشریح یہ باب افتعال کا مصدر ہے اور اس کا ثلاثی مجرد ختم ہے
اختتام روداد۔ کسی مقدمہ کی تحقیقات کا ختم ہونا۔ کارروائی کا بند ہونا۔ مقدمہ کی کیفیت اور حال کا ختم ہونا۔ عدالت کی کارروائی یا مقدمہ کا اختتام۔
اختتام نیلام۔ نیلام کا بند ہونا۔ عام فروخت کا ختم ہو جانا۔
اِختراع۔ ایجاد۔ تحقیق۔ دریافت۔ نئی بات نکالنا۔ پھاڑنا۔ چیرنا۔ کسی بات مین حاشیہ ملانا۔ جھوٹ ملانا۔
تشریح عربی مصدر ہے باب افتعال سے
اِختراع وہمی۔ وہم کا ایجاد۔ وہ ایجاد جو وہم سے متعلق ہو۔
تشریح اس مین ی نسبت کی ہے۔
اِختفا۔ خفا۔ پوشیدگی۔ چھپا لینا۔ پوشیدہ کرنا
تشریح یہ مصدر ہے باب افتعال سے اس کا ثلاثی مجرد خفی ہے
اختلاط۔ ملاپ۔ میل جول۔ ملانا۔ محبت دوستی۔ ربط ضبط۔ یار اخلاص ملنا۔
تشریح یہ عربی افتعال کا مصدر ہے اس کا مجرد خلط ہے۔ خلط ملط مشہور ہے
اِختلاط محالات۔ جاگیرون کا اتصال یا ملنا۔ محالات کی تشریح دیکھو محال مین
اِختلاف۔ باہمی فرق۔ ناموافقت کرنا۔ خلاف ہونا۔ تفاوت۔ عداوت۔ بگاڑ۔ ان بن۔ دشمنی۔ ضد۔ ہٹ۔ تعصب۔ برعکس نقیض۔ انقلاب۔ تغیر تبدل
تشریح یہ عربی مصدر افتعال ہے کا مجرد خلف ہے

آختہ خصیہ نکالا ہوا جانور خصی۔

اِختیار - قدرت۔ حکومت۔ مداخلت۔ قابو طاقت۔ حق۔ چھانٹنا۔ پسند کرنا۔ قبول منظور اجازت۔ روا۔ جائز۔ قبضہ۔

تشریح یہ افتعال کا مصدر ہے اس کا مجرد خیر ہے اختیار سماعت بولتے ہین

اختیارات ابتدائی - ابتدائی اختیارات۔ وہ اختیارات جو پہلے پہل ملتے ہین۔ ابتدائی سماعت کے اختیارات۔ ایک حاکم کے اعلی اختیارات سے جس قدر نیچے کے ہین وہ سب ابتدائی اختیارات کہلائین گے۔

اختیارات آمد ورفت کسی راستہ سے گذرنے کا حق۔ آنے جانے کا اختیار۔ حق آسایش حق گذر۔

اختیارات اجازت صریح - ظاہری اجازت کا اختیار۔

اختیارات اجازت معنوی معنوی اور مخفی اجازت کا اختیار۔

اختیار احدالامرین - کوئی سی دو باتون مین سے ایک کے پسند کرنے یا منتخب کرنے کا اختیار۔ دو امرون مین سے ایک کو پسند کرنا۔

تشریح - اس کی تشریح دیکھو لفظ اختیار اور احدالامرین مین۔

اِختیار مُطلق - کامل اختیار۔ عام اختیار۔ بے قید اختیار۔

اختیار انسداد - روکنے کا اختیار۔ روک کا اختیار۔ مزاحمت کا اختیار

تشریح اختیار اور انسداد دونون مصدر ہین اختیار کی تشریح دیکھو لفظ اختیار مین اور انسداد باب انفعال ثلاثی مزید ہے اس کا مجرد سد ہے۔

اختیار انفکاک رہن - رہن کے چھوڑانے کا اختیار۔ رہن کے چھوڑنے کا اختیار۔ گرو کے توڑنے کا اختیار۔ آپس سے جدا ہونے کا اختیار

تشریح اختیار اور انفکاک دونون مصدر ہین مگر اختیار افتعال سے جس کا مجرد خیر۔ اور انفکاک باب انفعال سے جس کا مجرد فک ہے۔

اختیارات جائز - قانونی اختیار۔ ٹھیک اختیار وہ اختیار جو از روے قانون کے ہون

اختیارات سرسری - اختیار مجمل۔ اختیار مختصر عام اختیار۔ جنرل اختیار۔ بلا قید اختیار۔ سرسری کی تشریح دیکھو اپیل سرسری مین

اختیار سماعت - مقدمہ سننے کا اختیار۔ سننے کا اختیار۔ منظوری اور قبولیت کا اختیار۔

تشریح سماعت عربی مصدر ہے جو کبھی سننے اور کبھی منظوری کے موقع پر بولا جاتا ہے

اختیار سماعت ابتدائی - ابتدائی سماعت کا اختیار۔ مقدمے کو شروع مین سننے کا اختیار۔ پہلی شنوائی کا اختیار۔ ازیادہ دیکھو ابتدائی

اور اختیار کی تشریح میں۔

اختیار سماعت بصیغہ نگرانی۔ دوبارہ غور کرنے کے ذریعے مقدمہ سننے کا اختیار۔

اختیار شوہری۔ خاوند کا اختیار۔

تشریح۔ اس میں ی نسبت کی ہے یعنی منسوب بشوہر۔

اختیار عمل میں لانا۔ قدرت یا قابو یا حکومت کا استعمال۔ اجازت کو وقوع میں لانا۔

اختیار فوجداری۔ فوجداری کے مقدمات سننے کا اختیار

اختیار فیصلہ۔ فیصلہ کرنے کا اختیار فیصلہ کرنے کا قانوناً مجاز ہونا۔ (دیکھو فیصلہ اور اختیار)

اختیار ملنا۔ اجازت ملنا قبضہ ملنا۔ قانونی اجازت ہونا۔

اختیار ناجائز۔ اختیار جو قانون سے درست نہو۔ وہ اختیار جو قانون سے خارج ہو۔ حد مقرر سے تجاوز کرنا۔

اختیار نامہ تبنیت۔ بیٹا بنانے اور گود میں لینے اور متبنی کرنے کا اختیار۔ وہ اختیار کی تحریر جس میں متبنی بنانے کا اختیار ہے۔

اختیارات۔ جمع اختیار۔ (دیکھو لفظ اختیار۔

اختیارات غیر محدود۔ جنرل اختیارات۔ عام اختیارات۔ ایسے اختیارات جن کی کوئی حد مقرر نہو۔ اختیارات غیر متناہی۔ بے انتہا اختیارات۔ ایسے اختیارات اور ایسے مقدور جن کی حد نہو۔

تشریح۔ غیر کے معنی سوا۔ محدود یعنی حد کیا گیا یہ حد کا اسم مفعول ہے۔

اختیاری۔ وہ امر جو اختیار میں ہو۔ اپنے بس کا۔ اپنے قابو کا۔ وہ بات کہ جس کے کرنے یا نہ کرنے کا اختیار ہو۔

اختیار بندوبست رکھنا۔ بندوبست کے اختیارات تفویض کیئے جانا۔

اختیارات حاکمانہ۔ حاکموں جیسے اختیارات

اخذ۔ لینا۔ پکڑنا۔ پکڑ لینا۔ چھیننا۔ تصرف اختیار کرنا۔ گرفتار کرنا۔

تشریح یہ مصدر ہے اس سے ماخوذ وغیرہ نکلے ہیں۔

اخذ بالجبر۔ جبراً لے لینا۔ زور سے چھین لینا۔ خلاف قانون حاصل کرنا۔ بلا رضامندی لینا زبردستی لینا۔

اخذ کرنا۔ لینا چھیننا۔ اختیار کرنا۔ استنباط کرنا۔ پکڑنا۔ کوئی بات اڑانا۔ بات سے بات نکالنا۔

اخراج۔ نکاس۔ نکالنا۔

اخراج البلد۔ شہر بدر۔ شہر سے نکالنا۔ اپنے محروسہ علاقے سے نکالنا۔

تشریح اخراج کے معنی نکالنا۔ اور بلد کے معنی شہر یعنی شہر سے نکالنا۔

اخراجات۔ لاگت۔ روپیہ۔ زر صرف خرچ

گانون کی لاگت۔ جوب۔ ابواب۔

آخرکار۔ آخر۔ آخرکو۔ نتیجہ۔ قصہ کوتاہ۔ قصہ مختصر۔ حاصل کلام۔ انجام کار۔ الحاصل غرض۔ مجبوراً۔

اخفا۔ چھپانا۔ پوشیدہ۔ پوشیدہ کرنا۔

تشریح عربی مصدر ہے۔ خفا۔ خفیہ۔ مخفی وغیرہ ایک ہی مادے سے نکلے ہین

اخفاے بالعمد۔ ارادۃً چھپانا۔ جان بوجھکر پوشیدہ کرنا۔

اخفاے تولد۔ کسی لڑکے یا لڑکی کی لاش چپکے سے دفن کرنی یا اور طرح علیحدہ کرنی۔ قصداً اس لاش کا اخفا کرنا۔ یا اخفا مین کوشش کرنا۔

تشریح ہائی کورٹ مدراس نے جار رہا ہے لاش کے اخفا کو بھی اسی جرم مین داخل کیا ہے۔ پیدائش کا چھپاؤ۔ پیدا ہونے کو پوشیدہ کرنا۔ جننے کو چھپانا۔

اخفاے واردات۔ واردات کا چھپانا

تشریح واردات کے معنی واقعہ۔ حادثہ وہ حال جو آدمی پر گذرے اخفا کے معنی دیکھو اخفا مین۔

اخفاے ولادت۔ بچہ کے پیدا ہونے کو چھپانا

تشریح ولادت کے معنی بچہ جننا۔ اخفا کے معنی دیکھو اخفا مین۔

اخیافی۔ جو مان سے ایک ہون جن کی ایک مان اور دو باپ ہون۔ وہ بھائی یا بہن جو ایک مان سے ہون۔ مان ایک اور باپ علیحدہ اولاد۔

تشریح۔ اخیافی وہ بھائی بہن ہین جن کا باپ علیحدہ اور مان ایک ہو۔ علاقی وہ بھائی یا بہن جن کی مان الگ اور باپ ایک ہو۔ اعیانی۔ جو مان اور باپ مین شریک ہون جن کو سگے اور حقیقی بھی کہتے ہین۔

اخیذ۔ قیدی۔ گرفتار۔ ماخوذ۔

تشریح۔ یہ فعیل بمعنی مفعول ہے جیسے قتیل کے معنی مقتول ہوتے ہین۔ اس کا استعمال قانون مین بہت کم ہوتا ہے۔

اخیر۔ پچھلا۔ پیچھے کا۔ حد۔ انت۔ انتہا۔ انجام۔ بعد

اخیر جمع طومار نہی۔ بیشی لگان بمقابلہ ابتدائی مقررہ لگان کے۔ اعادہ اس کا بنگالہ بہار اُڑیسہ اور الہ آباد وغیرہ کے لگانون پر محمد شاہ کے وقت مین بمقابلہ اکبر کے مجوزہ لگان کے کیا جاتا تھا۔

اخیر جمع واصلباقی۔ آخری فیصلہ حساب زمیندار یا ایک گانون کا جس مین آمدنی اور خرچ کا بھگتان کرکے باقی نکال دی جاے۔

اخیر نکاس۔ کسی حساب کا آخری تصفیہ۔ آخری تصفیہ مطالبہ لگان کا جو کسی جاگیر یا گانون پر لگایا جانے کو ہو۔ سالانہ حساب جمع کا جو ایک اسسٹنٹ کلرک یا ماتحت افسر مال

تیار کرے۔

آدھ۔ آدھا۔ ادھ۔ نصف۔ ½۔ ایک بٹا ہوا دو پر۔

ادا۔ دینا۔ ادا ہوا دینا۔ چکتا کرنا۔ چکانا۔ بیباق کرنا۔ حد تک پہونچنا۔ پہونچانا۔ بیان کرنا۔ آن۔ انداز۔ معشوقانہ حرکت۔ وضع پورا کرنا۔ رمز۔ اشارہ

ادائے دین۔ لئے ہوئے قرضہ کا دینا۔ قرضہ ادا کرنا۔ اُدھار واپس دینا۔

ادائے زر۔ قرضہ اور لئے ہوئے زر کا دینا

ادائے زرڈگری۔ زرڈگری کا ادا کرنا۔

ادائے شہادت۔ گواہی دینے کا کام۔

ادائے لگان یا **ادائے مالگذاری** معاملہ کا دینا۔ مالگذاری ادا کرنا۔

تشریح۔ برتہ۔ لگان۔ اور مالگذاری مین یہ فرق ہے کہ لگان وہ ہے جو زمیندار اپنے اسامیون سے وصول کرتا ہے اور مالگزاری جو زمیندار یا مالک براہ راست سرکار کو ادا کرتے ہین۔

ادا کرنا۔ لئے ہوئے کا دینا۔

ادخال۔ داخل کرنا یا کرانا۔ درج کرانا۔ اندراج کرانا۔ درج رجسٹر کرانا۔

تشریح۔ یہ مصدر ہے باب افعال سے داخل دخول۔ مدخولہ۔ دخل۔ داخلہ کا مادہ ایک ہی یعنی دخل ہے۔

اِدّعاء۔ دعوی کرنا۔ طلب حقوق کرنا۔ جھوٹا دعوی کرنا۔ اپنی طرف منسوب کرنا ایسے امر کا جو نہو۔ بے دلیل ایک بات کہنا۔

ادعاے ملکیت۔ ملکیت کا دعوی۔ طلب حق ملکیت۔ ملکیت کا جھوٹا دعوی کرنا۔

اَدَق۔ دقیق تر۔ نہایت مشکل۔ دوبھر۔ دقت طلب۔ سخت

ادمرجانی۔ ایک اصطلاح ہے جو بٹہ وغیرہ مین مستعمل ہوتی ہے قحط سے ناکافی فصل کے ظاہر کرنے کے واسطے۔

اَدنی۔ کمینہ۔ چھوٹے درجے کا۔ ناچیز۔ کم قدر۔ گھٹیل۔ ہیچ۔ چھوٹا۔ بہت چھوٹا۔ بے حقیقت خفیف۔ حقیر۔ کنگال۔ مفلس۔ بے دولت کم درجے کا۔

اَدنی درجے کا مالک۔ (دیکھو مالک ادنی)

اَدھ اکیننگ۔ وہ استری دھن یعنی بیٹی کے نام کی خیرات جو پھیرون کے وقت دی جائے۔

ادھیاواکھن۔ وہ استری دھن جو دُلھن کے رخصت کے وقت دی جاے

اَدھکر۔ سرکاری معاملہ کا نصف۔ آدھی جمع آدھا محصول یا ٹیکس۔ ایک قسط آدھ آنہ کی ایک روپیہ مین۔

اَدھکار۔ استعمال اختیارات۔ استعمال حق

عمل میں لانا۔ تعمیل کرنا۔ عامل۔ مالک۔
افسر۔ ڈپٹی۔ ایجنٹ۔ کارخانہ دار۔ سپردکار
ایک حق دار شخص مستحق۔

ادھ کچا۔ وہ زمین جو ضلع سہارنپور میں دو
زمینوں پہاڑ اور ترائی کے بیچ میں واقع ہو۔

ادھیا۔ دو مساوی حصوں میں تقسیم کرنا۔
پیداوار کو دو برابر حصوں میں بانٹنا۔ دو
مساوی حصوں میں تقسیم کرنا۔ ایک زمین
اور بیج دینے والے اور دوسرے مزدوری
کرنے والے میں سالانہ اگان کے نصف کو
ربیع اور خریف کی فصلوں پر ادا کرنا۔

ادھیا بھاولی۔ آدھی بٹائی۔

ادھیار۔ ایک شخص جو آدھا حصہ اپنے وقت
کا ایک گانوں میں اور آدھا دوسرے میں
بسر کرے جس حال میں وہ دونوں میں
کاشت کرتا ہو۔ ایک کاشتکار جو آدھی
فصل لینے پر کاشت ارضی میں مدد دے۔

اڈا۔ مقام۔ ایک جگہ جہاں ایک ہی پیشے کے
لوگ مثلاً مزدور یا جواری وغیرہ جمع ہوتے
ہیں۔ ایک پولیس سٹیشن۔ ڈاک کا سٹیشن
کنچنوں کے رہنے کا محلہ۔ زمین کا وہ حصہ
جس میں آب پاشی کنووں کے ذریعے سے
ہوتی ہے۔ ایک پیمانہ طولانی جو پٹواری
کے پاس رہتا ہے۔ وہ ٹھیک جو آڑی
لکڑی باندھ کر دست آموز جانوروں کے
واسطے بنا دیتے ہیں۔ جالی کاڑھنے وغیرہ کا
چوکھٹا۔ بُنے ہوئے کپڑے یا گوٹے وغیرہ
کا تھان جس کا کہیں چالیس گز کہیں کم و بیش
اندازہ ہے۔ چوکی۔ سٹیشن۔ کمہاروں اور
کسبیوں کے اکٹھا رہنے کی جگہ۔ اڑ کڑا۔
جوتے کا پچھلا حصہ۔ ایڑی

آڈر۔ حکم۔ آگیا۔ ہدایت۔
تشریح۔ انگریزی لفظ ہے جو اصل میں
آرڈر ہے اور آڈر غلط مشہور ہے۔

آڈربک۔ حکم کی کتاب۔ وہ کتاب جس پر احکام
محکمہ لکھے جائیں۔ حکم بہی۔
تشریح۔ آرڈر کے معنی حکم اور بک کے معنی
کتاب یعنی حکم لکھنے کی کتاب۔

اُزبک۔ عوام لوگ اُجبک کہتے ہیں۔ اصل
میں تاتاری ترکوں کے ایک قبیلہ کا نام ہے
مگر جب اول ہی اول ترک ہندوستان میں آئے
اور ہندوستان کے لوگوں کی بولی اُنھوں نے
اور ترکوں کی زبان ہندوستانیوں نے نہ سمجھی
تو اہل ہند ایسے لوگوں پر یہ بولنے لگے اور
رفتہ رفتہ احمق اور بے وقوف کے معنوں
میں مستعمل ہو گیا۔

اِذن۔ اجازت۔ رضامندی۔ رضامندی
متعاقدین۔ حکم۔ پروانگی۔

اذن عام۔ اجازت عام۔ مسلمانوں میں مردے
کے دفنانے کے وقت جو مردے کا وارث

عام لوگون کو واپس آنے کی اجازت دیتا ہے

اذن نامہ۔ ایک موصی کا وصیت نامہ بابت نقسیم جائداد کے۔ ایسی تحریر جو اجازت پر مبنی ہو۔

ارادہ۔ بعضون کے نزدیک علم کے معنی دیتا ہے وہ خواہشین جو بجبر دل مین آنے کے جسمانی حرکات پیدا کرتی ہین مرضی۔ چاہنا قصد۔ اعتقاد۔ منشا۔ خواہش۔ منصوبہ۔

اراضی۔ اکثر اراضی سے وہ زمین مراد ہوتی ہے جو قصبہ یا موضع یا شہر مین زیر عمارت نہ ہو اور زراعتی منشاؤن یا زراعت کے لیے مفید منشاؤن کے واسطے یا چراگاہ کے واسطے قبضہ کی گئی ہو یا اجارے پر دی گئی ہو۔ اور اس مین عمارتون کے موقع اور دیگر ساختین جو اراضی مذکور پر ہون شامل ہین۔

وہ اراضی جس پر جمع مال گزاری مقرر ہو یا جس کی جمع گورنمنٹ نے تفویض کر دی ہو۔ اراضی مین مکانات یا اشیا قابل الارث کسی ملکیت کے اور جملہ حویلیات و عمارات اور درختہائے متعلقہ اراضی بھی شامل ہین۔ وہ غیر منقولہ جائداد جو بوقت موجودہ بند و بست عام یا سرسری بابت مالگزاری سرکار کے ہو اور اراضی مین منافع اراضی و اشیاے ملصقۂ اراضی بھی جو براہ راست یا بالواسطہ زمین سے پیوستہ ہون داخل ہین اور اس مین مکانات و دیگر مال غیر منقولہ

وحقوق لاخراج داران و مزارعان وحقوق جملہ اشخاص دیگر بھی جو اراضی سے واسطہ رکھتے ہون داخل ہین۔ اس سے وہ مراد بھی ہے جو لبکار سرکار مستعمل ہو یا قابل زراعت ہو۔ اراضی مستحقہ مالگزاری سے بھی مراد ہے خواہ معافی ہو یا خرید یا انقطاع یا انتقال ہو گیا ہو کبھی اس سے اراضی مزروعہ نا قابل تردد مراد ہوتی ہے۔ یہ ارض کی جمع ہے یعنی دھرتی۔ زمین۔ زمین کاشت۔ کھیت یہ ایسی جمع ہے جیسے اہل اہالی یعنی ارض کی غیر قیاسی جمع ہے جیسے لیل لیالی۔

اراضی آبادی۔ گانون کی زمین جہان گانون آباد ہو (دیکھو اراضی اور آبادی)

اراضی اُفتادہ۔ غیر آباد زمین۔ وہ اراضی جو بلا جوتنے بونے کے یون ہی پڑی ہو۔

اراضی اوپر وار۔ اوپر کی طرف کی زمین اونچی زمین۔ بالائی زمین۔ بیرونی زمین۔ بانگر کی زمین۔

اراضی باغ۔ باغ کی زمین۔ وہ زمین جو کھڑے درختون کو کاٹ کر زیر کاشت کی گئی ہو۔ پھلواڑی یا گلزار کی زمین۔ یا درختون کے جھنڈ باڑی کی زمین۔

اراضی لبسکت۔ گانون کی آبادی کی وہ زمین جس کا رقبہ لگان والی زمین سے خارج کیا جانے کو ہو۔

اراضی بندوبستی - وہ زمین جس کا بندو بست کیا گیا ہو۔

اراضی بہن - وہ زمین جس میں پودے لگانے کے واسطے بیج بویا گیا ہو اور دھان کی پرورش کی جگہہ۔ جوتی ہوئی زمین۔ ہل کی لکیروں والی زمین جسے باہی ہوئی کہتے ہیں۔

اراضی جریبی - وہ زمین جو مطابق پیمائش جگہ کے ناپی گئی ہو۔ جو زمین جریب سے ناپی گئی ہو

تشریح جریب یونانی لفظ ہے یہ گزینک کا معرب ہے۔ اس میں تی نسبت کی ہے زیادہ تشریح کے واسطے دیکھو جریب۔

اراضی جلکر - وہ زمین جس میں بارش کے پانی کو اس کی آب پاشی کے لیئے اکٹھا کیا جاے

تشریح جل کہتے ہیں پانی کو گویا ایسی اراضی جو جل یعنی پانی کی طرف منسوب ہو۔

اراضی جنگل جنگل کی زمین۔ جھاڑی یا صحرا یا بیابان یا میدان ریگستان کی زمین۔ غیر مزروعہ۔ بنجر۔ زمین افتادہ۔ اُجڑ۔ ویران جگہہ۔ چراگاہ۔ علف گاہ بادشاہی شکار گاہ کی زمین۔

اراضی خالصہ - خالصہ زمین۔ وہ زمین وہ سرکاری زمین جس میں کسی اور کا حق نہو۔ سرکاری زمین۔

تشریح پنجاب میں سکھوں معززوں کو خالصہ کہتے ہیں۔ اس لیئے خالصہ زمین مشہور ہوگئی کیوں کہ سکھوں کا راج تھا۔

اراضی خراجی - وہ زمین جس کا خراج دیا جاتا ہے۔ محصول والی زمین۔ خراجدار زمین جس پر خراج لیا جاے

اراضی دار - وہ شخص جو ایک زمین کا مقررہ لگان رکھتا ہو اور اس کے منتقل کرنے کے اختیارات کے ساتھ قبضہ رکھتا ہو۔ کسی زمین کا قابض جس کے واسطے وہ مقررہ لگان ادا کرتا ہو۔ اور اس کے انتقال کے اختیارات رکھتا ہو۔

اراضی دخلی - وہ اراضی جس پر دخل یا قبضہ ہو جو زمین دخل والی ہو۔

اراضی دریا برآمد - وہ حصہ زمین جو دریا کی جگہہ چھوڑنے سے نکلے۔ وہ زمین جو دریا سے نکلی ہو۔ وہ زمین جو دریا ہٹ جانے سے نکلی ہو۔ دیارہ۔ وہ زمین کا ٹکڑا جو دریا سے نکلے۔ یا جسے دریا کا پانی کاٹ کر ہٹ جاے۔

اراضی دیارہ - ندی یا نالے سے گھری ہوئی زمین۔ پورب میں دریا برآر۔ (دیکھو اراضی دریا برار)

دریا برد - وہ زمین جو دریا کی طغیانی سے ڈوب گئی یا کٹ گئی ہو۔

اراضی سکنی - مکان یا آبادی کی جگہہ۔ سکونتی زمین۔ رہنے سہنے کی جگہہ۔

اراضی سیر - وہ زمین جو گذشتہ بندوبست
ضلع سے بطور سیر برابر لکھی چلی آتی
ہے اور وہ جس کی کاشت مالک خود اپنے
سامان زراعت یا اپنے ملازم یا مزدوروں سے
بارہ سال سے برابر کرتا ہے - اور وہ جو
بروے رواج دیہہ بطور خاص مقبوضہ کسی حصہ
دار کے تسلیم ہوئی اور ہمراہ دیگر شرکا تقسیم
منافع واخراجات ایسی ہی سمجھی جاتی ہے -
وہ زمین جو مالک خود زراعت کرتا ہے -
ولسن صاحب بہادر اس کی تعریف اس طرح
فرماتے ہیں وہ زمین جو سروست مالک زمین
سے زراعت کی گئی ہو - اور وہ زمین جو بعض
اوقات خاص اوقات پر مقررہ مدت تک
چھوڑی جاتی ہے - مالک کی پرورش کے لیئے -
اور اُن سے کچھ وصول ہوتا رہتا ہے - وہ
زراعت شدہ زمین ریاست جس کا معاملہ
بغیر ذریعہ کاشتہ کے زمینداروں سے وصول
ہوتا ہے -

اراضی شاملات - مشترکہ زمین جو تقسیم نہوئی
ہو - وہ زمین جس میں کئی حصہ دار شامل ہوں

اراضی شور - اوسر زمین - کلر والی - وہ زمین
جس کی زمین کی جلد سفید ہو جاتی ہے اور
قابل پیداوار نہیں رہتی - رہہ والی زمین -
کھاری زمین -

اراضی کرشن ارپن - وہ زمین جو کرشن کی
منت میں کسی برہمن یا سندر کو عطا کی گئی ہو -
جو برہمنوں یا سندروں کو دی جاتی ہے -
جو کرشن دیوتا کے نام پر ہو -

اراضی گنوارہ - وہ زمین جو ہمیشہ کے واسطے
عقبی کو وہ ہے کسی عوض پر دی گئی ہو اور
لینے والے کے لیئے ایک قسم کا استحقاق مالکانہ
پیدا کرتی ہو -

اراضی لاخراج - وہ زمین جس کا لگان معاف
ہو - وہ زمین جس کا محصول نہو -
تشریح لا حرف نفی اور خراج کے معنی
محصول - یعنی جس کا محصول نہو -

اراضی لاوگ وہ زمین جس میں دھان کی
پود لگائی جاے

اراضی مالگزاری - وہ زمین جس کی مالگزاری
گورنمنٹ کو دی جاتی ہو - مالگزاری والی زمین

اراضی متصلہ - ملی ہوئی زمین - پیوستہ زمین
تشریح متصلہ کا مصدر اتصال ہے -

اراضی معافی - وہ زمین جو مالگزاری سے معاف ہو

اراضی منضبطہ - زمین جو ضبط کی گئی ہو
تشریح منضبطہ اسم مفعول ہے انضباط
مصدر کا جس کا مجرد ضبط ہے -

اراضی نوبرآمد - زمین جو نئی برآمد ہوئی ہو
وہ زمین جو پانی یا دریا کے چھوڑنے سے نئی
برآمد ہوئی ہو - نئی نکلی ہوئی زمین

اراضی نوتردد - نئی تردد شدہ زمین - نئی زراعت

یا کشت کاری کی ہوئی زمین۔

اراضی وقف ۔ وہ زمین جو وقف ہو۔ جو زمین کسی کے ملک مین نہ ہو۔ راہ خدا مین دی ہوئی زمین۔ عطا کردہ اور بخشیدہ زمین۔ (دیکھو اراضی اور وقف)

اراضیات زیر پٹہ ۔ وہ زمین جو میعادی پٹہ پر دی جاتی ہو۔ جو پٹہ کے نیچے ہے۔

اراضیات گورہ یا گوہرہ ۔ بستیون کے اردگرد کی زمین۔ وہ زمین جو آبادی کے آس پاس ہو۔

ارباب ۔ ممبران۔ افسران۔ صاحبان۔

تشریح یہ رب کی جمع ہے جس کے معنی صاحب۔ خداوند۔ مالک۔ والی کے ہین

ارباب عدالت ۔ افسران عدالت۔ عدالت کے صاحب۔ والیان عدالت۔ عدالت کے عہدہ دار۔

ارتباط ۔ ربط ضبط۔ میل ملاپ۔ دوستی راہ ورسم۔ ربط کرنا۔ ملانا۔

تشریح یہ افتعال کا مصدر ہے جس کا مجرد ربط ہے۔

ارتفاع ۔ اونچان۔ بلندی۔ اُبھار۔ اونچا ہونا۔ نفع۔ محصول۔

ارتکاب ۔ کسی فعل کا صدور۔ جرم کرنا۔ اختیار کرنا۔ عمل کرنا۔ تعمیل۔ گناہ کرنا۔ پسند کرنا۔ نامشروع کام کرنا۔

تشریح ارتکاب اور اقدام مین یہی فرق ہے کہ اقدام تو ارادہ فعل ہے اور ارتکاب فعل فعل۔ یعنی جرم کا ہو جانا ارتکاب ہے۔

ارتکاب جرم ۔ جرم کرنا۔ قصور کرنا۔ قانون کی خلاف ورزی کرنا۔

آرٹس ۔ علوم۔ فنون۔

آرٹیکل ۔ مضمون۔ قول۔ بحث۔ علمی مضمون وہ تقریر و بحث جو اہل الرائے اپنے تجربے اور واقفیت علمی سے لکھتے ہین۔

آرٹیکلس آف وار ۔ اُن قوانین کا مجموعہ جو افواج کے انتظام اور سزاون وغیرہ کے واسطے مقرر ہین۔ جنگ کا ضابطہ۔

تشریح آرٹیکلس بمعنی ضابطہ آف بمعنی کا اور وار بمعنی جنگ۔

ارث ۔ ورثہ۔ وارث ہونا۔ مُردے کا مال۔ ترکہ۔ متروکہ۔

ارجاع ۔ رجوع کرنا۔ دائر کرنا۔ رجوع کرانا۔ متوجہ کرانا۔

تشریح یہ عربی مین ثلاثی مزید کے باب افعال کا مصدر ہے۔

ارجاع نالش ۔ نالش کا دائر کرنا۔ دعوی کرنا

تشریح ارجاع کی تشریح دیکھو ارجاع مین۔ نالش حاصل مصدر نالیدن بمعنی رونے کا ہے۔ استغاثہ وغیرہ بھی ایک قسم کا رونا ہی ہے۔

اردلی ۔ باترتیب ۔ آراستہ ۔ باقاعدہ سواری کے ساتھ چلنے والے سپاہی ۔ حکم احکام پہونچانے کے واسطے خدمت مین رہنے والا سپاہی ۔

اردلی سارجنٹ ۔ سارجنٹ کے معنی رنگروٹون کو سکھانے والا ۔ حوالہ دار ۔ حوالدار ۔ جمعدار دار وغیرہ ۔ ناظر ۔ اول درجے کا وکیل ۔ مشہور معنی وہ حوالدار جو اردلی مین رہے ۔ (اردلی کی تشریح دیکھو لفظ اردلی مین)

ارزال ۔ کمینی ذاتین جو زمیندارون کی جاگیرون مین ہندوستان کے بعض حصون مین رہتی ہین اور بعض حالات مین محصول ادا کرتی ہین اور بعض وقت ان سے خدمات لی جاتی ہین اور بغیر اجازت مالک کے نہین جا سکتے ۔ سفلے پاجی ۔ رذیل کی جمع ہے ۔

ارسال ۔ بھیجنا ۔ روپیہ کا بھیجنا ۔ جمع لگان جو صدر کو ماتحت افسران مال سے بھیجی جاے ۔ ارسالنامہ ۔ ارسال چٹھی ۔ عرض ارسال ۔ وہ پرچہ جس مین روانگی خزانہ وغیرہ درج ہوتی ہے ۔ نامہ بھیجنا ۔ روانہ کرنا ۔ روانگی خط بھیجنا روپیہ وصول کرکے بھیجنا ۔

ارسٹا ۔ جمع خرچ ماہواری کا حساب ۔

ارسنگ ۔ سم الفار ۔ سنکھیا ۔

ارکان جماعت انتظامی ۔ انتظامی جماعت کے رکن ۔ انتظامی گروہ کے ستون ۔

اڑتی خبر ۔ غیر معتبر خبر ۔ بھنک ۔ افواہ بازاری بے تحقیق بات ۔ نامکمل ۔ ناتمام بات ۔ گپ

آڑھت کمیشن ۔ الاونس فیس فی صدی ۔ دلالی کمیشن فروخت ۔ سوداگرون مین خط وکتابت کا ذریعہ بننا ۔ ٹھکانا ۔ ٹھہرنے کی جگہ ۔ ساہوکارون کے معتمد علیہ کی جگہ ۔ بیوپاریون کے مال اترنے کی جگہ ۔ معرفت داری ۔ گماشتہ گری ۔ حق فروخت ۔ حق گماشتہ گری ۔ حق اسعی محنتانہ فی صدی شمائی ۔

آزاد ۔ وہ آدمی جو پابند نہو ۔ بے قید ۔ چھوٹا ہوا ۔ غیر مقید ۔

ازالہ ۔ دور کرنا ۔ الگ کرنا ۔ زائل کرنا ۔ رفع کرنا جیسے بولتے ہین ازالہ حیثیت عرفی کیا ۔ یہہ عربی مصدر ہے جس کے معنی زائل و دور کرنا ہے ۔

ازالہ حیثیت عرفی ۔ موجودہ عزت کا دور کرنا ۔ ظاہری عزت دور کرنا ۔ ہتک کرنا ۔ ظاہری عزت کا زائل کرنا ۔ عزت مین خلل ڈالنا ۔ آبروریزی کرنا ۔ آبرو بگاڑنا ۔ کسی شخص کا ایسی باتون کے ذریعے سے جو تلفظ سے ادا کی جا سکین یا جن کا پڑھا جانا مقصود ہو یا اشارون کے ذریعے سے یا نقوش مرئیہ کے وسیلے سے کسی اور شخص کی بابت کوئی اتہام لگانا یا شہرت کرنا یہ نیت کرکے کہ اس شخص کی نیک نامی کو نقصان پہونچائے یا یہ جان کر یا باور کرنے کی وجہ رکھ کر کہ وہ اتہام اس شخص کی کی نیک نامی کو نقصان پہونچاے گا ۔ سواے

مستثنیات مشہورہ کے

تشریح۔ حیثیت کے معنی عزت۔ آبرو و حرمت اور عرفی کے معنی مشہور۔ ظاہری بنی ہوئی۔ اس لیئے حیثیت عرفی کے معنی ظاہری عزت بنی ہوئی عزت۔ مانی ہوئی عزت۔ ازالہ کے معنی دیکھو ازالہ میں۔

ازالۂ حیثیت عرفی تحریری۔ بذریعہ تحریر یا چھاپہ کے ہتک عزت کرنا۔

ازالہ حیثیت عرفی زبانی۔ صرف زبان سے ہتک عزت کے کلمات نکالنا۔

ازالۂ حیثیت عرفی کرنا۔ موجودہ عزت کے دور کرنے کا جرم کرنا۔ عزت میں خلل ڈالنے کا کام کرنا۔ ہتک کرنا۔ آبرو ریزی کرنا۔ آبرو بگاڑنے کا فعل کرنا۔

ازآن خاص۔ خاص شخص کی ملکیت سے خاص کے مال سے۔

تشریح۔ ان کے معنی مال ملکیت جیسے بولتے ہیں فلان چیز ازآن من ست۔ یعنی فلانی چیز میری ملکیت سے ہے۔

ازخود۔ اپنے سے۔ اپنی مرضی سے۔ خودبخود۔ اپنے آپ۔ خود ہی۔ قصداً۔ عمداً۔ آپ سے

ازدحام۔ انبوہ۔ جمگھٹا۔ ہنگامہ۔ بھیڑ۔ مجمع۔ چپقلش۔

تشریح۔ ژاے فارسی اور ہاے ہوز سے لکھنا غلط ہے۔

ازدواج۔ بیاہ۔ زوجہ کرنا۔ نکاح کرنا۔ مرد و عورت کو باہم جفت کرنا۔ باہم قرین و جفت ہونا

تشریح۔ یہ زوج سے نکلا ہے اور باب افتعال کا مصدر ہے۔

ازدیاد۔ زیادہ ہونا۔ بڑھنا۔

ازروے۔ ذریعہ۔ بابت۔ سبب سے۔

ازسرنو۔ نئے سرے سے۔ تجدید۔ مجدداً

ازغیبی۔ پوشیدہ۔ نامعلوم۔ خدا کی طرف سے۔ عالم غیب سے۔ غیب سے۔ جھوٹ جھوٹا۔

ازغیبا۔ ولدالزنا۔ حرامی۔ حرام زادہ

تشریح۔ یہ عوام کی بولی ہے۔

آسادھارنا۔ ہندوؤں کے قانون میں وہ جائداد جو ایک کے قبضہ میں بلا شرکت غیر ہو۔

آساگوترا۔ ہندو قانون میں ایک رشتہ دار عورت کی طرف سے اور وہ شخص جو ایک نسل یا خاندان پدری کا ہو۔

اسامی۔ جس سے لین دین ہو۔ سودا اٹھانے والا گاہک۔ خریدار۔ نوکری۔ عہدہ۔ کام۔ خدمت ٹھیکہ دار۔ مالگزار سرکار۔ رعیت۔ پرجا۔ اجارہ دار۔ کرایہ دار۔ کسان۔ کاشتکار۔ مزارع۔ مدعا علیہ۔ قرضدار۔ دین دار۔ گواہ۔ شاہد آشنا۔ رنڈی کسبی۔ معشوقہ۔ نوچی۔ مالدار۔ دولت مند۔ امیر۔ زردار۔ موٹی چڑیا باشندہ دیہ۔ مطلب کا بنایا ہوا احمق۔ وہ شخص جس کے ہاں جا کر ٹھہریں یا واقفیت ہو۔ یا جو

موکل۔ مشتری۔ وہ کاشتکار جو مالک نہو۔
جو قابض اور لگان ادا کرنے والا ہو۔ شخص
دخیل ارضی جو مستوجب ادائے لگان ہو۔
کاشتکار غیر موروثی۔ ملزم جو زیر حراست ہو
فریق ثانی۔ مجرم۔
تشریح یہ اسم جمع الجمع اسم کی ہے مگر اُردو
مین مفرد مستعمل ہوتا ہے۔

اسامی بلاحق دخیل کاری۔ وہ اسامی جس کو
دخیل کاری کا حق حاصل نہو۔ وہ اسامی جو
قبضہ کرنے اور دخل کا حق نہ رکھتی ہو۔

اسامی بنانا۔ بے وقوف ساہوکار بنانا۔ یار
بنانا۔ اپنے مطلب کا بنانا۔ احمق بنانا۔ ٹھگنا
یار بنا کر گرہ کاٹنا۔ مل کر لوٹنا۔

اسامی پاہی کاشت۔ خوش باش اسامی۔
ایسی اسامی غیر موروثی جو غیر جگہ سے آکر دوسرے
گانون کی ارضی کی کاشت کرے۔ اس کے
پاس کی ارضی کسی قول اقرار پر ہے۔ ایسا شخص
کہ اپنے گانون کی زمین مین زراعت کرتا ہے
جو اس کے رہنے کے گانون کی زمین نہین ہے

اسامی جمعبندی۔ مزارعین سے منفرداً تصفیہ
کرنا۔

اسامی جھنڈی توڑ۔ وہ اسامی جو اول بار آباد
ہوئی ہو جس نے جھنڈی توڑ کر زمین بنائی ہو۔

اسامی چھپر بند۔ سکنی مزارع جو اپنے چھپر مین رہتا
ہو جس کا حق قدیم سے چلا آتا ہو مستقل رہنے
والی اسامی۔

اسامی خود کاشت۔ جس کا حق قدیم سے
چلا آتا ہو۔ اور خود بونی جوتنی ہو۔

اسامی دخیل کاری۔ ہر اسامی جو اپنی زمین
کو بارہ سال سے قبضہ اور کاشت مین رکھتی
ہو۔ ارضی مقبوضہ کاشت اس کے مورث کی
جس سے ورثہ پہونچا ہو۔ جو بارہ برس تک فی
الواقع زمین کی قابض رہے یا زمین مین کاشت
کرتی رہے۔ قابض اسامی متصرف اسامی

اسامی ساقط الملکیت۔ ملکیت سے گری
ہوئی اسامی ملکیت سے گرنے والی اسامی
نکمی اسامی۔ جاتی رہنے والی اسامی متروک
الملکیت اسامی جس کی ملکیت نہ رہی ہو۔
تشریح ساقط بمعنی گرنے والا۔ اسم فاعل
سقوط کا ہے۔

اسامی شکمی۔ مزارع کا مزارع۔ بالواسطہ مزارع
جو بالواسطہ اپنا لگان ادا کرے۔ درمیانی مزارع۔
تشریح۔ شکم کے معنی پیٹ کے ہین مجازاً
درمیان اس لیئے کہ پیٹ درمیان مین ہوتا ہے

آسامی قدیمی۔ ایک اسامی جس کا حق قدیم
سے چلا آتا ہو۔

اسامی کھجیار۔ ضلع کانپور مین اسامیون کا
ایک طبقہ ہے جن کی تفصیل حسب ذیل ہے
جو مالکون کی سیر کی زراعت کرتے ہین۔ وہ
شخص جو ایک مندرجہ اسامی کا تمام کھیت

ایک حصہ کے کسی فائدہ پر زراعت کرے۔

اسامی مستقلی۔ کاشت کار باستحقاق قبضہ۔ وہ اسامی جو مستقل طور پر ہو۔ جو عارضی اسامی نہو۔ پختہ اسامی۔ پکی اسامی۔ استقلال والی اسامی۔

اسامی موروثی۔ موروثی اسامی۔ آبائی اسامی۔ ایک شخص جو کہ مالک نہین ہے لیکن جب تک وہ معہودہ لگان ادا کرتا ہے بےدخل نہین کیا جا سکتا جس کا حق قدیم سے چلا آتا ہو۔ کاشت کار باستحقاق قبضہ۔ وہ اسامی جو ورثہ مین ملی ہو۔

تشریح۔ موروث اسم مفعول ورثہ کا ہے اور اس مین ی نسبت کی ہے۔

اسامی وار۔ تمام نامون کے شامل جس مین سب کے نام ہون۔ یہ لفظ عام طور پر حساب اور مالگزاری مین استعمال کیا جاتا ہے جو نامون کے ساتھ مفصل کیا جاے

تشریح اسامی جمع الجمع اسم کی ہے اور وار کلمہ نسبت ہے مل کر معنی ہوے بترتیب اسما بالترتیب۔ حسب ترتیب۔ نام بنام۔ فرداً فرداً

اسامی وار بندوبست۔ ہر ایک اسامی کے ساتھ لگان کا بندوبست۔ نامون کے موافق بندوبست۔ اسامی کی ترتیب پر بندوبست۔

اسباب مانع ارث۔ وہ بواعث اور سبب جو وارث ہونے سے روکتے ہین مسلمانون کے ہان چار سبب مانع ارث مشہور ہین۔ غلام ہونا۔ قاتل ہونا۔ مختلف دین ہونا۔ مختلف دار ہونا۔

تشریح اسباب جمع سبب مانع کے معنی روکنے والا۔ ارث کے معنی ورثہ۔

اسپشل۔ خاص۔

اسپشل مجسٹریٹ۔ خاص مجسٹریٹ۔ وہ ہین جن کو لوکل گورنمنٹ تمام یا بعض اختیارات جو حسب شرائط یا مطابق ضابطہ فوجداری کسی مجسٹریٹ درجہ اول یا درجہ دوم یا درجہ سوم کو مفوض ہو چکے ہون۔ یا ہو سکتے ہون نسبت کسی مقدمہ خاص یا نسبت کسی خاص قسم یا اقسام کے مقدمات کے یا عموماً نسبت مقدمات کے کسی رقبہ ارضی مین بیرون بلاد پریزیڈنسی کے کسی شخص کو عطا کرے۔

اسپیچ۔ تقریر۔ گفت وگو۔ وہ تقریر جو برسر مجلس بیان کی جاے۔ لیکچر

اُستاد۔ آموزگار۔ سکھانے والا۔ معلم۔ ماسٹر ٹیچر۔ کامل فن۔ ماہر۔ ہنر۔ چالاک۔ ہوشیار مرشد۔ تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ مشاق۔ بصیغہ واحد اس مین اشخاص متعدد مذکر اور مونث سند یافتہ و غیر سند یافتہ جماعت کے شامل ہین۔

استحسان۔ کسی نکتہ کی تشریح کے وقت سخت لفظ کو نرم بیان کرنا۔ نیکی طلب کرنا۔ نیک گننا۔

استحصال ۔ حاصل کرنا۔ طلب حصول۔ حاصل کرنے کی خواہش۔

استحصال بالجبر ۔ قصداً کسی شخص کو خود اُس کی یا کسی اور شخص کے نقصان کی تخویف کرنا۔ اور اس کے ذریعے سے اُس شخص کو جس کو اس طرح کی تخویف کی گئی ہے اس بات کی تحریک کرنا کہ وہ کوئی مال یا کفالت المال یا کوئی شے دستخطی یا مہری جو کفالت مال ہو جانے کی حیثیت رکھتی ہو کسی شخص کے حوالے کر دے۔ زبردستی حاصل کرنا۔

تشریح استحصال بالجبر اور سرقہ بالجبر میں یہ فرق ہے کہ اگر مجرم استحصال بالجبر کے ارتکاب کے وقت شخص مخوف کے قرب میں حاضر ہو اور اس شخص کو خود اس شخص کے یا کسی دوسرے شخص کے فوراً ہلاک ہونے یا فوراً ضرر یا فوراً مزاحمت بے جا اٹھانے کی تخویف کرنے سے استحصال بالجبر کا مرتکب ہو۔ اور اس طرح تخویف کرنے سے شخص مخوف کو شے مستحصل بالجبر کے اُس وقت اور اُس جگہ حوالہ کرنے کی تحریک کرے تو سرقہ بالجبر ہے۔ اگر قرب میں حاضر ہو کر تخویف نہ ہو اور مخوف کو فوریًا ہلاکت کا اندیشہ نہ ہو تو استحصال بالجبر ہے۔ استحصال بالجبر اور دغا میں فرق ہے۔ ان دونوں جرموں کا ارتکاب بذریعہ ناجائز طور پر حاصل کرنے رضامندی کے ہوتا ہے فرق یہ ہے کہ استحصال بالجبر کرنے والا رضامندی بذریعہ تخویف کے حاصل کرتا ہے اور دغا کرنے والا بذریعہ دھوکے کے رضامندی حاصل کرتا ہے۔ استحصال بالجبر کا لفظی ترجمہ جبر سے حاصل کرنا ہے۔

استحصال بیجا ۔ وہ استحصال مال جو بے جا وسیلوں سے کیا جائے اور شخص حاصل کرنے والا اس مال کا قانوناً مستحق نہو خلاف قانون حاصل کرنا۔

استحصال حظ خلاف وضع فطری بذریعہ اغلام یا جماع با بہائم کے حظ حاصل کرنا پیدائشی اور نیچرل اور فطری طریقے کے سوا اور عادت کے خلاف لطف۔ مزہ۔ ذائقہ۔ خوشی حاصل کرنا۔ فرج عورت کے سوا دُبر یا حیوان کی فرج یا دُبر میں دخول کرنا۔ فطرت کے خلاف حظ اٹھانا۔

استحصال قبضہ ۔ قبضہ حاصل کرنا قبضہ پانا۔ دخل لینا۔

استحصال ملکیت ۔ جائداد۔ مال۔ اسباب کا حاصل کرنا۔

استحصال ناجائز ۔ غلط طور پر حصول۔ خلاف قانون حاصل کرنا۔ ایسا حصول جو قانوناً درست نہو۔

استحصال ناجائز کرنا ۔ غلط طور پر حاصل کرنا۔ خلاف قانون حاصل کرنا۔ ایسے طور پر حاصل کرنا جو قانوناً درست نہو۔

استحقاق - حق - حقیت - تعلق - حق طلب کرنا - اپنا حق چاہنا - کسی بات کا مستحق ہونا - دعویٰ - استدعا - جیسے بولتے ہین استحقاق نالش یعنی قانوناً نالش کرنے کا حق ہونا -

تشریح یہ مصدر ہے باب استفعال سے اس کا مجرد حق ہے - اس باب کا ایک خاصہ طلب فعل ہے یعنی حق طلب کرنا - کبھی طلب کے معنی نہین بھی لیے جاتے -

استحقاق استثنائی - جدا کرنے کے قابل حق - مستثنیٰ کرنے کے لائق حق - ایسا حق جو استثنا کی طرف منسوب ہو -

تشریح استثنا کے معنی ہین الگ کرنا اور اس مین ی نسبت کی ہے -

استحقاق اضافہ لگان و مالگزاری - معاملہ کے بڑھانے کا حق - مالگزاری کے بڑھاؤ یا بیشی یا ترقی یا بڑھوتری کا حق -

استحقاق امتناع - روکنے کا حق - منع کرنے کا حق -

استحقاق انسانی - وہ حق جو انسان کی طرف منسوب ہو - ایسا حق جو انسان سے متعلق ہو - جو حق انسان سے لگاؤ رکھتا ہو -

استحقاق انفکاک رہن - رہن کے توڑ دینے کا حق - گرو کے چھوڑ دینے کا حق -

استحقاق بذریعہ ہبہ - وہ حق جو بذریعہ ہبہ یا عطیہ کے حاصل ہو - ایسا حق جو ہبہ کے وسیلے سے پیدا ہو -

استحقاق تخفیف لگان یا مالگزاری - معاملہ کے کم کرنے کا حق - مالگزاری کے ہلکا کرنے کا حق -

استحقاق ترکہ - جانشینی کا حق - مرے ہوے کی جائداد پر قبضہ کرنے کا حق - مردے کے مال کا حق - مردے کے مال متاع میراث - ورثہ کا حق -

تشریح عربی مین ر کا کسرہ اور اُردو مین ر کا سکون مستعمل ہے - ترکہ یعنی متروکہ ہے - یعنی چھوڑا ہوا - ترک کیا ہوا - مردے کا چھوڑا ہوا -

استحقاق تشخیص جمع - جمعبندی خراج کی پڑتال کا حق - جمعبندی کی جانچ یا پڑتال یا تحقیق کا حق -

تشریح تشخیص کے معنی مقرر کرنا جانچنا اور اجارہ لینا - جمع دیکھو جمع مین -

استحقاق تصرف - دخل دینے قبضہ پانے اور کچھ کا کچھ کر دینے کا حق - انتقال اور فروخت کا حق - مداخلت یا بحث یا اختیار یا تبدل و تغیر کا حق -

استحقاق جائز - ٹھیک حق - قانونی حق - وہ حق جو قانوناً درست ہو - جو حق از روے قانون حق ہو -

استحقاق حفاظت - وہ حق ہے جو ہر ایک شخص خاص خاص حالت مین رکھتا ہے کہ اپنے اختیار سے بغیر حاصل کرنے اختیارات قانون یا کسی کے

جسم کے اپنایا دوسرے کا بچاؤ یا اپنے یا دوسرے کے مال کی حفاظت کر سکے۔ محافظت کا حق۔
نگرانی۔ چوکسی۔ بچاؤ۔ سلامتی کا حق

استحقاق حفاظت خود اختیاری۔ اپنے ذاتی بچاؤ کا حق۔ اپنے آپ کو محفوظ رکھنے کا حق۔

استحقاق حین حیاتی۔ زندگی بھر کا حق۔ زندگی کے وقت تک کا حق۔ جنم بھر کا حق۔
تشریح حین کے معنی وقت۔ حیات کے معنی زندگی۔ اس میں ی نسبت کی ہے۔ عوام کی بولی میں حیاتی کے معنی زندگی کے لیے جاتے ہیں

استحقاق دائمی۔ ہمیشگی کا حق۔ دائمی حق لازوال حق۔ ایک حال پر رہنے والا حق۔
تشریح دائم کے معنی ہمیشہ۔ اس میں ی نسبت کی ہے۔

استحقاق دخل۔ داخل ہونے کا حق۔ آمد یا پیداوار آمدنی اندر آنے درآمد ہونے۔ عمل رسانی قبضہ دست اندازی۔ مزاحمت۔ دست رس کا حق۔

استحقاق ذاتی۔ اپنا حق شخصی حق۔ خاص حق۔ بلا واسطہ حق۔ غیر عارضی حق۔

استحقاق شفع۔ ہم سائگی کا حق۔ زمین یا مکان کے پڑوس کا حق۔ جائداد ملحقہ اور متصلہ کی خرید کا حق۔ جائداد کی خرید کا حق۔ پڑوس کا حق۔ (دیکھو شفع اور استحقاق)

استحقاق شفع بربنائے جار۔ ہم سائگی کی بنا پر خریداری کا حق۔
تشریح جار یعنی ہم سایہ۔ پڑوسی۔ شریک تجارت پناہ خواہ۔ پناہ دیا گیا۔ شوہر و زن کی بنا پر شفع کا حق

استحقاق شفع بربنائے جار و خلیط۔ خریداری کا حق ہم سائگی اور شراکت کی بنا پر۔
تشریح خلیط یعنی شریک۔ ساجھی۔ سر چیز ملی ہوئی۔ ہم سایہ اور ساجھی کی بنا پر ہم سائگی کا حق۔

استحقاق عصبیت۔ نرینہ جدی رشتہ داران کا حق۔ خویشوں اور نرینہ فرزندوں کا حق جو باپ کی طرف سے ہوں۔ خویشاوندوں کا حق۔ عصبیت اور خویشیت کا حق عصبہ ہونے کا حق۔
تشریح عصبہ کے معنی خویش اور اولاد نرینہ جو باپ کی طرف سے ہوں۔ یت علامت مصدر کی جس کے معنی ہونا ہے۔

استحقاق غیر مادی۔ ایسے امور کا حق ہے جیسے راستہ چلنے اور پانی نکالنے کا حق یعنی شے کا حق جو مادہ نہ رکھتی ہو۔

استحقاق قائم بالوجود۔ وہ حق جو کسی چیز کے شروع ہونے یعنی موجود ہونے سے قائم ہو۔ جو حق کسی چیز کے وجود سے قائم ہو۔

استحقاق قائم مقامی۔ مختاری اور دوسرے

کی جگہ عمل درآمد کا حق۔ جانشینی اور نیابت کا حق۔ قائم مقام ہونے کا حق۔

استحقاق قائمہ۔ مستقل اور مقررہ حق۔

استحقاق قبضہ۔ قبضہ پانے اور دخل لینے کا حق۔

استحقاق قدامت۔ ہمیشگی اور دوام کا حق۔ پرانے پن کا حق۔ قدیم ہونے کا حق۔

استحقاق کامل۔ پورا حق۔ وہ حق جو ناقص نہ ہو۔ ضد ناقص۔

استحقاق کی بنا پر۔ حق کی وجہ پر۔ حق کے باعث سے۔

استحقاق مالکانہ۔ مالک ہونے کا حق۔ مالکوں جیسا حق۔

استحقاق مالکیت۔ مالک بننے کا حق۔ مالک ہونے یا مالک پن کا حق۔

استحقاق مالکیت مطلق۔ پورا پورا مالک ہونے کا حق۔ عام ملکیت کا حق۔ بے قید مالک ہونے کا حق۔

استحقاق محکومہ قانون۔ جو حق قانون اور آئین کی رو سے ثابت ہو۔ وہ حق جو قانوناً حکم دیا گیا ہو۔ وہ حق جو قانوناً درست ہو۔

تشریح محکومہ حکم دیا گیا اسم مفعول ہے اس کی اصل حکم ہے۔

استحقاق مخالفانہ۔ ایک دوسرے کے برخلاف حق۔ وہ حق جو مخالفوں کے طور پر ہو۔

ایسا حق جو بلا ملکیت صرف قبضہ بارہ سال سے پیدا ہوا ہو۔

استحقاق مرتہنی۔ وہ حق جو اپنے پاس رہن رکھنے سے پیدا ہو۔ وہ حق جو گرو رکھنے سے پیدا ہو۔ مرتہن ہونے کا حق۔

استحقاق مزارعانہ۔ حق کاشت کاری۔ کاشت کاروں جیسا حق۔

تشریح استحقاق کے معنی حق۔ مزارع کے معنی زراعت کرنے والا۔ انہ کلمہ نسبت ہے

استحقاق مستقل۔ پختہ حق۔ پکا حق۔ وہ حق جو عارضی نہ ہو۔ مضبوط حق۔

استحقاق مشروط۔ جو حق کہ دوسرے امر سے شرط کیا گیا ہو۔ شرطی حق۔ مقید حق۔ شرطیہ حق۔ جو حق کسی شرط پر موقوف ہو۔

تشریح مشروط کے معنی شرط کیا گیا۔ یہ اسم مفعول ہے۔ شرط اس کا مصدر ہے۔

استحقاق معافی داری۔ زمین کو بلا ادائے لگان قبضہ میں لانے کا حق۔ معافی دار ہونے کا حق۔ وہ حق جو معافی دار ہونے سے پیدا ہو۔

استحقاق موروثی۔ جدی حق۔ وہ حق جو آبائی ہو۔ وہ حق جو لوگوں سے پیدا ہو۔

تشریح موروثی اسم مفعول ورثہ کا ہے اس میں ی نسبت کی ہے

استحقاق نالش۔ نالش کرنے کا حق۔ دعوے کا حق۔ قانوناً نالش کرنے کا مجاز ہونا۔

استحقاق واقعی۔ اصلی یا حقیقی حق۔ ٹھیک حق۔ بجا حق۔

استحقاق وراثت۔ وارث ہونے کا حق جائداد کے مالک ہونے کا حق۔ ملکیت کا حق

استحکام۔ مضبوطی۔ استواری۔ پختگی۔ استقلال قیام۔

استحکام حق۔ حق کی مضبوطی۔ حق کی پختگی۔ حق کا استقلال۔ حق کا قیام۔ استواری حق۔

استحلاف۔ حلف اُٹھانا۔

تشریح۔ اکثر ایسے مقدمات مین مستعمل ہوتا ہے۔ جہان بنسبت استحکام نکاح کے زوجہ سے حلف اُٹھوانا مطلوب ہوتا ہے۔ عموماً جہان حلف دلانا مقصود ہو۔ یہ مصدر ہے باب استفعال سے اس کا مجرد حلف ہے۔

اِستہلال۔ بچہ کی آواز جو پیدائش کے وقت ظاہر ہوتی ہے۔ جو بعد ظہور اور ثبوت آواز کے اُس کے مرنے پر اُس کی والد۔ والدہ۔ خاندان مُردے کی جائداد کے وارث ہوتے ہین۔ اور بصورت قبل مرنے کے آواز نہ آنے کے مردے کا بھائی وارث ہوتا ہے

تشریح۔ یہ مصدر ہے باب استفعال سے ہلال اس کا مجرد ہے۔ یہ اہل اسلام کا لفظ ہے۔

استخراج۔ نکالنا۔ برآمد۔ نکاس

استخراج رقبہ۔ رقبہ نکالنا۔ برآمد رقبہ۔ نکال رقبہ۔ زمین کے عرض وطول کو ضرب دینے سے جو مقدار حاصل ہو

تشریح۔ رقبہ کے معنی زمین متعلقہ دیہہ گانون کی زمین کا نکالنا۔

استدانت۔ قرضہ لینا۔ اُدھار لینا۔ قرضہ کی نالش کرنا۔ قانون مین ایک معاملہ مین شراکت مہتمم کی جس مین ایک شخص سرمایہ دار دوسرا محض اہتمام سے شریک ہو کر اہتمام کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ لیکن اگر شرائط معاہدہ مین یہ امر طے نہ پائے تو مہتمم ہی ذمہ دار اور منافع کا مستحق ہوتا ہے۔

تشریح اس کی اصل دین معنی قرضہ ہے

استدعا۔ دعوی۔ درخواست۔ خواہش چاہنا۔

استدعاے شمول۔ اس درخواست کو کہتے ہین کہ مالکان مختلف محالات کو شامل کرانے کے لیئے دین۔ شامل ہونے کی درخواست۔ شمول کا دعوی۔ شامل ہونے کی خواہش۔ عام شامل ہونے کی درخواست۔

تشریح اس کی اصل دعا ہے۔

استدلال۔ دلیل طلب کرنا۔ دلیل لانا۔ دلیل چاہنا۔

تشریح اس کی اصل دلیل ہے جس کے معنی حجت۔ وجہ ثبوت۔ وجہ۔ وہ بات جس کے جاننے سے دوسری بات کا جاننا لازم آجائے (دیکھو دلیل)

استدلال کرنا۔ دلیل طلب کرنا۔ دلیل لانا۔
دلیل طلب کرنے کا کام۔ ایک کو دوسرے پر
قیاس کرنا۔

استرداد۔ منسوخ کرنا۔ لوٹانا۔ واپس لینا۔
رد کرنا۔

تشریح اس کی اصل رد ہے یہ مصدر ثلاثی
مزید باب استفعال سے ہے۔

استرداد نیلام۔ نیلام کا منسوخ کرنا۔ عام فروخت
کا توڑنا۔ عام فروخت کو رد کرنا۔

استرداد ہبہ۔ ہبہ کا منسوخ کرنا ہبہ کو رد کرنا
بخشش کو رد کرنا۔

تشریح ہبہ کے معنی بخشش بخشنا ہے۔

استری۔ ناری۔ نار۔ تریا۔ عورت۔ لُگائی
جورو۔ بیوی۔ زوجہ

استری دھن۔ جو جائداد غیر منقولہ بیاہ سے
پہلے یا بیاہ کے وقت یا بعد والدین یا کوئی
اور قریبی رشتہ دار دیوے۔ اسباب جو عورت
اپنی محنت یا دست کاری یا مشقت سے
پیدا کرے اور اسباب جو عورت استری دھن
سے حاصل کرے یا بہم پہونچائے۔ زیور اور
ملبوسات جو خاوند سے بعد شادی کے ملے
یا کسی اور طور سے حاصل ہوا ہو عموماً استری
دھن مین شامل ہوتا ہے بشرطیکہ خاوند
نے اُس کی نسبت کچھ دعوی نہ کیا ہو۔ اور دیگر
اقسام جائداد اور خصوصاً جائداد غیر منقولہ پر
کہ وہ جائداد خواہ کسی طور سے پیدا کی ہو یا بطور
ارث حاصل ہوئی ہو۔ عورت کو اپنے خاوند یا
ولی رشتہ دار کے مراتب مین اختیار ہوگا اور
بعد وفات کے ترکہ اس کا بطریق معمول پہونچیگا۔
جو بیٹا واسطے مطلب گذارے کے اپنی مان کو
بطور بخشش کے روپیہ دے وہ استری دھن
مندرجہ دھرم شاستر مین شامل ہے اور جو استری
دھن ایک عورت غیر منکوحہ چھوڑ مرے اُس کو
کماری دھن بھی کہتے ہین۔ زوجہ کی جائداد
عورت کی جداگانہ جائداد

تشریح استری بمعنی عورت اور دھن بمعنی
دولت۔ منکوحہ عورت کی جہدی جائداد مع اُن
چیزون کے جو اُس کے شوہر یا اُس کے رشتہ
دارون نے عطا کی ہون یا کوئی اورشے حاصل
کردہ۔ اس مین وہ جائداد بھی شامل ہے جو
اُس کو وراثت سے ملی ہو۔ انوادھیا جو شوہر
کے خاندان سے بعد شادی کے ملے ایک قسم
استری دھن کی ہے۔

استصلاح۔ صلاح پوچھنا۔ مشورہ لینا۔ استصواب

تشریح یہ باب استفعال کا مصدر ہے
اس کا مجرد صلاح ہے۔

استصواب۔ طلب صواب۔ صلاح پوچھنا
عدالت ماتحت کا عدالت بالا سے کسی مشتبہ
یا مشکوک امر مین مشورہ لینا یا استفسار کرنا

تشریح۔ یہ باب استفعال کا مصدر ہے اس کی

اصل صواب ہے۔

استصواباً۔ استصواب کے طور سے۔ طلب صواب کے طریق سے۔ مشورۃً۔

استصواب کرنا۔ طلب صواب کرنا۔ استصواب کا فعل کرنا۔ (دیکھو استصواب)

استطاعت۔ قرضہ ادا کرنے کی طاقت۔ قدرت۔ طاقت۔ مقدور۔ بساط۔

استطاعت کافی۔ پوری مقدرت۔ کامل قدرت۔ پوری طاقت۔ پورے طور پر تابعداری کرنا۔ پوری بساط۔

استعداد۔ قابلیت۔ لیاقت۔ سامان۔ مادہ طاقت علمی مہارت۔ سمائی۔ گنجائش۔ وسعت۔

استعداد ارضی۔ زمین کے پیداوار کی لیاقت زرخیزی زمین کی قابلیت۔

استعفا۔ ترک ملازمت۔ طلب عفو۔ نوکری چھوڑنے کی تحریری درخواست۔ درخواست ترک عہدہ معافی مانگنا۔

تشریح۔ گویا کہ ملازم نوکری کرنے سے معافی مانگتا ہے کہ آپ معاف کیجئے اب مین نوکری نہین کرتا۔ استیفا غلط ہے۔

استعفا دینا۔ ترک ملازمت کی درخواست دینا نوکری چھوڑنے کی تحریر دینا۔ ترک ملازمت کرنا۔ نوکری چھوڑنے کی درخواست کرنا۔ (دیکھو استعفا)

استغاثہ۔ طلب انصاف۔ نالش کرنا۔ داد۔ فریاد۔ انصاف چاہنا۔ مرافعہ۔ اپیل۔ پکار۔

تشریح استغاثہ اور دعوے مین یہ فرق ہے کہ استغاثہ فوجداری مین اور دعوی دیوانی مین ہوتا ہے۔ یہ استفعال کا مصدر ہے۔

استغراق۔ محو ہونا۔ غرق ہونا۔ ڈوب جانا۔

تشریح اس کی اصل غرق ہے جو مادہ اس استفعال کے مصدر کا ہے۔ عموماً یہ لفظ وہان بولتے ہین جہان کسی اہل جائداد کی جائداد قرضہ مین لگ جائے اور جاتی رہے

استغراق فصل۔ فصل کا قرض وغیرہ مین لگ جانا۔

تشریح۔ استغراق کے معنی ڈوب جانا۔ غرق ہونا۔ محو ہونا۔ فصل کے معنی چار رتون مین سے ایک موسم ربیع خریف مل کر معنی ہوے فصل کا غرق ہوجانا۔ فصل کا قرض وغیرہ کے باعث ڈوب جانا۔

استفادہ۔ طلب فائدہ کرنا۔ فائدہ اٹھانا۔

تشریح یہ باب استفعال کا مصدر ہے اور اس کی اصل فائدہ ہے۔

استفتا۔ فتوی چاہنا۔ فتوی۔ مسئلہ پوچھنا

تشریح یہ مصدر ہے باب استفعال سے اس کی اصل فتوی ہے۔ عالم سے فتوی لینا فتوی۔ فتوے کے معنی حکم شرع۔

استفسار۔ تحقیقات کرنا۔ دریافت کرنا۔ پوچھنا اظہار لینا۔ مقدمہ کے حالات دریافت کرنا

تشریح کبھی استصواب کے معنی دیتا ہے یہ باب استفعال کا مصدر ہے۔

استفسار کرنا مقدمے کے حالات کا دریافت کرنا۔ مطلق پوچھنا۔

استقالہ کسی سے یہ درخواست کرنا کہ کسی معاہدے کو فسخ کرے یا عہد کو چھوڑ دے

استقرار - اقرار - اظہار - تصدیق - ٹھہرنا آرام کرنا کسی مقام پر قرار پکڑنا۔

استقرار حق - حق کا قرار یا حق کا ٹھہرنا۔

استقرار حقیت - حقیت کا قرار حقیت کی تصدیق۔ تسلیم حق - حق کا ماننا۔

استقراری - قرار پکڑنے والا۔ ٹھہرنے والا آرام کرنے والا۔

استقراریہ ڈگری - ٹھہرنے والی ڈگری۔ قرار پکڑنے والی ڈگری۔

تشریح ڈگری کاف تازی سے ہے۔ کاف فارسی گ سے غلط ہے۔ اس کے معنی حکم - اخیر فیصلہ - فتوی - جیت - فتح - ثابت ہوجانے کا سرکاری فیصلہ۔ اصطلاح مین اُس ڈگری کو کہتے ہین جو کسی خاص شرط سے ہو۔ شرطیہ - اپنے ٹھہرنے والا اور قرار پکڑنے والا فیصلہ۔

استماع - وہ شہادت بالواسطہ جو خاص مقدمات اور خاص ہدایات کے ساتھ قابل پذیرائی ہو سُننا - قبول کرنا - منظور کرنا۔

تشریح عربی مصدر ہے باب افتعال سے اس کی اصل سمع ہے۔

استمتاع - باہمی فائدہ اٹھانا - نفع چاہنا - منفعت ڈھونڈھنا۔

تشریح یہ مصدر ہے باب استفعال سے اس کی اصل متاع ہے۔

استمرار ہمیشگی - جاری رہنا - دوام - مدام۔

تشریح یہ باب استفعال سے مصدر ہے۔ مجازاً استمراری پٹہ پر بولتے ہین یعنی ہمیشگی

استمرار دار - وہ شخص جو ہمیشہ کے واسطے پٹہ عطیہ جائداد رکھتا ہو - اپنی جائداد کا دائمی پٹہ رکھنے والا۔

تشریح یہ اسم فاعل ترکیبی ہے جو استمرار اور دار سے مرکب ہے۔

استمراری - دائمی جاری رہنے والا - مستقل خصوصاً مستقل اور دوامی بندوبست مالگزاری پر بولتے ہین۔

تشریح اس مین ی نسبت کی ہے یعنی جو استمرار کی طرف منسوب ہو۔

استمراری بندوبست - مدامی بندوبست دائمی بندوبست - ہمیشگی انتظام - مستقل بندوبست (دیکھو بندوبست استمراری)

استمراری پٹہ - وہ سند جو مستقل شرح پر ہمیشہ کے واسطے عطا کی جاے - دوامی سند۔

استمراری پٹہ دار - وہ شخص جس کے پاس ایک

دوامی مالگزاری کی سند ہو۔

استمراری جمع۔ مقررہ یا دائمی مالگزاری یا لگان کی جمعبندی۔

استمراری جوت۔ ایک مقررہ یا مستقل معلومہ جو اسامی زمیندار کو دے۔ دوامی قلبہ رانی۔ دوامی تردد و کاشت کاری ہمیشہ کے واسطے کھیتی باری۔ مزروعہ قطعہ۔ جوتی ہوئی زمین قبضہ کاشت کار۔ وہ لگان جو کاشت کار دیتا ہو۔

استمراری دہات۔ گانون جن کا مستقل یا دائمی معاوضہ قرار پایا ہو یا تجویز کیا گیا ہو۔

تشریح دِہات جمع دِہ یعنی گانون کے ہے۔ مگر اس سے عربی کی طرح جمع بنا ہے محض تصرف ہے ورنہ قاعدہ اور فصاحت مانع ہے۔

استیجاب۔ مواخذہ۔ ذمہ داری۔ قابلیت معاہدہ۔ استیجاب سے انسان کی وہ حالت مراد ہے جب کہ وہ ایک فرض یا وجوب اولیہ کی عدم تعمیل سے کسی فرض یا وجوب ثانیہ کی تعمیل کا مستوجب ہوتا ہے۔

استیجاب عزم معاہدہ۔ معاہدہ کے ارادہ کی ذمہ داری (دیکھو استیجاب و معاہدہ)

اشامپ / اسٹیمپ / اسٹام۔ نشان کاغذی جو سرکار کی طرف سے جاری اور فروخت ہوتا ہے اور رقعون وغیرہ پر چسپان اور ٹھپہ کیا جاتا ہے چھاپ۔ مُہر۔ وہ سرکاری کاغذ جو رسوم سرکار دے کر دستاویز وغیرہ کے واسطے لیا جاتا ہے۔ ٹکٹ۔ سختہ کاغذ۔

تشریح۔ اشامپ کورٹ فیس و اشامپ دستاویزی مین یہ فرق ہے کہ اشامپ کورٹ فیس سرخ مُہر سے ہوتا ہے اور اشامپ دستاویزی نیلی مُہر سے۔ گورنمنٹ مین مُہرون کی صرف رنگت ہی کا فرق ہے۔ بل آف اکسچینج۔ (دیکھو بل آف اکسچینج)

اشامپ کی تبدیلی۔ ایک نوع کے اصلی اشامپ کو اور طرح کے اصلی اشامپ کی صورت کر دینے سے تلبیس کر دینا۔ اشامپ کو نیا لباس پہنانا۔ اشام کو بدلنا۔

اسٹیٹ۔ اراضی۔ جائداد۔ محال۔ علاقہ حقیت ملکیت۔ ملک۔ مال۔ ترکہ۔ درجہ۔ رتبہ۔ ریاست۔ سٹیٹ۔

تشریح اس کے معنی انگریزی قانون مین استحقاق حین حیات ہے۔

اسٹیمیٹ۔ تخمینہ۔ اندازہ۔ جانچ۔ آنک۔

اسسٹنٹ۔ معاون۔ مددگار۔ نائب

تشریح عام لوگ غلطی سے اسٹنٹ بولتے مین

اسسٹنٹ کمشنر۔ حاوی اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر بھی ہے۔ کمشنر کا معاون۔ یا مددگار یا نائب۔

آسرم۔ مکان مذہبی شخص۔ مذہبی سلسلہ جس کو برن بھی کہتے ہین اور جس کو ہندو چار قسم شمار

کرتے ہین - برہماچاری جو مذہبی فرائض اور تجرد
مین زندگی بسر کرتا ہے - دوسرا گھرستا جو
گھر اور دنیا کے کامون مین زندگی بسر کرتا
ہے - تیسرا دان پرستا جو کبھی بست تارک الدنیا
ہوجاتا ہے - چوتھا سنیاسی - جو دوسرون
کی خیرات وغیرہ پر بسر کرے -

اسقاط - پیٹ گرانا - گرنا - ٹوٹنا - حمل گرنا - گرانا

اسقاط اپیل - اپیل گرنا - اپیل نامنظور کرنا
اپیل ڈالنا - اپیل رد کرنا - اپیل ساقط ہوجانا

اسقاط حمل - حمل گرانا -

تشریح - ڈھارٹن صاحب فرماتے ہین کہ اسقاط
حمل قبل اس کے کہ حمل کا زمانہ پورا ہو رحم حاملہ
کے حمل کا قبل تکمیل کے پیٹ گرنا اور اخراج
کر دینا ہے - اسقاط بمعنی گرنا - پیٹ گرنا - ٹوٹنا
حمل کے معنی بار - گیابھ - پیٹ - گربھ - اسقاط
حمل کے معنی پیٹ گرجانا ہے -

اسقاط حمل کرانا - بالارادہ بدنیتی سے حمل
گروادینا - قصداً پیٹ گروادینا - پنجابی مین
ڈھڈ چھنوانا - پیٹ گرانے کا کام کرنا -

اسلحہ - جمع سلاح بمعنی ہتھیار - اس مین اسلحہ
آتش فشانی اور سنگین اور تلوار اور کٹار - برچھی
برچھی کا پھل - کمان - تیر - توپ - اور اسلحہ کے
اجزا اور اُن کے بنانے کی کلین وغیرہ بھی داخل
ہین - لڑائی کے ہتھیار - اوزار -

اسم فرضی - فرضی نام - مجازی نام جیسے زید
عمر - بکر - خالد -

اسم نویسی - نامون کی فہرست جیسے کہ
مقدمہ وغیرہ مین شاہدین کی اسم نویسی - گواہان
کے نامون کی درخواست

اسموار - فرداً فرداً نامون کی باترتیب تحریر -
بترتیب اسماء -

اسوانسی - ایک زمین کے ناپنے کا پیمانہ جو
کچوانسی کا بیسوان حصہ ہوتا ہے - جمع کچوانسی

آسودگی - امن - آرام چین - راحت - دولتمندی
مرفہ الحالی - فارغ البالی - آسائش -

تشریح - حاصل مصدر ہے - آسودہ ہونا - آرام
مین رہنا -

آسودگی عامہ خلائق - عام خلقت کا آرام اور
امن و آسائش مین رہنا - کل رعایا کی آسائش

اسیر - قیدی - گرفتار - ماخوذ - بندھا ہوا -

اسیر جنگ - لڑائی کا قیدی - لڑائی کے وقت
جو گرفتار ہوگیا ہو -

اسیر سلطانی - بادشاہی قیدی - نظربند - وہ
شخص جو گورنمنٹ کے حکم سے بلا کارروائی عدالت
کے قید یا نظربند ہو -

تشریح - چنانچہ ان دنون حضور والاشان
برگزیدہ امرائے زمان امیر یعقوب خان صاحب
بہادر والی کابل دیرہ دون مین اسیر سلطانی
ہین - اور کئی ان کے بڑے بھائی صاحب
فاضل اجل عالم بے بدل مولانا مولوی مرید

احمد صاحب کو اُن کے مصاحب ہونے کا شرف حاصل ہے اور جناب والا سردار یحییٰ خان صاحب بہادر خسر امیر صاحب ممدوح کے ہم نوالہ وہم پیالہ ہونے کا بھی فخر حاصل کر

سیر تشخیص کرنے والا شلیں تجویز کرنے والا تشخیص محصول، مشیر۔ مددگار۔ منصف جج۔ پنچ۔

اشتباہ شبہہ۔ بدگمانی۔ مشابہ ہونا۔ شک۔

تشریح۔ باب افتعال کا مصدر ہے اس کی اصل شبہہ ہے۔

اشتباہ معقول۔ پختہ شبہہ جس سے اشتباہ پختہ شخص گرفتار شدہ کی نسبت ہو سکے قوی شک۔ بڑا گمان۔

تشریح معقول اسم مفعول عقل کا ہے جس کے معنی قوی۔

اشتراء۔ خریدنا۔ خرید کرنا۔ مول لینا۔

تشریح مصدر ہے۔ شرا اسکی اصل ہے۔

اشتعال۔ بھڑکانا۔ شعلہ اُٹھانا۔ شعلہ زن کرنا۔ روشن ہونا۔ لپٹ مارنا۔

تشریح اس کی اصل شعلہ ہے۔

اشتعال طبع۔ باعث خشم طبیعت کا بھڑکانا۔ طبیعت کا شعلہ اُٹھانا۔ طبیعت کی لو کو روشن کرنا۔ طبیعت کی لاٹ۔ بھکانا۔ بھکا کر لڑا دینا۔

اشتمال۔ شامل ہونا۔ شامل کرنا۔ ملانا شمول۔

اشتمال فریقین۔ مدعی و مدعا علیہ کا شامل ہونا۔ اہل مقدمہ کا شمول مقدمہ کی دونوں پارٹیوں کا ملانا۔ مدعی و مدعا علیہ کا شامل کرنا

تشریح۔ فریقین تثنیہ ہے جس کے معنی عام دو پارٹیوں کے ہیں۔ مگر قانوناً مدعی مدعا علیہ سے مراد ہوتی ہے۔

اشتہار۔ ڈھنڈورا۔ منادی۔ اطلاع عام اعلان عام۔ جو لوکل گورنمنٹ کے حکم سے سرکاری گزٹ میں شایع کیا جائے شہرت دینا۔ مشہور کرنا۔ نوٹس۔ اعلان۔ اطلاع مطبوعہ اعلام۔

اشتہار آویزاں کرنا۔ اشتہار لگانا۔ اشتہار لٹکانا۔ اشتہار چسپاں کرنا۔

اشتہار دخل۔ قبضہ اور دخل کا اشتہار ایک خاص نوٹس ہوتا ہے جو دخل دلانے کے وقت دیا جاتا ہے۔ قبضہ دینے کا اشتہار

اشتہار عدم انتقال۔ جائداد کے نا منتقل ہونے کا اشتہار۔ وہ اشتہار جس میں کسی جائداد کے نا منتقل ہونے کا مضمون درج ہو (دیکھو تشریح انتقال)

تشریح عدم کے معنی نہ۔ یعنی کسی جائداد کے منتقل کرنے سے روکنے والا اشتہار۔

اشتہار قرقی۔ قرقی کا اشتہار۔

(قرقی کی تشریح دیکھو لفظ قرقی مین)

استہار نیلام۔ عام فروخت کا اشتہار نیلام کا اشتہار

اشتہاری۔ مشتہر شدہ (بطور مجرم کے) وہ مجرم جس کی گرفتاری کے واسطے اشتہار دیا گیا ہو۔

تشریح اس مین یے نسبت کی ہے یعنی منسوب باشتہار۔

اشخاص۔ جمع شخص۔ اس مین دو فرق ہین اول اصلی جیسے خدا نے اُن کو بنایا دوم مصنوعی۔ جیسے قوانین انسانی کی روسے بغرض سلطنت اور جماعت کے بنائے اور ایجاد کیئے جس کو جماعت سند یافتہ یا ملکی جماعت کہتے ہین۔ یہ تو دھارٹن صاحب نے تحریر فرمایا ہے۔ اشخاص سے مراد وہ انسان بھی ہین جو حقوق کے مالک ہوتے ہین یا فرض یا وجوب کی تعمیل کرنے کی قابلیت رکھتے ہین شخص کے معنی ہر کمپنی یا شرکا کی جماعت جن کو سند ملی ہو یا نہ ملی ہو۔ اور ہر قسم کی جماعت سند یافتہ شامل ہے۔ اس مین متعدد مذکر و مونث سند یافتہ و غیر سند یافتہ شامل ہین۔ (دیکھو لفظ شخص)

اشخاص قانونی۔ ان سے وہ مجموعہ اشخاص مراد ہے جو کہ بموجب قانون شخص واحد بمجھے جاتے ہین جیسے ریلوے کمپنی وغیرہ۔

آشنائی۔ فاسقانہ محبت۔ بُری دوستی۔ محبت۔ یاری۔ اختلاط۔ واقفیت واقف کاری۔ ملاقات۔ صاحب سلامت۔ لگاوٹ۔ عشق۔ دل لگی۔ ناپاک دوستی۔ علاقہ۔ رشتہ داری۔ غیر قانونی دوستی۔ ناجائز محبت۔ شناسائی۔

اشیا۔ یہ بڑی وسعت کا لفظ ہے اور اس کے معنون مین ہر قسم کا مال منقولہ داخل ہے۔ اس مین تمام ذی روح اور غیر ذی روح اشیاے محسوسہ جو اشخاص مین شامل نہین ہین۔ لیکن اس معمولی مدلول کے علاوہ ایک ایسی شے بھی جو ابھی وجود مین نہین آئی ہے شے کہلاتی ہے۔ چیزین۔

تشریح اشیا جمع ہے شے کی جس کے معنی چیز۔

اشیاے جسمانی۔ جسم والی چیزین مجسم چیزین۔ جو چیزین جسم کی طرف منسوب ہون جسم دار چیزین۔

اشیاے غیر جسمانی۔ جو چیزین جسم نہ رکھتی ہون۔ جو جسم دار نہ ہون۔ غیر مجسم چیزین۔

اشیائے غیر منقولہ - خلاف اشیائے منقولہ - وہ اشیا جن کو ایک جگہہ سے دوسری جگہہ نہ لے جاسکیں - جیسے زمین مکان وغیرہ - وہ چیزیں جو منقولہ نہ ہون -

اشیائے کانی - وہ چیزیں جو کانوں سے نکلیں - معدنیات - کانی چیزیں - اس مین چونے کا پتھر اور اینٹ کے رنگ کا پتھر داخل ہے -

تشریح کانی مین یٔ نسبت کی ہے یعنی وہ چیزیں جو کان سے تعلق رکھتی ہین - منسوب بہ کان -

اشیائے مال - اس مین اسباب سیر کرنسی سواے سیر - ترازو چٹھی ڈالنے کے صندوق - ہر شے جو ڈاکخانے مین مستعمل ہے - اکناٹون اور فارمون کے سوا ہر چیز اس مین شامل ہے -

تشریح یہ ڈاکخانہ کا لفظ ہے -

اشیائے محسوسہ - جو چیزین حواس مین آسکین - جو چیزین بذریعہ حواس کے معلوم ہوسکین -

تشریح محسوسہ اسم مفعول حِس مصدر کا ہے یعنی حس کیا گیا -

اشیائے مُنَشِّی - اس سے مراد گانجہ بھنگ چرس وافیون اور ہر شے جو ان سے تیار ہو - یا ان سے آمیزش رکھتی ہو نشہ دینے والی چیزین مسکرات -

تشریح منشی اسم فاعل ہے یعنی نشہ پیدا کرنے والی اشیا -

اشیائے منقولہ - وہ چیزین جن کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائین یا لے جاسکین - جیسے مال - اسباب غلہ زیور وغیرہ - اسباب - اجناس - اثاثہ اٹھالے جانے والا اسباب -

تشریح - منقولہ اسم مفعول ہے نقل مصدر کا -

اشیائے موجب ترقی زراعت

اس سے ایسا ہر کام مراد ہے جس سے اراضی کی لگانی مالیت بڑھ جائے - وہ چیزین جو زراعت کی ترقی کا سبب ہون اس مین امور مفصلۂ ذیل شامل ہین - تالاب - کنوان - درستی اراضی - برآمد اراضی وغیرہ -

اشیرباد - دعا - دعائے خیر

تشریح صحیح شین معجمہ سے ہے سین مہملہ سے غلط مشہور ہے - یہ اہل ہنود کا لفظ ہے -

اصالتہً - بلاواسطہ - بذاتہ - بالذات بذات خود - بلاوسیلہ - خود - آپ بنفسہ - بنفس نفیس - قانون مین عام

بول چال ہے کہ اصالتہً حاضر ہو یا
بذریعہ وکیل کے۔ یعنی خود حاضر ہو یا
وکیل بھیجو۔

اصرار۔ ہٹ۔ ضد۔ اڑ۔ ہچلاپن۔ تکرار۔
تاکید۔

اصطباغ۔ بپتسمہ دینا۔ وہ حالت جو عیسائی
بنانے کے وقت پانی سر پر ڈالتے ہین غوطہ
دینا۔ رنگنا۔

تشریح اس کی اصل صبغ بمعنی رنگنا ہے
یہ باب افتعال کا مصدر ہے۔

اصطلاح۔ وہ لفظ جو چند اشخاص نے مل کر
بنایا ہو۔ اپنی سمجھ کے واسطے بنایا ہوا لفظ
کسی قوم یا فرقے کا۔ لفظ کو اپنے اصلی معنون
کے سوا جو اُس کے اصلی معنون سے ملتے جلتے
معنی ہون یا کسی قدر اصلی معنون کے ساتھ
تعلق رکھتے ہون ٹھہرالینا محاورہ۔ باہم
صلاح کر کے کچھ معانی مقرر کر لینا۔

تشریح یاد رکھو لغوی اور اصطلاحی معنون
مین ضرور ایک خاص مناسبت ہوتی ہے۔

اصطلاحاً۔ اصطلاحی طور پر۔ اصطلاح کے
طور پر۔ ازروے اصطلاح۔ باعتبار اصطلاح

اصطلاحی۔ جو اصطلاح والا ہو اور اصطلاح کی
طرف منسوب ہو۔ مصطلحہ امر۔ ٹھہرا ہوا امر۔

تشریح اس مین ی نسبت کی ہے۔

اصل۔ بنیاد۔ جڑ۔ خاص۔ اصل رقم جو قرضہ
دی جاے۔ نُول۔ سلسلہ۔ خاندان۔ صحیح
منبع۔ سرچشمہ۔ نکاس۔ مادہ۔ تخم۔ بیج۔ ست
عطر۔ خلاصہ۔ سرشت۔ وجود۔ ہستی۔ طینت
جبلت۔ حقیقت۔ ماہیت۔ بساط۔ کائنات
نسب۔ نطفہ کا اثر۔ خاندانی اثر۔ سبب
کان۔ سرمایہ۔ پونجی۔ خلاف سود۔ مال بدات
شریف۔ خاندانی۔ کتاب کی عبارت۔ متن۔
اول۔ مقدم۔ آد۔ ٹھیک۔ واقعی۔ ضد نقل
خالص۔ نفس الامر۔ عمدہ۔ تحفہ۔ بے غش۔
بے کھوٹ۔ بے ملاوٹ۔ کھرا۔ بے آمیزش
بے غل و غش۔ وہ ابتدائی خیال جو ابتدا اور
مدار کسی قسم کی تقاریر کا ہو۔

اصل اصول۔ اصل بنیاد۔ اصول جمع اصل
کی ہے۔

اصلا۔ ہرگز۔ ازروے اصل کے۔ مطلقاً کبھی
کسی حالت مین۔ بالکل۔ مطلق۔ زنہار۔ تاکید
نفی۔

تشریح یہ لفظ عربی مین آتا ہے تو منون
یعنی آخر پر تنوین ہوتی ہے اور جب اردو مین
مستعمل ہوتا ہے تو اکثر تنوین نہین ہوتی۔

اصل بدیہی۔ وہ اصل جو دلیل کا محتاج نہو

تشریح۔ بدیہہ کے معنی بے سوچے کہنا۔
ظاہری۔ وہ چیز جس کے جاننے مین فکر
کرنی نہ پڑے جس مین دلیل کی حاجت
نہو۔ اس مین ی نسبت کی ہے۔

اصل دستاویز - اصل تحریر - اصلی سند - سند جس سے اپنا مطلب حاصل کرسکیں -
تشریح اصل کی تشریح دیکھو اصل میں اور دستاویز کی دستاویز میں - لفظ دستاویز اسم مفعول مرکب ہے -

اصل زر قرضہ - مول - رقم جو قرض دی جائے راس المال -

اصل کاغذات بندوبست - کاغذات بندوبست کا اصل یعنی پہلی کارروائی -

اصل مالک - جس کی طرف سے کوئی قائم مقام یا گماشتہ یا کارندہ ہونے پر مامور ہو حقیقی قابض جو حقیقت میں مالک ہو - اصلی مالک -

اصل مدیون - جس نے در اصل قرضہ لیا ہو -
تشریح مدیون کے معنی قرض دیا گیا - اسم مفعول ہے اس کی اصل دین یعنی قرضہ ہے

اصل مع سود - مول مع بیاج -

اصل نزاع - جھگڑے کا اصلی باعث مقدمہ کا ٹھیک سبب - نزاع کے معنی جھگڑا -

اصلاح - درستی - ترمیم صحت - درست تصحیح نظر ثانی - درستی خط - درست کرنا -

اصلی - حقیقی - ذاتی خلقی جنمی - پیدائشی بے بناوٹ جبلی - فطرتی - جگری - دلی - مقدم - اول - ٹھیک - سچ - ضد نقلی - خاص - قدیم اس میں ی نسبت کی ہے یعنی منسوب با اصل

اصلیت - حقیقت -

اصول - قواعد - خاص امور
تشریح - جمع اصل معنی جڑ - بنیاد علت اردو میں واحد بھی مستعمل ہے (دیکھو اصل)

اصول قانون - قانون کے قواعد اور طریقہ قانون کی جڑیں - اصول قانون قانون کی کتاب کا نام بھی ہے جس میں قانون کے ماخذ لکھتے ہیں - وہ قاعدے جن پر قانون کا مدار ہے - فوجداری دیوانی وغیرہ کے اصول -

اصیل - اچھی نسل والا - نیک ذات - عزیب - نجیب - شریف - جو گھوڑا شریر نہو - ماما - لونڈی باندی -

اضافہ - ترقی - ایزادی - بیشی - زیادتی تنخواہ بڑھوتری - بچت - ماحصل - شمول - الحاق -

اضافہ تنخواہ - تنخواہ کی ترقی -
تشریح تنخواہ مرکب ہے تن اور خواہ سے یعنی خواستہ شدہ تن یعنی جسم کی مطلوب - مزدوری - روپیہ پیسہ وغیرہ جو بابت خدمت کے ملے -

اضافہ لگان - لگان کی ایزادی -

اضافی وجوب - نسبتی وجوب - وہ وجوب جو نسبت اور علاقہ رکھتا ہو - نسبتی لزوم -

اضلاع متحدہ - اضلاع جمع ضلع بمعنی خطہ زمین مراد صوبہ اور ملک کا وہ حصہ جو ایک حاکم کے ماتحت ہو - لوکل - متحدہ بمعنی ملا ہوا اور ایک - یعنی وہ ضلعے اور علاقے جو باہم

اتحاد رکھتے ہون۔ گورنمنٹ کے اتحاد رکھنے
والے ضلعے۔
اضلاع مندرجۂ فہرست - ایسے ضلعے جو
حسب ایکٹ اضلاع مندرج فہرست والیٹ
حدود اراضی فہرست مین درج ہو چکے ہون
اضمحلال - بے مزگی۔ کسل۔ سستی۔ کاہلی۔
مضمحل ہونا۔
اطاعت - فرمان برداری۔ تابعداری۔ بندگی
چاکری۔
تشریح لفظ تابعدار غلط العام ہے اصل
صحیح تابع یعنی پیچھے چلنے والا اور تابعدار
کے معنی تابع رکھنے والا۔ اس صورت مین
تابعدار کے معنی آقا کے ہو جائین گے۔
اطفال - وصیت نامہ مین صرف اولاد مستقیمہ
منزلۂ درجہ اول وولد الحلال مراد ہے۔
جمع طفل لڑکے بالے۔
اطلاع - آگاہی۔ خبر۔ رپورٹ۔ اعلان۔
اشتہار۔ نوٹس۔ وہ عبارت جو سمن وغیرہ
کی پشت پر اُس کی وصول کی بابت لکھتے ہین۔
اطلاع دینا - خبر دینا۔ آگاہی دینا۔ نوٹس دینا
اطلاع موصول ہوئی - خبر پہونچ گئی۔
خبر مل گئی۔ اطلاع پالی۔
اطلاع نامہ - جس تحریر سے آگاہ کیا جاے
اطلاع دینے کی تحریر۔
اطلاع نامہ بیعیات - راہن کے انفکاک
رہن سے باز رکھنے یا محروم کرنے کا اطلاع
نامہ۔ کامل بیع اور رکٹ قبالہ کا اطلاع نامہ
تشریح اطلاع نامہ اور بیعیات مین دونون
کی تشریح موجود ہے دیکھو۔
اطلاع نامہ جاری کرنا - آگاہی کی تحریر
جاری کرنا۔ آگاہی کی تحریر کو تعمیل کے واسطے
بھیجنا۔
اطلاع یابی - اطلاع حاصل کرنا۔ اطلاع پانا
واقعات کی کسی حالت کا ہمارے علم مین آنا۔
سمن وغیرہ کی نسبت یہ مضمون لکھنا کہ ہمین نے
اطلاع پائی۔
اطلاع یابی لکھنا - کاغذ یا اُس کی پشت پر
لکھ دینا کہ اطلاع پائی۔
اطلاق - اعادہ۔ استعمال۔ طلاق دینا۔
چھوڑنا۔ بے قید کر دینا۔ روان کرنا۔ کہنا
جاری کرنا۔ بولا جانا۔ استعمال ہونا۔ تحریر
سمنون اور دستکون کی اُجرت اور اُن کے
اجرا کا حساب کتاب۔
اطلاق نویس - وہ افسر جو سمنون کے اجرا اور
خرچ کا حساب رکھتا ہو۔ یہ ایک منشی ہوتا ہے
جو دو بستے رکھتا ہے ایک بستہ مین کتاب اطلاق
اور دستکات مفسوخہ تا زمانے کہ صدر کو بھیجی
جائین رہتی ہین دوسرے مین متفرق کاغذات
اس کے متعلق مختلف خدمات ہوتی ہین اطلاق
لکھنے والا۔ (دیکھو اطلاق)

اطمینان۔ طمانیت۔ تسلی۔ دلجمعی۔ ڈھارس۔ خاطر جمع۔ دلاسا۔ صبر۔ سنتوکھ۔

اظہار۔ امتحان۔ شہادت۔ بیان۔ کھولنا۔ ظاہر کرنا انکشاف۔ افشا۔ کیفیت۔ حقیقت۔ گواہی قلمبند کیفیت جس کو اہل مقدمہ عدالت مین لکھواتا ہے۔

تشریح مصدر ہے باب افعال سے۔ ظاہر ظہور مظہر وغیرہ کا مادہ ایک ہی ہے۔ اظہار اور بیان کے معنی عموما تو ایک ہی ہین مگر بعض لوگ بیان اس کو کہتے ہین جو معرفت پولیس ہو۔ اور اظہار جو معرفت عدالت کے ہو۔ بعض کہتے ہین بیان مدعی مدعا علیہ کا اور اظہار گواہون کا ہوا کرتا ہے۔

اظہار جائز۔ قانونی اظہار۔ وہ اظہار جس کی جائز قانون سے ہو۔

اظہار حلفی۔ قسمیہ اظہار۔ حلفی مین یہ نسبت کی ہے جو منسوب بحلف ہو۔

اظہار دروغ۔ جھوٹا اظہار

اظہار قانونی۔ جائز اظہار۔ جو اظہار از روے قانون درست ہو۔ وہ اظہار جس کی اجازت قانون سے ہو۔

اظہار دینا۔ بیان کرنا شہادت دینا۔ حالات مقدمہ بیان کرنا۔

اظہار لینا۔ امتحان لینا۔ بیان لینا۔ شہادت لینا۔

اظہار نویس۔ وہ محرر جو بیان اور شہادت لکھتا ہے۔

تشریح اظہار نویسی کا کام اکثر سررشتہ دار دیتا ہے۔ خود مجسٹریٹ بھی یہ کام کرلیتا ہے گو اظہار نویسی فوجداری کی مجسٹریٹ کا فرض ہے مگر اپنی نگرانی مین سررشتہ دار یا اہلمد سے لکھوا سکتا ہے۔

اعادہ۔ لوٹانا۔ پھیر کر لانا۔ دوبارہ کرنا۔ بار بار کرنا کسی کام یا بات کو

تشریح یہ مصدر باب افعال ثلاثی مزید فیہ کا ہے اس کا مجرد عود ہے۔

اعادہ وراثت۔ وراثت کا لوٹانا۔ وراثت کا واپس دینا۔ جائداد کا پھرانا۔

اعانت۔ سازش۔ مدد۔ امداد۔ کسی امر کی ترغیب جرم کا مشورہ۔ سواے اصلی مجرم کے کسی دوسرے کا بوقت جرم جرم مین مدد دینا۔ سہارا۔ مدد کرنا۔

تشریح اس کی تین قسمین ہین (۱) اعانت بلا جرم (۲) عمل حسب نیت اعانت (۳) جرم کے واسطے اعانت کی جاے اس کے سوا کوئی اور جرم واقع ہو کہ اس جرم کے نتیجہ سے متعلق نہ ہو۔ بعض اوقات اصلی جرم اور اعانت کے دفعات کو بطور ربع کے تلے اوپر لکھ دیتے ہین جیسے $\frac{۳۷۹}{۱۰۹}$ کا یہ مطلب ہے کہ اوپر کی دفعہ خاص جرم سرقہ کی ہے اور نیچے کی اعانت سرقہ کی

اعانت بمشورہ۔ مشورہ یا سازش سے اعانت یا امداد کرنا۔

اعتبار۔ عزت۔ بھروسہ۔ اعتماد۔ تکیہ۔ پرتیت۔ ساکھ۔ خیال۔ لحاظ۔ یقین۔ اطلاق

اعتراض۔ شبہہ کرنا۔ رکاوٹ پیدا کرنا۔ حائل ہونا۔ روک۔ عذر۔ انکار۔ نکتہ چینی۔ شبہہ کوئی قباحت پیش کرنا۔ روگردانی۔ حجت۔

تشریح یہ مصدر ہے باب افتعال سے اس کی اصل عرض ہے۔

اعتراض برپا کرنا۔ عذر یا عیب قائم کرنا۔ شبہہ اٹھانا۔ عذر ظاہر کرنا۔ بدر پیش کرنا۔

اعتراض رونما۔ ظاہرا اعتراض۔ رونما کے معنی منھ دکھانے والا یعنی ظاہرا۔ رونما اسم فاعل ترکیبی ہے (دیکھو اعتراض)

اعتراض ضابطہ۔ ضابطہ کی روک۔ قانونی روک۔ باقاعدہ شبہہ۔ (دیکھو ضابطہ اور اعتراض)

اعتراض لارد۔ وہ اعتراض جس کی تردید نہو۔ وہ شبہہ جو رد نہ ہو سکے۔ ایسا شبہہ جس کا جواب نہ دیا جاوے۔

اعتراض مُشاع۔ تقسیم یا تخصیص نہونے کا اعتراض۔ وہ اعتراض جو مشترک ہو۔ ایسا اعتراض جس کی تقسیم نہوئی ہو۔ اعتراض فاش۔ دکھایا گیا۔ آشکارا اعتراض۔ ظاہرا اعتراض۔

تشریح مشاع اسم مفعول ہے جس کے معنی شایع کیا گیا۔ مشاع کا استعمال اکثر غیر منقسم اراضی پر ہوتا ہے یعنی جو مشترک ہو۔

اعتراض مُضر۔ ضرر دینے والا اعتراض۔ ضرر رسان اعتراض۔

اعتراض مہلک۔ ہلاک کرنے والا۔ مار ڈالنے والا اعتراض یعنی سخت اعتراض۔

تشریح مہلک اسم فاعل یعنی ہلاک کرنے والا اعتراض کے معنی دیکھو اعتراض میں۔

اعتراف۔ ماننا۔ اقرار کرنا۔ تسلیم کرنا۔ اقبال کرنا۔

اعتماد۔ اعتبار۔ بھروسہ۔ مصدر ہے باب افتعال سے اس کی اصل عمد ہے

اعتماد کرنا۔ بھروسہ کرنا۔ اعتبار کرنا۔ معتبر سمجھنا

اعداد۔ گنتی۔ شمار۔ عدد سے۔ آنک۔ رقم۔ جمع عدد

اعداد متباین۔ وہ دو عدد جن کو تیسرا برابر تقسیم نہ کر سکے۔ وہ دو عدد جن کی تقسیم بغیر کسر کے تیسرے عدد سے نہو سکے۔ ایسے دو عدد جو ایک دوسرے پر صادق نہ آسکیں جیسے ۹۔ اور ۱۰ وہ عدد جن میں نسبت تباین پائی جاوے۔ تباین العددین اس کو کہتے ہیں کہ تیسرا عدد یک لخت دو عددوں کو نفی نہ کرے جیسے ۹۔ اور ۱۰ کے ساتھ اعداد متباین وہ عدد ہیں جن میں نسبت تباین پائی جاوے۔ اعداد جمع عدد کی ہے

اعداد متداخل۔ وہ اعداد جن کو تیسرا عدد پورا

تقسیم کر سکے۔ وہ عدد جس مین نسبت تداخل ہو
تشریح متداخل صیغہ اسم فاعل کا ہے باب تفاعل سے اس کی اصل دخل ہے۔ تداخل العددین مختلفین یہ ہے کہ ان مین سے چھوٹا بڑے کو نفی کرے یا یون کہو کہ ان مین سے بڑا اقل پر صحیح طور پر تقسیم ہو جاے یا یون کہا جاے کہ اقل پر اُس کی مثل یا امثال کرنے سے اکثر کے مساوی ہو جاے یا یہ کہ سکتے ہین کہ اقل اکثر کی جزو ہو جاے جیسے ۳ و ۹۔

اعداد متماثل۔ وہ عدد جو ایک دوسرے کے مساوی ہون۔ وہ عدد جو ایک دوسرے کے مانند اور مشابہ ہون۔ وہ اعداد جن مین نسبت تماثل ہو۔ جیسے دو دو۔ چار چار وغیرہ۔
تشریح متماثل کی اصل مثل ہے یہ صیغہ اسم فاعل کا ہے باب تفاعل سے۔

اعداد متوافق۔ وہ اعداد جو دوسرے عدد کو پورا تقسیم کر سکین جن کی تقسیم تیسرا عدد بلا کسر کر سکے۔ جو اور عدد پر بلا کسر بٹ جائین
تشریح متوافق کا اصل وفق ہے بمعنی موافقت۔ اعداد متوافق وہ ہین جن مین نسبت توافق پائی جاے توافق العددین اُس کو کہتے ہین کہ اُن کا اقل اکثر کو نفی نہ کر سکے۔ بل کہ تیسرا عدد اُس کو نفی کرے جیسے ۸ و ۲۰ ہے کہ ان دونون کو ۴ نفی کر دیتا ہے۔

اعلی حاکم مال سے ممالک مغربی و شمالی مین بورڈ مال اور پنجاب و اودھ مین فیناشل کمشنر اور متوسط و برٹش برھما و کورگ مین چیف کمشنر سے مراد ہے۔ مال کا بڑا حاکم۔

اعلی درجہ کا مالک بڑے درجے کا مالک تعلقہ دار۔ بسوہ دار۔

اعلی زمین۔ وہ زمین جس سے حق آسایش علاقہ رکھتا ہے۔ زرخیز زمین۔

اعلی عہدہ دار پرمٹ سے مُراد ہر بندر کے سررشتہ پرمٹ کا اعلی عہدہ دار عامل ہے۔ نمک وغیرہ سرکاری محصول چونگی چوکی کا اعلی عہدہ دار

اعلی ملکیت۔ اس مین حقوق تعلقہ داری بھی شامل ہین۔ بڑی جاگیر۔ بڑا اسباب مال۔

اعلی نمبردار۔ بڑا نمبردار۔ نمبرداروں کا نمبردار۔

اعلام۔ اشتہار۔ مشتہر کرنا۔ واقف کرنا۔ جتلانا وارنٹ۔ اعلان۔ خبر دینا۔ آگاہ کرنا۔

اعلان۔ اشتہار۔ شایع کرنا۔ ظاہر کرنا۔ کھول دینا۔ اظہار۔ شہرت

اعمال۔ کام چلن۔ چال چلن۔ جمع عمل بمعنی کام۔ کرنی۔ کوتک۔ دیہات۔ پرگنہ کے معنی مین بھی آتا ہے۔

اعمال نامہ۔ چال چلن کی کتاب۔ اس مین ملازم اور اہلکار کا نام مع ولدیت و قومیت و سکونت۔ و وطن و بلندی قد۔ و تاریخ ولادت کیفیت کام یا بی امتحان اگر ہو۔ مع تاریخ

کام پانی - چال چلن - ملکیت اراضی - کارگذاری
حال ملازمت وغیرہ درج ہوتا ہے - سروس بک

اعمام - جمع عم بمعنی چچا -

اغراض - حاجت - مقصد - مطلب - غرض
کی جمع ہے -

اغلام - لواطت - مردون سے خلاف وضع
فطری - لڑکون سے بدفعلی کرنا - غلام کی
سواری لینا - لونڈے کی سواری کرنا - لونڈے
بازی -

اغلامی - اغلام کرنے والا - لونڈے باز -
اس مین ی فاعلیت کی ہے -

اغلب - غالب - تریقین کے قریب - اکثر - ضرور
بیس بسوے - اسم تفضیل ہے غلب کا -

اغماض - چشم پوشی - روگردانی - درگذر - بے
پروائی - عمداً چپکے رہنا -

اغماض تعمیل - عمل کرنے سے چشم پوشی کرنا
تعمیل اور عمل درآمد سے درگذر کرنا - حکم ماننے
سے احتراز کرنا - تعمیل سے روگردانی یا بے
پروائی کرنا -

اغماض کرنا - چشم پوشی کرنا - روگردانی کرنا
بے پروائی کرنا - چشم پوشی کرنے کا کام کرنا -

اغوا - بہکاؤ - برانگیخت - ترغیب - بہکانا -
ورغلانا -

تشریح - گو یہ لفظ عام بہکاؤ کے واسطے وضع
کیا گیا ہے مگر اس کا استعمال علاوہ اس کے
نابالغ یا مونث کے بہکانے پر زیادہ دلالت
کرتا ہے -

اغوا کرنا - برانگیختہ کرنا - ورغلانا - بہکانا - بہکا
کا کام کرنا -

آفات - مصیبت - دکھ - رنج - بپت - صدمہ
آسیب - گزند - یہ آفت کی جمع ہے -

آفات آسمانی - وہ بلائین اور مصیبتین جو آسمان
سے نازل ہون - اولے وغیرہ -

تشریح - اس مین ی نسبت کی ہے - آسمان
مرکب ہے آس بمعنی چکی اور مان بمعنی مانند سے
یعنی چکی کی طرح پھرنے والا -

آفات موسمی - موسم کی آفتین - وہ آفتین جو
خاص خاص موسمون مین وقوع مین آتی
ہین - وہ صدمے جو فصل مین اُٹھتے ہین -
جیسے ٹڈی - اولے اور کیڑے وغیرہ -

افادہ - فائدہ پہونچانا - فائدہ رسانی - نفع دینا
فائدہ دینا - مصدر ہے -

افادہ عام - عام فائدہ دینا - جنرل فائدہ پہونچانا
ایسا فائدہ دینا جو خاص نہو - عام طور پر فائدہ
رسانی - بلاتخصیص فائدہ پہونچانا - پبلک کو
فائدہ پہونچانا -

افترا - تہمت لگانا - تہمت - بہتان - جھوٹا الزام
مصدر ہے باب افتعال سے

افترا پرداز - بہتانی - تہمت لگانے والا - طوفانی
جھوٹا الزام لگانے والا -

افتراق - جدائی - علیحدگی - آپس سے جدا کرنا - ایک دوسرے سے الگ کرنا -
تشریح - مصدر ہے اس کی اصل فرق ہے اس کا استعمال علیحدگی زوجین مین ہو سکتا ہے

آفس آف فارن اکسچینج - دفتر تبادلہ ممالک غیر - دفتر سرکاری یا ایسے آخری سرکاری ڈاک خانہ کا نام ہے جس مین ممالک غیر اور ہندوستان کی دیسی ریاستون اور مقامات مقبوضہ شاہان غیر کے قطعات گذرتے این -

آفس - دفتر محکمہ کچہری -

افسر - کلاہ - ٹوپی - حاکم - عہدہ دار - حاکم سپاہ جنگی عہدہ دار - اس سے مراد کبھی افسر کمیشن یافتہ افواج ملکہ معظمہ یا ملکہ ممدوحہ کی افواج متعینہ ہند کا ہے بحسب دفعہ ۱۳۱ تعزیرات ہند اس مین ہر شخص داخل ہے جو تابع آرٹیکلس آف وار اس فوج ملکہ معظمہ ہو - تاج سردار - مکٹ -

افسر پرمٹ - افسر چونگی - نمک وغیرہ کے سرکاری محصول کا افسر -
تشریح - پرمٹ اردو مین میم کی فتح اور انگریزی مین کسرہ بمعنی اجازت سے ماخوذ ہے یعنی وہ مال جس پر اجازت کی ضرورت ہو - نمک وغیرہ کا سرکاری محصول چونگی نیز وہ چوکی جہان سرکاری محصول لیا جائے -

افسر جنگلات - اس سے حسب ایکٹ جنگلات ایسا شخص مقررہ یا مفوض باختیارات جنگل بحکم جناب صاحب چیف کمشنر مراد ہے -
تشریح - جنگل کے معنی جھاڑی بن - کھنڈ نخلستان - صحرا - بیابان - میدان - ریگستان بنجر - غیر مزروعہ زمین - بے کاشت زمین - بلا تردد زمین - اُفتادہ زمین - چراگاہ - علف گاہ - بادشاہی شکارگاہ (افسر کے معنی دیکھو افسر مین)

افسر مہتمم پولیس سٹیشن - جب افسر مہتمم سٹیشن حاضر نہو یا بباعث بیماری اپنا کام نہ دے سکتا ہو تو اس سے وہ افسر مراد ہے جو سٹیشن مین حاضر ہو اور افسر مذکور کے عین مابعد رتبہ رکھتا ہو - اور جو کانسٹبل سے بڑھ کر رتبہ رکھتا ہو - یا جب کہ لوکل گورنمنٹ اس نہج پر ہدایت کرے - ہر دوسرا اہلکار موجودہ سٹیشن -

افسر واسطہ دار - وہ افسر جو اپنے اور ماتحت کے درمیان فاصلہ اور واسطہ رکھتا ہو - جو افسر کچھ رشتہ ماتحت سے رکھتا ہو - جو افسر کچھ خاص تعلق ماتحت سے رکھتا ہو -

افشاء - ظاہر کرنا - کھولنا - بھید کھولنا - چھپی ہوئی بات کو ظاہر کر دینا -

افشاے راز - بھید کا ظاہر کرنا - چھپی ہوئی بات کا ظاہر کر دینا - پوشیدہ اور مخفی کو

آشکارا کرنا۔

افلاس۔ ناداری۔ مفلسی۔ تنگ دستی۔ غریبی۔ فلاکت۔

افیون۔ اس مین پوست کے ڈوڈے اور وہ چیزین جن سے افیون تیار ہوتی ہے یا اس مین ملی ہوتی ہین اور نشہ کی چیزین جو پوست سے تیار کی جاتی ہین داخل ہین۔ افیم ابھیم۔ اوپیم۔ تریاک۔ ایک قسم کا نشہ ہے جو درخت پوست کے ڈوڈے سے بنایا جاتا ہے اس مین جملہ اشیاے نشہ جو پوست سے تیار ہوتی ہین شامل ہین۔ پوست کا ڈوڈہ (دیکھو ابھیم)

اقالہ۔ بیع یا کسی اور اقرارنامہ کا فسخ کرنا۔ ایک بیع کا اس شرط پر منسوخ یا واپس کرنا کہ بیعی اصلی قیمت کے عوض اور چیز مساوی القیمت دے گا۔ معاہدے یا سلگنی کا توڑنا۔ بیع کا فسخ کرنا۔ بیچنے کے بعد مشتری کی رضامندی سے مبیعہ کا پھیر لینا۔ گناہ سے درگذر کرنا۔ ارادہ کا موقوف کرنا۔

اقبال۔ تسلیم کرنا۔ مان لینا۔ اقرار کرنا۔ قبول کرنا۔ اقرار۔ اعتراف۔ ہامی۔ یہ کہنا کہ بیشک مین نے یہ کام کیا۔ وہ بیان زبانی یا دستاویزی جس سے کسی واقعہ تنقیحی یا واقعہ متعلقہ پر کسی طرح کا استدلال کیا جاے۔ وہ بیان جو کسی شخص نے کسی عدالت کی کارروائی وغیرہ مین کیا ہو۔ اُن اشخاص کے بیانات جن پر کسی فریق مقدمہ نے صراحۃً درباب شے متنازعہ کے دریافت طلب امر کا دریافت کرنا منحصر رکھا ہو اقبال مین داخل ہین۔

تشریح یہ مصدر ہے باب افعال سے جس کے معنی سامنے آنا۔ دولت کا حاصل ہونا۔ قبول کرنا۔ دولت۔ قسمت۔ دولت کا متوجہ ہونا وغیرہ۔

اقبال دعوی۔ دعوے کا مان لینا۔ اقرار کرنا۔ دعوے کا اقرار۔ قرض خواہ کے قرضے کا تحریری اقرار یا ادعام دعوے کو مان کر حاکم کے روبرو پیش کرنا۔ اُس کاغذ کا نام بھی اقبال دعوی ہے جس مین مدعی کے دعوے کو تسلیم کیا جاے۔

اقبال دعوی کرنا۔ دعوی مان لینے کا کام کرنا۔

اقبالی۔ اقبال کنندہ۔ اقبال کرنے والا۔ مان لینے والا۔ قبول کرنے والا۔

تشریح اس مین ی فاعلیت کی ہے اور اقبال کی تشریح کے لیئے دیکھو اقبال۔

اقتدار۔ اختیار۔ طاقت۔ قدرت۔ اختیار قانونی۔ زور۔ مقدرت۔ حکومت۔ مرتبہ۔

تشریح

اقتدار جائز۔ قانونی قدرت۔ وہ قدرت جو قانون سے درست ہو۔

اقتدار خود اختیاری - وہ اختیار جو اپنی مرضی اور تجویز پر مبنی ہو -

اقتدام - اقدام - قصد کرنا - کوشش کرنا جہد کی تکمیل پر قدم بڑھانا - آگے جانا - پیش قدمی - ارادہ - توجہ - دلیری -

تشریح مصدر ہے اس کی اصل قدم ہے کسی خاص جرم کرنے کا ارادہ کرنا - اور کسی مجبوری سے رُک کر رہ جانا - اس کا استعمال کم ہے بجائے اس کے اقدام کا لفظ زیادہ مستعمل ہے (دیکھو اقدام)

اقتدام قتل عمد - کوئی فعل ایسی نیت یا علم ایسی حالت مین کرنا کہ اگر وہ اس فعل کے ذریعہ سے ہلاکت کا باعث ہوتا تو قتل عمد کا مرتکب ہوتا دانستہ قتل مین قدم بڑھانا - یا دلیری کرنا قتل عمد مین پیش قدمی - یا ارادہ یا توجہ یا کوشش

تشریح اس کا استعمال بہت کم ہے بجائے اس کے اقدام قتل عمد کا لفظ زیادہ مستعمل ہے (دیکھو اقدام قتل عمد)

اقتسام - بٹائی - باہم بانٹ لینا - جیسے بولتے ہین اقتسام میراث یعنی وراثت کا تقسیم کرنا -

اقتضا - خواہش - منشا - چاہنا - خواہش کرنا -

اقتضائے جائز - وہ منشا جو قانون کا ہو درست اور باقاعدہ خواہش -

اقدام - جہد کی تکمیل پر قدم بڑھانا - آگے جانا پیش قدمی - ارادہ - کوشش - کوشش کرنا - توجہ - دلیری - مصدر ہے باب افعال سے اس کی اصل قدم ہے -

اقدام خودکشی - اپنے تئین مار ڈالنے کا اقدام

تشریح - خودکشی کے معنی اپنے آپ کو مار ڈالنا - اپنے آپ کو مار ڈالنے مین کوشش کرنا مگر موت کا وقوع مین نہ آنا - اقدام خودکشی کی کئی قسم ہین (۱) بوجہ سخت تکلیف دلی یا جسمانی - (۲) بوجہ غصہ بلا تامل - اس مین اگرچہ سزا سخت نہو تاہم سزا دینا چاہیئے -

اقدام قتل عمد - (دیکھو اقتدام قتل عمد)

اقرار - تسلیم معاہدہ - قرارداد - جبراً اقرار کرانا جبر سے منوانا - قبول - منظور - قول قرار - عہد و پیمان - ہان کرنا -

اقرار تحریری - تحریری اقرارنامہ - وہ دستاویز جس مین کسی بات کا اقرار درج ہو

اقرار زبانی - زبانی وعدہ - وہ اقرار جو زبان سے کیا گیا ہو - زبانی مین ی نسبت کی ہے

اقرار صالح - دینی اقرار یا اظہار - نیک اقرار خاص اقرار - مصطلحہ اقرار جو خاص طور پر عدالت مین ہوتا ہے - حلفی بیان -

اقرار عام - عام طور پر اقرار - وہ اقرار جو عام نوع

اقرار مبینہ - بیان کیا گیا اقرار - ظاہر کیا گیا اقرار - پختہ اقرار - قسمیہ اقرار - حلفیہ اقرار -

اقرار نامہ - اس مین ہر نوشتہ داخل ہے جس کے

ذریعے سے ایک شخص دوسرے کو روپیہ ادا کرنے کا یا اور چیز کا اقرار مشروط بدین شرط کرے۔ کہ اگر شرط مندرجہ اقرارنامہ کی تعمیل ظہور مین نہ آئی یا نہ آئے جیسے کہ صورت ہو۔ تو یہ اقرارنامہ باطل ہو جاے گا۔ اس لفظ مین ہر ایک ایسی دستاویز شامل ہے جس کی روسے ایک شخص دوسرے کو ایفائے وعدہ کا اقرار کرتا ہے کسی خاص شرط کی تعمیل یا عدم تعمیل پر۔ وہ دستاویز جس مین کسی امر کی بابت اقرار لکھا ہو۔

اقرارنامہ بندوبست ۔ بندوبست کا اقرارنامہ

اقرارنامہ پرمٹ ۔ نمک وغیرہ محصولی چیز کی چوکی کی دستاویز جس مین کسی بات کا وعدہ درج ہو۔

تشریح ۔ پرمٹ انگریزی لفظ ہے جس کے معنی اجازت۔ یعنی وہ مال جس پر اجازت کی ضرورت ہو۔ وہ چوکی جس پر سرکاری محصول لیا جاے۔

اقرارنامہ ثالثی ۔ پنچایتی اقرارنامہ۔ وہ اقرارنامہ جس کے ذریعے سے فریقین پنچون کے فیصلہ پر پابند ہو جاتے ہین۔

تشریح ثالث کے معنی پنچ اس مین ی نسبت کی ہے۔

اقرارنامہ سربراہ کاری ۔ منتظمی اور سربراہ اور مختار ہونے کا اقرارنامہ۔

اقرار واقعی ۔ ٹھیک اقرار۔ درست وعدہ جو عہد فی الواقع ہو۔

اقراری ۔ اقبالی۔ اقرار کرنے والا۔ مان لینے والا۔ تسلیم کرنے والا۔ معترف۔ قبول کرنے والا۔ اس مین یی فاعلیت کی ہے۔

اقراری اسامی ۔ وہ ملزم جو اپنے جرم کا اقبالی اور اقراری ہو۔ وہ اسامی یا مجرم جو فیصلہ کو مان لے۔

اقساط ۔ جمع قسط۔ حصے۔ اکثر رقم قرضہ کے حصون پر بولتے ہین۔

اقطاع ۔ جمع قطعہ۔ ٹکڑے۔ جاگیرین۔ پرگنے

اقل درجہ ۔ کم سے کم درجہ۔ بہت ہی قلیل درجہ

تشریح ۔ اسم تفضیل ہے قلت سے نکلا ہے

اکاربند ۔ ایک نقشہ جو سالانہ فیصلہ کے وقت تیار کیا جاتا ہے جس مین زیادہ سے زیادہ لگان قابل وصول دکھایا جاتا ہے۔ اور زمین کی نکاسی اور سوات کی تعداد در لگان وغیرہ کی مین دکھائی جاتی ہے

تشریح اکار کے معنی روپ۔ ڈول شکل سروپ۔ صورت۔ ہیئت۔ نمائش۔ ظہور۔ نشان۔ آنک۔ حرف۔ اکشر۔ اچھر۔ انچھر

اَکال ۔ قحط۔ قحط سالی۔ خشک سالی۔ گرانی دہلی مین کال بولتے ہین۔ توڑا۔ بن آئی موت۔

اَکّال ۔ اس کے لفظی معنی کھانے والا۔ ہر چیز جو

اشیا میں نفوذ کر کے اُن کو کھا جائے جیسے رسکپور وغیرہ۔

اکٹ - ایکٹ - قانون - ضابطہ - کام - عمل - ہدایت - قانون مجوزہ گورنمنٹ - قوعد سیاست مدنی
تشریح صحیح ایکٹ ہے اکٹ غلط ہے۔

اکراہ - گھن - نفرت - کراہت - نا مرضی نا خوشی جبر - زبردستی - جیسے بلا اکراہ و جبر یعنی بغیر جبر زبردستی۔

اکل و شرب - کھانا پینا۔
تشریح اکل یعنی کھانا اور شرب یعنی پینا دونوں مصدر ہین۔

اکنالجمنٹ - اقرار - رسید۔

اکوتا - صاف اور چُنا ہوا اناج۔

اکونٹ - حساب۔

اکونٹ آفس - دفتر حساب - حساب و کتاب کا دفتر

اکونٹنٹ - محاسب - پرتال کرنے والا۔

اکوپچ - وہ عورت جس کا ایک ہی بیٹا ہو۔

اکھت - فصل کا حصہ فی ہل جو گانون کے کمیون مثلاً باڑی کمہار وغیرہ کو دیا جاتا ہے۔

اکونٹی - اس کے لغوی معنی انصاف کے ہین - اس کے پیدا ہونے کی وجہ دو ضروریات پر مبنی ہے اول خفائون اور فریبون کا علم دوم تعمیل معاہدات امانت۔

اگاہنا - جمع کرنا - کرایہ و چندہ وغیرہ وصول کرنا سمیٹنا - اکٹھا کرنا۔

اگڈھ - وہ بال جس مین دانہ نہو۔

اگرجانا - قید سے بھاگ جانا - یہ اصطلاح ٹھگی کے متعلق ہے۔

اگزکٹیو - قانون پر تعمیل کرانا متعلق نظم و نسق انتظامی۔

اگور - وہ پیشگی لگان جو مالک جیٹھ اساڑھ کے مہینے مین اسامیون سے لیتے ہین۔

اگوریا - جو کھیت کی نگہداشت پر مقرر ہوتا ہے یہ بولی خاص بنارس کی ہے۔

اگہنی - فصل خریف کی پیداوار جو ماہ پھاگن مین جمع کی جائے۔

آل - نسل - اولاد - آبائی لقب - خاندان - بال بچے۔
تشریح یہ لفظ شریفون کی اولاد پر بولا جاتا ہے خواہ دینی ہون یا دنیوی - جیسے آل رسول و آل فرعون - رذیلون کی اولاد پر مستعمل نہین ہوتا - آل حجام نہین بولتے۔

آلات - اوزار - جمع آلہ یعنی راچھ - ہتھیار - شستر۔

آلات ضرب - لڑائی کے اوزار - جنگ کے ہتھیار - اس مین تمام اشیا خصوصاً جن سے کاٹنا اور سمندر کے نیچے سُرنگ لگانا مقصود ہو اور رروئی کے بارُود اور ڈائنامیٹ اور شیشے سنگ شکن اور بھک سے اُڑنے والی یا دہ شے جو رعد جیسی آواز دے اور چقماق اور بندوق اور ملہاے آتش انگیز اور آلات حرب کا ہر جزو

اور اقسام کل جن کے ذریعے سے آلات حرب بنتے ہین داخل ہین۔

تشریح اس ہین سیسہ وگندھک وشورہ داخل نہین ہین۔

آلات کشاورزی۔کھیتی کے اوزار۔ہل جو وغیرہ بونے جوتنے کے اوزار۔کھیتی باڑی کرنے کے اوزار۔

آلام۔جمع الم بمعنی رنج وغم۔درد۔دکھ۔مصیبت تکلیف۔

آلام بدخواہی عام۔یہ وہ ہین جو ہمارے اعدا کے خوش کرنے وخرم ہونے سے ہمارے دل پر لاحق ہوتے ہین۔ان کو شدائد بے دردی وشدائد بغض بھی کہتے ہین۔

آلام بدنامی۔وہ ہین جو انسان کو بدین قبیل عارض ہوتے ہین کہ ایک عالم مجھسے بدظن اور آمادہ جنگ ہے یا ایسے وقوع کا احتمال ہو۔اسکو شدائد بے حرمتی وشدائد رلے عامہ خلائق بھی کہتے ہین۔

آلام تقویٰ۔اس خوف پر مبنی ہین کہ مبادا ذات واجب الوجود مجھسے ناراض ہو اور اس سے کسی بلاے دنیوی یا اخروی مین گرفتار ہوجاؤن۔اگر یہ کسی دلیل تام پر مبنی ہون تو خوف دین داری اگر بلاوجہ لاحق ہون تو وہمی خوف ہے۔

آلام تمدنی۔اگر الم کے عارض ہونے کا احتمال بذریعہ حاکم وقت کے کسی وجہ سے ہو۔

آلام حواس۔اس کی نو قسمین ہین۔تکلیف بھوک پیاس۔تکلیف ذائقہ۔تکلیف شامہ۔تکلیف لمس۔تکلیف سمع۔تکلیف بصر۔زیادتی سردی وگرمی۔تکالیف عدالت اور اُس کی اقسام کی۔تکالیف خستگی۔(تشریح آلام دیکھو آلام مین)

آلام عداوت۔اس خیال سے پیدا ہوتے ہین کہ فلان شخص مجھ سے عداوت رکھتا ہے۔اور اس وجہ سے یہ خوف ہوتا ہے کہ مبادا مین اس بلا مین پڑجاؤن۔

آلام محبت۔جو ایک نیک نہاد اُٹھاتا ہے جب وہ دیکھتا ہے کہ کوئی ذی روح تکلیف مین ہے جوش ترحم ہم کو اپنے اور غیر پر رُلاتا ہے۔ان کو آلام نیک دلی بھی کہتے ہین۔

آلام مذہبی۔جو بوجہ مذہبی امید وبیم کے وجود مین آئین۔

آلام ناکامی۔وہ رنج جو بعد کوشش بصورت عدم نیل مرام یعنی مطلب کو نہ پانے کے سبب پیدا ہوتے ہین۔

آلام ہمدردی عام۔وہ ہین جو ایک نیک ذات آدمی ان کا متحمل ہوتا ہے جب وہ کسی ذی روح کو تکلیف مین دیکھتا ہے۔

التفات۔خیال۔توجہ۔دوسرے کی طرف متوجہ ہونا۔میل۔رغبت۔نظر۔دھیان۔مہربانی۔

التمغا۔ شاہی سند جو ہمیشہ کے لیئے معافی لگان کے واسطے گورنمنٹ سے دی جاے۔ سرخ مُہر مہر شاہی۔ انعامی یا عطاشدہ جاگیر کی سند۔ سرٹیفکیٹ فرمان شاہی۔ معافی جاگیر۔ ائمہ کی عطا کی ہوئی سند۔

التوا۔ ملتوی کرنا۔ معرض التوا مین رہنا۔ ملتوی رہنا۔ لٹینا۔ مختصر کرنا۔ ٹھہرانا۔

التواے نیلام۔ نیلام کا ملتوی ہونا۔ عام قرقی کا ملتوی کرنا۔

الحاق۔ ملا دینا۔ ملانا۔ ایک دوسرے سے لگانا پیچھے لگانا۔ موجودہ چیز سے پیچھے لگانا۔ لاحق کرنا۔

الحال۔ ابھی۔ اس وقت۔ اب۔ فی الحال۔ بالفعل۔

الزام۔ تہمت۔ بات لگانا۔ اتہام۔ کلنک۔ بہتان۔ بدنامی۔ جرم۔ قصور

الزام لگانا۔ تہمت لگانا۔ (دیکھو الزام)

العبد۔ دستخط۔ بندہ۔ فدوی۔ نشانی

تشریح خواندہ کے دستخط اور ناخواندہ کی مہر یا نشانی بھی اس مین داخل ہے۔ کبھی ناخواندہ کے ہاتھ سے صرف ایک لکیر نکلوا لیتے ہین اور کبھی صرف ناخواندہ کے ہاتھ سے قلم چھوا کر کاتب وثیقہ خود لکھ دیتا ہے۔

الغرض۔ المختصر۔ حاصل کلام۔ القصہ۔ قصہ مختصر۔ الحاصل۔

الف نتھی۔ اس مین ایسے کاغذات مثل شامل ہین جن پر بناے مقدمہ موقوف ہو۔ ب نتھی کے خلاف کاغذات مثل۔

اَلَم۔ رنج۔ درد۔ دُکھ۔ مصیبت۔ تکلیف۔

الم خالص وہ ہے جس سے غالبًا مسرت نہ پیدا ہو۔

الم مورث۔ وہ ہے جس سے غالبًا اس قسم کے اور آلام پیدا ہون۔

المضاعف۔ دُگنا۔ دوچند۔ دُونا۔

آلہ۔ اوزار۔ راچھ۔ ہتھیار۔ شستر۔

آلہ تھرمامیٹر۔ مقیاس الحرارت۔ وہ آلہ جس سے گرمی معلوم کی جاسکتی ہے۔

آلہ خطرناک۔ خطرے والا اوزار۔ وہ اوزار جس سے خوف ہو۔

آلہ مہلک۔ ہلاک کرنے والا آلہ۔ ایسا آلہ جس سے موت وقوع مین آسکے یا آجائے۔

آلہ ہائڈرامیٹر۔ مقیاس المایات۔ مایات کے قیاس اور اندازہ کرنے کا آلہ۔

آمادہ۔ تیار۔ مہیا۔ مستعد۔ لیس۔ موجود۔ رضامند۔ راضی۔

آمادہ فساد۔ فسادی۔ امن مین خلل ڈالنے والا۔ فساد کرنے کو تیار۔

امانت۔ کسی کی حفاظت مین کوئی چیز رکھ دینا۔ جو چیز کسی کے اعتبار پر کسی کے پاس پھر واپس لینے کے واسطے رکھی جاے۔ امین کا دفتر

ضد خیانت - ودیعت - تحویل - سپردگی - دھروڑ
کسی کی رکھوائی ہوئی چیز - ڈپارٹ - سپردہ -
جون کی تون - بجنسہ - کسی کی کوئی چیز
اپنی حفاظت مین رکھنی - اس مین ہر قسم کی
ملکیت اپنانہ داخل ہے علانیہ یا ذہنی یا معنوی

امانتاً - بطور امانت - امانت کے طرز پر - (دیکھو
امانت)

امانت دار - امانت رکھنے والا - معتمد - امین
ضد خائن - معتبر - دیندار - کسی چیز کا محافظ
غیر کی چیز کا محافظ -

امانت دفتر - ایک دفتر مسلمانون کی سلطنت
مین ہوتا تھا جس مین امانت کی اشیا موجود
رہتی تھین -

امانت دہندہ - جو اپنے مال کو خاص شرطون کے
پورا کرنے پر واپس لینے کا مجاز ہو - امانت دینے
والا -

امانت مین رکھنا - کسی کے اعتبار پر کچھ چیز
اُس کے پاس رکھ دینا -

امانت مین خیانت - نقض امانت - امانت
کو توڑ دینا

امانی - گورنمنٹ کی طرف سے جو کچھ ایک کلکٹر کے
جانچ مین ہو - اجارہ کا متقابل - کام جو ٹھیکہ
کے سوا اپنے یا کسی اور کی نگرانی مین کرایا جاوے
وہ جاگیر جو گورنمنٹ کی طرف سے ایک کلکٹر کے
تحت ہو - ضد اجارہ - خاص جمع جو زمیندارون
یا کارندون سے گورنمنٹ کے افسر بلا وساطت
وصول کرین - بے ٹھیکہ کے کام - وہ کام جو اہتمام کے
طور پر بنوایا جاوے - سرکاری کام جس کا ٹھیکہ
نہ دیا جاوے -

اُم الولد - فقہ کی اصطلاح مین اُس لونڈی کو کہتے
ہین جس نے اپنے مالک کے نطفہ سے کوئی
اولاد جنی ہو - ایسی لونڈی کہ اُس کا مالک اپنی
زندگی مین اُسے بیچ نہین سکتا اور بعد مرنے
مالک کے وہ لونڈی خود بخود آزاد ہے - جو ترکہ
مین وارثون کو نہین پہنچ سکتی - جو قانوناً بعد
مرگ آقا کے آزاد ہو سکے -

امتحان - آزمائش - آزمانا - کسی کو مصیبت مین
ڈالنا - جانچ پڑتال - تجربہ - اس کی اصل محن ہے

امتحان نعش - امتحان کے معنی جانچ پڑتال
آزمائش تجربہ - نعش کے معنی تن مردہ لاش
مرے ہوے کا جسم - مُردے کا جنازہ - یعنی
مُردے کی لاش کو عمدہ طرح سے پھاڑ چیر کر
یا اور طرح سے دیکھنا ڈاکٹر کا جس سے صاف
ظاہر ہو جاوے کہ زہر خورانی یا کسی اور چیز کے
کھلانے سے مرا ہے یا اور طرح سے - یہہ
معائنہ طبی بھی کہلاتا ہے -

امتداد - دراز ہونا - کشیدہ ہونا - لمبائی - طوالت
مدت - درازی - عرصہ - میعاد -

امتیاز - تمیز - فرق - شناخت - پہچان - سمجھ
شعور - گیان - ترجیح - فوق - فرق کرنا - تمیز

کرنا۔ بچار۔

آمد و خرچ۔ آمدنی اور خرچ۔ درآمد برآمد۔ آمد و رفت۔

آمدنی۔ درآمد۔ لگان۔ پیداوار۔ آمد۔ یافت۔ پیدا۔ بالائی یافت۔ درآمد۔ پیداواری پیداواری کا موسم۔ دساوری مال کے دن فصل فائدہ۔ سود۔ منافع۔ اس مین وہ آمدنی بھی شامل ہے جو برٹش انڈیا مین وصول ہو خواہ وہ آمدنی کسی اور جگہہ پیدا ہوئی ہو۔ یافت پیدا۔

امر۔ حکم۔ سوال۔ ارشاد۔ اجازت۔ فعل۔ کام باب۔ ماجرا۔ مطلب۔ مقصد۔ کاروبار۔ بات معاملہ۔

امر استحقاق۔ حق کا مباحثہ۔ ٹھیک مطلب۔ باعث حق۔ (امر کی تشریح کے لیئے دیکھو امر)

امر اہم۔ وہ بات جس کی بڑی ضرورت ہو۔ ضروری کام۔

امر باعث تکلیف عام۔ وہ کام جو عام لوگون کو تکلیف دینے کا باعث ہو۔

امر تجویز شدہ۔ تجویز کیا ہوا امر۔ فیصلہ شدہ کام

امر تجویز طلب۔ ایک تجویز ہونے کو امر۔ قابل وقوع امر۔

امر تحقیقات طلب۔ وہ امر جس کی نسبت تحقیقات کی جانے کو ہو۔ وہ بات جس کی تحقیق مطلوب ہے

امر تمہیدی۔ ابتدائی امر۔ پہلا امر۔

امر تنقیح طلب۔ وہ امر جس مین کسی چیز کی تفصیل یا تشریح مطلوب ہو جس کو فریقین نے مان لیا ہو۔ یا عدالت نے امر تنقیح طلب قائم کیا ہو۔ ایسا امر جس سے صاف کرنا یا بے عیب کرنا مطلوب ہو۔ وہ امر جس سے کسی امر کا زوائد اور عیوب سے پاک و صاف کرنا خالص کرنا فیصلہ۔ صفائی تحقیق۔ کھوج اور تفحص مدنظر ہو۔ عدالت مقدمہ کا حال سُن کر اُس کے لیئے آیندہ فیصلہ کی سہولت کی غرض سے چند امور قائم کر دیتی ہے جن سے مقدمے کی صداقت کا حال معلوم ہو جاتا ہے۔ نفس مقدمہ یا بہ النزاع کے صاف کرنے کے واسطے یہ امر قائم کیا جاتا ہے۔

امر تنقیح طلب قائم کرنا۔ قابل تفصیل امر کو قائم کرنا یا ٹھہرانا۔

امر تنقیح طلب کی تجویز کرنا۔ قابل تفصیل امر کی تجویز کرنا یا مقرر کرنا یا فیصلہ دینا۔

امر حقیت۔ حق اور استحقاق کا سوال۔ حق اور حق داری کا امر۔ ملکیت کا امر۔ اصلیت یا ماہیت کا امر۔

امر خرچہ۔ مقدمہ کے اخراجات کا سوال۔ حال صرف مقدمہ۔

امر خطیر۔ بڑا کام۔ امر اہم۔ عظیم الشان کام بزرگ کام۔ خوف ناک معاملہ

امر عارض۔ امر تصفیہ طلب۔ مانع عارضی ایسی روک جو اصلی نہو پیش آنے والا معاملہ

امر عارض دعویٰ۔ دعوے کا مانع جیسے بیماری وغیرہ۔

امر غیر متعلقہ۔ وہ امر جو متنازعہ فیہ یا درستدارہ مقدمہ سے غیر متعلق ہو۔ وہ امر جو خارج از بحث ہو۔ وہ بات جو مطلب سے کچھ تعلق اور لگاؤ نہ رکھتی ہو۔

امر قابل لحاظ۔ جو بات توجہ کے لائق ہو جو امر فرو گذاشت کرنے کے لائق نہ ہو ضروری اور لابدی امر۔

امر قانونی۔ قانونی نکتہ یا بات۔ وہ حال جو قانون کے موافق ہو۔

امر متعلقہ قانون۔ وہ امر جو قانون سے متعلق ہو۔ قانونی امر۔ اس کی مثال یہ ہے کہ احمد حامد کے رقبہ اراضی میں سے ہو کر اپنے مکان پر جائے۔ اور حامد احمد پر مداخلت بے جا کی نالش کرے۔ احمد کہے کہ واقعی میں اس رقبہ میں ہو کر اپنے مکان پر گیا۔ لیکن اس رقبہ میں ہو کر جانا جائز تھا تو اس صورت میں احمد کا اس رقبہ سے ہو کر جانا امر متعلقہ واقعہ ہے اور اس جانے کا جائز یا ناجائز ہونا ایک امر متعلقہ قانون ہے۔

امر متعلقہ واقعہ۔ وہ امر جو کسی خاص واقعہ کے متعلق ہو۔ اس کی مثال امر متعلقہ قانون میں دیکھو۔

امر قبضہ۔ قبضہ کا سوال۔ دخل کا حال۔

امر مابہ النزاع۔ وہ بات جس میں تنازع اور جھگڑا ہو۔ وہ بات جس کی بابت جھگڑا ہو۔ معاملہ زیر تجویز۔

تشریح لفظی معنی ما کے وہ بہ کے معنی اس پر نزاع کے معنی جھگڑا یعنی وہ امر یا چیز جس پر مقدمہ ہو۔ اسی کو متنازعہ فیہ کہتے ہیں۔ یعنی جھگڑا کیا گیا اس میں۔

امر مانع۔ امر عارض۔ روکنے والا امر۔

امر متنازعہ فیہ۔ جھگڑے کی بات وہ چیز جس کی بابت جھگڑا یا مقدمہ ہو۔

تشریح متنازع فیہ کا لفظی ترجمہ تنازع یعنی جھگڑا کیا گیا اس میں۔

امر مستفسرہ۔ وہ بات جو پوچھی گئی ہو۔ وہ امر جس کی طرف توجہ یا خیال کیا جائے۔ امر مشورہ کردہ۔ مستصوبہ امر۔ ایسا امر جو عدالت بالا سے استصواب کیا گیا ہو۔

تشریح مستفسرہ اسم مفعول ہے بمعنی استفسار کیا گیا۔ اس کا مصدر استفسار ہے

امر مشکوک۔ شکی بات۔ مشتبہ امر۔ محل امر۔

امر مشکوک فیہ۔ وہ امر جس میں شک کیا گیا ہو مشتبہ امر۔

امر نازک۔ باریک سوال۔ دقیق معاملہ۔ غور طلب امر۔ باریکی کا سوال۔

امر نزاعی۔ جھگڑے کا سوال۔ جھگڑے کا معاملہ۔ وہ بات جو قابل فیصلہ ہو۔ وہ بات

جس کا فیصلہ ہونے کو ہو۔ وہ بات جو جھگڑے
کی طرف منسوب ہو۔ منسوب بہ نزاع۔ اس مین
ی نسبت کی ہے۔

امر واقعات۔ وہ بات جو درحقیقت ہوئی ہو۔
حقیقی امر تصفیہ طلب۔ حالات کا سوال۔

امر وجوبی۔ وہ بات جو لابدی ضروری اور
لازمی ہو۔

امر وراثت۔ وراثت کی بات۔ جانشینی کا
سوال۔

اِمساک۔ قحط۔ بارش کا نہ ہونا۔ بند کرنا۔ روکنا
بخل کرنا۔ رُکاؤ۔ رُکاوٹ۔ خشک سالی۔

اِمکان۔ قدرت دینا۔ ممکن ہونا۔ قابو۔ طاقت
بس۔ مجال۔ مقدرت۔

امکاناً۔ از روے قدرت دینے کے ممکن ہونے
سے۔ مقدوراً۔ بس سے۔ قابو سے۔ طاقتہً
قدرۃً۔ از روے مجال۔ مقدرت سے۔

املاک جمع ملک۔ اراضی۔ مقبوضات۔ اصلی
جائداد۔ جائداد۔

اَمل پانی۔ منشی اشیا۔ نشہ۔
تشریح۔ اَمل شراب کے سوا ہر قسم کے نشہ کو
کہتے ہین۔ اس کا املا غلط ہے عین سے ہونا
چاہیئے اس لیئے کہ اس کا ثبوت عمل سے صاف
ظاہر ہے۔ ہندی مین اس کا سُراغ نہین چلتا۔
یہ افیونیون اور نشہ بازون کی اصطلاح ہے۔

اَمنائے حد بست۔ حد بست کے امین۔

تشریح امنائے جمع ہے امین کی۔

اموال جمع مال۔ جائداد۔ اسباب۔ قابل
استعمال اسباب۔ ذاتی جائداد

امور تنقیح طلب بعض۔ وہ امر جن مین کسی
امر کی تشریح یا تفصیل مطلوب ہو مگر خاص ہون

امور تنقیح طلب عام۔ وہ امر جن مین کسی
امر کی تشریح یا تفصیل مطلوب ہو۔ مگر عام ہون

امور تنقیح طلب قانونی۔ وہ امر جن مین کسی
امر کی تشریح یا تفصیل مطلوب ہو اور منظور
کردہ فریقین یا عدالت ہون جو قانون سے
متعلق ہون۔

امور تنقیح طلب واقعاتی۔ ایسے امر جن
مین کسی امر کی تشریح یا تفصیل مطلوب ہو۔
فریقین یا عدالت نے اُن کو مان لیا ہو جو واقعات
سے متعلق ہون۔

امور رازداری۔ وہ باتین جو معتبر اور قابل
خفا اور چھپانے کے لائق ہون۔

اُمورِ مظہرہ۔ ظاہر کرنے والے امور۔ ظاہر کرنے
والی باتین۔
تشریح مظہرہ اسم فاعل ہے اس کا مصدر
اظہار ہے۔

آمیزش۔ ملاپ۔ میل ملاپ۔ کھوٹ۔ ملاوٹ
یہ حاصل مصدر ہے آمیختن کا جس کے معنی
ملنا ہے۔

امین۔ تحقیق کرنے والا۔ منصف۔ انسپکٹر

سپرنٹنڈنٹ۔ موٹی پیمائش کرنے والا۔
قانونی افسر۔ افسر جو موٹی پیمائش کرے۔
افسر جو گورنمنٹ کی طرف سے جمع وصول کرے
یا تحقیقات کے بعد رپورٹ کرے۔ معتمد جس پر
کوئی کام کرنے کا پورا بھروسہ کیا جاوے۔
ثالث۔ سرپنچ۔ جج۔ سربراہ کار۔ منتظم۔ ایک
قسم کا عہدہ دار۔ محصل۔ خیانت نہ کرنے والا۔
خزانچی۔ بندوبست کا ملازم جو پیمایش کرنے
پر مقرر ہو۔

امین جائداد۔ اس لفظ سے وہ مراد ہے جو
ایسے استحقاق سے غرض رکھتا ہو کہ مخالف
حقیت کسی شخص کے ہو۔ جو خود مالک و قابض
اُس کا ہوتا۔ جائداد کا امانت دار۔ ایک عہدہ
محافظ جائداد۔

امین دیہات خام۔ خام دیہات کا امین
یعنی ایسے دیہات کا افسر بندوبست جن کی
پیمائش خام ہو چکی ہو۔ دیہات خام جن
کی بٹائی بالعوض معاملہ دی جاتی ہو۔

امین قارق۔ قرق کرنے والا امین۔ قرق
کرنے والا معتمد۔ جس کی تحویل میں اسباب
مقروق رہتا ہو۔

امین قاسم۔ تقسیم کرنے والا معتمد۔

امین محکمہ دیوانی۔ محکمہ دیوانی کا معتمد۔

امین نیلام۔ نیلام کا معتمد۔

اُمی۔ وہ شخص جس کا باپ ایام طفلی میں مرجاوے
اور وہ باپ کی تربیت سے محروم رہے اور
ماں یا دایہ کی گود میں پرورش پاوے۔
تشریح چونکہ ایسا لڑکا اکثر جاہل رہتا ہے
لہذا مجازاً اُس شخص کو کہتے ہیں جو لکھا پڑھا
نہ ہو اگرچہ باپ کے سامنے جوان ہوا ہو۔
اور لفظ اُمی لقب ہے حضرت رسول صلعم کا
اس لیئے کہ آن حضرت نے کسی سے تعلیم
نہیں پائی تھی تا کہ فضیلت اُستاد کی اُن پر
ثابت ہو۔ مگر علم لدنی اور ریاضی سے جو
خاص خدا کی طرف سے ہے بہرہ ور تھے۔
اُمی مین کی نسبتی ہے یعنی منسوب بہ اُم
بمعنی ماں۔

انتخاب۔ چھانٹ۔ خلاصہ۔ انتظام۔ بندوبست
ترتیب۔ باقاعدگی۔ چننا۔ خلاصہ کرنا۔
لُبِ لباب۔ چنا ہوا۔ چیدہ۔ نمونہ۔ عطر۔
تشریح مصدر ہے باب انفعال سے
مگر مفعول کے معنی دیتا ہے یعنی چھانٹا ہوا۔

انتظام۔ بندوبست۔ سلسلہ وار ہونا موتیوں
کا۔ تمام ہونا کام کا۔ یہ مصدر ہے اس
کی اصل نظم ہے

انتظام خانگی۔ گھر بار کا انتظام۔

انتظام مالگزاری۔ وہ طریقہ جو سرکار
نے لگان کے ادا کرنے کا مالکون کے واسطے
مقرر کیا ہو۔ معاملہ کی ادائگی کا انتظام۔

انتفاع۔ نفع اُٹھانا۔ فائدہ پانا۔ نفع پانا۔

عربی مصدر ہے اس کی اصل نفع ہے۔

انتفاع انعامی دار۔ معافی دار کا نفع اُٹھانا معافی دار کا فائدہ اُٹھانا۔ معافی دار کا منفعت پانا اور نفع حاصل کرنا۔

انتقاض۔ توڑنا۔ شگاف۔ عہد و پیمان توڑنا اس کی اصل نقض یعنی توڑنا ہے۔

انتقاض شرط۔ کسی شرط کا توڑ دینا۔ شرائط معاہدہ کا توڑنا۔ نقض شرط۔

انتقاض معاہدہ۔ معاہدے کا توڑنا۔ عہد کا چھوڑ دینا۔ عدم ایفا۔ بے وفائی۔ عہد شکنی۔

انتقال۔ ایک سے دوسرے کے حصہ مین جانا تبدیلی۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔ جگہ بدلنا۔ تغیر۔ نقل۔ رحلت۔ مرگ۔ یہ مصدر ہے اس کی اصل نقل ہے۔

انتقال اراضی۔ مقبوضہ و مشترکہ زمین کی تبدیلی۔ مالکان زمین کا اپنی مرضی سے آپ اپنی مقبوضہ زمینون کا مبادلہ اور معاوضہ اور تبادلہ کرنا۔ داخل خارج کرانا۔ فروخت اراضی

تشریح۔ اس کی کئی قسمین ہین۔ اول دوام کے لیئے۔ دوسری میعاد مقررہ کے لیئے۔ تیسری تا ادائے باقی جس کے عوض انتقال کیا گیا۔ پہلی قسم یعنی انتقال دائمی حقیقت مین بیع بحکم سرکار ہے۔ دوسری صورت یعنی انتقال میعادی بمنزلہ اُس رہن کے ہے جس کو مندک کہتے ہین کہ اس مین اصل اور سود کے ادا کرنے کے واسطے ایک میعاد کے منافع کافی شمار ہوتے ہین۔ تیسری قسم محض رہن معمولی ہے مگر وصلات کا حساب راہن کو سمجھانا نہین پڑتا۔

انتقال بنام شریک۔ ساجھی کے نام پر داخل خارج۔ ساجھی کے نام پر انتقال اور تبادلہ۔

انتقال پٹی۔ پٹی کے معنی حصہ ٹکڑہ گانون کا چھوٹا حصہ۔ قطعہ زمین۔ تھوک کے خلاف زمینداری کا چوتھائی حصہ۔ گانون کی چوتھائی زمین کے حصہ کا دوسرے کے نام پر کر دینا قطعہ اراضی کا داخل خارج کرنا پٹی عموماً ٹکڑہ زمین کو کہتے ہین۔

انتقال جائداد۔ جائداد کا تبدیل کرنا۔ جائداد کا فروخت کرنا۔ جائداد کا ایک نام سے دوسرے نام پر ہونا۔ اُس کو جاداد بھی کہتے ہین۔

انتقال جائز۔ قانونی انتقال۔ درست اور ٹھیک انتقال۔ واجبی اور بجا انتقال

انتقال حقیت۔ حق کی تبدیلی۔ ملکیت کا تبادلہ اور معاوضہ۔

انتقال خانگی۔ خانگی تبدیلی۔ وہ تبادلہ اور معاوضہ اراضی جو خانگی طور پر کیا جاے۔ گھر ملو تبادلہ

انتقال دار۔ انتقال رکھنے والا۔

انتقال دائمی۔ ہمیشہ کے واسطے انتقال۔

تبادلہ دائمی - تبادلہ مدامی -
انتقال درمیانی - متوسط درجہ کی تبدیلی - بیچ ہی انتقال کر دینا - بیچ ہی تبادلہ کرنا -
انتقال شکمی (دیکھو انتقال)
انتقال رہن - رہن کا انتقال - رہن در رہن -
انتقال سازشی - فریبی اور بناوٹی اور مصنوعی و فرضی انتقال - جو انتقال قانونی اور جائز نہ ہو -
انتقال کنندہ - انتقال کرنے والا - وہ طرف جو انتقال کرے
انتقال مال - جائداد کا انتقال - اسباب کا انتقال -
انتقال ملکیت حقیت کا انتقال ملکیت کا انتقال - جائداد کا انتقال نقل ملکیت - ملکیت کا ایک کے نام سے دوسرے کے نام پر انتقال - دخل خارج ہو جانا -
انتقال میعادی جس انتقال کے واسطے کوئی خاص مدت مقرر ہو - انتقال محدود میعادی انتقال
انتقال ناجائز - وہ انتقال جو قانون کے خلاف ہو -
انتقال نامہ - وہ تحریر یا دستاویز جس مین انتقال کی کیفیت درج ہو - (دیکھو انتقال)
انتقال وصیتی - وہ انتقال جو وصیت کے سبب عمل میں آیا ہو - جو انتقال وصیت

کی طرف منسوب ہو -
انتقالی - ایک زمینداری یا زیرلگان جائداد کا منتقل ہونا - جو جائداد اس طرح منتقل ہو اُس کو انتقالی کہتے ہین - انتقال ہونے والی زمین انتقال شدہ زمین -
انتقالی بہی - وہ بہی جس مین انتقال جائداد کا حساب کتاب رہتا ہو -
انتقام - بدلہ لینا - بغض نکالنا - پاداش - بدلہ
انٹی - ناجائز طور پر کسی سے کچھ چھین لینا یا حاصل کرنا - گھاٹی - انگلیون کا درمیانی فرق - لچھا آٹی - سوت یا ریشم کا لچھا -
انجارج - تحویلدار - وہ شخص جس کے چارج مین کوئی شے ہو -
انحراف - پھر جانا - حکم عدولی کرنا - نافرمانی کرنا - پیمان کا توڑنا - عذر - عدم اطاعت - سرکشی - انکار - مخالفت - روگردانی - تجاوز - خلاف ورزی - بغاوت - برگشتگی -
تشریح یہ باب انفعال کا مصدر ہے اس کا مجرد حرف ہے -
انحراف معاہدہ - اقرار سے پھر جانا - بے وفائی عہد شکنی - فسخ معاہدہ -
انحصار - کوتاہ ہونا - کسی چیز مین سمانا - گھیر لینا حلقہ - گھر استحصر ہونا -
تشریح یہ باب انفعال کا مصدر ہے اس کا مجرد حصر ہے -

اندراج - درج ہونا - داخل ہونا - درکرنا لکھنا
اندراجات - مندرجہ - داخلہ شدہ - جمع اندراج لکھے ہوئے - اراضی کے متعلق ایک خاص اصطلاح ہے -
اندفاع - دور ہونا - دفع کرنا - ہٹانا شکست دینا - اس کا مادہ دفع ہے -
انڈکس - فہرست - ایک خاص فہرست جو مثل کے کل کاغذات کے اول ہوتی ہے جس مین کل کاغذات مندرجہ مثل کی تعداد اور تفصیل مع تشریح مضمون قیمت کاغذات درج ہوتی ہے اس کو سرورق مثل بھی کہتے ہین
انڈنٹ - درخواست - طلب اشیا کی درخواست موقوف - منحصر - حصر -
انڈیا - ہندوستان -
انڈیا کمپنی - ہندوستانی کمپنی - ایک خاص کمپنی ہے -
آنریری جج - بلاتنخواہ جج - معزز جج - ایک جج جو اعزازی طور پر ججی کا کام دے -
تشریح ایسے ججون کی تنخواہ مقرر نہین ہوتی - بلاتنخواہ کام کرتے ہین -
آنریری مجسٹریٹ - بلاتنخواہ مجسٹریٹ - اعزازی مجسٹریٹ -
انسان کو لے بھاگنا - کسی کو بھگا کر بازبردستی بھگا کر لے جانا -
انسانیت - اگر ہمدردی تمام عالم پر حاوی ہو تو اس کا نام انسانیت ہے - انسان ہونا - وہ حالت جو انسان ہونے کی ہوتی ہے
تشریح منطق مین انسان کی تعریف حیوان ناطق ہے یعنی مدرک کلیات و جزئیات اور عربی مین یت علامت مصدر ہے -
انسپکٹر - معائنہ کرنے والا - اہتمام کرنے والا - نگرانی کرنے والا - دیکھنے والا - کوتوال انسپکٹ کرنے والا -
انسپکٹر جنرل - بڑا انسپکٹر - بڑا معائنہ کرنے والا - بڑا اہتمام کرنے والا - عام نگرانی کرنے والا - اس مین ہر عہدہ دار شامل ہے جسے لوکل گورنمنٹ نے انجام دہی تمام یا کسی خدمت خاص کے لیئے مقرر کیا ہو جیسے انسپکٹر جیل خانہ جات وغیرہ - اعلی افسر نگران -
انسٹیٹیوٹ - علم کے رواج دینے کی انجمن ایک قائم کی ہوئی جماعت -
انسداد - روکنا - روک - آڑ - مزاحمت - بندوبست - تھام -
انصاف - نیاؤ - عدل - داد - حق وجبی - مقدمہ کا بحق فیصلہ - نصف نصف کرنا - دو ٹکڑے کرنا - اس سے اصطلاح مین اُن تمام نقصانات من حیث المجموع کا دفعیہ سمجھا جاتا ہے جن نقصانات کا سبدا یہ ہے کہ دنیا مین ایک شخص کو دوسرے پر اعتماد نہ رہے

انصاف پژوہی۔ انصاف جوئی۔ تلاش انصاف۔ انصاف چاہنا۔ جست وجوے عدل۔

انصرام۔ انتظام۔ انجام کو پہونچانا۔ انتظام کرنا۔ کٹنا۔ قطع ہونا۔ بجاآوری۔ بندوبست۔ منقطع ہونا۔ آخر ہونا۔

انضباط۔ لغوی معنی پیوستگی ومضبوطی۔ اصطلاحی ترتیب۔ حدود بندی۔ تعین۔ ضابطہ۔ ڈھنگ۔

انضباط اوقات۔ ٹائیم ٹیبل۔ وقت کی تقسیم۔ دستورالعمل وقت۔ تقسیم اوقات۔
تشریح اوقات جمع ہے وقت کی اور انضباط کی تشریح دیکھو انضباط مین۔

انعام۔ ہندوستانی سرکارون مین اور ہمارے ابتدائی بندوبست اضلاع کم آباد مین لفظ انعام کے بہت فراخ معنی ہین کہ بعض دفعات اس کو ہم معنی حق مالکیت کے سمجھا گیا اور بعض اوقات اس کو محنتانہ نمبردار کا سمجھا گیا یا خاص یہ معنی سمجھے گئے کہ وہ ایک وظیفہ ہے جو بالعوض کوشش کے جو زراعت کی ترمیم بین عمل مین آئی دیا گیا ہو۔ انگریزی عملداری مین صوبہ پنجاب مین اس لفظ کے معنی محدود وظائف کے ہین جو خاص مالکان ذی قدر لیتے ہین لیکن جنوبی ہندوستان مین اس مین ہر طرح کا انتقال سرکاری معاملے کا شامل ہے۔ صلہ۔ بخشش۔ بدلہ۔ نعمت دنیا۔ تحفہ دینا۔ خلعت۔ نیک نامی کا صلہ جو حکام کی طرف سے مرحمت کیا جاے۔ اجر۔ عوض۔

انعقاد۔ بستہ ہونا۔ مجتمع ہونا۔ قائم ہونا۔ اس کا مادہ عقد ہے۔

انفرمیشن۔ اطلاع۔ واقفیت۔

انفساخ۔ توڑنا۔ فسخ کرنا۔
تشریح فسخ کے معنی بیع یا نکاح وغیرہ کے ارادے کو لوٹانا۔ چھوڑنا۔ دور کرنا۔

انفساخ معاہدہ۔ معاہدے کا توڑنا۔ عہد شکنی۔ پیمان کا فسخ کرنا۔

انفصال۔ فیصلہ۔ فیصلہ کرنا۔ جدا کرنا۔ نبٹیڑا۔ چکوتا۔
تشریح فصل سے نکلا۔ اس کے معنی جدا کرنا۔ جدا ہونا۔

انفعال۔ شرمندگی۔ حیا۔ لاج۔ شرم۔ ندامت۔ غیرت۔ اثر پذیر ہونا۔ موثر ہونا۔

انفکاک۔ چھٹکارا۔ توڑنا۔ چھوٹنا۔ چھوڑانا۔ چھوڑنا۔ آپس سے جدا ہونا۔ اس کی اصل فک ہے۔

انفکاک جائداد۔ جائداد کا چھوڑنا۔

انفکاک رہن۔ رہن کا آپس سے جدا ہونا۔ رہن کا ٹوٹنا۔ فک رہن۔ شکست رہن۔ گرد کا چھوڑانا۔

انفکاک ہبہ۔ ہبہ کا آپس سے جدا ہونا۔

ہبہ کا ٹوٹنا شکست ہبہ۔ ہبہ کا چھوڑانا۔
انقسام ۔ تقسیم کرنا۔ حصہ حصہ ہونا۔
انقضا ۔ گزرنا۔ پورا ہوجانا۔ اختتام ختم ہونا
انقضاے میعاد ۔ میعاد کا گذرنا میعاد کا پورا ہوجانا۔ مقررہ مدت کا گذرجانا۔
انقطاع ۔ بند ہونا۔ کٹ جانا۔ الگ ہوجانا۔ کاٹنا منقطع ہوجانا۔
انقطاع مال گزاری ۔ مالگزاری کا بند ہونا ادا ے معاملہ کا بند ہونا۔
انکار ۔ نہ ماننا۔ مکرنا۔ ضد اقرار قبول نہ کرنا۔ اختلاف۔ نفی۔ نا۔ نہین۔ نامنظوری۔ تناقض۔ تباین۔ عذر۔ معذرت۔
انکشاف ۔ ظاہر ہونا۔ کھل جانا تشریح کھولنا۔ کھلنا۔ اس کی اصل کشف ہے۔
انکم ٹیکس ۔ وہ محصول جو آمدنی پر لگایا جاے
انگشت نما ۔ وہ شخص جس کی طرف اُنگلی اُٹھے۔ مطعون۔ رسواے خلائق۔ بدنام۔ مشہور۔ بُری بات مین مشہور۔
انگشت نما ہونا ۔ رسوا ہونا۔ مطعون ہونا مشہور ہونا۔
اِنگلش ۔ پنشن۔ وظیفہ۔ وہ تنخواہ جو ایام ملازمت کی مقررہ کارگذاری کے صلے مین گورنمنٹ سے اپاہج یا بوڑھا ہوجانے یا قابل کار کے نہ رہنے سے ملتی ہے۔
تشریح انگلش کے معنی انگریزی ہین۔

چون کہ یہ طریقہ انگریزی عمل داری مین نکلا اس لیے اس کا یہ نام ہوا۔
انکلیمڈ ۔ لاوارث۔ لادعویٰ۔
انوا ادھیا ۔ وہ استری دھن جو شوہر کے خاندان سے شادی کے وقت ملا ہو۔
انہدام ۔ گرنا۔
انتیں دو شبان ۔ یہ مکمل طور پر دو باپون کا بیٹا ہوتا ہے۔ اس کی اولاد اصلی خاندان سے ہوتی ہے۔ کولصاحب و مکناٹن صاحب نے بہی تعریف کی ہے۔
اَن یوئیل سیل ۔ اس مین پارسل بیگ بیکٹ بیگ۔ اسٹیشن بیگ۔ اور ٹیلیگراف بیگ شامل ہین۔
اَوارجہ ۔ روزنامچہ۔ جمع وارسال روپیہ کا خلاصہ جمع خرچ بہی۔ حساب جمع جس مین گانون کا ناقابل پیداوار اور قابل پیداوار مع اسماے قابضان ارضی مندرج ہوتا ہے۔ روزنامچہ جمع خرچ
آوارہ ۔ بےکار پھرنے والا۔ کھویا ہوا۔ گم نام شخص۔ سرگردان۔ افسردہ۔ خراب۔ پراگندہ ہرزہ گرد۔ کوچہ گرد۔ سگ سیر۔ لُچا۔ اوباش بدمعاش۔ شہدا۔ گنڈا۔ بدوضع۔ بدچلن۔ کنبہ سے بچھڑا ہوا۔ بھٹکا ہوا۔
آوارہ گرد ۔ اس سے مراد وہ شخص ہے جو بھیک مانگتا یا بلا نوکری یا بلا ظاہری وسائل

گذارہ کے آوارہ پھرتا ہوا پایا جاسے۔ سرگردان ابتر۔ خراب۔ پراگندہ۔ ہرزہ گرد۔ کوچہ گرد۔ لُچا۔ اوباش۔ بدمعاش۔ شہدا۔ بدراہ۔ بدوضع۔ بدچلن۔ کنبہ سے بچھڑا ہوا بھٹکا ہوا

اُداسی۔ کچا پھل بال جو بھون بھان کر کھایا جائے

اُوباش۔ کمینہ۔ ہرطرح کے آدمیون مین بیٹھنے والا۔ لُچا۔ شہدا۔ بدمعاش۔ بدوضع۔ بدچلن ننگ۔ عیاش۔ آوارہ۔ بیباک۔ تماشبین زناکار۔

تشریح یہ وبش کی جمع ہے۔ بعض کہتے ہین اوشاب یا ابواش کا مقلوب ہے اور بوش بخلاف قیاس جمع ہے۔

اوبرا۔ وہ اونچی زمین جس مین مصنوعی طور پر پانی نہ دیا جا سکے۔

اوچی۔ ہتھیار بند۔ مسلح۔ اپنے ہتھیار لگائے ہوئے سپاہی۔

اُوپروار۔ اونچی۔ اوپر کی طرف۔

اُوپری۔ اجنبی۔ ایک شخص جو دوسرے گانون مین کاشت کرتا ہو۔ ایسا کاشتکار جو گانون مین نہ رہتا ہو مگر قابض ہو۔ مزارع جو آباؤ اجداد سے زمین پر قابض ہو مگر حق مالکانہ نہ رکھتا ہو۔ ایسا افسر جو فصلون کی حفاظت کرے جب وہ کوٹنے کے واسطے لائی جائین اس حال مین جمع جنس ادا کی جاتی ہو۔ غیر موزون۔ بالائی۔

اور و یا۔ اور و یا دونون حرف عطف ہین۔ حرف عطف وہ ہے جو اپنے مابعد کو اپنے ماقبل سے متصل یا منفصل کرے ان کے اول کو معطوف علیہ اور مابعد کو معطوف کہتے ہین۔ اور دو چیز کے اجتماع کے واسطے اکثر آتا ہے جیسے منشی سراج الدین احمد اور مولوی نذیر احمد تشریف لائے۔ یعنی دونون آئے ہین جمع ہوئے۔ اور یا حرف تردید ہے۔ یہ مقام شک یا دو مین سے ایک کی تعیین کے لیے آتا ہے۔ مثال اول کورٹ انسپکٹر نے یا سارجنٹ نے کہا ہے کہ اس کا فیصلہ برسر موقع ہوگا۔ اور بمعنی اگر پھر۔ اس کے بعد۔ دوسرا۔ مختلف۔ صرف فقط۔ یا۔ وگرنہ۔ زیادہ۔ نیا۔ جدید۔ علاوہ ماسوا۔ بر بلکہ۔ سوا۔ غیر۔ خلاف۔ برعکس۔ کے لیے بھی آتا ہے۔

اور شخص بنانا۔ اپنے تئین یا کسی دوسرے کو اور شخص ظاہر کرنا۔

اور شخص بنانے سے دغا کرنا۔ اپنے تئین یا کسی دوسرے کو غیر شخص بنانے کے باعث فریب کرنا۔

اُوسر۔ بنجر زمین۔ زمین جو ناقابل زراعت ہو۔ شور یا کلر دار زمین۔ وہ زمین جس مین صرف ریہ ہو۔

اوسط۔ درمیانہ۔ دو یا زیادہ اعداد کی اوسط۔ درمیان والا۔ بیچ والا۔ بیچ کا۔ درمیانی بیچ

کی راس معتدل۔ سیانہ۔ یک سان۔ بڑت

اوسط جمعبندی۔ لگان کی اوسط۔ معتدل نکاسی۔ معتدل فرد لگان۔ درمیانی تقسیم جمع۔

اوسط رقبہ کاشت۔ کاشتکار کے قبضہ کی زمین کی اوسط۔ بوئی ہوئی زمین کی اوسط

اوسط سالیانہ۔ سال بھر کی آمدنی کی اوسط۔

اوسط شرح لگان۔ لگان کی شرح کی اوسط۔ (دیکھو لگان)

اوسط نکالنا۔ اوسط نکالنے کا کام کرنا۔

اوصیا۔ جمع وصی بمعنی وہ شخص جس کو وصیت کی گئی ہو۔ حضرت علی رض سے بھی کنایہ ہوتا ہے جس کے ساتھ وصیت کی جائے

اوضاع وحرکات۔ عمل۔ بے جا کام۔ ناشایستہ کام۔ تقصیر۔ قصور۔ خطا۔ جرم۔ بداطواری۔

تشریح اوضاع جمع وضع بمعنی طریقہ۔ حرکات جمع حرکت بمعنی جنبش۔ چال۔ رفتار۔ گردش۔ ہلن ڈولن۔ اضطراب۔ کام۔ فعل۔ ارتکاب۔ کرتب۔ کردار۔ کرنی۔ پاپ گناہ۔ کھوٹ۔ چلت۔ طریقے۔

اوقات بسری۔ گذارہ۔ دن کٹی

آوک۔ بیمہ۔ جوکھوں۔ مغربی وشمالی مین ایک روپیہ پیشگی اس شرط پر سوداگر کو دیا جاتا ہے کہ اگر سفر سفید ہو تو روپیہ مع سفر خرچ واپس ہوگا ورنہ خیر

آکشن۔ نیلام۔ بیع مزید۔ عام فروخت۔

اُوگر۔ افتادہ زمین جو مزروعہ بنائی گئی ہو۔

اول۔ پہلا۔ سب سے ابتدا کا۔

اولا۔ اول مرتبہ۔ پہلے پہل۔ اولیت کی حالت۔ مقدم حالت۔ ابتدائی حالت۔ بحالت شروع

اول الذکر۔ جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہو۔ مذکور۔ مذکورہ بالا۔

اول مرحلہ۔ پہلی منزل۔ پہلا کوچ۔ پہلی دفعہ۔ اچھی منزل۔

اولاد۔ سے مراد وصیت نامہ مین اس شخص کی تمام اولاد مستقیمہ بمنزلہ ہے جس کی اولاد نطفہ یا اولاد متبنی کا ذکر کیا جائے۔ جن الفاظ سے رشتہ طرفی مراد ہو۔ وہ قرابت علاتی اور اخیافی دونون پر دلالت کرین گے۔

اس مین مذکر ومونث ہر دو شامل ہین۔ مگر سول کوڈ پنجاب نے اولاد نرینہ سے مراد لی ہے۔ بال بچے۔ بیٹا بیٹی۔ آل وعیال لڑکے بالے۔ نسل۔

تشریح۔ جمع ولد کی ہے مگر واحد کے طور پر مستعمل ہوتا ہے۔

اولاد اناث۔ مونث اولاد

تشریح اناث جمع انثی بمعنی مادہ عورتین۔

اولاد ذکور۔ مذکر اولاد۔ نرینہ اولاد۔ ذکور جمع ذکر کی یعنی مرد۔

اولاد رشتہ مستقیمہ۔ جدی اولاد

اولاد صحیح النسب۔ صحیح ذات کی اولاد۔ جو حرام کی نہو۔ بے عیب نسل کی اولاد۔

اولاد غیر صحیح النسب۔ حرام کی اولاد۔ عیب دار نسب کی اولاد

اولاد نسبی۔ دیکھو اولاد رشتہ مستقیمہ۔ خاندانی نسلی اولاد۔ نژادی نسل۔

اولاد نطفہ۔ وہ اولاد جو نطفے سے ہو۔ یعنی متبنی وغیرہ نہو۔

آویزاں۔ چسپاں۔ لٹکا ہوا۔ لگا ہوا۔ اشتہار وغیرہ۔

اہانت۔ تہتک۔ ہتک۔ حقارت۔ خفت۔ ذلت۔ سبکی۔ بے عزتی۔ بے حرمتی۔ بے عزتی کرنا۔ تحقیر۔ توہین۔ برا جاننا۔ نفرت کرنا۔ ذلیل سمجھنا۔

اہانت عدالت۔ عدالت کی توہین (دیکھو اہانت)

اہالی موالی۔ جمع اہل و مولی۔ اعیان و ارکان مصاحب لوگ۔ متعلقین۔

اہتمام۔ نگہبانی۔ دیکھ بھال۔ سربراہی۔ انتظام۔ کوشش کرنا۔ غمخواری کرنا۔ دردمندی۔ بندوبست۔ انصرام۔ نگرانی

اہتمام دیہی فرائض۔ گانون کی خدمات کا انتظام۔ اُن کامون کا انتظام جو گانون سے تعلق ہین۔

اہلیا۔ وہ آدمی جس کو غلہ کٹنے کے بعد اُس پر خبرداری کے واسطے مقرر کیا جاتا ہے کہ اس کو بلا ادائے محصول کے کوئی نہ لیجائے

اہل۔ لوگ۔ صاحب۔ مالک۔ کنبہ۔ گھربار کا گھرباری۔ بیوی جورو۔ زوجہ۔ بامروت لایق ہنرمند۔

اہل نگاہ۔ صاحب مکان۔ مکان والا۔ مالک مکان۔ گھروالا۔

اہل بیت۔ کنبہ کے لوگ۔ رسول صلعم کے کنبہ کے لوگ۔

اہل جوری۔ معتبر اشخاص کا گروہ جو دورے کے مقدمات مین صاحب جج کو امر متعلقہ دفعہ کی تحقیقات مین مدد دیتے ہین

تشریح اہل کے معنی لوگ۔ گھر کے لوگ صاحب۔ مالک۔ شریف۔ سلیم الطبع یعنی مددگار یا شریف لوگ جو مقدمات مین صاحب جج کے معاون ہین۔ جوریا لاطینی اور جوری فرانسیسی ہے۔

اہل حرفہ۔ پیشہ ور۔ کاریگر۔

اہل دول۔ دولتمند۔ دھنی۔ نوکر چاکر۔ عملہ فعلہ۔

اہل دین مسیحی۔ وہ شخص جو دین مسیحی کے پیرو ہون۔ عیسائی۔

اہل روزگار۔ نوکری پیشہ۔ ملازم لوگ۔ نوکر

اہل سنت۔ رسول کی راہ پر چلنے والے

لوگ - قران وحدیث واجماع امت کے پیرو - پیغمبر کے چار یار صحابہ کو ماننے والے سُنی - اسلام کا بڑا اور پہلا فریق -

اہل شرع - قانون دان - متشرع آدمی - قانون اسلام پر چلنے والا -

اہل غرض - غرض والا - غرض مند - مطلب کا یار - مطلبی - خود غرض -

اہل قلم - لکھنے پڑھنے والا - منشی - محرر - خواندہ پٹواری -

اہل کار - کارندہ - عامل - کچہری دربار کا منشی متصدی وغیرہ -

تشریح اہل کار عہدہ دار کی نسبت درجہ اور اختیار مین زیادہ ہوتا ہے -

اہل کتاب - جن کے پیروُن پر آسمانی کتاب اُتری ہو -

اہل کمیشن - جماعت متعینہ - وہ جماعت جو کسی خاص کام کے واسطے مقرر کی جاوے

اہل گریٹ - گریٹ برٹن یعنی برطانیہ اعظم کے باشندے - یہ نہایت مشہور و معروف جزیرہ مغربی یورپ مین ہے -

اہلمد - عدالت کے کاغذات کا محافظ - محکمہ کا کلرک - یہ سررشتہ دار کا ماتحت ہوتا ہے -

اہل مقدمہ - صاحبان مقدمہ - مدعی و مدعا علیہ - مقدمہ والے - فریقین مقدمہ -

اہل وعیال - جورو بچے - گھر کے لوگ - کنبہ بالے - کنبہ - قبیلہ -

اہم - سخت - نہایت سخت - نہایت مشکل - ضرور

ایام - جمع یوم یعنی دن - روز - زمانہ - حیض پر بھی مستعمل ہوتا ہے -

ایام دخیل کاری - مقابضہ کے دن - دخل کے دن - قبضہ کرنے کے دن -

ایجاب - مسلمانون مین وہ پہلی تجویز جو فریقین بایع و مشتری مین کسی سودے کی نسبت کی جاے ابتدائی تجویز جو ایک جانب کرے - ماننا - قبول کرنا - مقرر کرنا - لازم اور ثابت اور مقرر کرنا -

ایجاب وقبول - تجویز اور منظوری متعاقدین مین - اقرار مدار - نکاح کا قول و قرار - نکاح عقد دو بول پڑھانا - ایک تجویز اور اُس کو قبول کرنا منظور کرنا - اقرار اور پذیرائی ایک تجویز و منظوری عہد متعاقدین مین -

ایجنٹ - گماشتہ - وکیل - وہ شخص جو کسی سرکار یا کسی سوداگر وغیرہ کی طرف سے کسی کام کے واسطے مقرر ہو -

تشریح اجنٹ جو عام لوگ بولتے ہین غلط ہے -

ایجوکشنل ڈیپارٹمنٹ - سررشتہ تعلیم

ایڈ ڈی کیمپ - سپہ سالار کا مصاحب جنگی لارڈ کا مصاحب - حاضر باش - ملازم خاص -

تشریح یہی لفظ غلطی سے اڈیکانگ
مشہور ہو گیا ہے۔

اڈریس۔ خطاب۔ لقب۔ سرنامہ۔ سپاسنامہ
تحریری شکریہ۔ پتہ۔ وہ تحریر جس مین
کسی حاکم کی رخصت کے وقت اُس کے
اوصاف لکھ کر پیش کیئے جاتے ہین۔

اڈمنسٹریٹر۔ سے وہ شخص مراد ہے جس کو
بحالت عدم موجودگی وصی کے کسی حاکم مجاز
نے کسی متوفی کے ترکہ کے اہتمام کے لیئے
مقرر کیا ہو۔

اڈمنسٹریٹیو۔ انتظامی۔

اڈورٹائزر۔ خبر دہندہ۔ اشتہار دینے
والا۔ سوداگری اخبار۔ اشتہار چھاپنے
والا اخبار۔

اڈیٹوریل۔ اڈیٹر کے متعلق۔ وہ مضامین
جو اڈیٹر خود لکھے۔

اڈوکیٹ۔ وکیل۔ سرکاری وکیل۔

اڈوکیٹ جنرل۔ اس مین سرکاری
اڈوکیٹ یعنی وکیل بھی شامل ہے۔ وہ عہدہ
دار بھی شامل ہے جس کو لوکل گورنمنٹ وقتاً
فوقتاً اس کام کے لیئے مقرر کرے۔ وکیل عام۔

اڈمرلیٹی۔ سررشتہ جہاز۔

اڈیشنل۔ زائد۔

اڈیشنل جج۔ زائد جج۔

ایذا۔ درد۔ تکلیف۔ دکھ۔ دکھ دینا۔ اذیت

ایذارسان۔ تکلیف پہونچانے والا۔
تشریح اسم فاعل ترکیبی ہے جو ایذا اسم
اور رسان امر حاضر سے مرکب ہے۔

ایذارسانی۔ تکلیف دہی۔ تکلیف دینا۔

آئرلینڈ۔ ایک جزیرے کا نام ہے جو گریٹ
برٹن (برطانیہ اعظم) کے قریب اُس کے مغرب
کی طرف واقع ہے اور گریٹ برٹن کے ساتھ
مل کر ایک مملکت متحدہ بناتا ہے۔

ایزاد کرنا۔ زائد کرنا۔ زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔

ایسٹ انڈیا کمپنی۔ تاجرون کی وہ جماعت
جس کو ایکٹ آف پارلیمنٹ کے بموجب حکومت
ہند سپرد تھی۔ اور اب ملکہ معظمہ نے وہ حکومت
خاص اپنے قبضہ اقتدار مین لے لی ہے۔
تشریح ایسٹ کے معنی مشرق۔ انڈیا کے
معنی ہندوستان یعنی وہ جماعت جو ہندوستان
کے مشرق کی طرف واقع ہے

ایسوسی ایشن۔ جماعت۔ مجلس۔

ایصال مالگزاری۔ مالگزاری کا پہونچانا
معاملہ کا ادا کرنا۔ لگان داخل کرنا۔

ایضاً۔ جیسے اوپر ہے حسب مراتب بالا۔
ویسا ہی۔ اسی طرح کا۔ وہی۔ وہ کا وہ
بجنسہ۔ جون کا تون۔ ہوبہو۔ بعینہ۔
تشریح یہ مفعول مطلق ہے اصل ایضاً
یعنی رجع رجوعاً لوٹا لوٹنا۔

ایفا۔ پورا کرنا۔ ادا کرنا۔ وفا کرنا۔ اسکی اصل وفا ہے

ایفائے خاص - خاص وفا کرنا - خاص پورا کرنا کسی خاص وعدے کا پورا کرنا۔
ایفائے ڈگری - ڈگری کو پورا کرنا حصول ڈگری (دیکھو ایفاء اور ڈگری)
ایفائے وارنٹ - وارنٹ کا پورا کرنا۔ وارنٹ پہونچانا تعمیل وارنٹ
ایکاونٹ بیگ - سب آفس اور سب آفس کے فیمابین نقدی اور قطعات اور دیگر ایسے توہلد وغیرہ کے محمول کرنے کے لیئے تیار کیا جاتا ہے جو حساب کے کام سے متعلق ہوں۔
ایکٹ - قانون - ضابطہ - قانون مجوزہ گورنمنٹ قواعد سیاست مدن - لغوی معنی کام عمل ہدایت کے ہیں
تشریح اکٹ غلط ہے (دیکھو اکٹ)
ایکونائٹ - بس - زہر۔
ایما - اشارہ - کنایہ - سر یا انگلیوں کا اشارہ مطلق اشارہ - رمز کنایہ - سین عندیہ منشاء بجائے حکم کے بھی بولتے ہیں۔

ایما کرنا - لغوی معنی انگلیوں کا اشارہ کرنا۔ اصطلاحی مطلق اشارہ کرنا - رمز کرنا کنایہ کرنا سین کرنا - اس کا استعمال بجائے حکم کے بھی ہوتا ہے۔
ایمہ - وہ زمین جو بادشاہ تھوڑے لگان پر دے - معافی زمین جو مسجد - گرجے یا مندر کے لیئے دی جائے - وہ زمین جو مغل دینی مطالب کے واسطے دیتے تھے اس کو گورنمنٹ نے قابل تبدیل و انتقال تسلیم کرلیا ہے۔
ائمہ بازیافت - وہ معافی زمین جس میں پھر جمع بحق پر ہو۔
آئندہ جو آگے آنے والا ہو مستقبل۔
آئین - قانون ضابطہ دستور العمل - ڈھنگ رسم رواج - ریت حکم - فرمان - درستی - شان شرع طرز روش - قاعدہ طریقہ طور عمل کام فتوی تیز
اینوئٹی - آمدنی سالانہ - سالانہ وظیفہ - قانون کے حکم کے مطابق عمل کرنا۔

ب

باساتھ - ہمراہ - مع - باوجود - باوصف
بااختیار - اختیار والا - مختار - مجاز جو قانونی اختیار رکھتا ہو۔
بااین ہمہ - باوجودے کہ - باوصفیکہ - ہرچند باوجود اس سب کے۔
باضابطہ - حسب دستور - حسب قاعدہ حسب معمول - موافق قانون - باقاعدہ حسب ضابطہ - باترتیب - آئینی - سنجیدہ۔

تشریح با کے معنی ساتھ۔ ضابطہ دیکھو ضابطہ میں۔

باقاعدہ۔ حسب دستور۔ ترتیب وار۔ باقرینہ۔ باموقع۔ باترتیب۔ باضابطہ۔ درست۔ سیدھا۔ بااسلوب۔ قاعدے کے موجب۔
تشریح با کے معنی ساتھ اور قاعدہ دیکھو قاعدہ میں۔

باب۔ دروازہ۔ راہ۔ گذر۔ معاملہ۔ کام۔ مقدمہ۔ مدعا۔ حق۔ اس سے اسی مجموعہ کا باب مراد ہوتا ہے جس میں یہ درج ہوتا ہے۔ کتاب کا حصہ۔ فصل۔ عنوان۔ دفعہ۔ حد۔ فرع۔ قسم۔ بابت۔ مقصد۔ مراد۔ مضمون۔ دربار۔

بابت۔ باعث۔ درباب۔ نسبت۔ لحاظ۔ بنظر۔ معاملہ۔ کارن۔ سبب۔ حساب۔ لیے۔ واسطے۔ مقدمہ۔ بے کی تقطیع جو خوشنویس اپنے شاگردوں کو مختلف طرح سے لکھواتے ہیں۔

بابو۔ لقب عزت جو باپ اور اُستاد اور دانا اور خاندانی اور جنٹلمین آدمی کو حاصل ہوتا ہے جیسے مسٹر وغیرہ۔ ایک تعظیمی خطاب جو بنگالیوں سے زیادہ مخصوص ہے۔ صاحب۔ جناب۔ حضرت۔ شہزادہ۔ راج کنور۔ شریف معزز آدمی۔ انگریزی نویس۔ کلرک۔ زبردست آدمی۔ زور آور۔

باپ۔ جو پیار رکھتا ہو۔ دادا۔ اگر دادا اسما
میں تلفیق کرنے والا باپ بھی شامل ہے۔ پتا۔ پدر۔ والد۔ بابا۔ دادا۔ بزرگ۔ برتر۔ اعلیٰ۔ افضل۔ گرو۔ اُستاد۔ کل الشیئت جو اوپر کو مذکوروں سے جاتی ہے۔ آبا۔ ولی۔

باپ تک جانا۔ باپ کی گالی دینا۔ کسی کے باپ کی نسبت بُرا بھلا کہنا۔

بات۔ بول۔ قول و قال۔ تذکرہ۔ سگائی۔ سنگنی۔ طعنہ۔ طنز۔ گلہ۔ شکوہ۔ عزت۔ حرمت۔ دعویٰ۔ قصور۔ الزام۔ وجہ ثبوت۔

بات بڑھانا۔

باتباع احکام۔ حکموں کی متابعت۔ طاعت اور فرمانبرداری سے۔

باتفاق۔ میل سے۔ اختلاط سے۔ ارتباط سے۔ اتحاد سے۔ رضامندی سے۔ موافقت سے۔ اچانک۔

باٹ۔ وہ وزن جس سے تول کا وزن معلوم کرتے ہیں۔ وزن کا پیمانہ۔ پٹا۔ راستہ۔ رستہ۔ سڑک۔ سنگ ترازو۔ وزن کرنے کے باٹ۔

باٹ و پیمانہ۔ حسب لغت قانونی دھارن صاحب ایسے آلے ہوتے ہیں کہ جن سے مال تجارت کی مقدار اور قیمت کا تعین کیا جاتا ہے کہ فریب اور مغالطہ کی گنجائش نہ رہے۔

باٹمری بانڈ۔ اقرارنامہ مکفولی جہاز۔ اس میں ہر قسم کی دستاویز شامل ہے جس کی رو سے مالک جہاز کا جو سمندر میں آمد و رفت رکھتا ہو روپیہ بکفالت

اس واسطے قرض لے کہ وہ اس جہاز کو سفر مین لے جا سکے۔ ایسا اقرار نامہ مکفولی جہاز کہلاتا ہے۔ مکفولی جہاز کا ایسا اقرار نامہ جس کی رو سے کسی جہاز کا ناخدا کسی قدر روپیہ مکفولی جہاز جہاز کی حفاظت یا منزل تک پہونچانے کے لیئے قرض لیتا ہے۔

باج ۔ محصول ۔ خراج ۔ کر ۔ زمین کا محصول جو بادشاہ کو دیا جاتا ہے ۔ تعلبندی ۔ ٹیکس ۔

باج گزار ۔ جو سرکاری محصول ادا کرتا ہے اور ٹیکس دیتا ہے ۔

باج گیر ۔ جو محصول لیوے ۔ محصول جمع کرنے والا ۔ معاملہ لینے والا ۔

باجرا ۔ تعمیل سے ۔ نفاذ سے ۔ جاری کرنے سے جیسے بولتے ہین باجراے ڈگری یعنی ڈگری جاری کرنے سے ۔

تشریح ۔ کے معنی سے ۔ اجرا مصدر ہے باب افعال سے بمعنی جاری کرنا ۔

باچھہ ۔ بھائی چارے کے علاقے کے حصہ دارون کی شرح رسدی ۔ ان کے حصون کی جمع کی معافی کا اندازہ ۔ مالگزاری مین باقی نکالنا بعض علاقون مین شرح بسوہ داری کے حصون کے مطابق ہوتی ہے اور بعض مین زمین کی قسم کے مطابق ہوتی ہے جو ہر حصہ دار سے زراعت کی جاتی ہے ۔ رسدی تقسیم سالانہ اور روے باچھ یعنی رعایا کی تحصیل مجری کرکے باقی ماندہ کو شرح لگان سے ادا کرنا ۔ جمعبندی خراج ۔ جمعبندی کرنا ۔ معاملہ کا تقسیم کرنا ۔ بیتی ۔ چندہ ۔ بہری ۔ گوشوارہ

باچھہ برار ۔ بندیل کھنڈ مین ایک معاوضہ جو اسامی زمینداروں کو دیتی ہے جس مین مال گزاری کے حصے بھی مالگان یا اسامیان سے واجب الادا ہوتے ہین ۔

باچھہ ڈالنا محصول کو جو چندے سے جمع کیا گیا ہو ادا کرنا

باد ۔ فصل کی کمی سے لگان مین تخفیف کرنا ۔ گھٹانا ۔ قضیہ ۔ جھگڑا ۔ نزاع ۔ قانونی دفعہ ۔ مقدمہ ۔ کمیشن ۔ اجازت ۔ الزام ۔ معاملہ ۔ کمی فصل ۔ دستوری ۔ خراج دینے کے وقت جو کسی قدر معاف کرا لیتے ہین ۔ نالش یون ۔ باو ۔ ہوا ۔

باد آبستنی ۔ وہ ہوا جو درختون اور زراعتوں کو باردار کرے ۔

بادبان ۔ پال ۔ وہ پردہ جو ہوا سے بھرنے کے واسطے ناو یا جہاز پر لگاتے ہین تاکہ جلدی چلے ۔

بادبروت ۔ سر دولت کی شیخی ۔ غرور ۔

بادشاہ ۔ پادشاہ ۔ مالک تخت ۔ سلطان ۔ مالک ملک ۔ راجہ ۔ راے ۔ مالک ۔ حاکم مختار ۔

تشریح صحیح پادشاہ بہ فارسی سے ہے

بادشاہت ۔ حکومت ۔ سلطنت ۔ ریاست ۔

فرمان روائی۔ شہنشاہی۔ بادشاہی برج
بادشاہی۔ راج۔ سلطنت۔ حکومت۔
بادشاہ ہونا۔
بادنا۔ مقدمہ لڑانا۔ جھگڑا کرنا۔
بادنما۔ ہوا دیکھنے کا نشان۔ وہ آلہ جس سے
ہوا کا رخ معلوم ہوتا ہے
بادی۔ مدعی۔ دعوے دار۔ نالش کرنے
والا۔ مستغیث۔ شریر آدمی۔ شروع کرنے
والا۔ ابتدا کرنے والا۔ ظاہر۔ کھلا ہوا۔
ہوائی۔ ہوا کا۔ نفاخ۔ باد انگیز۔ ریحی۔
بارد۔ سرد۔
بادی چور۔ دزد کامل۔ چوروں کا بادشاہ
کٹا چور۔ مشہور چور۔
بادی النظر پہلی نظر میں۔ دیکھتے ہی۔ ابتدائی
نظر میں۔ اول ہی دیکھنے میں۔
بار۔ بوجھ۔ ذمہ۔ دفعہ۔ فرصت۔ موقع۔ دن
دروازہ۔ پھاٹک۔ دربار۔ زیادتی۔
میوہ۔ یاداشت۔ وقت۔ باری۔ خدا کا نام
بزرگی۔ گرانی۔ انبار۔ نصیب۔ رخصت۔
دخل۔ کام۔ ہر چیز کی زیادتی۔ عورتوں
وغیرہ کا حمل۔ اسباب۔ مرتبہ۔ نوبت۔ غم
عدالت۔ مجلس۔ مسند عدالت۔ دشوار۔
ناگوار۔ دیر۔ سامان۔ یوم۔ عرصہ۔ سنیچر
ہفتہ کا روز۔ بھار۔ اجازت۔ لائسنس۔
پھل۔ ثمر۔ اندازہ۔

باربار۔ گھڑی گھڑی۔ متواتر۔ کئی دفعہ۔
نوبت بہ نوبت۔
باربردار۔ بوجھ اٹھانے والا۔ قلی۔ پلہ دار۔
لدو۔ حمال۔ پانڈی۔
باربرداری۔ اسباب لے جانے کا اسباب
وہ چوپائے جو بوجھ کھینچتے ہیں۔ گاڑی۔
چھکڑا۔ گاڑی اونٹ وغیرہ کا کرایہ۔ بوجھ
اٹھانے کا کرایہ یا خرچ۔ بوجھ لے جانا۔ بوجھ
اٹھوائی کی اجرت۔
بار تردید۔ تردید یا رد کرنے کا بوجھ۔ جواب دہی
کی ذمہ داری۔
تشریح تردید کے معنی رد کرنا۔ یہ مصدر
ہے باب تفعیل سے۔
بار ثبوت۔ ثابت کرنے کا بوجھ یا ذمہ۔ جب
کسی پر کسی واقعہ کا ثبوت ضروری ہو تو قانون
میں کہتے ہیں اس شخص پر بار ثبوت ہے۔
بار ثبوت منتقل کرنا۔ ثبوت کی ذمہ داری کو
دوسرے کے ذمے دینا۔
باران۔ مینھ۔ بارش۔ برکھا۔
بارانی۔ جو زمین بارش سے سیراب ہوتی ہے
چاہی۔ نہری۔ آبی۔ سیلابی کے سوا
سب بارانی ہے۔ وہ رقبہ جو دریا یا جھیل کے
باعث زیادہ تر رہتا ہے بارانی میں داخل ہے
برساتی کوٹ۔ اون کا لبادہ جو بارش کے
وقت اوڑھتے ہیں۔ بارش۔ موم جامہ۔ ترکونا

ایک قبیلہ کا نام ہے۔ وہ زمین جس کا تردد
بارش پر موقوف ہو۔ خلاف چاہی۔

بارشائی۔ غلے کے کاٹنے سے پیشتر فصل کا
بوجھوں میں تقسیم کرنا۔ بندیل کھنڈ میں اس کو
بوجھ بٹائی کہتے ہیں

بارگی۔ عہدۂ نظارت۔ عہدہ داروغگی۔

بارخاص۔ خاص اجازت۔ خاص پروانگی
دربار خاص۔ پنج کا اجلاس۔

بارخاطر۔ تکلیف دہ۔ اندوہ خاطر۔ ناگوار
خلاف طبع۔

باردار۔ حاملہ۔ پھل دار۔ بوجھ اٹھانے والا
پیٹ والی۔

باردانہ۔ صحیح باردان کسی چیز کے رکھنے کا برتن
خورجین۔ تھیلا۔ اسباب رکھنے و باندھنے کا
سامان۔ فوج وغیرہ کے کھانے کا سامان
انگڑ کھنگڑ۔ دکان کے برتن بھانڈے سوداگری
اسباب۔ باورچی خانہ کا اسباب۔

بارعام۔ اجازت عام۔ دربار عام۔

بارکش۔ گاڑی وغیرہ بوجھ اٹھانے والا آلہ
بوجھ اٹھانے والا۔

بارگاہ۔ اجلاس کی جگہ۔ دربار کی جگہ کچہری
محل بادشاہی۔

بارگ ماسٹر۔ فوجی مکانات کا محافظ۔
تشریح بارگ۔ بارک۔ اور بیرک فوج کے
سپاہیوں کا مکان۔ وہ بنگلے یا کوٹھیاں
جس میں سپاہ رہے۔ ماسٹر کے معنی محافظ

بارگیر۔ چروادار۔ سائیس۔ نفر۔ وہ سوار
جس کا ذاتی گھوڑا نہو۔ بوجھ اٹھانے والا
جانور۔ لدو گھوڑا اور اونٹ وغیرہ۔

بارہ۔ ماہیت۔ مطلب۔ مضمون۔ باب۔ معاملہ
بات۔ مقصود۔ حال۔ دعوی۔ بابت۔ ایکبار
دفعہ۔ ایک مرتبہ۔ دوازدہ۔ ۱۲۔ حصار۔
قلعہ۔ دیوار قلعہ۔ گھوڑا تیز۔ قاعدہ۔

بارہ باٹ۔ بارہ رستے۔ متفرق۔ تتر بتر
آوارہ۔ منتشر۔ حیران۔ متردد۔ برباد۔
ویران۔

بارہ پتھر۔ وہ چھاونی یا شہر کی حدود جنھیں
بارہ پتھروں سے گھیر دیتے ہیں۔ وہ نشان
جن کے اندر پاخانے نجاست وغیرہ سے
جرمانہ ہوتا ہے۔ یہ نشان اکثر شہروں کے
خاص فاصلہ پر لگایا جاتا ہے۔ عموماً بارہ
پتھر کا قطعہ میونسپل کمیٹی کی حفاظت میں
رہتا ہے۔ اس میں دفعہ ۴۴ کے اختیارات
نافذ ہوتے ہیں۔

باری۔ نمبر وار۔ نوبت۔ دفعہ۔ موقع۔ وقت
پہرہ۔ چوکی۔

باریاب۔ اجازت پانے والا۔ دربار کچہری
میں آنے والا۔

باری دار۔ پہرے چوکی والے محافظ۔
چوکی دار۔ دربان۔

تشریح ناہن کی بولی مین دربان کو بولا کہتے ہین۔ جو ملازم نوبت وار اور باری باری کام کرتے ہین۔

باری گاڈ۔ بواڈی کارڈ۔ محافظ تن۔ خوص وہ سوار جو بادشاہ کی حفاظت کے واسطے ہمراہ رہتے ہین۔

باڑ۔ خط۔ حاشیہ۔ کنارا۔ احاطہ۔ چار دیواری باڑہ۔ دھار۔ دم شمشیر۔ حد۔ کنار۔ کورہ سپاہیون کی صف۔ سپاہیون کی قطار بوچھاڑ۔ سلک۔ کانٹون کی احاطہ بندی کئی توپون بندوقون کا ایک لخت فیر۔ طغیانی دریا۔

باڑا۔ احاطہ۔ گھیرا۔ دائرہ۔ رقبہ۔ ڈنگل۔ چار دیواری۔ خیرات جو شادی کے موقع پر دیتے ہین۔ کٹھرا۔ گورستان۔

باڑا دینا۔ بیاہ کے موقع پر بیٹے والا خود یا کسی کی معرفت فقرا اور کنگالون کو ایک احاطہ مین جمع کرکے حسب توفیق ایک ایک پیسہ یا دُونی یا روپیہ وغیرہ فی نفر دیکر احاطے سے باہر نکالتا جاتا ہے۔

باڑی۔ غلہ کے بیج کا جنس پر منافع دینا باغ۔ کھیت۔ زراعت۔ روئی کا کھیت کپاس۔ مسکن۔ جائے سکونت۔ باغچہ باغیچہ۔ بستان سرائے چھوٹا سا چمن جو مکان کے اندر لگاتے ہین یا مین باغ۔

باز۔ نام جانور شکاری۔ وہ فاصلہ جو دونون کھلے ہاتھون کے درمیان ہو۔ کشادہ نشیب۔ نیز۔ تفرقہ۔ طرف۔ جانب۔ گذرگاہ۔ جدا۔ باج **باز آنا**۔ رُکنا۔ ہٹ جانا پھر۔ واپس۔ دوبارہ۔

بازار۔ ہر ایسے موقع پر دلالت کرتا ہے جہان تجارت ہوتی ہو۔ اور جہان دُکان و گدام ہون۔ خرید و فروخت کی جگہ۔ اصطلاح مین نفع و معاملہ۔ رونق و رواج کو بھی کہتے ہین ہاٹ۔ پینٹھ۔ چوہٹا۔

تشریح یہ لفظ اصل مین ابازار ہے۔ اباکے معنی سودا۔ اور زار کے معنی جگہہ یعنی سودے کی جگہہ۔ یہ ظرف مکان ہے

بازار بٹا۔ کسوٹی منہائی۔ باوھا۔ دستوری

بازار خرچ۔ جیب خرچ۔ روزمرہ کا خرچ

بازار گرم ہونا۔ بخوبی خرید و فروخت ہونا بازار کا رونق پر ہونا کسی چیز کا زور پر ہونا غلبہ ہونا۔

بازارو۔ بازار کی بکری کی چیز۔ چلتو چیز۔ ہلکی قیمت والی چیز۔ کسی چیز کا معمولی نمونہ جو عام طور پر بازار مین تیار ہوتا ہے۔

بازاری۔ عام۔ معمولی۔ مروج **بازار نشین** اوباش۔ شہدے۔ بے اعتبار۔ جو بازار کے متعلق ہو۔ رواجی۔ رائج الوقت۔ اس مین یؔ نسبتی ہے۔

بازاری عورت - کسبی - بیسوا - پاتر -

بازاری قیمت - عام بھاؤ - مروج نرخ - معمولی اور مشہور شرح -

باز آمد احکام عدالت کے احکام کی واپسی عدالت کے حکمون کا واپس آنا -

تشریح باز بمعنی واپس - آمد آنا - احکام جمع ہے حکم کی -

بازپرس - پوچھ پاچھ - خفیف تحقیقات کرنا - جواب دہی - ذمہ داری - پوچھ گچھ - محاسبہ مواخذہ - بازخواست - تحقیقات - پوچھنا - لفظی ترجمہ پھر پوچھنا -

بازپرس کرنا - جواب طلب کرنا - استفسار کرنا - تحقیقات کرنا - مواخذہ کرنا - سوال کرنا - پوچھنا - سبب دریافت کرنا - قانونی اظہار طلب کرنا -

بازخواست - مطالبہ - پھر مانگنا - دی ہوئی چیز کا واپس مانگنا

بازخواہ - جواب طلب کرنے والا - تحقیقات کرنے والا -

بازدعوی - نالش کا واپس لینا - دعوی سے دست بردار ہونا - دعوی پھر لینا - دعوی روک لینا - دعوے سے باز آنا - دعوی ہٹا لینا - دعوی چھوڑ دینا - دعوے سے کنارہ کرنا - دعوی نکالنا - دعوی واگذاشت کرنا -

بازدہی - اعادہ - واپسی - استرداد - واپس دینا -

باز رکھنا - روکنا - بے جا طور سے روکنا - تھام کرنا - منع کرنا - قید کرنا - نظربند کرنا ٹھہرانا - ملتوی کرنا -

باز رہنا - ہٹ رہنا - رک جانا -

بازگشت - واپسی - مراجعت - اعادت - پیچھے ہٹنا - لوٹنا - پھر کر آنا -

بازگو - دوبارہ بیان کرنے والا - ہٹ کر کہنے والا -

بازگیری ضبطی معاملہ - واپس لینا -

بازنامہ - واگذاشت کا وثیقہ - عرضی دست برداری - درخواست واگذاشت - درخواست واپسی - درخواست کنارہ کشی -

بازو - قوت - استعداد - ڈنڈ - ڈنڑ - کہنی سے شانہ تک کا حصہ - عضد - جناح پرندون کے جسم کا وہ حصہ جس مین شہپر ہوتے ہین - پہلو - اطراف - دائین بائین کی فوج - میسرہ اور میمنہ - ثانی - جواب - مقابل دوسرا برابر کا - سگا بھائی - دوست - معاون مددگار - دست گیر - مرثیہ خوانون کا جوڑی دار - جو جواب پڑھتا ہے -

بازودعوی - بازو کا دعوی - (دیکھو بازو عورت)

بازوعورت - عورت کا ڈنڑ - عورت کا ڈنڈ

یہ اپنی عورت لینے کا ایک دعوی ہوتا ہے
جو بصورت عورت کے ساتھ نہ رہنے کے کیا
جاتا ہے

تشریح۔ اگر عورت بلا وجہ موجہ کے ڈگری
ہونے پر بھی خاوند کے ہمراہ جانے پر رضا
مند نہو تو اُس کو قید ہو سکتی ہے مگر اس
صورت میں جیل کا خرچ و نان و نفقہ خاوند
کے ذمے ہوگا۔

بازی کھیل۔ تماشا۔ کرتب۔ شرط بدنی۔ کلا کرنا
داؤں۔ چال۔ فریب۔ دھوکا۔ جیت۔ شرط
قرعہ ڈالنا۔ جوا کھیلنا۔ دغا۔

بازیافت منتقل شدہ زمین کو کلا یا جزواً ضبط
کرلینا۔ اعادہ لگان کرنا۔ وہ مال مسروقہ
جو پورا یا کچھ مل گیا ہو۔ خریدنا۔ پانا۔ بادھا
چھوٹ۔ حاصل۔ کٹوتی۔ نتیجہ۔

تشریح مال مسروقہ کی بازیافت مشہور
ہے۔ دیکھو پولیس کے ہتھکنڈے۔ اول
مال مسروقہ کی فہرست لکھاتے وقت رپورٹ
کنندہ کو دھمکا کر اور اُسی کے ذمے الزام سرقہ
لگا کر یا اُس کے زنانوں کو نامزد کر کے رپورٹ
درج ہی نہیں کرتے۔ اور اگر کرتے بھی ہیں
تو یوں ہی ایک ردی کاغذ پر لکھ لیتے ہیں اور
اصل رجسٹر وغیرہ پر نہیں چڑھاتے اور نہ کونسٹر
فائل چاک کرتے ہیں۔ اگر مجبوراً مال مسروقہ کی
فہرست کا درج کرنا ضروری ہوتا ہے تو پھر

رپورٹ کنندہ سے ناجائز دباؤ سے تعداد
اور قیمت مال مسروقہ کم درج کرواتے ہیں اور
اس میں رعایا کا بہت نقصان ہوتا ہے جس
پر گورنمنٹ کی زیادہ توجہ مطلوب ہے۔

باستثناء۔ سوائے۔ فقط علیحدہ کرنے
سے۔ الگ کرنے سے۔ جدا کرنے سے۔
باہر نکالنے سے۔

باسترضائے۔ رضامندی سے۔ رضا کی
طلب کرنے سے۔ خوشنودی سے

باستشفاع۔ سفارش سے شفاعت
چاہنے سے۔

باستشہاد۔ شہادت چاہنے سے۔ گواہی
طلب کرنے سے۔

باستصلاح۔ صلاح پوچھنے سے مشورہ
لینے سے۔

باستطلاع۔ اطلاع چاہنے سے۔
آگاہی ڈھونڈنے سے

باستفتاء۔ فتوی چاہنے سے مسئلہ پوچھنے
سے۔ کسی عالم سے فتوی لینے سے۔

باشندہ۔ اس سے مراد ہر ایسا شخص ہے
جو کسی ایسے رقبہ یا مقام میں ہو جو ایکٹ میونسپلٹی
کے موافق میونسپلٹی قرار دیا گیا ہو۔ یا جس
کی نسبت لوکل گورنمنٹ نے بذریعہ اشتہار
یہ تجویز کی ہو کہ وہ ایکٹ مذکور کے بموجب
میونسپلٹی قرار دیا جاوے عام طور پر رہتا ہو

باکاروبار رکھتا ہو۔ یا جائداد منقولہ یا غیر منقولہ
کا قابض یا مالک ہو۔ ساکن۔ باسی۔ رہنے
والا بسنے والا۔ دیسی۔ رہایشی۔
تشریح یہ اسم فاعل قیاسی کا صیغہ ہے
اس کے بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ امر حاضر
کے بعد کسرہ دیکر ندہ لگا دیتے ہین جیسے یہان
باش کے بعد کسرہ دیکر ندہ لگایا گیا ہے

باطل جھوٹا۔ بے اصل۔ دروغ گو۔ ناجائز۔
کالعدم۔ مسترد۔ ضایع۔ نکما۔ دروغ۔ جھوٹ
کھوٹا۔ ناحق۔ غلط۔ لغو۔ بے فائدہ۔ باد
ہوائی۔ بیکار۔ مصنوعی۔ نقلی۔ جعلی۔ بناوٹی
ساختہ۔ بیہودہ۔ پوچ۔ لاحاصل۔

باطل تصور کرنا۔ ناجائز خیال کرنا۔ جھوٹا
سمجھنا۔ مقدمہ مین جھوٹا سمجھنا یا تصور کرنا۔
یا خیال کرنا۔ (دیکھو باطل)

باطل کرنا۔ مسترد کرنا۔ جھوٹا بنانا۔ بگاڑنا
بے تاثیر کرنا۔ جھٹلانا۔ غلط ٹھہرانا۔ رد کرنا۔
منسوخ کرنا۔

باطن۔ دل۔ طبیعت۔ مزاج۔ اندرونی حصہ
اندرون۔ اندر۔ پوشیدہ۔ قلب۔ بھید۔

باعتبار۔ بموجب۔ مطابق۔ بھروسہ پر۔ بھروسہ
کرنے پر۔ ایک کو دوسرے پر قیاس کرنے پر
نصیحت پکڑنے سے۔ امتحان کرنے سے۔

باعث۔ سبب۔ موجب۔ وجہ۔ اٹھانے
والا۔ کارن۔ علت۔ موجد۔ مخترع۔ اصل
حقیقت۔ بنیاد۔

باعث اشتعال طبع۔ ایک امر جس کے
سبب سے کسی کی طبیعت مین اشتعال
یعنی بھڑکن یا غصہ پیدا ہو۔
تشریح۔ اشتعال مصدر باب افتعال
سے ہے اس کا مجرد شعل شعلہ ہے۔ مجازاً
بھڑکنا۔

باغی۔ نافرمان۔ گردن کش۔ پھرا ہوا۔ نمک
حرام۔ بے وفا۔ بے ایمان۔ مفسد۔ منحرف
برگشتہ۔ بدباطن۔ ہنگامہ برپا کرنے والا
حاکم سے پھرا ہوا۔ دنگئی۔ متمرد۔ بغاوت
کرنے والا۔ سرکش۔

باقی۔ بچا ہوا۔ بقایا۔ باقیات۔ جو رقم قابل
وصول ہو۔ بچی ہوئی چیز۔ مابقی۔ بچت
بقیہ۔ پایندہ۔ قایم۔ دیرپا۔ غیرفانی۔
موجود۔ واجب الادا۔ واجب الوصول
دین۔

باقی بھیج۔ کرایہ کا بقایا۔ (تشریح باقی و
بھیج دیکھو باقی اور بھیج مین)

باقی جمع۔ معاملہ کی وہ رقم جو سابقہ سالون کے
معاملہ مین سے باقی رہی ہو۔

باقی حساب۔ بقایا حساب۔ باقی ماندہ حساب

باقی دادنی۔ وہ بقایا جو واجب الادا ہو
دینے کے لائق باقی۔
تشریح اس مین دادنی لیاقت کی ہے جیسے

کشتنی۔ سوختنی۔ گردن زدنی وغیرہ۔
باقی دار۔ وہ شخص جس کے ذمے کچھ روپیہ باقی رہے۔ دیندار۔ ضامن باقی۔ معاملہ کا باقی دار
باقی غیر ممکن الوصول۔ وہ بقایا جس کا وصول ہونا ناممکن ہو۔ ناقابل وصول بقایا۔ ڈوبی ہوئی رقم جس کی ادائگی نہو سکے۔ ممتنع الحصول بقایا۔ لاعلاج باقی ہاتھ نہ آنے والی باقی۔
باقی فرضی۔ برائے نام بقایا۔ خیالی باقی۔ مانی ہوئی باقی۔ اعتباری باقی۔
باقی لگان۔ لگان کا بقایا۔ جو قسط لگان تاریخ مندرجۂ اقرارنامہ حسب قانون پر ادا کیجائے
باقی مالگزاری۔ مالگزاری کا بقایا آمدنی بیداد کا بقایا۔ محصول۔ خراج یا محاصل کا بقایا
باقی ادا کرنا۔ بقایا ادا کرنا۔ نقص کو دور کرنا عیب کی درستی کرنا۔
باقی پڑنا۔ واجب الادا رقم کا باقی رہنا۔ واجب الادا رقم کی باقی۔ بقایا رہنا۔
باقی کی کیفیت۔ بقایا کی حالت۔ بقایا کی حقیقت۔
باقی کی معافی معاف کرنا بقایا کا۔ رعایت کرنا۔ بقایا کا بخشنا یا چھوڑ دینا۔
باقیات۔ بقایا۔ غیر سودی۔ غیر وصول۔ جو وصول شدہ نہو۔
باقیات حال۔ جاری بقایا۔ زمانۂ موجود کی بقایا۔ چلتا ہوا بقایا۔ نافذ بقایا۔ مستعمل بقایا۔ مروج بقایا۔ جاری بقایا۔ رائج بقایا۔ روان بقایا۔
باقیات حساب روان چلتے حساب کی بقایا۔ جاری حساب کی بقایا۔
باقیات دائرالوصول۔ بقایا جو وصول یابی کے سلسلے میں ہو۔
باقیات ماضیہ۔ گذشتہ بقایا۔
باقیات مشتبہ الوصول۔ وہ بقایا جن کا وصول ہونا شکی ہو۔ محتمل الوصول بقایا۔
باقی دار مال جس کے ذمے لگان کی بقایا ہو۔ جس کے ذمے معاملہ باقی ہو۔
باقی ماندہ۔ تتمہ۔ بچت۔ بقیہ۔ باقی۔
باقی یافتنی۔ بقایا قابل وصول۔ پانے کے لائق بقایا۔ بقایا لینے جوگ۔
تشریح یافتنی بن ی لیاقت کی ہے۔ جیسے کشتنی و سوختنی وغیرہ میں۔
باکرہ۔ کنواری۔ بن بیاہی۔ ناکدخدا عورت۔ بے نکاحی۔ دوشیزہ۔ چیرابند۔ کنیا۔ یکردالی
باکھل۔ مویشیون کا باڑا۔ بگڑ باڑا۔ احاطہ۔ چند گھرون کا محلہ۔
بالا بالا۔ اوپر ہی اوپر۔ الگ ہی الگ۔ بے اطلاع۔ چپکے ہی چپکے۔ پرے ہی پرے
بالاجمال بہیئت مجموعی۔ مجمل طور پر۔ مجملاً۔ اجمال کے ساتھ۔ مل کر۔ بالاجماع۔ بالاشتراک۔

بالارادہ۔ قصداً۔ عمداً۔ جان بوجھ کر۔ اپنی خوشی سے۔ بغیر ترغیب اوروں کے اپنے ارادے سے۔ عمداً۔

بالائی۔ بلندی۔ اونچائی۔ علاوہ۔ غیر معمولی۔ اوپری۔ اوپر کی۔ دودھ کی ملائی

بالائی یافت۔ غیر معمولی آمد۔ دستوری تنخواہ کے علاوہ یافت۔ رشوت۔

بالاستحکام پیوستہ۔ مضبوطی سے ملا ہوا جیسے گھر کی چھت دیوار سے۔

تشریح استحکام مصدر ہے اور پیوستہ پیوستن کا اسم مفعول ہے۔

بالاشتراک۔ مشارکۃً۔ ساجھے میں لینا۔ شراکت میں لینا۔ پکڑ لینا۔ شراکت سے

بالاشتمال۔ شمول سے۔ شامل ہونے سے۔

تشریح اشتمال مصدر ہے شامل شمول مشمولہ اسی کے مجرد ہیں

بالاصول۔ با اصول۔ از روے اصول۔ اصول جمع اصل کی ہے۔

بالانفراد۔ فرداً فرداً۔ علی حدہ علی حدہ۔ جدا جدا۔ الگ الگ۔ تنہا تنہا۔ منفرد ہونے سے اکیلے پن سے۔

تشریح انفراد مصدر ہے فرد سے نکلا ہے منفرد و منفرداً اسی سے نکلے ہیں۔

بالتخصیص۔ خصوصاً۔ خصوصیت سے۔ علی الخصوص۔ خاص کر۔ خاص کرنے سے۔

بالاختصاص۔ بالخصوص۔ خاصۃً۔ تخصیص مصدر ہے

بالتصریح۔ مفصلاً۔ ظاہراً۔ تشریح کے ساتھ شرحاً۔ تفصیلاً۔ تفصیل سے۔ تفصیل وار صراحۃً۔ وضاحۃً۔ توضیحاً۔ شرح کھول کر صاف صاف۔ بلا ابہام۔ بالتفصیل۔

بالتفصیل۔ تفصیلوار۔ الگ الگ۔ پتہ وار مفصل طور سے۔

بالجملہ۔ حاصل کلام۔ خلاصہ۔ الحاصل۔

بالخصوص۔ خصوصاً۔ خاص کر۔ خصوصیت سے (دیکھو بالتخصیص)

بالراس۔ سر سے۔ بولتے ہیں بالراس والعین یعنی بسر و چشم۔ سر اور آنکھ سے۔ راس کے معنی سر۔

بالعکس۔ خلاف۔ اُلٹ۔ ضد۔ برعکس۔ اُلٹا برخلاف۔

بالعلم۔ علم سے۔ دانستگی سے۔ علماً۔ بطور علم بذریعہ علم۔

بالعموم۔ عام طور پر۔ عام طریق سے۔ عموماً۔ بالتعمیم۔

بالفرض۔ مان لینے سے۔ فرض کر کے۔ قبول کر کے۔ فرضاً۔ فرضی طور پر۔ مان کر۔ از روے فرض۔ مانا۔ تسلیم کیا۔ مانا گیا۔ ماننے سے۔

بالفعل۔ ابھی۔ موجودہ۔ حال میں۔ اسی وقت

سامنے۔ سردست۔ فی الحال۔ ظاہر میں۔

بالقوہ۔ ساز روے قوت کے۔ قوت میں۔ در اصل حقیقت میں۔ باطن میں۔

بالکل۔ سراسر۔ سراپا۔ تمام وکمال۔

بالمشافہہ۔ دوبدو۔ روبرو۔ آمنے سامنے منھ در منھ۔

بالمقابل۔ روبرو۔ سامنے۔ آمنے سامنے۔

بالمقطع۔ مجمل طور پر۔ مجملاً۔ ایک پٹہ جس سے اجارہ دار کوئی مقررہ رقم ہل پیچھے یا بیگھہ پیچھے ادا کرے اور کسی آیندہ مطالبہ کا ذمہ دار نہو۔ ایک اقرارنامہ جس کے ذریعے ایک مزروعہ زمین کے مقررہ لگان کی ادائگی کا اقرار کیا جاے۔ اور ٹھیکہ کے جاری رہنے تک کسی قسم کی بیشی اس پر نہ کی جاے چکتا۔ قطعی۔ کوتاہ کوتا۔ منقطع۔

بالمقطع جمع۔ بالمقطع یا مجمل لگان یا مالگزاری جمعبندی کا عہد وپیمان۔ قول وقرار خراج

بالائی باچھ۔ اوپر کی باچھ۔ وہ باچھ جو بالا بالا ہوئی ہو۔ (دیکھو باچھ)

بالادست۔ اعلی۔ اعظم۔ فائق۔ بزرگ تر۔ بالاتر۔ غالب۔ افضل۔ بہتر۔ زبردست۔

بالغ۔ خاص مقررہ عمر تک پہونچنے والا۔ سیانا۔ بلوغ کو پہونچا ہوا۔ سن شباب والا۔ پختہ۔ پورا۔ رسیدہ۔ رسا۔ پہونچنے والا۔ اٹھارہ برس سے زیادہ عمر کا۔ پورا مرد۔

بالغہ۔ جوان عورت۔ پوری عورت۔ اٹھارہ برس سے زیادہ عمر کی عورت۔

بالغہ بالسن۔ عمر کے اعتبار سے بالغہ۔ مسلمانوں کے مذہبی قانون میں اگر ایک عورت میں عورت ہونے کی علامات مقررہ ۹-۱۰-۱۱ یا ۱۴ برس تک کی عمر میں پائی جائیں تو اس کو بالغہ بالعلامات کہتے ہیں اگر ۱۴ سے اوپر ہونے پر بھی کوئی علامت ظاہر نہو تو اس کو ۱۵ سال ہونے پر بالغہ بالسن کہتے ہیں۔

تشریح۔ بالغہ کے معنی حد بلوغ کو پہونچنے والی اور ب کے معنی سے اور سن کے معنی سال۔ یعنی بالغہ باعتبار سال۔

بالغہ بالعلامات۔ علامات کے اعتبار سے بالغہ۔ وہ عورت جس میں علامات بالغ ہونے کے پائے جائیں مسلمانوں کے مذہبی قانون میں اگر ایک عورت میں عورت ہونے کی علامات مقررہ ۹-۱۰-۱۱-یا ۱۴ تک کی عمر میں پائے جائیں تو اس کو بالغہ بالعلامات کہتے ہیں۔

بالک چوری۔ لڑکوں کو پھسلا کر لے جانا۔ بچوں کو بہکا کر لے جانا۔ اغواے اطفال۔

بالوبرد۔ وہ زمین جو طغیانی سے اور بالو آجانے سے قابل زراعت نہ رہی ہو۔ جو ارضی کثرت ریت سے قابل زراعت نہ رہے

بالوچر۔ جو زمین کثرت ریت سے گر گئی ہو اور

ریت جمع ہونے سے ریت کا کنارہ ہو گیا ہو
بال ہتیا۔ بچہ کشی۔ اسقاط جنین۔
بانٹ۔ قرعہ ڈالنا۔ تقسیم کرنا۔ تقسیم۔ بٹوارہ
قسمت حصہ۔ بخرہ۔ بھاگ۔ باچھ۔ خارج
قسمت۔ بانٹ تو لنے کے۔ گائے بھینس
کی خوراک جو دودھ دوہنے کے وقت رکھتے
ہین (پنجابی) بانڈ۔ ونڈ۔
بانجھ۔ بنجر زمین جس مین کچھ پیدا نہین ہوتا۔
اور سر شور وہ عورت جس کے حمل نہ رہے
عقیمہ۔ عاقرہ۔ نام درخت۔
باندھ۔ بندھ۔ بند۔
بانس واڑی۔ بانسون کی زراعت۔ بانسون
کا جنگل۔
بانگر۔ اونچی زمین۔ اوپر کی زمین۔ بٹ کے
خلاف۔ کھادر زمین۔ وہ زمین جس پر سیل
رود دریا نہ گذرا ہو
بانی۔ بنا ڈالنے والا۔ بنانے والا۔ موجد۔
مخترع۔ جڑ۔ باعث۔ سبب۔ چشمہ۔ منبع
نکاس۔ آغاز۔ شروع کرنے والا۔ پہلا۔ اول
جیسے بولتے ہین بانی فساد یعنی فسادی اور
فساد کی نبیاد ڈالنے والا۔
بانی کار۔ موجد کار۔ واقف کار۔ چالاک۔
ہوشیار۔ تجربہ کار۔ تیز۔ ستفنی۔ سخت لچا۔
باوٹا۔ جھنڈا۔ نشان۔ پھریرا۔ ایک قسم کا
گہنا جو ہندنیان بانہہ مین پہنتی ہین۔ بج

بائی تشنج۔ اینٹھن۔
باوجود۔ باوصفیکہ۔ حال آن کہ۔ با این ہمہ
اگرچہ۔ (دیکھو با این ہمہ)
باور۔ یقین۔ بھروسہ۔ اعتبار۔ اعتماد۔
باور کرنے کی وجہ۔ بصورت موجودگی وجہ
کافی باور کرنے کسی امر کے بولتے ہین۔
باور کرنا بمعنی اعتبار کرنا۔
باوصف۔ باوجود۔ باآن کہ۔ اس حال سے
باولا۔ وہ شخص جس کے دماغ مین ہوا بھری
ہو۔ پاگل۔ دیوانہ۔ سڑی۔ سودائی۔ خبطی
بے وقوف۔ احمق۔
باولی۔ ایک بڑا تالاب یا کنوان جس مین اترنے
کی سیڑھیان ہون جن سے مسافر گرمی کے
موسم مین بآسانی پانی پی سکین۔ اور اس
کی چھتی ہوئی جگہہ مین آرام کر سکین۔ پاگل
عورت۔ فریب۔ جال۔
بادنی۔ بیج بونے کا وقت۔ روہیلکھنڈ اور
بنارس مین پاوک کہتے ہین اور دلی مین
برا بولتے ہین۔
باہم۔ مل کر۔ آپس مین۔ ساتھ ساتھ۔ فیما بین
بایکدیگر۔ طرفین سے۔ باخود۔ میل ملاپ
سے۔ بالاشتراک۔ بالاتفاق۔ درپردہ۔
پوشیدگی مین۔ چپ چپائے۔
باہن۔ زمین جو بونے کے لیئے تیار کی گئی ہو
باہی ہوئی زمین۔ وہ زمین جس مین ہل

پچھڑ اگیا ہو۔ دیوتاؤن کی سواری۔ جوتی ہوئی زمین۔

باہنا۔ جوتنا۔ کھیتی کرنا۔ کاشتکاری کرنا تردد کرنا۔ کاشت کرنا۔ درست کرنا۔ پھیلانا کھولنا۔ پھاڑنا۔ ہل چلانا۔ درپے ہونا۔

بایع۔ بیچنے والا۔ مبادلہ کرنے والا۔ معاوضہ کرنے والا۔ فروشندہ۔ فروخت کنندہ کبھی اس کے معنی خریدنے والے کے بھی آتے ہین۔

تشریح۔ بایع اسم فاعل ہے بیع کا۔

بالیسی۔ وہ شاہی لشکر جس مین تئیس صوبہ کی پلٹنین ہون یا وہ صوبہ جات جو مغلون کے تحت مین ہون۔ بائیس ہزار آدمیون کا افسر۔ بالسی ٹوٹنا لشکر کے ساتھ ایک دفعہ حملہ کرنا۔ (پنجابی) اعلیٰ درجے کی جائداد۔

ببا د لفظی تکرار جھگڑا۔ مباحثہ۔ مقدمہ۔ نزاع عدالت۔ بحث۔

ببادی۔ جھگڑالو۔ مدعی۔ مباحث۔ بحث کرنے والا حجتی۔ فسادی۔ بکھیڑیا۔ معترض۔ تکراری۔

بپابندی۔ پابند ہونے سے۔ قید ہونے سے۔ ضبط سے

بتلیسمہ۔ (دیکھو اصطلاغ)

بُت۔ شکل۔ صنم۔ صورت۔ مورت۔ تصویر۔ شبیہ۔ نقشہ۔ مورتی۔ پتلا۔ لعبت معشوق۔ بے حس۔ خاموش۔ گنگ۔ صُم۔ مدہوش۔ احمق۔ مورکھ۔ بے وقوف۔ وہ تختہ جس پر جواری لوگ کوڑیان یا نردین رکھ کر کھیلتے ہین یہ جواریون کا لفظ ہے پرتمہ۔ وہ صورت جو پتھر اور پیتل وغیرہ کی بنا کر پوجین۔

بُت پرست۔ مورتی پوجا کرنے والا۔ عاشق

بُت خانہ۔ مندر۔ بت کدہ۔

بُت شکنی۔ مورتی توڑنا۔ مورتی کو شکستہ کردینا۔ مورتی پوجا چھوڑنا۔

بتراضی طرفین۔ دونون طرف کی رضامندی سے۔ مدعی و مدعا علیہ کی رضامندی سے متعاقدین کی رضامندی سے۔

بترسیل ڈاک۔ ڈاک بھیجنے سے۔ ترسیل مصدر ہے جس کے معنی بھیجنا۔

بتوسط۔ بتوسل۔ بذریعہ۔ بوسیلہ۔ بواسطہ

بٹ۔ حصہ۔ ٹکڑا۔ تقسیم شدہ۔ موازنہ۔ تولنے کا وزن۔ وہ شکن جو بیٹ یا گردن وغیرہ مین پڑجاتی ہے بسبب فربہی کے۔ لیک راہ۔ پگڈنڈی۔

بٹائی۔ زراعت کرنے والے اور زمین دار کے درمیان غلہ اور اناج کی تقسیم۔ کنکوت تقسیم تفریق۔ بٹوارہ۔ غلہ تیار ہو کر بٹنے کا موسم بٹنے کی اجرت

بٹائی دار۔ وہ زمین دار جو فصل کا حصہ مالک

سے بانٹتا ہو۔

بٹمار ۔ راہ مار۔ لٹیرا۔ راہزن۔ ڈکیت۔ قزاق۔ قطاع الطریق۔

بٹوار ۔ محصل۔ محصول جمع کرنے والا۔ افسر پولیس جو محصول جمع کرنے کو سڑک پر ٹھہرا ہو۔

بٹوارہ ۔ جائداد کی تقسیم۔ تقسیم محال کے اجزا کو ایک دوسرے سے بالکل قطع کر کے علی حدہ محال بنانا۔ تقسیم زمین۔ تقسیم حصہ بخرہ۔

بٹوارہ خانگی ۔ پرائیوٹ تقسیم۔ بیچ کی تقسیم

بٹوارہ دہ پٹی داری ۔ اس سے مراد اس قسم کی ملکیت کی ہے جس کے ذریعے سے محالات زمینداری و پٹی داری غیر مکمل بصورت پٹی داری سہل ہو جاتے ہین۔ یا ایک گانون ما بین کھیوٹ داران بقبضہ جداگانہ منقسم ہو جاتا ہے جس سے جوڑ زمینداری مشترکہ و استحقاق شفع جاتا رہتا ہے۔

بٹوارہ سرکاری ۔ سرکاری طور پر تقسیم۔

بٹوارہ غیر مکمل ۔ اس سے مراد ہے کہ کسی جائداد کی تقسیم دو یا کسی ایسی جائداد مین ہو جائے جو بالاشتراک ذمہ دار مال گزاری مشخصہ کل جائداد کے ہون۔

بٹوارہ مکمل ۔ اس سے یہ مراد ہے کہ کسی محال کی تقسیم دو یا کسی نمبر محال مین ہو جائے اس سے یہ بھی مراد ہے کہ تقسیم محال چند محال مین ہو جائے۔

بٹوری ۔ وہ معاملہ یا محصول جو دیہاتی دکانداروں پر لگایا جاتا ہے

بٹہ ۔ چھوٹ۔ منہائی۔ بادہ۔

بٹہ لگانا ۔ کٹوتی کاٹنا۔ کمی پوری کرنا۔ عیب لگانا۔ کلنک لگانا۔

بٹہ پر خریدنا ۔ منہائی پر خریدنا۔

بجا ۔ جا سے۔ ٹھیک۔ درست۔ سچ۔ بے شک۔ راست۔ صحیح۔ مناسب۔ جائز۔ لازم۔ لائق۔ زیبا۔ کیفیت کے مطابق۔

بجا آوری ۔ انجام دہی۔ تکمیل۔ انصرام اجرا۔ نفاذ۔ تعمیل حکم۔ تعمیل۔

بجٹ ۔ ملکی جمع خرچ کا حساب۔ سالانہ محکمہ جات کا حساب۔ حساب۔

بجز ۔ سوا۔ سوائے۔ ماورا۔ الا۔ مگر۔ بغیر

بجلدو ۔ انعام مین۔ صلہ مین۔ بدلہ مین۔

بجنسہ ۔ ہو بہو۔ جون کا تون۔ ویسا ہی بعینہ۔ ٹھیک ٹھیک۔ دراصل۔ حقیقتاً بنفسہ۔ کل۔ سب کا سب۔ ہمگی۔ جملگی۔

بجھوتا ۔ ایک حساب سالانہ کا اوسط جو بٹواری مالکان گانون سے کرتے ہین

بچانا ۔ حفاظت کرنا۔ چھپانا۔ پناہ مین لینا آڑے آنا۔ پناہ دینا۔ حمایت کرنا۔ کنارہ کرنا۔ ہٹانا۔ رکھنا۔ جمع کرنا۔ جوڑنا۔ بری کرنا

روکنا۔

بچت۔ بقایا۔ بقیہ۔ تتمہ۔ بچا ہوا۔ حاصل۔ سود۔ مابقی۔ باقی۔ صرف کرنے سے جو کچھ رہ گیا ہو۔

بحال۔ اپنی حالت پر قائم۔ برقرار۔ ایک حالت پر۔ بدستور۔ ٹھہرا ہوا۔ خوش۔ اچھی حالت میں۔ تن درست۔

بحالت بیوگی۔ بیوہ ہونے کی حالت میں رانڈ ہو جانے میں۔ رنڈاپے میں

بحال کرنا۔ تھامنا۔ قائم کرنا۔ برقرار کرنا پہلے کی طرح کرنا۔ دوبارہ اُسی عہدے پر مقرر کرنا۔ بدستور اجازت دینا۔

بحالی۔ محافظت۔ درستی۔ واپسی۔ برطرفی کے خلاف از سر نو تقرری۔ بدستور مقرر کرنا۔

بحالی قبضہ۔ قبضہ کا بحال رہنا۔ قبضہ کی حفاظت یا واپسی۔

بحث۔ حجت۔ دلیل۔ گفت وگو۔ مباحثہ تقریر۔ تکرار۔ لغوی معنی کھودنا۔ بات کی چھان بین۔ جھگڑا۔ مکالمہ۔ ردوبدل۔ سوال وجواب۔ واسطہ۔ تعلق۔ مطلب۔ مناظرہ۔

بحث تمادی۔ میعاد کی بحث۔ درازی میعاد کی بحث۔ دنوں کی بحث۔

بحث تقدم۔ سبقت لے جانے کی بحث مقدم ہونے کی بحث۔

بحث حقیت۔ حق کی بحث۔

بحث قانونی۔ جو بحث قانون کی رو سے ہو۔ جو بحث از روے شرع ہو۔

بحث واقعات۔ معاملات کی بحث۔ امر واقع کی بحث۔ فعل واقع کی بحث۔

بحث کرنا۔ حجت۔ دلیل۔ گفت وگو کرنا۔

بحساب رسدی۔ بحصہ رسدی۔ بمطابق رسد۔ اندازہ رسدی سے۔ جس قدر کہ حصہ پہونچتا ہے اُسی اندازے سے۔

تشریح رسدی رسیدن سے نکلا ہے اور حساب کے معنی گننا۔

بحساب سرشماری۔ چونڈے ونڈے کے حساب سے۔ فی نفر کے حساب سے۔ سر پیچھے۔ فی شخص کے حساب سے۔ سر گننے کے حساب سے۔

بحق۔ فائدے میں۔ بابت میں۔ طرف میں جانب میں۔ استفادے میں۔ استحقاق میں۔ مدد میں۔ حمایت میں۔

بحق مدعا علیہ۔ مدعا علیہ کے حق میں۔ مدعا علیہ کے فائدے میں۔ اُس کے فائدے میں جس پر دعویٰ کیا گیا ہو۔

بحوالہ۔ سپرد کرنے سے۔ سونپنے سے۔ حوالت سے۔ سپردگی سے۔ تحویل سے۔ سند سے پتہ سے۔ نشان سے۔ جیسے بولتے ہیں بحوالہ دفعہ فلاں۔

بحیثیت۔ بگنجائش۔ بہ وسعت۔ باستعداد

بلیاقت۔ بعزت۔ بحالت۔ بمنصب۔ حسب حیثیت۔

بحیثیت سابقہ۔ پہلی حیثیت پر۔ پہلی عزت سے۔ سابقہ کے معنی پہلی۔ بحیثیت دیکھو لفظ بحیثیت مین۔

بحیثیت فریق مقدمہ۔ مدعی یا مدعاعلیہ کی حیثیت سے۔ مستغیث یا مستغاث علیہ کی حیثیت سے۔

بخشش۔ ہبہ۔ انعام۔ صلہ۔ عطیہ۔ دان معافی۔ عفو۔

تشریح بخشیدن کا حاصل مصدر ہے جس کے معنی بخشنا۔ دینا ہے۔

بخشش نامہ۔ ہبہ نامہ۔ قبالہ۔ وہ دستاویز جس مین کسی کے نام ہبہ لکھا جاے

بخشی۔ فوج کی تنخواہ تقسیم کرنے اور حساب وکتاب رکھنے والا۔ اب چوکی دارون کی تنخواہ بانٹنے والے کو کہہ دیتے ہین جنرل۔ کمانڈر انچیف۔ میر سپاہ۔ میر لشکر۔ سپالار سپہدار۔

بخشی خانہ۔ فوج کی تنخواہ تقسیم ہونے کی جگہ۔ بخشی کا دفتر۔

بخشی گری۔ عہدۂ مصاحب فوج۔

بخوبی۔ پورے طور سے۔ کامل طور سے۔ صفائی سے۔ عمدگی سے۔ اچھی طرح سے

بداطواری۔ بدچلنی۔ بدوضعی۔ بدوصفی۔

تشریح۔ اطوار جمع طور کی ہے اس مین ی مصدری کی ہے۔

بداعمالی۔ بدمعاملگی۔ بدچلنی۔ سرکشی۔ بدکرداری

تشریح اعمال جمع عمل کی ہے اس مین ی مصدری کی ہے۔

بدماغ۔ وہ شخص جو بات بات پر ناک چڑھاے مغرور۔ گھمنڈی۔ نازک دماغ۔ مدمغ۔ نک چڑھا۔ چڑچڑا۔

بددیانت۔ جو دیانت نہ رکھتا ہو۔ بے ایمان خائن۔ بے وفا۔ نمک حرام۔ بدعہد۔ بددین۔ دغاباز۔

بددیانتی۔ بے ایمانی۔ خیانت۔ ناراستی جو کوئی شخص کوئی امر کرے اس نیت سے کہ وہ کسی کو استحصال بے جا کراے یا کسی کو زیان بے جا پہونچاے تو یہ فعل بددیانتی ہے۔ ہم نقطہ اس کے معنون کی بابت یہ کہ سکتے ہین کہ بددیانتی دل کی ایک حالت ہوتی ہے جس مین کہ آدمی اس بات کا علم رکھتا ہے کہ مین فلان قانون کے خلاف کرتا ہون یا کہتا ہون اس مین ہر جرم متعلقہ نقصان رسانی شامل ہے

بددیانتی سے۔ بے ایمانی سے۔ خیانۃً (زیادہ دیکھو بددیانتی)

بددیانتی سے لینا۔ استحصال بے جا یا زیان بے جا سے لینا مراد ہوتا ہے۔ بلا استحقاق لینا

بدزبان۔ سخت زبان۔ سخت کلام۔ گالی گلوج

بکنے والا۔ گستاخ۔

بدعہد۔ بے وفا۔ بے مروت۔ خائن۔ دغا باز۔ غدار۔ اپنے قول سے پھرنے والا وعدہ خلاف۔

بدعہدی۔ بے وفائی۔ بے مروتی۔ غداری

بدمستی۔ بہت مستی۔ سخت شراب خوری۔ نشہ بازی۔ مے خوری۔ مدہوشی۔ مخموری عقل کے فتور کی وہ حالت جو کسی شے منشی کے استعمال سے پیدا ہو۔ سیاہ مستی۔

بدرپیشی۔ پیش میں پیش ہونے سے۔ سامنے ہونے سے۔ پیشی میں۔

تشریح۔ یہ قاعدہ ہے کہ جہاں دو لفظ ایک معانی کے جمع ہوتے ہیں تو ایک کو زائد بھی کہ دیتے ہیں چنانچہ یہاں بہ اور در ایک معانی کے الفاظ موجود ہیں ان میں سے بلاتخصیص ایک کو زائد کہ سکتے ہیں۔ جیسے بدریا درمنافع بے شمار است میں بہ کو زائد کہ سکتے ہیں۔

بَدْرَقہ۔ رہنما ہادی۔ نیک چلن۔ سڑک کی چوکی راہ بر۔ ہمسفر۔ اطبا کی اصطلاح میں وہ دوا جو کسی دوا کی معاون اور مددگار ہو۔ مدد۔ وسیلہ۔ سیاہ محافظ۔

بدرقہ حساب۔ ایک حساب جو خزانچی گارڈ یا چالان کے ذریعے خزانہ میں بھیجتا ہے۔

بدرنویسی۔ قابل سماعت رقوم لکھنا حساب کی ماہیت دریافت کرنا۔ اعتراض لکھنا۔ کام کے عیوب و نقص لکھنا۔

بدری۔ روانگی اسباب۔ جست کے برتنوں پر چاندی کا کام بنا ہوا۔

تشریح بدر دکن کے ایک شہر کا نام ہے جہاں یہ صنعت ایجاد ہوئی تھی۔ اس میں کی نسبت کی ہے۔

بدستور۔ حسب قاعدہ۔ مطابق ضابطہ۔ مطابق معمول۔ پہلے ہی طریق پر۔ حسب دستور معمولی طور پر۔ سابق دستور۔ بحال۔ جوں کا توں۔ ویسا ہی۔

بدکرداری۔ بدعملی۔ بدچلنی۔ بدمعاشی۔

بَدَل۔ تبادلہ۔ بدلہ۔ عوض۔ معاوضہ۔ ملپٹہ ایک چیز کے عوض دوسری چیز لینا۔

بَدَل یا مُبَدَّل عہد۔ جب کہ معاہد کی خواہش پر معاہد لہ یا اور کوئی شخص کوئی فعل کرے یا کوئی فعل کرنے سے اجتناب کرے یا کسی فعل کے کرنے یا نہ کرنے کا اقرار کرے تو وہ فعل یا اجتناب یا اقرار بدل عہد کہلاتا ہے۔

بدمعاش۔ بدچلن۔ علانیہ بدچلن۔ کھلم کھلا بدچلن۔ وہ شخص جس کی معاش بری ہو۔ حرام خور۔ لچا۔ شہدا۔ حرام زادہ۔ لنگاڑا

تشریح بد کے معنی برا یہ ایک صفت ہے اور معاش کے معنی زندگی کرنا اور جس کے ساتھ زندگی کریں اور زندگی کی جگہ اور دنیا کو بھی

کہ دیتے ہین۔ بدمعاش وہ شخص جو اپنی زندگی اور گذارے کی صورت بُری رکھتا ہو۔ بُری زندگانی رکھنے والا۔

بدمعاملگی۔ لین دین کے نکمے ہونا۔ بدعہدی کبھی رشوت ستانی سے بھی مُراد لیتے ہین۔ بے ایمانی۔ کھوٹاپن۔ لین دین کی صفائی نہ رکھنا۔

بدنیت سے۔ بُرے ارادے سے۔ بُرے منشا یا مقصد سے

بدنیتی۔ اس کے ظاہری معنی عداوت کے ہین قانونی معنی یہ ہین کہ کوئی فعل ناجائز بالارادہ بلا عذر جائز کیا جاے۔ یہ فعل دل سے تعلق رکھتا ہے۔

بدنیتی قانونی۔ جو امر ایسے طور پر بیان کیا گیا ہو کہ اس کے کہنے یا تحریر کرنے کی وجہ جائز نہ ہو۔

تشریح اس مین صرف بیان کرنے کی قید پر حصر کرنا کافی نہین معلوم ہوتا بلکہ فعل اور کام کرنے کے الفاظ یا اُن کے مفہوم کا ہونا بھی چاہئے

بدنیتی واقعی۔ وہ بدنیتی جو فی الواقع ہو۔ بلا شبہہ بدنیتی۔ (دیکھو بدنیتی)

بدرَرَو۔ گندے پانی کا نکاس۔ وہ نالی جس مین سے آبادی کا پانی بہ کر باہر جاے

تشریح بدرَر کے معنی باہر رَو کے معنی جا۔ مگر یہ اسم اور امر مل کر ظرف مکان یا اسم آلہ کے معنی دیتا ہے۔ یعنی وہ نالی جس کے ذریعے باہر کا پانی باہر جاتا ہے۔

بدرروعام۔ عام بدررو۔ (دیکھو بدررو)

بدنی۔ جو بدن سے علاقہ رکھنے والی یا جسم سے لگاؤ رکھنے والی ہو۔ اس مین نسبت کی ہے۔ وہ اقرارنامہ سود جو مقروض قرض دینے والے کو لکھ دیتا ہے اور قرض دینے والا آیندہ کے واسطے اُس سے ضمانت لیتا ہے اور مقروض اپنی فصل لکھ دیتا ہے کہ بازار کی قیمت سے ارزان دون گا۔ وہ شرط جو کسی پیداوار کے خریدنے کی بابت فصل سے پیشتر قرار پاجاے یا کٹنے سے پہلے غلے کا نرخ ٹھہرالیا جاے۔ سائی۔ دادنی۔

بدولت۔ باقبال۔ آسرے سے۔ طفیل۔ باعث سبب۔

بدھ ڈنڈ۔ سنگین سزا۔ بھاری سزا۔ سخت سزا

تشریح بدھ کے معنی سخت اور ڈنڈ کے معنی سزا۔ کبھی اس کو ڈانڈ بھی کہ دیتے ہین اس صورت مین یا تو ڈنڈ مخفف ڈانڈ کا ہے یا ڈانڈ مزید علیہ ڈنڈ کا۔

بدین استقرار۔ اس مضمون سے۔ اس طرح قرار پانے سے۔

بذات خود۔ خود بخود۔ خود ہی آپ بنفسہ بلا واسطہ۔ اپنی ذات سے

بذاتہ۔ بذات خود۔ خود بخود۔ آپ بلاواسطہ

خاص اپنے دم سے۔ بلا شرکت غیرے خاص آپ ہی۔ (دیکھو بذاتِ خود)
برات۔ دولہا کی سواری جلوس اور آرائش وغیرہ کے ساتھ۔ انبوہ۔ بھیڑ۔ ازدحام۔
برات۔ جرم و سزا سے بری ہونا۔ چھوٹنا۔
برادر۔ بھائی۔ مطلق بھائی۔ عام بھائی۔ منھ بولا بھائی۔ قرابتی بھائی۔ بلا قید بھائی۔ غیر مشروط بھائی۔ بیرا۔ بھیا۔ رشتہ دار ہم قوم ہم مذہب۔ ہم پیشہ۔
برادر اخیافی۔ ماؤن بھائی۔ وہ بھائی جو ماں سے ایک اور باپ سے الگ ہوں وہ بھائی جن کے باپ جدا جدا اور ماں ایک ہو۔ اخیافی گیلڑ کے معنی مین آتا ہے۔
برادر جدی۔ اکثر حقیقی بھائی کے واسطے مستعمل ہوتا ہے۔ وہ بھائی جو جد اور زینہ اسلاف اور مذکر بزرگان کی طرف منسوب ہو۔ اس مین ی نسبت کی ہے۔
برادر حقیقی۔ اصلی بھائی۔ عینی بھائی۔ وہ بھائی جو ایک ماں باپ سے ہون۔ سگا بھائی
برادر رضاعی۔ دودھ بھائی۔ انا کے بیٹے۔ دودھ شریک بھائی۔ کوکا۔
برادر علاتی۔ سوتیلا بھائی۔ وہ بھائی جن کا باپ ایک اور ماں دو ہوں۔ صرف باپ کی طرف سے بھائی۔ باپون بھائی۔

برادری۔ بھائی چارا۔ بھیاچارا۔ اپنایت یگانگت۔ خویشی۔ رشتہ داری۔ بھائی بندی۔ ہم قومی۔ قوم۔ ذات۔ گوت۔ کنبہ خاندان رشتہ داری۔
برادران فاصلی دو درجہ۔ ان سے وصیت نامے مین اُس شخص کے دادا یا دادی نانی کے بھائی بہن کے پوتے نواسے اور پوتیاں نواسیاں مراد ہین جن کے برادران فاصلی دو درجہ کا ذکر ہو۔
برادران فاصلی یک درجہ۔ ان سے وصیت نامے مین اس شخص کے برادران عم زاد و ماموں زاد و پھوپھی زاد و خالہ زاد کے اطفال مراد ہین جس کے برادران فاصلی یک درجہ کا ذکر ہو۔
برار۔ مجمل معاملہ۔ زمین کا معاملہ یا کرایہ جو بموجب اقرارنامہ کے گانؤن کے باشندون سے ادا ہو۔
برآمد۔ مسروقہ چیز کا مل جانا۔ سراغ۔ کھوج پتہ۔ پانؤن کا نشان۔ وہ زمین جو دریا سے نکلی ہو۔
برآمد ہونا۔ نکلنا۔ چوری کا مال نکل آنا۔ مال مسروقہ کا سراغ لگ جانا۔
برانچ پوسٹ ماسٹر۔ وہ افسر جس کے چارج مین برانچ پوسٹ آفس ہوتا ہے
برانچ آفس۔ بصیغہ ڈاک کا ایک دفتر ہے

جو سب آفس سے کم درجے پر ہوتا ہے۔
تشریح اس کا حساب سب آفس یا ہیڈ آفس کے توسل سے ہوتا ہے ہر صیغہ ڈاک کا کام عمل مین لانے کا مجاز ہے لیکن لیکن سیونگ اور قطعات کی روانگی کا کام بلا اجازت پوسٹ ماسٹر جنرل کے نہین کر سکتا۔

برانچ آفس بیگ۔ اکونٹ آفس اور برانچ آفس کے درمیان مستعمل ہوتا ہے اس مین نقدی اور قطعات بند ہوتے ہین۔

برآورد۔ تخمینہ۔ اندازہ۔ چک۔ کاغذ تنخواہ۔ بل۔ پرچہ تنخواہ۔ بجٹ۔ پرچہ حساب۔ فرد تخمینہ۔ اسٹمیٹ۔

برائے۔ واسطے۔ تاکہ۔ اس لئے۔ لیئے بابت۔

برائے نام۔ نام کو۔ نام ہی نام کو۔ فرضی خیالی۔ جو اصلی نہو۔ لباسی مصنوعی۔ بناوٹی۔ نقلی۔ جعلی۔ ساختہ۔ مجازی مستعار

برای العین۔ آنکھ سے۔ دیکھنے سے چشم دید سے۔ دیکھ بھال سے۔ روبرو۔

برباد۔ ضایع ہوا ہوا۔ نیست و نابود شدہ کھویا ہوا۔ گم شدہ۔ خراب شدہ۔ رائگان تلف شدہ۔ پامال کیا ہوا۔

برت۔ طریقہ۔ حق۔ استحقاق۔ وجہ معاش معیشت۔ آمدنی۔ جائداد معافی زمین۔ حق داری۔ مناسبت۔ واجبیت۔ رسم دستور جو کہ مذہبی یا رواجی فرائض اور کار و بار کے پورا کرنے سے پیدا ہو۔ حق ملکیت۔
تشریح گورکھپور مین ایک خاص سلسلہ ہے جس کی رو سے برتیا لوگ اپنے راجہ یا بالادست کو ایک مقررہ سالانہ رقم جو لگان سرکاری کے بیس روپیہ فی صدی کے برابر ہوتی ہے ادا کرتے ہین لیکن وہ زمین کے مالک اور دیہات کے پورے انتظام کے مستحق ہوتے ہین۔ خارج نہین کیئے جا سکتے اور ایک موروثی اور قابل انتقال حق رکھتے ہین۔ اور صرف سرکاری لگان کے بڑھنے پر وہ رقم بڑھ سکتی ہے۔ مختلف قسم کے برت گورکھپور مین مروج ہین۔
(۱) سنکلپ برت۔ یہ ایک مذہبی عطیہ ہے جو برہمن کو کسی طور کا دیا جاے پہلے یہ بالکل معاف ہوتا تھا۔ لیکن راجہ گورکھپور کی ضرورتوں نے مجبور کیا ہے کہ معافی دار سے کچھ خراج لیا جاے (۲) مرورت برت راجہ کی طرف سے اس شخص کے خاندان کو جو ریاست کی خدمت مین سے جنگ مین مارا جاے بطور معاوضہ کے دیا جاے اس کا خراج حسب رواج ریاست ایک باقاعدہ برت کے قانون سے ادا کیا جاے (۳) جیاؤ برت وقت کا راجہ اپنے چھوٹے بیٹے کو گذارے کے واسطے تعلقہ مین سے چند

کانون اس طرح سے دیتا تھا جو ہمیشہ کو تی
طور پر اس کی اولاد مین رہین معطی منہ کو
ایک پٹہ بطور سند کے ملتا تھا اور اُس کو
معین رقم بطور خراج ادا کرنی پڑتی تھی۔ ایک
خاص قسم کا وظیفہ جو خاص خاندان کو دیا
جاے۔

برتش۔ وہ زمین جس مین چانول کاٹنے کے
بعد گنا بودیوین۔

برتھا۔ گم نام جنتھی۔ کالعدم۔ ناجو رزی۔ وہ
زمین جو کہ جنگل مین واقع ہو + اور اُس مین
غلہ نہ پیدا ہوتا ہو۔ ضایع۔ اکارت۔

برتیا۔ جو برت رکھتا ہو۔ (دیکھو تشریح برت)

برٹش۔ منسوب بہ برٹن یعنی برطانیہ۔

برٹش انڈیا۔ اس لفظ سے مراد وہ ممالک
برٹش ہین جو حضرت ملکہ معظمہ یا اُن کے جانشینون
کے قبضہ اقتدار مین از روے باب ۱۰۶
ایکٹ مصدرہ سنہ ۲۱ و ۲۲ جلوس ملکہ معظمہ یعنی
(ایکٹ بغرض حسن انتظام ہند) کے بالفعل
ہین یا آیندہ در آئین۔ لفظ برٹش انڈیا سے
بجز آبادی پرنس آف ویلز۔ آئرلینڈ اور سنگاپور
اور ملکا کے مراد وہ قلمرو ہے جو از روے
باب ۱۰۶۔ ایکٹ پارلیمنٹ مذکورۃ الصدر
قبضہ اقتدار ملکہ ممدوحہ یا اُن کے جانشینون
کے ہے یا آیندہ ہو۔

تشریح انڈیا کے معنی ہندوستان اور
برٹش کے معنی منسوب بہ برٹن۔ یعنی وہ ممالک
جو تحت حکومت بادشاہ ہندوستان کے ہین

برحکم۔ مطابق حکم۔ موافق حکم۔ برضامندی
حسب الحکم

تشریح حسب الفرمودہ کہنا غلط ہے اس
لیئے کہ الف اور لام کلمہ فارسی پر نہیں لاتے
ہین۔ دیکھو عندالاپیل بھی غلط العام ہے۔
اس لیئے کہ اپیل پر بھی جو عربی لفظ نہین ہے
الف لام جو خاصہ عربی کا ہے لایا گیا۔

برخاست۔ رخصت وداع۔ برخاستگی موقوفی
معزولی۔ برطرفی۔ اخراج۔ ڈسمس۔

برخاست کرنا۔ عہدے سے ہٹا دینا۔ برطرف
کرنا۔ موقوف کرنا۔ اُٹھانا۔ دفتر یا مدرسہ
وغیرہ بند کر دینا۔

برخاستگی۔ بے کار ہونا۔ موقوفی۔ برطرفی۔
علی حدگی۔ خاتمہ وقت۔

برخلاف۔ اُلٹا۔ متضاد۔ برعکس۔ نقیض۔
متباین۔ مختلف۔ مغایر۔ غیر مطابق۔ بالعکس۔
متناقض۔ منافی۔ ضد۔ ناحق۔ جو صحیح نہو۔
جو قانون کے خلاف ہو۔ خلاف۔ بر۔ ناموفق

بُرد۔ بالائی آمد۔ اوپر کی یافت۔ نفع۔ تحصیل
فائدہ۔ سود۔ کمائی۔ یافت۔ حاصل۔ پیدایش

سنا نفع منفعت ۔ داؤن بازی غنیمت لینا ۔
لوٹ ۔ نعمت ۔ صلہ ۔ انعام ۔ دستوری
بالائی حق ۔ شرط ۔ بازی ۔

برداشت ۔ سہار ۔ تحمل ۔ بردباری ۔ صبر ۔
سنتوک ۔ اُچاپت ۔ قرض سودا اُٹھانا ۔

بردہ ۔ غلام ۔ اسیر ۔ جنگ کا قیدی ۔ عبد ۔
بندہ ۔ حلقہ بگوش ۔ داس ۔ قیدی ۔

بردہ فروش ۔ غلام بیچنے والا ۔ لڑکیان لڑکے
بیچنے والا ۔ بردہ بیچنے والا ۔

بردہ فروشی ۔ غلام بیچنا ۔ تجارت غلام ۔
تشریح ۔ اب یہ رسم قانوناً ممنوع ہے
اور یہ فعل جرم قرار دیا گیا ہے ۔ جیسے ستی
کی رسم ہندوستان سے متروک ہو گئی ہے ویسے
ہی یہ بلکل چھوڑا دی گئی ہے ۔

برڈا ۔ ایک ہلکی یا پتھریلی زمین ۔ ریتلی زمین ۔

برس ۔ ایک منشی دوائی جو افیون سے بناتے ہین ۔

برسوری ۔ برس کا معاملہ ۔ سال بھر کا معاملہ
برسواندن ۔ سالانہ ۔ سال مین ایک دفعہ ۔
وہ خاص رسم جو مُردے کے ایک سال مرنے
کے بعد کی جاتی ہے جس مین برادری وغیرہ
کے لوگون کو کھانا کھلاتے ہین ۔

برطبق ۔ موافق ۔ مطابق ۔ بموجب ۔ حسب ۔

برطرف کرنا ۔ عہدے سے ہٹا دینا ۔ موقوف
کرنا ۔ الگ کرنا ۔ چھوڑنا ۔ نام کاٹنا ۔ ڈسمس
کرنا ۔ علیحدہ کرنا ۔

برطرفی ۔ موقوفی ۔ علیحدگی ۔ لادعوی ہونا
فارغ خطی ۔ اخراج ۔ معزولی ۔
تشریح موقوفی اور معطلی مین یہ فرق
ہے کہ موقوفی تو نوکری سے بالکل علیحدگی
ہے اور معطلی تا رفع اشتباہ یا انفصال مقدمہ
(جس کی بابت معطلی وقوع مین آئی ہو)
بے کار اور فارغ کر دیا جانا ۔ اگر مقدمے مین
بریت الزام ہو تو بحال ورنہ برخاست کرنے
وغیرہ کی سزا دی جاتی ہے ۔ موقوف کا
مادہ وقف بمعنی کھڑے ہونا گرنا ۔ اور معطل کا
مادہ عطل بمعنی بے کاری ہے اسی سے
تعطیل نکلا ہے ۔

برقرار ۔ مقرر ۔ مضبوط ۔ قائم ۔ بامدار ۔ معین
مسلم الثبوت ۔ مشخص ۔ متنبہ ۔ متحقق ۔ مستحکم
جیسے بولتے ہین برقرار رکھنا ۔

برقنداز ۔ توڑے دار بندوق رکھنے والا
سپاہی ۔ بندوقچی ۔ عدالت یا پولیس کا سپاہی
پاسبان ۔ محافظ ۔ سر سور مین عموماً جیل کے
چوکی دارون پر بولتے ہین ۔

برملا ۔ کھلے خزانے ۔ ظاہرا ۔ علانیہ ۔ عام طور پر
عموماً ۔ دن دہاڑے ۔ کھلم کھلا ۔ بر سر مجلس
منہ در منہ ۔

برینچ ۔ برانچ ۔ شاخ ۔ ڈالی ۔ شعبہ ۔

برشنگل ۔ دوغلا ۔ دو نسلا جس کے دو
والدین مختلف مذاہب کے ہون ۔ وہ

آدمی جو ہر مذہب والے کے ساتھ کھا پی
لیتا ہے - سر عقلی - ذات سے نکلا ہوا
تشریح س مہملہ و ش معجمہ دونوں سے
درست ہے - جس کے ماں باپ مختلف قوم
کے ہوں - لونڈی بچہ - پرستار زادہ -

بَرَندہ - قاصد - کہار - حمال - لے جانے والا -
تشریح یہ بُردن کا اسم فاعل ہے جس
کے معنی لے جانا ہے -

بَرَندہ سمن - وہ شخص جو سمن لے کر جاتا ہے
مذکوری عدالت - چپراسی جو سمن لیجاتا ہے
(دیکھو برندہ وسمن)

برن - اظہار - بیان - تفصیل - عرضداشت -
صورت حال - روداد - نقشہ - کیفیت
حقیقت -

برو سے - از روے - موافق - باعتبار -

برہما چاری - عابد - زاہد -
تشریح اہل ہنود میں ایک زاہدوں کی
جماعت ہے جو تارک الدنیا ہوتے ہیں

بری - آزاد - چھوٹا ہوا - باہر مستثنی خارج
محفوظ - بے جرم - پاک - ذمہ داری سے
محفوظ - صحیح - کسی بات سے صاف ہونا
آزاد ہونا - معاف - منہا - کھلے بند - بے قید
وارستہ - فارغ - خالی - سبک دوش -
مبرا - خلاص - رہا - من موجی - فری - صادق
خودمختار - بے باق - بے گناہ بے عیب
بے داغ - بے قصور -
تشریح - بری کے معنی بریت والا -
اور رہا کے معنی رہائی پانے والا - ان کے
فرق کے لیئے دیکھو بریت اور رہائی -

بَری - ساچق - اسباب برتن اور
پارچات وغیرہ جو شادی کے بعد دولہا
اور دلھن کو دیا جاتا ہے - وہ میوہ اور
مٹھائی سامان وغیرہ جو ساچق کے روز
دولھا کی طرف سے دلھن کو دیا جاتا ہے -

بُری - کھیت میں بغیر ہل کے چھینٹے بیج بونا
پنجابی میں اس کو چھانا دینا بولتے ہیں -

بَرّی - زمین بنجر - صحرائی زمین -

بری الذمہ - جواب دہی سے پاک - مواخذہ
سے پاک - بے ذمہ - بے مواخذہ - جس کے
ذمے کچھ مواخذہ نہو - ذمہ داری سے
پاک اور محفوظ -

بَریت - بری ہونا - پاک ہونا - صاف ہونا
بے جرم ہونا - رہائی - چھٹکارا - سبک دوشی
فارغ خطی - نجات - بند خلاص - صفائی
آزادی - مخلصی - چھوٹ - معافی -

بریت و رہائی - بریت بری ہونا - رہائی
چھوٹنا -
تشریح ان دونوں کا فرق دفعات
۲۱۵ و ۲۲۰ مجموعۂ ضابطہ فوجداری میں
مندرج ہے -

بری کرنا۔ آزاد کرنا۔ چھوڑنا۔ جرم سے رہا کرنا ذمہ واری سے رہا کرنا۔ خطا یا جرم سے نجات دینا۔ جرم سے باہر کرنا۔
بری الذمہ کرنا۔ جرم سے نکالنا بے ذمہ کرنا (دیکھو بری الذمہ)
بڑا صاحب۔ حاکم اعلیٰ۔
بڑھتی۔ ترقی زراعت۔ بالائی نفع۔ زیادتی افزونی۔ فالتو۔ زائد معمولی سے زیادہ۔ برکت۔
بزور۔ زبردستی کرنا۔ بالجبر۔ جبراً۔ بقوت۔ طاقت سے۔ زور سے۔ ہیکڑی سے۔
بسار۔ اُدھار لیا ہوا بیج جو کثرت پیداوار فصل کے ادا کیا جاے۔
بستہ۔ گٹھ۔ کپڑا جس مین کتابین باندھتے ہین۔ بندھا ہوا۔ جما ہوا۔ جزدان۔ بقچہ۔
بستی۔ گانوں۔ قصبہ۔ کھیڑا۔ معمورہ۔ آباد جگہہ۔ رونق۔ اُجاڑ کے خلاف۔
بسگت۔ بسنے کی جگہہ۔ مسکن۔ جاے سکونت ٹھکانا۔ مقام۔ جگہہ۔
بنسواڑی۔ بانس کا سبزہ زار۔ درختون کا جھنڈ۔ باغ کی جھنگی۔
بسوانسی۔ ایک بسوے کا بیسوان حصہ ۱/۲۰ بسوہ۔
بسوہ۔ بیگھہ کا بیسوان حصہ۔ زمین کا رقبہ نکالنے کا پیمانہ۔ ۱/۲۰ بیگھہ۔ زمین کا اندازہ

بسوہ برار۔ بسوہ جمع کرنے والا۔ مساوی کرنے والا۔
بسوہ دار۔ بسوہ رکھنے والا۔ کاشتکاری حق رکھنے والا۔ زمین کے کسی حصہ کا مالک۔ شریک دیہہ۔ حصہ دار۔ مشترکہ گانوں کا حصہ دار۔ شریک حصہ دار۔ پٹی دار۔
بسوہ داری۔ وہ لقب جو گانون یا قصبہ یا شہر کے اعلیٰ تعلقہ دارون کو دیا جاتا ہے
بشرطے کہ۔ باین شرط۔ بان شرط۔ مگر۔ اُس شرط پر۔
بشمول۔ شمول سے۔ شامل ہونے سے اشتمال سے۔
بشن پریت۔ ملکیت ارضی جو برہمنون یا مذہبی شخصون کو بلا قیمت اور بلا کرایہ دی جاتی ہے جو وشنو کو خدا مان کر اُس کی پوجا کرتے ہین بطور مذہب یا سخاوت کے بنظر ثواب دیتے ہین۔ وہ زمین جو اہل ہنود مین مذہبی خیرات کے طور پر دی جاتی ہے
بشن پریت دار۔ جو بشن پریت رکھنے والا ہو۔ (دیکھو بشن پریت)
بشن وشن۔ سب جگہہ موجود پروردگار۔ دنیا کو پالنے والا۔ پرمیشر۔ بھگوان۔ دولت کا خداوند۔
بصراحت۔ وضاحت سے۔ آشکارا

ہونے سے۔ ظہور سے۔ ظاہر ہونے سے
بصورت۔ بحالت۔ بتقدیر۔ بسبب۔ بنمونہ بشکل۔ بتصویر۔
بصیغہ۔ مد میں۔ صورت میں۔
تشریح صیغہ کے لغوی معنی چاندی سونے وغیرہ کا قالب میں ڈھالنا۔ خلقت۔ طریقہ۔ اصل بنا ہوا لفظ۔ اور اصطلاح خاص میں بمعنی نکاح کے بھی آیا ہے۔ قانون میں بولتے ہیں بصیغہ دیوانی یعنی دیوانی مد یا صورت میں۔
بُطلان۔ جھوٹ۔ بے اصل بات۔ تصنع
بطن۔ پیٹ۔ شکم۔ پشت۔ پیڑھی۔ بھیتر اندر۔ بولتے ہیں فلان مسلہ فرائض صورت مناسخہ میں چار بطن کا ہے۔
بطناً بعد بطن۔ پشت بہ پشت۔ نسل بنسل۔ پشت در پشت۔ زمانہ بعد زمانہ۔ پیڑھی در پیڑھی۔ آبائی۔ خاندانی۔ موروثی۔
بطور تشکمی تشکمی طور پر۔ بالوساطت۔ بذریعہ بواسطہ۔
بُعد۔ دوری۔ فاصلہ۔ تفاوت۔ مسافت۔ بعید ہونا۔
بعدم حفاظت۔ غیر محافظت سے حفاظت کے نہونے سے۔ غفلت سے
بعض۔ متعدد۔ چند۔ بعضے۔ مختلف۔ کوئی کوئی۔ کوئی ایک۔ خال خال۔ حصہ۔ کچھ

خاص۔ متفرق
بعلت اجراے ڈگری۔ ڈگری جاری کرنے کے باعث۔
تشریح علت کے معنی باعث۔ سبب اجراے کے معنی جاری ہونا یا کرنا۔ ڈگری کی تشریح دیکھو ڈگری میں۔
بغاوت۔ نافرمانی۔ گردن کشی۔ حکم سے تجاوز کرنا۔ گریز۔ انحراف۔ روگردانی۔ برگشتگی۔ پھوٹ۔ سرتابی۔ سرکشی۔ غدر۔ تمرد۔ بلوہ۔ باغی ہونا۔
بُغض۔ نفرت کرنا۔ بیر۔ دشمنی۔ عداوت۔ عناد۔ لاگ۔ کینہ۔ کپٹ۔ حسد۔
بُغض قانونی۔ وہ بغض جو قانون سے متعلق ہو۔
بغض واقعی۔ وہ بغض جو فی الواقع ہو۔
بغیر۔ سواے۔ مگر۔ الا۔ ورا۔ ماورا۔ ماسوا۔
بقایا۔ باقی۔ لگان کی باقی وہ زر جو قابل ادا ہو۔ بچت۔ باقیات۔
بقایا تقاوی۔ اُس روپیہ کی تبقایا جو کاشتکارون کو بطور امداد زراعت دیا گیا ہو۔
تشریح یہ روپیہ تقاوی خاص نادار اور مفلس زمین دارون کو بطور امداد گورنمنٹ کی طرف سے دیا جاتا ہے۔
بقدر مالیت۔ مالیت کے اندازے سے
بقول۔ کہنے سے۔ کہنے کے بموجب کہنے

کے موافق - کہاوت کے مناسب موافق

بقیہ - بچت - باقی - تتمہ - مابقی - فاضل - تقایا - (دیکھو بقایا)

بکارا - چالان - وہ زمین جو کثرت جمع ہونے ریت سے بے کار ہو گئی ہو -

* **بکٹ** - سخت مشکل کٹھن - دشوار - کربلا شاق خوف ناک - خطرناک - طلایہ -

بکر - کوارپن -

بک آف پوسٹ مارک - وہ کتاب جس مین مواہیر کا چھاپہ رکھ دیا جاتا ہے -

بگمی - خاوند یا بیوی کے جیتے جی شادی کرنا -

تشریح یہ امر حسب قانون انگلستان ممنوع ہے

بلا تمغہ - نشان - چپراس - وہ علامت جو پولیس کے ملازمان کی وردی پر لگی ہوتی ہے -

بلا نیک چلنی - وہ نشان پولیس جو نیک چلنی کے سبب ملازم پولیس یا قومی ملازم کو دیا جاتا ہے (دیکھو بِلّا)

بلا - بغیر - سوا - بنا - بن - بغیر -

بلا تشبیہ - بلا مناسبت - بلا مشابہت -

بلا تصنع - بے بناوٹ - راست راست - بے آمیزش - ٹھیک ٹھیک -

بلا تردد - بے اندیشہ - بلا وسواس - بے فکری سے - بے تامل -

بلا واسطہ - بے توسط - بے وسیلہ - براہ راست بے وجہ - ناحق - بے سبب -

بلا وجہ - بے دلیل - بے سبب - ناحق - خواہ مخواہ - بے واسطہ -

بلا اکراہ و اجبار - بغیر مکروہ جانے اور جبر کے یعنی اپنی رضا و رغبت سے -

تشریح یہ الفاظ عموماً مجسٹریٹ بعد لینے شہادت اور اظہارات کے خود لکھتا ہے کہ بغیر سختی پولیس وغیرہ کے میرے مواجہ مین اُس نے اپنی رضامندی سے بیان کیا -

بلاد پریزیڈنسی - پریزیڈنسی کے شہر - وہ شہر جو پریزیڈنسی مین شامل ہین -

تشریح بلاد جمع بلد بمعنی شہر - پریزیڈنسی کے لیئے دیکھو پریزیڈنسی -

بلا شبہہ - یقینی - بلا شک - بلا اشتباہ جس مین کسی طرح کا شک نہو -

بلا شرط - بے قید - بغیر قید کے - مطلق - غیر مقید -

بلا شک - بے شبہہ - جس مین کسی طرح کا شک نہو -

بلا لحاظ - بلا خیال - بلا اعتبار - بغیر خیال -

بلا کم و کاست - بغیر گھاٹے اور کمی کے -

تشریح - بلا کے معنی بغیر - کم و کاست کے معنی کمی و گھاٹا - مگر اس کا استعمال زیادتی اور کمی اور افراط و تفریط پر زیادہ ہوتا ہے

بلا وصیت - بغیر وصیت -

بل آف ایکسچینج - اس مین ہنڈوی اور

چک اور وعدہ اور بھی داخل ہے ۔ پرامیسری
نوٹ ۔ وعدہ تحریری بابت ادائے زر ۔
ڈرافٹ ۔ ہرنوشتہ جس مین کوئی اقرار
درج ہو ۔
تشریح ۔ بعض نے رقعہ کو اس سے مستثنیٰ
کیا ہے ۔ ہرنوشتہ و ہنڈوی ۔ پہلے بل مذکور
بطور تمسک تھا اب اس مین کمی یا بیشی محصول
بباعث قلت یا کثرت میعاد کے نہین ہوتی ۔
بل آف لیڈنگ ۔ عرف بلٹی مال ۔ اس
مین ہرایسا نوشتہ دستخطی مالک جہاز یا اُس کے
ایجنٹ یعنی گماشتہ کا داخل ہے جس مین
رسید مال کی جو اُس مین مندرج ہو اور ذمہ
حوالگی اس مال کا ایسے مقام بندر مین اس
شخص کو جس کا اس مین نام یا پتہ درج ہو
لکھا جائے ۔
بلاہر ۔ ایک قسم کی زمین ۔
بلاہو ۔ چوکی دار ۔ قاصد ۔
بلحاظ ۔ باعتبار ۔ از روے ۔
بلدہ پریزیڈنسی سے مُراد کلکتہ یا مدراس
یا بمبئی ہے جیسی کہ صورت ہو ۔ اس سے
مُراد عدالت ہائی کورٹ آف جوڈیکیچر واقع
فورٹ ولیم بنگالہ یا مدراس یا بمبئی کے معمولی
اختیارات سماعت ابتدائی صیغہ دیوانی کے
حدود ارضی موجودہ وقت ہے ۔ حدود
ارضی عام اختیارات ۔ مقدمات ابتدائی
دیوانی ہائی کورٹ کلکتہ ۔ مدراس و بمبئی ۔
بلکٹ ۔ فصل کاٹنے سے پہلے صرف بالون کو
کاٹنا ۔ کرایہ مکان پیشگی لینا ۔
بلم ۔ بھالا ۔ برچھا ۔ نیزا ۔ عصا ۔ وہ سنہری یا
رُپہلی عصا جو امیرون کی سواری کے آگے
لے کر چلتے ہین
تشریح ۔ اصل مین تو یہ ایک نیزہ ہوتا ہے
جس کے دونون طرف لوہا لگا ہوا ہوتا ہے
جو اکثر چولیدارون وغیرہ کے واسطے ہے
مگر سپاہی اُس سے پیچ بھی اُکھاڑتے ہین اور
مجازاً سونے یا چاندی کی ملمع دار لاٹھی کو
کہتے ہین ۔
بلم بردار ۔ وہ شخص جو امیرون کی سواری
کے ساتھ عصا لے کر چلے ۔ عصابردار ۔ نیزہ
بردار ۔ چوکی دار ۔ سپاہی نقیب ۔
بلندر ۔ اعظم گڈھ کی ایک زمین کا نام ہے
بلوا ۔ دنگا ۔ فساد ۔ بہت سے آدمیون کا فساد
یا فتنہ پر آمادہ ہونا ۔ مزاحمت ۔ خلل ۔ چڑھائی
شور ۔ غدر ۔ بغاوت و سرکشی ۔ برہمی درہمی
اُدھم ۔ الچل ۔ کھلبلی ۔ خرخشہ ۔ فتنہ ۔ بلڑہ ۔
تشریح ۔ بلوا اور ہنگامہ مین فرق یہ ہے
کہ ہنگامہ مین پہلے سے ارادہ جرم کا نہین
ہوتا ۔ اور اتفاقاً یون ہی فساد مین شمول ہو
جاتا ہے اور بلوے مین پہلے ہی سے ارادہ
جرم و فساد کا ہوتا ہے اور لڑائی دنگے کے

واسطے تیاری ہوتی ہے (زیادہ دیکھو
بنگاہ)
بلوۂ عام - قانون مین بہت سے آدمیون
کی سرتابی - (دیکھو بلوا)
بلوغ - حد معینہ کو پہونچنا - بالغ ہونا - جوانی
مردی - شباب
تشریح یہ مصدر ہے اس کا اسم فاعل
بالغ ہے
بلوکی - ایک رسم ہے جو بھاگلپور مین اس
طرح مروج ہے کہ دولہا کی ڈولی کے کہارون
کو دولہا کے رشتہ دار بطور چندہ اور تنبول
کے جمع کرکے دیتے ہین
بلہ بندی - قسطبندی - بقایا دیہات خرید
سرکار -
بم پولیس - جاے ضرور عام - پاخانہ عام -
ٹٹیان
بمراد - بمنشا - بغرض - واسطے - بجہت -
بمقابلہ - برخلاف - برابر مین
بمقدار - ایک حد تک - اندازتک - تخمینہ سے
آنک سے -
بمقدار دعوی - دعوے کے اندازے پر
حسب حیثیت دعوی - بحیثیت دعوی -
بملحوظی - لحاظ رکھنے سے - اعتبار کرنے سے
بلحاظ - اس مین یؔ مصدری ہے -
بمنزلہ - بمرتبہ - بمشابہ - بنا بر - گویا کہ - بجاے

بطور - بالعوض -
بموجب - موافق - مطابق - تابع - حسب
بباعث - بسبب - جیسے بولتے ہین
"بموجب فیصلۂ ذیل" یعنی نیچے کے فیصلے
کے مطابق -
بن - بیٹا - خلف - فرزند - ولد - پوت - صاحب
زادہ - پسر - بغیر - سوا - بجز - بدون
تشریح جب بیٹے کے معنی ہون گے
تو یہ لفظ عربی ہوگا - اور جب سوا کے معنی
ہون گے تو اُردو ہوگا - جو حرف استثناء
ہے -
بَن - جنگل - بیابان - اُجاڑ - ویرانہ - روئی
کا کھیت - روئی کی فصل - وہ جگہ جہان
بہت سے خود رو درخت کھڑے ہون -
مرغزار - صحرا - میدان - ریگستان -
بنا - بنیاد - جڑ - بیخ - اساس - دعوی - پایہ
اصل - مُول - نیو - کارن - شروع - ابتدا
مدار - باعث - وجہ - موجب - سبب -
جیسے بولتے ہین بناے دعوی - بناے
مخاصمت - بناے نالش وغیرہ -
بنابرین - اس بنا پر - بدین جہت - اس
سبب سے -
تشریح یہ لفظ اصل مین بنا براین ہے
جس کا لفظی ترجمہ اس بنا پر ہے
بناے استحقاق وراثت - قرابت نسبتی

قرابت نسبی - نکاح ولا حسب مذہب اہل اسلام
وراثت کے حق کی بنا۔

تشریح - یہ فقرہ عام ہے - قرابت ہو یا
کوئی اور وجہ حق وراثت ہو۔

بنائے حق ملکیت درمیانی یہ ہے کہ وہ بذریعہ
حق ملکیت سابق حاصل ہوئی ہو - درمیانی
ملکیت کے حق کی بنا - بیچ کی ملکیت اور بلاواسطہ
ملکیت کے حق کی وجہ۔

بنائے دعویٰ - وجہ دعویٰ - استغاثہ کرنے
کا باعث - دعوی جمانے کی دلیل -

بنائے مخاصمت - جھگڑے کی وجہ مقدمہ
کرنے کا سبب - (دیکھو بناء مخاصمت)

بنا رضی - نا راض ہونے سے - خلاف مرضی
برخلاف - جیسے بولتے ہین بنا رضی فیصلہ
ڈسٹرکٹ جج صاحب بہادر -

بنام - بمقابلہ - برخلاف - نام پر - مدعا علیہ
کے نام پر - جیسے بولتے ہین بنام فلان -

تشریح - بنام کا لفظی ترجمہ تو نام پر ہے
مگر اکثر استعمال اس کا مدعا علیہ یا مستغاث
علیہ کے نام پر کوئی دعوی یا استغاثہ کرنے
کو ظاہر کرنے پر ہوتا ہے - یا اُس شخص کے
لیے استعمال ہوتا ہے جس کے نام کوئی پروانہ
وغیرہ لکھا جاے۔

بنانا - بناوٹ - ساخت - حقیقت مین تو
ایسا نہوا ور ظاہر کرنا کہ ایسا ہے - جیسے

بولتے ہین اپنے تئین سرکاری ملازم بنانا

بنت - بیٹی - کنیان - دختر - صبیہ - لڑکی

تشریح اس مین گود لی ہوئی لڑکی
بھی داخل ہے۔

بنتی - سوال گذرانا - التماس کرنا - چاہنا -
مانگنا -

بنتی پتر - یادداشتی درخواست - واجب العرض
عرضداشت -

بنج - سوداگری - خرید فروخت - تجارت - سودا
سلف کرنا - بیوپار -

بنجر - اُفتادہ زمین - وہ زمین جس مین پانچ
یا زیادہ سال سے زراعت نہ کی گئی ہو -
وہ زمین جو مدت سے بوئی جوتی نہ گئی ہو -
غیر مزروعہ - بلا ترد د - جس مین کچھ پیدا
نہ ہو -

بنجر جدید وہ ہے کہ اگر چار فصل تک متواتر
کوئی جنس اس مین پیدا نہوا ور درختان میوہ
دار بھی اس مین موجود نہون تو چوتھی فصل
مین بنجر جدید کہلاے گی - اس کا لفظی ترجمہ
نیا بنجر ہے -

بنجر خارج الجمع وہ افتادہ زمین جس کا معاملہ
نہ لیا جاے - جمع اور معاملہ سے نکلنے والی
زمین - بے معاملہ زمین -

بنجر قابل زراعت - کھیتی کرنے کے لائق
اُفتادہ زمین -

بنجر قدیم - وہ زمین جو نئے بندوبست تک غیر مزروعہ رہے -

بنجر توڑنا - اُفتادہ زمین کی زراعت کرنا - توتوڑ کرنا -

بنجھ - وہ زمین جو بستی کے اِردگرد ہو - نیائین زمین - گورہ کی زمین - ایک قسم کی گھانس جو فصل خریف مین اُگتی ہے اور تین فیٹ کے قریب اونچی ہوتی ہے -

بند پشتہ - باندھ - یادداشتی چٹھی یا فرد تعلیقہ فہرست - جوڑ - عضو - گرہ - گانٹھ - روک - بینڈ - وہ ڈورہ یا فیتہ یا تنی جس سے اندر کھا وغیرہ باندھتے ہین - سیاہہ - فرد دفتر -

بند آب - پانی کا بند یا بندھ - پانی کی روک -

بندر - بوزنہ - بانر - ایک مشہور جانور ہے جو آدمی کے مشابہ ہے - تجارت کی منڈی جو سمندر کے کنارے پر ہو - کنارہ سمندر وہ شہر جو سمندر کے کنارے پر ہو اور جہان جہاز لنگر ڈالے - وہ سمندر کے قریب کی منڈی جہان تجارتی مال مختلف ملکون سے آکر اُترے - کنارہٗ دریا جہان کشتی کو باندھتے ہین -

تشریح لگران معنون مین بندر کا آنا یقین نہین دلاتا کہ یہ لفظ کس زبان کا ہے لیکن اکثر اس کی جمع بطور عربی کے بنادر پائی گئی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ عربی لفظ ہوگا -

بند سوالات - ایسے سوالات جو عدالت کی جانب سے بغرض استفسار خاص امر متعلقہ مقدمہ متدائرہ کے بھیجے جاتے ہین -

تشریح - عموماً یہ سوالات اُن معززون اور اہلکارون کے نام بھیجے جاتے ہین جن کو عدالت حاضری عدالت کی تکلیف دینا نہین چاہتی -

بندگان عالی - ملازمان حضور - مُراداً حضور - خود بدولت -

تشریح یہ محض تکلف کے الفاظ ہین جو بندگان عالی کہکر مراد خود حضور لینا ورنہ ظاہرا الفاظ سے تو ظاہر ہے کہ حضور کے بندے اور خدمت گار مگر اس کا استعمال ہمیشہ حضور کو ہی چاہتا ہے - اس کے بولنے والے یا لکھنے والے کی اصلی غرض یہ ہوتی ہے کہ مین یہان تک کم رتبہ ہون کہ حضور کو مخاطب کرنے کے لائق نہین بلکہ حضور کے خادمون کی خدمت میں عرض کرنے کے لائق ہون -

بندوبست - مال کا محکمہ - انتظام - نظم و نسق - آراستگی - درستی - تدبیر - انضباط - انقیاد - اہتمام - انصرام - ضابطہ - قاعدہ - سلیقہ - زمین کی حدبندی - ترتیب - سیاست - معاملہ - خراج - لگان - یا مال گذاری کا انتظام - زمین کے محصلات کا انتظام - تجویز - کسی

جگہہ خاص رقبہ مین مقدار جمع کی جو ادا کی
جائے تشخیص ہونا۔ یا تشخیص کا مکرر ہونا
یا کاغذات حقیت کا بموجب احکام تیار
ہونا یا ترمیم ہونا بندوبست کہلاتا ہے۔
اس کی کئی قسمین سرسری۔ ثانی۔ قانونی
وغیرہ ہین

تشریح یہ لفظ بند بمعنی باندھنا اور
بست بمعنی باندھا سے مرکب ہے۔ یعنی
اچھی طرح انضباط کرنا اور انتظام کرنا۔

بندوبست اسامی وار۔ اسامی وار
بندوبست۔ وہ بندوبست جو مزارعون
کے نام بنام ہو۔ یا وہ بندوبست جو اسامی
کی ترتیب سے ہو۔

بندوبست استمراری۔ دوامی بندوبست
دائمی بندوبست۔ دائمی انتظام مستقل
بندوبست۔

تشریح۔ اس مین یی نسبت کی ہے
یعنی وہ بندوبست جو استمرار کی طرف
منسوب ہے جس کے معنی زوال نہونا اور
ہمیشہ رہنا ہے

بندوبست پنج سالہ۔ جو بندوبست
پانچ سال کے بعد ہو۔ پانچ سال کی میعاد
کا بندوبست۔

بندوبست ثانی۔ دوسرا بندوبست۔
وہ بندوبست جو بعد اول بندوبست
قانونی کے ہو۔

تشریح اس مین جمع کی تشخیص ثانی
ہوتی ہے یا کاغذات حقیت کی ترمیم ہوتی
ہے یا جس مین یہ دونون عمل ہون

بندوبست جدید۔ نیا بندوبست نئے
سرے سے بندوبست۔

بندوبست چند روزہ۔ غیر مستقل بند
بست۔ چند دنون کے لیئے بندوبست
عارضی بندوبست۔ ثانی بندوبست۔

بندوبست دوازدہ سالہ۔ بارہ سالہ
بندوبست۔ وہ بندوبست جس کی میعاد
بارہ سال کی ہو۔

بندوبست دہ سالہ۔ دہ سالہ بندوبست
وہ بندوبست جو دس سال کے لیئے ہو۔

بندوبست سابق۔ پہلا بندوبست۔
گذشتہ بندوبست۔

بندوبست سرسری۔ مختصر بندوبست
ایک عارضی بندوبست ہے جو اس وقت
تک ہوتا ہے جب قانونی بندوبست
کیا جائے۔ مجمل بندوبست۔

بندوبست سہ سالہ۔ سہ سالہ بندوبست
تین سالہ بندوبست۔ جو بندوبست
تین سال کے لیئے ہو۔

بندوبست قانونی جس مین جمع کی تشخیص
اول مرتبہ کی جاتی ہے اور کاغذات حقیت

اول مرتب تیار کیے جاتے ہین۔

بندوبست مالگزاری - معاملہ کا بندوبست
وہ بندوبست معاملہ جو خاص مالکان سے
لیا جاتا ہے۔

بندوبست مستاجری - اجارے یا ٹھیکہ کا
بندوبست۔

بندوبست معافی منضبطہ - اُس زمین کا
بندوبست جس کی معافی ضبط ہوگئی ہو۔
ضبط شدہ معافی کا بندوبست۔

تشریح منضبطہ صیغہ اسم مفعول انضباط
سے ہے معافی دیکھو معافی ہین۔

بندوبست موجودہ - بندوبست جو
حال مین جاری ہو۔

بندوبست میعادی - محدود بندوبست
معینہ وقت تک کا بندوبست۔ وہ بندو
بست جس کی خاص میعاد مقرر ہو۔

بندوق - لغوی معنی گولی۔ اصطلاحی وہ
لوہے کی نلی جس مین بارود بھر کر چھوڑین
تفنگ۔ تفک۔

تشریح - قانون مین آلہ مہلک کہتے ہین
سنہ ۱۲۱۴ء مین ملک فرانس مین یہ ایجاد ہوئی

بندھک - رہن۔ گرو۔ گروی۔ رہن نامہ

بندھک پٹ - رہن بالقبضہ

بندھو - رشتہ دار۔ وہ رشتہ دار جو خاندان
دیگر سے ہو مگر بلحاظ پانی دینے کے قرابتی
ہوسکتا ہو۔ جو بنڈ دینے کے قابل ہو اور
جدا خاندان سے ہو۔

تشریح اس کی تین قسمین ہین (۱) ذاتی
(۲) پدری (۳) مادری - اس کو بعض لوگ
بندھو بھی کہتے ہین مگر اس کی صحت مین کلام
ہے۔ بنگالی بند - برادری۔ ناطہ دار۔ دوست
یہ ہندی لغت ہے۔

بندھو پدری - باپ کی پھوپھی کے بیٹے
باپ کی خالہ کے بیٹے۔ باپ کے ماموں کے
لڑکے۔ باپ کے چچا کے بیٹے۔ پدری کا ین
ی نسبت لی ہے۔

بندھو ذاتی - حقیقی باپ کی بہن کے بیٹے۔
حقیقی ماں کی بہن کے بیٹے۔ حقیقی ماموں
کے بیٹے۔ اس مین یہی نسبت کی ہے۔

بندھو مادری ماں کی پھوپھی کے بیٹے
ماں کی خالہ کے بیٹے۔ ماں کے ماموں کے
بیٹے۔ ماں کے چچا کے بیٹے۔ اس مین یہی
نسبت کی ہے۔

بندھوا - قصوروار۔ مجرم۔ قیدی۔ پکڑا
ہوا۔ باندھا ہوا۔ گرفتار۔ پابجولان۔ پا
بزنجیر۔ بندی۔ اسیر۔ زندانی۔ پابند۔ ماخوذ

بَندی - بندش۔ ممانعت۔ روک۔ امتناع
قید۔ بندھا۔ قیدی۔ اسیر۔ لونڈی۔
باندی۔ کنیز۔ عاجزہ۔ خادمہ۔ جس طرح مرد
لفظ بندہ اپنی نسبت بولتے ہین عو

عورتین

تھین بندی کہتی ہین۔

بندی۔ ایک نشان جو برہمن اور دیگر ہنود پیشانی پر صندل وغیرہ سے لگاتے ہین۔ تِلک۔ پوجا کا تلک۔ یہ نشان اہل ہنود کے مذکر مونث چھوٹے بڑے عموماً استعمال کرتے ہین۔

بنظر۔ بلحاظ۔ باعتبار۔ از روے۔ بخیال جیسے بولتے ہین "بنظر حالات و واقعات مقدمہ"

بنک۔ کوٹھی۔ صرافی۔ ایک خاص جگہ جہان روپیہ اماناً جمع رہتا ہے

تشریح۔ آج کل گورنمنٹ انگلشیہ نے عموماً ڈاک خانہ جات مین بنک کھول دیے ہین جن کو سیونگ بنک کہتے ہین جو سود کا خواہان ہو اُس کو سود بھی دیا جاتا ہے مگر خاص حد تک۔

بنگر۔ جنگل۔ جنگلی زمین کا پیداوار جیسے شہد گوند وغیرہ جنگل کی آمدنی۔

بنیا۔ پرچون اور آٹا دال بیچنے والا اناج کا بیج کرنے والا۔ بودا۔ بزدل۔ ٹھڑدلا کنجوس مسک۔ بخیل۔ سیدھا۔ بے فساد راست طبع

تشریح جیسے مسلمانون مین نہایت چھوٹی ذات جولاہے ہین اور اُن کی عزت اور مسکنت اور سادہ لوحی کے باعث اُنکو سوس کہتے ہین ویسے ہی اہل ہنود مین بنیا ایک رذیل اور ادنیٰ درجہ اور سب سے چھوٹی ذات کا آدمی ہوتا ہے جو ظاہر مین گربہ مسکین کے مانند ہو کر اسامیون کا شکار کرتا ہے۔

بنیاد۔ (دیکھو بنا)

بوار۔ بونا۔ بیج بونا۔ بیج بونے کا موسم۔

بوائی۔ بونے کا بیج۔ بونے کا وقت۔ بوگ

بوجھ بٹائی۔ اناج کو گٹھریان باندھ کر یا بکھارون مین بانٹنا۔

تشریح یہ دستور رسلکھنڈ مین زیادہ مروج ہے

بوجوت۔ بونا جوتنا۔ کاشت کاری کرنا

بودباش۔ رہنا سہنا۔ سکونت۔ رہائش بسنا۔ قیام۔ یہ حاصل مصدر ہے۔

بودر۔ وہ جگہ جہان کھڑے ہو کر ڈال یا ڈول ڈال کر کھینچتے ہین

بورڈ۔ اس سے صفا جہان بورڈ مال مراد ہوتی ہے۔ بورڈ کے معنی کمیٹی کے ہین مجلس۔ انجمن۔ محکمہ مال۔ جہاز کی سطح تختہ۔ اجلاس کی میز۔ میز۔ پبلک ورکس کے منیجر

بورڈ آف ریونیو۔ محکمہ اعلیٰ صیغہ مال مراد ہے۔ بورڈ آف ریونیو سے شہر کلکتہ اور صدر بورڈ ریونیو سے مقام آگرہ مراد ہے

بورڈنگ ہوس- وہ مکان جہاں کالجون یا سکولون کے طلبا رہتے سہتے اور کھاتے پیتے اور کپڑا اسباب وغیرہ رکھتے ہین-

بوری- ایک پیمانہ تین من کے وزن کا ٹوتا ہے- یہ ٹاٹ یا سنی کا پیمانہ ہوتا ہے جس مین غلہ وغیرہ اجناس ڈالتے ہین-

بول چال- گفت وگو- بات چیت- گفت وشنید- روزمرہ- محاورہ- طرز زبان- بولنے کا طریقہ- میل ملاپ- صلح- موافقت- تکرار- بحث-

بولندہ- کاغذون کا گٹھا-

تشریح مجموعۂ کاغذات اس کو بلندہ اور پولندہ ب فارسی یعنی پ سے بھی لکھتے ہین (دیکھو پولندہ)

بولی- زبان محاورہ- طریقہ بولنے کا- وہ آواز جو نیلام مین دی جاتی ہے- جو بیچنے والے نیلام کرنے والے پکار پکار کر اپنی چیز کے دام بولتے ہین- گفت وگو- بھاکا- قیمت کی آواز-

بولی بولنا- آواز لگانا- نیلام کرنا-

بونی- بیج بونے کا وقت-

بونگا- بھوسے کا ڈھیر یعنی بھس وغیرہ کا مخروطی شکل کا ڈھیر جو چارون طرف سے مینڈین لگا کر بناتے ہین- بانس کا ٹونا جسے بنگا کہتے ہین- پورب مین ناریل کو بھی کہتے ہین

بوہرا- دیہاتی صراف یا مہاجن- ایک ذات ہے- یہ گجراتی لغت ہے-

بوہنی- بکری کے وقت جو پہلا روپیہ پیسہ اور عوض شئے مبیعہ لیا جاتا ہے- بقول ایلیٹ صاحب ہندوستان مین ایک رسم مروج ہے جو انگلینڈ کے منصل سے کسی قدر مشابہ ہے- اور فیلن صاحب اپنی ڈکشنری مین اس طرح بیان کرتے ہین کہ "وہ پہلا روپیہ جو بازار مین وصول ہو اور جس پر بعض وسواسی آدمی تھوک دیتے ہین اس غرض سے کہ وہ اس کو ناپاک بنا دین تاکہ کوئی اس کو نہ لے جا سکے یا اس لئے کہ اس کو بڑا خوش نصیب بنا دین تاکہ وہ بہت سے روپیون کو کھینچ لے" اول بکری- وہ دام جو دکان کھول کر سب سے پہلے وصول ہو-

بہ درجہ- بھی وہی- سلسلہ وار- تفصیلوار- مفصل- جیسے بولتے ہین بہ درجہ حساب سنا دیا-

بھاجی- حصہ بخرہ- انعام کی تقسیم- تقسیم شدہ چیز کھانے پینے کی چیز کا حصہ- پکا ہوا ساگ یا ترکاری-

بہادر- عالی حوصلہ- دلیر- جوان مرد- جری- شجاع- باہمت- ایک خطاب ہے جو گورنمنٹ کی طرف سے امیرون وغیرہ کو

دیا جاتا ہے جیسے خان بہادر محمد جان خان موتی کی سی قیمت رکھنے والا۔ سورما۔ جری جنگی۔ نڈر۔

بھارکس۔ صحیح بارکش۔ چھکڑا۔ بڑی گاڑی جس مین بہت اسباب یا سواریان سما سکین۔

بھاگ۔ قسمت۔ حصہ۔ موروثی حصہ۔ ایک قسم کا حصہ۔ ہندوا مین وہ حصہ جو بموجب تعداد اُن کے بزرگان مرحوم کے لڑکون اور اولاد مین تقسیم کیا جاے اس کو تینے بھاگ بھی کہتے ہین۔ یہ وہین جائز متصور ہوتا ہے جہان قدیم سے مروج ہے ایک باقاعدہ تقسیم حسب تعداد ورثا۔ مقسوم ورثہ۔ سرکاری بانٹ۔ محصول۔ اقبال

بھاگڑ۔ خوف کے مارے بھاگنے کی جلدی ہل چل۔ ہڑبڑ۔ گھبراہٹ۔ تلاطم۔ اضطراب

بھاگنیر۔ قابل زراعت زمین کی دو قسمون مین سے وہ قسم جو جمنا سے سیراب ہوتی ہے اور دامن کوہ مین واقع ہے یہ زمین غیر معمولی زرخیزی کے باعث بڑی مشہور ہے اور ہر سال طوفان سے سیراب ہو جاتی ہے۔

بھانپنا۔ تاڑنا۔ بشرے سے معلوم کرنا۔ شناخت کرنا۔ پہچاننا۔ دیکھنا۔ تاکنا۔

بھانجا۔ اس مین غیر حقیقی بہن کا بیٹا بھی شامل ہے۔

بھاولی۔ بٹائی غلہ مابین مالک و مزارعہ لگان جو بجاے روپیہ کے اناج سے ادا کیا جاے تقسیم پیداوار مابین کاشت کار و زمیندار

بہائم۔ اس مین سواے مویشی شاخ دار ہاتھی۔ اونٹ۔ گھوڑہ۔ گدھا۔ بھیڑ۔ بکری اور خوک بھی داخل ہے۔

بھتا۔ ہل والے کی اُجرت۔ ہالی کی مزدوری الاونس۔ وہ زائد تنخواہ جو ملازمون کو بحساب تنخواہ کے دیتے ہین۔ افسرون کا امدادی روپیہ جو خاص کام کے واسطے دیا جاتا ہے۔ سفرخرچ۔ زاد راہ۔ خورک توشہ۔ بھات۔ اُبلے ہوے چانول۔ خشکہ

بُہتان۔ جھوٹی تہمت۔ جھوٹی افواہ۔ جھوٹا الزام۔ مذمت۔ دوش۔ تہمت۔ افترا کلنک۔ عیب۔ بدنامی۔ دھبہ۔

بھتی۔ وہ رسم ہے جو اہل اسلام اپنے قریبی رشتہ دارون اور ملاقاتیون کو جن کا کوئی مر جاے کم سے کم تین یوم تک کھانا کھلاتے ہین

بُھٹّا۔ ملی کا بال۔ مکا کا سٹہ۔ ناہن سرمور مین کو کڑی بولتے ہین اور پنجابی مین اسکو چھلی کہتے ہین۔ خوشۂ ذرت۔

بھٹوا۔ ہلکی خشک زمین جو فقط موسم خزان مین فصل دیتی ہے

بھٹی۔ مے خانہ۔ تراوہ۔ آب کاری۔ کپڑون کو بھانپ دینے کا آلہ جو عموماً دھوبیون کے

گھرون مین بنا ہوتا ہے۔ ایک ذات کا
بھی نام ہے جسے بچپاؤ بھی کہتے ہین۔ بڑا
چولھا۔ گلخن۔ تنور۔ کورہ لوہارون شیشہ
گرون وغیرہ کا آتشدان شراب خانہ۔ کلال خانہ

بھٹی دار۔ شراب کھینچنے والا۔ آب کار۔
شراب کا دوکان دار۔ کلال۔ شراب فروش۔

بھٹی مجاز۔ لائی سنس دار شراب۔ وہ بھٹی
جس سے لائی سنس دیا جاتا ہو۔

بھدَئی۔ بھادون کی پیداوار۔ وہ پیداوار
جو ماہ اگست مین ہو۔ موسم برسات کا چاول
جو بیساکھ کے قریب بویا جاتا ہے اور بھادون
مین کاٹا جاتا ہے۔

بھدوار۔ وہ زمین جو گنّے کے واسطے تیار
کی جاتی ہے فصل خریف مین اساڑھ سے
بھادون تک نیز فصل ربیع کے واسطے روئی
بیجنے کے موسم تک پڑی رہتی ہے۔

بھرائی۔ پانی بھرنے کی اجرت۔ کپڑے مین
روئی بھرنے کی اُجرت۔ گڑھے مین مٹی بھرنے
کی اُجرت۔

بھر پانا۔ پورا پورا دام وصول پانا۔ کوڑی
کوڑی وصول پانا۔ باز آنا۔ نجات پانا۔
کچھ نہ پانا۔ جزا پانا۔

تشریح (۱) یہ لفظ عموماً حمل علی النقیض
کے قاعدے سے اپنے نقیض پر زیادہ
مستعمل ہوتا ہے۔ حمل کے معنی قیاس نقیض
کے معنی برخلاف برعکس یعنی خلاف پر قیاس
کرنا۔ اصل معنی اس کے پورے پورے
دام وصول پانا ہے اور زیادہ استعمال
اس کا کچھ نہ پانے مین ہے یہی قاعدہ
حمل علی النقیض کا ہے

تشریح ۲۔ واضح ہو کہ نقیض اور ضد
مین فرق ہے نقیض وہ ہے جو نہ ایک
ساتھ جمع ہو سکے اور نہ معدوم ہو سکے۔
جیسے ہست اور نیست۔ اور موت و زندگی
یعنی ان دونون مین سے ایک حالت رہے
گی۔ اور ضد وہ ہے کہ ایک ساتھ جمع نہ
ہو سکے جیسے سیاہ و سفید۔ لیکن یہ دونون
معدوم ہو سکتے ہین یعنی ممکن ہے کہ زرد ہو

بھرپائی۔ پورے دامون کی رسید

بھرپائی لکھ دینا۔ پوری پوری رسید
لکھ دینا۔

بھرتی۔ داخلہ حشو۔ بھراؤ۔ جو چیز
کسی کے اندر بھری جائے۔ اندراج
کسی محکمہ مین نام لکھا جانا۔

بھرتی کرنا۔ داخل کرنا۔ نئے نوکر رکھنا
عموماً اس کا استعمال پلٹن وغیرہ کے ملازمون
پر زیادہ ہوتا ہے۔ کسی محکمہ مین داخل کرنا

بہرکیف۔ ہر طرح سے۔ بہر صورت۔ بہر
حال۔ بہر تقدیر۔ ضرور

بھروٹی۔ ایک پوری رسید۔ اقرار نامہ

بھرنا تاوان جرمانہ بھر دینا۔ ٹوٹم بھگتنا ادا کرنا۔ قرضہ چکانا۔

بہرہ قسط حصہ۔ بخرہ۔ چندہ نصیب

بہری ۔ وہ گھانس جو چھپر بنانے کے واسطے مستعمل ہو۔ زراعت کا اتنا گٹھا جو ایک آدمی اُٹھا سکے۔

بھڑری ۔ وہ اناج جو گاہنے کے بعد بال میں رہ جاتا ہے۔ گانٹھا

بھڑکی ۔ ایک قسم کی زمین ملک بہار میں ہے جو سیاہ رنگ کی ہوتی ہے جب ہل سے اُٹھائی جاتی ہے تو ہلکی ہو جاتی ہے۔ ہر دو فصل بہار اور خزاں کے لیئے مفید ہے۔ پانی اور سینچائی زیادہ چاہتی ہے

بہکاوٹ ۔ دم۔ فریب اغوا۔

بھکسی ۔ ایک کوٹھری جس میں مالگذاری نہ ادا کرنے والے مجرم دیسی ریاستوں میں قید کیے جاتے ہیں

بھگا لے جانا ۔ کسی کو بھگا کر اپنے ساتھ لے جانا۔ اس کا استعمال عموماً عورت یا نابالغ بچہ کے بھگا لے جانے پر ہوتا ہے

بھلا بُرا کہنا ۔ دشنام دہی۔ ملامت کرنا کسی کی ہجو کرنا۔

بہن رضاعی ۔ دودہ پلانے والی عورت کی لڑکی۔ دودھ شریک بہن۔ جو صرف مل کر ایک ماں کا دودھ پینے سے بہن کہلائے۔

بھنگیرا ۔ بھنگ فروش۔ بنج فروش بھنگ بیچنے والا۔

بھور ۔ ریتلی زمین۔ ایک قسم کی زمین۔

بھوگ بندھک ۔ رہن کی ایک قسم جس میں کہ مرتہن سود کے بجائے رہن کے اسباب کا منافع لیتا ہے۔ رہن میں وصلات کا لینا۔

بھوگوتر ۔ ایک بڑا معاملہ یا مال گزاری یا انعام جو ایک مقدس آدمی برہمن وغیرہ کے خوش کرنے کے واسطے دیا جاتا ہے۔

بھون بھانڈ ۔ وہ زمین جو گانون کے چوکیدار ملا وغیرہ کو بلا کرایہ دی جاے

بہی ۔ حساب کی کتاب۔ ڈائری یعنی روزمرہ کے حساب کی کتاب اس میں ہر ایک جزو اس بہی کا اور کسی قدر ورق جو بہی یا جزو بہی بنانے کے لیئے باہم ہوے ہوں شامل ہیں نیز ایک طرح کی لمبی کتاب جس میں مہاجن اپنا حساب کتاب رکھتے ہیں۔ روزنامچہ کھاتہ۔ ایک کتاب جو صرف ایک طرف سلی ہو۔ ایک سوداگر یا صراف کی کتاب۔ رجسٹر لیجر

بہی جا کرڈ شتبہ بنج حساب کی کتاب مشکوک حساب کی کتاب۔ یہ ایک قسم کی بہی ہوتی ہے۔

بہی جیٹھا - بل بک - بقایا کے اندازے کی کتاب -
بہی خسرہ - روزنامچہ - وہ بہی جس مین روزمرہ کے اخراجات اور لین دین مندرج ہوتے ہین -
بہی داخل خارج - رجسٹر انتقال - ایسی بہی جس مین داخل کرنے یا خارج کرنے کا عمل درآمد ہو -
تشریح - یہ رجسٹر پٹواری کی تحویل مین رہتا ہے -
بہی دان - محاسب - ایک شخص جو بہیون کو دیکھتا اور چک کرتا ہو - بہی کے فن کو جاننے والا - مبصر بہی - پڑتال کرنے والا -
بہی دھروڑ - رکھے ہوے حساب کی کتاب -
بہی روکڑ - کیش بک - نقد حساب کی کتاب
بہی کھاتہ - حساب کی کتابین - روزمرہ کے حساب کی کتابین جو سود اگر لوگ رکھتے ہین اکونٹ بک - لیکھا بہی خسرہ - مسودہ - پرانا حساب کتاب
بہی کھاتہ شراکت - ساجھا بہی کھاتہ -
بہی واز خام - روزمرہ کے حساب کتاب کی کتاب - متفرق حساب کتاب - وہ کتاب جس مین کچے حساب کی نقل پختہ طور پر کی جاتی ہے -
بہی یادداشت - نوٹ بک - وہ کتاب جس مین اپنی یادداشتین درج ہون -
بھیاچارہ - زمین - قانون - یا خاص حقوق جو کچھ گینے والے ایک ہی برادری کے اور ایک ہی اولاد سے ہوتے تھے جو پہلے ہی مشترک آبا و اجداد سے پیدا ہوتے تھے مگر اب ہمیشہ ایک ہی قسم کے آبا و اجداد سے پیدا ہوتے ہین بالکل یا کسی قدر مشترک طور پر پٹی داری مین رکھتے ہین بھیاچارہ وہ ملکیت ہے جب کہ جائداد بڑے اور چھوٹے مقبوضات مین تقسیم ہوا اور ایک سطح پیمائش شدہ جس کی بنا اصل قبضہ پر ہو غرض ہر حصہ دار کی ظاہر کرے اور بباعث قبضہ زمانہ دراز کہ قانون حد سماعت کا موثر ہو جملہ دعاوی مبنی بر حقوق جدی نابود ہو گئے ہون -
بھیاچارہ غیر مکمل - وہ زمین شاملات جو تقسیم شدہ ہو -
بھیاچارہ مکمل - اگر تقسیم کل اراضی گانون کی ہو گئی ہو تو بھیاچارہ مکمل کہلاتا ہے
بھینٹ - قربانی - نذرانہ - رشوت - سلامانہ -
بھیج - لگان - مناسب حصہ - برابر حصہ کرایہ زمین -
بھیج برار - وہ معاوضہ جس مین برادری کے حصے یا تو کسی خاص وقت کے بعد

یا کبھی کبھی تبدیل ہوتے ہیں۔ ایسا معاوضہ اکثر تبدیل کنندون مین ہوتا ہے اور جس مین کہ معاملہ اور گانون کے اخراجات کی بقایا جو کسی حصہ دار کے جھگڑے وغیرہ سے ہو گئی ہو اور حصہ دارون پر حصہ رسدی تقسیم سے ٹھیک کرلی جاتی ہے یہ قاعدہ بُندیلکھنڈ مین زیادہ مروج ہے۔

بھیار ۔ وہ زمین جو گانون سے فاصلے پر ہو

بے احتیاطی ۔ غفلت۔ احتیاط کا نہونا سستی۔

بے ادبی ۔ گستاخی۔ سوئے ادبی۔ حشی پن۔ بے ادب ہونا۔

تشریح ۔ ادب کے معنی ہر چیز کا انداز نگاہ رکھنا۔ اس مین یؔ مصدری ہے۔

بے استطاعتی ۔ بے مقدوری۔ ناطاقتی۔ افلاس شکستگی

بے اصل ۔ جس کی بنیاد نہ ہو نا درست۔ بے بنیاد۔ جھوٹا۔ نادرست۔ بے ٹھکانے خلاف۔ غلط۔ باطل

تشریح ۔ بے کے معنی بغیر۔ اصل کی تشریح کے لیئے دیکھو اصل۔

بے انتظامی ۔ کھلبلی۔ گڑبڑ۔ انتظام کا نہ ہونا۔

بے انصاف ۔ اینائی۔ نیاؤ کرنے والا اندھیر ڈالنے والا۔ ظالم جو انصاف نہ کرنے والا ہو۔

بے اولاد ۔ لاولد۔ جس کے اولاد نہو نپوتا بے کے معنی بغیر۔ اولاد کے لیئے دیکھو اولاد

بے ایمان ۔ وہ شخص جس کا کوئی مذہب نہو۔ لامذہب۔ جس کا دل کسی مذہب پر قائم نہو۔ بے دیانت۔ جھوٹا۔ دغاباز۔ جس کا کوئی دین نہو۔ بے دھرم۔ بددین بے اعتقاد۔ غیر معتقد۔ بدنیت۔

بے باق ۔ جس کے ذمے کچھ باقی نہو۔ بغیر بقایا کے۔ جو باقی نہ رہا ہو سب ادا ہو گیا ہو

بے بدل ۔ بے نظیر۔ جس کا عوض نہو۔ جس کا بدلہ نہو۔ لاثانی۔ یکتا۔ غیر مشابہ۔ بے ہمتا۔ بے مثال۔

بے بنیاد ۔ جس کی بنیاد نہو۔ جس کی جڑ نہو جو پائدار نہو ناپائدار۔

بے تاثیر ۔ غیر موثر۔ جو اثر نہ رکھتا ہو۔ بے فائدہ۔ ناچیز۔ ہیچ۔ پوچ۔ لاحاصل۔ عبث باطل۔ بے اثر۔ جس کی تاثیر نہ رہی ہو۔

بے تحاشا ۔ مضطربانہ۔ بے تابانہ۔ بے اوسان ہوکر۔

بے تردد اراضی ۔ جو زمین تین برس کے اندر کاشت نہ ہوئی ہو۔ جو زمین باہی جوتی نہ گئی ہو

بے تعویق ۔ بے التوا۔ بے تاخیر۔ بے توقف۔ دیر کے بغیر۔

بیٹھا۔ پسر۔ اس مین تینی بھی داخل ہے۔

بے جا۔ جو ٹھیک نہو۔ بے موقع۔ نامناسب
نادرست۔ نامشروع۔ غلط۔ خلاف قانون
خلاف آئین۔ خلاف ضابطہ۔ ناجائز۔ نا
معقول۔ ناشایستہ۔ نازیبا۔ ناحق۔

بے جا تصرف۔ تغلب۔ خورد برد۔ غبن
خیانت۔

بے جا توقف۔ غیر ضروری دیری۔ بلا
وجہ دیری۔ فضول دیر۔ خلاف ضابطہ دیر

بے جا عذر۔ ایک کمزور۔ سست یا نا
درست یا ناروا عذر۔

بے جا قرقی۔ بے قانون مال ضبط کرنا۔
ناجائز طور پر مال ضبط کرنا۔ نامناسب قرقی
خلاف قانون قرقی۔ (زیادہ کے لیے
دیکھو بیجا در قرقی)

بے جا لگان گیری۔ ناواجب معاملہ
لینا۔ کاشت کارون سے ناجائز معاملہ لینا
اس مین گی مصدری ہے۔

بے چراغ۔ ویران۔ غیر آباد۔ "خانۂ بے
چراغ" بولتے ہین اُس کے گھر کو جس کے
اولاد نہو۔

بے حال۔ قریب الموت۔ لب دم۔ جان
بلب۔ بے روزگار۔ غیر حال۔ ابتر۔ خراب
خستہ۔ ردی۔ ماندہ۔ ضعیف۔ بیمار۔
مفلس۔

تشریح۔ قریب الرگ جو عام بولتے ہین
غلط ہے اس لیئے کہ مرگ فارسی لفظ ہے
اس پر الف لام کا لانا جو خاصہ عربی کا ہے
محض غلط ہے۔

بے حس۔ جو ہل جل نہ سکتا ہو۔ جس مین
حرکت ہی نہ رہی ہو۔ جو بے حواس ہو۔
جس کے حواس بے کار ہو گئے ہون۔

بے خرخشہ۔ بلا تامل۔ بے جھگڑا۔ بلا تردد
بے اندیشہ۔

بید۔ تازیانہ۔

تشریح۔ عام لوگ غلطی سے بیت بولتے
ہین۔ سزا سے بید یا سزا سے تازیانہ مشہور
ہے۔ دیکھو بیت مارنا۔

بے دخل۔ بے قبضہ۔ جس کا کچھ دخل نہو
محروم الارث۔ عاق۔

بے دخل کرنا۔ بے قبضہ کرنا۔

بے دخلی۔ بے قبضہ ہونا۔

بے دخلی بالجبر۔ جبر اور زبردستی سے
بے قبضہ ہونا۔

بے دریغ۔ بے افسوس۔ بے تامل۔ بے
سوچے۔ کثرت سے۔ افراط سے۔

بے سود۔ بے فائدہ۔ عبث۔ نکما۔

بے ضابطہ۔ بے قاعدہ۔ خلاف قاعدہ
بے قانون۔

بے ضابطگی۔ بے قاعدگی۔

بے قصور۔ معصوم۔ پاک۔ بے جرم بے خطا۔ بے الزام۔ بے گناہ۔

بے کار۔ فارغ۔ خالی۔ بغیر ملازمت کے۔ بے شغل۔ موقوف شدہ۔ نکما۔ ناکارہ۔ خراب۔ فضول۔ خانہ نشین۔ بے روزگار خالی معطل۔

بے کار کرنا۔ موقوف کرنا۔ ذلیل کرنا خوار کرنا۔ بے شغل کرنا۔ عہدے سے برطرف کرنا۔

بے کاری۔ فراغت۔ خالی ہونا۔ بے روزگاری۔ خانہ نشینی۔ یہاں ی مصدری

بے کم و کاست۔ بغیر گھٹائے بڑھائے ٹھیک ٹھیک۔ جوں کا توں۔ صحیح صحیح

بے گناہی۔ بے جرم بے قصور ہونا۔

بے محابا۔ بے ترس۔ بے دھڑک بے خوف۔ بلا لحاظ۔ بلا تامل

بے محل۔ بے موقع۔ نامناسب۔ جو حسب موقع نہو بے وقت۔ بے جا۔ نازیبا۔ ناموزوں۔

بے معنی۔ بے اصل۔ بیہودہ۔ مہمل بے فائدہ۔ وہ لفظ جس سے کچھ مفہوم نہو۔

بے موقع۔ بے محل۔ (دیکھو بے محل)

بے وقت۔ جو وقت پر نہو

بے وقعت۔ بے وزن۔ بے عزت۔ بے اعتبار۔

بیاج۔ سود۔ منافع۔ ایسا منافع جو شرعاً ممنوع ہے۔ ربا۔ نفع۔ وہ اضافہ جو ایک جنس کے بدلے میں اُسی جنس سے لیا جائے جیسے روپے کے بدلے روپیہ۔

بیاج بر بیاج۔ سود در سود۔ سود مرکب۔ سود بالائے سود۔

بیاج خور۔ بیاج کھانے والا۔ سود کھانے والا روپیہ بیاجو دینے والا۔ سود خور روپیہ یا جنس کا منافع کھانے والا۔ سود چلانے والا

بیاجو۔ وہ سودی روپیہ جو سود پر لیا جائے یا دیا جائے۔ زر اصل جو سود پر لگایا جائے سودی۔ سود پر۔ نفع پر۔ زر سودی۔

بیاجو لینا۔ روپیہ سود پر لینا۔

بیان۔ اظہار۔ تشریح۔ اقرار۔ بات قول۔ انکشاف۔ حالت۔ نام علم۔ رپورٹ خبر۔ اطلاع۔ مقولہ۔ بچن۔ صراحت ارتھ۔ صورت حال۔ تصریح۔ توضیح تشریح۔ تفصیل۔ افشا۔ کیفیت۔ لغوی معنی صاف بولنا۔ سخن روشن۔ واضح آشکارا۔ مشرح۔ تقریر۔ تفسیر۔ مضمون مقدمہ۔ معاملہ۔ ذکر۔ کیفیت (دیکھو اظہار)

بیان امر واقعی۔ ٹھیک بات کا اظہار فی الواقع بات کا اظہار۔

بیان بدلنا۔ راستی سے گریز کرنا۔ اپنے

پہلے بیان کے خلاف بیان کرنا مکر جانا
ٹال مٹول کرنا۔ اپنی شہادت کو پلٹنا۔
بیان تائیدی ۔ وہ اظہار جو کسی کی
تائید مین کیا گیا ہو۔ بیان اسنحکام بخش۔
بیان مقوی۔ دوسرے کا مقوی اور ممد
بیان۔ وہ بیان جسے دوسرے کی تقویت
ہوتی ہو۔
بیان تحریری قلمی بیان۔ مکتوبی بیان
کتابی بیان۔ لکھا ہوا بیان۔
بیان دعوی ۔ درخواست۔ نالش۔ موجزہ
دعوے کا اظہار۔ صورت حال۔ حقیقت
حال۔ ثبوت دعویٰ۔
بیان زبانی ۔ تقریری بیان
بیان ضمنی ۔ وہ بیان جو اصل مطلب یا
بات کے ضمن مین کیا جاے۔ ایسا بیان
جو بالواسطہ یا بالغرض کیا جاے۔ جو بیان
جملہ معترضہ کے طور سے ہو۔
تشریح ۔ ایسا بیان عموماً خطوط وحدانی
یعنی بریکٹس کے اندر لکھا جاتا ہے۔
بیان کاذب ۔ جھوٹا بیان۔ خلاف واقع
بیان۔ غیر واقع بیان۔
بیان مسلسل ۔ سلسلہ وار اور لگاتار بیان
لگاتار اظہار۔ اظہار طویل۔ اور بیان
لمبا۔
بیان واقعات ۔ واقعات کا بیان۔
امور واقعی اور یقینی کا بیان۔
بیاہ ۔ شادی۔ نکاح۔ ازدواج۔ کدخدائی
عقد۔ ازروے شرع محمدی بیاہ ایک
عہد ہے جس کو دو شخص مسلمان عاقل بالغ
باہم قرار دیوین اور جو نابالغ ہون وہ
اپنے مجازولیون کے استرضا سے یہ عہد
کر سکتے ہین۔ یہ ایک مذہبی عہد ہے جو
آٹھ مشہورہ طریقون مین سے ایک طریقہ
سے منعقد ہو سکتا ہے۔ اور بموجب دھرم
شاستر کے بیاہ ایک کرم یعنی ایک رسم ہے
قوم ہنود مین صرف دنیوی معاملہ نہین بلکہ
ایک دینی معاملہ متبرک ہے۔ دھرم شاستر
کے موافق بیاہ کئی قسم کا ہے۔ برہم۔ دیو
ارش۔ پراجاپت۔ آسور۔ کدھرب۔
یعنی تعشق۔ راکھچھس جو جبر اکرایا جاے
بیاچ جو دھوکے سے کرایا جاے
بیاہتہ ۔ کدخدا عورت۔ بیاہی ہوئی۔
دلھن۔ منکوحہ۔ نکاحی ہوئی۔
بیت ۔ گھر۔
بیت المال ۔ لاوارث جائداد کا گھر۔
لاوارثی گدام۔ خزانۂ عام۔ لاوارث۔
اسباب خالصہ۔ نزول۔ مال کا گھر۔ وہ
گھر جو بادشاہون کی طرف سے غریبون
اور محتاجون کے واسطے رکھا جاے
یہ ایک مذہبی اصطلاح مسلمانون کی ہے

خزانۂ عامرہ شاہی - لادعوی مال -

بیت مارنا - سزائے تازیانہ دینا - جسمانی سزا -

تشریح بیت اصل مین بید ہے جس کے معنی تازیانہ کے ہین یون ہی غلطی سے بیت مشہور ہوگیا ہے - بعضون نے اس کو ہندی صحیح مانا ہے سنسکرت مین وتیر کہتے ہین - ایک قسم کی لکڑی قمچی کے مانند ہوتی ہے اس مین لچک بہت ہوتی ہے -

بیجک - چالان - پارسل کا بل - پرچہ پارسل وہ ٹکٹ جو بوریون اور تھیلون پر چسپان کیا جاتا ہے جس سے بند کردہ اشیا کی کیفیت او قیمت اور وزن معلوم ہو سکتا ہے - تعلیقہ مال تجارت - یہ مال تجارت کی ایک فہرست ہوتی ہے جس مین اس کی قیمت وغیرہ درج ہوتی ہے وہ کاغذ جس مین مال کی تعداد اور خرچہ قیمت خرید اور تفصیل درج ہو - روانہ شدہ مال کی تفصیل - پونجی - زر اصل - وہ ٹکٹ یا چیٹ جو اسباب کی گٹھری پر چسپان کرتے ہین - نشان علامت -

بیدڑا - خفیف چور - جواری -

بیرا - کرایہ و معاملۂ زمین کا نرخ حسب وصف زمین اور قیمت فصل کے -

بیرسٹر - بیرسٹر انگلستان یا آئرلینڈ یا فیکلٹی آف ایڈوکیٹ یعنی جماعت وکلا - اسکاٹ لینڈ -

بیرق - وہ جھنڈا جو نئی یا غیر آباد زمین پر قبضہ کرنے یا آباد کرنے کے واسطے لگایا جائے جس سے مقبوضہ زمین معلوم ہو - فوج کا جھنڈا - نشان - علم - عوام بیرکھ بولتے ہین -

بیرنگ - محصول دار - وہ مال یا خط جس کا محصول پہلے نہ ادا کیا گیا ہو - جو چٹھی ٹکٹ چسپان نہو - جو پیڈ نہ ہو -

بیرونجات - دیہات - قصبات حوالی شہر -

تشریح یہ بیرون کی خلاف قیاس عربی کے ڈھنگ پر عدالتی منشیون نے گھڑکر جمع بنائی ہے فصحا اس کو معیوب سمجھتے ہین -

بشی - زیادتی معاملہ - زیادتی - بڑھتی معاملہ - ترقی معاملہ - نفع - بالائی سود معمولی کام سے زیادہ کردینے کی اجرت

تشریح گو لغۃً عام ہے مگر اصطلاحاً رقبہ یا لگان کی جمع کی بڑھوتری پر بولتے ہین

بشی جمع - زیادتی معاملہ - پہلے سال کے معاملے کی نسبت زیادتی -

بشی لگان - لگان کی بشی - اس معاملہ

کی بخشی جو کاشتکاران اور مزارعان سے مالک لیتا ہے۔

تشریح لگان اور مالگزاری مین یہ فرق ہے کہ مالگزاری وہ روپیہ ہے جو مالکان اور زمینداران براہ راست سرکار کو ادا کرتے ہین اور لگان وہ ہے جو زمینداران اور مالکان کاشتکاران واسامیان سے لیتے ہین۔

بیع بیچنا۔ بکری۔ تبادلہ مال کا ساتھ قیمت کے ہے اور اس کے ضمن مین انتقال ملکیت سے مبیعہ کا بیع کی جانب سے طرف مشتری کے ہوتا ہے۔ جو معاملہ طرفین یعنی خریدنے والے اور بیچنے والے کی طرف سے برضا و رغبت عمل مین آوے۔ بیع کی کئی قسمین ہین (۱) مبادلہ مال ساتھ مال کے (۲) مبادلہ روپیہ ساتھ روپیہ کے۔ (۳) مبادلہ روپیہ ساتھ مال کے (۴) مبادلہ مال ساتھ روپیہ کے

بیع العین بالعین۔ عین کی عین کے ساتھ بیع

تشریح عین کے معنی ہین دینار۔ زر سُرخ۔ مال۔ ہر چیز۔ ذات ہر شے (دیکھو بیع مقابضت۔ یا مبادلہ)

بیع المرابحہ۔ بڑھتی بکری۔ با منافع بکری۔ ربح کے معنی نفع کے ہین۔

بیع بالجبر۔ جھوٹی بکری۔ فروخت جو جبر سے ہو۔ بیع بالاکراہ۔ بیع بالاجبار

بیع بالوفا۔ شرطی بیع۔ قرض ادا کرنے کے واسطے شرطیہ بیع۔

تشریح اس مین راہن خود ادا دین کا ذمہ وار ہو کر اس بات کا اقرار کرتا ہے کہ یہ یوم معین روپیہ ادا نہ ہونے پر جائداد مرہونہ کی حقیت مرتہن کو حاصل ہو جاے گی۔ یہ رہن مفرد کی ایک قسم ہے اس مین راہن جائداد مرہونہ سے محروم رہتا ہے اور مرتہن اُس کا مستحق ہو جاتا ہے۔ شرطی رہن اس مین میعاد مقررہ پر روپیہ ادا نہ کرنے سے چیز آئی گئی ہو جاتی ہے

بیع بالوفا دار۔ شرطیہ بیع کا خریدار۔ (دیکھو بیع بالوفا)

بیع جائز یا حقیقی۔ قانونی یا اصلی بیع

بیع خانگی۔ نج کی بیع۔ گھریلو بکری خفیہ بکری۔

بیع خیار۔ اس مین اور بیع بالوفا مین صرف اس قدر فرق ہے کہ بیع بالوفا مین بیعنامے مین شرائط درج ہوتی ہین اور خیار مین علاوہ اس کے اور تحریر بھی ساتھ ہوتی ہے۔

بیع سازشی۔ بناوٹی بیع۔ جعلی بیع۔

فرضی بیع۔ فریبی بیع۔ وہ بیع جو خلاف قانون ہو۔

بیع سلطانی جو بیع گورنمنٹ کے حکم سے ہو۔ گورنمنٹی بیع۔ راج بکری۔ سرکاری بیع

بیع شرطی وہ ہے کہ مالک کی اجازت سے انعقاد ملتوی رہے اس مین راہن خود ادائے دین کا ذمہ دار ہو کر اس بات کا اقرار کرتا ہے کہ بیوم معین روپیہ ادا نہ ہونے سے جائداد مرہونہ کی حقیت مرتہن کو حاصل ہو جائے گی یہ رہن بفرد کی ایک قسم ہے۔ بیع کٹ قبالہ کچی بکری جو بکری کسی شرط ہونے پر موقوف ہو۔ (دیکھو بیع بالوفا)

بیع فاسد۔ جھوٹی بیع۔ کچی بیع ناجائز بیع۔ جس کا قبضہ غیر ممکن ہو۔

بیع فریبی۔ جو فریب سے ہو۔ دھوکے کی بکری۔ دغا بازی کی بکری

بیع قطعی یا کامل } پوری بیع جس سے شئے مبیعہ پر فوراً قبضہ بلا روک ٹوک کے ہو۔ بیع مطلق۔ یا منقطع بیع

بیع کا انعقاد۔ بیع کا منعقد ہونا۔

تشریح یہ تقابض البدلین سے ہوتا ہے یعنی بیع کا قیام بدلون کے قبضہ کرنے سے ہوتا ہے

بیع لاکلامی۔ وہ بیع جس مین کلام نہو۔ یقینی بیع۔ (دیکھو بیع قطعی)

بیع مقابضہ یا مبادلہ } بیع جائداد بعوض جائداد۔ وہ بیع مبادلہ جو خاوند اپنی بیوی کے جہیز کی تسلی مین کرتا ہے

بیع عین بعین کے ساتھ۔ بیع مبادلہ۔ وہ بیع جو ایک بیوی کے واسطے اگر اس کا حق بہ موقوف ہو جائے اس کے عوض دیا جائے۔

بیع ناجائز۔ خلاف قانون بیع جس کا قبضہ غیر ممکن ہو۔

بیع ناقص۔ جو پوری بیع نہو جس کے قبضے کا نفاذ ملتوی رہے۔ بیع ناکمل

بیع ناکمل جو بیع پوری اور کامل نہو۔

بیع نمائشی۔ جو بیع صرف نمائش اور دکھاوے کے لیے ہو۔ دکھاوے کی بکری۔ ظاہرداری کی بیع

تشریح۔ اس بیع مین اکثر کم روپیہ دے کر زیادہ لکھا لیا کرتے ہین۔ تاکہ کسی کے حق شفع منظور ہونے پر بہت فائدہ رہے

بیعانہ۔ سائی۔ فروخت کی ایک سائی وہ نقدی جو کسی چیز کی قیمت چک جانے کے اصل قیمت ادا کرنے سے پیشتر بایع کو اس نظر سے دی جائے کہ بیع کا پکا

اقرار ہوگیا۔ یہ روپیہ بعد مین وضع کر لیا جاتا ہے۔

بیعبات - بیع کامل۔ کٹ قبالہ تمامت

بیعدار - خریدار مشتری۔ بیع رکھنے والا۔ بیع کرانے والا۔

بیع کرنا - فروخت کرنا۔ بیچنا۔

بیع نامہ - بیع کی تحریر یا اقرارنامہ بیع۔ بکری پتر۔ اقرارنامہ بیچنے کا۔ دستاویز فروخت۔

بیع وشرا - بیچنا اور خریدنا۔ خرید و فروخت

بیگار - مزدورون کو زبردستی کام پر لگانا محنتیون سے جبراً کام لینا۔ اس مین پہلے اجرت نہین دی جاتی تھی اب مزدوری دی جاتی ہے۔

بیگاری - جس سے زبردستی محنت لی جاے جو خدمت عام کے واسطے بلا تنخواہ کام دیتا تھا۔ اب اُس کو تنخواہ اور اُجرت ملتی ہے۔

بیگھہ - زمین کے رقبہ کا پیمانہ ممالک مغربی وشمالی مین ۳۲۵۰ مربع گز یا ⅝ ایکڑ بنگال مین ۱۶۰۰ مربع گز یا ⅓ ایکڑ کچا بیگھہ بعض وقت تہائی بعض وقت چوتھائی ایکڑ ہوتا ہے۔

تشریح اس کی رسم خطی مین اختلاف ہے بعض لوگ بیگھہ ت کے بعد ی سے

اور بعض بغیر ی کے بگھہ لکھ دیتے ہین

بیگھہ پیمایشی یا جریبی - } وہ بیگھہ جو پیمایش مین مستعمل ہے

بیگھہ دیہی - گانون کا بیگھہ۔

بیگھہ دام - معاملے مین جو فی بیگھہ دام ہوتا ہے جو اکثر مشترکہ گانون مین جن کی تقسیم بیگھون مین ہو لگایا جاتا ہے

بیل - مارک - نشانی - داغ بیل بولتے ہین جو سڑک نکالنے کے وقت نشان لگاتے ہین۔

بیماری اخیر - بہت صحیح تعریف اس کی یہ ہے کہ وہ ایسی ہو جس کا نتیجہ بہت غالب ہے کہ قاتل پیدا ہو۔ خواہ در صورت ایک آدمی کے وہ بیماری اُس کو ایسا ناقابل کرے کہ وہ ضروری کار وبار کے واسطے گھر سے باہر جاسکے یا نہ جاسکے۔ مثلاً جب کہ وہ فقیہہ ہے اور مسجد مین نہ جاسکے۔ یا سوداگر ہے اور دُکان پر نہ جاسکے خواہ بصورت ایک عورت کے وہ گھر کے اندر ضروری کام کے انجام کے واسطے حارج ہو یا نہ ہو بستر اخیری۔

تشریح ایک مقدمہ مین جالندھر کے بعض مولویون نے بیماری اخیر کے یہ معنی کیئے تھے کہ ضرور نہین کہ وہ ایسی

بیماری ہو جس سے آدمی مر جاتا ہے بلکہ ایسی ہو جس کو عموماً مہلک سمجھا جاتا ہو۔ مثلاً ہیضہ۔

بیمہ - جو اسباب مرسلہ پر مقررہ قیمت لگا دیتے ہیں - خاطر جمعی - دل جمعی اطمینان نیکوں وغیرہ میں اندیشہ اور ضرر کا ذمہ ٹھیکہ ضمانت - ہنڈا بھاڑا - جب سوداگر وغیرہ نقدی یا جنس کہیں بھیجتے ہیں تو وہ اس شخص کو جو اُس کے ضایع یا تلف ہو جانے پر دام بھر دینے کا اقرار کرتا ہے کچھ کمیشن دیتے ہیں اور اس شرط یا اطمینان کو بیمہ کہتے ہیں۔

تشریح اغلب یہ بیم بمعنی خوف سے نکلا ہے - کبھی اس کے اخیر میں آن لکھ دیتے ہیں یعنی بیمان -

بے نامی - وہ خرید جو دوسرے کے نام سے کی جاے

بین بین - متوسط - درمیانی - بیچ کا - سمجھو یا ہوا -

بین السطور - متن کی سطور کے درمیان -

بین المیعاد - میعاد کے اندر -

بیوتات - گھر کے اخراجات کا ایک حساب -

تشریح - بیوتات جمع بیت کی ہے اور بیت کے معنی گھر -

بیورا - خوش خبری - مژدہ - پیغام - اطلاع حساب مفصل - روزنامچہ کی کتاب -

بیورا کرنا - بتلانا - نقل کرنا -

بیوستھا - ایک فیصلہ بموجب ہندو شرع کے پنچایتی فیصلہ

بیوہ وہ عورت جس کا خاوند مر گیا ہو رانڈ - عورت بے شوہر - نخصیمی

بیوہ خالص - جو بیوہ اپنے خاوند کی جائداد پر قابض ہو -

بیوہ لاولد - وہ بیوہ جس کی اولاد نہو

بیوہار - ایک جگہ سے دوسری جگہ مال لے جا کر منافع پہنچانا - تجارت -

تشریح - پورب میں یہ لفظ قانون گوئی پر لگایا جاتا ہے وہاں صدر بیوہارکو اُس کی تنخواہ کے علاوہ جائداد بھی ملتی ہے سوداگر کا لین دین کرنا -

بیوہریا - روپیہ قرض دے کر لینے والا سوداگر -

بیہڑ - ناہموار زمین اُفتادہ زمین - وہ زمین جس میں بہت غار ہوں - کٹی ہوئی زمین - کھردری زمین - شکستہ زمین جنگل - ویران زمین - جھڑ جھڑ - دریا یا ندی کے قریب کی زمین -

پ

پا - پانون - قدم - نیچے - زیر - تحت - استقرار - قیام - استقلال - بنیاد -

پا بجولان - بیڑی پہنے ہوے - مقید - قیدی - **تشریح** - پا کے معنی پانون جولان کے معنی بیڑی -

پا بزنجیر - پانون مین زنجیر پہنے ہوے - بیڑیان پہنے ہوے - قیدی -

پابند - قیدی - نوکر - ملازم - تابع - مطیع - فرمان بردار - پابستہ - رکا ہوا - گھوڑے کی پچھاڑی - مقید - بیڑی ڈالا ہوا - پانون کی رسی - بیڑی - جال -

پابندی - اس لفظ مین ہر ایسا کام ضروری داخل ہے جس کی تعمیل از روے قانون واجب ہو - روک - ملازمت - تابعت پابند ہونا - اس مین یی نسبتی ہے

پاتر - کسبی - بیسوا - قحبہ - رنڈی - کنچنی - ظرف - برتن - پیالہ شراب -

پاجی - کمینہ - فرومایہ - رذیل - سفلہ - بدذات شریر - حرامزادہ - لچا - شہدہ - ملازم ادنی گھسیل نوکر - بجاے گالی کے مستعمل ہے

پاچھہ ٹیکا - پوست کے ڈوڈے مین افیم نکالنے کے واسطے پچھنا - پچھہ لگانا -

پاداش - برے کام کا عوض - بدلہ - عوض سزا - تنبیہ - سیاست - تاڑنا - عقوبت معاوضہ - مکافات - قصاص - تعزیر - صلہ -

پادشاہ - (دیکھو بادشاہ) **تشریح** پاد کے معنی تخت اور شاہ کے مالک یعنی مالک تخت -

پارٹی - ایک گروہ - مدعی یا مدعا علیہ -

پارسل بیگ - پارسل کا تھیلہ - اس مین محکمہ تار و ڈاک کے سرکاری پارسل بھی شامل ہین -

پارسل جنرل - پارسلون کا روزنامچہ - پوسٹ آفس کی بڈبک -

پارلیمنٹ - گریٹ برٹن اور آئرلینڈ کی مجلس اعلی جس کے حکم سے قانون جاری ہوتے ہین اور جس کے اختیار مین انتظام امور ریاست ہے - مجموعہ ہر سہ طاقت بادشاہ - علماے دینی و دنیوی - و وکلاے رعایا جن کے ہاتھ مین اس قاعدے کے مشتہر اور نافذ کرنے کا حق ہوتا ہے جس

کے مطابق جماعت انتظامی کے ارکان عمل کرتے ہین

تشریح اس لفظ کا اطلاق اول ہی اول بارھوین صدی کے وسط مین آن جلسہ ہاے عوام پر کیا گیا تھا جو فرانس کے صوبون مین قائم کیئے گئے تھے۔

پاس - نگہبانی - لحاظ - خیال - باعث - سبب - وجہ - طرف داری - جانب داری - رورعایت - پہرہ - چوکی - پہر - تمین کہنے کا وقفہ - فیل کے خلاف - کام یابی - رونہ - راہداری کا پروانہ - ٹکٹ اجازتی چیٹھی - سند - سرٹفکیٹ - دستاویز قریب - نزدیک - نیڑے - دھورے - درے - قبضہ مین - تحت بن - تصرف مین قابو مین -

پاس بک - بہی - وہ کتاب جس مین سوداگر اوہار کی چیزون کا نام درج کر کے خریدارون کے پاس دستخط کرانے کو بھیجتا ہے - بنک کے حساب کی کتاب -

پاس کرنا - عبور کرنا - طے کرنا - گذرنا - ترقی کرنا - جماعت چڑھنا - کام یاب ہونا - ترقی دینا - چڑھانا - کام یاب کرنا - اپنے پسند کے فقرون پر نشان دینا -

پاسنگ - خالی ترازو کے پلڑون کو ساوی وزن کرنے کے واسطے جو چیز وزنی کم وزن پلڑے کی طرف ڈال کر برابر وزن کر دیتے ہین - وہ وزن جو ترازو کی ڈنڈی برابر کرنے کے لیئے ڈس کے ساتھ باندھ دیتے ہین

پاگل - دیوانہ - باولا - سڑی - مجنون - احمق بے وقوف - سورکھ - کودن -

پال - سینچائی کے لیئے پانی کو ایک جگہہ جمع رکھنا - سپاہیون کا چھوٹا خیمہ - بتوار - کشتی کا پردہ جس سے ہوا بھر کر کشتی جلدی چلتی ہے - پانی روکنے کا پشتہ - بند - وہ گھانس جس مین گذرے ہوے میوجات کو پختہ کرتے ہین - ان معنون کے لیئے شاید یہ اصل مین پوال ہو -

پالسی آف انشورنس - دستاویز بیمہ وغیرہ عام -

پانزدہ روزہ - یہ ایک فارم ہوتا ہے جو وصلیاقی نویس تیار کرتا ہے جو ۱۵ تاریخ تک عموماً تیار ہوتا ہے - جس مین نمبر و نام محاصل و نام نمبردار و جمع سنہ فلان باقی توزیع وصول باقی کیفیت کے خانہ ہوتے ہین -

پانس - گوبر - کھاد - روڑی کوڑا -

پانی کی نکاسی کے کام - اس مین ہر نہر کے نالے اور باندھ اور تختہ بند اور بہا تک وغیرہ تعمیرات جو زمین کو سیلاب

پاکستان سے محفوظ رکھنے کے لیے بحکم گورنمنٹ قائم ہون۔ باستثناے اُن کے جو نجات نکلنے کے لیئے تیار کیئے گئے ہون شامل ہین۔

پاوند مک۔ جو عورت کو بعوض پانون پڑنے اپنی سسرال کے دی جاے۔ یہ رسم اہل ہنود کی ہے۔

پاہ۔ وہ زمین جو تین سال سے بولی گئی ہو۔

پاہی۔ وہ کاشتکار یا مزارع جو رہے اور گانون مین اور کاشت کرے دوسرے گانون مین۔ اس کو پاہی کاشت بھی کہتے ہین اور اس کا حق خدمت نہین رہتا۔

پایک۔ قاصد۔ چوکی دار۔ مسلح نوکر۔ معالہ آگے چلنے والا نوکر۔ محصّل۔ نامہ بر۔ سفیر۔ ایلچی۔

پاے کاشت۔ وہ کسان جو دوسرے گانون سے جوتنے کو آسے یا دوسرے گانون مین جا کر کھیتی کرے۔ پاہی کاشت۔ خوش باش۔ غیر مستقل۔ غیر موروثی۔ (دیکھو پاہی)

پایہ۔ پانون۔ پاکھا۔ زینہ۔ سیڑھی۔ قدمچہ تھم۔ کھم۔ کھمب۔ ستون۔ رتبہ۔ درجہ۔ منصب۔ چوپایہ کا پانون۔ میز۔ کرسی اور چارپائی وغیرہ کا وہ ڈنڈا جس پر وہ قائم رہے۔

پایۂ ثبوت۔ ثابت ہونے کا درجہ۔ ثابت ہونے کی حد۔ ثبوت کا منصب۔ بولتے ہین فلان امر پایۂ ثبوت کو پہونچ گیا ہے۔

پایۂ ثبوت کو پہونچانا۔ ثابت کر دکھانا۔ ثابت کر دینا۔ قانوناً دعوے کی تصدیق کرا دینا۔

پبلک۔ عام۔ جنرل۔ سب۔ کل۔

پبلک پالیسی۔ عام پالیسی۔ جنرل پالیسی۔ وہ پالیسی جو خاص نہو۔

پبلک ورکس۔ وہ امور اور کام جو عام خلائق سے متعلق ہون۔

پت۔ عزت۔ آبرو۔ ساکھ۔ اعتبار۔

پت اُتارنا۔ عزت بگاڑنا۔

پتا } کھوج۔ نشان۔ سُراغ۔ ایڈریس۔
یا پتہ } علامت۔ ٹھکانا۔ حلیہ۔ سراپہ۔ لفافہ۔ تفصیل۔

پتا پانا۔ کھوج یا نشان یا سُراغ معلوم کرنا۔ (دیکھو پتا)

پتا پوچھنا۔ ٹھکانا دریافت کرنا۔ سُراغ لگانا۔

پتا دینا۔ نشان بتانا۔ سُراغ بتانا۔ ٹھکانا بتانا۔

پتا لگانا۔ کھوج یا نشان معلوم کرنا۔ ٹھور ٹھکانا معلوم کرنا۔ گم شدہ چیز کا سراغ لگانا۔ نشان پانا۔ ڈھونڈھنا۔

پتا ملنا۔ سراغ لگنا۔ کھوج ملنا۔

پتا ہو جانا۔ ہوا ہو جانا۔ دور چلا جانا۔ غائب

ہو جانا۔ کافور ہو جانا۔ کچھ لے کر بھاگ جانا۔

پتی ۔ مالک ۔ آقا ۔ شوہر ۔ خاوند ۔ خصم میاں ۔ سوامی ۔

پتی ۔ چھوٹا پتا ۔ کونپل ۔ سبزی ۔ حصہ ۔ بہری چندہ ۔ شراکت ۔ نب ۔ ڈنک ۔ اسٹیل ۔ قلم فولاد ۔ دھات کی پتری ۔ ایکھ کے اوپر کا چھلکا ۔ گنیے کی پتی ۔

پتی دار ۔ حصہ دار ۔ شریک ۔

پتر ۔ پوت ۔ بیٹا ۔ پسر ۔ لڑکا ۔

تشریح ۔ میگناٹن صاحب کے دھرم شاستر مین اس کی وجہ تسمیہ اس طرح لکھی ہے چونکہ بیٹا اپنے باپ کو پوت نام نرک (دوزخ) سے نجات دیتا ہے اس لیئے برہما نے اُس کو پتر کہا تھا ۔

پترا ۔ جنتری ۔ تقویم ۔ وہ کتاب جس مین تمام سال کی سعد و نحس تاریخین اور احکام نجوم لکھے جاتے ہین ۔

پتری کا پتر ۔ ایک مقرر شدہ دختر ہوتی ہے اور اُس کا بیٹا بمنزلہ اُسی بیٹے کے ہوتا ہے جسے کسی شخص نے برابر ذات کی زوجہ سے پیدا کیا ہو ۔ اس لفظ مین چار شخص داخل ہین (۱) مقرر شدہ دختر (۲) اُس کا بیٹا (۳) اُس کا بیٹا بشرطیکہ اُس کی شادی بدین شرط ہوئی ہو کہ اُس کا بیٹا باپ کے پاس رہے گا (۴) دور بشیان کو ول صاحب نے یہی تشریح کی ہے

پتری ۔ جنم کنڈلی ۔ زائچہ ۔ طالع مولود ۔ خط جیٹھی ۔ نامہ ۔

پٹا یا پٹہ ۔ قلادہ ۔ کتے یا بلی کا گلوبند جو چمڑے یا بانات وغیرہ کا ہوتا ہے ۔ وہ دستاویز جو کاشت کار مالک زمین کو اجارے کی بابت لکھ دیتا ہے ۔ نیز ٹھیکہ داری کی ہر قسم کی دستاویز و سند ۔ کرایہ محصول ۔ اُگاہنے کا ۔ دستور العمل ۔ چپڑاس ۔ چپڑاس کا سلا ہوا کپڑا جو گلے یا کمر مین ڈالا جائے ۔ سرخط ۔ ایک سند جو کلکٹر سے زمیندار یا اور لگان لینے والے سے کاشتکار یا ٹھیکہ دار کو دی جائے جس مین زمین کے حالات اور پیداوار وغیرہ کی تشریح ہو ہر نوشتہ جو قبولیت ہو ۔ جس کے ذریعے سے جائداد غیر منقولہ لگان یا کرایہ پر دی یا لی جائے

تشریح پٹہ اور قبولیت مین یہ فرق ہے کہ پٹے کے لیئے اشٹامپ علی قدر مالیت ہوتا ہے اور قبولیت کے واسطے ایک شرح معین ہے ۔ اس مین ہر نوشتہ جو ضمنی ہو داخل ہے جس کے ذریعے سے ایک شخص دوسرے کو جائداد غیر منقولہ لگان یا کرایہ پر دے یا دینے کا اقرار کرے یا دوسرے سے لینے

کا اقرار کرے۔ بعضوں نے خاص شرط مین پٹے کا شنی اور قبولیت اور دستاویز وعدہ کاشت یا ڈھیل کاری اور اقرار نامہ عطائے پٹہ شامل مانا ہے۔

پٹا استمراری دیکھو استمراری پٹہ)

پٹا ترقی۔ وہ پٹہ جس مین ترقی کا مضمون درج ہو۔

پٹا ٹھیکہ داری ٹھیکہ داری کا پٹہ۔

پٹا جدید۔ نیا پٹہ۔

پٹا خانگی۔ پرائویٹ پٹا۔ نج کا پٹہ۔ گھریلو پٹا۔

پٹا رہن۔ گرو کا پٹہ۔

پٹا زر پیشگی۔ ایک پٹہ جو روپیہ کی ایک مقدار کی پیشگی پر عطا کیا جاے۔

پٹا سابق۔ پرانا یا پہلا پٹا۔ پٹا قدیم۔

پٹا سلامی۔ جو بعد لینے پٹے کے بطور سلامی اور نذرانہ کے دیا جاتا ہے

پٹا شکمی۔ تابع یا تحت یا درمیانی پٹہ۔ پٹا درپٹہ اجارہ در اجارہ

پٹا غیر منقضیہ۔ ایک پٹہ جس کی میعاد نہ گذری ہو۔

پٹا فریبی۔ پٹا جو فریب سے کیا گیا ہو۔

پٹا کٹائی جنگل۔ جنگل کاٹنے کا پٹہ۔

پٹا میعادی۔ ایک مقررہ پٹا جو ایک خاص محدود زمانے کے واسطے دیا جاے۔ ایک تمام ہونے والی میعاد کا پٹہ۔

پٹا دار۔ اس سے مراد حسب قواعد پنجاب کے اراضیات افتادہ کے عطاے پٹا کے پٹادار مذکور اور اس کے ورثا اور اس کے بیان کے قانونی قائم مقام اور منتقل علیہم ہین۔ پٹا لینے والا۔

پٹا دار شکمی۔ تابع پٹا دار۔ (دیکھو پٹا شکمی)

پٹا دہندہ۔ پٹا دینے والا۔

پٹا کی تنسیخ پٹے کا منسوخ کرنا۔ پٹے کی منسوخی۔

پٹا کی میعاد۔ پٹے کی میعاد۔ پٹے کی مدت مقررہ۔ وہ زمانہ جب تک پٹہ باقی رہے

پٹ بندھک۔ کفالت زر و اصلات جس مین سے سود اور اصل ہر دو مقررہ زمانے مین ادا کی جاتی ہین اور اس لیے اس کے انفکاک کا یقین دلایا جاتا ہے

پٹ پڑ۔ وہ زمین جو دریا کی طغیانی سے ہر سال ڈوبتی اور خشک ہو جانے پر قابل زراعت ہو جاتی ہے۔ وہ بیابان جہان گھانس درخت اور پانی تک نہ ہو ویران جگہ۔ بنجر۔ اجاڑ۔ بیاب۔ مستوی چوپٹ۔ برابر۔ ہموار۔ ہر زمین جو بارش کے بعد دھوپ سے خشک ہو کر تڑک جاے

پٹڑا تختہ۔ چھوٹی سی چوکی جس کے پائے چھوٹے چھوٹے ہوتے ہین۔ اکثر عورتین

اس پر بیٹھ کر کھانا پکاتی ہیں یا نہاتی ہیں۔
ایک شہر کار لکڑی کا لمبا تختہ جو زمین ہموار
کرنے کے واسطے کھیت میں پھیرتے ہیں
پنجابی سوہاگا۔ دھوبیوں کے کپڑے دھونے
کا تختہ یا سل۔

پٹڑی تختی۔ چھوٹا سا تختہ۔ پٹی۔ لوح۔
روش۔ چمن یا باغ کی چھوٹی سی سڑک۔
جس پر گھانس بو دیتے ہیں۔ نہر کا کنارہ
کپڑے کے اوپر کی چوڑی لکیر۔ وہ چاندی
یا چاندی کی تختی جس پر کچھ تعویذ وغیرہ
کھدوا کر گلے میں ڈالتے ہیں۔

تشریح پٹڑی کے گواہ مشہور ہیں یعنی وہ
گواہ ہیں جو کسی خاص مقدمہ اراضی کی بابت
نمبرداران و ذیلداران و کھیوٹ داران
جو اراضی متنازعہ فیہ کے ارد گرد کے ہوتے
ہیں۔

پٹکا۔ پیٹی۔ کمربند۔ وہ دوپٹا یا رومال جو
اکثر سوار یا تحصیل کے نوکر ری کمر سے باندھ
لیتے ہیں۔ کمر پیچ۔

پیکار۔ ایک چابک یا رسی جو زمیندار کھیت
کے جانور اڑانے اور نکالنے کے واسطے
استعمال کرتے ہیں۔ گو یا گھانی۔

پٹکی۔ آفت غضب ناگہانی موت۔ قہر خدا
مرگ ناگہان۔ مرگ مفاجات

پٹھی لگانا۔ کھیتے کے ٹکڑے لگانا یا بونا۔

پٹنا۔ ادا کرنا۔ پوشش ہونا۔ چھایا جانا
وصول ہونا۔ ہاتھ لگنا۔ آبپاشی ہونا۔
زمین کا سیراب ہونا۔ قیمت ٹھہرنا چکنا۔
طے ہونا۔ جیسے بولتے ہیں معاملہ پٹنا۔

پٹواری۔ محاسب دیہ۔ گانون کا حساب
رکھنے والا۔ اس کا فرض حساب دیہ رکھنا
اور بروقت طلب پیش کرنا ہے۔ اس کے
حسابوں میں زمین کی پیداوار تغیرات
سابقہ جمع بندیوں گانون کی تفصیل ہوتی
ہے۔ ایک دیہاتی رجسٹرار۔ سرکاری محرر
جو تمام حساب زراعت و لگان بوقت
ضرورت دیوے۔

پٹواری کی رسوم۔ پٹواری کی فیس۔
پٹواری کی کمیشن۔ پٹواری کا الاونس

تشریح رسوم کی صورت اور وزن سے
جمع ظاہر ہوتی ہے۔ استعمال واحد میں
ہوتا ہے اس کی حالت بھی اوقات جیسی
ہے جو بجائے واحد کے مستعمل ہے

پٹوتی۔ آگرے میں وہ اقرارنامہ جو زمیندار
اور اسامی میں جانبین کی رضامندی
سے لکھا جاتا ہے جس کی اصل یہ ہوتی ہے
کہ زمین دار کو اسامیوں سے گورنمنٹ
کی نسبت ڈیوڑھی جمع اکٹھا کرنے کا اختیار
ہوتا ہے اس اقرارنامے سے پیشگی لگان
دینا (خواہ باعتبار دیوانی ہو) بند کیا جاتا ہے۔

اس عرصہ تک کہ اسامی اپنا مناسب لگان نہ ادا کر سکے اور اپنے حال کے قبضے کو نہ حاصل کر سکے۔

پٹونوہ ۔ یہ ایک رہن کی قسم ہوتی ہے جس مین راہن کے واسطے مرہونہ شے کا حق رہن کی مدت کے اختتام کے بعد بند ہو جاتا ہے اور رہن کے قرض کی تسلی اس کے اکٹھے منافع سے ہوتی ہے جو مرتہن کو مرہونہ چیز کے قبضے کے وقت حاصل ہوتا ہے۔

پٹیت ۔ ٹھیکہ دار۔ اجارہ دار۔ پٹی رکھنے والا

پٹی ۔ زمین یا گانوٗن یا مشترکہ جائداد کا وہ بڑا حصہ جس مین اور حصے بھی شامل ہون۔ گانون کا ایک حصہ۔ حصہ۔ بھاگ ٹکڑا۔ گانون کا چھوٹا حصہ۔ قطعۂ زمین تھوک کے خلاف۔ کاغذ کپڑے وغیرہ کی چوڑی اور لمبی دھجی۔ سربند۔ قصابہ۔ ایک قسم کی بندش دستار۔ شیرینی کی قلمین۔ زمینداری کا چوتھائی حصہ۔ گانون کی چوتھائی۔ پلنگ کا بازو۔ قطار۔ تختی۔ سبق۔ ترغیب۔ زخم بند۔ زخم یا فصد پر جو کپڑا باندھین۔ بندھن۔

تشریح ۔ پٹی عموماً طرف کی ایک شاخ ہوتی ہے اور طرف تھوک کی ایک شاخ ہوتی ہے۔ تھوک ایک آبادی کا بڑا حصہ ہے۔ اور ان تینون کا اشتراک عموماً کسی خاندان یا قوم سے ہوتا ہے گو بعض صورتون مین اس کے خلاف بھی ہو۔

پٹی دار ۔ پٹی والا۔ گانون یا جائداد کا حصہ دار۔ نمبردار کا شریک شکمی۔ گانون کی تھوڑی سی زمین کا مالک۔ اسامی دار۔ پٹی کا مالک۔ پٹی رکھنے والا۔ شریک شکمی۔

پٹی دار بیباق ۔ مقدرو والا پٹی دار۔ زر دار پٹی والا۔ ایسا پٹی دار جس کے ذمے کچھ نہ ہو۔

پٹی داری ۔ تھوک داری مشترکہ ورثہ کا قبضہ۔ شراکت حق مختلف حصہ دارون کی شراکت۔ بموجب عام دستور پٹی داری سے مراد اُن ملکیتون سے ہے جن مین رواج کا عمل درآمد ہے۔ پٹی داری وہ ہے جب کہ جائداد از روے تعلقہ جات تقسیم ہو یا تقسیم در تقسیم ہو یا ہر دو ہوا ور علاوہ بران ہر تقسیم در تقسیم مین بموجب ایک قانون معروف کے جس کی بنا استحقاق جدی پر ہو حصص کرائے ہون۔

تشریح اس مین ہر حصہ دار اپنے حصہ کے انتظام کا ذمہ وار ہوتا ہے اور اپنے حصہ رسدی کا معاملہ ادا کرتا ہے

پٹی داری بھیاچارہ جس مین پٹی واری

اور بھیا چارہ دونوں شامل ہوں۔ ان دونوں کی تعریف اپنے اپنے موقع پر درج کی گئی ہے۔ یا بھیا چارے کی پٹی داری۔

پٹی داری مکمل ۔ پوری پٹی داری۔ وہ پٹی داری جو ناقص ہو۔ اگر تقسیم کل اراضی کی ہو گئی ہو تو مکمل ہے۔ پٹی داری خالص۔

پٹی داری غیر مکمل ۔ ناقص یا مرکب پٹی داری ایک شراکت کی قسم ہے جس میں زمین کا کچھ حصہ شراکت میں اور کچھ الگ رکھا جاتا ہے۔ جو حصہ شراکت میں ہوتا ہے اُس کا نفع گورنمنٹ کے محصول اور گانوں کے اخراجات میں صرف ہوتا ہے اور جو بچتا ہے تقسیم کیا جاتا ہے یا جو کمی رہتی ہے پوری کی جاتی ہے۔ ایسی حالتوں میں یہ کہا جاتا ہے کہ وہ مالک اپنا محصول ڈھار باچھ یا بیگھہ وام سے دیتے ہیں اگر کوئی شاملات تقسیم سے چھوڑ دی گئی ہو تو پٹی داری غیر مکمل ہے۔

پٹی وار ۔ حصہ رسد۔ حصے کے موافق۔

پٹیل ۔ گانوں کا سردار۔ مقدم۔ سربراہ کار چودھری۔

پُختہ وپُز ۔ درستی۔ پختگی۔ اقرار مدار ٹھیک ٹھاک۔

پدر ۔ باپ۔ والد۔ پتا۔ اس میں متبنی بنانے والا باپ بھی شامل ہے

پدر فرضی ۔ مانا ہوا باپ۔ بنایا ہوا باپ۔ منھ بولا باپ۔ مجازی باپ۔ جو باپ حقیقی نہ ہو جو اصلی باپ نہو۔ پدر مجازی۔ فرضی میں ی نسبت کی ہے۔

پدری ۔ جو باپ کی طرف سے ہو۔ منسوب بہ پدر باپ کی۔ باپ سے نسبت رکھنے والی۔ آبائی۔ جیسے پدری جائداد یعنی موروثی جائداد۔

پدھان ۔ } گانوں کا چودھری۔ مقدم۔
یا پردھان } مِردہ۔ حاکم دیہہ۔ نام قوم پردھان (دیکھو پردھان)

تشریح مِردہ اصل میں میر دیہہ تھا یعنی گانوں کا حاکم۔ کثرت استعمال سے مِردہ ہوگیا۔ اب یہ ایک قوم مشہور ہوگئی ہے جیسے میرزا اصل میں امیرزادہ وزادہ امیر تھا۔ اب ایک ذات ہے جو اپنے بزرگوں کی امیری کے باعث اس نام سے مشہور ہے

پراچھت ۔ کفارہ۔ صدقہ

پِرا ز یکیوٹر ۔ تکمیل کرنے والا۔ مقدمہ کی پیروی کرنیوالا

پریکٹس ۔ دستور العمل۔

پرامیسری نوٹ ۔ اس سے مراد وہ نوشتہ ہے جس کی رو سے نوشتے کا لکھ دینے والا قطعی اقرار کسی خاص زر نقد کی بابت دوسرے سے اس نہج پر کرتا ہے کہ

کہ جو مدت اس مین لکھی ہے اسی پر عند الطلب
ادا کرون گا۔ یہ مال منقولہ ہے غیر منقولہ
نہین ہے۔ اس مین ہر نوشتہ داخل ہے
جس کے ذریعے سے نویسندہ بغیر کسی شرط
کے تعہد و اقرار ادائے زر مندرجہ نوٹ کا
اُس وقت پر جس کا تعین اس نوشتہ مین
ہو کرے جس سے نویسندہ بغیر کسی شرط
کے تعہد و اقرار ادائے زر مندرجہ نوٹ
کے وقت یا عند الطلب یا عند المعائنہ
دوسرے سے کرے۔

تشریح پرامیسری نوٹ اور اقرار نامہ
مین یہ فرق ہے کہ پرامیسری نوٹ مین ضرور
نہین کہ تاریخ تحریر درج ہو یا قابل بیع
و شرا ہو یہ ضرور ہے کہ اقرار ادائے زر
نقد ہو نہ دینے نوٹ وغیرہ کا اور خاص
رقم معینہ کا اقرار بلا کسی شرط کے ہو اگر
اقرار ادائے روپیہ اور تعمیل کسی گیرندہ
روپیہ کے منحصر ہو یا کسی اور طرح سے
مشروط ہو تو اقرار نامہ ہو جائے گا۔ نہ
پرامیسری نوٹ۔ اور اگر قطعی اقرار ادا کرنے
کا درج ہو تو وہ وثیقہ یا تو اقرار نامہ متصور
ہو گا۔ یا محض تسلیم یا شہادت زر قرضہ
اقرار نامہ سے اقرار باہمی سمجھا جاتا ہے۔
کہ جس مین دونون فریق یا ایک فریق
سے عوض کسی امر کے جس کی تعمیل ہو چکی
یا ہونے والی ہے کچھ عمل مین آیا ہے نہ
محض ادائے روپیہ۔ پہلے جس کا روپیہ
باوقات مختلف ادا ہو مثل تمسک ہشتام
تھا اب یہ امتیاز نہین صرف اس مین یہ
فرق ہے کہ جو زر اندازیں روپیہ ہون
پرامیسری نوٹ جو سند سے باہر مکمل ہون
مثل فارن بل آف اکسچینج ہین۔

پرائویٹ پراپرٹی ۔ حق جائداد ذاتی

پرت ۔ تہ ۔ تو ۔ طبق ۔ ورق ۔ پٹری ۔
چھلکا ۔ عموماً بولتے ہین کہ سمن کی ایک
پرت رکھ لو اور ایک واپس دو۔ یعنی
ایک نقل پیچھے ہٹا دو۔

پرتلہ ۔ وہ چمڑے کی پیٹی جس مین تلوار آویزان
ہوتی ہے ۔ توشہ دان ۔ گاترا۔

پرتو فرزند ۔ ایک ایسی عورت کا بیٹا جس
کے لیئے وہ درصورتے کہ اُسے متبنیٰ
بنانے والے باپ نے پیدا کیا ہو حرام
کاری کی پیدائش نہو گا۔

تشریح منشی شیو نرائن صاحب
اسسٹنٹ مترجم اُردو گورنمنٹ کورٹ
پنجاب تحریر فرماتے ہین کہ اس سے غالباً
چھترج ہتم کا بیٹا مُراد ہے مگر ہمین اس کا
اصل ترجمہ دریافت نہین ہو سکا۔ انگریزی
الفاظ جن کا یہ ترجمہ ہے حسب ذیل ہین
Reflection of a Son

پرت کے معنی فروغ - روشنی - شعاع - کرن - سایہ - ظل - پرچھاواں - عکس - (یہ غلط معنی صرف اردو میں مشہور ہو گئے ہیں)
فرزند کے معنی بیٹا ہو یا بیٹی اس میں مذکر مونث کا فرق نہیں گو اکثر استعمال مذکر پر ہوتا ہے -

پرتیا یا پرت وتا - وہ استری دھن جو خاوند نے بنظر محبت دیا ہو -

پرچہ - ٹکڑا - پرزہ - چیتھڑا - کاغذ کا ٹکڑا - رقعہ - خط - خبر کا کاغذ - اخبار - مخبر سندیہ -

پرچہ سزا - یہ ایک خاص پرچہ فوجداری کے متعلق ہوتا ہے -

پرچہ علت - یہ ایک خاص پرچہ ہوتا ہے

پرچہ نویس - خبر نویس - وقایع نگار - جاسوس - مخبر - کارسپانڈنٹ - پرچہ لکھنے والا -

پرچے - جب کھتونی تیار ہو جاتی ہے تو پٹواری ہر زمیندار کو نقل اُن کھاتجات کی دیتا ہے جو اُس کے متعلق ہیں - ایسی نقول کو پرچے بولتے ہیں

تشریح اس میں ے مجہول ہے - اگر ی معروف ہو تو وہ کاغذ مراد ہوگا جس میں تاریخ پیشی مقدمہ درج ہوتی ہے یہ پرچی کبھی فریقین مقدمہ کو کبھی ایک فریق کو دی جاتی ہے - عموماً بڑی عدالتوں میں اور خصوصاً چیف کورٹ میں تو ایک خاص بورڈ یا تختہ باہر رکھا ہوتا ہے جس پر ہر مقدمہ کی تاریخ پیشی مفصل درج ہوتی ہے

پرچی - تاریخ پیشی مقدمہ کا کاغذ -

تشریح - یہ ی معروف سے ہے اگر یے مجہول ہو تو اس سے مراد وہ نقول کھاتجات ہے جو کھتونی تیار ہوتے پر پٹواری زمینداروں کو دیتا ہے (دیکھو پرچے یے مجہول سے)

پردھان یا پدھان } گڈھوال میں ایک گانوں کا پروہت جس پر گورنمنٹ کے محصول وغیرہ جمع کرنے کا بھروسا کیا جاتا ہے اور اپنے گانوں کی پولیس کا نگہبان ہوتا ہے وہ عموماً گانوں میں سے ہی ہوتا ہے اور عام حصہ داروں کی مرضی سے چُنا جاتا ہے اور وہ گورنمنٹ کا معاملہ اچھی طرح سے وصول کرتا ہے اور اپنے حصہ کا بھی معاملہ دیتا ہے - شادیوں میں اس کو فیس دی جاتی ہے اور اس کے لیے کچھ زمین بھی مقرر کر دی جاتی ہے - یہ عہدہ کوئی موروثی نہیں - البتہ بیٹا ہی بدون کسی قوی مانع کے جانشین ہوتا ہے جب تک کہ وہ بے وری وغیرہ کے باعث ناقابل نہ ہو جائے جس حالت میں کہ اور پردھان

مقرر کرنے کے لیئے تمام حصہ دار بلائے
جاتے ہین۔ وہ غیر مفروعہ زمین جن کی
مالکان کے درمیان تقسیم نہوئی ہو اُن کا
انتظام بھی پردھان ہی کے ذمے ہوتا ہے
اور لگان جو اس کی زراعت پر لگتا ہے
وہ اس کو مالکان کے ذمے لگا دیتا ہے
اور وہ اسے گورنمنٹ کی مالگزاری مین لگا
دیتے ہین۔ اور گورنمنٹ کی مالگزاری مین
دے دیتے ہین۔ یہ لفظ منصف کے معنی
مین بھی مستعمل ہوتا ہے۔ رئیس۔ افسر وہیہ
معتمد۔ پریزیڈنٹ ریاست۔ (دیکھو پدھان)

پردھان چاری۔ پردھان کا عہدہ۔
پدھان کا منصب۔

پردہ۔ حجاب۔ اوٹ۔ ستر۔ آڑ۔ اوجھل
چلمن۔ چک وغیرہ جو دروازے پر لٹکا
دیتے ہین۔ دروازے کے مقابل کی
دیوار جس سے گھر کا سامنا نہو۔ گھونگٹ۔
نقاب۔ انگرکھے کا وہ گول حصہ جو چھاتی پر
رہتا ہے۔ طبقہ۔ راز۔ بھید۔ پوشیدہ
بات۔ اخفا۔ پوشیدگی۔ راگ کی ایک
قسم۔ ستار وغیرہ کے پتیل یا کسی اور چیز
کے وہ پُرزے جن پر تار کو بجاتے وقت
انگلی سے دباتے جاتے ہین جس سے مختلف
قسم کی آواز نکلتی ہے۔ کھرج

پردہ پوشی۔ پردہ داری۔ عیب پوشی۔
رازداری۔

پردہ داری۔ پردہ رکھنا۔ ایک بری بات
کو چھپائے رکھنا۔ (دیکھو پردہ پوشی)

پردہ دری۔ عیب نمائی۔ راز افشائی۔
پردہ پھاڑنا۔ کسی کا بھید ظاہر کرنا۔ پردہ
اُٹھانا۔ پردہ پوشی کے خلاف۔ بھید کھولنا
کشف راز کرنا۔

پردہ فاش کرنا۔ بھید کھولنا۔ بھانڈا
پھوڑنا۔ پردہ دری کرنا۔ افشاے راز کرنا
عزت مین بٹا لگانا۔ ساکھ بگاڑنا۔ بند مٹھی
بات ظاہر کرنا۔ قلعی کھول دینا۔ بخیہ اُدھیڑنا

پردہ نشین۔ پردے مین بیٹھنے والی عورت
وہ عورت جو غیر محرمون اور بیگانے مردون
کے سامنے نہو۔ مستورہ۔ چھپنے والی عورت

تشریح نئے تعلیم یافتہ اور انگریزی خوان
اہل اسلام مین پردے کے مسئلے مین اختلاف
ہے وہ اولڈ فیشن یعنی پرانی وضع کے
علما کی طرح فرضیت پردہ کے قائل نہین۔
مگر ابھی تک اس کا عمل درآمد قدیم علما جیسا
ہی ہے۔ گو ان مین سے بعض نے ہندوستان
کے باہر شاذ و نادر طور پر رسم پردہ کو ترک بھی کر
دیا ہے مگر اہل ہند کے نئی روشنی والے
اسی طرح دبے دبائے پڑے رہتے ہین
ان کی کچھ پیش نہین جاتی۔

پردیس۔ ملک غیر۔ بدیس۔ دوسرا ملک۔

غیر وطن - غربت -
تشریح پر کے معنی دوسرا - غیر - علاوہ دیس کے معنی ملک وطن یعنی غیر وطن اور پرائے ملک کا باشندہ -

پردیسی - اجنبی - غیر ملک کا - غریب الوطن اوپرا - غیر - بدیسی - مسافر - اس مین ی نسبتی ہے - پردیس کی تشریح دیکھو پردیس مین -

پرس - شخص - فرد - انسان - مرد کی حیثیت قد آدم - ۶ فیٹ کا

پُرسا - قد آدم - مرد کے قامت کے موافق ۶ فیٹ کا - ماتم پُرسی - عذر خواہی - مرگ عزا پرسی - تعزیت - میت کے وارثون کو دلاسا دینے کے واسطے گھر جانا -
تشریح یہ لفظ فارسی پُرسہ بمعنی پرسش احوال و خبر پرسی سے اس معنی مین مستعمل ہوگیا ہے -

پرسنل سیکیورٹی - حق حفاظت ذاتی یہ وہ حق ہے جس کی رو سے کوئی شخص قانوناً اور بلا کسی روک ٹوک کے اپنی زندگی اور اعضا اور جسم اور صحت اور حیثیت عرفی سے حظ اُٹھاتا ہے -

پرس دھن - شوہر کی ملکیت - خاوندی جائداد - دھن کے معنی جائداد مال - پرس کے معنی خاوند -

پرگنہ - حصہ ملک - ضلع کا حصہ - دیہات وہ زمین جس سے مال گزاری وخراج لین ضلع - حصہ - ملک کا چھوٹا حصہ -
تشریح ناہن سرسو مین اس کو کھیج کہتے ہین -

پرمٹ - اجازت - محصول چونگی - چوکی چونگی
تشریح انگریزی مین مَ کے کسرے سے ہے بمعنی اجازت - یعنی وہ مال جس پر اجازت کی ضرورت ہو - نمک وغیرہ کا سرکاری محصول -

پروا - ہلکی ریتلی زمین زردسی رنگت اور آب پاشی کے لائق زمین - یہ لفظ بندیلکھنڈ کا ہے

پروانجات - پروانہ کی جمع -
تشریح یہ جمع عربی کے قاعدے پر عدالت والون نے گھڑلی ہے - پروانہ فارسی لفظ ہے اس کی جمع پروانہا درست تھی - یہ جمع ویسی ہی ہے جیسے بیرون کی جمع بیرونجات -

پروانگی - اجازت - حکم - اگیا -

پروانہ - وارنٹ - لکھی ہوئی ہدایت یا حکم چونگی کا پاس - لائسنس - ادنی اور ماتحت کے نام لکھی ہوئی تحریر - حکم نامہ حکم - تتلی - کیڑا اڑنے والا - پتنگا چراغ کا - اجازت نامہ - فرمان شاہی - پاس

رونہ - شیدا - عاشق -

پروانہ معیات - حکم نامہ نیلام - ایسی فروخت عام کا حکم نامہ جس کی معیاد گذرنے پر اجازت فروخت کی ہوتی ہے - دیکھو پروانہ و بیعیات

پروانۂ راہداری - چٹھی اجازتی حکم نامہ اجازتی - پاس اجازتی - وہ کاغذ تحریری جو راستہ سے گذرنے کے واسطے دیا جاتا ہے - چونگی کا پرچہ

پروانہ گرفتاری - وارنٹ حکم نامۂ ماخوذی

پروبیٹ - اس سے وصیت نامہ کی نقل جو بہ ثبت مہر کسی عدالت ذی اختیار کے تصدیق ہوئی ہو جب اس کے ساتھ سند متضمن عطاء اختیار اہتمام ترکہ موصی کے شامل ہو مراد ہے

پروٹسٹ - اس سے مراد وہ تحریر ہے جس کے ذریعے سے کوئی نوٹری پبلک اور کوئی شخص جو بطور نوٹری پبلک کے مجاز عمل کرنے کا ہو کسی بل آف اکسچینج یعنی ہنڈی وغیرہ یا پرامیسری نوٹ کے نہ پٹنے کی تصدیق کرے جس سے کوئی نوٹری پبلک یا عامل نوٹری پبلک تصدیق نہ پٹنے ہنڈی وغیرہ کی کرے - اعتراض -

پروٹسٹ ناخدائے جہاز - اس میں سر اظہار احوال سفر جہاز داخل ہے جو ناخدا مذکور بغرض تصفیہ نقصانات یا حساب حصہ رسدی یا نقصان کے لکھے - اور یہ ایسا اظہار تحریری ناخدائے مذکور کا بھی داخل ہے جو وہ بمقابلہ جہاز کے کرایہ لینے والوں یا عمال الیہم کی بابت نہ چڑھانے مال کے جہاز پر یا اُتارنے مال جہاز سے لکھ دے

پرورش - پالنا -

تشریح یہ پروردن بمعنی پالنے کا حاصل مصدر ہے اس کا استعمال نوکری وغیرہ کرانے پر ہوتا ہے جیسے کہتے ہیں سرکار نے فلاں شخص کی پرورش کی -

پروف - وہ فرد جو غلطیاں دیکھنے کے لیئے پتھر یا ٹائپ کے فرمہ سے اُتاری جائے کسی فرمہ کی ابتدائی فرد - اس کو پروف شیٹ بھی کہتے ہیں -

پروہت - مذہبی رسوم کے انجام دینے کا ہادی - گھر کا پنڈت - مذہبی کام کا سرانجام دینے والا - قدیمی پنڈت - خاندان کا گرو

پریڈ - پریڈ - فوج کی قواعد کا میدان قواعد فوج - صف - قطار -

تشریح انگریزی میں یہ آخری معنی ہیں - اور یہ لفظ پریڈ یعنی آخر میں ڈ کے ساتھ ہے

پری پیڈ - وہ استری دھن جو محبت سے دیا جائے -

پریزیڈنٹ - میر مجلس شوری صدر انجمن

پنچون کا سردار۔ سرپنچ۔ علاقہ کا حاکم۔
حاکم صوبہ۔ مدرسے کا افسر۔
تشریح۔ انگریزی مین اس کا ملفظ
پریسیڈنٹ بھی ہے۔
پریزیڈنسی۔ قلمرو ہند کا وہ حصہ جو کسی
علیحدہ گورنمنٹ کے ماتحت ہو۔ اردو
مین اس کو احاطہ کہنے لگے ہین۔ جیسے
احاطہ بنگال۔ احاطہ مدراس وغیرہ۔ اس
سے وہ قلمرو مراد ہے جو کسی ایک پریزیڈنسی
گورنمنٹ کے زیر حکومت ہو۔
پریزیڈنسی آفس۔ کلکتہ۔ بمبئی۔ مدراس
مقامات کے ڈسبرسنگ آفس پریزیڈنسی
آفس کہلاتے ہین۔ دفتر پریزیڈنسی۔
تشریح۔ آفس کے معنی دفتر اور پریزیڈنسی
کی تشریح دیکھو پریزیڈنسی مین۔
پریزیڈنسی بنگالہ۔ اس مین یہ قلمرو داخل ہین
(۱) ممالک موجودہ وقت تحت انتظام لفٹنٹ
گورنر ممالک مغربی وشمالی ولفٹنٹ گورنر
پنجاب (۲) ممالک موجودہ وقت تحت انتظام
چیف کمشنران ملک اودھ۔ ممالک متوسط
برٹش برہما۔ اجمیر میرواڑہ۔ آسام جزائر
انڈمان۔ ونکوبار (۳) اس قدر قلمرو والیان
اور ریاست ہائے متذکرہ بالا جن کی نسبت
جناب نواب گورنر جنرل بہادر باجلاس
کونسل بذریعہ اشتہار مندرجہ گزٹ آف
انڈیا کے وقتاً فوقتاً حکم دین۔
پریزیڈنسی بمبئی۔ سے مراد ممالک مندرجہ
ذیل ہین (۱) ممالک موجودہ وقت تحت
گورنر بمبئی باجلاس کونسل (۲) اس قدر قلمرو
متذکرہ بالا جس کی نسبت جناب نواب گورنر
جنرل بہادر باجلاس کونسل بذریعہ اشتہار
مندرجہ گزٹ آف انڈیا کے وقتاً فوقتاً
ہدایت کرین (۳) حیدرآباد کے ضلاع۔
پریزیڈنسی مدراس۔ اس مین یہ ملک
داخل ہین۔ ممالک موجودہ وقت تحت انتظام
گورنر فورٹ سینٹ جارج باجلاس کونسل
(۱) اس قدر قلمرو متذکرہ بالا جن کی نسبت
جناب نواب گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل
بذریعہ اشتہار مندرجہ گزٹ آف انڈیا وقتاً فوقتاً
ہدایت کرین (۲) کورگ۔ (۳) میسور
پریوی کونسل۔ امور سلطنت مین صلاح ومشورہ
دینے کے لیئے بادشاہ یا نائب بادشاہ کی
پرائیویٹ کونسل۔
پڑاؤ۔ منزل۔ ٹھہرنے اور اُترنے کی جگہ۔
مقام کاروان۔ مقام لشکر۔ مسافرون کے
اُترنے کی جگہ۔ چوکی۔ اسٹیشن۔ سرا۔
فرودگاہ۔ ٹھکانا۔
پڑتا۔ قیمت۔ خرید۔ گھر پڑتی قیمت۔ بازاری نرخ حکمت۔
پڑتال۔ امتحان۔ دیکھ بھال۔ صحیح پڑتال
یعنی دوسری دفعہ کی تول۔ نظر ثانی۔ دوبارہ

جانچنا۔ جائزہ۔ صدمہ متواتر۔

پڑتال کرنا دیکھ بھال کرنا۔ زمین کی پہلی پیمائش کی غلطی یا صحت دیکھنے کے واسطے دوبارہ پیمائش کرنا۔

پڑتہ۔ شرح حصہ۔ شرح لگان۔ وہ شرح مالگزاری جو ہر بگھہ پر برابر پھیلائی جائے بعض لوگ پڑتا الف سے لکھتے ہین۔

پڑتہ مالگزاری۔ مالگزاری کی شرح۔ (دیکھو پڑتہ و مالگزاری)

پڑتہ متوسط۔ درمیانی شرح معتدل شرح (دیکھو پڑتہ)

پڑتی۔ اُفتادہ یا غیر مزروعہ زمین۔ خالی پڑی ہوئی زمین۔

پڑتی جدید۔ نئی اُفتادہ یا غیر مزروعہ زمین

پڑتی قدیم۔ جو ہمیشگی سے پڑتی ہو۔ تشریح پڑتی دیکھو پڑتی ہین۔

پڑجوت۔ وہ گھر کا کرایہ جو زمیندار گھر کے باشندون وغیرہ کاشتکارون سے لیتے ہین اس زمین کے لیئے جس پر اُن کے گھر ہوتے ہین یا جو زمین مکان بنانے کے واسطے کرایہ دی گئی ہو۔

پڑجوت دار۔ پڑجوٹ رکھنے والا۔ (دیکھو پڑجوٹ)

پڑجون۔ دُکان کی چھوٹی چھوٹی چیزین جیسے آٹا دال نمک وغیرہ۔

پڑچونیا۔ بنیا۔ جو آٹا دال وغیرہ پڑچون کی دُکان کرتا ہے۔ (دیکھو بنیا)

پڑنا۔ گرنا۔ آرہنا۔ ٹھہرنا۔ قیام کرنا۔ لنگر ڈالنا۔ پڑاو کرنا۔ اُترنا۔ لیٹنا۔ آرام لینا سونا۔ گذرنا۔ واقع ہونا۔ بنیا۔ تھکنا۔ عاجز ہونا۔ ہارنا۔ داخل ہونا۔ بیمار رہونا۔ درج ہونا۔ جیسے کھاتہ مین نام پڑنا۔ مداخلت کرنا جیسے کسی کے معاملے مین پڑنا۔ باقی رہنا۔

پس۔ بعد۔ بعدازان۔ پھر۔ پیچھے۔ علاوہ ازین۔ اس لیئے۔ اخیرکو۔ آخرکار۔ لیکن بہرکیف۔ بہرحال۔ اس وجہ سے۔ اس باعث سے۔ اس سبب سے

پس انداز۔ اندوختہ۔ جمع۔ بچت۔ وہ روپیہ جو خرچ سے بچا کر رکھا جائے۔ صرف سے بچا ہوا روپیہ۔

تشریح۔ لفظی ترجمہ پیچھے ڈالا گیا۔ یعنی پس انداختہ شدہ۔

پس انداز محاصل۔ محاصل کا بچا ہوا۔ (دیکھو پس انداز)

پستول۔ پسٹل۔ تمنچہ۔ تفنگچہ۔ چھوٹا سا تمنچہ۔ تمنچہ۔

پسر۔ بیٹا۔ متبنی۔ بنایا ہوا بیٹا۔ اس سے وصیت نامہ مین صرف اولاد مستقیمہ منزلہ ولدالحلال مراد ہے اگر ولدالحلال نہو تو اسپر دلالت کرے گا جو وصیت نامے کی تاریخ

تک عرفاً رشتۂ ولادت ولد الحلال سمجھا جاتا ہو
لڑکا۔ صاحب زادہ۔

پسر اخیافی۔ مادری بیٹا۔ وہ بیٹا جو صرف
ماں سے ہو باپ سے نہو۔

پسر خواندہ۔ مُنہ بولا بیٹا۔ متبنی بالک۔
بنایا ہوا بیٹا۔ جو حقیقی اور اصلی بیٹا نہو۔ گود
لیا ہوا لڑکا۔

پسر صحیح النسب۔ جو حلال کا بیٹا ہو
جو بیٹا ولد الحرام نہو۔ جو بیٹا جائز حقوق کا
مستحق ہو۔ حقیقی بیٹا۔ ایک منکوحہ عورت
کا اپنے خاوند کے نطفے سے بیٹا۔

پسر صلبی۔ اپنا بیٹا۔ سگا بیٹا۔ حقیقی بیٹا۔
اصلی بیٹا۔ اپنے نطفے سے بیٹا۔ پشت کا
بیٹا۔ نسل کا بیٹا۔

تشریح۔ صلب کے معنی پیٹھ کی ہڈی
و پیٹھ۔ پسر کے معنی بیٹا۔

پسر غیر صحیح النسب۔ جو بیٹا صحیح
النسب نہو (دیکھو پسر صحیح النسب)

پسر متبنی۔ بنایا ہوا بیٹا۔ گود مین لیا ہوا
بیٹا۔

تشریح متبنی ابن سے نکلا ہے ابن کے
معنی عربی مین بیٹے کے ہین۔ یہ اسم مفعول
کا صیغہ ہے۔

پس وپیش۔ اونچ نیچ۔ آگا پیچھا سوچ
بچار۔ بُرائی بھلائی نشیب و فراز۔ لیت و
لعل۔ حیلہ حوالہ۔ ٹال مٹول۔ ٹالا بالا۔

پسیارہ۔ شادی بالغرب۔ یہ اہل ہند
کی مذہبی لغت ہے۔

پشت۔ نسل۔ پیٹھ۔ پیڑھی۔ آبائی نسل۔

پشت در پشت۔ نسل در نسل۔ زمانہ در زمانہ

پشتہ۔ ٹیلہ۔ تودہ۔ گٹھا۔

پشتینی۔ آبائی جدی۔ جو پشت کی طرف
منسوب ہو۔ (دیکھو پشت)

پکار۔ بُلاوہ۔ وہ آواز جو ندکوری یا چپراسی
پیشی مقدمے کے وقت فریقین یا ایک
فریق کو دیتا ہے

تشریح گو یہ لفظ عام ہے اور پکارنا کا
حاصل مصدر ہے مگر اصطلاحًا خاص پکار
پر مستعمل ہے جو چپراسی وقت پیشی مقدمہ
مدعی یا مدعا علیہ یا دونون کو دیتا ہے۔

پکی پیداوار۔ جو جنس پختہ اترے۔ اس سے
وہ نکاسی مراد ہے جو کاشتکاری کے اخراجات
مجری دے کر بچتی ہو۔ جن دیہات کی زراعت
بالکل مالکان خود کاشت سے ہو اس مین
پکی پیداوار سے اُن کی سیر زمین کا منافع
مراد ہوتا ہے اور جن دیہات مین اسامی
ایک شرح معین پر جوتتے ہین اس سے
جمع بندی کی خام مُراد ہوتی ہے۔ جو کاشت
کاری کے اخراجات دے کر حاصل ہو اسکو
نٹ محاصل بھی کہتے ہین۔ (دیکھو نٹ محاصل)

پگ ڈنڈی - بٹیا - لیک - وہ رستہ جو کھیتوں یا پہاڑوں کے بیچ میں آدمی کے چلنے کے قابل ہوتا ہے - پیدل کا رستہ پیدل چلنے کا رستہ۔
تشریح عام لوگ اس کو کثرت تازی سے لکھتے پڑھتے ہیں۔
پگڑی باندھنا کسی کا قائم مقام ہونا - سرداری یا وراثت کا مستحق ہونا - حاکم یا پنچون کی طرف سے کسی استحقاق یا وراثت کا وارث گردانا جانا - عزت ملنا خلعت ملنا استاد تسلیم کیا جانا۔
تشریح مسلمانون مین فاتحہ سوم کے روز اور اہل ہنود مین اکثر مُردے کی تیرھوین کو وراثت کی پگڑی بندھوائی جاتی ہے یہ پگڑی عموماً بیٹے یا متبنی یا دیگر حقدار کے سر پر بندھوائی جاتی ہے جس کا مورث اعلی مرا ہو۔
پگ ونڈ - جو پگ یعنی دستار پر بانٹ ہو۔
تشریح یہ پنجابی لغت ہے پگ کے معنی پگڑی - دستار - ونڈ کے معنی تقسیم - یعنی وہ تقسیم جو فی کردن پر ہو - اس کے مقابلہ مین چونڈے ونڈ مشہور ہے یعنی موشات پر تقسیم۔
پلٹن - فوج - وہ آٹھ سو آدمیون کا گروہ جو لفٹنٹ کرنیل کے ماتحت ہو - پیادہ فوج کا دستہ - ایک خاص تعداد سپاہیون کا۔
پلیٹ فارم - ریلوے سٹیشن کے کمرون کے محاذ کا وہ کسطح تختہ یا چبوترہ یا کھڑنجا جس کے عین برابر ریل کھڑی ہوتی ہے اور جس پر سے گذر کر مسافر ریل گاڑی پر سوار ہوتے یا اس سے اُترتے ہین
پلیٹ الیرز - لوہے کی پٹریان بچھانے والے - مزدوران سڑک جو ڈسٹرکٹ انجنیر کے ماتحت ہون۔
پلے دار - حمال - وہ شخص جو آٹا یا غلہ وغیرہ پلے مین بھر کر اُٹھالے جاے - مزدور - قلی۔
پلیڈر - اس لفظ سے ہر شخص پیروی کنندہ من جانب شخص دیگر وایڈوکیٹ واٹیرنی مُراد ہے - یہ لفظ کسی عدالت کی کسی کارروائی کی نسبت مستعمل کیا جاے تو وہ وکیل جو عدالت مین از روے کسی قانون مجریہ وقت کے وکالت کرنے کا مجاز ہو اور اس مین داخل وہ ایڈوکیٹ اور وکیل اور اٹرنی ہائی کورٹ کا جو اس بات کا اختیار رکھتا ہو اور ثانیاً مختار یا دوسرا شخص جو عدالت کی اجازت سے ایسی کارروائی مین عمل کرنے کے واسطے مقرر کیا جاے شامل ہے۔
پلین ٹیبل - تختہ مسطح۔
پناہ - سایہ - آڑ - پشتی - حمایت - سہارا - دیوار کا سایہ - ظل - سرن - بچنے کا ٹھکانا

ملجا۔ ملاذ۔ ماوی۔ امن۔ امن کی جگہ۔ بچاؤ۔ حفاظت۔

پناہ دینا۔ مجرم کو گھر مین چھپانا۔ یار بنے دینا۔ دشمنون سے بچانا۔ سہارا دینا۔ سر مین لینا۔ ٹھہرانا۔ امن دینا۔

تشریح گو یہ لفظ عام ہے اور ہر طرح کی پناہ دینے پر بولا جاتا ہے مگر عموماً اس کا استعمال مجبورون کی پناہ دہی پر ہوتا ہے۔

پناہ دہی۔ یعنی قبول کرنے مہمان اور اس کی پناہ دینے اور حفاظت کرنے کے ہے۔ اور نیز کسی قدر عرصہ تک رہنا یا ٹھہرنا یا مہمان ہونا یا پناہ دینا۔ یا مجبورون کو پناہ دینا

پنج سالہ۔ پانچ سال کے لیئے۔

پنج سالہ بندوبست۔ پانچ سال کے لیئے بندوبست۔

پنچ۔ ثالث۔ پنچایت مین فیصلہ کرنے والا گانون کا سردار۔ منصف۔ جج۔ ایک فرقہ کا سرگروہ۔ پانچ کا مخفف۔ حاکم۔ داور صلاح کار۔ مشیر۔ ممبر۔ گانون کا صلح کا دلال۔

پنچ سلطانی۔ جو ثالث حکام کی طرف سے مقرر ہو۔

پنچ فیصلہ۔ جو فیصلہ ثالثون سے ہو۔ ثالثی فیصلہ۔ جو فیصلہ پنچون نے کیا ہو فیصلہ مجلسی۔ پنچایتی نیاؤ۔

پنچایت۔ برادری۔ ثالث کمیٹی۔ ویسی کچہری جس مین پانچ یا زیادہ آدمی شامل ہون ایک مجمع۔ مجلس۔ کمیٹی۔ کونسل مجلس شوری داوری۔

پنچایت خانگی۔ گھر کی پنچایت جس مین لوگ پنچ ہو اپنے جھگڑون کا فیصلہ کراتے ہین اس مین اکثر رشتہ دار کنبے کے فیصلہ کرتے ہین

پنچایت سرکاری۔ جو گورنمنٹ اپنی طرف سے پنچ مقرر کرے۔

پنچائت نامہ۔ اقرارنامۂ ثالثی۔ ثالثی فیصلہ پنچایتی تحریر۔ پنچون کا لکھا ہوا۔

پنچایتی۔ پنچون سے متعلق۔ پنچون سے منسوب۔ مال وقف۔ شاملات کا مال۔ نطفۂ بے تحقیق۔

پنشن۔ سالیانہ۔ گھر بیٹھے روٹی۔ ایک عہدہ جس مین تھوڑا سا کام کرنا پڑتا ہے۔

پنیاہ۔ وہ دن جس مین پہلی قسط معاملہ ادا کی جائے۔ وہ سمن جو زمیندارون سے گانون والون کو یا اسامیون کو معاملہ کے دن ادا کرنے کے واسطے بھیجے جائین۔

پوت۔ زراعت شدہ کھیتون کا اقرارنامہ

پوتکر۔ وہ معاملہ جو حصہ دارون سے مقررہ وقت پر لیا جائے۔

پوتے نواسے سے وصیت نامے مین اُس شخص کی اولاد مستقیمہ بمنزلہ درجہ دوم مُراد ہے جس کے اطفال یا پوتون نواسے

وغیرہ کا ذکر کیا جائے۔

پوست - منقش چنیر۔ چھال۔ چمڑا۔ خشخاش۔ کا ڈوڈا۔ بکل۔ کھال۔ اس سے درخت پوست کے ڈوڈے مُراد ہوتے ہین۔ چھلکا۔ کوکنار۔

پوست کا تردد۔ پوست کی کاشت کرنا۔

پوسٹ آفس۔ ڈاک خانہ۔ ڈاک خانے کا دفتر۔ ڈاک کا دفتر۔

پوسٹماسٹر۔ وہ افسر جس کے چارج مین پوسٹ آفس ہو۔

پوسٹماسٹر جنرل۔ اس سے حلقۂ ڈاک کے افسر اعلیٰ سے مراد ہے۔

پوسٹل گائڈ۔ ہدایت نامہ ڈاک۔ ڈاک خانون کا ہدایت نامہ۔ قواعد ڈاک خانہ محکمۂ ڈاک کی ایک کتاب ہے جس مین اس محکمہ کی کل ہدایات درج ہوتی ہین۔

پولٹیکل۔ انتظامی۔ انتظام ملکی۔

پولٹیکل ایجنٹ سے عہدہ داران کلان متعینہ بیرون حدود برٹش انڈیا بطور قائم مقام سرکار انگریزی و ہر عہدہ دار مامور غیر برٹش انڈیا باختیارات پولٹیکل ایجنٹ باجازت جناب نواب گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل مُراد ہے

پولندہ۔ کاغذون کا گٹھا۔

پولندہ بستہ سے مراد وہ پولندہ ہو جس مین کئی چٹھیان ہون اور اہل کار ڈاک خانہ نے بنایا ہو۔ اور وہ معرفت ڈاک خانہ کے اس نظر سے بھیجا جائے کہ اُس کی چٹھیات ملفوفہ کئی اشخاص کو بذریعہ کارندہ اُس شخص کے جس نے کہ اس پولندہ کو بنایا تھا حوالہ کی جائین۔

پولیس - اس مین وہ جملہ اشخاص شامل ہین جو ایکٹ ۵ ۱۸۶۱ء کے مطابق یا آیندہ جو بجائے اس ایکٹ کے وقتاً فوقتاً اور کوئی ایکٹ نافذ ہو پولیس مین بھرتی کیے گئے ہین یا کیئے جائین۔ پولیس۔ شہری انتظام کا گروہ۔ تھانہ۔ تھانہ کا سپاہی۔ تھانہ کے آدمی۔

تشریح اس کی رسم خطی مین اختلاف ہے بعض لوگ پولیس یؔ سے اور بعض پولس بغیر یؔ کے لکھتے ہین۔

پولیس تعزیری - وہ زائد پولیس جو کسی ہنگامہ یا فساد کے موقع پر متعین کیا جاتا ہے اور اُس کا خرچ بحصہ رسدی اُن اشخاص کے ذمے ڈالا جاتا ہے جن کے فساد کی روک سے امن حاصل ہو۔

پولیس زائد۔ جو بصورت اشد ضرورت کے کسی مقام پر امن وامان قائم رکھنے کے لیئے مقررہ پولیس کے علاوہ ملازم پولیس رکھے جائین۔ اس کی تعیناتی کا خرچ اہل

درخواست سے لیا جاتا ہے
پون ٹوٹی - اصل مین انگریزی ڈیوٹی تھا چونگی - وہ محصول - جو شہر کے اندر آکر بکنے کی چیزون پر شہر کے اخراجات کے واسطے لیا جاتا ہے -
پونجی - سرمایہ - مول - بضاعت - رأس المال - جائداد - ملکیت - اصل حقیقت - بساط - حوصلہ - جمع مایہ - ڈھیر - ساکھ - فنڈ -

پونڈ - بیس شلنگ - سولہ اونس کا بٹا - چھتیس ۳۶ تولہ - مگر عوام مین آدھ سیر مشہور ہے - دس روپئے کا سونے کا سکہ -
پھاٹ - لگان یا اقساط کو شرکاے مالگزاری دیہ کے درمیان تقسیم کرنا - تقسیم معاملہ حصہ دارون مین -
پھاٹک - بڑا دروازہ - دربار کا جنگلہ - کچہری کا احاطہ - مویشی خانہ - کانجی ہوس - دکلان باب کلان - کھڑک جہان پکڑے ہوے مویشی بند کیئے جائین - باڑا - احاطہ - کٹھرا جہان مدعی مدعا علیہ کھڑے کیئے جاتے ہین - آڑ - روک -
پھاٹک دار - حوالات کا دربان - محافظ احاطہ - پھاٹک کا محافظ - وہ منشی جو تھانہ کے پھاٹک پر مویشی کے داخل کرنے اور چھوڑ دینے اور فیس پھاٹک لینے وغیرہ پر مقرر ہوتا ہے -
پھاٹک مین داخل کرنا - آوارہ مویشی کو پھاٹک مین داخل کرنا -
پھانٹ - گانون کا رجسٹر - باشندگان گانون اور اُن کی اولاد کی فہرست جو مالک یا کاشتکار ہون -
پھانسی - پھندا - گردن سے لٹکانے کا طریقہ آلہ - بند گل وہ ریشم یا رسی کا حلقہ جس کے ذریعے سے آدمی کا گلا گھونٹ کر مار ڈالتے ہین - ٹھگون کی کمند - سزاے موت جو پھندے کے ذریعے سے دی جاے - وہ کھڑے ہوے ستون اور رسی کا پھندا وغیرہ جس پر چڑھا کر آدمی کو لٹکا دیتے ہین
پھانسی کی سزا - موت کی سزا -
پھانسی دینا - ایک شخص کے گلے مین رسی باندھ کر لٹکا دینا تاکہ وہ مرجاے - پھندے کے ذریعے سے سزاے موت دینا - گلا گھونٹنا (دیکھو پھانسی)
پہرے دار - سنتری - چوکی دار - محافظ دربان - رکھوالا - پاسبان - حارس - ناہین سرمور مین ان کو پولیا کہتے ہین -
پہرے مین دینا - حراست مین دینا - حوالات مین ڈالنا -
پہرے مین رکھنا - حراست مین ڈالنا

نظر بند رکھنا۔ حوالات مین رکھنا۔

پہرے مین ہونا۔ حراست مین ہونا۔ نظر بند ہونا۔ حوالات مین ہونا۔ قید مین ہونا۔

پہرے کا روزنامچہ۔ پولیس کی ایک کتاب ہے جس مین روزمرہ پہرے والون کی کیفیت پہرہ وغیرہ درج ہوتی ہے۔

پھلکر۔ ثمری پیداوار۔ جاگیر کی آمدنی۔ جو میوہ جات اور پھول کے درختون کے پھل پھول سے ہو۔

پھند۔ دم۔ فریب۔ جھونٹ۔ فند۔ پھندا کا مخفف۔ پھانسا۔ کمند۔ بال یا ریشم وغیرہ کا حلقہ۔ پھاند۔ جال۔ دام۔ حلقہ۔ پنجہ۔ بس۔ قابو۔ تکلیف۔ مصیبت۔ قید۔

پھوٹ۔ لڑائی۔ جدائی۔ نا اتفاقی۔ درز۔ شگاف۔ تفرقہ۔ نفاق۔ اختلاف۔ بگاڑ۔ مخالفت۔ بغض۔ باہمی عداوت۔ شکستگی۔ ٹوٹن۔ ٹوٹ پھوٹ۔

پھوٹ بہنا۔ بھید کھول دینا۔ کپٹ ظاہر کر دینا۔

پھوٹ پڑنا۔ نا اتفاقی ہو جانا۔ نفاق ہو جانا۔ اختلاف رائے ہونا۔ دشمنی ہونا۔ عداوت ہونا۔

پھوٹ گاون۔ ایک گانون جو متفرق جگہ مین علی حدہ علی حدہ ہو کر بسا ہوا ہو۔

پھیا۔ ایک منافع یا سود جو معاملے کے روپیہ پر آدھ آنہ فی روپیہ لگایا جائے یہ خاص شاہی کی خاطر لگایا جاتا ہے

پیادہ۔ ملازم۔ چپراسی۔ سپاہی۔ نوکر۔ ہرکارہ۔ پیدل۔ سوار کا نقیض۔ شطرنج کا مہرہ۔ شاہی ہرکارہ۔ نفر۔ کوتوال یا حاکم کا نوکر۔

پیادہ محصل۔ وہ سپاہی جو معاملہ وصول کرنے کے واسطے مقرر کیا جائے۔

پیام۔ وہ مراسلت جو بذریعہ تار برقی کیجائے یا عہدہ دار تار برقی کو اس لیئے دی جائے کہ تار برقی کے ذریعے سے بھیجی جائے۔ یا حوالہ کی جائے۔ یہ محکمہ تار کی قانونی اصطلاح ہے مگر عموماً ہر پیام پر مستعمل ہے۔

پیپا۔ پائپ۔ وہ چوبی ظرف جس مین ایک سو چھبیس گیلن یعنی ۶۳۰ بوتل شراب آتی ہے۔ اس کی شکل ڈھول کی سی ہوتی ہے

پیٹ گرانا۔ اسقاط حمل کرانا۔ قصداً حمل نکالنا۔ اخراج جنین کرنا۔

پٹینٹ۔ رجسٹری شدہ۔ سند یافتہ مستند۔

پیدا۔ ہویدا۔ ظاہر۔ موجود۔ عیان۔ زائدہ۔ متولد۔ جنا ہوا۔ کمائی۔ یافت۔ آمدنی۔ حاصل۔ حصول۔ ایجاد۔ اختراع۔

پیداوار۔ منافع زمین۔ جو زمین سے اناج وغیرہ پیدا ہو۔

پیداوار ارضی - زمین کی پیداوار اور یافت -

پیداوار جنگل - اس مین مفصلۂ ذیل اشیا داخل ہین - جب کہ وہ کسی جنگل مین پائی جائین یا جنگل سے لائی جائین - اشیاے کانی اور سطح کی مٹی اور درخت اور عمارت کی لکڑی اور گھانس اور رمٹ یعنی جڑین اور نسین درخت کی اور درخت مثل کیکر وغیرہ اور سرکنڈے اور پھول اور کانٹے اور میوہ جات اور چھال اور عرق اور شہد اور موم اور لاکھ اور کچوی اور گوند - اور لکڑی کا تیل اور گھانس کا تیل اور روغن اور ریشم کے کیڑے اور کچا ریشم اور کھال اور دانت - اور ہڈی اور سینگ وغیرہ -

پیداوار حال - موجودہ پیداوار -

پیداوار خود رو - جو بن بوئے پیداوار ہو - جو خود اُگا ہوا پیداوار ہو -

پیداواری - زمین کی پیدایش فصل - آمدنی ارضی - (دیکھو پیداوار)

پیدایش - خلقت - جنم - آفرینش - یافت - آمدنی -

پیدایشی - جنمی - جنم کا - فطرتی - خلقی - جبلی - اصلی - اس مین ی نسبتی ہے (دیکھو پیدایش)

پیدل - یا پیادہ - پیرون سوار کے خلاف شطرنج کا ایک مہرہ ہوتا ہے - پانون سے چلنے والا -

پیڈ - وصول کردہ شدہ - وہ محصول جو ادا کر دیا گیا ہو جس لفافہ وغیرہ پر علیحدہ ٹکٹ لگاتے ہین اُس پر یہ لفظ لکھ دیتے ہین اس کا مطلب بھی یہی ہوتا ہے کہ محصول دے دیا گیا ہے پھر نہ دیا جاے

پیروتار - وہ زمین جو سرکار سے مفت پیرون کی پرورش کے واسطے چھوڑی جاے - معافی -

پیرو - مقلد - تقلید کرنے والا - متبع - کسی کے قدم بقدم چلنے والا - چیلا - مرید - پچھلگو - کسی فرقہ کا معتقد - نوکر -

پیروکار - فوجداری مقدمات مین مدعی کی طرف سے پیروی کرنے والا - عام مقدمات مین پیروی کرنے والا -

پیروکار سرکاری - ایک شخص جو سرکار کی طرف سے مقدمات فوجداری کی پیروی اور کارروائی کی نگرانی کے واسطے مقرر ہو اس سے مراد ہر شخص ہے جو دفعہ ۴۹۲ ایکٹ ۱۰ سنہ ۱۸۸۲ع کے بموجب یا جو اس ایکٹ کے بجاے نافذ ہو اُس کی بموجب مقرر ہوا ہو یا ہوگا - اور اس مین ہر ایسا شخص شامل ہے جو مطابق ہدایت پیروکار سرکار کے عمل کرے اور ایسا شخص بھی شامل ہے

جو ملکہ معظمہ کی طرف سے ہائی کورٹ مین وقت نفاذ اس کے اختیارات ابتدائی صیغہ فوجداری کے کسی نالش کی پے روی کرے۔
تشریح یہ عہدہ دار عموماً انھین مقدمات مین ہوتا ہے جن مین سرکار مدعی ہو اور سشن وغیرہ کے مقدمات جن مین اہل جوری کی بھی ضرورت پڑتی ہے۔ کام دیتا ہے۔
پَے روی - پیچھا کرنا - سعی - کوشش - مقدمے کی تائید مین کوشش کرنا - پیرو ہونا - تقلید - کسی کے قدم بقدم چلنا - پیچھے چلنا - اطاعت - فرمان برداری - تن دہی - تلاش - جست وجو -
پَے روی مقدمہ - دوران مقدمہ مین داچھی کارروائی کرنا - مقدمہ جیتنے کے واسطے کوشش وسعی کرنا -
پیڑھی - چوکور - چھوٹی سی کھٹولی جس سے پشت لگا کر بیٹھین - پشت - کرسی - نسل خاندان کا سلسلہ - قرن - عرصہ مدید - قدامت اس کا مادہ بیٹھ ہے۔
پیڑی - درخت کا تنہ - وفصلہ زمین - درختون پر جو لگان یا محصول لیا جاے مگر یہ دوسرے معنی فتحپور سے مختص ہین -

پے سارجنٹ - وہ سارجنٹ جو روپیہ ادا کرنے تنخواہ بانٹنے وغیرہ کے کام پر مقرر ہوتا ہے -
تشریح پے کے معنی ادا کرنا - تنخواہ - سارجنٹ کی تعریف دیکھو سارجنٹ مین
پیسنجر - مسافر - ریل کا مسافر -
پیسنجر ٹرین - سواری گاڑی - وہ ٹرین جو مسافرون کے لے جانے کے لیئے ہو وہ گاڑی جس مین مسافر بیٹھین
پیش - روبرو - حضور مین - مقابل - درپیش آگے - سامنے - سابق - اول نقیض پس - زمانہ مستقبل - پہلے - قبل - آیندہ
پیش بندی - حفظ ماتقدم - دوراندیشی پہلے سے کسی بات کی تدبیر کرنا یا کسی بات کو جمانا -
پیش بینی - دوراندیشی - مآل اندیشی -
پیشکار - پیشدست - ایک عہدے کا نام ہے کارکن - منتظم - ایک دیسی ملازم جو کچہری مین کاغذات پیش کرتا ہے - ایجنٹ منیجر نائب - مددگار - مسلخوان - نائب سرشتہ دار - متصدی -
پیش کش - تحفہ - نذرانہ - سلامی - سلامانہ ہدیہ - نذر - بھینٹ - سوغات - خراج - محصول - زمانہ سابق مین جو نیور مین لگان

معافی دار ایک قسم کا لگان خراج دینے تھے

پیشگاہ - سامنے - روبرو - حضور - اجلاس - دربار - صدر - حاکم -

پیشگی - وہ اجرت جو کام تیار ہونے سے پہلے کام کرنے والے کو دی جائے -
ساعی بیعانہ -

پیش نہاد - مدنظر ارادہ

پیشہ - حرفہ شغل - کام - کسب - خدمت منصب - شغلہ - ہنر - فن - کام دھندا - روزگار - کاروبار -

پیشہ ور - اہل حرفہ - پیشے والا - کسی قسم کا کام کرنے والا - دوکان دار - تاجر -

پیشی - مواجہہ - حاضری - حضوری - سامنے ہونا - روبرو آنا - تاریخ مقدمہ - زیر نظر زیر تجویز - مقدمے کی شنوائی کی تاریخ -

پیش دست - آگے کام کرنے والا - نائب - معاون - پیشکار - اسسٹنٹ - فائق - مرجح - سبقت کنندہ -

پیش رفت - قابو - بس -

پیش کرنا - روبرو کرنا - سامنے کرنا - حاضر کرنا - آگے رکھنا - نذر دکھانا - آگے کرنا -

پیکٹ - چھوٹا سا بنڈل کاغذ وغیرہ کا جو کسی جگہ روانہ کرنے کے لیئے باندھا جا

پیمانہ - ماپ - حسب لغت قانونی وھارٹن صاحب وہ چیز ہے جس سے کوئی شے ناپی جائے یا وہ قاعدہ ہے جس سے کسی چیز کا اندازہ کیا جائے اور اُس کی مقدار معلوم کی جائے - سیال یا مشروبات وغیرہ کے ماپنے کا ظرف - جام شراب - وائن گلاس - ناپ - ناپنے کا آلہ -

پیمانہ بارش - بارش کے ماپنے اور اندازہ کرنے کا ایک آلہ ہوتا ہے -

تشریح یہ پیمانہ عموماً ناظر کے پاس رہتا ہے -

پیمانہ طول و وسعت - یہ ایک پیمانہ ہوتا ہے جس سے رقبہ کا طول اور عرض معلوم کیا جاتا ہے -

پیمائش - ماپنا - یہ دو قسم کی ہے - اول لمباس کی ساحت ولایتی طریقے پر - دوم خسرے کی پیمائش ہندوستانی طریقہ پر - ناپ - زمین کی پیت -

پیمائش جریبی - وہ پیمائش جو جریب سے کی جاتی ہے (دیکھو پیمائش و جریب)

پیمائش دہی - گانون کی پیمائش اس آئین کی نسبت کی ہے (دیکھو پیمائش)

پیمائش سرسری - مجمل اور مختصر پیمائش عام طور پر پیمائش - جس میں نقشہ کشتوار پیمانہ سے نہیں بنایا جاتا - صرف نظری بنا لیتے ہیں -

پیمائش سرکاری - وہ پیمائش جو سرکاری

طور پر کی جاے۔ (دیکھو پیمایش)

پیمایش قدمی۔ وہ پیمایش جو قدموں سے کی جاے۔ عموماً زمین داروں مین باہمی اسی کا زیادہ رواج ہے۔ اس مین ئي نسبت کی ہے

پیمایش مال۔ جائداد وملکیت ومحاصل کی پیمایش۔

پیمایش نہر۔ نہر کی پیمائش۔

پیمایش وآزمایش۔ ناپنا اور پڑتال کرنا

پمفلٹ۔ کم حجم کی کتاب۔ رسالہ چھوٹی سی کتاب۔ ڈاک ہنگی۔ بک پوسٹ۔

پیوستہ۔ ملحقہ۔ ملا ہوا۔ ملصقہ۔ متصلہ۔ ہمیشہ۔ درہم بستہ۔

ت

تا۔ ایک آگاہی اور جتلانے کا لفظ ہے جو اکثر خردسال بچے خود چھپ کر ظاہر ہوتے وقت زبان پر لاتے یا اُن کے ماباپ اپنے تئین اوٹ مین چھپا کر اور پھر سر نکالکر بچے کے خوش کرنے کے واسطے تا کہتے اور چھپ جاتے ہین۔ اس کے معنی ہین "دیکھو ہم کہان ہین"۔ عدد۔ شمار۔ جیسے یکتا۔ تہ۔ بل۔ تک۔ حرف انتہا۔ اس لیئے۔ اس واسطے۔ تاکہ۔ تختہ کاغذ تاؤ۔

تاب۔ چمک۔ روشنی۔ فروغ۔ نور۔ گرمی تابش۔ حرارت۔ بل۔ پیچ۔ خم۔ قدرت طاقت۔ مجال۔ صبر۔ تحمل۔ برداشت۔ رنج ومحنت۔ جلا۔ آب وتاب۔ پیچش۔ مروڑ۔

تا بزیست۔ جنم بھر۔ عمر بھر۔ حین حیات زندگی تک۔ جب تک کہ دم مین دم ہے

تابع۔ مطیع۔ فرمان بردار۔ محکوم۔ ماتحت پابند۔ نوکر۔ ملازم۔

تشریح تابع کے بجاے تابعدار کا لفظ جو بولا جاتا ہے محض غلط ہے اس لیئے کہ تابعدار کے معنی تابع رکھنے والا یعنی آقا کے ہین۔

تابع مرضی مالک۔ وہ کاشتکار جو مالک کی مرضی کا تابع ہو۔

تشریح یہ کاشتکار خود کسی قسم کے مجاز نہین ہوتے جس طرح مالک چاہتا ہے اُسی کی مرضی کے مطابق کرتے ہین۔

تابعین۔ تابعدار لوگ۔ پیرو۔ مقلد۔ محدثین کی اصطلاح مین وہ گروہ جس نے

جس نے رسول مقبول کے صحابیوں سے
مسلمان ہونے کی حالت مین ملاقات
کی ہو۔
تشریح یہ تابع کی جمع ہے اور محض
محدثین کا لفظ ہے
تاثر۔ اثر قبول کرنا۔ اثر رہنا۔ نشان رہنا
تشریح۔ یہ باب تفعل سے مصدر ہے
اس کا مجرد اثر ہے۔
تاثیر۔ نتیجہ۔ اثر۔ کارگر ہونا۔ عمل۔ نفاذ۔
اجرا۔
تاثیر قانون۔ قانون کا نتیجہ۔ قانون کا اثر۔
عمل قانون۔ نفاذ قانون۔ اجرائے
قانون۔ قانون کا کارگر ہونا۔ تاثیر شرع
جیسے بولتے ہین بتاثیر قانون یعنی حسب
قانون۔
تاج۔ مکٹ۔ شاہی ٹوپی۔ دیہیم۔ افسر۔
کلغی۔ کگلٹی دار برجی۔
تاج بخش۔ شہنشاہ۔ بڑا بادشاہ۔ وہ
بادشاہ جو اورون کو بادشاہ بنا سکے۔
تاج بخشنے والا۔
تاجر۔ تجارت کرنے والا۔ بنج کرنے والا۔
سوداگر۔ بیوپاری۔
تشریح۔ یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے
اس کا مادہ تجارت ہے۔
تاجو۔ عورت براور کش۔ وہ عورت جو بھائی
کے ساتھ بدسلوکی کرے۔ ظالم بے درد
بے رحم عورت۔
تاحیات۔ زندگی تک۔ زندہ رہنے کی
مدت تک۔ تا بزیست۔ جیتے جی۔ جنم بھر
عمر بھر۔ تا حین حیات۔ حین حیات تک
تاخت۔ دوڑ۔ حملہ۔ ہلہ۔ دھاوا۔ لوٹ
غارت۔
تاخت و تاراج۔ لوٹ کھسوٹ۔ تہس نہس
ستیاناس۔
تاخیر۔ ڈھیل۔ دیر۔ درنگ۔ توقف۔
ادیر۔ تعویق۔ وقفہ۔
تادیب۔ ادب دینا۔ آداب سکھانا۔ علم
زبان یا علم ادب سکھانا۔ تنبیہ۔ چشم نمائی
درستی۔ اصلاح۔ سرزنش۔
تار۔ تاگا۔ دھاگا۔ رشتہ۔ لوہے پیتل
تانبے اور جست وغیرہ کا لمبا اور گول ڈورا
بال۔ تانا۔ بانا۔ سلسلہ۔ لگا۔ قوام کا
چیپ جو پختگی کی علامت ہے۔ فائل۔
خطوط پرونے کا تار۔ ٹیلیگراف۔ تار برقی
وہ خبر جو برقی تار کے ذریعے سے آئے۔
تار برقی۔ بجلی کا تار۔ مقناطیسی تار۔ وہ
تار جو مصالحہ کے اثر سے برقی قوت پیدا
کر دینے کے باعث ایک جگہ کی حرکت کو
دوسری جگہ جون کا تون پہونچا دیتا ہے
علامات سے خبر پہونچانے کا آلہ۔ وہ خبر

جو اس تار کے ذریعے سے آئے۔

تاراج - لوٹ - غارت - دست برد - بربادی - غارت گری۔

تارا ڈوبنا - ستارہ غروب ہونا - جوتشیون کی اصطلاح مین زہرہ یعنی سوکھ کے غروب ہونے کو کہتے ہین۔

تشریح - ان دنون مین ہندو لوگ کوئی مبارک کام نہین کرتے - برسات کے دنون مین ستارون کی جنبش سے وفور بارش کا شگون لیتے ہین۔

تارک - چھوڑنے والا - ترک کرنے والا -

تشریح - یہ اسم فاعل ہے اس کی اصل ترک ہے۔

تاریخ - کسی چیز کے ظہور کا وقت - کسی امر عظیم کے وقت کا تعین - زمانہ کا عرصہ - مہینے کا ایک دن - واقعات عظیمہ وسیر کی کتاب - وہ کتاب جس مین بادشاہون وعظیم الشان لوگون کا حال مع سنہ پیدائش وجلوس ووفات وغیرہ درج ہو - اُس فن کا نام ہے جس مین واقعات عظیمہ کا حال درج ہوتا ہے - حساب جمل کے موافق کسی بات کا جملہ یا فقرہ یا شعر مین بیان جس کے عدد نکالنے سے مادہ تاریخ نکل آئے - تذکرہ نام آوران وبزرگان وعلما وفضلا وشعرا وغیرہ - قصص وفسانہائے زبان زد عام - روایات - جنگ نامہ - گذشتہ خبرین - مورخہ - معروضہ - مدت مقررہ - وقت کی تصریح - نام علم عصر - وہ دن جو عدالت مقدمے کی پیشی کے واسطے مقرر کرے۔

تاریخ ارجاع - مقدمے کے دائر ہونے اور بنائے دعوی پیش کرنے اور عرضی یا نالش کرنے کی تاریخ۔

تشریح - ارجاع کے معنی رجوع کرنا یعنی جس تاریخ کو مقدمہ عدالت مین رجوع ہو وہ تاریخ (تاریخ کا لفظ دیکھو تاریخ مین)

تاریخ چسپانی - ایک کاغذ کا جس مین مقدمے کی پیشی کی تاریخ درج ہو بورڈ یعنی تختہ وغیرہ پر لگا دینا - تا کہ اہل مقدمہ بلا پوچھے عدالت کے خود پڑھ لین - یا پڑھا لین۔

تشریح - تاریخ چپکانا یہ صورت محض سہولت اہل مقدمہ کے واسطے پیدا کی گئی پہلے صرف تاریخ دریافت کرنے کے واسطے اہلکار اہل مقدمہ سے ہاتھ گرم کر لیتے تھے۔

تاریخ ظہور بنائے دعوی - بنائے دعوی کے ظاہر ہونے کی تاریخ۔

تشریح - ظہور کے معنی ظاہر ہونا مصدر ہے۔

تاریخوار - بہ ترتیب تاریخ - روزانہ - زمانہ وار - باوقات معینہ - حسب تاریخ -

تاریخ وصول تاریخ حصول - وصول ہونے کی تاریخ - وصول ہونے کا عرصہ مقررہ - مدت وصول -

تاڑی - ہر قسم کی کھجور یا تاڑ کے درخت کا رس - تاڑ کا دودھ جس کے پینے سے نشہ ہوتا ہے - کنار کا قبضہ یا موٹھ -

تازیانہ - چابک - کوڑا - بید - سزائے تازیانہ شہور ہے - قمچی -

تشریح - یہ سزا بہ نسبت سابق اب بہت کم دی جاتی ہے - تازیانہ سے مراد وہ تازیانہ نہیں ہوتا جو گھوڑوں کے واسطے مستعمل ہوتا ہے بل کہ اس سے مُراد قانون میں وہ بید ہے جو ایک مشہور لکڑی ہوتی ہے -

تازیانہ زنی - بید لگانا - غلط العام بیت مارنا بولتے ہیں -

تشریح بعض نے بیت کو ہندی اصل سمجھ کر درست سمجھا ہے البتہ فارسی میں ت اور د باہم بدل بھی جاتے ہیں - جیسے توت و تود مشہور لفظ ہے -

تاسف - افسوس - پچھتاوا - حسرت - واویلا - نوحہ - کڑھنا -

تشریح یہ باب تفعل کا مصدر ہے

تاکہ - حرف علت - اس لیئے کہ - اس واسطے کہ - کیون کہ -

تاکید - تقاضا - کوشش - بار بار کہنا - جو حکم اعلی سے ادنی کو دیا جاے اور اُس کی تعمیل سختی سے کی جاے - ضد - اصرار - ہٹ - استبداد - سخت حکم کرنا -

تاکیداً - از روے تاکید - نہایت اصرار سے زور ڈال کر - زور سے - بتاکید - بشد و مد بزور - بالاصرار - (دیکھو تاکید)

تاکیدی - مقرر - یقینی - مستحکم - مضبوط - مثبت - صحیح -

تاکیدی حکم - سخت حکم - ضروری حکم -

تاکید کرنا - اصرار سے کہنا - زور ڈالنا - سخت تقاضا کرنا - سخت حکم دینا -

تالاب - چشمہ - حوض - پوکھر - جوہڑ -

تشریح - اس کی وجہ تسمیہ بعض نے یہ لکھی ہے کہ اصل میں یہ تل آب تھا - ناہن سرزمین اس کو عموماً جوہڑ بولتے ہین -

تالیف - دو چیزون کو باہم ملانا یا جمع کرنا - مختلف کتابون کے مضامین چُن کر ایک نئے پیرایہ میں ترتیب دینا - باہم اُلفت ڈالنا - دوستی پیدا کرنا - دلون کو ملانا -

تشریح یہ مصدر ہے بمعنی مفعول یعنی تالیف کردہ شدہ - مولفہ - تالیف اور تصنیف

میں یہ فرق ہے کہ تصنیف کہتے ہیں کوئی کتاب بنانا۔ دل سے کچھ مضمون نکالنا۔ قسم قسم علی حدہ کر کے بیان کرنا۔ اور تالیف کہتے ہیں پہلے مصنفوں کی بنائی ہوئی کتابوں میں سے مضامین چن کر جمع کرنا اور ایک کتاب مرتب کر دینا۔

تام۔ پورا۔ تمام۔ کامل۔ کل۔ جو ناقص نہ ہو۔ مکمل۔

تامل۔ نہایت غور اور فکر سے دیکھنا سوچ فکر۔ اندیشہ۔ بچار۔ ڈھیل۔ دیر۔ توقف۔ درنگ۔ عرصہ۔ وقفہ۔ صبر و تحمل۔ برداشت شبہہ۔ شک۔ تذبذب۔ عربی کا مصدر ہے۔

تان تروز۔ طعنہ تشنہ۔ اشارہ کنایہ بطریق تضحیک۔

تشریح یہ لفظ اصل میں طعن تعریض ہے جس کے معنی اشارۃً طعنہ پھینکنا ہے

تاوان۔ ڈانڈ۔ جرمانہ۔ سزا۔ ضبطگی۔ بدلا تلافی۔ جزا۔ ہرجہ۔ معاوضہ۔ ڈنڈ۔ مکافات دیت۔ قصاص۔ کفارہ۔

تاوان تاکیدی۔ وہ جرمانہ جس میں تاکید کی جائے (دیکھو تاوان اور تاکید۔

تاوان دلانا۔ تاوان کا ادا کرنا۔ (دیکھو تاوان کا)

تاویل۔ عذر بے جا۔ بچاؤ کی دلیل۔ کسی بات کو دوسری طرح بیان کرنا۔ حیلہ شرعی بناوٹی دلیل۔ اصل کے خلاف بیان کرنا کسی مسئلے کو اور طرح ڈھالنا۔ کسی عبارت دوسرے طور پر مطلب بٹھانا۔

تشریح۔ یہ عربی کا مصدر ہے لفظ اول سے نکلا ہوا ہے اس کے معنی ہیں کلام کو اول کی طرف رجوع کرنا۔ بناوٹی دلیل۔

تاہم۔ تو بھی۔ پھر بھی۔ اس پر بھی۔ باوجودیکہ ایک حرف ربط بھی ہے۔

تائب۔ توبہ کرنے والا۔ گناہ سے باز آنے والا۔ گناہ سے پچتانے والا۔ رجوع کرنے والا۔

تشریح یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے اس کی اصل توبہ ہے۔

تائید۔ لغوی معنی طاقت بخشنا۔ استحکام۔ استواری۔ تقویت۔ مدد۔ معاونت پشتی۔ حمایت۔ رعایت۔ طرفداری استحکام دعوی کی دستاویز۔

تائیدی شہادت۔ وہ شہادت جو مقدمہ یا شہادت دینے والے کے مطلب کی تائید کرے۔ ممد۔ معاون و مددگار گواہی۔

تائید کرنا۔ مدد کرنا۔ سہارا دینا۔ ساتھ دینا۔ حمایت کرنا۔ پچ کرنا۔

تائید کلام - بات کی پچ - سخن پروری -
تبادل - بدلنا - باہم بدلنا - تغیر کرنا - کچھ دے کر کچھ لینا - مبادلہ - تبادلہ - معاوضہ
تشریح - مصدر ہے اس کی اصل مبدل ہے - تبادل سزا بولتے ہین -
تبادل سزا - سزا کا بدلنا - ایک سزا کے عوض دوسری سزا دینا - ایک سزا کو دوسری سزا سے بدلنا جو پہلی سزا سے کم ہو جیسے پھانسی کی سزا کو عبور دریائے شور کی سزا سے یا عبور دریائے شور کو عمر بھر کی قید سے بدلنا -
تباہ حال - خستہ حال - ذلیل حال -
تباہی - خرابی - بربادی - ذلت - رسوائی - آفت - مصیبت
تباہی زدہ - فلک زدہ - مصیبت زدہ مفلوک - بدبخت - بدنصیب
تباین - جدا جدا ہونا - تفاوت - فرق - دو چیزون کا فرق - ضد - عکس - خلاف نقیض -
تشریح - اعداد کی چار نسبتون تماثل تداخل - توافق - تباین مین سے ایک نسبت کا نام ہے - وہ یہ ہے کہ چھوٹا عدد بڑے کا جزو اور اُس مین داخل نہو - جیسے پانچ اور سات کہ ان مین کوئی کسی کا جزو نہین - علی ہذا القیاس -

تبحر - دریائے علم مین غوطہ لگانا - نہایت عالم ہونا - علامہ ہونا - کسی ہنر مین کامل و جل ہونا -
تبدل - بدلنا - بدل - عزل و نصب -
تبدیل - ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلنا - نقل مکان وغیرہ - پلٹنا - بدلنا - تغیر - ادل بدل کرنا - انقلاب - قلب کرنا - اُلٹ پھیر - مبادلہ - مسخ - ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیج دینا - یہ باب تفعیل کا مصدر ہے -
تبدیل کرنا - بدلنا - پلٹنا - بدلی کرنا - تلبیس کرنا - ایک جگہ سے دوسری جگہہ بھیجنا -
تبدیل ناجائز - جعل اور تلبیس -
تبدیلی - بدلی - ایک ملازم کا ایک نوکری سے دوسری نوکری پر جانا - بدلی ہونا -
تشریح - جب تبدیل خود باب تفعیل کا مصدر ہے تو اس مین یٓ مصدری لگانا گرامر کی رو سے غلط ہے - یہ محض فارسیون کا تصرف ہے جو اُردو مین مستعمل ہے -
تبرا - بیزاری - نفرت - تنفر - وہ ناملائم الفاظ جو کسی مخالف کی نسبت بطور لعنت زبان پر لاتے ہین - لعن طعن - بُرا بھلا کہنا لعنت کرنا - بددعا - کوسنا - تف
تشریح - یہ لفظ گو لغتہً ہر ایک بُرا کہنے پر بولتے ہین مگر اصطلاحاً اہل تشیع کا صحابہ

اربعہ وغیرہ کی نسبت برا بھلا کہنا تبرا کہلاتا ہے

تبعیت - اتباع - تابع داری - فرمانبرداری - تقلید - پیروی -

تبنی یا تبنیت - متبنی کرنا - بیٹا بنا لینا - گود مین لینا - تبنیت - غیر لڑکے کو بطور بیٹے کے پرورش کرنا -

تشریح - یہ عربی لفظ ہے اس کی اصل ابن یعنی بیٹا ہے -

تبنیت شرطی - کسی خاص شرط پر بیٹا بنانا

تبنیت ہنود - یہ ایک والدین کے باہم ایک معاہدہ ہوتا ہے جو کسی بچہ کے مکمل ملکیت دینے یا لینے مین اختیار کرتے ہین - یہ کودول صاحب بہادر کی تشریح ہے

تتبع - تقلید - پیروی - نقل - ریس - تلاش - جست و جو

تتمہ - باقی ماندہ - بقیہ - بچا ہوا - کتاب یا عبارت کا وہ حصہ جو اخیر مین اسی کتاب کے متعلق لگا دیتے ہین - ضمیمہ - خاتمہ - متمم - تکملہ - جو کسی ناقص چیز کے اخیر ملحق ہو کر اس کو کامل بنا دیوے -

تتمۂ بیان تحریری - تحریری بیان کا ضمیمہ - (دیکھو تتمہ)

تتمہ عرضی دعویٰ - عرضی دعوے کا ضمیمہ -

تشریح جو مضمون یا حصہ مضمون عرضی کا رہ جاتا ہے - بعد درخواست دے کر کوئی دعوی نکلوا کر اس کے پیچھے لگا دیتے ہین اس کو تتمہ عرضی دعوی بولتے ہین -

تتمہ وصیت نامہ - وصیت نامے کا ضمیمہ - اس سے وہ دستاویز مراد ہے جو وصیت نامہ سے متعلق ہو اور جس کی رو سے وصیت نامے کے مطالب کی توضیح یا تبدیل یا اس مین کسی طرح کا اضافہ کیا جاوے

تشریح تتمہ وصیت نامہ مثل جزو مزید وصیت نامہ کے منظور ہوتا ہے جس سے مضمون وصیت نامہ مین تصریح یا تبدیل مزید ہوتی ہے

تتمۂ یادداشت - یادداشت کا ضمیمہ یا منسلکہ -

تجار - سوداگر لوگ - تجارت کرنے والے - بیوپاری لوگ - یہ تاجر کی جمع ہے (دیکھو لفظ تاجر)

تجارت - بیع - سوداگری - بیوپار - بیوہار - کسب خرید و فروخت - تبادلہ اسباب کا اسباب یا روپیہ کے ساتھ - یہ تشریح لغت قانونی وھارٹن صاحب صفحہ ۹۸۳ مین درج ہے -

تجارتی مال - سوداگری کا اسباب -

تجاوز - گذر جانا - آگے چلے جانا - انحراف

زیادتی - فزونی - افراط - گذرنا - حد سے گذرنا - لانگنا - فرق -
تشریح یہ باب تفاعل کا مصدر ہے اسی سے مجاز نکلا ہے جو سوا سے باوضع کے معنی دیتا ہے -
تجاوز اختیار سماعت - اختیار سماعت سے گذر جانا - (دیکھو اختیار سماعت)
تجاہل - اپنے تئین نادان ظاہر کرنا - انجان بننا - ٹالنا - اغماض کرنا - چشم پوشی کرنا -
تشریح یہ ایک صنعت کا نام بھی ہے جس کو تجاہل عارفانہ بھی کہتے ہین اس مین بھی متکلم جان بوجھ کر اپنے تئین انجان ظاہر کرتا ہے -
تجدید نئے سرے سے کرنا - نیا کرنا - تازہ بنانا - تازگی - نئے سرے سے کوئی کام کرنا - ازسرنو کوئی کام کرنا - ایجاد - اختراع -
تجدید بنائے دعوی - بنائے دعوی کو سرے سے کرنا -
تجدید دستاویز - سند یا دستاویز کی تجدید (دیکھو تجدید)
تجدید سرٹیفکیٹ - سرٹیفکیٹ کی تجدید - نئے سرے سے سرٹیفکیٹ -
تشریح - اس تجدید کی ضرورت قانون مین کئی بواعث سے ہوتی ہے شلاً پہلے سرٹیفکیٹ کی میعاد پوری ہو چکی ہو یا سرٹیفکیٹ مین سے کچھ نکالنا ہو یا اس مین کچھ داخل کرنا ہو -
تجدید نالش - نالش کی تجدید - (دیکھو تجدید)
تشریح - نالش نالیدن کا حاصل مصدر ہے جس کے معنی گریہ وزاری اور فریاد کے ہین نالش بھی ایک قسم کی فریاد اور رونا ہی ہوتا ہے
تجدید وصیت نامہ - وصیت نامہ کی تجدید - (دیکھو تجدید اور وصیت نامہ)
تجدیدی - تجدید کیا ہوا - نیا بنایا ہوا - اس مین یٔ نسبتی ہے -
تجربہ - آزمائش - جانچ - امتحان ثبوت - دلیل - دلالت - وہ انسانی معلومات جو قوت حافظہ اور قیاس کے باہم ملنے سے پیدا ہوتے ہین - مشاہدہ اسی کا جزو ہے
تشریح اس کی اصل جرب بمعنی کھجلی کے ہے - کھجلی بھی باربار کی جاتی ہے اور تجربہ بھی باربار کرنے سے حاصل ہوتا ہے -
تجربہ کاری - واقفیت - آزمائش -
تجرد - لغوی معنی عریانی - اصطلاحی تنہائی علیحدگی - خلوت - عزلت - مجرد رہنا ترک دنیا - قطع علائق - آزادی -
تشریح - اس کی اصل جرد ہے جس کے معنی شاخ بے برگ کے ہین - تجرد بھی علائق دنیوی سے مجرد اور برہنہ رہنا ہوتا ہے -
تجرید - عریانی - برہنگی - تنہائی علیحدگی -

علم بیان کی ایک صنعت کا نام ہے جس میں
زوائدات کو دور کرکے صرف ایک معنی سے
غرض رکھتے ہیں۔

تجزی بناے دعوی ۔ بناے دعوی
کو جزو جزو اور علی حدہ علی حدہ کرنا۔

تجسس ۔ جاسوسی کرنا۔ تلاش کرنا۔
ڈھونڈ ڈھانڈ۔ جست وجو۔ کھوج۔ تحقیقات

تجمل ۔ جمال کی آرائش۔ زیب وزینت
حسن۔ شان وشوکت۔ ٹھاٹ باٹ۔
آرائش۔ زیبائش۔ جلو۔ تزک۔ احتشام
دھوم دھام۔

تجنا ۔ چھوڑنا۔ تیاگنا۔ ترک کرنا۔ کنارہ کرنا
نادعوی ہونا۔ دست بردار ہونا۔ طلاق
دینا۔

تجنیس ۔ ایک جنس ہونا۔ ہم جنس ہونا۔
صنایع لفظی میں دو لفظوں کا تلفظ
میں مشابہ اور معنی میں مغایر ہونا۔

تجویز ۔ روا رکھنا۔ روا کرنا۔ راے۔ تدبیر
فیصلہ۔ تصفیہ۔ بندوبست۔ انتظام۔
درستی۔ غور۔ فکر۔ تامل۔ سوچ۔ بچار۔
اندیشہ۔ مدنظر۔ سالانہ فصل کی تخمینگی پر اس
کے تخمینہ قیمت سے معاملہ ٹھہرانا یا مقرر کرنا
عزم۔ قصد۔ ارادہ۔ پیش نہاد۔ عزیمت
فتوی تجویز سے وہ کارروائی مراد ہے
جو کہ عدالت میں فرد قرارداد جرم کے لکھے جانے
کے بعد عمل میں آئے۔

تشریح اس میں کارروائی ہا [illegible]
باب ۱۶ - ۱۸ - ایکٹ ۱۰ سنہ ۱۸۸۲ء یا جو اس ا
کی جگہ آیندہ کو جو ایکٹ رائج ہو اور جو باب
بجاے باب ۱۶ یا ۱۸ کے رائج ہو جو شخص
ملزم کے عدالت میں حاضر ہونے کے وقت
سے عمل میں آتی ہوں داخل ہیں۔ کوئی
نئی بات اپنی طرف سے نکالنا۔ مصدر ہے
جائز کرنا۔

تجویز آخر ۔ اخیر فیصلہ۔ عدالت کا آخری
حکم۔ قطعی فیصلہ۔

تجویز امر قانونی ۔ قانونی امر کی تجویز۔
(دیکھو تجویز)

تجویز امر واقع ۔ امر واقع کی تشریح
واقعی امر کی تجویز۔

تجویز براءت ۔ خلاصی کی تجویز۔ خلاصی
جرم کی تجویز۔ بری کرنے کی تجویز۔

تجویز ثانی ۔ دوبارہ تجویز کرنا۔ نظر ثانی۔
فیصلہ کی پڑتال۔ ایک تازہ تجویز

تجویز حتمی ۔ مستقل فیصلہ۔ تجویز اخیر۔ یقینی
فیصلہ۔ قطعی فیصلہ۔ مکمل فیصلہ۔

تشریح حتم کے معنی استوار کرنا۔ حکم
کرنا۔ کام کا کسی پر واجب کرنا۔ ارادے کا
مضبوط کرنا۔ اس میں ی نسبت کی ہے
عام طور پر بولتے ہیں کہ یہ امر حتمی یعنی یقینی کہ

تجویز خرچہ۔ خرچہ کی تجویز۔

تجویز رو مدادی۔ ایک مقدمہ کا اُس کے واقعات کی رو سے فیصلہ۔ تجویز کیفیتی جو مثل سے معلوم ہو۔

تجویز رہائی۔ آزادی یا مخلصی یا بریت کی تجویز۔ رہائی اور بریت مین فرق ہے دیکھو رہائی و بریت۔

تجویز سرسری۔ عام طور پر تجویز۔ مجمل تجویز جو فیصلہ صرف پٹواری کی شہادت پر ہوجائے

تجویز ضمنی۔ عارضی فیصلہ۔ اتفاقی فیصلہ درمیانی تجویز۔

تجویز مخالفانہ۔ ناموافق تجویز۔ مخالفون جیسی تجویز۔

تجویز یک طرفہ۔ وہ فیصلہ یا ڈگری جو یک طرفہ ہو۔ جو فیصلہ صرف مدعی یا مدعا علیہ کے اصالتہً یا وکالتہً حاضر ہونے سے ہوجائے۔

تجویزی۔ تجویز شدہ۔

تجویز کرنا فیصلہ کرنا حکم کرنا۔ دیکھو تجویز)

تجویز کے قابل۔ فیصلہ کے لائق۔ قابل تجویز۔

تجہیز۔ دفن۔ تدفین۔ غسل گورکنی اور دفن وغیرہ۔ سامان کرنا۔ جہیز شادی کا دینا۔ اسباب مردے کا تیار کرنا۔ سامان دفن مثل اجرت قبر اور غسل دینا بوت وغیرہ

تجہیز و تکفین۔ کفن دفن کرنے کی رسوم۔ دفنانا۔ کفنانا۔ گاڑ داب۔ تدفین۔

تشریح کفن دینا اوسط طریق پر بہت بڑھ کا نہ بہت گھٹ کا۔ اور یہ گھٹاؤ بڑھاؤ مردے کی حالت پر مراد ہے یعنی جیسا وہ اپنی زندگی مین پہنتا تھا اُس کا اوسط ہو

تجہیز و تکفین کرنا۔ گور گڑھا کرنا۔ مردے کو گاڑنا دبانا۔ کریا کرم کرنا

تشریح تکفین کے معنی کفن پہنانا۔ تجہیز دیکھو تجہیز مین۔

تجہیل ترتیب فوت۔ ایک ہی وقت مین اتفاقاً دو یا چند اشخاص مرجائین اور یہ معلوم نہو کہ پہلے کون مرا ہے۔ یہ اصطلاح محمڈن لا کی ہے

تشریح یہ اتفاق عموماً (۱) غرقی (۲) الحرقی (۳) ہدمی مین ہوتا ہے یعنی جہان سب کی سب یک لخت غرق ہوجائین یا جل جائین یا دیوار کے نیچے دب کر مرجائین اور یہ نہ معلوم ہو کہ اس مین سے کون سا پہلے مرا تو حسب محمڈن لا یعنی بفرائض اُن کو ایسا فرض کیا جاتا ہے کہ گویا وہ معاً مر گئے ہین اور اُن کا مال زندون پر تقسیم ہوتا ہے۔

تحالف۔ حلف اُٹھانا۔ قسم کھانا۔ مدعی ومدعا علیہ کا باہم قسم کھانا۔ فریقین مقدمہ کا حلف اُٹھانا۔

تحائف ۔ تحفہ کی جمع ۔ سوغاتین ۔

تحت ۔ نیچے کا حصہ خلاف فوق قبضہ اختیار ۔ تصرف ۔ قابو ۔ نیچے ۔ تلے زیر ماتحت ۔

تحت وتصرف ۔ قبضہ ۔ دخل ۔ قابو ۔

تحت اللفظ ۔ لفظی ترجمہ ۔ وہ ترجمہ جس مین لفظون کے معنی جون کے تون نیچے لکھے ہون ۔ تحت لفظی بھی اسی کو کہتے ہین کبھی صرف قرات کی تعریف بھی تحت اللفظ ہوتی ہے ۔

تحدید ۔ تیز کرنا ۔ کسی چیز کی حد پیدا کرنا ۔ اس کا مادہ حد ہے ۔

تحذیر ۔ ڈرانا ۔ ہوشیار کرنا ۔ اس کا مادہ حذر ہے ۔

تحریر ۔ آزاد کرنا ۔ غلام یا لونڈی کو آزاد کر کے رہا کرنا ۔ نوشت ۔ لکھت ۔ دستاویز ۔ نوشتہ ۔ وثیقہ ۔ تمسک ۔ عبارت ۔ مضمون لکھنے کا ڈھنگ ۔ خط ۔ رقعہ ۔ نامہ ۔ چٹھی ۔ صحیفہ ۔ خط کتابت ۔ ہلکی لکیر ۔ ہلکا نقش ریکھا ۔ وہ باریک خط جو قلم سے نقوش وتصاویر وغیرہ پر کھینچ دیتے ہین ۔ مطلق لکیر ۔ مطلق خط ۔ گوٹے ۔ ذارائی بافتے وغیرہ کی مغزی جو سنجاف کے نیچے لگاتے ہین ۔ اقلیدس ۔ یوکلڈ ۔ علم اشکال ہندسہ کی ایک کتاب کا نام ۔ اجرت نوشت ۔ لکھائی ۔ لکھا ہوا ۔ نوشتہ ۔ لکھائی کی فیس ۔ اس لفظ مین سیسہ اور پتھر کا چھپا ہوا اور چھاپہ داخل ہے ۔ اس مین چھاپہ عکس آفتاب اور حروف ونقوش کندہ اور ہر ایک طریقہ جس مین الفاظ یا ہندسے کاغذ یا کسی اور شئے پر ظاہر ہو سکین شامل ہے ۔ مطبوعہ سیسہ یا عکس یا کندہ ۔ اس کو تحریری بھی کہتے ہین ۔

تشریح ۔ چونکہ لکھدینے کے بعد کسی بات پر قابو نہین رہتا اس لیئے آزاد کرنے سے یہ معنی نکالے گئے ہین ۔

تحریر اجازتی ۔ اس مین ہر اقرار نامہ داخل ہے جو فیما بین مدیون اور اُس کے دائنون کے بابت مضمون لکھا جاے کہ ایک مدت مصرحۂ اقرار نامہ مذکور تک دائنان مذکور اپنا دعوی ملتوی رکھ کر مدیون کو اُس کی رائے کے مطابق کاروبار جاری رکھنے کی اجازت دیوین اقرار نامہ جو باہم دائن و مدیون مین باجازت التوائے دعواے دائنان واجراے کاروبار مدیون حسب راے مدیون کے تحریر پائے ۔

تحریر بین السطور ۔ سطرون کے درمیان کی تحریر ۔ متن کے علاوہ جو کسی لفظ کی

تشریح متن کی سطروں کے درمیان باریک قلم سے لکھ دیتے ہیں۔ تحریر کے معنی لکھت۔ بین کے معنی درمیان سطور جمع سطر کی ہے ازیادہ تشریح دیکھو لفظ تحریر میں۔

تحریر دستاویز۔ دستاویز کی تحریر سند کی لکھت۔

تحریر ظہری۔ وہ تحریر جو اطلاع نامہ کی پشت پر اس کے موصول ہونے کے وقت کی جاتی ہے۔ پشت پر کا لکھا ہوا۔ وہ عبارت جو کسی کاغذ کی پشت پر لکھ دیتے ہیں۔ دوسری طرف کی عبارت۔

تشریح تحریر بمعنی لکھت اور ظہر کے معنی پشت اس میں یی نسبت کی ہے یعنی وہ تحریر جو پشت کی طرف منسوب ہے عام عدالتی منشی غلطی سے ظا کے فتحہ کی جگہ ضمہ بولتے ہیں۔

تحریر مقابل۔ پرت ثانی دستاویز انتقال یا تملیک نامہ یا رہن نامہ یا پٹہ یا سرخط جس کی تعمیل نویسندگان دستاویز مذکور سے نہوئی ہو بلکہ کسی اور فریق متعلقہ نوشت مذکور سے جا اور دے حالے کہ پٹہ دیا گیا ہو تو قبولیت۔

تحریص۔ حرص دلانا۔ لالچ۔ ترغیب۔ اغوا۔ ورغلانا۔ بہکاوا۔ اس کی اصل حرص ہے۔

تحریف۔ ایک حرف کی جگہ پر دوسرے حرف کو رکھنا۔ کسی چیز یا بات کو اس کی اصلی حالت سے بدل دینا۔ کسی بات کو اس کے موضوع کے خلاف بیان کرنا۔ جعل کرنا جعل۔

تحریک۔ حرکت دینا۔ رغبت دینا۔ ترغیب دینا۔ ورغلانا۔ اشتعالک دینا۔ سلسلہ جنبانی کرنا۔ کسی بات کو چھیڑنا۔ یا شروع کرنا۔ برانگیختگی۔ کوشش سعی۔ ابھارنا اغوا۔ بہکاوا۔ اس کا مادہ حرکت ہے بمعنی ہلانا۔

تحریک کرنا۔ ترغیب دینے یا بہکانے وغیرہ کا کام کرنا۔ (دیکھو تحریک)

تحصیل۔ حاصل کرنا۔ وصول کرنا۔ علم سیکھنا۔ اکتساب۔ جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا وصول۔ آگاہی۔ خراج۔ محصول۔ نفع فائدہ۔ تحصیلدار کی کچہری۔ خصوصاً لگان کا جمع کرنا۔ نیز وہ لگان جو جمع شدہ ہو۔ حاصل۔ یافت۔

تشریح تحصیلدار کی کچہری کو صرف اس واسطے تحصیل بولتے ہیں کہ اس میں لگان جمع ہو کر ضلع یا قسمت وغیرہ کو جاتا ہے اصل میں یہ مصدر بمعنی حاصل کرنا ہے۔

تحصیل کنندہ مال گزاری - مالگزاری اُگاہنے والا - وہ معاملہ اُگاہنے والا جو براہ راست بطور مالکان سرکار مین بلا وساطت غیرے معاملہ داخل کرے۔

تحصیل مالگزاری - مال گزاری کی تحصیل - معاملہ کا اُگاہنا۔

تحصیل دار - محصل - وصول کرنے والا - اُگاہنے والا - سب کلکٹر - وہ سرکاری عہدہ دار جو زمین کی مالگزاری اور محاصل وصول کرتا ہے - دیسی افسر جو خصوصًا مال گزاری کے وصول کے واسطے مقرر کیا جاتا ہے۔

تحصیل داری - تحصیل دار کا کام تحصیل دار کا عہدہ - منصب تحصیلداری

تحصیل کرنا - حاصل کرنا - وصول کرنا - اکٹھا کرنا - جمع کرنا - کمانا۔

تحقیر - ذلیل سمجھنا - حقیر جاننا - ذلت - حقارت - بے قدری - بے حرمتی - حقارت کرنا - ہتک کرنا - بے عزت کرنا - ہلکا کرنا - بے وقر کرنا - بے قدر کرنا۔

تحقیر عدالت - عدالت کی تحقیر - عدالت کا ہتک - عدالت مین کچھ ایسا لفظ کہدینا جس سے عدالت کی بے عزتی ہو۔

تحقیق - دریافت کرنا - کھوج لگانا - ثابت کرنا - حق دریافت کرنا - سچ معلوم کرنا - واقعی - صحیح - ٹھیک - دریافت - تلاش تفحص - تجسس - کھوج - راست - درست تصدیق - ثبوت - تسلیم کردہ شدہ - مسلم اعتبار - چھان بین - سراغ - پوچھ گچھ - جانچ - شناخت - معتبری - امتحان - تجربہ -

تشریح تحقیق و تفتیش مین فرق یہ ہے کہ تحقیق خود مجسٹریٹ کرتا ہے - اور تفتیش پولیس کی معرفت ہوتی ہے - (دیکھو تفتیش)

تحقیق کرنا - دریافت کرنا - حقیقت پوچھنا کھوج لگانا - ثبوت پہونچانا - چھان بین کرنا - آزمائش کرنا - تجربہ کرنا - امتحان لینا

تحقیقات - سراغ رسانی - جھوٹ سچ کا ثبوت - مقدمہ کی ابتدائی کارروائی جس پر حکم لگانے کی بنا قائم ہو - قانونی تفتیش - آئینی دریافت - تفحص - تجسس - دریافت - تلاش - اس مین ہر تحقیقات شامل ہے جو کسی مجسٹریٹ یا عدالت کی معرفت ایکٹ ۱۰ یا اُس کے قائم مقام نافذ ایکٹ کی روسے عمل مین آئی ہو یا آوے۔

تشریح - یہ لفظ حقیقت مین جمع ہے مگر واحد کے معنی مین مستعمل ہوتا ہے جیسے لفظ اوقات بھی جمع ہے مگر واحد مین زیادہ

مستعمل ہے جیسے بولتے ہین اس کی اوقات کیا ہے مگر اس کا یہ استعمال محض اردو مین ہے۔

تحقیقات ابتدائی - شروع کی تحقیقات وہ تحقیقات جو ابتدا مین ہوتی ہے۔

تحقیقات ابتدائی کرنا - شروع کی تحقیقات کرنا۔

تحقیقات جدید - نئی تحقیقات۔

تحقیقات مزید - زیادہ تحقیقات۔ بہت تحقیقات۔

تحقیقات موقع - موقع کی تحقیقات اُس جگہ کی تحقیقات جہان وقوعہ ہوا ہو۔

تحقیقات واجب - ضروری اور لازمی تحقیقات۔

تحقیقات کرنا - تحقیقات کرنے کا فعل کرنا۔ (دیکھو تحقیقات)

تحکم - حکم کرنا۔ حکومت۔ زبردستی کی حکومت۔ دعوی۔ غلبہ۔ زبردستی۔ زور آوری۔ مصدر ہے باب تفعل سے اس کی اصل حکم ہے۔

تحکم جتلانا - خواہ مخواہ حکومت جتلانا۔ زور آوری کرنا۔ زبردستی کرنا۔ دعوی سے کوئی کام لینا۔ غلبہ ظاہر کرنا۔ تحکم کرنا۔

تحمل - برداشت۔ سہار۔ بردباری۔ صبر۔ شکیبائی۔ حلم۔ غمخواری۔

تشریح - اس کی اصل حمل بمعنی بوجھ ہے۔

تحویل - لَوٹنا۔ پھرنا۔ ودیعت۔ سپردگی۔ حوالگی۔ امانت۔ دھروڑ۔ سرمایہ۔ خزانہ۔ جمع۔ پونجی۔ کسی ستارے کا برج مین آنا۔ کسی ستارے کا عمل ہونا۔ ایک نام کی رقم کو دوسرے نام کی رقم مین لے جانا۔ جیسے روپون کو آنہ پائی یا آنے پائیون کو روپیہ کی صورت مین لانا۔ بدلنا۔ تبدیل کرنا۔ حفاظت جیسے بولتے ہین کہ یہ خدمت فلان شخص کی تحویل مین ہے

تحویل امانتی - ایک کی طرف سے دوسرے کے پاس کسی غرض سے مال کا حوالہ کیا جانا اس معاہدے پر کہ بعد حصول غرض مذکور واپس دے دیا جائے گا۔

تحویل دار - ہر تحصیل مین از طرف خزانچی اُس کی اپنی ذمہ داری پر مقرر ہوتا ہے جو روپیہ تحصیل مین آتا ہے اُس کو یہ رکھتا ہے اور داخل کرتے وقت اپنے دستخط

کرتا ہے اور روپیہ داخلہ بہی مین درج
کرتا ہے۔ ہر شام کو سیاہہ نویس کے
ساتھ اپنی بہی کا مقابلہ کرتا ہے۔ آپ
سیاہہ نویس کی بہی پر اور سیاہہ نویس
اس کی بہی پر دستخط کرتا ہے اس کا
یہ کام ہے کہ جب کوئی زمیندار یا مستاجر
سرکاری روپیہ بذریعہ عرض ارسال کے
لاوے تب روپیہ کو لے کر محک امتحان
مین خوب جانچ لے جس مین کوئی روپیہ
قلب نکلے تو لانے والے کو قلب کاٹنے
کے واسطے اُس کو علیحدہ رکھے۔ بعدہ
سیاہہ مین درج کرے۔ عموماً سیاہہ
تحویلدار کا ہندی مین رہتا ہے۔ اگر روپیہ
قلب نکلے تو آرندہ کو قلب کاٹ دے
اور عرض ارسال پر دستخط کر دے۔ اُس
کے پاس روزمرہ یہ بہیان رہین گی (۱)
بہی سیاہہ (۲) بہی واز خام (۳) بہی
تقسیم تنخواہ (۴) بہی فروخت افیون
(۵) بہی فروخت گنتا۔ یہ کل زر تحویل کا
ذمہ دار ہوتا ہے۔

تخارج۔ شریک ورثا سے کسی کا کچھ حصہ لے کر
علیحدہ ہو جانا۔ نکل جانا۔ جب چند وارثون
مین سے ایک یا دو وارث مال متروکہ مین
سے کچھ لے کر تمام مال سے دست برداری
کرین تو اس کا نام تخارج ہے

تشریح۔ تخارج مین یہ شرط ہے کہ جو
کچھ لیا ہو وہ اُس متروکہ سے ہو اگر وارثون
باقیون نے اپنے مال غیر متروکہ سے دیا ہو
تو اس کو تخارج نہین کہتے بلکہ وہ اپنے
حصہ کی بیع ہے۔ تمام شرائط اس مین نافذ
ہون گی۔

تخارج شرعی۔ وہ تخارج جو شرع اور
آئین کی رو سے ہو۔

تشریح۔ شرعی مین ی نسبتی ہے
اور تخارج کے لیئے دیکھو تخارج۔

تخت۔ مسند شاہی۔ ریاستی گدی۔ چوکی
سریر۔ اورنگ۔ بادشاہ کے بیٹھنے کی
چوکی۔ گدی۔ مسند۔ دارالسلطنت۔ دار
الخلافت۔

تخت نشینی۔ تخت سلطنت پر بیٹھنا۔ راج
تلک۔ راج گدی۔ وہ رسم جو تخت پر بیٹھنے
کے وقت کی جاتی ہے۔

تختہ بندی۔ لکڑی کے تختون کا فرش یا
دیوار۔ خاتم بندی۔ کیاریون کا باقرینہ اور
خوش اسلوب ہونا۔

تخریب۔ خرابی۔ ویرانی۔ تباہی۔ بربادی
ابتری۔ بیخ کنی۔ قلع قمع

تخصیص۔ خصوصیت۔ کسی امر کا خاص کرنا

تخفیف۔ کمی۔ گھٹی۔ اختصار۔ خفیف کرنا
بوجھ اتارنا۔ ہلکا کرنا۔ کمی خرچ۔ افاقہ

آرام۔ شدت کے خلاف۔ رخصت۔

تنزل۔ گھٹاؤ۔

تشریح گو لغۃً عام ہے مگر اصطلاح میں جمع کی تخفیف پر بولتے ہین۔

تخفیف جرم۔ جرم کی کمی۔ جرم کا ہلکا کرنا۔

تخفیف جمع۔ جمع کی تخفیف۔ جمع مین کمی کرنا۔ مال کی کمی۔ لگان کی کمی۔

تخفیف سزا۔ سزا کی کمی۔ سزا کا ہلکا کرنا۔

تخفیف لگان۔ لگان کی کمی۔ لگان کا ہلکا کرنا۔

تشریح لگان اور مالگزاری مین یہ فرق ہے کہ لگان وہ ہے جو زمیندار یا مالک اپنے کاشتکار یا اسامیون سے لیتا ہے اور مالگزاری وہ ہے جو مالک یا زمیندار ہی بلا واسطہ غیرے خود سرکار مین ادا کرتا ہے یہ فرق اصطلاحاً ہے (تخفیف کے لیئے دیکھو تخفیف)

تخفیف کرنا۔ کمی کرنا۔ گھٹانا۔ خرچ کم کرنا نوکر کم کرنا۔ توڑنا۔ موقوف کرنا۔

تخفیف مین آنا۔ کمی مین آنا۔ برخاستگی مین آنا۔ ٹوٹ جانا۔

تخفیف مین درآنا۔ کمی کیا جانا۔

تخلل۔ خلل ڈالنا۔ بولتے ہین

تخلل آسودگی عامہ خلائق۔ عام۔ خلقت کی آسودگی مین خلل اندازی۔

تخلیہ۔ خلوت۔ تنہائی علیحدگی۔

تشریح گو یہ لفظ عام ہے مگر اکثر اس کا استعمال بڑے لوگون کے خلوت کرنے پر ہوتا ہے۔ اس کا مادہ خلو ہے۔

تخم ریزی۔ بیج بونا۔

تخمیناً۔ اندازاً۔ اندازے۔ قیاس سے قریب قریب۔ تقریباً۔ کم و بیش۔

تشریح۔ اندازہ کو جو عدالتی منشی اندازاً لکھ دیتے ہین یہ اُن کی غلطی ہے اس لیئے کہ اندازہ فارسی لفظ ہے اور اس پر تنوین لانا جو خاصہ عربی کا ہے محض غلط ہے۔ یہ تصرف محض منشیون کا ہے۔

تخمینہ۔ اندازہ۔ مقدار۔ بعض اضلاع مغربی مین خاص پیمایش۔ فصل ربیع مین اراضی کرتا ہے اس کی غرض یہ ہوتی ہے کہ کمی بیشی رقبہ مزروعہ معلوم ہو جاے۔ اسٹیمیٹ قیاس۔ اٹکل۔ تکرمہ۔

تخویف۔ خوف دلانا۔ ڈر۔ دھمکی۔ خوف دینا۔ ڈرانا۔

تشریح یہ مصدر باب تفعیل سے ہے اس کی اصل خوف ہے مگر یہ مصدر متعدی مستعمل ہوتا ہے۔

تخویف مجرمانہ۔ ناجائز دھمکی۔ بدنیتی سے دھمکانا۔ ایسا خوف دلانا جو جرم ہو جو کوئی شخص کسی اور شخص کو اُس کے جسم یا

نیک نامی یا مال کو نقصان پہونچانے کی دھمکی دی اس نیت سے کہ اُس کو خوف مین ڈالے یا اُس سے کوئی ایسا فعل کرائے جس کا کرانا اُس پر قانوناً واجب نہین ہے یا اُس سے کوئی فعل ترک کرائے جس کے کرنے کا وہ قانوناً مستحق ہے۔ کہ وہ ارتکاب یا ترک فعل اس دھمکی کی تکمیل کے انسداد کا وسیلہ ہو تو شخص مذکور تخویف مجرمانہ کا مرتکب ہوگا۔ ایسا ڈرانا جو مجرمون جیسا ہو یعنی اس ڈرانے مین فعل جرم کا تشابہ پایا جاے۔ آنہ فارسی مین کلمہ نسبت ہے جو مجرم کے آخر مین لگایا گیا ہے۔

تدابیر احتیاطی۔ محتاط تدبیرین۔ وہ تدبیرین جو احتیاط والی ہون۔ منسوب باحتیاط تدبیرین۔

تشریح تدابیر جمع ہے تدبیر کی۔ اور احتیاطی مین ی نسبت کی ہے۔

تدارک۔ لغوی معنی گم شدہ چیز کا پانا۔ تلافی پاداش۔ بدلہ۔ سزا۔ مکافات۔ دادرسی تدبیر۔ بندوبست۔ انتظام پیش بندی انسداد۔ سزا دینا۔ سیاست۔ تاڑنا۔ عقوبت۔ سامان حصول انصاف

تشریح یہ باب تفاعل کا مصدر ہے جس کا مجرد درک ہے

تدارک باقیات۔ باقیات کا انتظام اُس کی سات قسمیں ہین جو رابرٹ بنڈم کسٹ صاحب بہادر نے ہدایت نامہ مالگزاری مین بیان فرمائی ہین۔ بقایا کا انتظام۔

تدارک خفیف خفیف سزا دینا خفیف تنبیہ۔

تدبیر کسی کام کا انتہا یا ابتدا سوچنا علاج چارہ۔ درمان۔ خیال۔ منصوبہ۔ فکر۔ اندیشہ۔ غور۔ تامل۔ سوچ۔ بچار۔ کوشش جتن۔ تجویز۔ بندوبست۔ انتظام۔ طریقہ وضع۔ عاقبت اندیشی۔ احتیاط۔ عبارت۔

تدریج۔ درجہ بدرجہ۔ تھوڑا تھوڑا۔ آہستہ آہستہ۔ رفتہ رفتہ۔

تذبذب۔ دھکڑ پکڑ۔ عدم یقین۔ تردد۔

ترائی۔ نمناک زمین۔ وہ زمین جو کسی دریا یا ندی وغیرہ کے قریب واقع ہو۔ کچھار بیلہ۔ دریا کے کنارے کی زمین۔ وہ پست اور مرطوب زمین جہان اکثر پانی ٹھہرا رہے مرغزار۔ سبزہ زار۔ ساحل دریا کی نمدار زمین۔

تراضی طرفین۔ دونون طرفون کا راضی ہوجانا۔ مدعی و مدعا علیہ کا راضی ہوجانا مدعی و مدعا علیہ کا باہم رضامند ہونا۔

تشریح تراضی مصدر ہے باب تفاعل سے۔ طرفین صیغہ تثنیہ یعنی دو طرف گویہ

عام ہے مگر قانون مین اکثر اس کا استعمال
مدعی و مدعا علیہ پر ہوتا ہے۔

تربیت - پرورش - پالن - پرداخت
تعلیم - تادیب - تعلیم اخلاق - تہذیب -

ترتیب - آراستہ کرنا - درجہ وار رکھنا
موقع موقع پر رکھنا - آراستگی - نظم ونسق
ربط وضبط - درجہ - اپنے اپنے مرتبہ سے
رکھنا - درجہ بدرجہ ٹھیک رکھنا -
درستی - انتظام - ذیل بندی - صف بندی
تسلسل -

ترتیب دفتر - دفتر کی ترتیب - دفتر کی
مسلہ وغیرہ کاغذات کا اپنے اپنے
بستون اور ٹھکانون مین رکھنا - حسب
قاعدہ اور باضابطہ کاغذات کو رکھنا -

ترتیب وار - سلسلہ وار - قاعدے سے
باقاعدہ - باقرینہ - قرینہ بقرینہ -

ترتیب وراثت - وراثت کی ترتیب
وراثت کو درجہ بدرجہ مقرر کرنا -

تشریح یعنی وراثت کو ایسی ترتیب
دیناکہ ورثا کو حسب استحقاق اولیت و
اولویت - حسب قاعدہ الاقرب فالاقرب کے
حصہ مل جائے اور کسی قسم کی حق تلفی تقدم
وتاخر وغیرہ مین نہونے پائے -

ترتیباً - ترتیب کے واسطے - ازروے ترتیب
ترتیب کے اعتبار سے - ترتیب کی حالت مین

ترتیب دینا - ترتیب وار رکھنا - قاعدہ
سے رکھنا - ربط دینا - سلسلہ وار رکھنا -
سجانا - ٹھکانے پر چننا - قطار جمانا -

ترجمان - مترجم - ایک زبان سے دوسری
زبان مین بتلانے والا - شارح - معبر - مفسر
- شرح کرنے والا - بیان کرنے والا - ترجمہ
کرنے والا - (دیکھو ترجمہ)

ترجمہ - ایک زبان سے دوسری زبان مین
لے جانا - نقل - ایک زبان سے دوسری مین
بیان کیا ہوا -

ترجمہ لفظی - لفظ بلفظ ترجمہ - تحت اللفظ
ترجمہ -

تشریح کبھی صرف تحت اللفظ بول کر
مراد ترجمہ تحت اللفظ یا قرات تحت اللفظ
رکھتے ہین - (دیکھو تحت اللفظ)

ترجیح - غلبہ - افزونی - فوقیت - بہتری
برتری - فضیلت - غلبہ دینا -

ترجیح دینا - غلبہ دینے کا کام کرنا - فوقیت
دینا - فوق دینا - غلبہ دینا - فضیلت دینا -

ترجیح رکھنا - فوقیت رکھنا - فضیلت
رکھنا - شرف رکھنا - زیادتی رکھنا -

ترحم - غم گساری - رحم کرنا - رحم - دیا - کرپا
مہربانی - ترس - خوف خدا -

تشریح یہ باب تفعل کا مصدر ہے جس کا
مجرد رحم ہے -

تردد۔ کاشت کرنا۔ کاشت کاری۔ زراعت کرنا۔ آمدرفت۔ سوچ فکر۔ تشویش۔ اندیشہ۔ تذبذب۔ پس وپیش۔ اُدھیڑبن۔ زراعت۔ کشت کاری۔

تشریح۔ اصطلاحاً عموماً اُس کاشت پر بولتے ہیں جو پہلے افتادہ ہو اور پھر نو توڑ کی جائے

تردد ناجائز۔ خلاف قانون کاشت

تردد کھیت۔ کھیت کی کاشت کرنا۔ باہُو جوت کھیت

تردید۔ رد کرنا۔ کاٹنا۔ منسوخ کرنا۔ منسوخی کسی بات کا جواب دینا۔ خلاف ثبوت دینا۔ رفع کرنا۔ کسی کی بات کو کاٹنا۔ تنسیخ۔

تشریح۔ یہ باب تفعیل سے مصدر ہے اس کی اصل رد ہے۔

تردید دعوی۔ دعوے کی تردید کرنا۔

ترسیل۔ روانگی۔ ابلاغ۔ ارسال۔ بھیجنا یہ مصدر ہے باب تفعیل سے

ترشح۔ تقاطر۔ بوندا باندی۔ قطرہ افشانی ٹپکنا۔ ظاہر۔ عیاں۔ جھلکنا۔ یہ مصدر ہے باب تفعل ہے جس کا مجرد رشح ہے۔

ترصد۔ امید۔ آس۔

ترغیب۔ رغبت دلانا۔ لالچ دلانا۔ خواہش تحریص۔ شوق۔ فریفتگی۔ اغوا۔ بہکاوٹ بہلاوٹ۔ رغبت دینا۔ بہکاؤ۔ میلان دینا۔

تشریح۔ اغوا اور ترغیب میں یہ فرق ہے کہ اغوا کے معنی گمراہ کرنا ترغیب کے معنی راغب اور خواہاں کرنا۔ پس ترغیب عام ہے کار نیک و بد دونوں کے واسطے اور اغوا خاص کار بد کی ترغیب کو کہتے ہیں

ترغیب دینا۔ لالچ دینا۔ رغبت دلانا۔ شوق دلانا ورغلانا۔ اغوا کرنا۔ اشتعالک دینا۔ دم دینا۔ فریب دینا۔

ترقی۔ بڑھتی زیادتی۔ بڑھوتری۔ آبادانی افزونی۔ زیادتی۔

تشریح لغوی معنی اوپر چڑھنا۔ درجہ بڑھنا۔ برتری۔ افزائش۔ اضافہ۔

ترقی پانا۔ عہدہ بڑھنا۔ درجہ بڑھنا۔ نمبر بڑھنا۔ جماعت چڑھنا۔

ترقی حیثیت۔ حیثیت کی زیادتی۔ حالت کی ترقی۔

ترقی حیثیت اراضی سے مراد (۱) چاہ اور تالاب یا دیگر کار فراہمی و تقسیم آب باغراض زراعت (۲) کام جو پانی کے نکاس کے لیئے ہوں + رضی سے یا اراضی کو طغیانی آب باندھا سے درستی پر لانے کے لیئے یا اراضی کو سیلاب وغیرہ کی مضرت سے بچانے کے لیئے (۳) اراضی کو درستی اور صفائی اور باڑھ بندی زراعت کے لیئے (۴) تجدید یا تعمیر از دیا تبدیل کار

ہاے بالا وغیرہ۔ لفظی ترجمہ اس کا زمین کی حیثیت اور حالت کی بڑھوتری۔

ترقی دینا۔ تنخواہ یا درجہ بڑھانا۔ جماعت چڑھانا۔ نمبر آگے کرنا۔

ترقیات۔ اس سے مراد اُن کاموں کی بھی لی جاتی ہے جو باعث ترقی آمدنی سالانہ کے ہوں اور بروقت مطالبہ معاوضہ ترقی پر ہو۔ یہ جمع ترقی کی ہے۔

ترک۔ چھوڑنا۔ واگذاشت۔ درگذر۔ دست برداری۔ بھول۔ سہو۔ چُوک۔ وہ کلمہ یا لفظ جو صفحہ تمام ہو جانے کے بعد جدول سے باہر صفحہ کے اخیر کونے پر صفحہ آیندہ کی شروع عبارت میں سے لکھ دیتے ہیں یہ ہندسہ کی جگہ کام دیتا ہے۔ پاورق۔ خارجہ۔ رکاب۔ قطع۔ دست کشی۔ کنارہ کشی۔ انکار۔ نامنظوری۔ لادعوگی

تشریح ترک سے مثل ترک واحد کے سلسلہ ترک متواتر بھی مُراد ہے۔

ترک فعل۔ کسی کام کا چھوڑ دینا۔ نہ کرنا کام کا اُس حال میں کہا جاسکتا ہے جب کہ اُس ترک سے کوئی جرم پیدا ہو جاے

ترک ناجائز۔ غیر قانونی طور پر کسی کام کو چھوڑ دینا۔

ترک وطن۔ اگر کوئی باشندہ ہند قلمرو برٹش انڈیا سے کسی دوسرے مکان میں مشقت کرنے کے واسطے چلا جاے تو لفظ تارک الوطن اُس شخص متوطن ہند پر دلالت کریگا جس نے بغرض مذکور چلے جانے کا معاہدہ کیا ہو۔ مہاجرت۔ ہجرت کرنا۔ اپنا دیس چھوڑنا۔ (ترک کے واسطے دیکھو ترک)

ترکہ۔ کسی متوفی کی جائداد۔ مُردے کا چھوڑا ہوا۔ مُردے کی ملکیت۔ ارث متروکہ۔ مُردے کی میراث۔ ورثہ میراث مُردہ کا مال و متاع۔ مال

تشریح عربی میں ت کے فتحہ۔ ر کے کسرہ اور ک کے فتحہ سے بولتے ہیں اور اُردو میں ر کا سکون بولا جاتا ہے۔ ترکہ بمعنی متروکہ ہے۔

ترکہ پدری۔ باپ کی چھوڑی ہوئی جائداد مُردے باپ کا متروکہ۔ اس میں ی نسبت کی ہے۔

ترکش۔ تیردان۔ تیر رکھنے کا نلوا۔

تشریح ترکش اصل میں تیرکش یعنی وہ جگہ جہاں سے تیر نکال کر کمان میں رکھیں۔

ترمیم۔ درستی۔ اصلاح۔ تبدل۔ تغیر۔ نظر ثانی۔ درست کرنا۔ کسی امر پر نظر ثانی کرکے درست کرنا۔ ٹھیک کرنا۔ یہہ عربی کے باب تفعیل کا مصدر ہے

ترمیم بندوبست۔ بندوبست کی ترمیم

ترمیم عرضی دعوی۔ عرضی دعوی کی ترمیم۔

تشریح جب عرضی دعوی مین کوئی سقم قانونی رہ جاتا ہے تو مدعی پھر درخواست دیکے منظوری پر ترمیم کرلیتا ہے۔

ترمیم کے قابل۔ درستی کے لائق۔ اصلاح کے لائق۔

تزک۔ ترتیب انتظام۔ ضابطہ لشکر و مجلس۔ وہ واقعات جو بادشاہ خود اپنے زمانے مین قلمبند کرے۔ روزنامچہ شاہی۔ احتشام لاؤ لشکر۔ ٹھاٹ باٹ۔ ٹیپ ٹاپ تجمل۔ دھوم دھڑکا۔ شان وشوکت۔

تزلزل۔ ہلچل۔ ہولاجولی کھلابلی۔ زلزلہ لرزش جنبش۔ تہلکہ۔ گڑبڑ۔ ہڑبڑ۔

تزلزل بیانی۔ کسی امر کا مبہم اور گول طور پر بیان کرنا۔ بیان کرتے کرتے زبان بدل جانا۔ صاف بیان نہ کرنا۔ اپنے بیان مین لغزشین کھانا۔ تزلزل مصدر ہے بمعنی کانپنا۔

تزویج۔ بیاہ کرنا۔ زوجہ کرنا۔ شوہر کرنا۔ جوڑا بنانا۔ نکاح۔ شادی۔ کتخدائی۔ ازدواج۔ گٹھ بندھن۔ عقد۔ تاہل۔

تشریح یہ مصدر ہے باب تفعیل سے اس کی اصل زوج ہے۔

تزویر۔ فریب۔ دغا۔ پاکھنڈ۔ حیلہ۔ چھل۔ دھوکا۔ مکر۔ بہانہ۔ فطرت۔ زور کرنا۔

تساہل۔ کاہلی۔ سستی۔ آہستگی۔ ڈھیلا پن۔ سہل انگاری۔ غفلت۔ الکسی۔

مساوات۔

تساہل کرنا۔ سستی کرنا۔ سہل انگاری کرنا۔ غفلت کرنا۔

تسخیر۔ تابع کرنا۔ فرمان بردار بنانا۔ محاصرہ کرنا۔ گھیرنا۔ قابو مین لانا۔ کسی کے دل کو اپنی طرف مائل کرنا۔ بھوت بدیا۔ جن یا پری کو قید کرنا۔

تسطیر۔ لغوی معنی سطر بندی۔ اصطلاحی تحریر۔ ترقیم۔ قلمبند کرنا۔

تشریح یہ باب تفعیل کا مصدر ہے اسکا مجرد سطر ہے۔

تسلط۔ غلبہ۔ حکومت۔ قبضہ۔ دخل۔ تحت۔

تسلیم۔ سلام کرنا۔ سپرد کرنا۔ سونپنا۔ راضی برضائے الٰہی ہونا۔ ماننا۔ قبول کرنا۔ بندگی۔ آداب۔ نمسکار۔ کورنش۔

تسلیم کرنا۔ ماننا۔ قبول کرنا۔ منظور کرنا۔ آداب بجا لانا۔ بندگی کرنا۔ بڑے کو سلام کرنا۔

تسلیم کے قابل۔ ماننے کے قابل۔

تسلیمات۔ آداب۔ بندگی۔ کورنش۔ کورنشات۔ یہ تسلیم کی جمع ہے

تسو - سوا انچہ - گز کا چوبیسوان حصہ
بلہ گز -
تسوانسی - بسوانسی کا بیسوان حصہ
بلہ بسوانسی - کچوانسی -
تسہیل - سہل کرنا - سہولت - آسانی -
ملائمت - مصدر ہے باب تفعیل سے
اس کی اصل سہل ہے
تشخیص - مقرر کرنا - معین کرنا - ٹھہرانا
قرار دینا - مرض کا پہچاننا - جانچ تحقیق
پڑتال - شناخت - تبصیر -
تشریح - اصطلاح مال مین لال کتاب
کے مندرجہ بندوبستون کی بخوبی پڑتال
کرکے جمع آیندہ بندوبست قائم کرتے
ہین اسی کو جمع مشخصہ بولتے ہین -
تشخیص جمع - جمع کی تشخیص - مال
کی تشخیص (تشخیص کی تحقیق دیکھو
تشخیص مین)
تشخیص جمعبندی - ایک نقشہ سالانہ
بندوبست کا جو زمیندارون اور تعلقہ
دارون اور دیگر باشندگان کے معاملہ
زمین کا بنایا جاتا ہے -
تشخیص جمع چھیڑوار - مطالبہ چھیڑ
کے واسطے تخمینہ رقبہ زیر کاشت بہ جمع
کا دریافت کرنا ضروری ہے - فہرست
چھیڑ مشہور ہے

تشریح چھیڑ - ایک چند اشخاص تحت
زراعتی کا گروہ ہے جو اپنے آقا یعنی
مالک یا زمیندار کے فرمودے سے چھیڑ
کرنو توڑ کرنے وغیرہ مین لگتے ہین -
صرف اس لیئے اُن کو چھیڑ بولتے ہین
تشخیص جمع دیکھو تشخیص جمع مین -
تشخیص خام - خام تخمینہ - کچا اندازہ
تشریح - اس سے مراد تشخیص
جمع خام ہے یہ عنقریب اختتام بندوبست
کے صرف تخمینہ کے طور پر سرسری نظری
ایک نقشہ بنایا جاتا ہے جس کو نقشہ
کھیوٹ خام یا نقشہ جمع خام بولتے ہین
تشخیص قیمت یا مالیت - قیمت یا
مالیت کی تحقیق -
تشخیص لگان - لگان کی پڑتال
(لگان دیکھو لگان مین)
تشخیص مالگزاری - مال گزاری کی
پڑتال -
تشدد - سختی - درشتی - شدت - خشونت
بے رحمی - قہر - غضب - جبر - ظلم - بے
انصافی - جور - رنج - تصدیعہ - صعوبت
تنگی - زیادتی - شدت -
تشریح یہ مصدر ہے باب تفعل سے
عموماً اس کا استعمال تفتیش پولیس کے
وقت تشدد پولیس پر زیادہ ہوتا ہے

ورنہ لغتہً ہر قسم کے تشدد پر بولتے ہیں۔
تشریح۔ تعبیر۔ بیان۔ تصریح۔ توضیح انکشاف۔ رفع ابہام۔ شرح۔ تفصیل کھولنا۔ کشف۔ کیفیت۔ ایک علم کا نام جس سے ہڈیوں وغیرہ کا مفصل حال معلوم ہوتا ہے۔ بیان کرنا۔ شرح کرنا۔ بخوبی بیان کرنا۔ تفسیر۔ وضاحت جسم کی رگ و پے و اعضا کا بیان۔ جسم کی بناوٹ کی تحقیق۔ کسی مجمل دفعہ کی شرح۔ طب میں بدن کا کل حال بیان کرنا۔
تشریحات۔ جمع تشریح۔
تشریف۔ شرف۔ بزرگی۔ عزت۔ بزرگ کرنا۔ تعظیم کرنا۔ نزدیک اہل فارس خلعت فاخرہ پہنانا۔ خلعت۔ وہ لباس جو حکام ملازموں کو امتیاز کے لیے پہناتے ہیں عزت کرنا۔ یہ لفظ لانے اور لے جانے کے ساتھ زیادہ مستعمل ہوتا ہے۔
تشفی۔ لغوی معنی شفا چاہنا۔ تسلی۔ تسکین ڈھارس۔ طمانیت۔ دل جمعی۔ سیری یہ مصدر ہے۔
تشنیع۔ طعنہ۔ ملامت۔ برا بھلا کہنا طعن و تشنیع بولتے ہیں
تشویش۔ پریشانی۔ گھبراہٹ۔ سوچ تردد۔ فکر۔

تشہیر۔ مشہور کرنا۔ شہرت دینا۔ آشکارا کرنا۔ ڈھنڈورا پیٹنا۔ منادی کرنا۔ کسی مجرم کا منھ کالا کرکے رسوائی کے ساتھ گدھے کی سواری پر بازار در بازار پھرانا۔ عام افواہ۔
تصحیح۔ صحیح کرنا۔ یعنی صحت۔ غلطی دور کرنا۔ اصلاح۔ ترمیم۔ آراستگی
تصدیق۔ صداقت۔ صحت۔ سچائی۔ ثبوت۔ اثبات۔ شہادت۔ گواہی۔ تصدیق یا حکم۔ تحقیق۔ تائید۔ استحکام۔ استواری
تشریح۔ تصدیق میں ہر قسم کی آمدنی مالکان کو کاشتکاران سے اور سرکار کو مالکان سے درج ہوتی ہے۔
تصدیق بیان۔ کسی کے بیان کی تصدیق۔ اس امر کی تصدیق کہ یہ بیان فلاں شخص کا ہے۔
تصدیق کرنا۔ شہادت دینا۔ سفارش کرنا۔ کسی بات کو اپنے روبرو تحقیق کرکے لکھنا۔ تشخیص کرنا۔ تائید کرنا۔ صحت کرنا۔ تحقیق کرنا۔
تصدیق کھاتہ۔ کھاتہ کی تصدیق جو اہلکاران بندوبست بموجودگی جملہ مالکان مالگزاری یا لگان کیا کرتے ہیں۔
تشریح اس میں حیثیت و تعداد کھیت و درختان و شرح وغیرہ درج ہوتے ہیں۔

تصرف۔ دست اندازی۔ کوئی کام شروع کرنا۔ قبضہ۔ مداخلت۔ تحت۔ اختیار۔ تبدل۔ تغیر۔ اپنی طرف سے کچھ بنانا۔ کچھ کا کچھ کر دینا۔ کسی بزرگ دین یا درویش کی کرامت۔ خرق عادت۔ غبن۔ خیانت۔ تغلب۔ قبضہ کرنا۔ استعمال کرنا۔ زر و صلات۔ خرچ کسی مال کا اپنی مرضی سے لینا۔

تصرف بے جا۔ بے جا قبضہ۔ ایسا قبضہ جو جائز نہو۔ اسراف۔ فضول خرچی۔ تجاوز۔ فضولی۔ زیادتی۔ بے اعتدالی۔ غبن۔ خیانت۔ تغلب۔ ناروا طریقہ۔ ناجائز غبن۔ بددیانتی سے مال کا تصرف

تصرف بے جا کرنا۔ غبن کرنا۔ خیانت کرنا۔ کسی ناجائز طریقے سے صرف مین لانا۔ خورد برد کرنا۔

تصرف بے جا مجرمانہ۔ کسی چیز پر ایسے بے جا طور پر قبضہ کرنا جس کا کرنا جرم ہو۔

تشریح تصرف بے جا مجرمانہ اور خیانت مجرمانہ مین یہ فرق ہے کہ خیانت مجرمانہ مثل تصرف بے جا مجرمانہ کے بدنیتی سے تصرف مال کا ہے۔ مگر خیانت مجرمانہ مین فوراً مجرم کی سپردگی مین مال ہوتا ہے اور مجرم بددیانتی سے اس کا تصرف کرتا ہے۔ یا دیدہ و دانستہ کرنے دیتا ہے

تصرف شرطی۔ جو تصرف کسی قید یا شرط پر مبنی ہو۔ اس مین ہی نسبت کی ہر

تصرف کرنا۔ تصرف مین لانا۔ حاصل کرنا۔ لینا۔ قبضہ کرنا۔ استعمال کرنا۔ استعمال مین لانا۔

تصرف کرنا بددیانتی سے یعنی بددیانتی کے سبب استعمال مین لانا۔

تصریح۔ دیکھو تشریح۔ تفصیل۔ بیان شرح

تصریح کرنا۔ بفصل بیان کرنا۔

تصفیہ۔ صفائی۔ فیصلہ۔ رفع تکرار۔ صلح بناؤ۔ ٹھیک فیصلہ۔ تجویز مقدمہ۔ چکوتا بیباقی۔ انفصال۔ راضی نامہ۔ آخری رائے۔ بولتے ہین تصفیہ حد لبست یا حدود یا تصفیہ تنازع حدود۔

تصفیہ حساب۔ حساب کا فیصلہ۔ حساب کی صفائی۔

تصفیہ دعویٰ۔ دعوے کا فیصلہ۔

تصفیہ ڈگری۔ ڈگری کا فیصلہ۔

تصفیہ عذر۔ کسی عذر کا فیصلہ کرنا۔

تصفیہ قطعی۔ آخری فیصلہ۔

تصفیہ نامہ۔ فیصلہ کی تحریر۔ فیصلہ۔ اس مین ہر نوشتہ مرقومہ مخصص مدیون داخل ہے جس کے ذریعے سے

وہ مدیون اپنے جائداد کے واسطے منفعت
اپنے قرض خواہون کے منتقل کرے یا
جس کے ذریعے سے قرض خواہون کو
ادا بطور تصفیہ یا حصہ رسدی اُن کے
قرضون کے کیا جاے یا جس کے ذریعہ سے
بندوبست واسطے قائم رہنے کاروبار مدیون
کے بحت نگرانی معانیان یا حسب تحریر
اجازتی دائنان کے واسطے منفعت دائنان
کے عمل مین آوے - نوشتہ مدیون جس
کے ذریعے سے انتقال جائداد ہو - یا
حصہ رسدی قرض یا بندوبست قائمی کار
وبار مدیون بہ نگرانی معانیان یا حسب تحریر
اجازتی دائنان بمراد منفعت دائنان ہو

تصفیہ کرنا - فیصلہ کرلے کا کام کرنا -

تصنع - بناوٹ - ساخت - آراستگی -
بناؤ - تکلف - محض نمود - دکھاوا - اوپری
نمائش - قانون مین مکر و جعل دھوکا -
تلبیس - ابطال - تقلیب - تبدیل تغیر
کے معنی مین آتا ہے - جعل سازی - دروغ
ساختگی - جعل کرنا - جھوٹ بنانا -

تصنیف - قسم قسم - صف صف علیحدہ
کرکے بیان کرنا - دل سے کوئی کتاب
بنانا - طبیعت سے کوئی مضمون لکھنا -
ایجاد -
تشریح تصنیف اور تالیف مین یہ
فرق ہے کہ تالیف اور بزرگون کے قولون
کو اور مضامین کو جمع کرنا اور تصنیف اپنی
طبیعت سے کوئی مضمون لکھنا یا ایجاد
کرنا ہے - (دیکھو تالیف)

تصور کسی شے کی صورت دل مین باندھنا
تامل - غور - دھیان - مراقبہ - فکر - خیال
ادراک - منصوبہ - سوجھ - کسی چیز کی
صورت کا بغیر حکم عقل مین آنا -

تضحیک ہنسی اُڑانا - ذلت - رسوائی
تذلیل - توہین

تضییع - ضایع کرنا
تشریح اصل مین دو یاے تحتانی
سے ہے تخفیفا ایک ي کو حذف کردیتے
ہین جیسے تمیز -

تضییع اوقات - وقت گنوانا - عمر کا
رائگان کرنا - اوقات گذاری کرنا -

تطابق - مطابقت - باہم مطابق ہونا
مشابہت - تشابہ -

تطبیق - (دیکھو تطابق)

تعاقب - پیچھا - پے روی - پیچھے جانا
تشریح یہ باب تفاعل کا مصدر ہے
اس کی اصل عقب ہے -

تعاقب کرنا - پیچھا کرنا - رگیدنا - بھاگے
ہوے کے پیچھے جانا - اس کی اصل
عقب یعنی پیچھے ہے -

تعداد گنتی۔ شمار۔ نمبر۔ مقدار۔ اندازہ۔ تخمینہ۔ عدد۔ ہندسہ۔ انگ۔

تعداد دادنی۔ قابل ادا رقم۔ دینے کے لائق رقم۔ وہ رقم جو دینے کے لائق ہو اس میں ی لیاقت کی ہے۔

تعداد دعوی۔ دعوے کی گنتی۔ بولتے ہیں کسی عرضی دعوے کو تعداد دعوی کی بنا پر منظور کرنا۔

تعداد لگان۔ لگان کی تعداد۔

تعداد مدعا بہا۔ اُس رقم کی تعداد جس کا دعوی کیا گیا ہو۔ اُس مال یا شے کی تعداد جس کا دعوی ہو

تشریح۔ مدعا بہا کا لفظی ترجمہ دعوی کیا گیا اُس پر۔ مدعا کے معنی دعوی کیا گیا یہ دعوی کا اسم مفعول ہے بہا کے معنی اُس پر۔

تعدی۔ ظلم۔ زبردستی۔ بے رحمی سختی نہ حد سے تجاوز کرنا۔ ستم۔ جبر۔

تشریح۔ فارسی والے کبھی اس وزن کی ی کو آ سے بدل دیتے ہیں جیسا تمنی تولی۔ تجلی۔ وتماشی کو تمنا۔ تولا تجلا وتماشا بولتے ہیں مگر یہ محض تفرس ہے

تعرض۔ سامنے آنا۔ آگے آنا۔ پیش آنا مقابلہ کرنا۔ حائل ہونا۔ بدراہ ہونا۔ روکنا۔ مزاحمت۔ روک ٹوک۔

تعرض کرنا۔ مانع ہونا۔ مزاحمت کرنا۔ روکنے کا کام کرنا۔

تعریف۔ واقفیت۔ شناسائی پہچان بیان۔ تشریح۔ ثنا۔ مدح۔ توصیف وصف۔ صفت۔ آفرین۔ تحسین۔ سراہنا۔ ستائش۔ خوبی۔ حسن۔ اس سے سکونت اور پیشہ یا کار یا درجہ یا باپ اُس شخص کا مراد ہے جس کا ذکر ہو۔ اس میں سکونت و پیشہ یا درجہ اور مقدمہ سو وطن ہند قوم و نام پدر یا ما درشامل ہے

تعزیت۔ تسلی دینا۔ صبر دینا۔ ماتم پرسی کرنا۔ پرسا دینا۔ غم میں شریک ہونا۔ ماتم پرسی۔ گریہ وزاری۔ واویلا۔ تاسف نوحہ۔ آہ وفغان۔ سوگ۔ تعزیہ بھی اسی کو کہتے ہیں۔

تعزیر۔ سیاست۔ سزا۔ گوش مالی۔ حد شرعی سے سزا دینا۔ کم سے کم چالیس دُرّے لگانا مصلحت وقت کے موافق تنبیہ کرنا۔ ڈانٹنا۔

تعزیرات ہند۔ وہ سزائیں جو ہند میں مقرر ہیں۔ خاص ایک قانونی ایکٹ کا نام بھی ہے جس میں ہند کی سزاؤں وغیرہ کا ذکر ہے۔ تعزیرات جمع تعزیر کی ہے۔

تعزل۔ برطرفی۔ معزولی۔ معزول کرنا۔

برطرف کرنا۔
تعطیل - بے کاری۔ بے شغلی۔ خانہ نشینی چھٹی۔ تہوار کا دن۔ یوم الراحتہ۔
تعلق - علاقہ۔ لگاؤ۔ مناسبت۔ ربط۔ میل۔ رشتہ۔ خویشاوندی۔ میل میلان رجحان۔ سروکار۔ واسطہ۔ ملازمت۔ خدمت۔ میل جول۔ آشنائی۔ اضافت۔
تعلقہ - قبضہ۔ تصرف۔ علاقہ ضلع۔ ڈسٹرکٹ۔ محال۔ جائداد۔ ملکیت۔ حقیقت۔ جاگیر۔
تعلقہ دار - ضلعدار۔ علاقہ دار۔ جاگیر دار۔
تشریح - ممالک مغربی و شمالی مین ایک معزز کے نام پر بولا جاتا ہے جو حق اعلی رکھتا ہو۔
تعلقہ داران - جو بلا کسی طرح کے استحقاق انتظام کے قانوناً مستحق پانے حق مقدمہ کے ہین۔ یہ جمع تعلقہ دار کی ہے۔ (دیکھو تعلقہ دار)
تعلقہ داری - حق اعلی۔
تعلیق - ملتوی کرنا۔ معلق کرنا۔ جیسے جب اہل مقدمہ مین سے کوئی معقول وجہ سے حاضر نہیں ہوتا تو اُس کے آنے تک مقدمہ ملتوی کیا جاتا ہے۔
تعلیق مین رہنا - ملتوی رہنا۔

تعلیقہ - کسی مال اسباب کی فہرست قرق شدہ اسباب کی فہرست۔ اسی کو فرد تعلیقہ بھی کہتے ہین۔ ترکہ کی فہرست۔ مال اور اسباب کی ضبطی۔ مکان کی قرقی۔
تشریح - یہ لفظ عربی مین ضبطی یا قرقی کے معنی مین مطلق نہین پایا جاتا۔ البتہ شعرائے عجم نے پروانہ حکام یا نوشتہ امرا کے معنی مین باندھا ہے۔ پس اس صورت مین اُردو قرار دینا واجب ہے۔
تعلیم - سکھانا۔ علم سکھانا۔ تربیت۔ تادیب۔ تفہیم۔ تلقین۔ ہدایت۔ وہ باتین جو پیر اپنے مریدون کو بتائے۔ تہذیب آراستگی۔ ناچنے یا گانے یا رقص کی مشق۔ خوشخطی کا نمونہ جسے دیکھ کر طالب علم لکھنا سیکھے۔
تعمیل - عمل درآمد۔ عمل کرنا۔ عمل مین لانا۔ حکم بجانا۔ حکم پورا کرنا۔ بجاآوری حکم۔ فرمان برداری۔ خدمت گذاری اجرائے احکام۔ حکام کے حکمون کے مطابق وارنٹ سمن۔ حکم نامجات وغیرہ لکھ کر بھیجنا۔
تعمیل خاص - کسی خاص حکم کا عمل درآمد
تعمیل معاہدہ - کسی معاہدہ اور اقرار کی تعمیل۔ (دیکھو تعمیل)

تعمیل کرنا - حکم کا بجا لانا - احکام کا جاری کرنا - عمل درآمد کرنا۔

تعویق - ڈھیل - دیر - تساہل - لیت و لعل - التوا - توقف - تاخیر - باز رکھنا روکنا - بند کرنا - تاخیر میں ڈالنا۔

تعہد - عہدنامہ - اقرارنامہ - قرارداد - عہد و پیمان - عقد - ذمہ داری - عہد کرنا سرانجام کام کو اپنے ذمے لینا - ضامنی کرنا۔

تعہد دار - اقرارنامہ رکھنے والا۔

تعیین - تقرر - تشخیص - معین کرنا ٹھہرانا مطلق کے خلاف - قید - روک - انحصار مقرر کرنا مخصوص ہونا ایک چیز کا زیادہ چیزوں سے۔

تعین حصص - حصوں کا مقرر کرنا۔
تشریح - تعین مصدر ہے حصص جمع حصہ کی ہے۔

تعین دعوی - دعوے کا مقرر کرنا۔ قیمت لگانا تشخیص کرنا۔
تشریح تعین دعوی سے اصطلاحاً یہ معلوم کرنا بھی مراد ہوتا ہے کہ آیا اس کی رقم کتنی ہے۔

تعین سزا - قانون کا وہ حکم جو جرم کی سزا مقرر کرے - سزا کا مقرر کرنا۔

تعینات - متعین - مقرر - وہ شخص جو کسی کام پر مقرر کیا جائے - تشخصات - خصوصیات۔
تشریح - یہ غلط العوام ہے اُسے اُردو والوں نے تعین بروزن یقین سے جو اصل میں مفرد ہے عربی کے طور پر جمع بنالیا ہے اور یہ قاعدے کے خلاف ہے اور طرہ یہ ہے کہ اس کا اطلاق مفرد پر کیا جاتا ہے تلفظ مین بھی فرق ہوگیا ہے۔ صحیح تعینات بروزن تحقیقات ہے۔

تعیناتی - تقرری۔

تغافل - اپنے تئیں غافل بنانا - غفلت بے خبری - بے التفاتی - کم توجہی - بے احتیاطی - بے پروائی - تکاسل - تساہل سستی۔

تغلب - غلبہ کرنا - مغلوب کرنا - قبضہ کرنا - غبن - خیانت - تصرف بے جا۔

تغلب کرنا - غبن کرنے کا فعل کرنا - خیانت کرنا - تصرف بے جا۔

تغما - نشانی - مہر - تمغہ - میڈل - کارگزاری کی علامت - سکہ - محصول چونگی۔
تشریح - یہ ترکی لفظ ہے اور اصل مین تمغا ہے مگر عام لوگ تغما بولتے ہین - بعض اس کی رسم خط الف سے جیسے تغما اور بعض ہ سے جیسے تغمہ خیال کرتے ہین - (دیکھو تمغا)

تغیر۔ تبدل۔ بدلی۔ تبدیل۔ حالت پلٹنا انقلاب۔

تغیرات ہر سالہ۔ ایک کتاب کا نام ہے جو نہایت ضروری اور مفید ہے جو تحصیل دار کے پاس رہتی ہے جس مین ہر سال کے تغیرات لکھے جاتے ہین۔ مثلاً داخل خارج نمبرداران بقید تاریخ وحکم کیفیت کلی وبشی جمع وکیفیت محالات وغیرہ درج ہوتی ہے

تفتیش۔ کھوجنا۔ چھان بین تحقیق۔ تدقیق کھوج۔ سراغ جست وجو۔ تفحص۔ دریافت پوچھ گچھ۔ اس مین ہر کارروائی حسب ایکٹ ۱۰ سنہ ۱۸۸۲ء جو واسطے بہم رسانی ثبوت معرفت پولیس یا کسی اور شخص علاوہ مجسٹریٹ یا افسر پولیس کے جسے مجسٹریٹ نے اس کام کی اجازت دی ہو عمل مین آئے۔ ہر کارروائی پولیس بغرض فراہمی پولیس۔

تشریح اس مین اور تحقیقات مین صرف یہی فرق ہے کہ تفتیش معرفت پولیس کے اور تحقیقات معرفت مجسٹریٹ کے ہوتی ہے (دیکھو تحقیق)

تفحص۔ (دیکھو تفتیش)

تفریح فرحت۔ خوشی۔ خوش طبعی۔ راحت مزاح۔ کھلی۔ دل لگی۔ تازگی۔ شگفتگی۔

تفریحاً۔ از روے تفریح۔ مزاحاً۔ جیسی ہے دل لگی سے۔ بطور خوش طبعی۔

تفریق۔ جدائی۔ علیحدگی۔ فرق۔ تفاوت پراگندگی۔ حساب منہائی۔ کسی بڑے عدد سے چھوٹے کو گھٹانا۔ تمیز۔ امتیاز۔ بٹائی بانٹ۔ بٹوارہ۔ فرق کرنا۔ علیحدہ علیحدہ کرنا۔ تقسیم کرنا۔ حصے بنا دینا۔ عورت مرد کا علیحدہ ہو جانا یا کر دینا۔

تفریق جائز۔ قانونی تفریق۔

تفریق نامہ۔ اقرارنامہ جو ان حصون کا فیصلہ کر دے جن کا مختلف اشخاص نے دعوی کیا ہو۔

تفصیل۔ بیان کرنا۔ تشریح کیفیت تصریح۔ تشخیص کرنا۔ اظہار کرنا۔ توضیح کرنا واضح کرنا۔ مفصل بنانا۔ جدا جدا کرنا۔ فصل کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ تفسیر۔ فہرست۔ فرد۔

تشریح یہ تفعیل کا مصدر ہے اس کا مادہ فصل ہے۔

تفصیل جائداد مدعا بہا۔ اس جائداد کی تفصیل جس کا دعوی کیا گیا ہو۔

تشریح مدعا کا لفظی ترجمہ دعوی کیا گیا یہ عربی لفظ دعوے کا اسم مفعول ہے۔ بہا کے معنی اس پر یعنی وہ جائداد جس پر دعوی کیا گیا ہو۔

تفصیل کرنا۔ مفصل بیان کرنا۔ تصریح

کرنا۔ (دیکھو تفصیل)
تفصیلوار۔ تفصیل کے طور پر۔ صاف طور سے۔
تفکر۔ سوچ۔ فکر۔ اندیشہ۔
تفنگ۔ ہوائی بان۔ بندوق۔ توپ وہ نلی جس میں مٹی یا آٹے وغیرہ کی گولیاں یا چھوٹا سا تیر ڈالکر پھونک کے زور سے چلاتے ہین۔
تفویض۔ سپردگی۔ تحویل۔ حوالگی۔ انتقال جائداد دیوالیہ بعوض قرضہ کسی کے سپرد کچھ کرنا۔
تفویض بغرض اُجرت۔ یہ کہ اسباب یا جائداد منقولہ کسی کو اس واسطے دی جائے کہ بعوض اجرت کے کہین لے جائے۔
تفویض کنندہ۔ سپرد کرنے والا۔ تفویض کرنے والا۔
تقاضا۔ کسی دعوے کے فیصلہ کرنے یا قرض کی ادائگی کے لیئے زور دینا۔ دعوی مطالبہ۔ تشدد۔ اُگاہی۔ طلب کرنے مین زور لگانا۔ تاکید سخت مطالبہ کرنا۔ خواہش طلب۔ مانگ۔ طلبی۔ درخواست۔ استدعا
تشریح گو لغتہً اس کے معنی عام ہین مگر اس کا زیادہ استعمال قرضہ کے مطالبہ پر ہوتا ہے۔
تقاوی۔ قوت دینا۔ مدد دینا۔ وہ روپیہ زراعت کے واسطے سرکار کی طرف سے بطور امداد زراعت زمیندار کو قرض دیا جاتا ہے حقیقت پیشگی جو زمیندار کو دی جاتی ہے۔ وہ روپیہ جو گورنمنٹ کی طرف سے زمیندار کو بامداد زراعت قرضہ دیا جاے
تشریح تقاوی کے دینے مین تقاوی لینے والے کے افلاس اور ناداری کی شرط ہے
تقدم۔ پہلے ہونا۔ پیشی۔ سبقت۔ بزرگی صدر نشینی۔ بالانشینی۔ عظمت۔ ترجیح۔ فوقیت۔ فضیلت۔ استعلا۔ تفضیل۔
تقدم دعوی۔ دعوے کا تقدم۔ یعنی کئی دعوون مین سے ایک دعوے کا پہلے پیش کرنا۔
تقرب۔ نزدیکی۔ قربت۔ قریب ہونا۔
تقرر۔ تعیین۔ قیام۔ مقرر کرنا۔
تقرری۔ تعیناتی۔ مقرر ہونا۔ نوکری ملازمت
تقریب۔ نزدیکی۔ قریب کرنا۔ ذریعہ۔ باعث سبب۔ موقع۔ رشتہ دارون کے جمع ہونے کا باعث۔ دوست احباب کے اکٹھے کرنے کی وجہ۔ مراد۔ مطلب۔
تقریباً۔ اندازے سے۔ تخمیناً۔ قریباً۔
تقریر۔ بیان۔ ذکر۔ گفت وگو۔ بات چیت بحث علمی یا عقلی۔ تکرار۔ مباحثہ۔ حجت۔ لکچر۔ زبانی بیان۔ وعظ۔ درس۔

تقریری - زبانی - خلاف تحریری - اس شئ کی نسبت کی ہے۔

تقسیم - بانٹنا - بٹوارہ - محال کے اجزا ایک دوسرے سے بالکل منقطع کر کے علی حدہ محال بنانا۔

تقسیم باضابطہ - باقاعدہ تقسیم - قانونی تقسیم۔

تقسیم بحصہ رسدی - اپنے اپنے حصہ کے موافق تقسیم۔

تقسیم بحصہ مساوی - مساوی حصون مین تقسیم - برابر حصون مین تقسیم۔

تقسیم ثالثی - ثالثون کے ذریعے سے تقسیم پنچایتی تقسیم۔

تقسیم جائز - قانونی تقسیم۔

تقسیم خانگی - نج کی تقسیم - پرائیوٹ تقسیم گھریلو تقسیم۔

تقسیم دیہات خالصہ - اُن ریاستون کی تقسیم جو گورنمنٹ کو خراج دیتی ہین۔ (خالصہ کی تشریح دیکھو خالصہ مین)

تقسیم سرکاری - جو تقسیم معرفت اہلکار سرکار ہو۔

تقسیم سرمایہ - پونجی اور آمدنی کی تقسیم۔

تقسیم غیر مکمل - ناقص تقسیم - وہ تقسیم جو مکمل نہ کی گئی ہو جیسے شاملات جو کئی مالکان مین مشترک ہوتی ہے اور اس کا محصول سب شرکا مل کر ادا کرتے ہین۔

پٹی داری کی تقسیم وہ ہے جس مین کل شاملات منقسم ہو کر شریکون مین باہم بانٹی جاتی ہے اور ہر قسمت پر کل جمع کا حصہ رسد باندھا جاتا ہے مگر تاہم محال منقسم نہین ہوتا - اور ذمہ داری مشترکہ بحال رہتی ہے۔

تقسیم فرضی - برائے نام تقسیم - جو صرف نام ہی کی تقسیم ہو۔

تقسیم فریبی - جو تقسیم فریب سے ہو

تقسیم محال - محال کی تقسیم - (دیکھو محال)

تقسیم مکمل - وہ تقسیم جو پورے پورے حصون مین ہو اور ہر ایک حصہ سے بالکل علی حدہ علی حدہ ہو اور اُن کو علی حدہ علحدہ جائداد مین بنا دیوے۔

تقسیم نامہ - تحریر تقسیم - بٹوارے کی لکھت - اس سے مراد ہر نوشتہ ہے جس کے ذریعے سے اشخاص جو کسی جائداد غیر منقولہ مین حقیت شرکت مطلق یا قبضہ مشترک یا شرکت موروثی رکھتے ہون - اُس جائداد کو باہم حصص جداگانہ مین تقسیم کرین یا تقسیم کرنے پر راضی ہون - اور اس مین بٹوارہ بھی داخل ہے جس سے حصص جداگانہ مین تقسیم جائداد غیر منقولہ یا قبضہ مشترکہ یا شرکت موروثی کی جاوے یا تقسیم کرنے پر راضی ہون۔

تقسیم ٹک جائی - پیوستہ تقسیم - ہر قسیم

کی جائداد کی تقسیم جو ایک وقت مین ہوئی ہو

تقسیم ورثہ - جائداد کی تقسیم -

تقصیر - بھول چوک غلطی - قصور - جرم
الزام گناہ - قصور کرنا - کوتاہی - کمی -
سہو خطا -

تشریح - باب تفعیل کا مصدر ہے اس کی
اصل قصر ہے

تقلید - نقل - پیروی کسی کے قدم بقدم
چلنا جعل - فریب تلبیس - گلوبند - دربان
گردن کے ڈالنا - اپنے ذمے کوئی کام لینا
مجازاً کسی کی پیروی کرنا بدون دریافت
اس کی حقیقت کے - شمشیر حمائل -

تقیید - قید - نگہبانی - قید ہونا - بند ہونا
مقید ہونا - تاکید - تنبیہ - قید کرنا -

تشریح صحیح ی کے ضمہ سے ہے
مگر ی کے فتحہ سے مشہور ہے - لغوی معنی
قید کرنا - اصطلاحی تاکید - تنبیہ -

تکرار - بحث - عذر - جھگڑا کرنا - حجت - دلیل
قانونی - بار بار پھرانا - بار بار کرنا - مکرر
سہ کرر کہنا - ردوکد - ردوبدل - جھگڑا
ٹنٹا - لڑائی -

تکرار کرنا - جھگڑنا - جھگڑ کر سودا لینا -

تکراری - جھگڑالو - جھگڑی حجتی - لڑاکا -
اس مین ی فاعلیت کی ہے -

تکریم - عزت کرنا - بزرگی کرنا - ادب -
آدر - آؤ بھگت - خاطر مدارات

تکفل - ضامن اور ذمہ دار کسی چیز کا ہونا -
ایک طرح کا ذمہ لینا ہے کہ فلان واقعات
ہون گے یا نہون گے - اصل نقصان کا
عوضانہ دینے کا اقرار ہے جو واقعات کے
ہونے یا نہونے پر پیدا ہوتا ہے - ایک
معاہدہ -

تکفیر - کافر کہنا - گناہ کا کفارہ دینا - کسی
چیز کا مخفی اور پوشیدہ کر دینا - کفر کا فتوی
دینا - عذر خطا کا بدلا - جرم کا عوض - کفارہ

تکفین - مُردے کو کفن پنہانا - کفن پہنانا
(دیکھو تجہیز و تکفین)

تشریح - مذکر مُردے کے تین پارچات
قمیص - ازار - لفافہ - اور عورت مردے
کے پانچ پارچات قمیص - ازار - لفافہ
سینہ بند - خمار - ہوتے ہین جو تکفین
مین شامل ہین یہ لفظ قانون محمدی کا ہے

تکلیف قطع امید - ہم کو حصول مرام
کی نہایت امید ہو لیکن دفعتہً ہماری امید
منقطع ہو جاے اسی کو تکلیف قطع امید
کہتے ہین -

تکلیف مکدر مزاج وہ یہ ہے کہ کبھی آدمی
کی یہ کیفیت ہو جاتی ہے کہ کوئی چیز اسکو
اس وقت پسند نہین آتی اور طبیعت
پریشان اور مکدر رہتی ہے -

تکملہ - تتمہ - جو مضمون کسی مضمون کے کامل کرنے کے واسطے آخر مین لگاتے ہین۔

تکمیل اتمام - پورا کرنا - انجام کرنا - کمال کو پہونچانا - کامل کرنا۔

تکمیل تمسک - قانونی شرائط کے موافق تمسک کا پورا کرنا۔

تکمیل حقیت - حقیت اور ملکیت کا پورا کرنا حق کی تکمیل۔

تکمیل دستاویز - سند کی تکمیل - دستاویز کا پورا کرنا۔

تکمیل رہن - رہن کی میعاد کا پورا کرنا۔

تلاش - جست و جو - سعی - کوشش - ڈھونڈ ڈھانڈ - کھوج - تحقیقات - سراغ - ڈھونڈنا دریافت - تجسس - پیروی - تعاقب۔

تلاشی - ڈھونڈھنے والا - کسی کی جائداد اسباب وغیرہ کا ڈھونڈنا - پڑتال کرنا - جوینده - جست و جو کننده - جھاڑا - گم شده چیز کے شبہہ مین گھربار وغیرہ کی دیکھ بھال

تشریح - بعضے ناواقف تلاش کو لفظ عربی جان کر متلاشی یعنی تلاش کننده کے بولتے ہین یہ غلط ہے صحیح بجاے متلاشی کے تلاشی ہے اس لیئے کہ لفظ تلاش ترکی ہے تلاشی عربی مین اس کے معنی نیست و نابود ہونا - یہ مصدر رہے ماخوذ لاشے سے۔

تلاشی لینا - جھاڑا لینا۔

تلافی - عوضہ - پاداش - مکافات - تدارک پانا - ہاتھ مین لانا - دل جوئی کرنا - ایک دوسرے کو پانا۔

تلبیس - ایک شے مین دوسری شے کی مشابہت پیدا کرنا اس نیت سے کہ اس مشابہت کے ذریعے سے مغالطہ دیا جائے یا اس علم سے کہ اس کے ذریعے سے مغالطہ چلنے کا احتمال ہے - ملنا - چھپانا - کسی عیب کا کسی سے - اور بمعنی مکر و فریب کے مستعمل ہوتا ہے۔

تشریح لغوی معنی لباس پہننا - اصطلاحی دغا فریب جعل فریب - دھوکا - کیون کہ آدمی مکر و فریب سے اپنے ارادے کو چھپاتا ہے۔

تلبیس سکہ - قلب سکہ - سکہ بدل کر چلانا - نقل کرنا - جعل بنا۔

تلبیس لباس - دھوکا دینے کے واسطے سرکاری وردی پہننا۔

تلطف - مہربانی - عنایت - کرم - لطف کرنا۔

تلف - ضایع - برباد - خراب - رائگان ہلاک - فنا - ہلاک ہونا - تباہ۔

تلف کرنا - ضایع کرنا - برباد کرنا - تباہ کرنا - جیسے بولتے ہین کہ محافظ خانہ کے کاغذات تلف کیئے گئے۔

تلوار - تیغ - شمشیر - حسام - صمصام۔

کھانڈا۔ ایک قسم کا خوش نما اور مفید ہتھیار۔

تلون۔ رنگا رنگ ہونا۔ رنگ برنگ۔ رنگ بدلنا۔ تبدیل رنگ۔ ایک حالت پر نہ رہنا۔ اضطراب۔ چھچھور پن۔

تلون مزاج۔ غیر مستقل مزاج۔ وہ شخص جس کا مزاج ٹھکانے نہ ہو۔

تلون مزاجی۔ بے استقلالی۔

تمادی۔ درازی۔ دیر۔ عرصہ۔ وہ میعاد جس کے گذر جانے سے نالش کا اختیار نہ رہے۔ شنوائی کی مدت کا گذر جانا۔ سماعت دعوی کی میعاد معینہ کا نکل جانا۔ میعاد کا گذر جانا۔ کشیدگی۔ درازی۔ مدت۔ مقدمہ کی سماعت کی حد۔ مدت تک جاری رہنا۔ حد ایام زمانہ۔

تمادی ایام۔ میعاد کا گذر جانا۔

تشریح ایام جمع یوم کی ہے بمعنی دن۔

تمارض۔ بے مرض اپنے تئیں بیمار بنانا بغیر مرض کے بیمار رہنا۔

تماش بین۔ بدکار۔ عیاش۔ آوارہ۔ یہ تماشا بین کا مخفف ہے۔

تماش بینی۔ رنڈی بازی۔ بدکاری۔ آوارگی۔ فسق و فجور۔

تمانچہ۔ تفنگچہ۔ پستول۔ ایک قسم کی چھوٹی بندوق۔

تمتع۔ برخورداری۔ فائدہ اٹھانا۔

تمتع اٹھانا۔ فائدہ پانا۔

تمثیل۔ مثال۔ مشابہت۔ تشبیہ۔ نظیر

تمرد۔ سرکشی۔ بغاوت۔ نافرمانی۔ عدول حکمی۔ گستاخی۔ توہین عدالت۔ خود سری۔ خود رائی۔

تمرد شعاری۔ سرکشی کرنا۔ اس کا لفظی ترجمہ سرکشی کا لباس ہونا۔ یعنی سرکشی کرنا۔ (دیکھو تمرد)

تمسک۔ گرفت۔ دستاویز۔ وہ نوشتہ جو قرض کی سند میں قرضدار قرضخواہ کو لکھ دیتا ہے تا کہ قانونی مواخذہ یا پکڑ سے بچے۔ مضبوطی سے پکڑنا۔ ایک سرکاری تحریر۔ لکھت۔ قرض کا تحریری اقرار نامہ۔ سرکاری اسٹامپ کسی چیز میں چنگل مارنا۔ پکڑنا کسی شے کا مجازاً دستاویز۔ لغوی معنی گرفت۔ ہر نوشتہ جس کی رو سے ایک شخص دوسرے کو اقرار اولے روپیہ باین شرط کرے کہ اگر تعمیل مندرجہ ہو تو یہ اقرار نامہ باطل ہو جائے گا تعریف ہذا تعریف مندرجہ شرح بروم صاحب بہادر سے مختلف ہے جو یہ ہے (ا) تمسک وہ وثیقہ ہے جس کے ذریعے سے ایک شخص دوسرے کو اقرار ادائے کسی قدر روپیہ کا با قرار انجام دہی کسی ادراہ یا کام

کے کرے (۲) تمسک وہ اقرار و سرداری
کا ہے کہ جس پر دستخط یا نشانی یا مُہر
مُقر کی تصدیق گواہی دو گواہان حاشیہ
کے ثبت ہون (۳) جو وکیل بابت مختانہ
کے موکل سے اقرار لکھا لیوے وہ داخل
تعریف تمسک ہے

تمسک اصلی - جو اصلی تمسک ہو نقلی نہو۔

تمسک رجسٹری شدہ - وہ تمسک جس
کی رجسٹری ہو گئی ہو۔

تمسک غلہ - جس مین اقرار کاشت کار دینے
غلہ کا کسی خاص وقت مین بلا ذکر روپیہ کے
کرے۔

تمسک مصنوعی - بناوٹی تمسک جعلی
تمسک - وہ تمسک جو قانوناً ٹھیک نہو۔

تمسک مناط دعویٰ - وہ تمسک جس
پر دعوے کی بنیاد ہو۔

تشریح - مناط مصدر میمی ہے کسی
چیز کے ساتھ ملنا - اور بمعنی حاصل بالمصدر
کے مستعمل ہے یعنی درآویختگی و پیچیدگی۔
اور صیغہ اسم ظرف کا بھی ہے بمعنی جگہ ملنے
اور لٹکنے کسی چیز کی اور مجازاً کبھی بمعنی
مطلب اور مقصد کے بھی مستعمل ہوتا ہے

تمغا - نشان - مہر - داغ جو گھوڑے کی ران
پر دیتے ہین - محصول جو سوداگرون سے
لیتے ہین - مہر سرکاری جو اسباب سوداگری
پر بعد لینے محصول کے لگائی جاتی ہے -
فرمان بادشاہی - شاعر کا اپنے مضمون کو
مکرر باندھنا - محصول چونگی - وہ مہر جو سوداگری
مال پر سرکار کی طرف سے لگائی جاتی ہے
عزت کا نشان - بلہ - چپراس - سند -
جاگیر کی سند - معافی یا انعامی زمین - داغ -
علامت - سکہ - ٹھپہ - ڈپلوما - میڈل کار
گزاری یا انعام وغیرہ کا - نقرئی یا طلائی
تمغہ جو حاکم کی طرف سے زیب تن فرمانے
کو دیا جاتا ہے -

تشریح تغما غلط ہے صحیح تمغا ہے
اس کی رسم خطی مین اختلاف ہے بعض
تمغا اور بعض تمغہ لکھتے ہین -

تمغہ بٹھانا - سکہ بٹھانا - حکومت بٹھانا - رعب
جمانا - تحکم جتانا -

تملیک - کسی کو کسی چیز یا مال کا مالک کرنا
اور اُس کے قبضہ مین دینا - مالکیت -
انتقال جائداد و تصرف جائداد -

تملیک نامہ - ہبا و لہ عطیہ کی تحریر - مالک
بنانے کی تحریر - اس سے مُراد ہر نوشتہ
بجز وصیت نامہ کے ہے جس کے ذریعہ
سے جائداد منقولہ یا غیر منقولہ کے تصرف
آیندہ کی بابت ایک سے دوسرے کو
بھیجنے کی بابت تملیک کی گئی ہو یا تملیک
کا اقرار کیا گیا ہو - لفظ تملیک نامہ مین جاگیر

ومعافی دوام داخل ہے۔ اور جاگیر یا معافی
حین حیات کی وستاویز۔

تمنچہ۔ (دیکھو تمانچہ)

تمنچہ داغنا۔ تمنچہ چلانا۔

تموّل۔ مال دار ہونا۔ دولت مندی۔
تونگری۔ مالداری (مصدر ہے)

تمہید۔ فرش بچھانا۔ کسی مضمون کی اٹھان
کسی بات کی تقریب۔ دیباچہ۔ عنوان
آغاز۔ مقدمہ۔ خطبۂ کتاب۔ بچھونا بچھانا
نیک اور درست کرنا کسی کام کا۔

تمیز۔ جدا کرنا۔ مجازاً عقل و ہوش علیحدہ
کرنا۔ شناخت۔ پہچان۔ فرق۔ تفاوت
جانچ۔ انداز۔ عقل۔ دانش۔ ہوش
گیان۔ شعور۔ عقل سلیم۔ ادب۔ قاعدہ
اہلیت۔

تشریح اس میں دو ی تھیں ایک
تخفیفاً حذف ہو گئی۔

تمیز دار۔ ذی عقل۔ اہل۔ مودب۔ لائق
ہوشیار۔ فہیم۔

تنازع۔ باہم جھگڑا کرنا۔ جھگڑا۔ لڑائی
ہنگامہ۔ تفرقہ۔ جدائی۔ ٹنٹا۔ مناقشہ
دنگا۔ فساد۔ قضیہ۔ تکرار۔ راڑ۔ رنجش
بغض۔ عداوت۔ نفاق۔ مخاصمت۔
خصومت۔

تناسب۔ رشتہ۔ ملاپ۔ اندازہ۔
باہم نسبت ہونا۔ مناسبت رکھنا۔ مقابلہ
موزونیت۔ خوب صورتی۔ باہمی تعلق۔
باہمی مطابقت۔ موافقت۔

تناقض۔ ایک جائداد پر ایک دوسرے
کے خلاف دو دعوے ہونا۔ ایک دوسرے
کو توڑنا۔ باہم مخالف ہونا۔

تشریح۔ باب تفاعل کا مصدر ہے
اس کی اصل نقض ہے۔

تنبول۔ وہ باہمی لین دین جو ہنود میں
شادیوں کے موقع پر اپنے ہم قوم اور
ہم سایوں سے ہوتا ہے یہ رسم عوض
معاوضہ کی ہے۔ پان جو مشہور درخت کے
پتے ہیں اور بمعنی کبادہ یعنی چھوٹی کمان۔

تشریح گو پیشتر یہ رسم صرف اہل ہنود
ہی کی تھی اور صرف ہم قوم ہی سے لین دین
تھا۔ مگر اب اہل اسلام اور غیر اقوام سے بھی
رائج ہے۔ مساعدہ۔ بدلہ۔ نیوتہ۔ تنبول
یعنی نیوتہ کے واپس دینے کی نالش بھی ہو سکتی
ہے۔ دیکھو حسب منشائے پنجاب سول کوڈ
عدالت اپنی مرضی سے نالش کی اجازت
دے سکتی ہے۔ مگر افسروں کو ماتحتوں سے
نیوتہ لینے کی قطعی ممانعت ہے بجز نہایت
ہی قریبی رشتہ دار کے۔ میں نے ایک
تنبول بک یعنی نیوتہ کی کتاب بنائی ہے جو
ہر ایک شخص کے واسطے بہت مفید ہے۔

اب اس کے ذریعہ سے بیوہ کے ڈوبنے کا ہرگز احتمال نہین ہے۔

تنبیہ۔ آگاہ ہونا۔ عبرت۔ نصیحت۔ دھمکی

تنبیہ۔ آگاہی۔ خبرداری۔

تنبیہ۔ جتلانا۔ واقف کرنا۔ مجازاً مارنا تنبیہ کرنا۔ آگاہی۔ واقفیت۔ خبرداری۔ پند۔ نصیحت۔ عبرت۔ تاکید۔ جھڑکی ملامت۔ گھرکی۔ چشم نمائی۔ تہدید۔ سزا جو خفیف جرم کے وقت حکام مجرمون کو آیندہ جرم کے کرنے سے ڈانٹ کر بند کر دیتے ہین مگر قابل معافی خطاؤن کے واسطے ہے۔ آگاہ کرنا۔

تنخواہ۔ مہینہ۔ مشاہرہ۔ طلب۔ درماہہ مواجب۔ ماہانہ۔ ماہینہ۔

تشریح۔ یہ لفظ تن بمعنی جسم اور خواہ بمعنی چاہ سے مرکب ہے یہ اسم مفعول ترکیبی ہے یعنی خواستہ شدہ تن جس کو جسم مانگتا ہے وہ نقدی پیسہ روپیہ ہی ہوتا ہے۔

تنخواہدار۔ تنخواہ پانے والا۔ وہ نوکر جو درماہہ پر رہے۔

تنخواہ ذاتی۔ جج کی تنخواہ۔ اپنی تنخواہ پرائیویٹ تنخواہ۔

تشریح ذاتی منسوب بذات تنخواہ دیکھو تنخواہ مین۔

تنزل۔ زوال۔ اترنا۔ درجہ ٹوٹنا۔ گھٹاؤ کمی۔ تخفیف۔ درجہ سے کم ہونا۔

تنسیخ۔ انہدام۔ منسوخ کرنا۔ رد کرنا۔ باطل کرنا۔ محو کرنا۔ قلم زن کرنا۔ نامنظور کرنا لادعوی کرنا۔

تنسیخ پٹہ۔ پٹہ کا منسوخ کرنا۔

تنسیخ متبنیت۔ متبنی بنانے کو منسوخ کرنا۔

تنقیح۔ کسی چیز کو زوائد اور عیوب سے پاک و صاف کرنا۔ خالص کرنا۔ صفائی۔ تحقیق تفتیش۔ کھوج۔ تلخص۔ تحقیقات۔ دریافت۔ تعین۔ ٹھہرانا۔ صاف کرنا جدا کرنا۔ بے عیب کرنا۔

تنقیح امور۔ تصفیہ طلب۔ تصفیہ طلب امرون کی صفائی۔

تشریح امور جمع امر تصفیہ طلب یعنی جن کی صفائی مطلوب ہو۔ اور قابل فیصلہ ہون۔

تنقیح شرح لگان۔ لگان کی شرح کی تنقیح۔

تنقیح واقعاتی۔ واقعات کی تنقیح۔ وہ تنقیح جو واقعات سے منسوب ہو۔

تنقیح کرنا۔ فیصلہ کرنا۔ صفائی کرنا۔ تحقیق کرنا۔ قائم کرنا۔ مقرر کرنا۔ جمانا۔ چپکانا۔ چلتا کرنا۔

تنگ طلبی کرنا۔ شدت سے تقاضا کرنا

وصول کرنے مین شدت کرنا۔ سخت مطالبہ کرنا۔

تشریح طلب خود عربی مصدر ہے اس مین ی مصدری لگانا خلاف قواعد ہے یہ محض فارسی والون کا تصرف ہے

تواتر۔ پے در پے۔ برابر۔ لگاتار۔ مدام تابڑ توڑ۔ پے در پے ہونا۔

توبہ۔ گناہ سے باز آنا۔ افسوس۔ پچھتاوا۔ پشیمانی۔ استغفار۔ ندامت۔ انفعال عہد۔ انکار۔ قول۔ قسم۔ انحراف۔ برگشتگی ترک۔ تیاگ۔ خدا نہ کرے۔ خدا بچائے خدا محفوظ رکھے۔ پناہ۔ زنہار۔ رحم کر ترحم فرما۔ گناہ سے باز آنا یا پھرنا۔

توبیخ۔ زجر۔ ملامت۔ جھڑکی۔ طعن۔ تردز طنز۔ ملامت کرنا۔ جھڑکنا۔ سرزنش۔

توپ۔ گولا چلانے کا آلہ۔ بہت موٹا آدمی۔ پھبس۔ فوج۔ لشکر۔ اس مین ہوٹزا اور ماٹرا اور والنیس اور سرملیوس وغیرہ اور کل کی توپین اور ان کے تمام پرزے اور تمام گاڑیان اور تخت اور آلات چڑھانے اور ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے اور ان کو کام مین لانے کے داخل ہین۔

توجہ۔ کسی آدمی یا کسی چیز کی طرف منھ کرنا۔ کسی کی طرف منھ کرنا۔ رخ دینا۔ رجحان۔ میل۔ رغبت۔ رجوع۔ خیال لحاظ۔ تعلق۔ خاطر۔ سرت۔ مہربانی۔ عنایت۔ شفقت۔

تشریح اس کا مادہ وجہ بمعنی منھ ہے یہ عربی لفظ ہے۔

توجیہ۔ کسی کی طرف منھ پھیرنا۔ اچھا بیان کرنا۔ وجہ بتلانا۔ دلیل لانا۔ وجہ بیان کرنا۔ وجہ۔ باعث۔ سبب۔ بیان واضح۔ حلیہ۔ چہرے کا خط و خال۔

توجیہ نویس۔ حلیہ نویس۔

تودہ۔ انبار۔ ڈھیر۔ اٹم۔ وہ مٹی کا ٹیلہ یا کچی دیوار جس پر تیر انداز تیرون کی مشق کرتے ہین۔ تھوا۔ نشانہ گاہ۔ ہدف۔ بکثرت۔ بہت۔ کھیت کا تھوا۔ برجی ٹھڈا۔ وہ مٹی کا ڈھیر جو حدود اراضی پر قائم کرتے ہین۔ چاندماری کا تختہ یا نشان توکھ۔ (دیکھو توکھ)

تشریح۔ تودہ اور توکھ مین ایک نازک فرق یہ ہے کہ تودہ عموماً دو گانون کی حدود پر قائم کیا جاتا ہے اور توکھ زیادہ دو سے ہوتا ہے اور تودہ عموماً مٹی کا ڈھیر ہی ہوتا ہے اور توکھ کبھی پختہ اور کبھی لکڑی کا ستون ہوتا ہے جب احتمال طغیانی کا ہو۔ اور اس کے نیچے کوئلے اس غرض سے دبائے جاتے ہین تاکہ بصورت

انہدام اور ذرہے نشان ظاہری کے
نیچے سے کھودنے کوئلے سے معلوم ہو
جائے۔ تووہ دو قسم پر ہے (۱) داخلی (۲)
خارجی۔ داخلی وہ ہے جو اُس قانون کی
حدود کے اندر داخل ہو۔ اور جو حدود
سے باہر ہو وہ اُس کی نسبت خارجی کہلائے
گا۔ عموماً داخلی برجی نقشہ مین سُرخ رنگ
ہوتی ہے اور خارجی عموماً زرد یا سبز رنگ
ہوتی ہے۔

توزک۔ آرائش۔ انتظام۔ شان وشوکت
قانون۔ قاعدہ۔ ضابطہ۔ آئین۔ روزنامچہ
شاہ۔ بادشاہ کا روزنامچہ جو اُس نے
خود لکھا ہو۔ جیسے توزک بابری جہانگیری
وتیموری وغیرہ۔ تزک (دیکھو تزک)
تشریح اس کی رسم خطی مین اختلاف
ہے بعض تو اس مین و لکھتے ہین جیسے
توزک۔ اور بعض نہین لکھتے جیسے تزک۔

توزیع۔ پراگندہ کرنا۔ بانٹنا۔ ٹکڑے کرنا
زرلگان کے ادا کرنے والے کے نام
پرحساب ظاہر کرنا ہے کہ تمھارے ذمہ
اتنی رقم باقی ہے۔ فرد۔ رجسٹر معاملہ۔
نقشہ حساب۔

توزیع بقایا۔ فرد بقایا۔

توزیع حال۔ مطالبہ کی تحصیل ظاہر کرنے
کے واسطے صاحب کلکٹر ہر مہینے ایک
حساب بھیجتا ہے جس مین ہر مہینے کا زر
مطالبہ اور تحصیل اور باقی مندرج ہو۔

توزیع سالیانہ۔ سالانہ توزیع۔ وہ
توزیع جو سال کی طرف منسوب ہو۔

توسط۔ میانہ روی۔ اعتدال۔ واسطہ کرنا
بیچ۔ درمیان۔ ذریعہ۔ وسیلہ۔ آسرا۔

توسل۔ وسیلہ ڈھونڈنا۔ کسی کو بیچ مین
ڈالنا۔ وسیلہ۔ ذریعہ۔ سفارش۔ شفاعت۔

توضیح۔ تصریح۔ تفسیر۔ ترجمہ۔ واضح کرنا
تشریح۔ ظاہر کرنا۔ شرح۔ توجیہ۔ تقریر
تعبیر۔ بیان۔ وضاحت۔ کھول کر کہنا
مالگزاری۔ نام کتاب جس مین مفصلہ ذیل
کاغذات ہوتے ہین۔ (۱) توزیع مال
(۲) توزیع خرچہ سڑک (۳) توزیع خرچہ
چوکیداری (۴) توزیع خرچہ ڈاک۔
(۵) توزیع رقومات غیر مندرجہ قسط بندی
وگوشوارہ وصول باقی۔

توفیر۔ زیادتی۔ بچت۔ فائدہ۔ فاضل۔
فالتو جو اجارے پر ہو۔ فراوانی۔ بالائی
یافت۔ دستوری۔ حق السعی۔ حق المحنت
وافر کرنا۔ بڑھانا۔ زیادتی پیداوار وغیرہ۔
پورا۔ کامل۔ ترقی۔ بڑھتی۔ اس کا اور
وافر۔ وفور کا ایک ہی مادہ ہے۔

توقع۔ امید۔ بھروسا۔ آس۔ خواہش
آرزو۔ آسرا۔

توقف۔ دیر۔ وقفہ۔ ڈھیل۔ صبر۔ تامل تحمل۔ تاخیر۔

توقیر۔ عزت۔ حرمت۔ تعظیم و تکریم۔ بزرگی وقعت۔ عظمت۔

توکھہ۔ جہان تین موضعون کی حد ملتی ہے وہان ایک بڑا ستون بنایا جاتا ہے۔ اور اُس کے نیچے کوئلے گاڑے جاتے ہین۔ تودہ۔ (دیکھو تودن)

تشریح اس مین تین کی قید چندان ضروری نہین۔ بعض جگہ چار یا پانچ تک بھی ہوتی ہے۔

تولیت۔ ولی بنانا۔ سربراہی۔ اہتمام انتظام۔ نگرانی۔ اس کا مادہ ولی ہے

تولیت نامہ۔ ولی بنانے کی تحریر۔

توہین۔ ہتک۔ تحقیر۔ اہانت۔ اہانت کرنا۔ سست کرنا۔ کسی کو ذلیل اور بے عزت کرنا۔ ڈھیلا کرنا۔ کم زور و ناتوان کرنا۔ طعن کرنا۔ طنز کرنا۔ طعنہ۔ طنز۔ ذلت حقارت۔ بے عزتی۔ آبرو ریزی۔

توہین عدالت۔ عدالت کی حقارت۔

توہین کرنا۔ ہتک کرنا۔

تھاک بست۔ کسی جائداد کی حدود کا ماپنے والے سے مقرر کیا جانا۔ حد بندی دیسی پیمایش سے حدود اراضی مقرر کرنا تھاک بست۔

تشریح۔ اس کی رسم خط مین اختلاف ہے بعض تھاک الف سے بعض تھک بغیر الف کے لکھتے ہین۔ یہ دونون طرح درست ہے۔

تھانگ۔ چورون کا گھر۔ مسکن دزدان پتہ۔ کھوج۔ سراغ۔ سازش۔ بھید۔ چورون کی گھات۔ کمین گاہ۔ تھان۔ جگہ۔ چورون کی کھوہ۔ نشان۔ مال مسروقہ کا پتہ۔ اطلاع۔

تھانگ دار۔ اُس کو کہتے ہین جو بالعادت مال چوری کا لیتا ہو اور چھپانے مین جہد کرتا ہو۔ اور فروخت کرتا ہو۔

تھانگ لگانا۔ پتہ لگانا۔ سراغ لگانا۔ کھوج نکالنا۔ چوری کا پتہ لگانا۔ مال یا دولت کا پتہ لگانا۔

تھانگی۔ پتہ لگانے والا۔ چورون کا خبر دینے والا۔ چوری کا مال برآمد کرانے والا مخبر۔ جاسوس۔ چورون کا سردار۔ چورون کا سرگروہ۔ چورون کا مال برآمد کرانیوالا۔ چوری کا مخبر۔ چورون کا چودھری۔ مال مسروقہ برآمد کرنے والا۔

تھانگی داری۔ تھانگی کا مال چھپانا یا بیچ لینا۔ تھانگی کا کام (دیکھو تھانگی دار)

تھانہ۔ پولیس کی چوکی۔ پولیس سٹیشن کوتوالی وہ جگہ جہان پولیس کے

سپاہی رہتے ہین۔ پولیس کی ادنی چوکی
تھانہ دار ۔ پولیس کی ادنی چوکی کے محرر۔ سارجنٹ۔ حولدار و دفعدار سے اعلی افسر۔ کوتوال محتسب۔
تھانہ داری ۔ تھانہ کی افسری۔ کوتوالی تھانہ دار کا منصب یا عہدہ
تہتک ۔ ازالۂ حیثیت عرفی۔ کلنگ ٹیکہ رسوائی۔ بدنامی۔ بدگوئی۔ لائبل۔
تہدید ۔ دھمکی۔ جھڑکنا۔ جھڑکی۔ گھُڑکی۔ سرزنش۔ تنبیہ۔ ڈرانا۔ دھمکانا۔ خوف دلانا۔ توبیخ۔ لعنت ملامت۔ عتاب۔ ڈانٹ ڈپٹ۔ دُھتکار۔
تہدیدات درسیانی ۔ وہ تہدیدات جو فقط ایسے وجوب ہوتے ہین جن کی رو سے کسی شخص کو کسی فعل کے کرنے کا حکم دیا جاتا ہے۔ اور اگر وہ شخص وہ فعل نہ کرے تو اُس کو اندیشہ ہوتا ہے کہ اس عدم متابعت سے اور نتائج پیدا ہون گے یہ تہدیدات درسیانی ہین۔
تہدیدات غائی ۔ وہ تہدیدات جو وجوب مین نہین ہوتی ہین بلکہ ایک قسم کی مصیبت یا نقصان سے جس کی بابت فرض کیا گیا ہے کہ فریق مقدمہ حتی الوسع اس سے بچنے کی کوشش کرے گا۔ یہ تہدیدات غائی ہین۔

تشریح تہدیدات غائی کی قسمین یہ ہین (۱) تکلیف جسمانی جس مین موت بھی شامل ہے (۲) قید (۳) قرقی جائداد
تہذیب ۔ آراستگی۔ صفائی۔ درستی اصلاح۔ شائستگی۔ خوش اخلاقی۔ اہلیت۔ لیاقت۔ آدمیت۔ تربیت۔ انسانیت۔ آراستہ کرنا۔ پاک کرنا۔ کسی چیز کو اصلاح دینا۔
تہذیب اخلاق ۔ عام طور سے ایک ہنر ہے جس سے افعال انسانی اس طریقہ سے منتظم کیے جاتے ہین جس سے زیادہ سے زیادہ ممکن الوقوع مقدار بھلائی کی نتیج ہو۔
تہرنج ۔ ایک قسم کا کاغذ متعلقہ مال تیار کیا جاتا ہے۔ نیز اس سے مراد یہ ہے کہ اُس سے معلوم ہو جاے کہ فلان تاریخ اس قدر روپیہ خزانہ تحصیل مین داخل ہوا ازان جملہ اس قدر مال ہے۔ سواے۔ اور اس مین سے اس قدر بابت اسٹامپ اور مسکرات اور آبکاری اور طلبانہ اور خرچہ سڑک اور خرچہ چوکی داری ہے۔ ایک مختصر حساب جو مفصل حسابون سے بنایا جاے۔ ایک رجسٹر سرکاری چٹھیات کا جو صاحب کلکٹر کے دفتر مین رہتا ہے۔ تیرنج۔ (دیکھو تیرنج)

تشریح - اسکی رسم خطی مین اختلاف ہے بعض ترےجی سے لکھتے ہین مگر بعض تہریج ہ سے لکھتے ہین دونون کی وجہ تسمیہ اور مادہ کا پتہ کسی لغت مین نہین ملا۔

تہلکہ - ہلاکت - موت - مرن - غارت - تباہ - برباد - خوف - دہشت - غل غپاڑہ شور و غوغا - کہرام - کھلبلی - دھوم - آفت بلا - مصیبت - اُردو مین لام ساکن ہے مستعمل ہے

تہمت - گمان بد - الزام - بہتان - جھوٹا عیب - افترا - کلنک - طوفان - عیب لگانا - بُرائی کرنا کسی کی طرف گمان بد کرنا فارسی مین ہاے ہوز کے سکون سے مستعمل ہے

تہمتی - الزام لگانے والا - بدنامی کرنے والا - بہتان لگانے والا - عیب دھرنے والا - بہتانی - کلنکی

تہنیت - مبارک باد دینا - گوارا کرنا - مبارک بادی - بدھائی - بدھاوا - مبارکی -

تہور - مردانگی - زیادتی قوت غضب بہادری - شجاعت - دلیری - قوت غضبی کی زیادتی -

تھوک - ڈھیر - انبار - اکٹھا - یک مشت روکڑ - نقدی - جمع - حصہ - پٹی - جماعت گروہ - جتھا - مجمع - کمپنی - میزان کل - وہ مقام جہان کی سرحدین ملین - سمت والے

اس کو تھوڑا لکھتے ہین - مقدار - تعداد - اندازہ - پٹہ - سند - بھائی چارے کی جائداد کی تقسیم در تقسیم ہونا - یہ گڑھول کی لغت ہے - تقسیم - بخرہ - ایک ریاست کی ملکی تقسیم - بھیاچارے کی تقسیم

تشریح - تھوک بڑا ہوتا ہے اور پٹی اور طرف بہ نسبت اس کے کم ہوتے ہین - زیادہ تشریح کے لیئے پٹی کی تشریح (دیکھو)

تھوک بست - حد بندی - پیمائش کرکے حد باندھنا

تشریح - یہ اُس وقت بولا جاے گا جب گانون کی تقسیم تھوکوار ہو -

تھوک بندی - ایک تحریری اقرارنامہ جو گانون کے برابر تقسیم کرنے کی نسبت لکھا جائے -

تھوک فروش - یک مشت بیچنے والا - اکٹھا مال فروخت کرنے والا - بخلاف خردہ فروش -

تھوک لین دین - اس سے وہ خرید و فروخت مراد ہے جو مندرجۂ ذیل مقدار سے کم ہو - لیکن اگر کاشتکار کا کل ذخیرہ یا فصل ان مقدارون سے کم ہے تو وہ کل ذخیرے مین داخل ہے -

پوست بیس سیر - افیون یا اشیاے منتشی دس سیر -

تھوکا - برجی - ٹھٹھا - جہان تین سے زیادہ حدود متصل ہوتے ہین -
تشریح یہ توکہ کا بگڑا ہوا ہے - اغلب ہے کہ یہ قاعدہ قلب سے بدل گیا ہو جیسے کنارہ سے کرانہ -

تھوک دار - تھوک رکھنے والا - گڈھوال مین تھوک دار دو قسم کے ہوتے ہین (۱) پدھان (دیکھو پدھان) (۲) سردار خاندان زمینداران جیسے نمبردار یا ذیلدار میر مجلس - سرگروہ - سوداگر - پٹی دار - اکٹھا بیچنے والا - پیشوا -

تھیاڈلیٹ - یہ ایک آلہ کا نام ہے جو لفظ کمپاس سے مستعمل ہے -

تھیلہ - گون - پلہ - بڑی تھیلی - بیگ - کیسۂ بزرگ -

تیرتج - ایک نقشہ ہوتا ہے جس کے تیسرے خانہ مین ہر اسامی کے کل کھیتون کی تعداد اور چوتھے خانہ مین اور کھیتون کا رقبہ گاٹون کی پیمایش کی رو سے لکھا جاتا ہے نیز اس سے مراد وہ ہے کہ اس سے معلوم ہو جائے کہ فلان تاریخ اس قدر روپیہ خزانہ تحصیل مین داخل ہوا - ازان جملہ اس قدر مال ہے سوائے اور ان مین سے اس قدر بابت اسٹامپ اور مسکرات اور آب کاری اور طلبانہ اور خرچہ سڑک اور خرچہ چوکیداری ہے - ایک مختصر حساب جو منفصل حسابون سے بنایا جائے - ایک رجسٹر سرکاری چٹھیات کا جو صاحب کلکٹر کے دفتر مین رہتا ہے -
تشریح اس کی رسم خطی مین اختلاف ہے بعض ی سے اور بعض ہ سے لکھتے ہین

تیرتج اسامی وار - کھتونی کا خلاصہ منتخب اسامی دار - خلاصہ حساب اسامی وار جس سے تعیر کار کے ہر ایک کی پٹی کا قبضہ معلوم ہو جائے

تیقن - یقین - اعتبار - یقین کرنا -

تیہہ - سرحدی نشان - **تیہہ بندی** - سرحد کا مقرر کرنا -

ٹ

ٹاپو - جزیرہ - دیپ - جو زمین خشک مابین دریا یا سمندر کے ہو -

ٹاٹ - سن کا بنا ہوا کپڑا - کرباس - پلاس ساہوکار کے بیٹھنے کی گدی - وہ خول جس کے اندر چنا رہتا ہے - چنے کی ٹوپی -

ٹاٹ پٹرا اُلٹنا - دیوالیہ ہونے کی علامت ظاہر کرنا - دیوالہ نکلنا - دیوالیہ ہونا - کاروبار بند ہونا - کارخانہ اُلٹ جانا - دُکان

اُٹھ جانا۔

تشریح ساہوکارون کا قاعدہ ہے کہ دیوالہ نکالتے ہین تو اپنے بیٹھنے کے ٹاٹ یا گدی کو اُلٹ دیتے ہین اور چراغ روشن کر دیتے ہین

ٹارٹ - ہرجانہ - ہرج - ہرجا - دی لکٹ آدمی کے اُس فعل کا نام ہے جس سے دوسرے کو نقصان پہونچے بشرطیکہ وہ کام ارادے سے کیا گیا ہو یا غفلتہً یا بے احتیاطی سے۔ اس سے وہ نقصان متعلق ہے جس کے معاوضہ مین ہرجہ ازقسم دیوانی مل سکے بخلاف اُن افعال کے جن کی سزا فوجداری مقرر کرے

ٹال - لکڑی یا گھانس وغیرہ کا ڈھیر - انبار تودہ - لکڑیون کی دُکان - بُھس کی کوٹھی - ایک قسم کا گھنٹہ جو گائے ہاتھی وغیرہ کے گلے مین باندھتے ہین - ٹالنے کا امر - ٹالا بالا - لیت ولعل - ٹال مٹول - بہانہ - ٹالا حیلہ۔

ٹالا بالا - حیلہ حوالا - ٹال مٹول - بہانہ تاویل - چکر بکر - امروز فردا۔

ٹالنا - بہانہ بتانا - حیلہ سے پھیرنا - ہٹانا سرکانا - علیحدہ کرنا - دفع کرنا - دیر کرنا ڈھیل کرنا - ملتوی کرنا - گذارنا - کھونا ضایع کرنا - بہکانا - دھوکا دینا - فریب دینا۔

ٹانڈھ - وہ لکڑیون کا چبوترہ سا جس پر گنوار کھڑے ہوکر گوپیا پھینکا کرتے ہین اونچی زمین - کم قیمت زمین۔

ٹانڈا - قافلہ - کاروان - سوداگرون کا گروہ - بنجارے کا اسباب - اٹالہ - اثاث البیت - خاندان - کنبہ - قبیلہ - کٹم - وہ سوداگری کا مال جو ایک دفعہ لاد کر لے جائین۔

ٹانک - جوہریون کی اصطلاح مین چوبیس رتی کا وزن یعنی چار ماشہ ایک رتی جو پونے چھ رتی کا ماشہ فرض کرنے سے قرار پایا ہے۔ یہ حساب صرف جواہرات کے وزن کرنے کا ہے کمان جانچنے کا وزن جس کی مقدار پچیس سیر کی ہوتی ہے - حصہ - بٹی - جانچ - انداز تشخیص - آنک

ٹانگ - حصہ - بٹی - دلالون کی اصطلاح مین چہارم - چوتھا حصہ - لہے۔

ٹانگ اَڑانا - پانون پھنسانا - مزاحم ہونا - دخل دینا - دست انداز ہونا - قدم رکھنا - بیچ مین بولنا۔

ٹانگ لینا - ٹانگ پکڑنا - کاٹنا - کاٹنے کو دوڑنا - کتے کی طرح کاٹنا - پیچھے پڑنا گرویدہ ہونا - کتے کا کاٹنا۔

ٹائپ - نقش - چھاپہ کے حروف - ڈھلے

بھوسے حروف۔

ٹائپ باکس وہ صندوق جس مین ہندسے وغیرہ مواسر کے رکھے جائین۔

ٹائم ٹیبل - کتاب اوقات - اس مین وہ تاریخ وقت درج ہوتا ہے جس وقت اور جس تاریخ ڈاک روانہ ہو - پرچہ اوقات روانگی و رسید ڈاک - ہر چیز کے وقت کا نقشہ یا تختہ۔

تشریح جو لوگ انگریزی نہین جانتے وہ ٹائم کو ٹیم بھی کہ دیتے ہین۔

ٹپا - فاصلہ - زد - توڑ - ایک قسم کا گیت - ڈاک خانہ - پوسٹ آفس - زغند - کود - پھاند - ضلع - پرگنہ کا حصہ - دور دور کا بخیہ - ٹیپچی - موٹی سیون - موٹی سلائی - پرگنہ سے ملک کا چھوٹا حصہ یا قطعہ جس مین ایک یا ایک سے زیادہ گانون شامل ہون ممالک مغربی و شمالی کے بعض حصون مین ٹپا ایسے قطعہ کو کہتے ہین جس مین ایسا بڑا شہر یا بڑا گانون ہو جس کی زمین خود مختار ہو - نیز گانون کا ایک مجموعہ جس مین سے ایک سب سے افضل مانا گیا ہو اور ان سب کو وہ گانون متفق حصہ بناتے ہون اگرچہ کسی اور طرح سے وہ ایک ہون۔

ٹرّا - اکھڑ - بدمزاج - سخت گفتار - دنگئی - شوخ - شریر - بدذات - حرام زادہ - سرکش - سرزور - بکی - بکواسی - بک بک کرنیوالا - مغرور - گھمنڈی - اترانے والا - شیخی باز

ٹرّانا - بک بک کرنا - چلانا - چخ چخ کرنا - سخت گفتاری کرنا - ٹرٹر کرنا - غل مچانا - گستاخی کرنا - اینٹھنا - شرارت کرنا - بڑبڑانا

ٹرینزٹ بیگ - اس مین بہت سے بیگ بند ہوتے ہین جو ایک ہی دفتر کو بھیجے جاتے ہین

ٹرینزٹ آفس - ایسا دفتر جو ڈاک کی لائن پر واقع ہوا جو دفتر ادھر ادھر آتے رستہ مین پڑے یا جہان بیگ آتے ہون اور بغیر کھولے سارٹ کیئے جاتے ہون۔

ٹرین - قطار - سلسلہ - تانتا - ریل گاڑیون کا تانتا - ریل گاڑی۔

ٹسن - شرارت - راڑ - تکرار - جھگڑا - پرخاش - انتشار - بے ایمانی۔

ٹکا سا جواب - صاف صاف جواب - کانون پر ہاتھ رکھنا - جواب مطلق انکار - ترت جواب ترت انکار۔

ٹکٹ - پرچہ - دستاویز - تمسک - پاس - اجازت کا پرچہ - پروانہ راہداری - چپراس - ریل - چیک - سوداگری مال کے اوپر کا پرچہ جس مین کارخانہ کا نام وغیرہ کی تفصیل درج ہوتی ہے - چٹھی - پٹی - چندہ - قیمت - اجرت - اسٹامپ - ٹیکس - محصول -

لگان - باچھ - جزیہ - سوداگری مال کا خاص محصول۔
ٹکٹ لگانا - خطوط وغیرہ پر اشٹامپ چسپان کرنا۔ محصول یا ٹکیس لگانا۔
ٹکری - ایک زمین جو آب پاشی سے تر ہوتی ہے۔
ٹکس - ٹکیس۔ محصول - کر۔
ٹکسال - دارالضرب - سکہ خانہ - روپیہ پیسہ بنانے کا کارخانہ - وہ جگہ جہان چاندی سونے کا سکہ بنے - سکہ بنانے کی جگہ۔
تشریح یہ لفظ ٹنک یعنی روپیہ یا پیسہ اور سال یعنی گھر سے مرکب ہے یعنی روپیہ کا گھر - جہان روپیہ بنتا ہو۔
ٹکسالی - داروغہ دارالضرب - کھرا - اصل درست - آزمودہ - امتحان کردہ - آزمایا ہوا - جانچا ہوا - پاس شدہ - رائج - مروج تسلیم کیا ہوا - مانا ہوا - مستند - سکہ کے دفتر کا افسر - ماسٹر سکہ۔
ٹکینہ - ایک قسم کا خفیف ٹکیس جو چرائی پر لگایا جاتا ہو - بعض جگہ بجائے ٹکینہ کے چرائی لی جاتی ہے - لیکن یہ غیر معمولی ہے خشک سالی کی حالت مین یہ ضروری ہو جاتا ہے - ناہن مین اس کو پوپنچی بولتے ہین۔

ٹیلیگراف سروس قطعات - وہ قطعات جو اہل کاران محکمہ تار ڈاک مین ڈالتے ہین۔
ٹغشری کا - چھنال کا - قحبہ کا - یہ ایک سخت گالی ہے۔
ٹنڈیل - داروغہ میگزین - خلاصیون کا افسر - قلیون کا افسر - یہ افسر عموماً کارخانون اور تنبو خانون اور شرکون وغیرہ کے صیغہ مین ہوتا ہے۔
ٹونیا - ہاتھ سے بونا - قلم یا پودے لگانا
ٹوٹا - بانس کا ٹکرا - چربی کی بتی کا بچا ہوا ٹکرا - نقصان - خسارہ - توڑا - کمی -
ٹول - تو تل کا بگڑا ہوا ہے - پورب اور دیہات مین زیادہ بولا جاتا ہے - ایک قسم کا سرخ کپڑا - قند -
ٹول - سڑک کا محصول - کر - چونگی -
ٹول کلکٹر - چونگی اور کر کا کلکٹر -
ٹولیٹ آرٹکلس - وہ قطعات جو اُسی دن کی ڈاک مین بوجہ دیر سے ڈالے جانے کے لیئے جاتے ہون - ایسے قطعات پر ٹولیٹ مُہر بھی لگائی جاتی ہے۔
ٹون - قریہ - قصبہ - نگری - شہر - بلدہ - نگر
ٹون ہال - پنچایتی مکان - چوپال - دیوان عام - ایوان گورنری -
ٹوہ - ٹٹول - تجسس - جست و جو - کھوج - تلاش تفحص - دیکھ بھال - نگہبانی -

ٹھپا چھاپ نقش۔ سکہ ابھرے ہوئے نقش۔ مہر نقش کرنے کا آلہ چھاپنے کا آلہ۔ سانچا۔ ایک قسم کا چوڑا منقش بادلہ کا بنا ہوا گوٹا۔ لیس۔

ٹھیکرہ۔ چوکی داری کا دستور جو پرگنہ رہتک مین رائج ہے جہان ہر ایک کی باری مقرر ہے۔ گانون کے مالدار آدمی پٹواری کی کتاب مین درج ہوتے ہین اور اُن کے نام مٹی کے چھوٹے چھوٹے ٹکرون یعنی ٹھیکرون پر لکھے جاتے ہین۔ یہین سے یہ نام نکلا ہے۔ وہ ٹکڑے بڑی دیگ مین ڈال دیے جاتے ہین جو کہ ایک دوسری خالی دیگ کے ساتھ رکھی جاتی ہے۔ اِن کو روزانہ دھانک کے ساتھ دیکھنا اور نامون کی مطلوبہ تعداد کو جسے اپنی کتاب مین درج کرتا ہے بھری ہوئی دیگ مین سے دفعتہً نکالنا پٹواری کا فرض ہے۔ یہ کارروائی روزانہ اسی طرح پر جاری رہتی ہے۔ یہان تک کہ پہلی دیگ جس مین سے نکالنا شروع کیا تھا خالی ہو جاتی ہے اور اُسی طرح یہ کام جاری رہتا ہے۔

ٹھکانا لگانا۔ پتہ لگانا۔ سُراغ لگانا۔

ٹھگ ٹھگنے والا۔ دغاباز۔ چور۔ فریبی چھلیا۔ راہ مار۔ اٹھائی گیر۔ بٹمار۔ قزاق۔ ایک قوم جس کا پیشہ مسافرون کو زہر وغیرہ یا پھانسی دے کر مار ڈالنا اور طرح طرح سے چھینا ہے۔ یار مار۔ محسن کش حرامزادہ۔ مکار۔ بدمعاش۔ عیار۔ دھوکا دینے والا۔ غدار۔ ایک شخص جو مسافر یا اجنبی کو دھوکا دے کر لوٹ لے۔ جس نے کسی وقت بعد جاری ہونے تعزیرات ہند کے کسی اور شخص یا اشخاص کے ساتھ عادتاً بدین غرض ملاپ رکھا ہو کہ قتل عمد کے ذریعے یا بشمول قتل عمد کے سرقہ بالجبر یا دزدی اطفال کے جرم کا ارتکاب ہو وہ ٹھگ ہے

تشریح۔ ٹھگون کا ایک طائفہ تھا کہ مسافرون کو فریب دیتے تھے اور بذریعہ پھانسی کے قتل کر کے لوٹ لیا کرتے تھے جب سے سررشتہ ٹھگی و ڈکیتی مقرر ہوا وہ عموماً دور ہو گئے۔

ٹھگائی۔ فریب۔ دھوکا۔

ٹھگی۔ قزاقی۔ رہ ماری۔ پیشہ ٹھگ۔ وہ محکمہ جو ٹھگون کا انسداد کرنا اور اُن کو پکڑتا ہے۔ محکمہ گیرائی۔

ٹھگ لینا۔ دھوکا دے دینا۔ غریب یا بھولے کو دم دے کر کچھ لے لینا۔ چھل لینا

ٹھگنا۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ دغا کرنا چل دینا۔ چھلنا۔ کسی چیز کو کم داموں مین خریدنا۔

ٹھگیا۔ دغاباز۔ فریبی۔ مکار۔ قزاق۔ رہمار

رہزن۔ بٹمار۔ قطاع الطریق۔
ٹھیکا۔ سہارا۔ آرام۔ اجارہ۔ مقرری۔ قرارداد۔ کرایہ۔ پٹا۔ اجرت۔ مقر نشست گاہ۔ بیٹھک۔ جائے قرار۔ ٹھیرایا ہوا۔ مقرر۔ کسی میعاد کے واسطے کسی چیز کا حق خریدنا۔
تشریح اس کی رسم خط میں اختلاف ہے بعض الف سے اور بعض ہ سے لکھتے ہیں
ٹھیکا بھیٹ ۔ وہ نذرانہ جو ٹھیکا لینے پر دیا جائے۔
ٹھیکا پٹہ۔ دستاویز اجارہ۔
ٹھیکا پیشگی۔ وہ ٹھیکا جس کا روپیہ پیشگی یعنی پہلے ادا کیا جائے۔ ایک ٹھیکا جس کا کرایہ پہلے ادا کیا جائے۔
ٹھیکا حین حیاتی۔ زندگی بھر کا ٹھیکہ
ٹھیکا خشک۔ سادہ ٹھیکہ۔
ٹھیکا دائمی۔ ہمیشہ کا ٹھیکہ۔
ٹھیکا مجہری۔ وصلات کا ٹھیکہ۔
ٹھیکا مستاجری۔ کرایہ لیا ہوا ٹھیکہ۔
تشریح یہ صورت ایسی جگہ واقع ہوتی ہے جہاں زمیندار مالگزاری کی سنگینی جمع کے باعث متحمل نہیں ہو سکتے وہاں ٹھیکہ دار کے متعلق ہو جاتا ہے۔
ٹھیکہ دار۔ جو ٹھیکہ لے۔ کرایہ دار۔ اجارہ دار لائسنس وار۔ وہ لوگ جن کو مالک اپنی ملکیت کا ٹھیکہ دے۔ ٹھیکہ رکھنے والا۔ جو کسی افیون وغیرہ کا لائسنس رکھتا ہو جو کاشتکاروں سے معاملہ کر کے مالکوں کو دیتا ہے۔
ٹھیکہ دار باقی دار۔ بقایا والا ٹھیکہ دار۔ وہ ٹھیکہ دار جس کے ذمے کچھ بقایا ہو۔
ٹھیکہ دار موروثی۔ جو باپ دادا سے ٹھیکہ دار چلا آیا ہو۔
ٹھیکہ داری کا بندوبست ٹھیکہ داری کا انتظام۔
ٹھیکہ لینا۔ اجارہ لینا۔ کسی میعاد کے واسطے کسی چیز کا حق خریدنا۔
ٹیپ۔ دباؤ۔ داب۔ تمسک۔ چک۔ ضمانت ساہوکار کا وہ تمسک جس میں اصل مع سود کے عوض فصل پر اناج وغیرہ دینے کا اقرار لکھا جاتا ہے۔ الاپ۔ یادداشت۔ یہ نوٹ کر لینا۔ کچھ جلدی میں لکھنا۔ فوج کا دستہ۔ ایک زیور کا نام جسے عورتیں ماتھے پر پہنتی ہیں۔ چوٹی کا عمدہ۔ منتخب۔ چیدہ۔ اعلیٰ۔
ٹیپنا۔ بھیجنا۔ لکھ لینا۔ ٹانک لینا۔ یادداشت میں درج کر لینا۔ الاپنا۔
ٹیکس۔ سرکاری قرضہ (دیکھو ٹکس)
ٹیلیگراف۔ علامات سے خبر پہونچانے کا آلہ۔ تار برقی۔

ٹیلیگراف ڈسپیچ بک - وہ کتاب جس
مین تار کے پیغام روانگی کے لیئے لکھے
جاتے ہین -
ٹیلیگرام - وہ خبر جو تار کے ذریعے سے آئی ہے
یا آئی ہوئی تار کی خبر -
ٹیوا - جنم پتری - زائچہ - عادت - چسکا
مزہ -

ث

ثابت - پورا - کامل - سارا - درست -
قائم - مستقل - برقرار - مضبوط - پائدار
مستحکم - صداقت کو پہونچا ہوا - مصدقہ
تصدیق شدہ - مستند - وہ ستارہ جو
گردش نہ کرے جیسے قطبین وغیرہ - ثابت
شدہ - جس کا ثبوت ہو چکا ہو - ثبوت -
پختہ - محقق -
ثابت کرنا - ثبوت دینا - مضبوط کرنا -
قائم کرنا -
ثابت ہو جانا - تحقیق ہو جانا - صداقت
کو پہونچ جانا - پورا ہو جانا - ٹوٹی ہوئی چیز
کا جڑ کر کامل ہو جانا -
ثالث - تیسرا - تیسرا آدمی - بچولیا - پنچ
اسیسر - منصف - درمیانی -
تشریح - ثالث اور حکم مین یہ فرق ہے
کہ ثالث بمعنی فیصل کنندہ مطلق ثالث
بمعنی ثالث بالخیر یعنی عادل اور ثالث
بالشر یعنی فتنہ انگیز کے ہے اور
حکم بفتح دادرس یا پنچ و حکم کنندہ و ممیز
و منصف کے مستعمل ہوتا ہے - لہذا جب
ان دونون لفظون سے معنی عادل کے
مراد ہوتے ہین تو مرادف ہوتے ہین -
اور باقی معانی مین مباینت رکھتے ہین -
ثالث بالخیر - وہ پنچ جو کسی کی رورعایت
نہ کرے - وہ تیسرا آدمی جو کسی کی طرف
داری نہ کرے - بہتر بچولیا - اچھا پنچ -
ثالث حصری - وہ پنچ جس پر فریقین
نے اپنے مقدمے کا حصر کر دیا ہو کہ جس
طرح چاہے کرے -
ثالث نامہ - پنچون کا لکھا ہوا فیصلہ -
پنچون کی تحریر - فیصلہ ثالثی -
ثالثی - پنچایتی - پنچایت والا - منسوب
بہ پنچایت -
ثالثاً - تیسری دفعہ - تیسرا درجہ -
ثامناً - آٹھوین دفعہ -
ثانی - دوسرا - دوسرے درجے کا - نظیر

مانند۔ مقابل۔

ثانی الحال۔ من بعد۔ دوسرے۔ آخرالامر دوسری دفعہ۔ دوسرے وقت۔ بعد ازاں۔ پھر

ثانیاً۔ دوسری دفعہ۔ دوئم۔

ثبات۔ قرار۔ قیام۔ پائداری۔ استقلال مضبوطی۔

ثبات رائے۔ استحکام رائے۔ استقلال رائے

ثبت۔ تحریر۔ ترقیم۔ نوشت۔ نقش۔ مہر دستاویز۔ درج۔ ٹھپا۔ چھاپہ۔

ثبت کرنا۔ لکھنا۔ درج کرنا۔ دستخط کرنا۔ العبد کرنا

ثبوت۔ دلیل۔ گواہی۔ شہادت۔ اظہار برہان۔ اپنی جگہ پر قرار پکڑنا۔ استحکام مضبوطی۔ قیام۔ صداقت۔ تحقیق۔ گواہی سے کسی بات کی تصدیق۔

ثبوت استحقاق۔ حقیت کا ثبوت۔ حق کا ثبوت۔

ثبوت بدیہی۔ ایسا ثبوت جو دلیل کا محتاج نہو۔ ظاہرا ثبوت۔

ثبوت تائیدی۔ مؤید یا مستحکم ثبوت وہ ثبوت جس مین تائید کی گئی ہو۔ قوی ثبوت۔

ثبوت تحریری۔ لکھا ہوا ثبوت۔ تحریری شہادت۔

ثبوت تردیدی۔ تناقض ثبوت۔ ثانی ثبوت۔ وہ ثبوت جو دوسرے کی رد مین ہو مدعا علیہ کی جانب سے رد کرنے کا ثبوت

ثبوت تقریری۔ زبانی ثبوت۔

ثبوت جرم۔ جرم کا ثبوت۔

ثبوت حقیت۔ (دیکھو ثبوت استحقاق)

ثبوت خارجی۔ ظاہرا ثبوت یا باہر سے ثبوت۔ صوری ثبوت۔

ثبوت درجۂ اول۔ پہلے درجے کا ثبوت ٹھیک ثبوت۔ بڑھیا ثبوت۔

ثبوت دستاویزی۔ جو ثبوت دستاویز کے ذریعے سے ہو۔

ثبوت شہرت۔ جو ثبوت مشہور ہونے پر مبنی ہو

ثبوت صریح۔ ظاہرا ثبوت۔ صحیح ثبوت۔ ٹھیک ثبوت۔ صاف ثبوت۔

ثبوت ضمنی۔ جو ہمسری یا یک جدی یا قرابتی کا ثبوت ہو۔ وہ ثبوت جو مجمل طور پر ہو۔ جو ثبوت ضمن مین ہو جائے صریح نہو

ثبوت قانونی۔ قانون کے موافق ثبوت شرعی ثبوت

ثبوت قرائن۔ جو علامات یا حالات سے ثبوت ہو۔

ثبوت قطعی۔ آخری ثبوت۔ کامل ثبوت۔ بالکل ثبوت۔ ثبوت شافی۔ ثبوت حتمی۔ یقینی

ثبوت۔

ثبوت قیاسی۔ فرضی یا احتمالی ثبوت خیالی ثبوت۔ ثبوت محتمل۔ ثبوت ظنی۔ ثبوت شکی۔

ثبوت کاغذی۔ جو کاغذ اور تحریر کی رو سے ثابت ہو۔

ثبوت کافی۔ پورا اور کافی ثبوت۔

ثبوت لسانی۔ زبانی ثبوت۔

ثبوت مثل۔ جو ثبوت مقدمہ کی مثل سے ہو۔

ثقالت۔ گرانی۔ بوجھ۔ وزن۔ بھاری پن۔ سختی جو بدہضمی وغیرہ کے باعث ہو۔ ثقل۔

ثقل۔ (دیکھو ثقالت)

ثقہ۔ مرد معتبر۔ معتمد آدمی۔ جس کے قول و فعل پر اعتماد ہو۔ مقطع آدمی۔

ثقہ بدمعاش۔ وہ شخص جو معتبروں اور پرہیزگاروں کی سی شکل بنا کر بدمعاشی کرے مقطع صورت بدمعاش۔ پکا لچا۔

ثلث۔ تیسرا حصہ۔ ایک تہائی ⅓

ثمن۔ قیمت۔ اجرت۔ سول طلبی نامہ۔ حکم نامہ۔ بلاوہ۔ طلب۔ طلبی۔

تشریح اس معنی میں یہ لفظ انگریزی لفظ سمن سے بگڑا ہوا ہے اس کی رسم خطی میں اختلاف ہے بعض س سے لکھتے ہیں (دیکھو سمن)۔ ثمن اور وارنٹ میں یہ فرق ہے کہ ثمن صرف طلبی نامہ یا اطلاع نامہ ہوتا ہے اور وارنٹ سے ایک قسم کا علاوہ اطلاع کے تشدد اور اخذ مثلاً تلاشی یا قرقی یا گرفتاری یا اس قبیل سے اور کوئی مضمون ظاہر ہوتا ہے (دیکھو وارنٹ)

ثیبہ۔ شوہر دیدہ عورت۔ بکر شکستہ عورت ازالہ بکر شدہ عورت۔ وہ عورت جو خاوند سے ہم صحبت ہو چکی ہو۔ خلوت صحیحہ شدہ عورت۔

ج

جا جگہ۔ مقام۔ ٹھاؤں۔ ٹھکانا۔

جا بیجا۔ موقع بے موقع۔ درست نادرست ٹھیک بے ٹھیک۔ مناسب نامناسب برا بھلا۔ ایک قسم کی گالی ہے۔ بولتے ہیں فلاں شخص نے بہت جا بے جا کہا

جانشین۔ ولی عہد۔ قائم مقام۔ نائب السلطنت۔ ٹیکا۔ لفظی ترجمہ جگہ پر بیٹھنے والا۔

جابر۔ جبر کرنے والا۔ ظالم۔ اتیائی۔ خود سر
مطلق العنان۔ خود مختار۔ با اختیار۔
خود سر حاکم۔ مطلق العنان بادشاہ۔
شخصی حکومت کا بادشاہ۔
تشریح۔ یہ اسم فاعل ہے اس کی اصل
جبر ہے۔

جادو۔ ٹونا۔ سحر۔ افسون۔ منتر۔
تشریح۔ بعض اس کو اسم فاعل خیال
کرکے جادوگر کے معنی لیتے ہیں

جادو جگانا۔ افسون یا منتر کے اثر کو آزما کے
دیکھنا۔ جادو کرنے سے پہلے اس کی آزمائش
کرنا۔ سحر کو عمل میں لانا۔

جادو کا پتلا۔ انسان یا حیوان کی وہ مورت
جو جادوگر سحر کا عمل کرنے کے واسطے بناتے
ہیں کیونکہ ساحر کو جس پر جادو کرنا منظور
ہوتا ہے وہ اُس شخص کی صورت کا آٹے کا
بت بنا کر اُس کے اوپر جادو پڑھتا ہے۔
کہتے ہیں جو کچھ جادوگر اس پتلے کے ساتھ
عمل کرتا ہے وہی اُس کی ہم شکل غائب
پر اثر ہوتا ہے۔ مثلاً یہاں پتلے کی آنکھوں
میں سوئیاں چبھوئے گا تو وہاں بھی
وہی کیفیت ہوگی۔ جادوگر۔
تشریح۔ فلسفۂ حال کے قائل ایسی
صورتوں کو محض توہمات اور بعید از
عقل سمجھتے ہیں گو جادو کو برحق ہی مانا جائے

جادوگر۔ فسوں ساز۔ ساحر۔ ٹونا کرنے والا
سیانا۔

جادوگری۔ ساحری۔ سحر سازی۔

جاذب۔ جذب کرنے والا۔ چوسنے والا
سکھانے والا۔ کھینچنے والا۔ کشش کرنے والا۔
سوختہ۔ بلاٹنگ پیپر۔ بلاٹنگ۔ وہ
کاغذ جو روشنائی کو چوستا ہے۔
تشریح۔ یہ اسم فاعل ہے اس کا مصدر
جذب ہے جس کو حسب قاعدہ قلب جبذ
بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

جار۔ دھگڑا۔ پڑوسی۔ ہم سایہ۔ خبر دینے والا
زیر یا کسرہ دینے والا۔
تشریح۔ ہم سایہ کے معنی میں خصوصاً
حق شفع کے موقع پر قانون میں زیادہ
مستعمل ہوتا ہے۔ اگر جار یار کا بگڑا ہوا
تسلیم کیا جائے تو یہ عوام اور گنواروں
کی بولی ہوگی۔

جار ملصق۔ وہ ہم سایہ جس کی جائداد
گھر اُس جائداد کے عین متصل ہو جس کا
حق شفع کیا جانے کو ہو یا کیا گیا ہو
تشریح۔ جار کے معنی ہم سایہ تشریح کے
لیے دیکھو جار۔ ملصق اسم فاعل الصاق مصدر
بمعنی ملنا۔ اور چمٹنا اور پیوستہ ہونے کا
ہے چونکہ ہم سایۂ مذکور بھی از روئے مکان
ملا ہوا ہوتا ہے اس لیے اُس کو جار ملصق

بولتے ہین۔بعض بجاے ملصق کے ملاصق
کا استعمال کرتے ہین

جاری۔رو ان بہتا ہوا۔نافذ۔مروج رائج
مستعمل۔

تشریح۔اگراس کو یاری کا بگڑا ہوا
ماناجاے تو اُس کے معنی زنا۔چھنالا۔چام
چوری۔حرام۔حرام کاری۔زناکاری۔
فسق وفجور کے ہون گے۔اس صورت مین
یہ عام گنوارون کی بولی ہوگی۔

جاری کرنا۔نافذکرنا۔

جاریہ۔باندی۔لونڈی۔کنیزک۔کشتی
آفتاب۔بیٹی۔جاری ہونے والی نعمت
جوخدا کی طرف سے ہے۔اس کی جمع
جواری ہے۔

جاسوس۔مخبر۔بھیدی۔دوت۔
خفیہ نولیس۔ایک ملک کی خبردوسرے
ملک مین لے جانے والا۔ہتھانگی۔شہرخبرا
لوکل پرچہ۔

جاسوسی۔مخبری۔دوت پن۔خفیہ نولیسی
فعل جاسوس

جاکڑ۔بندھک۔دھروڑ۔شرطی۔پھیرنی
پھیرنی چیز پسند ناپسند کے اقرار پرکسی
چیزکا خریدنا۔رہن یا امانت رکھنا۔شرطیہ
سودا۔نہادہ رقم۔مشکوک حساب۔ملتوی
حساب۔سوداھبع کے بستون مین ایک
قسم کی یادداشت رکھی جاتی ہے اس کو
جاکڑ بولتے ہین

جاکڑبہی۔روکڑبہی کے خلاف۔وہ بیاما
جس مین شرطیہ بکری کی یادداشت لکھی جاے
مشکوک حساب کی بہی۔

جاکڑبیچنا۔لیتن پرفروخت کرنا۔صداقت
نامنظوری کے واسطے مال سپردکرنا۔

جاگ۔بیداری۔بے خوابی۔ہوشیاری
شب بیداری۔رت جگہ۔رات کی پوجا

تشریح جاگنے کا حاصل مصدر ہے
بولتے ہین اگرجاگ نہوتی توچورکامیاب
ہوجاتا۔

جاگیر۔معافی زمین۔وہ زمین جو گورنمنٹ
سے کسی نیک خدمت کے عوض ملتی
ہے ایک انعام اورصلہ جو بعوض کسی خدمت
کے سرکار سے ملے۔وہ قطعۂ زمین جو
ملازم ریاست کو دیا جاے اوراُس کا
معاملہ معاف کیا جاے۔وہ قطعۂ زمین
یا گانون جوباد شاہون یا نوابون کی
طرف سے دیا جاے۔تیول۔اقطاع
پرگنہ۔تعلقہ۔التمغا۔معافی۔

تشریح صحیح جاے گیرہے۔یہ اسم
مفعول مرکب ہے یعنی جاے گرفتہ شدہ۔

جاگیردار۔مالک جاگیر جس کو جاگیر ملی ہو
تعلقہ دار۔اس سے مُراد اُس گروہ یاشخص

کی ہے جو اس نام سے درمیان سرکار و
زمیندار کے سررشتہ مال گزاری مین
داخل ہو گیا ہو۔ پنجاب مین اس لفظ
سے وہ لوگ ملقب ہوتے ہین جو ایک
گانون یا پٹی گانون مین حصۂ جاگیر بہ
اجازت سرکار واسطے دوام یا عین حیات
لیتے ہین اس کے اصلی معنی یہ ہین جس کو
کوئی گانون بجلدوے کسی خدمت کے
یا تقرر منصب کے عطا ہو
تشریح معافی اور جاگیر مین یہ فرق ہے
کہ جاگیر کسی کار نمایان یا خدمت وغیرہ کے
عوض ملازمون کو ملتی ہے اور معافی وہ ہے
جو سرکار سے بطور خیرات خوری وغیرہ
کے ملے۔
جاگیر احتشام۔ وہ جاگیر جو لشکر کی پرورش
کے واسطے دی جاوے
جاگیر ذات۔ جو جاگیر شخصی پرورش کے
واسطے دی جاوے۔ جو شخصی خدمت کے
واسطے مطلوب ہو۔
جاگیر محال۔ ایک منظور شدہ ضلع۔
جاگیر منصب۔ وہ جاگیر جو کسی عہدہ
کے سبب ملی ہو۔
جاگیرات۔ عطیات
تشریح یہ جاگیر کی جمع ہے مگر قاعدہ
کی رو سے افصح نہین۔

جال کرچ۔ پیٹی اور تلوار مع پرتلہ۔
جامع۔ جمع کرنے والا۔ شامل۔ حاوی۔
حاوی۔
تشریح یہ جمع کا اسم فاعل ہے۔
جان۔ پہچان۔ واقفیت۔ آگاہی۔ علمیت
اس سے اکثر جان انسان مراد ہوتی ہے
بشرطیکہ قرینہ سے کوئی مراد اس کے
خلاف نہ پائی جاسے۔ پران۔ حیات۔ آتما
ہوتما۔ نفس ناطقہ۔ وہ جوہر لطیف یا بخار
لطیف جس کے سبب سے انسان کو بقا
حاصل ہے۔ جیو۔ جی۔ زندگی۔ زندگانی
زیست۔ روح۔ بل۔ طاقت۔ زور۔ توانا
سکتی۔ ست۔ ہمت۔ عطر۔ لب لباب
الس۔ مغز۔ گودا۔ زیبائش۔ آرائش
زیب۔ زینت۔ بناؤ۔ کلمۂ تعظیم و پیار
معشوق۔ من موہن۔ پیارا۔ لخت جگر
کلیجے کے نور۔ قرۃ العین۔ نور نظر۔
آنکھون کا تارا۔ نہایت عزیز۔ پیارا
بیٹا۔ لال۔ بہ تشدید جنون پریون
کے باپ کا نام۔ ابو الجن۔ اقسام
جنات۔ اولو العزم۔ جفاکش محنتی
عاشق بے جگر۔ عاشق بے دل
جان بخشی۔ معافی۔ عفو۔ آمرزش۔
مغفرت۔ رہائی۔ نجات۔ مکتی۔ درگذر۔
جان بیمہ۔ جان کا بیمہ۔ ایسا بیمہ جو جو

وشرائط کسی ساہوکار سے بوجھ کسی خاص
رقم کے جو کوئی بیمہ کرنے والی کمپنی یا کسی
کی بہ حفاظت مال کی نسبت اس طرح پر
کرے کہ کسی خاص یا عام صدمہ سے اس
کی زندگی کے تلف ہو جانے پر فلان
فلان شرائط کو جو ہوئی احسن پورا کرینگے
زندگی کا نوشتہ بیمہ ایک خاص رقم
محدود کے واسطے ۔ عرصۂ محدود تک
جمع کرنے سے اور بعدہ بشرط زندگی کل رقم
مقرر شدہ کا لے لینا اور اُسی عرصہ مین مر
جانے سے اُس کے ورثا مستحق اُس
روپیہ کے ہوتے ہین ۔

جان دار ۔ ذی روح ۔ حیوان ۔ طاقتور ۔
زورآور ۔ مضبوط ۔ کٹا ۔ قوی ۔ چالاک
تیز ۔ پھرتیلا ۔

جان فشانی کرنا ۔ جان چھڑکنا ۔ جان
نثاری کرنا ۔ سخت محنت اور مشقت کرنا
جان توڑ کر کام کرنا ۔ پلنا ۔ ازحد کوشش
کرنا ۔ زور مارنا ۔

جان کاہ ۔ جان گداز ۔ جان گزا ۔ جان
گلانے والا ۔ جان پھلانے والا ۔ زندگی
گھٹانے والا ۔ درد انگیز ۔ غم

جان نثار ۔ جان فدا کرنے والا ۔ جان
قربان کرنے والا ۔ وہ شخص جو اپنی جان
کو کسی کے واسطے دریغ نہ رکھے ۔ جانباز ۔

وہ مردہ جو دم نکلنے کے بعد دست و پا
پھینچ دھاڑ سے دفعۃً زندہ ہو جائے
اور پھر نہایت سختی سے جان دے ۔

جان نثار کرنا ۔ جان فدا کرنا ۔ قربان ہونا
واری جانا ۔ جان چھڑکنا ۔

جان نثاری ۔ جان بازی ۔ جان
فشانی ۔ زحمت کشی ۔ جفاکشی ۔

جانور ۔ حیوان ۔ جان دار ۔ ذی روح
کیڑا مکوڑا ۔ ڈانگر ۔ چوپایہ ۔ چرند پرند
درندہ ۔ پرندہ ۔ پکھیرو ۔ گھوڑا ۔ اسپ
وحشی ۔ غیر مانوس ۔ احمق ۔ بے وقوف
لاعقل ۔ جس مین جان ہو ۔

تشریح ۔ گو لغۃً ہر جان دار کو کہہ سکتے
مگر اصطلاحاً پرندون ۔ وحشیون چوپایون
وغیرہ پر بولا جاتا ہے نہ انسان پر ۔

جان ہار ۔ مرنے جوگا ۔ چلنہار ۔ قابل
مرگ ۔ نابود ہونے والا ۔ جینے کی باتین
نہ کرنے والا ۔ اپنی بساط اور عمر سے
بڑھ کر کام کرنے والا ۔ نہایت بہادر یا
عقلمند ۔ آفت کا پرکالا ۔ نہایت شریر
بدذات ۔

تشریح ۔ اس لفظ کے معنی ہندی
مشتقات مین سے سمجھ کر موزون ہین
اور جب اس کو جان بمعنی روح سے مانا جاے
تو یہ لفظ خلاف گرامر اور قواعد کے

متصور ہوگا۔ اس لیئے کہ اس کی ترکیب
ہی کہ رہی ہے کہ لفظ ہار جو ہندی مین
والے کے معنی دیتا ہے وہ غیر زبان کے
ساتھ ملانا جائز نہین۔ اور نہ کبھی نظر
سے گذرا ہے۔ جیسے چلن ہار۔ مرنہار
کرنہار وغیرہ تو کہ سکتے مگر رفتہار اور
کردنہار اور مُردنہار وغیرہ نہین کہہ
سکتے۔ چونکہ بعض لغات فارسیہ نے
اس کو فارسی سمجھ کر مشتقات مین شمار
کیا ہے اور اس کے معنی جان دینے
والا لکھے ہین اس لیئے اُن کی تقلید
سے گو لکھ دیا مگر اصلیت کا جتلانا ضروری
سمجھ کر جتلایا گیا۔

جانب۔ طرف۔ سمت۔ پہلو۔ رخ۔

جانب دار۔ پچ کرنے والا۔ طرف دار۔
حمایتی۔ معاون۔ حامی کار۔ مددگار
پشت پناہ۔

جانب داری۔ پچ۔ طرف داری۔
معاونت۔ اعانت۔ مدد۔ حمایت۔ رعایت
جب ہمدردی کسی ایک خاص قسم کے
لوگون سے تعلق رکھے تو اُسے جانب
داری کہتے ہین۔ حمایتی بننا۔ حمایت
کرنا۔

جانب داری کرنا۔ حمایت کرنا۔ پچ کرنا

جانبین۔ فریقین۔ طرفین۔ دونو طرف
دو طرفہ۔ مدعی و مدعا علیہ۔ ہر دو طرف
مستغیث و مستغاث علیہ۔
تشریح قانون مین زیادہ استعمال
اس کا مدعی و مدعا علیہ پر ہوتا ہے۔ یہ
ہیئت صیغہ تثنیہ کی ہے جس مین دو
ہونا پایا جاتا ہے۔

جاہ۔ مرتبہ۔ درجہ۔ طبقہ۔ رتبہ۔ منزلت۔
رفعت۔ قدر۔ عزت۔ دفتر۔ شکوہ۔ اوج
تمکنت۔ منصب۔ شرف۔ بزرگی۔
جلال۔ شان۔ عظمت۔ شوکت۔

جاہل۔ مورکھ۔ اناڑی۔ نادان۔ ان پڑھ
ناخواندہ۔ بےعلم۔ وحشی۔ ناشائستہ
غیر مہذب۔ ناہموار۔ کندۂ ناتراش۔
بداخلاق۔ اکھڑ۔ بےادب۔ گستاخ
بےسلیقہ۔ جس کو ضابطہ اے مہتم
بالشان حاصل نہون۔
تشریح یہ صیغہ اسم فاعل ہے اس کی
اصل جہل ہے

جائداد۔ حقیت۔ ملکیت۔ ملک۔ دھن۔
املاک۔ مال اسباب۔ جاگیر۔ محال۔
پونجی۔ اثاثہ۔ مایہ۔ اثاث البیت۔ مال
ومتاع۔ جنرلسیت۔ پیداوار۔ کھڑی
ہوئی فصل۔ اس لفظ سے قانوناً مراد
جائداد واقع برٹش انڈیا ہے۔ وہ جائداد
جو برٹش انڈیا مین واقع ہو۔ مال و

اسباب و زر کفالت المال و ہر بادہ و
چیز جس پر یا جس کی نسبت ارتکاب
جرم کیا جائے منقولہ ہو یا غیر منقولہ۔
تشریح۔ یہ تین قسم کی ہے۔ مطلق محدود
مقبوضہ۔ جائداد غیر منقولہ بذریعہ انتقال
و ورثہ و وصیت و دخل حاصل ہوتی ہے
اور منقولہ خرید و ہبہ و ورثہ سے۔ لغت
قانونی مصنفہ ڈہارٹن صاحب میں درج
ہے۔ اس میں ہر قسم کا مال منقولہ و زر نقد
اور کفالت نامہ جات شامل ہیں۔ ریاست
سرمایہ۔ ایک منظور شدہ زمین جو خاص
لشکر وغیرہ کی پرورش کے واسطے ہو
اس میں حسب ایکٹ متعلقہ ایڈمنسٹریشن
جنرل مال منقولہ و غیر منقولہ دونوں
شامل ہیں۔ بعض اس کو جاداد بھی
بولتے ہیں۔

جائداد آبائی۔ جدی جائداد۔ موروثی
جائداد۔ باپ دادوں کی جائداد۔ باپ
دادے کی جاگیر۔ جدی وراثت۔
تشریح۔ اب کے معنی باپ اس میں
ی نسبت کی ہے جائداد کی تشریح
(دیکھو لفظ جائداد میں)۔

جائداد اجمالی۔ مشترکہ جائداد۔ سرمایہ
مشترکہ۔
تشریح اس کا ایک شریک بغیر اجازت
دوسرے کے کل جائداد کو رہن رکھنے
کی حالت میں شریک ثانی اپنے حصہ خاص
کے ابطال رہن کے واسطے دعوی کر
سکتا ہے۔

جائداد ارضی۔ زمین کی جائداد۔
(دیکھو جائداد ارضی)

جائداد پدری۔ جو جائداد باپ سے ملے
۔ اس میں ی نسبت کی ہے۔

جائداد دیوتر۔ وہ جائداد جو ٹھاکر جی
کے لیئے وقف کی جائے
تشریح اس طرح کا وقف بصورت
واقعی ہونے وقف کے نفاذ پذیر ہو
سکتا ہے۔ دھرم شاستر میں درج ہے
یہ ہندو لا ہے

جائداد شراکتی۔ ساجھی جائداد۔

جائداد شوہری۔ خاوند کی جائداد۔
وہ جائداد جو خاوند کی طرف منسوب ہو۔

جائداد غیر منقولہ۔ زمین مکانات وغیرہ
کی جائداد۔ اس میں ارضی اور عمارات
اور علاقہ موروثی اور حق گذر اور حق
روشنی اور پل۔ اور حق شکار ماہی
یا اور طرح کا فائدہ جو ارضی سے پیدا
ہو اور وہ اشیا جو زمین سے ملصق
ہوں یا ایسی شے کے ساتھ دائما پیوستہ
ہوں جو اس سے ملصق ہو اور اس

مین اراضی اور منافع اراضی جو اراضی سے پیدا ہون اور وہ اشیا جو زمین سے ملصق ہون یا دائما پیوستہ ہون یا اس سے جو زمین سے ملصق ہون داخل ہین اور اس مین اشجار استادہ اور فصل روئیدہ اور گھانس اور درختون کا میوہ اور اس قسم اور ہر قسم کی جائداد جو غیر منقولہ ہو شامل ہے۔ اراضی و منافع اراضی و اشیاے ملصق بزمین یا جو شے ملصق بزمین کے ساتھ دائما پیوستہ ہو۔ جائداد غیر منقولہ سے مراد حقوق رستہ وحق آب وعطاے معاملہ زمین شل جاگیر ومعافی و دیگر حقوق غیر مادی ہے۔ حسب ایکٹ وراثت ہند اس سے اراضی اور مکانات اور ہر قسم کی شے ملصقہ زمین اور وہ اشیا مراد ہین جو کسی ایسی شے کے ساتھ دائما وصل ہون جو خود زمین سے ملحق ہین۔

جائداد قابل وراثت وانتقال وہ جائداد جو وارث ہونے اور انتقال کے قابل ہو۔

جائداد ما بقی۔ وہ جائداد جو باقی رہجائے جائداد فاضل۔ جائداد باقی۔

تشریح ما کے معنی وہ اور بقا کے معنی باقی رہی ہوئی۔ یعنی وہ جائداد جو باقی رہی ہو۔

جائداد متعلقہٗ خاندان۔ وہ جائداد جو خاندان کے متعلق ہو۔

جائداد متنازع ۔ وہ جائداد جس کی بابت جھگڑا ہو۔

تشریح متنازع اسم مفعول ہے اس کا مادہ تنازع ہے۔

جائداد مرہونہ۔ گرو رکھی ہوئی جائداد رہن شدہ جائداد۔

جائداد مستغرقہ۔ وہ جائداد جو رہن وغیرہ مین غرق ہو جاے یعنی جاتی رہے۔ ڈوبی ہوئی جائداد۔

تشریح یہ صورت اکثر نقادی اور قرض وغیرہ کی حالت مین پائی جاتی ہے۔

جائداد مشترکہ۔ ساجھی جائداد۔ شراکتی جائداد۔

جائداد مشفوعہ۔ وہ جائداد جس پر حق شفع کا عمل کیا گیا ہو۔

تشریح مشفوعہ اسم مفعول کا صیغہ ہے اس کی اصل شفع ہے۔

جائداد مکسوبہ۔ خود پیدا کی ہوئی جائداد حاصل کردہ جائداد۔ بزور بازو کمائی ہوئی جائداد۔ کسبی جائداد

تشریح مکسوبہ اسم مفعول ہے اس کا مصدر کسب بمعنی حاصل کرنا ہے۔

جائداد مکفولہ تمسک ۔ وہ جائداد جو کسی تحریر یا تمسک کی ذمہ داری پر ہو۔ مرہونہ جائداد۔

تشریح۔ مکفولہ صیغہ اسم مفعول کا ہے اس کا مادہ کفل ہے۔ مکفولہ آڑ کی گئی کو بھی کہتے ہین۔

جائداد منقولہ۔ قابل انتقال جائداد۔ خلاف غیر منقولہ۔ وہ جائداد جو نقل کی جا سکے۔ جائداد جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جا سکین فیصل اتا وہ جائداد منقولہ نہین۔ بجز غیر منقولہ ہر قسم کی جائداد- ہر قسم کی جائداد مراد ہے جو جائداد غیر منقولہ نہ ہو۔ وہ چیز جسے ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جا سکین جیسے مال اسباب عملہ۔ زیور وغیرہ

۔خاص چیز

بست۔ اسباب اجناس۔ مال و اموال۔ اثاثہ

وہین۔

تشریح منقولہ صیغہ اسم مفعول ہے اس کی اصل نقل ہے۔

جائداد موروثی۔ جدی جائداد۔ اصلی جائداد- آبائی جائداد۔

تشریح۔ موروث صیغہ اسم مفعول کا ہے اس کی اصل ورثہ ہے اس مین ي نسبت کی ہے۔

جائداد موصی بہ۔ وہ جائداد جس کی وصیت کی گئی ہو۔

تشریح موصی صیغہ اسم مفعول کا ہے جس کے معنی وصیت کیا گیا اس کی اصل وصیت ہے ب کے معنی ساتھ اور ہ کے معنی اس۔

جاے ماجرا۔ جرم کے وقوعہ کی جگہ۔ وہ جگہ جہان جرم واقع ہو۔

تشریح ماجرا عربی لفظ ہے ما کے معنی وہ جرا کے معنی جاری ہوا۔ مل کر معنی ہوے واردات۔ وہ چیز جو گذر گئی۔ سرگذشت۔ زمانہ گذشتہ کا حال۔

جائز۔ قانونی۔ شرعی۔ ٹھیک۔ راست۔ درست واجب۔ روا۔ جا از روے شرع یا قانون کے درست ہو۔ مطابق شرع۔ بجا و مناسب حق۔ صحیح۔ مباح۔ قانون کے موافق۔ حسب ضابطہ۔ حسب سررشتہ۔ شاستر کے مطابق مستند

مقبولہ۔ قابل منظوری۔

جائز ولی۔ یتیمون کا محافظ و نگران۔ کورٹ آف وارڈس۔ بیوہ یا نا بالغ یا نا بالغہ یا کسی اور کورٹ شدہ کا قانونی ولی۔

جائزہ۔ انعام۔ صلہ۔ نیک بدلہ۔ اہل دفتر کی اصطلاح مین علامت تصحیح جو بعد مقابلہ کے بناتے ہین۔ بدلہ۔ صحت کی لکیر۔ پرتال کی علامت۔ پرتال۔ جانچ۔ بدھ۔ مقابلہ ہو جات

حاضری گنتی شمار۔ سرسری امتحان۔

جائزہ دینا۔ حساب کتاب دینا۔ جارج دینا
سنبھلوانا۔ علامت تصحیح لکھنا۔

جائزہ لینا۔ موجودات لینا۔ پڑتالنا۔ جانچنا
حاضری لینا۔

جبر۔ زیادتی۔ سختی۔ بے رحمی۔ زبردستی۔ سینہ
زوری۔ ظلم۔ ستم۔ دباؤ۔ جور و جفا۔ زخم
بھرنا۔ پٹی باندھنا۔ پٹی۔ کر۔ ڈنڈ۔ تشدد۔
تعدی۔ فعل ناجائز۔ مراد اس فعل سے ازتکاب
یا ارتکاب کی دھمکی سے ہے جو کہ ازروے
مجموعۂ تعزیرات ہند ممنوع ہے۔ یا کسی مال کو
بطور ناجائز روک رکھنے یا روک رکھنے کی دھمکی
سے ہے جس مین کسی شخص کا ضرر ہو اور
وہ ضرر اس آزادی سے کیا جاے کہ کسی
شخص سے کوئی معاملہ کرایا جاے۔ اس مین
وہ جبر بھی شامل ہے جو کہ قانون انگلستان
مین زدوکوب کہلاتا ہے۔ اصطلاح مین جبر
خوف موت یا ضرر جسمانی کو کہتے ہین۔

تشریح جبر اور تعدی مین یہ فرق ہے
کہ جبر بمعنی درستی خلاف کسر اور دو چوب وغیرہ
جو عضو پر باندھتے ہین اور تعدی کے معنی
کسی چیز کا ایک سے دوسرے تک گذرنا
اور کسی پر ظلم کرنا۔ پس فرق ظاہر ہے۔

جبر قہری۔ دھمکی۔ وہ جبر جو غصہ اور قہر
کی طرف منسوب ہو۔ غضبی جبر۔ اس مین
ہی نسبت کی ہے

جبر مجرمانہ۔ قصداً بلا رضامندی کسی پر نیت
یا بعلم احتمال خوف یا رنج یا نقصان رسانی
زبردستی کرنا۔ قانون انگلستان مین اس کو
زدوکوب بھی کہتے ہین۔ ایسا جبر جو ناجائز
اور خلاف قانون ہو جو جرم مین داخل ہو۔
تقصیری تشدد۔

جبر نقصان۔ نقصان بھرنا۔ ٹوٹا پورا کرنا
نقصان کا عوضہ۔ تاوان۔ نقصان کا بدلہ
عوض نقص

جبر و تعدی۔ ظلم و ستم۔ جور و جفا۔ سرزوری
زبردستی۔

جبراً۔ زبردستی سے۔ ازروے تعدی۔ بجبر
قہراً۔ کرہاً۔ بزور۔ زور سے۔

جبراً و قہراً۔ چار ناچار۔ مجبوراً۔ جس طرح ہو سکے
اسی طرح۔

جبر کرنا۔ سختی کرنا۔ اڑانا۔ تنگ کرنا۔ مجبور کرنا
ستانا۔

تشریح عموماً اس کا استعمال جبر زنا پر
ہوتا ہے گو لغتہً عام ہے کیسا ہی جبر ہو۔

جبلی۔ فطرتی۔ خلقی۔ پیدایشی۔ جنم کی۔ قدرتی
طبعی۔ اصلی۔ حقیقی۔ ذاتی

جبن۔ پنیر اور سفیدی جو دودھ کو پھاڑ کر
نکال لیتے ہین۔ نامردی۔ بزدلی۔ بیدل ہونا
کم ہمتی۔ حیز پن۔ ہنیاپن۔

جبہسائی - پیشانی گھسنا - ماتھا گھسنا - ماتھا رگڑنا - منت - سماجت - ناک رگڑنا۔

جبین - ناصیہ - ماتھا - پیشانی۔

جتائی - جوتنا - کاشتکاری کرنا - زراعت کرنا۔

جتن - علاج - اُپاے - دوا - تدبیر - بندوبست - فکر - چارہ - تجویز - کوتک - کرتوت - فعل - کام - ڈھنگ - رنگ - طریقہ - دنیا - سنسار - حیلہ - بہانہ - مکر - فریب - سعی - کوشش - استقلال - استحکام۔

جتھا - گروہ - طائفہ - گلہ - گاے بیل وغیرہ کا ریوڑ - منڈلی - سول - جماعت - ٹولی - سماج - غول - پرا - فرقہ - انبوہ - بھیڑ - ازدحام - ہجوم - مجمع - ٹھٹ - سرمایہ - پونجی - مایہ - اصل - ایکا - اتفاق - طاقت - زور - بل

جتیانا - جوتیاں مارنا - جوتی سے خبر لینا۔

جج - اس لفظ سے عدالت کا اجلاس کنندہ مراد ہوتی ہے - اس مین ہر قائم مقام جج شامل رہے گا - فیصلہ کرنے والا ہر عدالت دیوانی اور سشن کا حاکم اجلاس کنندہ مراد ہے - عام اس سے کہ کسی لفظ سے ملقب ہو اس سے نہ صرف ایسا شخص مراد ہے جو باعتبار عمل سرکاری جج کے لقب سے ملقب ہو بلکہ ہر شخص مراد ہے جو قانون کی رو سے کسی دیوانی یا فوجداری کے فیصلے مین فیصلہ قطعی صادر کرنے کا اختیار رکھتا ہو یا ایسے فیصلے کے صادر کرنے کا اختیار رکھتا ہو کہ اگر وہ فیصلہ کسی دوسرے حاکم کی تجویز سے جائز رہے جس جماعت کو قانوناً ایسے فیصلے کے صادر کرنے کا اختیار ہے حسب ایکٹ عبارات عامہ اس کے معنی ضلع عدالت دیوانی اعلی مرافع اول کا صاحب

ججمان - اکثر کمی لوگ برھمنون اور شرفا کو اسی سے پکارتے ہین جن سے تعلق ماتحتی وغیرہ کا ہوتا ہے - ہوم کے واسطے پانڈون کو نوکر رکھنے والا - جگ کرنے والا - وہ شخص جس پر نائی برہمن وغیرہ برت کا استحقاق رکھین - مخدوم - آقا - مربی - موکل - اسامی۔

جدّ - دادا - باپ کا باپ - اس کی جمع اجداد ہے

تشریح - علم فرائض مین اس کا استعمال متصاعدہ ذکور کے افراد پر ہوتا ہے یعنی باپ کا باپ یا اُس کے باپ کا باپ علی ہذا القیاس۔

جِدّ - کوشش کرنا - درستی - سرگرمی - دوڑ دھوپ - اُپاے - پے روی - محنت

جِدّا - از روے سعی - کوشش سے

جدات - دادیان - یہ جدہ کی جمع ہے

جدل - لڑائی - جنگ - معرکہ - کارزار - رزم۔

جدول - نہر - نالی - نلیا - روش - وہ خط

جو کاغذ پر کھینچا جاسے۔

جدی۔ ایک دادا کی اولاد۔ موروثی۔ باپ دادا کی پشتینی۔ آبائی۔ اس مین یے نسبت کی ہے منسوب جد (دیکھو جد)

جدید۔ نیا تازہ۔ حال کا۔ اب کا۔ نو۔

جذام۔ کوڑھ۔ خون کے بگڑنے کی بیماری جس سے بدن گل جاتا ہے۔ ایک بیماری کا نام جو خون کے بگاڑ سے پیدا ہوتی ہے اور ہاتھ پانون کی انگلیان وغیرہ گرا دیتی ہے

جذامی۔ کوڑھی۔ مجذوم۔ مبروص وہ شخص جس کو مرض جذام ہو۔ (دیکھو جذام) اس مین یے نسبتی ہے۔

جذب۔ کھینچنا۔ کھینچاؤ۔ کشش کرنا۔ چوسنا۔ کھینچ۔ کشش۔ سوکھنا۔

جذبہ۔ ایک بار کھینچنا۔ دل کا جوش۔ کشش قلبی۔ جوش دل۔ ولولہ۔ شوق۔ دلی توجہ۔ غصہ۔ غضب۔ کشش۔

جرأت۔ دلاوری۔ دلیری۔ مردانگی۔ جوانمردی۔ چالاکی۔ شجاعت۔ بہادری۔ چھاتی۔ دل گردہ۔ سورماپن۔ بیباکی۔

تشریح۔ جرأت اور شجاعت مین یہہ فرق ہے کہ جرأت کے معنی دلیری اور شجاعت کے معنی بیدلی اور دلیری کرنا۔ مخاوف اور مہالک مین پس شجاعت خاص ہے اور جرأت عام۔

جراحت۔ زخم۔ گھاؤ۔ ریش۔ چیرا۔

جرار۔ اپنی طرف کھینچنے والا۔ اور لشکر بہت انبوہ دار۔ بھاری لشکر۔ انبوہ کثیر بہادر سورما۔ دلاور۔ دلیر۔

تشریح۔ بعض کہتے ہین کہ جرارہ ایک بچھو کی قسم ہے جو نہایت زہریلا ہوتا ہے اور دم کو کھینچ کر چلتا ہے یہ جر بمعنی کھینچنے سے نکلا ہے۔ صرف بچھو مذکور کے زہریلے پن کی مشابہت سے سخت غضبناک لشکر کو بھی کہہ دیتے ہین۔

جرائم۔ اُن حقوق اور فرائض کی عدم تعمیل ہے جو تمام جماعت انتظامی سے علی العموم تعلق رکھتے ہین۔ یہ تعریف حال کے مصنفون کی ہے امور ناجائز عام یعنی وہ امور ناجائز جن کی تاثیر تمام جماعت انتظامی پر ہوتی ہے۔ یہ جرم کی جمع ہے زیادہ تشریح کے لیئے دیکھو جرم۔

جرائم بمقابلہ سرکار۔ (۱) ملکہ معظمہ کے مقابلہ مین جنگ کرنا۔ یا ایسے جرم کے مقابلے مین سازش کرنا۔ یا ہتھیار یا بارود فراہم کرنا یا بغرض آسانی جنگ کے اس ارادہ کو مخفی رکھنا (۲) یا جنگی فوج کے ذریعے سے سرکار کو تخویف مین ڈالنا (۳) یا کسی فعل یا ترک ناجائز کے ذریعے سے کسی تدبیر کی موجودیت کو جو ملکہ معظمہ کے مقابلے مین

جنگ کرنے کو کی گئی ہے چھپانا (۴) کسی والی ملک سے جس سے اتحاد ہو جنگ کرنا۔ (۵) کسی اسیر سلطانی یا جنگی کو حراست سے بھاگ جانے دینا۔ (۶) بذریعہ الفاظ کے جو بولے گئے ہوں یا جن کا پڑھا جانا مقصود ہو یا بذریعہ اشارات یا نقل محسوس العین کے یا اور طور پر خیالات بدخواہی نسبت حکومت سرکار جو برٹش انڈیا میں قائم ہو قانوناً پیدا کرنا۔

جرائم خلاف وضع فطری ۔ اغلام جو مرد یا عورت کے ساتھ ہو اور مجامعت بہائم کے ساتھ مراد ہے

تشریح جرائم جمع جرم خلاف کے معنی برعکس۔ وضع کے معنی طریقہ فطری کے معنی قدرتی۔ یعنی جو قدرتی وضع اور نیچر میں ہیں اُس کے برعکس ہو۔ جیسے قدرت نے بغرض تناسل ذکور کے دخول آلۂ تناسل کے فرج اناث وضع کی اور ذکور بجائے فرج کے دبر کو جائے دخول استعمال کریں یا اپنے غیر جنس بہائم کے فروج کو جائے دخول سمجھ کر عمل درآمد کریں تو یہ جرم خلاف وضع فطری کہلائے گا (دیکھو جرم خلاف وضع فطری و حظ خلاف وضع فطری)

جرح۔ زخم۔ گھاؤ۔ اعتراض۔ گرفت۔ حجت عذر۔ جواب۔ دلیل۔ رد و قدح۔ طعن زخم لگانا۔ رکاوٹ۔ مانع۔ بحث جیسے سوالات جرح مدعا علیہ مدعی پر کرتا ہے انکار۔ سقم۔ الزام۔

جرح کرنا۔ اعتراض کرنا۔ پوچھنا۔

جرم۔ دوش۔ گناہ۔ پاپ۔ اپردھ۔ کھوٹ قصور۔ خطا۔ عصیان۔ تقصیر۔ تعزیرات ہند میں بجز اُس باب اور اُن دفعات کے جن کا ذکر دفعہ ۴۰ کے ضمن ۲ و ۳ میں ہے لفظ جرم سے مراد وہ چیز ہے جو حسب ایکٹ مذکور مستوجب سزا قرار دی گئی ہو۔ ضمن دوم باب چہارم دفعات مفصلہ ذیل یعنی دفعات ۱۰۹۔ ۱۱۰۔ ۱۱۲۔ ۱۱۴۔ ۱۱۵۔ لغایت ۱۱۸ ۱۹۴۔ ۱۹۵۔ ۲۰۳۔ ۲۱۱۔ ۲۱۴۔ ۲۲۱ لغایت ۲۲۵۔ ۳۲۷ لغایت ۳۳۱۔ ۳۴۸۔ ۳۸۸۔ ۱۸۹۔ ۴۴۵ میں لفظ جرم سے مراد ہر امر ہے جو بموجب تعزیرات ہند کے یا از روئے کسی قانون مختص المقام یا مختص الامر مصرحہ تعزیرات ہند کے قابل سزا قرار دیا گیا ہے۔ ایسا فعل یا ترک فعل جو کسی قانون نافذ الوقت کی رو سے لائق سزا قرار پایا ہو۔ وہ برائی جس کی قانون بنانے والوں نے ممانعت کی ہو اور اُس کے لئے سزا مقرر کی ہو۔ جرم سے ہر امر مستلزم سزا بروئے قانون مجریہ وقت مراد ہے۔

اور اسی مجموعہ کی دفعات ۱۸۱-۱۷۶ و ۱۷۷
۲۰۱-۲۰۲-۲۱۲-۲۱۶ و ۴۱۴ کے معنی جو
ہین وہی اس حال مین مفہوم ہون گے
جب کہ وہ امر جو قابل سزا حسب قانون
مختص الامر یا مختص المقام کے ہے اسی
قانون کی رو سے مستوجب سزاے قید
میعادی چھ مہینے یا زیادہ کا مع جرمانہ یا
بلا جرمانہ ہو۔ بغرض توسیع معنی جرم کے جو
مجموعۂ تعزیرات ہند کی بعض دفعات مین
اور دیگر اغراض کے لیئے مجموعۂ تعزیرات ہند
کی دفعات ۲۲۲ و ۲۲۳ کا مفہوم ایسا ہوگا
کہ گویا دفعہ ۲۲۲ مین بعد ان الفاظ کے
یعنی جرم کی بابت کسی کورٹ آف جسٹس
کے حکم سزا صادر کیا ہو اور دفعہ ۲۲۳ مین
بعد ان الفاظ کے یعنی جرم کا مجرم ثابت
ہوا ہو یہ الفاظ داخل تھے یعنی یا جو کہ جو ازا
حراست مین رکھا گیا ہو اور مجموعۂ مذکور
کی دفعہ ۲۲۲ کا یہ مفہوم بھی ہوگا گویا اس
دفعہ مین الفاظ مندرجۂ ذیل زیادہ کیئے
گئے تھے یعنی یا اگر وہ شخص جو ازا حراست
مین رکھا گیا تھا۔

تشریح عموماً اس کی دو قسمین مشہور ہین۔
(۱) وہ کہ خود فعل جرم ہے (۲) وہ فعل
جو صرف بہ نیت جرم ہو۔

جرم اولی۔ پہلا جرم۔

جرم ایڈمنسٹریٹلی۔ خفیف اور ہلکا جرم

جرم خفیف۔ ہلکا جرم۔ چھوٹی خطا۔
ذرا سا قصور۔ تھوڑی تقصیر۔

جرم خلاف ورزی باسرکار۔ سرکار
سے خلاف کرنے کا جرم

جرم خلاف وضع فطری۔ وہ جرم
جو حقیقی اور اصلی وضع کے خلاف ہو۔

جرم خلاف نیچر۔ خلاف عادت و طبیعت۔

جرم خلاف وضع۔ ایسا جرم جو نیچر کے
خلاف ہو۔ جیسے اغلام انسان یا حیوانات
سے جماع کرنا۔ (دیکھو جرائم خلاف وضع
فطری۔ و خطا خلاف وضع فطری)

جرم سنگین۔ سخت جرم۔ شدید جرم۔
سخت تقصیر۔ بڑا گناہ۔

تشریح سنگین کے معنی بھاری وزنی
یعنی وہ چیز جو ثقیل بوجھل اور وزن دار
ہو۔ سنگ کے معنی پتھر۔ مجازاً بمعنی مقدار
گرانی بھاری پن وزن کے ہین اور ین
کلمۂ نسبت ہے (جرم کی تشریح کے لیئے
دیکھو لفظ جرم)

جرم عظیم۔ جرم شدید۔ جرم سنگین۔ جرم
قابل پھانسی (دیکھو جرم سنگین)

جرم غیر قابل دست اندازی۔ برعکس
جرم قابل دست اندازی (دیکھو جرم قابل
دست اندازی)

جرم غیر قابل ضمانت - برعکس جرم قابل ضمانت - (دیکھو جرم قابل ضمانت)

جرم فیلونی - سنگین و سخت جرم -

جرم قابل دست اندازی - وہ جرم اور مقدمہ جس کے لیئے اور جس مین افسر پولیس کو بلدہ پریسیڈنسی کے اندر یا باہر مطابق ضمیمہ دوم ایکٹ ۱۰ فوجداری کے یا کسی قانون نافذالوقت کے بموجب اختیار ہے کہ بلا حصول وارنٹ گرفتار کرے -

جس مین اہل پولیس قانوناً بلا وارنٹ گرفتار کر سکتا ہو

جرم قابل سزاے موت - موت کی سزا کے لائق جرم - جرم عظیم - جرم سنگین - جرم اہم -

جرم قابل ضمانت - اس سے وہ جرم مراد ہے جو ایکٹ ۱۰ فوجداری کے ضمیمہ دوم سے قابل ضمانت قرار پایا ہے یا کسی اور قانون نافذالوقت کی رو سے لائق ضمانت ٹھہرایا گیا ہے

جرم کبیر - بڑی خطا - بڑی تقصیر - جرم سنگین -

جرم کا اقدام - جرم کرنے مین سعی یا کوشش کرنا - یا ارادہ جرم کرنا -

جرم متعلقہ ذات خاص - جو جرم ایک خاص شخص کرے -

جرم معان فیہ - وہ جرم جس مین مدد کی گئی ہو - وہ جرم جس مین اعانت یا ترغیب کی گئی ہو -

تشریح عموماً ایسے جرم مین دفعات بطور ربٹہ کے لکھی جاتی ہین جیسے دفعہ $\frac{302}{109}$ معان فیہ کا لفظی ترجمہ اعانت کی گئی اس مین - معان اسم مفعول ہے اس کی اصل اعانت ہے فی کے معنی بیچ اور ہ کے معنی اُس -

جرم واجب القتل - ایسا جرم جس سے مجرم کا قتل ضروری ہو - قتل عمد کا جرم جرم قابل سزاے موت - جرم قابل پھانسی جرم دفعہ ۳۰۲ -

جرمانہ - ڈانڈ - تاوان - مالی سزا - جرمانہ - ضبطگی - چیٹی - اس مین تاوان یا ضبطی زرنقد جو ازروے محکمہ واجب الدین کے وادنی ہو داخل ہے - سرکاری قرضہ مجرم کے ذمے واجب الادا رقم جس کے ادا کرنے سے تہدید غائی سے بچ سکتا ہو ایسی رقم کے ادا کرنے کو جرمانہ کہتے ہین جہان اس کی حد مقرر نہین وہ جرم مستوجب جرمانہ غیر محدود کا ہے مگر اندازے سے زیادہ نہونا چاہیئے اس مین تاوان بھی شامل ہے - جریمہ - ڈنڈ - مصادرہ - گنہ گاری -

جرمانہ بھرنا - ڈنڈ دینا۔

جرمانہ کرنا - ڈانڈ لینا - مالی سزا دینا - فائن کرنا۔

جرمانہ وصول کرنا - جرمانہ حاصل کرنا جرمانہ لینا۔

جری - دلیر - دلاور - دل چلا - بہادر - من چلا سورما شجاع -

جریب - ناپنے کی زنجیر یا رسی جو بیس گٹھ یا پچپن گز سرکاری یا ساٹھ گز دیسی طول رکھتی ہو - مطابق مغربی شمالی کے یہ مساوی ہے پانچ زنجیر گیارہ گز کے ۲۰ زنجیر مساوی چار گٹھ کے ایک جریب کا مربع بیگھہ ہوتا ہے ایک اناج ماپنے کا پیمانہ جو ۳۸ من یا قریباً ۷۶۸ پونڈ کا ہوتا ہے - ایک لوہے کی نوک دار برچھی یا عصا - یونانی میں گزی کا معرب ایک خاص پیمانہ جس سے زمین ناپی جاتی ہے - ہندوستانی ساٹھ اور انگریزی پچپن گز کی زنجیر جو بیس گٹھ کی ہوتی ہے - لاٹھی - وہ چاندی کا خول چڑھی ہوئی لکڑی جو نوابوں یا بادشاہوں کے چوبداروں کے پاس ہوتی ہے بعضوں نے لکھا ہے کہ گز یک کا معرب ہے

تشریح پنجاب میں بیس کرم کی جریب ہوتی ہے جو ایک کرم مساوی ۵۷ ½ انچ کے ہے اس سے سرساہی مرلہ کنال گھماؤ حاصل ہوتا ہے۔

جریب ڈالنا - زمین ماپنا - زمین کی جریب کے وسیلے سے پیمایش کرنا

جریب چیٹھ - جریب کی پیمایش کا ایک کاغذ یا نقشہ۔

جریب کش - وہ شخص جو جریب کھینچے - مرہا - پیمایش کرنے والا - ناپنے والا۔ لفظی معنی ہیں پیمایش کی جریب کھینچنے والا زنجیر کش - جریبی - لائن سرویر۔

جریبی یا سرویر - ایک جریب کش جو پیمایش کے متعلق ہو۔ (دیکھو جریب کش)

جریدہ - تنہا - اکیلا - مجرد - مفرد - بہ تنِ واحد درخت کی شاخ بغیر پتوں کے - لکھنے والوں کا دفتر

جرمانہ - (دیکھو جرمانہ)

تشریح جرمانہ کو جرمانہ کہنا یا لکھنا یہ محض غلط مشہور ہو گیا ہے

جز - سوا - بدون - علاوہ - ماورا - ماسوا - الگ - چھٹ - باستثنا - قطع نظر۔

جزا - بدلا - عوض - پاداش - مکافات - انتقام - صلہ - تلافی - نتیجہ - پھل - ثمرہ - حاصل - محاصل۔

جز بز ہونا - کھچنا - تنگ ہونا - کبیدہ خاطر ہونا - آزردہ ہونا - ترش رو ہونا - ناک بھوں چڑھانا۔

جزم - اٹل۔ مضبوط۔ پکا۔ مصمم۔ حرف کو ساکن کرنا اور نیز وہ علامت جو حرف ساکن پر اس (ء) شکل کی لکھی جاتی ہے۔ قطع کرنا۔ وہ ارادہ جس سے آدمی پھرے نہین یہ لفظ یقین کے معنون مین بھی آتا ہے۔

جزو - ریزہ۔ ٹکڑا۔ بھاگ۔ حصہ۔ پارہ سولہ صفحہ یا آٹھ ورق کا مجموعہ۔

جزو محال - محال کا حصہ۔ بولتے ہین جزو محال جس کی جمع مشخصہ رجسٹر کلکٹری مین درج ہو۔ مراد ہے کوئی جز جس پر جمع علیحدہ مقرر ہوتی ہو اس مین عموماً شاملات اراضی دہ شامل نہین

جزو دان - بستہ۔ وہ تھیلی جس مین کتاب رکھی جاے

جزورس - کفایت شعار۔ کم خرچ۔ کفایت اندیش۔ بخیل۔ کنجوس۔ نکتہ رس۔ نکتہ فہم۔ ذہین زود فہم۔ ذکی۔

جزورسی - کفایت اندیشی۔ بخیلی۔ کنجوسی۔ صرفہ

جزو کل - بالکل۔ تمام۔ سرتاسر۔ یک لخت تھوڑا اور بہت۔

جزوی - ذراسا۔ تھوڑا سا۔ منسوب بجزو۔ حقیر۔ خفیف۔ ہیچ۔ ادنیٰ۔ چھوٹا۔ قلیل۔ تھوڑا۔ مقابل کل۔ قدرے۔ اندک۔ کم۔ سبک

جزویات - فروعات۔ افراد۔ حصے۔ چھوٹے چھوٹے امور۔ کلیات کے برخلاف۔

جزیہ - تاوان۔ خراج۔ محصول۔ ڈانڈ۔ ڈنڈ۔ اہل اسلام کا وہ ٹیکس جو غیر مذہب والون پر لگایا جاے۔ وہ معاملہ یا ٹیکس مسلمان بادشاہ ہندوون پر لگاتے تھے دوآبہ سندھ ساگر مین ایک گھر کا خانگی معاملہ جو کاشت کاران غیر پر لگایا جاتا ہے۔

جسامت - جسیم ہونا۔ موٹائی۔ ڈیل ڈول فربہی۔ دَل۔ عرض طول۔ عمق۔ لمبان چوڑان۔ گہرائی یا اونچائی۔ رقبہ پیمایش موٹا ہونا۔

جَست - چھلانگ۔ فلانچ۔ زقند۔ چوکڑی کود پھاند۔ پھلانگ

جُست وجو - ڈھونڈ ڈھانڈ۔ تجسس۔ ٹٹول۔ تلاش۔ کھوج۔

جسٹس آف دی پیس - عہدہ دار جس کو معدلت عامہ کی حفاظت سپرد ہو

جسم - بدن۔ دیہ۔ ڈیل۔ سریر۔ کایہ۔ تن۔ جسد۔ پنڈا۔ جو شے کہ طول۔ عرض اور عمق رکھتی ہو۔

جسمانی - بدنی۔ جسم سے متعلق۔ جسمی۔ مادی ہیولائی۔ جسم دار۔

تشریح یہ صفت نسبتی ہے جسم کی حسب قاعدہ سہ حرفی اسم کی صفت نسبتی مین ان کے بعد بھی آنی نسبت کی لگاتے ہین۔

جسمی ۔ متعلق بہ جسم ۔ شخصی ۔ نفسی ۔ ذاتی
اس میں ی نسبت کی ہے ۔
جسیم ۔ موٹا ۔ فربہ ۔ تنومند ۔ شحیم و
لحیم ۔
تشریح حسب ہیئت لفظ تو جسیم کے معنی
جسم والا ہے مگر عرف اور اصطلاح میں
موٹے جسم والے کو کہتے ہیں ۔
جشن ۔ شادی ۔ مہمانی ۔ مجلس عیش و نشاط
عید ۔ خوشی ۔ جگ ۔ کامرانی ۔ فرخندہ
فالی ۔ لہر بہر ۔ بول بالا ۔ تاریخ تخت
نشینی کا جلسہ ۔ خوشی کی محفل ۔ خوشی
عیش ۔ مقصود مندی ۔
جشن منانا ۔ خوشی منانا ۔ ناچ رنگ اور
عیش و نشاط میں مشغول ہونا ۔
جعل ۔ لفظی معنی بدلنا ۔ تلبیس ۔ تبدیل ۔
تقلیب ۔ نقلی چیز پر اصلی چیز کا دعوی کرنا
مکر فریب ۔ دھوکا ۔ بناوٹ ۔ گھڑت ۔
پاکھنڈ ۔ جھوٹ ۔ کھوٹ ۔ غل و غش کرنا
پیدا کرنا ۔ نقل کرنا کسی چیز کی اس طرح کہ
اصل کے مشابہ ہو جائے ۔ ساخت ۔
صنعت ۔ دروغ ۔ جعل سازی ۔ تصنع
نقل بنانا ۔
جعل ساز ۔ قلب ساز ۔ فریبی ۔ دھوکہ باز
جھوٹے مقدمے بنانے والا ۔ متفنی ۔ شریر
بد ۔ گھڑنے والا ۔ تلبیس کرنے والا ۔ مشابہت
کرنے والا ۔
جعل سازی ۔ مکر ۔ فریب ۔ تلبیس ۔ بناوٹ
پاکھنڈ ۔ قلب سازی ۔ گھڑت ۔ جعل ۔ جعل
کرنا ۔ جو کوئی شخص جھوٹی دستاویز یا اس کا
کوئی جزو اس نیت سے بنائے کہ عامہ خلائق
یا کسی شخص کو مضرت یا نقصان پہونچائے
یا کسی دعوے یا استحقاق کی تائید کرے
یا کسی شخص سے کوئی مال ملمع کرائے یا کسی
معاہدہ لفظی یا معنوی کرانے کا باعث ہو
اس نیت سے کہ فریب کا ارتکاب کرے
یا فریب کا ارتکاب کیا جائے تو شخص مذکور
جعل سازی کا مرتکب ہوگا ۔
جعلی ۔ ساختہ ۔ بنائی ہوئی ۔ مصنوعی ۔ جھوٹی
نقل ۔ وہ نقلی چیز جسے اصل کے مطابق
بنا لیا ہو ۔ قلبی ۔ باطل ۔ جھوٹے دستخط
کیے ہوئے ۔ فریبی ۔ مکار ۔ دغاباز ۔ جعلیا
دھوکہ باز ۔ وہ نقلی چیز جو اصلی کی سی معلوم
ہو ۔ تقلیدی ۔ لباسی ۔ جھوٹا ۔ بناوٹی ۔
جعلی دستاویز ۔ فریبی دستاویز
جو جھوٹی دستاویز کلاں یا خرد جعل سازی
سے مرتب کی جائے
جفا ۔ جبر ۔ ستم ۔ ظلم ۔ جور ۔ تعدی ۔ ایذا ۔
سختی ۔ کشت
تشریح عام لوگ اس کو غلطی سے مذکر
بولتے ہیں مگر دراصل یہ لفظ مونث ہے

جفاکفا - جور و ظلم - سختی و مصیبت - کشٹ - بپت - آفت -

جفاکش - سختی جھیلنے والا - محنتی - مشقت اُٹھانے والا - زحمت کش -

جُفت - جوڑا - زوج - جوٹ - جوڑ - جگ - وہ عدد جو دو پر پورا پورا تقسیم ہو جائے - طاق کی ضد - دُکڑی - جوڑی - ہمسر - ہم پایہ - ثانی - مقابل - جوتی کا جوڑا - ہر شے جو دو ہون - زن و شوہر - نر و مادہ - کل چلانے والی جوڑی - بیل کی -

جگر - کلیجہ - کلیجی - وہ خون بستہ جو ذی روح کے پہلو مین ہوتا ہے جسے مخزن خون کہنا چاہیئے - اعضاے رئیسہ مین سے ایک عضو کا نام - مراد دل سے - ہیا - چیت - مَن - جان - جی - پران - پولتا - مغز - گری - گودا - ست - جوہر - لب لباب - بیٹا - فرزند - پیارا - لاڈلا - عزیز - ہمت - حوصلہ - بہادری - شجاعت - دلاوری - چھاتی - گردہ - مردانگی - تاب و طاقت

جگر بند - دل - تلی - پھیپھڑے اور کلیجہ کا مجموعہ - مجازاً جگر پارہ - فرزند - پیارا - نور نظر - عزیز جان -

جگر گوشہ - مراد فرزند عزیز سے - لفظی معنی جگر کا کونا -

جگری - پھیپڑی - جگری - اندرونی - دل و جگر سے نسبت رکھنے والا - صادق - سچا - ہمراز - ستر - پیارا - گہرا - اس مین یا ی نسبتی ہے

جگری دوست - دلی یا گہرا دوست - گہرا یار - دلی ہمراز - دلی ستر - دلی پیارا -

جُل - فریب - دھوکا - دم - جھانسا - چھل بٹا - دھونس - دغا - مکر - فطرت - حیلہ - پاکھنڈ -

جُل دینا - ٹھگنا - چھلنا - دم دینا - ڈھونس بتانا - جھانسا دینا - بالا بتانا - دغا دینا - دھوکا دینا -

جلّاد - دُرہ یا کوڑے مارنے والا - کسی جانور کی کھال کھینچنے والا - تلوار مارنے والا - گردن مارنے والا - قاتل - سفاک - بے رحم - ظلمی - سنگ دل - بے درد - ظالم - تند مزاج - غضبی -

تشریح لفظی معنی دُرہ لگانے یا کھال کھینچنے والا - کیونکہ اول صورت مین اس کا مادہ جلدہ بمعنی تازیانہ اور دوسری حالت مین جلد بمعنی پوست ٹھہر سکتے ہین مگر بہتر اول ہے - جلاد صیغہ مبالغہ ہے - جلد بدن اکھاڑنے والا یعنی نہایت سخت مارنے والا -

جلاوطن - دیس نکالا - وطن سے نکالا - شہر بدر کرنا - بے وطن کرنا - تارک الوطن

رانده - بن باس - ہجرت - گھر بار یا دیس سے نکالا ہوا - مخروج البلد - بن باسی - شہر بدر - پردیس نکال دینا - اور کسی کا اپنے گھر سے بے گھر ہونا - ترک وطن کرنا -

جلاوطن کرنا - دیس نکالا دینا - شہر بدر کرنا کالے پانی بھیجنا - عبور دریائے شور کرنا -

جلسہ - بیٹھک - مجلس - مجمع - کمیٹی - کونسل ملاقات - نشست - اجلاس - بیٹھک - سبھا - محفل - بزم - انجمن - پنچایت جم گھٹا - ضیافت - دعوت - مہمانی کھانا محفل رقص و سرود - ناچ و رنگ - نماز مین سجدہ کر کے اول مرتبہ بیٹھنے کو جلسہ دوسری دفعہ بیٹھنے کو جلسۂ استراحت کہتے ہین -

جل کر - پانی کا محصول - پانی کا شکار جیسے مچھلی - محصول آب - وہ محصول جو مچھلیان پکڑنے کی جگہ پر لگایا جاتا ہے - بحری آمدنی لفظی معنی جل پانی و کر بمعنی محصول -

جلو - باگ - لگام - تعام - کوتل گھوڑا - وہ خالی گھوڑا جو سواری کے ساتھ صرف زینت کے لیئے لے جایا جاتے ہین - زینت طمطراق - ٹھاٹھ - تجمل - تزک - کروفر سواری کے ساتھ کا ٹھاٹھ جیسے ماہی مراتب باجا گاجا بھیڑ بھاڑ اہالی موالی وغیرہ ہمراہی یار کابی -

جلودار - مصاحب - ہم نشین - ہم راہی - ہم رکابی - ساتھی - نوکر چاکر - خدمت گار خادم - یار کاب - حاضر باش -

جلوس - نشست - بیٹھک - تخت نشینی راج گدی - راج تلک - یعنی جلو شاہانہ جسم بھیڑ بھڑکا - کروفر - تجمل - شان و شوکت تزک - امیرون اور بادشاہون کی سواری بیٹھنا - مسند نشینی - عدالت کی مسند پر بیٹھنا

تشریح - جلوس اور قعود مین یہ فرق ہے کہ جلوس و قعود بیٹھنے کے معنون مین مستعمل ہے باعتبار لغت کے کچھ فرق نہین اور باعتبار استعمال اہل عرف کے جلوس کا اطلاق تخت نشینی پر آتا ہے اور قعود مطلق بیٹھنے کو کہتے ہین -

جلوسی - منسوب بجلوس شاہی تخت نشینی سے منسوب جیسے سن جلوس وغیرہ - وہ سال یا تاریخ جو مسند نشینی شاہزادہ سے شمار ہو -

جلیس - ہم نشین - مصاحب - ساتھی - رفیق - ہمراہی - ساتھ اٹھنے بیٹھنے والے

جلیل - بزرگ - بڑا - کبیر - عظیم - کلان اعلی - افضل - برتر - تخلص مصنف دلکشنری

جلیل القدر - اعلی مرتبہ - عالی مرتبہ - بڑے رتبہ کا معزز - والا قدر

جماع - مرد کا عورت سے صحبت کرنا - مباشرت - مجامعت صحبت داری جمع ہونا -

جماعت - گروہ - آدمیون کا جتھا - اجتماع
بھیڑ - جم گھٹا - انبوہ - فریق - فرقہ - غول
ٹولی - منڈلی - سبھا - مجلس - سلسلہ - زمرہ
پرا - درجہ - صف نماز - نمازیون کی قطار -
مراد از نماز جماعت - رمل کی سولہ شکلون مین
سے ایک شکل کا نام - مجمع - محفل - پنچایت -
کمیٹی - کونسل -
تشریح - جماعت و فرقہ مین یہ فرق ہے
کہ جماعت بمعنی ہمگی چیزے اور گروہ مردم اور
فرقہ بمعنی گروہ مردم - پس جماعت بمعنی ثانی
مرادف فرقہ کا ہے اور فریق اُس گروہ کو کہتے
ہین جب زیادہ ہو - یعنی فرقہ تھوڑے گروہ
کو اور فریق بڑے گروہ کو کہتے ہین - جماعت
عام گروہ ہے مردون کا ہو یا اور کا اور فرقہ
خاص مردون کا گروہ ہوتا ہے -

جماعت انتظامی - پولٹیکل سوسائٹی - اس
مین ایک رکن یا چند ارکان ایسے ہوتے ہین
جن کو باقیون پر حکمرانی کا غیر محدود اختیار
ہوتا ہے اس کے یا ان کے حکم کی تعمیل
باقی ارکان پر فرض ہوتی ہے - اس سے وہ
قوم مراد ہے جو کہ اسی حاکم اعلی کے حکم کی
تعمیل کرنے کے عادی ہوتے ہین -

جماعت اُمنا - امینون کی جماعت

جمع - اکٹھا کرنا - جماعت - آدمیون کا گروہ
اسم واحد کو جمع کرنا - نام ایک صنعت کا کہ
شاعر لوگ چند چیزون کو ایک وصف مین
جمع کرتے ہین - کل - تمام - ہمہ - مجموع
اکٹھا - سب - سارا - جملہ - گروہ - مجمع -
میزان - جوڑ - ٹوٹل - چند رقمون کا مجموعہ
اصل سرمایہ - پونجی - بضاعت - سرمایہ جو
بنک مین رکھا جائے - دھن - دولت
مال - زر نقد - روکڑ - لاگت - صرف - مول
خرچ - قیمت - دام - محاصل - پیداوار -
آمدنی دیہہ - زر لگان - زر مطالبہ - مالگذاری
وصول - زریافتنی - لینا - لینداری - لین متعلق
علم صرف انگریزی - فارسی و اُردو مین ایک
سے زیادہ کو جمع کہتے ہین - عربی و سنسکرت
مین دو سے زیادہ کو جمع کہتے ہین - بہی کے
صفحہ کا وہ حصہ جس مین رقم آمدنی لکھی جائے
ذخیرہ - معاملہ کا تمام حساب - قرض کا حساب
جو ذمہ مقروض کھڑا ہو - جمع کردہ -
تشریح - قانون مین عموماً اس کا استعمال
لگان پر ہوتا ہے -

جمع استمراری - ہمیشگی کی تشخیص و جمع
- جمع دوامی -
تشریح - استمرار کے معنی ہمیشہ - اس مین
ہی نسبت کی ہے -

جمع ترمیم شدہ - وہ جمع جس کی ترمیم ہو
گئی ہو - وہ لگان جو ترمیم ہو چکا ہو -

جمع حال - موجودہ جمع - مطالبہ موجودہ -

جمع خوش حیثیتی - معاملۂ زمین - لگان (دیکھو لگان)

جمع رسدی - حصہ وار جمع تفصیل وار جمع - (دیکھو جمع)

جمع سرکاری - سرکاری مال گزاری

جمع سنگین - مطالبۂ عظیم - جمع سخت مطالبۂ شدید

جمع سنگین باندھنا - سخت جمع لگانا سخت لگان مقرر کرنا۔

جمع نرم - نرم اور خفیف جمع - سنگین جمع کی ضد - کم اور ہلکا لگان - خفیف مالگزاری۔

جمع وصلباقی - ایک حساب جو مدت سے باقی ہو جس میں حساب وصولی و بقایا کا ہو

جمع بندی - نکاسی - فرد لگان - تقسیم جمع اس میں کاشتکار اور کھیت کی حالت اور نرخ اور رقم قابل ادا کا اندراج ہوتا ہے یہ کاشت کاران اور مالکان یا نمبرداران میں قاعدہ ہے - اس میں پہلا نام نمبرداران کا پھر پٹی داروں کا پھر قلیل حصہ داروں کا مطابق ہدایت افسران بندوبست ہوتا ہے اور مزروعہ کھیت زمین داروں کے مقررہ لگان پر اور زمینداران کی مرضی پر اور رسمی دستور سے پٹواریوں کے سالانہ کاغذات بنتے ہیں - بندوبست کی مثل کا ایک کاغذ ہے جس میں مطلب یہ ہے کہ رعایا اور نمبرداران میں جو معاملات ہوتے ہیں اُس کی رو سے انتظام پائیں۔

جمع بندی بندوبست - بندوبست کی جمع بندی - (دیکھو جمع بندی اور بندوبست)

جمع بندی مجوزہ - تشخیص یا تجویز جمع بندی - وہ جمع بندی جس کی تشخیص کی گئی ہو - مشخصہ جمع بندی

جمع بندی مفصل - جس سال کسی گاؤن کے نقشہ جات چارسالہ مرتب ہون اس سال جمع بندی میں ہر نمبر کھیت کا اندراج مکمل ہونا چاہیئے - ایسی جمع بندی کو جمع بندی مفصل کہتے ہین۔

جمع وخرچ - آمد و صرف - آمد و خرچ آمدنی و مصارف - کلھم - تمام - بالکل - اس مین بھی سب حسابون کی طرح اور رقومات درج ہوتی ہین۔

جمع خرچ کرنا - جمع کیئے ہوے خرچ کا حساب بتانا - ٹوٹل لگانا - فرد حساب تیار کرنا۔

جمعدار - سرگروہ - دیسی افسر جو صوبہ دار سے دوسرے درجے پر ہو - ایک پولیس کا افسر جو داروغہ سے دوم درجے پر ہو - سردار جماعت - جماعت کا افسر سپاہیون کا وہ عہدہ دار جس کے ماتحت چند سپاہی ہون - سقا بھشتی - ماشکی۔

جمعداری - عہدۂ جمعدار۔

جمعیت - فراہمی - اکٹھا ہونا - گروہ - مجمع انبوہ - بھیڑ بھاڑ - فوج - لشکر سپاہ - عسکر - طمانیت - اطمینان تسکین دل جمعی - قرار - تشفی - تسلی - جمع ہونا گروہ آدمیون کا۔

جم غفیر - ہجوم عام - جماعت کثیر - انبوہ کثیر بڑا بھاری جمگھٹ - ایسی بھیڑ بھاڑ جس مین زمین نہ دکھائی دے آدمی ہی آدمی۔

جموگ - باہمی جواب دہی یا ذمہ داری کی تاویل، یا داخل خارج - شرطیہ گرو - مگر شرطیہ گرو بنارس اور مشرقی اودھ مین مراد لیا جاتا ہے۔

جموگ دار - جموگ رکھنے والا - جو شخص مالک زمین کو ایک رقم دیتا ہے اور روپیہ کو رعایا سے وصول کرتا ہے یہ بنارس مین رائج ہے - مالک زمین کا قرضہ رعایا سے وصول کرنے والا۔

جُمہور - گروہ آدمیون کا - امرا وزرا سب - تمام - عام - قوم - فرقہ۔

تشریح - یہ لفظ ج کے فتحہ سے غلط ہے اسی طرح جو اسم اس وزن پر ہوگا وہ بضم حرف اول وسوم ہوگا - مثل دستور - زنبور عصفور - صندوق وغیرہ - لغوی معنی ریت کا ڈھیر - اصطلاحی آدمیون کا بھاری گروہ

جمہوری سلطنت - شخصی سلطنت کے برعکس - وہ سلطنت جس مین بادشاہ مطلق العنان نہو - بلکہ تمام رعایا کے عمائد وزرا تجار اور ہر قسم کے آدمی شریک حکومت ہون - خود مختار سلطنت - پنچایتی براج وہ سلطنت جس مین کثرت رائے سے بندوبست ہو۔

جناب - آپ - حضور - شریف - درگاہ آستانہ - چوکھٹ - حضرت - قبلہ - مہاراج صاحب - خداوند - خداوند دولت۔

جناب عالی - عالی جناب - خداوند نعمت حضرت سلامت۔

تشریح - عالی کے معنی بلند اس کا مادہ علو بمعنی بلندی ہے - جناب عالی کا لفظ عموماً عرضی کی ابتدا مین لکھا جاتا ہے

جنابت - آلودگی - نجاست ناپاکی - گندگی وہ ناپاکی جو مرد و عورت کی صحبت سے ہو - یا احتلام سے ہو - نجاست حکمی۔

تشریح - حقیقی معنی دوری مجازی دوری از طہارت۔

جنتری - ایک اوزار کا نام ہے جس مین بہت سے چھید ہوتے ہین اور اس مین تار ڈال کر باریک یا لمبا کرتے ہین یہ اکثر فولاد کا ٹکڑا سا ہوتا ہے - بھانمتی شعبدہ باز - جادوگر - فریبی - تقویم - پترہ حساب

یک سالہ جس مین منجم ستارون کی گردش و احوال مع تاریخ و سنہ درج کرتے ہین پترا جس مین منجم ستارون کا حال اور عام لوگ تاریخ وغیرہ دیکھتے ہین

جنس - مال منقولہ - اناج - غلہ - قسم پیداوار چیزین - اسباب تجارت - فصل - پیداوار حالات - نوع - قسم - چیز بست - شے - اسباب سودا - اثاثہ - مال - ذات - قماش - صنف جماعت - اصطلاح منطق مین جس کے تحت مین کئی نوع مندرج ہون - جیسے حیوان جنس و انسان نوع اور حبشی و ہندی وغیرہ اصناف ہین - ان - دانہ - زیور گہنا - قوم - جواہر -

تشریح جنس اور نوع مین یہ فرق ہے کہ جنس کے معنی قسم ہر چیز یا اشخاص سے اور نوع کے معنی بھی قسم ہر چیز - اور منطقیون کے نزدیک جنس ایک معنی کلی ہین جو صادق آتے ہین حقائق مختلف پر جیسے حیوان کہ صادق آتا ہے انسان فرس و غنم وغیرہ پر اور نوع ایک معنی کلی ہین جو صادق آتے ہین حقائق متفقہ پر جیسے انسان کہ صادق آتا ہے زید عمر و بکر وغیرہ پر جو کہ افراد حقیقت واحدہ انسان کے ہین -

جنس کامل - اعلی درجہ کی فصل - فصل کا سالانہ نرخ - بڑھیا فصل -

جنس خانہ - گدام - گنجینہ - کوٹھری - بھنڈارہ موودی خانہ - مال گھر -

جنس وار - قسم وار - تفصیل وار

جنسیت - ہم قسم ہونا - ہم جنس ہونا - ایک مثل ہونا - یک سان ہونا -

جنف - ظلم کرنے کا ارادہ کرنا -

جنگ - رن - لڑائی - معرکہ - رزم - کارزار بھارت - محاربہ - جدل - نبرد - پیکار - حرب - عداوت - کینہ - دشمنی - خصومت بیر - پرخاش -

تشریح جنگ صرف یہی نہین کہ اخراج بادشاہ کے لیئے ہتھیار اُٹھایا جائے بلکہ بحیلہ اصلاح مذہب یا قوانین یا دفعیہ مشیر کاران یا دیگر تکلیفات کے ہو سکتا ہے اور بمقابلہ افواج شاہی قلعہ کا مضبوط کرنا اور چیز یا رسد پہونچانا یا دشمن کو ہتھیار بھیجنا یا قلعہ چھوڑ دینا وغیرہ ہے - یہ تشریح شرح بلاکسٹو صاحب مین درج ہے اور زبردستی کے ساتھ لڑنا اور دو بادشاہون یا رئیسون یا فریقین کا جہت انتقام جسے کہ وہ اپنا استحقاق سمجھتے ہین تکرار کرنا داخل جنگ ہے یہ معنی لغت قانونی دھارٹن صاحب مین مندرج ہے یہ اسم مونث ہے عام لوگ غلطی سے اس کو مذکر بولتے ہین -

جنگ زرگری - جنگ ساختہ - جھوٹ موٹ

کی لڑائی۔ وہ مصلحت کی لڑائی جو دشمن کے دھوکا دینے کے واسطے بغیر از عداوت کی جاے۔ سازشی لڑائی۔ دوسرے شخص کی قریب دہی کے واسطے لڑنا مگر باطن مین ملے رہنا۔ بناوٹی اور مصنوعی لڑائی جو تیسرے کو ٹھگنے کے واسطے کی جاے دو فریق مین تیسرے کے واسطے جھگڑا۔

تشریح اس کی وجہ تسمیہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ جنگ کے معنی لڑائی اور زرگری کے معنی سنارپن۔ چون کہ سنارون کی لڑائی مشہور ہے اس لیئے یہ نام پایا۔

جنگ جو۔ لڑاکا جھگڑالو۔ جنگ خواہ۔ جھبتی۔ تکراری شورہ پشت۔

تشریح یہ اسم جنگ بمعنی لڑائی اور امر جو بمعنی لڑ سے اسم فاعل ترکیبی بنا ہے یعنی لڑائی ڈھونڈھنے والا۔

جنگ وجدل۔ لڑائی بھڑائی۔ کھٹاپٹی رگڑا جھگڑا۔ جھگڑا ٹنٹا۔ دنگا فساد۔ قتال وجدال۔

جنگ کرنا۔ لڑنا جھگڑنا۔ لڑائی کرنا معرکہ کرنا۔

جنگی۔ سپاہی۔ لشکری۔ مبارز شجاع بہادر۔ دلاور سورما۔ قابل جنگ۔ لڑائی کے میدان کے قابل۔ لڑاکا۔ فوجی ملٹری بڑا عظیم۔ جگادھری۔ کلان۔ فراخ۔ کشادہ۔ وسیع۔ چوڑا۔ طویل۔ لمبا۔

جنگی جہاز۔ لڑائی کا جہاز۔ بہت بڑا جہاز۔ وہ جہاز جو صرف لڑائی کے واسطے تیار کیا گیا ہو

جنگی فوج۔ لڑائی کی فوج۔ بڑی فوج۔

جنگی لاٹ۔ سپہ سالار۔ کمانڈر انچیف۔ وہ فوج کا سب سے بڑا افسر جس کے ماتحت تمام سپاہ ہو۔

تشریح لاٹ اصل مین انگریزی لفظ لارڈ کا بگڑا ہوا ہے جنگی مین ی نسبتی ہے۔

جنگل۔ جھاڑی۔ بن۔ کھنڈ۔ نخلستان صحرا بیابان۔ میدان۔ رگستان۔ بنجر۔ بنجر مزرعہ زمین۔ زمین بے کاشت۔ بلا تردد زمین۔ زمین اُفتادہ۔ اُجڑ۔ ویران جگہ۔ چراگاہ۔ علف گاہ۔ چوپاؤن کے چرنے کی زمین بادشاہی شکارگاہ۔ صیدگاہ۔ رمنا۔ چرائی کی زمین۔

جنگل سرکاری۔ وہ اراضی وافرالاشجار اور جھاڑی یا جنگل مُراد ہے جو ایکٹ جنگلات کے موافق قرار پایا ہو۔

جنگل بری۔ لکڑی کاٹنے کا کام۔

جنگل تری۔ وہ زمین جس مین جنگل ہو اور نمی بھی ہو۔

جنگلا۔ بنی۔ جھنڈ۔ گھن کا جنگل۔ ویرانہ اُجڑ غیرآباد جگہ۔ کٹہرا۔ ٹٹی۔ چاردیواری۔ باڑ۔ احاطہ۔ وہ لکڑی یا لوہے کی سلاخین جو صحن کے گرداگرد لگا دیتے ہین۔ جالی۔

حاشیہ جو کسی دوپٹہ وغیرہ پر گوٹے کناری کا بنایا یا کاڑھا جائے۔ نیز مختلف رنگوں کے بیل بوٹے۔ ایک راگ کا نام۔ باڑہ۔

جنگلات ۔ اس سے محفوظ رکھے ہوئے جنگلات مراد ہین کہ جن کا انتظام مطابق ایکٹ جنگلات ہند یا کسی قانون تعلق جنگلات ہوتا ہے اور اس مین وہ زمین بھی شامل ہے جو زیر انتظام سرکار یا کسی کمیٹی یا بورڈ کے واسطے ترقی درختان رکھی گئی ہو مگر رکھو کہ چرائی اس سے مستثنیٰ ہین

جنم دن ۔ یوم پیدائش۔ روز ولادت سالگرہ کا دن۔ برس گانٹھ دن۔ برتھ ڈے

جنون ۔ دیوانہ پن۔ پاگل پن۔ دیوانگی سودا۔ باولا پن۔ مالیخولیا۔ غصہ۔ غضب خشم۔ مرض عشق۔

جنونی ۔ پاگل۔ دیوانہ۔ باولا خبطی۔ فاتر العقل۔ ناقص العقل۔ غضبی۔ غصیل ظلمی۔ سفاک۔

جنین ۔ وہ بچہ جو رحم مادر مین ہو۔ پیٹ کا بچہ۔ کچا بچہ۔ مضغہ۔ لوتھڑا۔ وہ بچہ جو مان کے پیٹ مین ہو۔ انسان یا حیوان کا بچہ

جو فروش گندم نما ۔ دغا باز۔ وہ شخص جو گیہون دکھا کر جو دے۔ جو شخص دکھائے کچھ اور دیوے کچھ۔

جُوا ۔ وہ لکڑی جو گاڑی یا ہل کے بیلون کے کندھے پر رکھی جاتی ہے۔ قمار۔ شرط بازی۔ داؤن بازی۔ نردون سے کھیلنا بازی نرد کھیلنا۔

جُوا کھیلنا ۔ قمار بازی کرنا۔ داؤن لگانا۔ پانسہ پھینکنا۔

جواب ۔ سوال کی نقیض۔ بات کا اُتر۔ اتر پاسخ۔ مقابل۔ جوڑ۔ ہمسر۔ تردید۔ رد کلام پرتی اتر۔ عوض بدلہ۔ جزا۔ پاداش مکافات تلافی۔ معزولی۔ برطرفی۔ موقوفی علیحدگی برخاستگی۔ جوڑا جفت۔ انکار۔ ناپسندی نامنظوری۔ الجواب۔ اجر۔ رخصت چھٹی اجازت۔ رد۔

جواب الجواب ۔ جواب کا جواب۔

جواب باصواب ۔ مناسب اور عمدہ جواب۔ نیک جواب

جواب دعویٰ ۔ دعوے کا قانونی جواب دعوے کا جواب دینا۔

جواب شافی ۔ تسکین بخش جواب۔ ٹھیک جواب پورا جواب۔

جواب طلب ۔ قابل بازپرس۔ قابل مواخذہ رسید طلب۔ نشتہ بہ۔ مشکوک۔ قابل دریافت

تشریح یہ اسم مفعول مرکب ہے۔ یعنی جواب طلب شدہ امر

جواب قطعی - پورا پورا جواب یقینی جواب

جواب مدعا علیہ - مدعا علیہ کا بچاؤ - مدعا علیہ کی حمایت - جو مدعا علیہ کی جانب سے جواب ہو-

جواب دہ - ذمہ دار - ضامن - مواخذہ طلب - حساب دہ - قابل بازپرس جس سے مطالبہ کیا جائے - جواب دینے والا-

جواب دہی - مواخذہ - ذمہ داری - کفالت - مواخذہ طلبی - جواب دینا - ذمہ داری کا پورا کرنا-

جواب دہی کرنا - جواب دینے کا کام کرنا مواخذہ کرنا - دعوی کرنا - بازپرس کرنا-

جواب دہی نالش کرنا - نالش کی جواب دہی کا کام کرنا - نالشی کی حمایت کرنا - مختار ہونا-

جواب دینا - اتر دینا - پاسخ دینا - رد کلام کرنا تردید کرنا - بات رد کرنا - جواب دہ ہونا - قابل بازپرس ہونا کفیل ہونا - ذمہ دار ہونا موقوف کرنا - معزول کرنا - برطرف کرنا خارج کرنا نام کاٹنا - تیاگنا - چھوڑنا تجنا - ترک کرنا - خلاف گفت وگو کرنا - گستاخی یا بے ادبی سے بات کرنا - انکار کرنا - منظور نہ کرنا - نہ ماننا

جوابی - وہ شخص جو سوزخوانی میں مرثیہ کا پہلا مصرعہ ہر بند کے تمام ہونے پر پڑھے - بمقابل مثنی - نظیر - فریق ثانی - مدعا علیہ - طرف ثانی

مخالف - جھگڑنے اور جواب سوال کرنے والا جھتی - تکراری -

جوارا - اس قدر زمین جو ایک جوڑی بیل سے جوتی جا سکے - وہ رقبہ زمین چاہی جو نصف دن میں جوتا جائے

جواری - قمار باز - جوا کھیلنے والا - شرط لگانے والا - ہار جیت کرنے والا - جیسے بازی جواریا

جواز - گذرنا - روا ہونا - روائی - درست ہونا موافق شرع ہونا حسب قانون - درستی صحت -

جواز ہبہ جائداد - ہبہ کرنے والا جائداد کو دے اور طرف ثانی اس کو لے لے -

تشریح - صرف دینا ہی کافی نہیں ہو سکتا - موہوب لہ بھی صحیح العقل ہو اور اس کو لے لے - ہبہ کا جائز ہونا -

جوان بخت - جوان نصیبہ والا - کامران اقبال مند - بہرہ مند - مقصدور - بھاگ ور - خوش نصیب - بھاگوان - خوش قسمت - نیک اختر -

جوان مردی - شجاعت - شیر مردی - بہادری سورماپن - بہتورہ - عالی ہمتی - بلند حوصلگی - بیباکی - جان بازی - دلیری - جرات - دریا دلی - سخاوت - جوانمرد ہونا -

جوت - قلبہ رانی - تردد - کاشت - کاشت کاری - کھیتی - زراعت - کھیتی باڑی -

تردد مع قطعہ۔ جوتی ہوئی زمین۔ قبضہ
کاشت کاری کی۔ کاشت کار۔ کاشت کار
ٹھیک۔ لگان جو کاشت کار دیتا ہو۔ بیلوں
کے گلے کا تسمہ جس سے جوا اٹھا رہتا ہے
وہ رسی جو آب پاشی کے ٹوکرے کی دستی
کے پاس ہوتی ہے۔ اسباب فروخت۔
دکان کا اسباب۔ ترازو کی ڈوری۔
ہل چلانا۔

جوت جمع۔ لگان۔ لگان بٹی۔ وہ روپیہ
جو کاشت کار سرکار میں داخل کرے۔

جوتنا۔ بیلوں کو گاڑی میں لگانا۔ بگھی میں یا
گھوڑے کو جوڑنا۔ جوار کھنا۔ ساز ڈالنا
ساتھ لگانا۔ ہمراہ کرنا۔ مصروف کرنا۔
ہل چلانا۔ باہنا۔ دھرتی پھاڑنا۔ قلبہ
رانی کرنا۔ تردد کرنا۔ کاشت کرنا۔ بونا۔
اپنی مرضی پر لے آنا۔

جوتک۔ جو استری دلھن بیاہ کے وقت
لے۔ یہ ہندو لا کا لفظ ہے۔

جوڈیشلی فیصلہ۔ عدالتی فیصلہ۔ وہ فیصلہ
جو متعلق بعدالت ہو۔ عدالت کا فیصلہ۔
حاکمانہ فیصلہ۔ وہ فیصلہ جو کسی حاکم جوڈیشل
نے کیا ہو۔

تشریح جوڈیشل کے معنی متعلق بعدالت
عدالتی اس کا اسم جج یعنی قاضی۔ عادل
منصف۔ حاکم ہے۔ اردو میں جوڈیشلی
میں بھی نسبت کی کہلاتی ہے یعنی منسوب
بہ جوڈیشل۔ اور انگریزی میں جوڈیشل
اور جوڈیشلی کے ایک ہی معنی مراد ہوتے ہیں
یہ ایڈورب ہے۔ فرانسیسی میں جوجی ایلی
میں جوڈانس۔ لاطینی میں جوڈکس۔
جس کی اصل جوڈی کو ہے۔ اصلی مادہ اس
کا جس یعنی ٹھیک کے ہیں۔ فیصلہ سے
جج کا وہ بیان مراد ہے جو بطور وجوہ اس
حکم یا ڈگری کے ہو جس سے کوئی نالش دیوانی
یا مقدمہ عدالت فیصل کیا جائے۔ تصفیہ
عدالت کا حکم۔ جج کی عدالتی تجویز۔ جھگڑا
چکانا۔ اس میں ہر تجویز تحریری داخل ہے
جو کسی ثالث یا سرپنچ نے کی ہو۔ حل کردہ معنی
ہوئے فیصلہ جو جوڈیشل سے منسوب ہو۔

جور۔ ظلم۔ ستم۔ جفا۔ تعدی۔ انتی۔ تیزی
سختی۔ جبر۔ زبردستی۔ بے رحمی۔ ظلم کرنا۔

جوری۔ انگریزی لفظ ہے۔ پنچایت۔ پنچ
ثالث۔ (دیکھو اہل جوری)

جوش۔ ابال۔ ابھان۔ کھدبد۔ کھدبدی
ہیجان۔ تحریک۔ برانگیختگی۔ ولولہ۔ شورش
دھن۔ طرارہ۔ لہر۔ موج۔ ترنگ۔ آپہ
حرارت۔ حدت۔ تیزی۔ تندی۔ وفور
زیادتی۔ فرط۔ افراط۔ کثرت۔ زور۔
مدہوشی۔ جہل۔ باہ۔ غضب۔ غصہ۔
جھانج۔ جھنجل۔ تعصب۔ مذہبی حرارت

دیوانگی - جنون - سرگرمی - گرم جوشی غلبہ
شوق - اشتیاق - جذبہ - جلال - محبت الٰہی
کا جوش - سوزش دل -

جوشن - زرہ - بکتر - چار آئینہ - جلتہ - ایک
قسم کا بازو کا زیور - بازو بند - آہنی لباس
جو لڑائی مین پہنتے ہین -

جُوق - گروہ - انبوہ - فوج - بھیڑ - پرندون
کا پرا - آدمیون کا جتھا - سپاہ - لشکر -
پرندون کا غول - فرشتون اور جنون کا
گروہ -

تشریح عام لوگ ج کے فتحہ سے بولتے
ہین مگر صحیح ضمہ ج سے ہے -

جوکھون - صدمہ - خطرہ - اندیشہ - چنتا -
وسواس - ہلاکت - خدشہ - ڈر - خوف -
قیمتی اشیا - روپیہ گننا چا - بیمہ نقصان
خسارہ - زیان - ضرر - آفت - بلا - مصیبت
شامت -

جوگ - تارون کا ملاپ - قران - سنجوگ
لگن - میل - جوڑ - ملاپ - سبھ گھڑی -
نیک ساعت - وقت مناسب - وقت سعید
دھیان - خدا کا دھیان - تپ - نفس کشی -
ریاضت - زہد - بیراگ - فقیری - رہبانیت
درویشی - کفارہ - موقع - وقت - ساعت
شایان - زیبا -

جولان - کود پھاند - گھوڑے کی دوڑ - برطی -
لوہے کی زنجیر - دوڑنا - دوڑانا گھوڑے کا
گرد پھرنا - گھوڑے کو کاوے پر لگانا -

جوال - وہ زمین جو باری باری موسم بہار
سے موسم خزان تک جوتی جاتی ہے - یہ
لغت رہیلکھنڈ کا ہے -

جونڈا - مچان - اونچا فرش جس کی اونچائی تخمیناً
دس فیٹ کی ہو جس کے ذریعے مویشی یا
یا فصلون کی نگہبانی کی جاتی ہے -

جُونیر - چھوٹا -

جَوہر - معرب گوہر - من - نگ - قیمتی پتھر
لعل - زمرد - ہیرا - خلاصہ - اصل شے -
عطر - مادہ - ست - لب لباب - اجزاے
لطیفہ - عرض کا نقیض - وہ چیز جو بذات
خود قائم ہو - قائم بالذات - آب تیغ - تلوار
یا فولاد کے وہ قدرتی نقوش جن سے اُس
کی عمدگی ظاہر ہو - خاصیت - گن - سچائی
صفت - عمدگی - خوبی - ظفر - کمال - لیاقت
استعداد - بھید - راز - پردہ - حقیقت
چالاکی - کارستانی - چترائی -

جوہر کرنا - خودکشی کرنا - اپنے آپ کو مار ڈالنا

تشریح - جوہر کرنا اصل مین ہندی جیو
ہرنا سے اُردو مین آگیا ہے کیونکہ جیوہرنا کے معنی
جان لینا - ایک قدیمی رسم راجپوتون مین تھی
جب وہ دیکھتے تھے کہ کوئی زبردست غنیم
ان پر چڑھ آیا ہے تو وہ اپنے بال بچون کو

حد تسل کرکے یا آگ مین جلا کے بالکل قطع
تعلق کرنے کے بعد جان توڑ کر لڑنے جاتے
تھے اور وہین جا کر مر رہتے یا فتح پا کر واپس
آتے تھے۔

جوہری۔ جوہر فروش۔ پرکھیا۔ جانچو۔ پرکھنے
والا شناسا۔ ہنر شناس صاحب خرد۔
صاحب جوہر۔ جو جواہر بیچتا ہو۔ جوہر والا۔
اس مین یٔ نسبتی ہے

جوہڑ۔ بارانی تالاب۔ جھیل۔ ڈابر۔ تال۔
آب گیر۔ عموماً اس کا استعمال رہتک اور دہلی
و نواہن مین ہے۔ ہر گانون مین اکثر ایک
یا زیادہ جوہڑ ہوتے ہین کیونکہ اکثر گانون
مین پکا کنوان نہین ہوتا۔

جوے خانہ۔ قمار خانہ۔ مکتب خانہ۔

جھابر۔ دلدل۔ وہ زمین جہان دلدل ہو۔
زمین کا وہ ادنی قطعہ جس مین اکثر بارش سے
پانی آتا ہے اور جاتون کی زراعت ہوتی
ہے مگر کچھ عرصہ تک پانی رہنے کے بعد دلدل
والی زمین ہو جاتی ہے۔ دھدھل۔

جہاد۔ کوشش کرنا۔ جہد کرنا۔ شرائط اسلام
کے بند کر دینے پر کفار سے اثبات دین اور
اعلاے کلمۃ اللہ کے لیئے جان و مال سے لڑنا
بشرطیکہ وہ بھی اہل اسلام کے ساتھ ہتھیار
سے لڑین۔ حمایت دین کے لیئے ہتھیار
اٹھانا۔

تشریح بعض غیر مذاہب کے لوگ یہ سمجھتے
ہین کہ اہل اسلام مین خواہ مخواہ غیر مذاہب
والون کو تلوار سے مسلمان بنانا لکھا ہے یہ
اُن کی ناواقفی ہے دراصل مسلمانون کو جب تک
غیر مذاہب والے مذہبی امور سے روکنے
کے باعث سخت تنگ نہین کرتے وہ ہرگز
جہاد نہین کرتے

جھاڑا۔ تلاشی لینا۔ چیزون کو جھاڑ کر کمرے
کو آراستہ کرنا یا سجانا۔ تجسس۔ تفتیش
کوڑا کرکٹ۔ براز۔ پیخانہ۔ جاے ضرور۔
کچھ منتر پڑھ کر جو جھاڑتے ہین

تشریح تلاشی کے وقت دو معتبر اشخاص
محلہ کو اہل پولیس ہمراہ لیتے ہین اور پہلے تلاشی
لینے والا سپاہی اپنا جھاڑا دیتا ہے فلسفہ
حال کے قائل منتر پڑھ کر جھاڑا دینے کو
محض عبث سمجھتے ہین۔

جھاڑ کھنڈ۔ جنگل بیابان۔ ویرانہ جھاڑی

جھاڑی۔ چھوٹے خاردار درخت۔ جھڑبیری
کے درخت۔ بن جنگل۔ صحراے کوچک
نخلستان۔ خاردار درختون کی جگہ۔

جہاز۔ بحری سفر کی بڑی ناو۔ لغوی معنی
اسباب خانہ۔ اصطلاحی اسباب تجارت کی
ناو۔ ایک خاص وضع کی بڑی کشتی جو سمندر
مین چلتی ہے۔ اس مین ہر قسم کا مرکب تری
داخل ہے جو ڈانڈ کے وسیلے سے نہ چلتا ہو

جہازی - سمندری - بحری - جہاز میں بیٹھنے والے - خلاصی - ملاح - جہاز چلانے والے اس میں ی نسبتی ہے -

جہازی ڈاکو - وہ لوگ جو اپنے جہاز لاکر اور مسافروں کے جہازوں کو لوٹتے ہیں جہاز کا ڈاکہ مارنے والا -

جہالت - اُجڈپن - حیوانیت - بے علمی - نادانی - بے وقوفی - وحشی پن - مورکھ پن جہل - اناڑپن - لاعلمی - بے خبری - ناواقفیت جاہل ہونا -

جہان پناہ - وہ حاکم جس کی پناہ میں دنیا ہو - بادشاہ - سلطان - راجہ -

جہانسا - چل - چھل - بتا - حیلہ - دغا - فریب دھوکا - دم - جیسے بولتے ہیں جہانسے میں آنا یعنی دم میں آنا - دھوکے میں آنا - بُتّے میں آنا -

جھٹکے کا مال - چوری کا مال - ڈاکے کا مال - چھاپے کا مال -

جہد - کوشش - سعی - طاقت - رنج - مشقت - محنت - قصد - جان فشانی - عرق ریزی - تن دہی - دوڑ دھوپ -

جھڑوس - دیوس - قرمساق - بے عزت - بے حمیت - بوڑھا - بوبک -

جھگڑا چکانا - رنج فساد کرنا - قضیہ دور کرنا - فیصلہ کرنا - قضیہ فیصل کرنا - قرضہ ادا کرنا - ارڈالنا - دنیا کے تعلقات سے چھڑا دینا -

جھگڑالو - تکراری - حجتی - پتنفنی - شریر - دنگئی - پرخاش جو - فسادی -

جہل - نادانی - نہ جاننا - (دیکھو جہالت)

جھلار - وہ ایک کنواں سا ہوتا ہے یا بڑا گڑھا جو دریا یا ندیوں کے کنارے پر کھودا جاتا ہے جس سے زمیندار آب پاشی زراعت کا کام لیتے ہیں -

جُھنڈ - غول - گروہ - گھانس کا مٹھا - بنڈل - گھانس کا پولا - تراکم اشجار - درختوں کا گنج - بہت سے درخت جو ایک جگہ ہوں جانوروں کا برا - گلہ - جمگھٹا - بھیڑ - انبوہ

جھنڈی - وہ کنڈی جس میں حلقے برکم ہوئے ہوں - جو کھونٹی پودوں کے کاٹنے کے بعد کھیتوں میں کھڑی رہتی ہے - گنّے کی جڑ - مکئی یا جوار وغیرہ کے درخت کی جڑ -

جھوٹ - ایک ایسا خلق ہے جو کہ بعد حاجت کے فریب کی ذمہ داری کے لئے ضروری سمجھا گیا ہے - واقعہ کے خلاف - عمل غش کھوٹ - مکر - فریب - بہانہ - دھوکا - چھل - غلط - کذب - ناراستی - دروغ نقیض سچ کی -

جھوٹا کاغذ - جعلی دستاویز - بنایا ہوا تمسک

جھوٹا نشان حرفہ ۔ حرفہ کا ایسا نشان جو قانوناً جائز نہ ہو جعلی نشان حرفہ۔

جھوٹا نشان ملکیت ۔ ملکیت کا وہ نشان جو جھوٹا اور بناوٹی ہو۔

جھوٹن ۔ وہ زمین جو ڈبل فصل دیوے ۔ دوفصلی زمین

جھوٹی دستاویز بنانا ۔ (۱) دستاویز کا کل یا جزو بدنیتی یا فریب سے بنانا یا اُس پر دستخط کرنا یا مہر کرنا ۔ یا اُس کی تکمیل ۔ یا ایسا نشان کرنا جس سے تکمیل ظاہر ہو اور اُس کی نیت اس امر کے باور کرانے کی ہو کہ وہ کل یا جزو دستاویز اُس شخص نے بنایا یا اُس پر دستخط یا مہر کی یا اُس کی تکمیل یا ایسے کی اجازت سے بنایا گیا یا اُس پر دستخط یا مہر کی گئی ہے جس کو وہ جانتا ہے کہ نہ اُس شخص نے بنایا نہ اُس پر دستخط یا مُہر کی نہ اُس کی تکمیل کی نہ اُس کی اجازت سے وہ بنائی گئی یا ایسے وقت پر جس مین وہ جانتا ہے کہ وہ بنائی گئی اور نہ اُس پر دستخط یا مہر کی گئی نہ اُس کی تکمیل کی گئی ۔ یا دوسرے (۲) جو بغیر اختیار جائز کے بدنیتی سے یا فریب سے خط تنسیخ کھینچ کر یا کسی اور طرح کسی دستاویز کو باعتبار اُس کے اور کسی جزو اہم سے تبدیل کرنا بعد اس کے کہ اُس دستاویز کو خود اُس نے یا کسی دوسرے شخص نے بنایا ہو یا اُس کی تکمیل کی ہو عام اس سے کہ (۳) جو بددیانتی یا فریب سے کسی دستاویز پر کسی شخص سے دستخط یا مہر کرائے یا اُس کی تبدیلی یا تکمیل کرائے یہ جان کر کہ وہ شخص دستاویز کے مضمون یا تبدیلی کی ماہیت کو فتور عقل یا نشہ مین ہونے کے سبب سے نہین جان سکتا ۔ یا دھوکے کے سبب جو اُس کو دیا گیا ہے نہین جانتا

جھوٹی گواہی ۔ حلف دروغی ۔

جھوٹی گواہی بتانا ۔ کسی کا کوئی صورت پیدا کرنا یا کسی کتاب یا کاغذ سررشتہ مین کوئی جھوٹی تحریر بنانا یا کوئی دستاویز جس مین کوئی جھوٹا بیان مندرج ہو اس نیت سے بنانا کہ وہ صورت یا تحریر یا جھوٹا بیان عدالت کی کسی کارروائی مین جو قانون کی رو سے کسی ملازم کی روبرو اُس کی سرکاری ملازمت کی حیثیت سے یا کسی ثالث کے روبرو ہو وجہ ثبوت مین پیش ہو سکے اس نیت سے صورت یا جھوٹی تحریر یا جھوٹا بیان جو اس طرح وجہ ثبوت مین پیش ہو سکے کسی ایسے شخص کو جو اس کارروائی مین وجہ ثبوت کی نسبت رائے لگائے کا کسی امر کی نسبت جو اس کارروائی کے نتیجہ کے لیئے اہم ہے غلط رائے پہونچانے کا باعث ہو سکے ۔

جھوٹی گواہی دینا ۔ جب کسی پر قانوناً حلف کی رو سے یا قانون کے کسی خاص حکم سے

سچ سچ بیان کرنا یا قانون کی رو سے کسی امر کی نسبت کچھ بیان کرنا واجب ہو اس حالت میں ایسا بیان کرنا جو جھوٹ ہو جس کو بیان کرنے والا جھوٹا جانتا یا باور کرتا ہو یا جس کو وہ سچا باور نہ کرتا ہو جھوٹی گواہی دینا کہلاتا ہے

جھوٹی نالش - جھوٹا دعویٰ - خواہ مخواہ کی نالش - بے سبب نالش۔

جھوڑ - رد و بدل جھگڑا - لڑائی - تکرار حجت و ضیعہ - راڑ۔

جھولا زدگی - گرم ہوا یا لو کے باعث جو میوجات اور زراعت مارے جاتے ہین - صدمۂ آندھی

جھوگ چیٹھی - جھوٹی چیٹھی یا نوٹ یا بل یا چک

جھوتر - دو فصلی زمین

جہیز - اسباب - سامان - وہ سامان جو بیٹی کی شادی مین اُس کے ہمراہ کر دیتے ہین - دان - پُن - دُلھن کا حصہ - شادی کا حصہ - مُردے کا سامان - کفن دفن۔

جی ہارنا - نامردی سے کسی کام کی جرات نہ کرنا ہمت ہارنا - کسی کام سے عاجز ہو کر باز رہنا - چھوڑنا۔

جیب - وہ تھیلی جو دامن

کے چاک مین لگاتے ہین - کیسہ - پاکٹ۔

تشریح عوام اس کو کسرِ جیم سے بولتے ہین یہ غلط ہے فتح جیم سے بولنا چاہیئے۔

جیب خرچ - وہ بالائی خرچ جو روزمرہ کے واسطے رکھا جاتا ہے - پاکٹ منی۔

جیب کترا کیسہ بُر - اُچکا - بدمعاش جو جیب کتر کر دام نکال لے

جیب کٹوا - جیب یا کیسہ کو کاٹنے والا جیب کترا

جیت - فتح - کامیابی - نفع - فائدہ - غلبہ - فوقیت۔

جیٹھ - خاوند کا بڑا بھائی۔

جید - خوب - کھرا - نیک - مضبوط - زبردست طاقت ور - بڑا - وسیع - زرخیز۔

جیل - قیدخانہ - محبس - زندان - یہ انگریزی لفظ ہے۔

جیل خانہ - قیدخانہ - زندان - جیل - اس سے ہر جیل خانہ یا محبس مراد ہے اور اس مین ہوا کھانے کی جگہ یا اور زمین یا عمارت جو جیل خانہ کے استعمال کے واسطے ہون داخل ہین۔

تشریح یہ مرکب ٹھیک نہین از روئے تحقیق یہ ترکیب غلط ہے اس لیئے کہ جیل خود صیغہ اسم ظرف ہے بمعنی جائے قید اب اس کے ساتھ لفظ خانہ کی ضرورت نہین ہے (۲) دوسری وجہ اس ترکیب کی غلطی کی یہ ہے کہ جیل انگریزی اور خانہ فارسی لفظ ہے غیر زبانون کے الفاظ

کی ترکیب درست نہین۔ پہلی صورت کی نظیر
لفظ مکتب خانہ موجود ہے جس کو غلط مانا
گیا ہے گو بعض اُستادون کے اشعار مین
بطریق تجرید کے پایا گیا ہے۔ بااین ہمہ ایسے
الفاظ سے پرہیز اولی ہے۔ گو جیل خانہ کا
لفظ بھی لکھتے اور بولتے ہین مگر فصحا کے
نزدیک غلط ہے۔

جیل خانۂ دیوانی ۔ سے مراد ضلع کا جیل
خانۂ دیوانی ہے اور اس مین ہر مقام داخل
ہے جس کو لوکل گورنمنٹ نے واسطے مقید
رکھنے اُن قیدیون کے مقرر کیا ہو جو بموجب
حکم سزا مصدرہ کسی محکمہ موصوفہ کے محبوس
کیئے جائین۔

جیل خانۂ فوجداری ۔ فوجداری جیل۔
کریمنل جیل۔

تشریح جیل خانہ کی تشریح کے لیئے
دیکھو لفظ جیل خانہ۔ فوجداری کی تشریح دیکھو
زیر الفاظ عدالت فوجداری و فوجداری۔

جیلر ۔ داروغہ یا محافظ جیل۔

جیوائی ۔ برائے معاف زمین۔ وہ زمین جو رشتہ
دارون کو نوکرون کی پرورش کے واسطے
بلا معاملہ دی جاے

جیوڈنڈ ۔ بڑی سزا۔ سنگین سزا۔ قابل
قتل سزا۔

جیہن ۔ چاول۔ بہار وہ کا لغت ہے۔

چ

چابک ۔ کوڑا۔ تازیانہ۔ سانٹا۔ قمچی۔ ہنٹر
چست۔ چالاک۔ تیز۔ پھرتیلا۔ پھُرتی
باز۔ بید۔

چابک دست ۔ چالاک دست۔ وہ شخص
جو ہاتھ کے کام مین چالاک ہو۔ تیز دست۔
چالاک۔

چاپٹ ۔ غلے کے وہ ٹکڑے جو کٹنے سے
رہ جائین۔ سڑے ہوے اناج کی بھوسی
چوکر۔ بھُوسی۔ بُور۔

چاپلوسی ۔ خوشامد۔ شیرین زبانی۔ چرب زبانی
فریفتہ کرنا۔ میٹھی میٹھی باتون مین تعریف کرنا
تعریف بجانا۔

چاتر ۔ تیز۔ چالاک۔ ہوشیار۔ عیار۔ حیلہ باز۔
مکار۔ فریبی۔ چھلیا۔ متفنی۔ بہادر۔ جری
دانا۔ عقلمند۔ دانشمند۔ تجربہ کار۔
واقف کار۔

چاٹ ۔ کسی چٹپٹی اور مزے دار چیز کے چاٹنے
کا مزہ۔ ذائقہ۔ چسکا۔ ذوق۔ عادت۔

لیکانت ۔ وحت ۔ شوق ۔ گزک ۔ وہ مزہ دار چیز جو زبان کا ذائقہ درست کرنے کے واسطے کھائیں۔

چادر اُتارنا ۔ عورت کا برقعہ اُتارنا ۔ عورت کو بے پردہ کرنا عزت اُتارنا ۔ بے عزتی کرنا پردہ فاش کرنا۔

چادر ڈالنا ۔ اُڑھانا ۔ بیوہ کے ساتھ شادی کرنا ۔ سکھوں مین ایک قسم کا نکاح ہے

چادر ہلانا ۔ لڑائی کی حالت مین مغلوب سپاہ کا پناہ چاہنا ۔ جنگ روکنے کی علامت ظاہر کرنا ۔ لوگون کو کسی مطلب کے واسطے اکٹھا کرنا ظاہر کرنا۔

چار آئینہ ۔ ایک قسم کا زرہ بکتر ۔ ایک قسم کی زرہ کا نام ہے ۔

چار پانچ ۔ حجت ۔ حیلہ ۔ عذر ۔ فیل ۔

چار پانچ کرنا ۔ حیل وحجت کرنا بدذاتی کرنا شرارت کرنا۔

چارٹر پارٹی ۔ سرخط کرایہ جہاز ۔ اس مین ہر قسم کی دستاویز (بجز اقرارنامہ کرایہ بر خالی (جہاز) داخل ہے جس کی رو سے جہاز یا کوئی جزو کلان اس کا سرخط لکھ دینے کے بعد واسطے اغراض مندرجۂ سرخط مذکور کے کرایہ پر دیا جاوے ۔

چار چشم بے مروت ۔ بے وفا ۔ طوطا چشم نہایت آرزومند ۔ کمال مشتاق

چار چوٹ کی مار ۔ ضرب شدید یعنی لکڑی وغیرہ سے مارنا۔

چار طاق ۔ چارگوشہ خیمہ ۔

چار کاغذ ۔ (۱) دعوی (۲) جواب دعوی (۳) ردجواب (۴) مختارنامہ ۔ کاغذات

چار ناچار ۔ مجبوراً ۔ جبراً

چارہ ۔ علاج ۔ تدبیر گزیر ۔ مدد ۔ درستی ۔ سرانجام ۔ مکر ۔ فریب ۔

چارہ جوئی ۔ علاج چاہنا ۔ بہتری ۔ بھلائی ۔ فریاد نالش ۔ استغاثہ ۔ چارہ سازی علاج طلبی ۔ علاج خواہی ۔

چارہ جوئی کرنا ۔ علاج ڈھونڈھنا دادرسی حق رسی ۔ دادخواہی ۔ استغاثہ کرنا۔

چارہ قانونی ۔ قانونی دادرسی ۔

چال ۔ رفتار حرکت ۔ طرز رفتار ۔ مکر فریب دم جھانسا ۔ دھوکا چھل ۔

چال چلن ۔ طرز وطریقہ ۔ رنگ ڈھنگ طریق معاشرت ۔ روزمرہ برتاؤ ۔ روش رویہ ۔ عادت خصلت ۔ اخلاق ۔

تشریح یہ لفظ عادی شہرت اور خاصہ طینت کا ہے ۔ لیکن شہادت صرف شہرت عام اور عام خاصہ طینت کے گذر سکتی ہے نہ خاص افعال کے جیسے کہ شہرت اور خاصہ طینت کا ہوا ہو۔

چالاک ۔ چابک ۔ کام کرنے مین چست ۔

پُھرتی باز۔ ہوشیار۔ ذہین۔ زیرک۔ تیز
تیز رفتار۔ زود رو۔ عیار۔ مکار۔ فریبی۔
فتنہ پرداز۔ دغا باز۔ دھوکہ باز۔

چالاکی۔ تیزی۔ چستی۔ پُھرتی۔ ہوشیاری۔
زیرکی۔ عیاری۔ مکاری۔ دست برد۔

چالان۔ بیجک۔ اشیائے فرستادہ کی
فہرست۔ رسیدات۔ رسید زر۔ ملزم
کی عدالت کو روانگی۔ ملزم کو سرکاری ملازمان
کے ساتھ مجسٹریٹ کے ہاں بھیجنا۔ پروانہ
راہداری۔ راہداری یا نکاسی کی چٹھی۔
روونہ۔ روانگی کی اطلاع بھیجی ہوئی چٹھیون
کی فہرست۔ سند کی روانگی۔ ایک سند
روپیہ کی جو خرچ یا وصول ہوے ہون
ہنڈی۔ ترسیل ارسال۔ دے بل حساب
کا پرچہ۔ پاس۔ چارج شیٹ

چانچری۔ وہ اناج جو گاہنے کے بعد بال
مین رہ جاتا ہے۔

چانڈا۔ وہ نشانی حدود کی جس سے گاؤن
کی حدود مقرر ہون۔ پیمائش کا وہ خاص
مقام جس کے فاصلے کے وسیلے سے
حدود بندی ہوتی ہے۔

چانگ۔ چھاپہ۔ ٹھپہ۔ مُہر۔ ٹھپا۔ مُہر
چھاپ۔

چاول چبوانا۔ مشتبہ لوگون سے مال
مسروقہ نکلوانا جس شخص پر چوری کا احتمال
اُسے چاولون پر منتر پڑھکر چبوانا کہ اگر واقع
مین چور ہے تو اُن کے مُنہ سے خون نکل
آئے

تشریح اصل مین یہ صرف ایک دھمکی یا
دھوکا ہے جس کے ذریعے سے اکثر کچے
چور چرائی ہوئی چیز ڈال دیتے ہین مجھکو
کئی دفعہ ایسی نمائشی عمل کرکے چوری نکلوانے
کا اتفاق ہوا ہے۔ مین خود ایسے عملیات کا
قائل نہین ہون مگر اپنے تجربے سے یہ امر
ثابت ہو چکا ہے کہ جاہل اور نادان چرون
سے چوری نکلوانے کے واسطے ایسے نمائشی
عمل از حد مفید ہین۔ میرا پختہ ارادہ ہے کہ
عنقریب ایسے عملیات پر ایک رسالہ لکھکر
سب اہل پولیس کی حسن کارگزاری اور رعایا
گورنمنٹ کے فائدہ عام کے واسطے طبع کرکے
شایع کرون یہان صرف رفاہ عام سمجھکے
مختصر بطور نمونہ چند عملیات لکھتا ہون۔
مفصلہ ذیل عملیات سے عموماً چوری نکل
آتی ہے اور اہل پولیس کو حسب دفعہ ۲۳۰
تعزیرات ہند کے مجرم ہونا بھی نہین پڑتا۔
(۱) کئی تنکے جھاڑو کے لے کر مساوی طول
مین بقدر ایک بالشت کے کاٹ لیے جاتے
ہین اور اُن لوگون کو جو مشتبہ ہون سامنے
بٹھا دیا جاتا ہے اگر مستورات ہون تو اُن
کو سامنے لانے کی چندان ضرورت نہین۔

نگران سب کو ایک ایک تنکا دے دیا جاتا ہے
اور یہ کہا جاتا ہے کہ جو چور ہوگا اُس کا
تنکا ضرور بقدر دو انگشت کے بڑھ جاے
گا یہ کہ کر اُن کو کچھ وقفہ دے دیا جاتا ہے
جس مین وہ عامل کی نظر سے چند عرصہ
کے واسطے غائب ہو جاتے ہین اور تاکید
کر دی جاتی ہے کہ فلان وقت پر تم سب
اپنے اپنے تنکے ہمارے حوالے کر دو۔
اس عرصہ مین عموماً چور اپنا تنکا بقدر دو
انگشت کے کاٹ کر اس غرض سے چھوٹا
کر دیتا ہے کہ دو انگشت تو ضرور بڑھ جائیگا
اور اسی قدر کاٹ ڈالنے سے سب کے
برابر ہو جاے گا۔ تو سب تنکون کو جمع کرنے
سے فوراً چھوٹے تنکے والا چور ثابت ہو
جاتا ہے۔

(۲) ایک بڑی میخ زمین مین علحدہ کوٹھری
مین گاڑ کر میخ کے سرے پر ہینگ وغیرہ
بدبودار چیز ایسی لگا دیتے ہین جس کے چھونے
سے فوراً ہاتھ سے بدبو آنے لگتی ہے اور
میخ مذکور کے ساتھ ایک زنجیر باندھ دیتے
ہین اور مشتبہ اشخاص کو اول چند شعبدے
دکھا کر اپنا قائل اور معتقد کر کے کہ دیتے ہین
کہ تم مین سے ایک ایک اندر جا کر میخ منصوبہ
پر ہاتھ لگاؤ جو چور ہوگا اُس کے ہاتھ مین زنجیر
خود بخود چمٹ جاے گی۔ خبردار ایسا نہ ہو
کہ تم مین سے کوئی خوف کے مارے ہاتھ
نہ لگائے یہ تمھارے دھرم پر رکھا جاتا ہے
جب ہاتھ لگا لگا کر باہر آتے جائین تو
سونگھ کر دیکھنا چاہیے جس کے ہاتھ سے
بو نہ آئے فوراً معلوم ہو جاے گا کہ اُس
نے زنجیر ہاتھ مین پڑنے کے خوف سے
میخ کو ہاتھ نہین لگایا۔

(۳) کوئی چیز شخص مشتبہ کو کھلا کر کہدیتے
ہین کہ تھوک دو جب تھوک نہین نکلتا
تو معلوم ہو جاتا ہے کہ خوف کے مارے
تھوک خشک ہو گیا ہے اور یہی چور ہے
چنانچہ چاول وغیرہ کھلانے کا اصل
منشا تھوک دیکھنے ہی کا ہے۔ علی ہذا القیاس

چاہی ۔ بارانی کے خلاف۔ کنوئین کی
زمین۔ وہ زمین ہے جس کو کسی کنوئین
کا پانی مستقل طور پر ملتا ہے۔ چاہ پختہ ہو
یا خام۔ خواہ چرسے سے یا ہرٹ سے
یا ڈھینکلی سے۔

تشریح ۔ واضح رہے کہ پانی دینے
کی صورت مختلف علاقہ جات مین مختلف قسم
پر ہے کچھ زمینین ایسی ہین کہ جن کو ہر فصل
یا ہر سال آب پاش کیا جاتا ہے اور کچھ ایسی
ہین کہ جن کو صرف دوسرے برس پانی
ملتا ہے وہ سب چاہی درج ہونی چاہیین
خواہ ہر فصل مین پانی دیا جاے یا زیادہ

چبیلا کے بعد صحیح تعداد جناس آب پاشی شدہ کی کاغذات پیمایش سے دریافت نہیں ہوگی بلکہ گرداوری فصل میں سے معلوم ہوجاے گی۔

چبیلا - چھچھورا - سفلہ - بے تمیز - طفلانہ باتیں کرنے والا - مسخرا - نہایت کم عقل اور بے عقل آدمی۔

چبوترا - چوترا - مربع یا مستطیل اونچی بنائی جگہ جس پر لوگ بیٹھتے اُٹھتے ہیں - کوتوالی بڑا تھانہ - تھڑا۔

چپ غلط دینا - دوڑ میں دائیں بائیں ہوجانا تاکہ حریف تعاقب کنندہ عاجز ہوجاے

چپ انداز - مکار - دغاباز۔

چپراس - ایک سپاہی ہونے کا تمغہ جو پیٹی یا پٹکے میں پیتل کا کُھدا ہوا لگایا جاتا ہے - چوڑی دھجی جو مونڈھے پر ڈالی جاتی ہے - دائیں بائیں - وہ تختی پیتل وغیرہ کی ہوتی ہے جو ایک علامت ملازمت کے واسطے ہے۔

تشریح - چپراس اصل میں چپ و راست تھا یعنی وہ لوگ جو امیروں کے دائیں بائیں چلتے ہیں اور اُن کے گلے میں پٹکا پڑا ہوتا ہے

چپراسی - ہرکارہ - سپاہی - پیادہ - قاصد - وہ شخص جس کے چپراس پڑی ہوئی ہو - اردلی۔

چپقلش - لڑائی - جھگڑا - ٹنٹا - تکرار - ردّ و بدل - قضیہ - انبوہ - بھیڑ بھاڑ - جگہ کی تنگی - لڑائی تلوار کی۔

چترنگ - وہ فوج جس میں ہاتھی گھوڑے رتھیں اور سوار پیادے شامل ہوں چار رنگ کی فوج - شطرنج کا نقیض - ایک قسم کا گیت۔

چٹان - بڑی سِل - بڑا اور چوڑا پتھر - خرسنگ صخرہ - پتھریلی زمین۔

چٹھا - چندے یا روزنامچے کی کتاب - فرد تنخواہ کی کتاب - فہرست تنخواہ - قبض الوصول حساب جمع خرچ لین دین کی کتاب - یادداشت۔

تشریح اس لفظ کی رسم خطی میں اختلاف ہے بعض لوگ اخیر میں ہ لکھتے ہیں۔

چٹھہ تقسیم - فرد تقسیم - بٹوار کی فرد۔

چٹھی - خط - پتری - مراسلہ - رقعہ - شقہ - سرٹیفکیٹ - سند - کارگزاری و نیک نامی کا پرچہ - چِٹ - وہ کاغذ کا ٹکڑا جو کسی چیز پر یادداشت کے طور پر لکھ کر لگا دیتے ہیں - تھان وغیرہ کے اوپر کا وہ خوشنما کاغذ جس میں کارخانہ وغیرہ کا نام ہوتا ہے - ہنڈوی - کاغذ زر - چک۔

چٹھی سفارشی - وہ نوشتہ جس میں

سفارش۔ معتبر تحق مندرجہ نوشت کی جائے
چٹھی پڑنا۔ لاٹری پڑنا کسی چیز کی قیمت لگا کر قرعہ پڑنا۔
چٹھی ڈالنا۔ لاٹری ڈالنا۔ لاٹری مین شریک ہونا۔ قرعہ بازی مین چندہ دینا
چچا۔ متبنی کرنے والے کا بھائی بھی اس مین شامل ہے۔
چچا بنانا۔ ٹھیک بنانا۔ درست کرنا۔ بدلا لینا۔ معقول سزا دینا۔
چخاچخ۔ لڑائی کے وقت تلوار کی آواز۔
چخے چل دور۔ پرے ہٹ۔ باتین نہ بنا۔
تشریح۔ یہ کلمہ نفرت ہے کبھی اختلاط کبھی عتاب کبھی انکار بمنزلہ اقرار سے بولا جاتا ہے۔
چراغ سحری۔ چراغ صبح۔ قریب مرگ آفتاب لب بام۔ آفتاب کوہ قریب الزوال
تشریح چونکہ صبح کا چراغ ماند پڑجاتا ہے اور اس کی روشنی نہین معلوم دیتی اس لیے قریب مرگ کو اس سے مشابہ ہونے سے کہا گیا بعض لوگ قریب مرگ کو قریب المرگ بولتے ہین جو قواعد کی رو سے بالکل غلط ہے
چراغی۔ نذرانہ بھینٹ۔ نذر۔ ٹیکس۔ وہ نقدی جو کسی مزار پر یا کسی بزرگ کے نام پر فاتحہ دیتے وقت کسی چیز پر رکھ کر چراغ کے نیچے رکھ دیتے ہین۔

چراگاہ۔ جنگل۔ سبزہ زار۔ مویشیون کے چرنے کی جگہ۔ چرائی کی زمین۔
چرائی۔ مویشیون کو گھاس کھانے کے واسطے جنگل بھیجنا۔ چرانے کی اجرت چرائی چرنے کی زمین۔ وہ اجرت جو چرائی سے وصول ہو۔ پونجی۔
چرب زبان۔ خوشامدی چکنی چوپڑی باتین کہنے والا۔ چالاک۔ فریبی۔ لسان تیز زبان
چرتر۔ چلتر۔ چال چلن۔ طور طریقہ عادت مزاج۔ قصہ۔ کہانی۔ افسانہ۔ تاریخ فن کرتب۔ ہنر۔ گُن۔ داؤن۔ فطرت چالاکی۔
چرچا۔ ذکر اذکار۔ افواہ۔ تکرار۔ بحث شہرت اوائی۔ گفت وگو۔
چرچ لفظ چرچ مین ہر قسم کا چیپل یا اور مکان داخل ہے جس مین عیسائی مذہب کے طریقے کے موافق عبادت ہوتی ہو۔
چرس۔ بڑا ڈول۔ لاؤ کا ڈول۔ جو چمڑے کا ہوتا ہے۔ دلو کلان۔ ایک قسم کا نشہ جس کو تماکو کی طرح پیتے ہین وہ چمڑے کا ڈول جس سے کنوئین سے پانی کھینچتے ہین۔ وہ نشی چیز جو سن کے پھولون سے تیار ہوتی ہے
چرسا۔ بھینس یا گائے کا چمڑا۔ ادھوڑی

ادیم۔

چرکٹا ۔ ہاتھی کا چارہ لانے والا فیلبانون کا پیشکار۔ کمینہ۔ ادنی۔

چرسال ۔ وہ سال جس مین پچھلا معاملہ وصول کیا جاے۔

چڑھ ۔ اونچی زمین۔

چڑھنا ۔ نیچے سے اوپر جانا۔ اٹھنا۔ اوپر بڑھنا۔ ترقی کرنا۔ اڑنا۔ دھاوا کرنا۔ گران ہونا۔ کھنچ جانا۔ قربانی ہونا۔ سوار ہونا ذمہ ہوجانا۔ بولتے ہین کچہری چڑھنا یعنی مقدمہ دائر کرنا۔

چسپان ۔ چسپیدہ۔ چپکا ہوا۔ موزون ٹھیک۔ زیبا۔

چسپان کرنا ۔ اشتہار وغیرہ لگانا۔ جیسے سمن وغیرہ اطلاعی کاغذات کا لگانا۔ جو مدعاعلیہ مغلوب کے دروازے پر لگایا جاتا ہے

چسکا ۔ مزہ۔ چاٹ۔ عادت۔ لت۔ ہٹ ذوق۔ شوق۔

چشم پوشی ۔ اغماض۔ آنکھ چرانا۔ دیکھکر ٹال جانا۔ کسی کا عیب چھپانا۔ کسی کی خطا سے درگذر کرنا۔ آنکھ ڈھاپنا۔

چشم داشت ۔ امید۔ بھروسا۔ امید رکھنا۔

تشریح چشم کے معنی امید اور داشت کے معنی رکھنا۔

چشمک زنی ۔ طعنہ زنی کرنا۔ چھیڑنا۔

چشم نمائی ۔ دھمکی۔ ڈراوا۔ تنبیہ۔ سرزنش ملامت۔ جھڑکی۔ دھمکانا۔ ڈانٹنا۔

چشم نمائی کرنا ۔ تنبیہ کرنا۔ سرزنش کرنا۔ دھمکانا۔ آنکھ کی دھمکی دینا۔ آنکھ دکھانا

چک ۔ پٹی۔ کاشت۔ قطعہ زمین۔ چشمک جھگڑا۔ تنازعہ۔ زمین کا جھگڑا۔ زمین کا قطعہ جو تقسیم شدہ ہو۔ یہ گانون کے ملحق کھیتون کے واسطے آتا ہے۔ حد کسی چیز کی۔ قبالہ۔ زمین۔ باغ۔ بیع نامہ۔ فرمان۔ غلہ کو بھوسی سے جدا کرنے کا چوبی آلہ۔ حصہ۔ وظیفہ۔ معاش۔ تلوار گرز وغیرہ کے پڑنے کی آواز۔ کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز۔ ٹھوڑی کی ہڈی۔

چک بانگر ۔ چک اتار۔

چک سیلابہ ۔ چک بیٹ۔ وہ چک جو نقیض چک بانگر کی ہو۔

چک بندی ۔ زمین کی حدبندی۔ حدبست۔

چک نامہ ۔ گذشتہ حال مین قانون گو ایسا نقشہ تیار کرتا ہے جو اصلی اور وضلی ہوتا ہے جو ہر طرف کی حدود وغیرہ ظاہر کرتا ہے

نیز وہ تحریر جس مین چک کی حدود اربعہ اور رقبہ کی تشریح ہوتی ہے ۔

چک - لچکا - دھچکا - لچک - درد کمر چلین ہنڈی - کاغذ زر - برآورد تنخواہ - بل - کاغذ تنخواہ -

چکا - گول چیز - مربع - پتھرون کا بیت کے واسطے فٹ کے حساب سے ڈھیر - ملٹون وغیرہ کا ڈھیر جو سیت کے واسطے لگایا جائے جما ہوا منجمد -

چکاچک - چقاچق - تلوارون کے متواتر جسم پر پڑنے کی آواز - ترتیتر - تیل یا گھی مین ڈوبا ہوا - چور - لت پت - ضرب تیر و گرز وغیرہ کی آواز -

چکتی - قرضہ وغیرہ کا ادا کرنا - قرض کا بھگتانا حساب کا تصفیہ کرنا -

چکر مکر - دنما - فریب - حیلہ حوالہ - بہانہ - دم جھانسا - یہ لشکری بولی ہے

چکلا - دانہ دلنے کی چکی - بغیر گرنڈ کی چکی - ہلکی چکی - چکی کا پاٹ - گول پتھر جس پر اکثر ہندو لوگ مصالحہ پیستے یا پوریان بیلتے ہین تختہ گول چوبی - جاگیر - ضلع - پرگنہ - علاقہ - صوبہ ملک کا حصہ - ضلع کا کوئی حصہ - کسبی خانہ ارباب نشاط کے رہنے کی جگہ - رنڈیون کا محلہ -

چکلہ بندی - حدبست - حدبندی - ڈھولا بندی -

چکلے دار - صوبہ دار - ناظم - علاقہ دار - جاگیردار - پرگنہ کا حاکم - محلہ دار - بھڑوا قرمساق - کسبی خانہ کا داروغہ -

چکما - فریب - دھوکا - جل - دم - ضرر - نقصان - ایک قسم کا کھیل -

چکما دینا - دھوکا دینا - فریب دینا - نقصان دینا - ضرر پہونچانا -

چکناوٹ - چکنی زمین - خوب زراعتی زمین زرخیز زمین -

چکوتا - مقرری نرخ - ٹھیکہ - سودا - قرض کا انتظام - ادائے واجب

چگونگی - کیفیت حال کہ کس طرح پر ہے

تشریح چہ کے معنی کیا - گونہ کے معنی رنگ - ی کے معنی ہونا - یہ ی مصدری ہے اور ۃ - گ سے بدل گئی ہے

چلتا - جاری - مروج - رواجی - چالاک ہشیار - رائج - مستعمل - معمولی -

چلتا پرزہ - بڑا چالاک - تیتفنی -

چلتہ - زرہ بکتر - لڑائی کے وقت کی ایک خاص قسم کی پوشاک -

چلر خرچ - وہ نقشہ جس مین گانون کا حساب درج ہو - صدر خرچ - سٹیشنری متفرق خفیف اخراجات تیل وغیرہ -

چلن - چال - رفتار - روش - رویہ - طور طریقہ

ڈھنگ ۔ رسم ورواج ۔ روپیہ پیسہ کا دستور سکہ سیم وزر کا رواج ۔ عادت ۔ سبھاؤ برتاؤ ۔ کفایت شعاری ۔ جز رسی ۔

چنان وچنین ۔ ایسا ویسا ۔ یون وون اس طرح اُس طرح ۔ لعنت تراشی ۔ لسانی مین میکھ ۔ قباحت ۔ نقص ۔ عیب ۔ چرچا ذکراذکار ۔ بحثا بحثی ۔

چنچر وہ زمین جو زراعت سے حال مین باہر کی گئی ہو ۔ وہ زمین جو دوسرے سال جوتی گئی ہو ۔

چند ۔ کس قدر ۔ کتنے ۔ کے ۔ تھوڑے سے قلیل ۔ محدود ۔ بعض ۔ دو چار ۔ دو ایک گنتی کے ۔ معدود ۔

تشریح یہ لفظ تین سے نو تک کے لیئے بولتے ہین ۔ کبھی استفہام کے واسطے کبھی خبر کے واسطے آیا ہے اس کا استعمال نو مین اور نو سے زیادہ پر کر لیتے ہین ۔

چندان ۔ اس قدر ۔ اتنی دیر ۔ ایسی ۔

چندہ ۔ بہری ۔ بانٹ ۔ حصہ وہ روپیہ پیسہ جو مختلف اشخاص سے لے کر کسی کام کے واسطے جمع کیا جائے ۔

چنگی ۔ چُنکی بھر ۔ چنگل بھر ۔ چٹکی ۔ شہری محصول جو باہر سے مال آنے پر لگایا جاتا ہے ۔ ٹیکس ۔ یون ٹوٹی ۔ وہ جگہ جہان پر اشیا پر محصول لیا جاتا ہے

چوب ۔ لکڑی ۔ ہیزم ۔ سونٹا ۔ شاخ ۔ نقارہ کی چوٹ ۔ شامیانہ یا ڈیرے کی لکڑی ۔ باجا بجانے کی لکڑی ۔ ڈنڈا ۔

چوباچھ ۔ چار محصول جو پہلے لیئے جاتے تھے باگ کوڑی وغیرہ ۔

چوبار ۔ کچہری کا صحن ۔ میدان ورزش اطفال

چوبچہ ۔ چھوٹا حوض ۔ حوضہ ۔ گندے پانی کا حوض

تشریح ۔ یہ اصل مین چاہ بچہ ہے یعنی چھوٹا ساکنوان ۔ کنوین کا بچہ ۔

چوب دار ۔ سونٹا بردار ۔ چوبکی ۔ سرہنگ ۔ نقیب ۔ عصابردار ۔ وہ نوکر جو سونے یا چاندی کا خول چڑھا ہوا عصالے کر امیرون کے آگے چلتا ہے ۔ ایلچی ۔ عہدہ دار جس سے لڑائی کے معاملات متعلق ہوتے ہین ۔ وہ نوکر جو ہاتھ مین لکڑی لے کر سواری کے آگے دوڑے

چوبیسیا ۔ وہ قطعہ زمین جس مین چوبیس گانون ایک خاندان یا ذات یا فرقے کے ہین ۔

چوپال ۔ بیٹھک ۔ نشست گاہ ۔ گانون کا وہ پنچایتی مکان جس مین پنچ مل کر بیٹھتے یا مسافر ٹھہرتے ہین ۔

تشریح یہ لفظ چوپہل کا بگڑا ہوا ہے

چوٹ ۔ ضرب ۔ مار ۔ کوب ۔ کوفت ۔ صدمہ دُکھ ۔ تکلیف ۔ حربہ ۔ حملہ ۔ درندے یا موذی

جان ورکا حمل۔ طعن وتشنیع۔ صدمہ۔ مصیبت۔ وار۔ نقصان۔ ضرر۔

چوٹا۔ چھوٹا چور۔ جیب کترا۔

چودھری۔ ہم پیشہ لوگون کا سرگروہ۔ نمبردار مقدم۔ گانون کا سردار۔ سیر حملہ۔ سیر بازار بنگال کے زمیندارون کا ایک خطاب۔

چور۔ دُزد۔ ناسور۔ زخم کے اندر کا چھید خفیہ درزہ۔ بدگمانی۔ بدظنی۔ بُرائی۔ اندیشہ خوف۔ گنجفہ بازون کی اصطلاح مین ایک پتہ کا نام ہے۔ پوشیدہ۔

چور پیٹ۔ وہ حمل جو دکھائی نہ دے۔ وہ پیٹ جس کا حمل مدت تک تمیز نہو۔

چور وچتر۔ خود ہی چور خود ہی ساہ۔

چور تہاننگ۔ وہ شخص جو چوری کا مال لے

چور کچہری۔ عدالت خفیہ۔ وہ محکمہ جو بدمعاشون اور راہ مارون کی سراغ رسانی کے لیئے مقرر ہو۔ خفیہ پولیس۔ محکمہ ٹھگی۔

چور گلی۔ کوچۂ خفیہ۔ سیانی۔ پاپجامے کا وہ کپڑا جو رانون کے درمیان رہتا ہے

چور محل۔ حرم۔ وہ بیوی جو بیاہتا نہو۔ اصلی بیوی کے خلاف۔

چورنگ کاٹنا۔ تلوار کے ایک ہاتھ مین چار ٹکڑے کرنا۔ تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ ضرب شمشیر سے برابر دو ٹکڑے کرنا۔

چوک لگنا۔ ظاہر ہونا۔ آشکارا ہونا۔ عیان ہونا۔

چوکا۔ اگلے دانتون کی لڑی۔ سنگ مرمر کی مربع سل۔ چوکور سل۔ ہندوون کی روٹی پکانے اور کھانے کا مقام۔ یک سان چار چیزین جو باہم پیوستہ اور برابر کی ہون ایک قسم کا موٹا کپڑا جس کا فرش بناتے ہین ایک قسم کا برتن

چوکی۔ چھوٹا تخت۔ کرسی۔ پہرا۔ پاسبانی۔ سٹیشن۔ پڑاو۔ باری۔ خدمت۔ سیوا نوکری۔ نیاز۔ نذر فاتحہ۔ قوالون کا گروہ پہرے والون۔ نگہبانون۔ پولیس والون محصول والون اور چوکی دارون کی جگہ

چوکی دینا۔ پہرا دینا۔ پاسبانی کرنا۔ نگہبانی کرنا۔ کرسی دینا۔ کرسی پر بٹھانا۔

چوکی دار۔ پاسبان۔ نگہبان۔ محافظ۔ نگران پہرے دار۔ پہرے والا۔ اردلی سپاہی

چوکی داری۔ پاسبانی۔ نگہبانی۔ محافظت چوکی داری کا ٹیکس۔ حق پاسبانی۔ وہ چندہ جو نگرانی کے واسطے لیا جاتا ہے۔ محافظت کا کام۔ چوکی داری کا کام۔

چوماسہ۔ چار مہینے کی برکھا۔ برسات کے چار مہینے۔ برسات۔ برشکال۔

چون وچرا۔ کیون۔ کس واسطے۔ تکرار۔

اور حجت کرنا۔

چون وچند ۔کیفیت ۔کمیت

چھاپ ۔ مُہر ۔ ٹھپا ۔ نشان علامت ۔ نقش ۔ چھاپہ ۔ وہ نشان جو ہیمانون یا وزنون پر ہوتا ہے ۔ وہ چونگی خانہ کی مہر جو اسباب کی روانگی کے وقت لگائی جاتی ہے۔

چھاپا ۔ مُہر ۔ ٹھپا ۔ وہ نشان جو ہندو یتری دوارکا اور تیرتھون پر جا کر اپنے بازوون اور کندھون پر لگواتے ہین ۔ چھاپنے کا آلہ ۔ قالب طبع ۔ مطبوع ۔ چھپا ہوا ۔ شبخون رات کو غنیم پر چڑھ کر قتل عام کرنا ۔ تجارت کے مال کا وہ نشان جو محصول لے لینے کی علامت ہے ۔ ایک نشان جو عورتین صحنک نذر یا گھر کی دیوار وغیرہ پر لگاتی ہین ۔ نقشہ ۔ صورت ۔ تمثیل ۔ تمثال ۔ دبا ؤ ۔

چھاتی ۔ سینہ ۔ پستان ۔ جرات ۔ حوصلہ دل ۔ گردہ ۔ استقلال ۔ سخاوت ۔ فیاضی

چھانٹا ۔ بیج کو ہاتھون سے زمین پر بونے کے واسطے بکھیرنا ۔ یہ لغت دہلوی ہے اس کو پنجابی مین چھاپا بولتے ہین ۔

چھاونی ۔ چھاؤن کرنے کی چیز ۔ چھپر ۔ خس پوش ۔ کھپریل ۔ لشکرگاہ ۔ کیمپ ۔ سپاہیون کی بارکین ۔ چھپر ڈالنا ۔ جہان سپاہیون کی بارکین ہون ۔

تشریح چھاونی کے حاکم کے الفاظ سے جو ایکٹ چھاونی مین درج ہین چھاونی کی کمیٹی مراد ہے یا جہان کسی چھاونی مین کوئی کمیٹی قائم نہوئی ہو تو چھاونی کا کمانڈنگ آفیسر مراد ہے ۔

چھپر ۔ وہ سائبان جو پھونس سے ڈالا جائے پھونس کی چھت ۔

چھپر بند ۔ گھڑامی ۔ چھپر بنانے والا سائبان بچھانے والا ۔ (دیکھو اسامی چھپر بند)

چھدا ۔ الزام تہمت ۔ بہتان ۔ دوش ۔ گلہ شکوہ ۔ بار احسان ۔

چھرا ۔ چھوٹی چھوٹی گولیان ۔ ریزہ آہن یا سرب جو بندوق کے ذریعے چلاتے ہین سنگ ریزہ ۔ جو گھونگرو وغیرہ مین ڈالتے ہین ۔

چہرا ۔ صورت ۔ رخسارہ ۔ منہ ۔ مکھڑا ۔ سامنے کا رخ ۔ مہرا ۔ حلیہ ۔ ملازمون کے خال وخط جو دفتر ملازمت مین لکھے جاتے ہین ۔

چہرہ بندی ۔ حلیہ ونشانات دیکھنا ۔

چہرہ پرداز ۔ مصور ۔ فوٹوگرافر ۔ نقاش ۔

چہرہ لکھنا ۔ حلیہ لکھنا ۔

چہرہ ہونا ۔ رجسٹر مین لکھا جانا ۔ یا سپاہیون کی فہرست مین نام لکھا جانا ۔

چہرہ شاہی روپیہ ۔ وہ روپیہ جس پر

شاہزادے کے سر کی تصویر ہو۔ سرکاری
سکہ جس پر ملکہ معظمہ کا چہرا بنا ہوا ہے چہرہ
دار روپیہ۔
چھری دینا۔ قتل کرنا۔ مار ڈالنا۔ ذبح کرنا۔
حلال کرنا۔ جانور شریعت کے موافق ذبح کرنا۔
چھری کٹاری۔ وہ تکرار جس مین چھری
کٹاری اور ہتھیارون تک نوبت پہونچے۔
چھل۔ ایک قوی زمین جو ریتلی اور اچھی
زمین کے درمیان ہو۔ ڈاکر زمین۔ قوی
زرخیز مٹی والی زمین۔ بڑے بڑے ڈھیلون
والی زمین۔ دیوار کا کوئی ٹکڑا جو گر پڑا ہو۔
دیوار کی چند گری ہوئی اینٹین۔ مکر۔ فریب
دھوکا۔ چھند۔ چلتر۔ عیاری۔ پاکھنڈ۔ دم۔
چھنال۔ خراب عورت۔ بدعورت۔ بدمعاش
عورت۔ فاحشہ۔ فاجرہ۔ زانیہ۔ قحبہ۔ شوخ
بیباک۔ بے شرم۔ بے حیا۔ عیارہ۔ مکارہ
چالاک۔ ہوشیار۔ بدذات۔ شریر۔
چھنب۔ کچا تالاب۔ جوہڑ۔ پنجابی ٹوبا۔
چھند بند۔ پھند۔ فریب۔ چالاکی عیاری۔
چھوٹ۔ رہائی۔ آزادی۔ مخلصی۔
فرصت۔ مہلت۔ چھٹکارا۔ تخفیف۔ کمی۔
چھوٹتی۔ بے تکلفانہ مزاج۔ گالی گفتار۔
پھکڑ۔ مغلظات۔ بے ساختہ۔ طلاق مستثنی
لگان کا معاف یا کم ہونا۔ اس سے وہ محصلات
جو کہ وزن اور اعیار معین سے پایا جاے

مراد ہے۔ یعنی ایک سکہ بند سے لیتے ہین
چھوٹ کی رقم۔ معافی یا کمی کی رقم۔
چھوٹا صاحب۔ جج۔ ڈپٹی کمشنر سے
کم درجے کا افسر۔ ڈپٹی کمشنر کا نائب۔
چھولداری۔ سپاہیون کے رہنے کا
چھوٹا سا ڈیرہ۔ پال۔ راوٹی۔
تشریح یہ لفظ انگریزی سولجر بمعنی سپاہی
سے بنایا گیا ہے۔
چھی۔ حرف تنفر۔ تف۔ تھوتھو۔ خراب
نکما۔ گندا۔
چھیر۔ کرایہ دار یا بٹہ دار یا ٹھیکہ دار کی اپنی
زراعت۔
چھیڑ۔ ہنسی ٹھٹھا۔ مخول۔ چھیڑ خانی۔ دل
لگی۔ چڑ۔ مضراب زنی۔ نشتر زنی۔
چیدہ۔ منتخب۔ چنا ہوا۔ پسندیدہ۔ چھانٹا
ہوا۔ عمدہ۔ برگزیدہ۔ مستثنی۔ اچھا۔
چیتی۔ ماہ چیت کی فصل۔ موسم بہار کی فصل
جو مارچ مین ہوتی ہے
چیرہ۔ غالب۔ بہادر۔ شجاع۔ غالب ہونا
تسلط پانا۔ پگڑی۔
چیرہ بند۔ کنواری عورت۔ دستار بند
جو شخص رنگین پگڑی باندھے۔ اس کی
ترکیب بطور فارسی کے بنالی ہے۔ دوشیزہ
باکرہ۔ انچھیڑ۔
چیز۔ شے۔ شیئت۔ اسباب۔

چیف - اعلیٰ - افضل - بڑا - سردار - افسر
محکمہ کا اعلیٰ عہدہ دار

چیف انٹرپریٹر - چیف مترجم - (دیکھو چیف)

چیف جسٹس - صدر الصدور - اعلیٰ جج
عدالت عالیہ کا حاکم - اس سے چیف کورٹ یا ہائی کورٹ کا اعلیٰ جج بھی مراد ہے -

ح

حاجب - دربان - پردہ کرنے والا چوبدار
پردہ دار - ابرو - بھون - روکنے والا
منع کرنے والا - مانع - باز رکھنے والا
ایک شخص جو دوسرے کو حصہ لینے سے
محروم رکھنے والا ہو -

حاجت - خواہش - چاہ - ضرورت - غرض
مطلب - آرزو - امید - مراد - التجا -
نیازمندی -

تشریح اُردو والے اکثر ح کے کسرہ
سے استعمال کرتے ہیں -

حادث - قدیم کا نقیض - نیا - نو پیدا شدہ
زوال قبول کرنے والا - فنا ہونے والا
نئی چیز جو پہلے نہ ہو -

حارث - زراعت کرنے والا - ایک عربی
کا نام ہے -

حارج - حرج کرنے والا - مزاحم - متعرض -
سدراہ ہونے والا -

تشریح بعض لوگ اس کو ہ سے لکھتے
ہیں اور بعض ح سے

حاشیہ - کنارہ - گوٹ - سنجاف - کور
لب - شرح و یاد داشت جو کسی کتاب کی
متن سے باہر لکھی جائے - نوٹ - فٹ نوٹ
نوکر - خدمت گار - کنارے کا نوٹ -
سرحد -

حاشیہ کا گواہ - وہ گواہ جو کسی تحریر
کے کنارے پر شہادت کے لیئے اپنا نام درج
کرتا یا کرواتا ہے - وہ گواہ جو تمسک وغیرہ
کے کنارے پر اعبد کرتا ہے یا کرواتا ہے
جو شاید تحریر یا دستاویز کے کنارے پر اپنے
دستخط یا نشانی کرتا یا کرواتا ہے -

حاصل - پیداوار - پیداواری - منافع
نفع - عوض - بدلہ - اجر - نتیجہ - مطلب
کسی چیز کا بقیہ - نقدی - محاصل - آمدنی
بکری - فائدہ - پیدا پھل - خلاصہ

حاصل کلام - المختصر - الغرض - خلاصہ
القصہ - خلاصہ کلام - خلاصہ مطلب -

حاضر۔ موجود۔ تیار۔ آمادہ۔ سامنے۔ روبرو۔ متوجہ۔ ملتفت۔ پیش نظر۔ مہیا۔ آگے۔

حاضر باش۔ ہمیشہ باقاعدہ حاضر رہنے والا نوکر۔ محافظ۔

حاضر ضامن۔ کسی کو موجود کرنے کا ضامن جو دوسرے کو عدالت مین موجود کرنے کا ذمہ دار ہو

حاضر ضامنی۔ کسی کو عدالت مین موجود کرنے کی کفالت۔

حاضری۔ موجودگی۔ وہ کھانا جو میت اون کو رشتہ دارون کی طرف سے دیا جاوے نیز وہ روٹی جو مردے کے ساتھ جانے والون اور مہمانون کو کھلائی جاوے۔ وہ نقد روپیہ جو میت والے کو دیا جاوے۔ صاحب لوگون کا صبح کا کھانا۔ ناشتہ۔ کباب۔ شیرمال۔ پیازہ۔ پنیر۔ پودینہ۔ حلوا وغیرہ جس پر شہدائے کربلا یا حضرت عباس کی فاتحہ دیتے ہین۔ موجودات۔ پیشی۔ پیش آنا۔ حاضر ہونا۔ روبرو آنا۔

حاضری اصالتاً۔ بلاواسطہ حاضری۔ ذاتی حاضری۔ خود حاضر ہونا۔ بلاوساطت حاضری۔ خلاف حاضری وکالتاً۔

حاکم۔ افسر۔ حکومت کرنے والا۔ مختار۔ آقا۔ سردار۔ مجسٹریٹ۔ جج۔ بااختیار آدمی۔ ایک عہدہ دار ضلع۔ حکم کرنے والا ملک کا والی۔ عامل۔ ناظم۔ فرمان روا۔ بادشاہ۔ راجا۔ مالک۔ زمیندار۔ مقدم نمبردار۔

حاکم اعلی۔ خدا۔ خداوند۔ افسر اعلی۔ تما حاکم۔ حاکم بالا۔

حاکم بالادست۔ زبردست حاکم۔ اعلی حاکم۔ زیادہ اختیار رکھنے والا حاکم۔

حاکم سول کورٹ۔ دیوانی کا حاکم۔ وہ حاکم جس کو دیوانی کے اختیارات ہون۔

تشریح صاحبان مال و حاکمان دیوانی کے اختیارات مین یہ فرق ہے کہ اول اپنی مرضی سے حسب ضرورت تحقیق کر سکتے ہین یا چھوڑ سکتے ہین اور دوم بجبر استغاثہ مستغیث سماعت نہین کر سکتے۔

حاکم کرمنیل کورٹ۔ فوجداری کا حاکم (حاکم کی تشریح حاکم مین اور کرمنیل یعنی فوجداری کی تشریح دیکھو لفظ فوجداری یا عدالت فوجداری مین)

حاکم مجوز۔ فیصلہ کرنے والا یا طے کرنے والا حاکم۔ بااختیار حاکم۔ تجویز کرنے والا حاکم جج۔

حاکم مستفسر۔ دریافت یا استمزاج کرنے والا حاکم۔ مستصوب حاکم۔ استصواب کرنے والا حاکم۔

حاکمانہ۔ حاکم کے طور پر۔ حاکم کے مانند۔ افسرانہ آنہ کلمۂ نسبت ہے (حاکم کے لیئے دیکھو حاکم)

حاکمی حکومت۔ فرمان روائی۔ سرداری چودھراٹ۔ نمبرداری۔ حاکم ہونا سلطنت طاقت۔ مجسٹریٹی۔

تشریح لفظ مجسٹریٹی بگاڑ ہے مجسٹریسی کا۔ حاکمی مین ی مصدری ہے۔

حال۔ موجودہ زمانہ فارسیون کی اصطلاح مین رقص اور وجد کے معنی بھی دیتا ہے حالت۔ گت۔ کیفیت۔ حیثیت۔ طور۔ طریق۔ اسلوب۔ رقت۔ جذبہ محبت الہی کا جوش۔ قال کا نقیض۔ ذکر احوال سرگذشت۔ دم۔ طاقت۔ تاب و توان اب۔ ابھی۔ اس وقت۔ اس گھڑی۔ عن قریب۔ فی الحال۔ ابھی۔

حال آبادی۔ جو زمین ابھی مزروعہ بنائی گئی ہو۔ جو آبادی ابھی ہوئی ہو۔

حال باقی۔ جو حال مین باقی ہو۔ بقایا حال موجودہ بقایا۔

حال توزیع۔ جو حال کی توزیع ہو۔ وہ توزیع جو ابھی ہوئی ہو۔ موجودہ نقشہ معاملہ جو مطالبہ گذشتہ معاملہ کا کرتا ہے (دیکھو توزیع)

حال جمع۔ جو حال مین لگان قابل ادا ہو۔ موجودہ معاملہ جو قابل ادائے گوزمنٹ ہو۔

حال حاصل۔ موجودہ پیداوار۔ واقعی پیداوار۔ زمین کی ابکی پیداوار۔

حال دخل۔ موجودہ قبضہ۔ حال کا قبضہ

حال ساکن۔ اب رہنے والا۔ موجودہ باشندہ۔

حال آن کہ۔ باوجودے کہ۔ در حالے کہ اگرچہ۔ تاہم۔

حالت۔ چگونگی کیفیت۔ صورت حال واردات۔ سانحہ۔ درجہ۔ طاقت۔ دم جان۔

حالت استثنائی۔ الگ اور مستثنی ہونے کی حالت۔

حالت ناداری۔ مفلسی کی حالت۔ تہی دستی کی حالت۔ بے چارگی اور غریبی کی حالت

حامل رقعہ۔ رقعہ لے جانے والا۔

حامل متن۔ کسی کتاب یا تحریر کی اصلی عبارت کی ایسی شرح جو کل متن کو حاوی ہو۔

حاملہ۔ پیٹ والی۔ زن باردار۔ وہ عورت جس کے پیٹ مین بچہ ہو

تشریح گو یہ لفظ عام مادے کے لیے ہے مگر استعمال مین عورت باردار پر زیادہ مستعمل ہے۔

حامی۔ حمایتی۔ مددگار۔ معاون۔ محافظ۔ نگران۔ نگہبان۔

حامی کار۔ کسی کام کی حمایت کرنے والا۔ معاون۔ مددگار

اقرار کرنے والا۔

حائل ۔ بیچ میں آنے والا ۔ مزاحم ۔ باز رکھنے والا ۔ مانع ۔ سد راہ ۔ آڑ ۔ روک ۔ درمیان دو چیز کے مانع ۔ بیچ بچولا ۔ درمیانی ۔ روکنے والا ۔ باز رکھنے والا۔

حب قوم ۔ اگر ہمدردی اپنی کل قوم سے تعلق رکھتی ہو تو اس کو حب قوم کہتے ہیں قوم کی محبت ۔

حبس ۔ بند ۔ قید ۔ محبس ۔ انقباض ۔ قیدخانہ جیل ۔ اسیری بندی خانہ ۔ کانجی ہوس ۔ احتباس ۔ بند ۔ رکاوٹ ۔ کسی شخص کو کسی طرح سے روک رکھنا قانوناً حبس کہلاتا ہے کسی کو اس کی مرضی کے خلاف کسی پرائوٹ گھر میں رکھنا۔

حبس بیجا ۔ کسی پر اس طرح مزاحمت بیجا کرنا کہ کسی خاص حدود سے باہر جانے سے روک دینا حبس بیجا ہے جو ایک صورت مزاحمت بیجا کی ہے کسی شخص کو ان حدود کے اندر رکھنا مراد ہے جس سے وہ باہر ہو جانا چاہتا ہو اور باہر ہو جانے کا استحقاق رکھتا ہو ۔ قید ناجائز ۔ زبردستی کسی کو کہیں بند کر دینا ۔ ناحق اسیری ۔ بے موقع گرفتاری خلاف قانون قید ۔ بازار یا گلی یا شارع عام میں جاتے جاتے روکنا خلاف قانون

حبس دوام ۔ ہمیشہ کی قید ۔ جنم بھر کی قید

حبس دوام بعبور دریائے شور ۔ ہمیشہ کے واسطے کالے پانی بھیج کر ہم وہیں رکھنا۔

تشریح حبس کے معنی قید ۔ دوام کے معنی ہمیشگی ۔ عبور کے معنی گذرنا ۔ دریائے شور باعث کھاری پانی ہونے کے سمندر کو کہ دیتے ہیں

حبوب ۔ ابواب ۔ لاگ ۔ محنتانہ ۔ جیسے بولتے ہیں حبوب کیاں ۔ حبوب پٹوا ۔ وغیرہ۔

حبوب دیہی ۔ وہ حبوب جو گانوں کی طرف منسوب ہوں ۔

حتی
یہاں تک کہ ۔ اس قدر ۔ جب تک ۔ جہاں تک ۔ جس قدر ۔

حتی الامکان ۔ تا بمقدور ۔ مقدور بھر ۔ جہاں تک ہو سکے جس قدر ممکن ہو

حتی المقدور ۔ (دیکھو حتی الامکان)

حجاب ۔ پردہ ۔ اوٹ ۔ آڑ ۔ چک چلمن حیا ۔ شرم ۔ لاج ۔ لحاظ ۔

حجابت ۔ پردہ دری ۔ دربانی ۔ ایلچی گری

حُجب ۔ پردے ۔ یہ حجاب کی جمع ہے ۔

حَجب ۔ ورثہ کا مانع ہونا ۔ روک ۔ محرومی استثنا ۔ منہائی ۔ مسلمانوں کے قانون میں حجب کی دو قسمیں ہیں ۔ جزواً و کلاً

وراثت سے منع ہونا۔ جزوی یا کلی طور سے ورثہ سے خارج ہونا۔

حجب حرمان۔ اگر ورثہ سے بالکل مانع ہو تو حجب حرمان کہلائے گا۔ وہ مانع وراثت جس سے بالکل محروم ہونا پڑے

تشریح۔ حجب کی دو قسمین یہ ہین اول حجب حرمان دوسرے حجب نقصان ان دونون کی تشریح دیکھو ان کے موقع پر۔ سبب حجب حرمان اور سبب منع ارث موانع اربعہ مشہورہ مین یہ فرق ہے کہ ممنوع من الارث کسی حال مین وارث نہین بنتا اور محجوب حجب الحرمان حاجب کے دور ہونے کے وقت وارث ہو جاتا ہے۔ حرمان کے معنی محروم رہنا۔ کچھ نہ ملنا۔ ناامیدی

حجب نقصان۔ وہ حجب جس سے جزوی نقصان ہو نہ کلی۔ اگر ورثہ سے کسی قدر مانع ہو تو حجب نقصان کہلائیگا وہ حجب وافر حصہ سے ہے کم حصے کی طرف۔

حجت۔ دلیل۔ برہان۔ بحث۔ تکرار۔ جھگڑا ٹنٹا۔ غلبہ۔

حجت تائیدی۔ وہ دلیل جو کسی مضمون کی تائید اور امداد مین ہو۔ ایسی بحث جو کسی فریق کی مدد مین ہو۔

حجت تردیدی۔ وہ دلیل جو کسی مطلب کے رد کرنے مین ہو۔ ایسی بحث جو کسی پارٹی کے رد کرنے مین ہو

حجتی۔ جھگڑالو۔ تکراری۔ جھکی۔ حجت کرنے والا۔

حجج۔ جمع حجت کی۔ (دیکھو حجت)

حد۔ کنارہ۔ افق۔ سرحد۔ انتہا۔ آخر۔ انجام محمدی قانون مین کسی شرعی جرم کی سزا جیسے بولتے ہین حد شرعی لگانا یعنی شرع کی تعزیر لگانا۔ دفعہ قانونی۔ تعریف۔ اقلیدس کے مقررہ اصول۔ مقام۔ روا ہونے کی جگہ۔ احاطہ۔ باڑا۔ بہت۔ نہایت فاصلہ دو چیز کا۔ گناہ گار کو پیٹنا تاکہ پھر گناہ نہ کرے۔ تیزی ہر چیز کی۔ غصہ۔ غضب۔ باندھنا۔ اندازہ کرنا۔ جدا کرنا۔ ایک چیز کا دوسری سے۔ منطق کی اصطلاح مین تعریف شے کی اس کی ذاتیات سے کرنا۔ جیسے تعریف انسان کی ساتھ حیوان ناطق کے کرنا۔

حد اختیار۔ اختیار کی حد۔ اختیار کی انتہا بولتے ہین حد اختیار سے باہر ہونا یعنی اختیار سے نکلنا۔

حد باندھنا۔ سرحد مقرر ہونا۔ حد بست ہونا حد بندی ہونا۔

حد بست کرنا۔ سرحد باندھنا۔ حد بندی کرنا

حد بلوغ۔ بالغ ہونے کی انتہا۔ زمانہ بلوغت۔ جوان ہونے کی علامت۔ سن

بلاغت۔ سیان پن۔

حدبست۔ (حدبندی دیکھو)

حدبندی۔ حدمقرر کرنا۔ حدبستی۔

حدبندی کرنا۔ کسی چیز کی حد کا نشان لگانا۔

حدوصیت۔ بلا رضامندی ورثا کے ایک ثلث سے زیادہ وصیت نہین ہو سکتی۔ قانون محمدی مین وصیت کی حد ⅓ یعنی ایک تہائی ہے۔

تشریح اجنبیون کے واسطے وصیت زائد علی الثلث جائز نہین اور اقارب کے واسطے مطلق بدون اجازت حدیث مین زائد علی الثلث وصیت کو گناہ کبیرہ لکھا ہے۔

حدود۔ حد کی جمع۔ (دیکھو حد)

حدود ارضی۔ زمین کی حدین۔ ملکی یا دیسی حدین۔

حرارت گرامی۔ حدت۔ تبخیر۔ بخار۔ تپ ہلکا بخار۔ آنچ۔

حرارت دین۔ مذہبی جوش۔

حرارہ۔ جوش۔ گرمی۔ غلبہ شوق۔ غصہ۔ تیزی۔ تندی۔

حراست۔ نگرانی۔ نگہبانی۔ سپردگی حوالات حفاظت۔ تحویل۔ نظربندی۔ زیر نظر۔ زیر نگرانی۔ تفویض۔ رکھوالی۔

حراست جائز۔ قانونی حراست۔

حراست مین رکھنا۔ نگرانی مین لینا۔ (دیکھو حراست)

حراست سے بھاگنا۔ حراست سے نکل جانا۔

حراست مین روانہ کرنا۔ پہرے اور نگرانی مین معرفت سپاہیون کے حوالات یا قید مین روانہ کرنا۔

حراست مین سپرد کرنا۔ حراست مین دے دینا۔

حرام۔ ناجائز۔ غیر شرع۔ ممنوع شرعی ناپاک۔ نجس۔ نادرست۔ غیر صحیح۔ نامشروع خلاف قانون۔ منع کرنا۔ روکا گیا۔ ناروا۔ ناشایستہ۔ حلال کا نقیض۔ پلید۔ افعال شنیعہ۔ زنا۔ بدکاری۔

حرام خوار۔ مُردار خوار۔ رشوت خوار۔ نمک حرام۔ کور نمک۔ مُفت خورا۔ بے مروتا۔ بے وفا۔

حرام زادہ۔ ولد الزنا۔ زنا زادہ۔ وہ شخص جو بے نکاح پیدا ہوا ہو۔ شریر۔ بد ذات دنگئی۔ فتنہ پرداز۔ پاجی۔ فتنہ انگیز۔ فسادی حرام کا۔ بن باپ کا۔

حرامی۔ چور۔ دزد۔ سارق۔ بدذات۔ حرام کا جنا۔ بیسوا کا پتر۔ ولد الزنا۔ نطفۂ حرام ولد الحرام۔ حرام زادہ۔ کمینہ۔

حرامی پلا۔ حرام کا بچہ۔ حرام کا جنا۔ بدذات شریر۔ دنگئی۔

حربہ - لڑائی کا ہتھیار - حملہ

حُر - آزاد مرد - جو غلام نہ ہو - ہر شے کا برگزیدہ -

حُرّہ - آزاد عورت - خلاف جاریہ کنیزک

حَرّ - پتھریلی زمین - گرمی - گرم ہوا -

حرف - باڑ - طرف - کنارہ - قلہ - پہاڑ کی چوٹی - انچھر - اکشر - کسی زبان کی وہ علامات تحریری جن سے الفاظ بنیں - حروف تہجی - نقص - عیب - طنز - علم صرف میں وہ کلمہ جو بغیر ملائے دوسرے لفظ کے کچھ معنی اور مطلب نہ دے -

حرف آنا - عیب لگنا - داغ لگنا -

حرف گیری - نکتہ چینی - عیب نکالنا - عیب پکڑنا -

حرفت - کسب - پیشہ - کاریگری - حرفہ دستکاری - ہنر - گن - علم - چالاکی - عیاری - مکاری - ہتھکنڈے - حرفہ - صنعت - کام -

حرکت - بے جا کام - قصور - جرم - عمل جنبش - چال - رفتار - گردش - ہلن ڈولن - دھڑکن - تڑپ - اضطراب - اعراب - زبر - زیر - پیش - کام - فعل - ارتکاب کرتب - کردار - کرنی - عمل - ناپسند بات ناشایستہ امر - تقصیر - خطا - جرم - جرم صغیرہ - بداطواری - پاپ - گناہ - کھوٹ حرج - نقصان - ضرر - زیان - سفر - کوچ - آمد و رفت - چلت - پھرت - جماع - صحبت داری -

حرکت بے جا - ناروا کام - ناجائز کام - نامشروع کام - نادرست کام - غلط کام

حرکت کرنا - ناشایستہ امر کرنا - قصور کرنا - خطا کرنا - ہرج کرنا - نقصان کرنا - ہلنا جنبش کرنا - (دیکھو حرکت)

حرمان - محروم رہنا - خالی رہنا - محرومی

تشریح خیبت اور حرمان میں یہ فرق ہے کہ خیبت کے معنی ناامیدی اور حرمان کے معنی بے بہرہ کرنا اور روک لینا اس سے معلوم ہوا کہ خیبت حرمان سے بدتر ہے کیونکہ خیبت ناامیدی کو کہتے ہیں - حرمان لغتہً اُسے کہتے ہیں کہ کسی کام سے بے بہرہ رہے مگر امید باقی رہے - اہل عرب کبھی خیبت کو بجائے حرمان کے استعمال کرتے ہیں -

حرمت - عزت - خصلت - چال چلن - آبرو حیثیت - عزیز ہونا - حرام ہونا - ہیبت - عظمت بڑائی - وقر - آدر - حلال ہونے کے خلاف

حرمت بہا - عزت کے نقصان کی قیمت - ہتک عزت کا تاوان -

حرمت بہا کی نالش - ہتک عزت کی

نالش - ازالہ حیثیت عرفی کی نالش -
لائبل کی نالش -

حرمت جانا - عزت اُتر جانا - وقر نہ رہنا عظمت
اور عفت مین فرق آنا -

حرم سرا - زنانہ مکان محل -

حروب - جمع حرب - لڑائیان -

حریت - آزاد ہونا غلامی سے - آزادی

حزم - ہوشیاری - کام کی آگاہی اندیشہ
کرنا - عاقبت اندیشی - انجام بینی - وہ صفت
اور میلان جو فرائض لازم بذات خود کے
پورا کرنے مین ظاہر ہوتا

حساب - گنتی - شمار - حساب کا علم - علم
ریاضی - نرخ - بھاؤ - قیمت - قاعدہ - ڈھنگ
طور طرح - لین دین - سمجھ - لیکھا - بُدھ
میزان - جوڑ - ٹوٹل - حال - کیفیت -
حالت - کفایت شعاری - رویہ - برتاؤ -
آشنائی - بڑت

حساب خانگی - پرائیوٹ حساب - نج کا حساب
گھریلو حساب - گھر کا لین دین -

حساب رہن - گرو کا حساب -

حساب شراکت - شراکت کا حساب
ساجھے کا حساب -

حساب نویس - محاسب - اکونٹنٹ

حساب دار - بینک مین روپیہ جمع کرنے
والا حساب رکھنے والا -

حساب کتاب - لیکھا جوکھا - لین دین
جمع وصلباقی - حساب مال گزاری -
ربط ضبط - میل ملاپ -

حسابی - حساب دان - ماہر حساب -

حسب - موافق - مطابق - بموجب -
بنتا - گننا - شمار کرنا - کافی ہونا - بس
ہونا - کافی - مثل - مانند -

حسب ارشاد - بموجب حکم - حسب الحکم
حسب الامر - فرمانے کے موافق -

حسب حال - حال کے موافق - بموجب
حال - حسب دل خواہ - دلی منشا کے
موافق - حسب موقع -

تشریح حسب دل خواہ کا لفظ جو مروج
ہے اس کی صحت مین کلام ہے - حسب
دل کے معنی دل کے موافق - پھر حسب
دل خواہ کہنے کی کیا ضرورت ہے - صرف
دل خواہ ہی کافی ہے اس کے معنی پسندیدہ
دل - حسب اور خواہ دونون کا اجتماع
خلاف فصاحت ہے اور ایک قسم کا تنفر
پیدا کرتا ہے -

حسب ضابطہ - باضابطہ - قانون
کے موافق - باقاعدہ - حسب معمول باقاعدہ
دستور موافق -

حسب قاعدہ - باضابطہ - (دیکھو حسب
ضابطہ)

حسب الارث ورثہ کے موافق۔

حسب الامر۔ موافق حکم

حسب الحکم۔ حکم کے موافق۔

تشریح۔ یہ ترکیب صحیح ہے اس لئے کہ حسب اور حکم دونون عربی الفاظ ہین اور ال حکم پر لانا صحیح ہو گیا جیسے حسب الامر مین صحیح ہے۔ مگر حسب الفرمودہ محض غلط ہے اس لئے کہ ال جو خاصہ عربی کا ہے کلمۂ عجمی پر نہین لاتے ہین۔ فرمودہ کلمہ عجمی ہے عربی اور عجمی لفظ کی ترکیب غلط ہے مگر شہنشاہ الملکرم شاذ ہے اور روشن الدولہ کو صاحب قاموس نے اس تاویل سے جائز کہا ہے کہ روشن بمعنی تابدان ہے اور والہ ہروی نے جوز والخورشید ین کہا ہے اور مرزا عبد القادر نے النوید لکھا ہے محض تصرف اور خلاف قیاس ہے بلکہ فارسی مین معرف باللام کو عموماً مجرد ال سے لاتے ہین جیسے لفظ معدن الکرم کو معدن کرم لکھتے ہین۔ مگر بعض الفاظ جیسے الغرض والقصہ الحاصل کے کہ حذف ال ان مین درست نہین اس لئے کہ ان کا ال بجاے مضاف الیہ کے ہے ذکر مضاف الیہ کے وقت اس کا حذف بھی جائز ہے۔ جیسے حاصل دین دغرض آن وغیرہ۔

حسب الخرج اس کے معنی یہ ہین کہ پروانہ صاحب کلکٹر کا آیا کہ اس قدر روپیہ بابت تنخواہ تحصیل کے لو اتنا روپیہ بابت تنخواہ عملہ و وغیرہ حسب ایسے پروانہ کے مطابق روپیہ دیا جاے گا تو وہ ازحام مین بحوالہ نمبر وتاریخ اس پروانہ کی تفصیل جس طرح خرج کو دیا گیا حسب الخرج لکھا جاے گا۔

تشریح بعض کہتے ہین کہ اب اس لغت کا استعمال ایسا کم ہو گیا ہے کہ گویا کالعدم ہے۔

حسب منشاء حسب خواہش۔ اپنے اراد کے موافق۔

حَسَب۔ نسل سلسلہ۔ خاندان۔ مال وجاہ کا شرف۔ دینی بزرگی۔ باپ دادا کی وجہ سے بزرگی وفخر۔ اندازہ ازروے مال یا مرتبہ یا وصف کے فخر۔

حَسَب ونَسَب۔ مان باپ کا خاندانی سلسلہ نانا دادا کا خاندان

تشریح حسب مان کی جانب سے نسب باپ کی طرف سے ہوتا ہے

حُسن انتظام۔ خوبی انتظام۔ خوش انتظامی

حُسن تدبیر۔ خوش تدبیر۔ خوبی تدبیر۔

حُسن طلب۔ عمدہ اشارات و پاکیزہ کنایات سے کسی چیز کا مانگنا۔ ایسا مانگنا جو صاف ظاہر نہو۔

حشر۔ برانگیختگی۔ اٹھانا۔ برپا کرنا۔ دگرگون کرنا۔ ہلاک کرنا۔ قیامت۔ روز حساب۔ شور وغل

غوغا گروہ - انبوہ -
حشر برپا کرنا - آفت ڈھانا - فساد اٹھانا - کہرام مچانا -
حشری باغی - وہ باغی جو اورون کے دیکھا دیکھی بغاوت کرنے کھڑے ہوجائین -

حشم - نوکر چاکر - خدمت گار لوگ -
حشمت - دبدبہ - بزرگی - شرم - حیا - خدمت گارون اور خادمون کا انبوہ - مرتبہ - عظمت شان وشوکت - سامان لشکر - اسباب فوج سواری - جلو - سازوسامان ولوازمہ وغیرہ -
حصار - احاطہ - گروہ - گھیرا - چاردیواری شہرپناہ - قلعہ - گڈھ - کوٹ - گڑھی -
حصر - گھیرنا - احاطہ کرنا کسی چیز پر -
حِصَص - جمع حصہ بمعنی بانٹ - تقسیم - بخرہ - بھاجی - درجہ - کونہ - جزو کتاب - علاقہ صیغہ - سررشتہ - سہم - بہرہ -
حصص شرعی - جو حصے شرع کے موافق ہون - شرعی حصے -
تشریح مسلمانون کے مختلف گروہ از روے رشتہ وغیرہ شرعی حصہ پانے کے مستحق ہین اور مختلف الفاظ سے بولے جاتے ہین - مثلاً (۱) اصحاب فرائض اُن کو کہتے ہین جن کے لیے قرآن مین حصے مقرر ہین - اصحاب فرائض یہ ہین (۱) باپ (۲) جد صحیح (۳) ماں سے بھائی (۴) خاوند (۵) زوجہ (۶) بیٹی (۷) پوتی (۸) بہن سگی (۹) بہن علاتی (۱۰) بہن اخیافی (۱۱) مان (۱۲) جدہ صحیحہ (۲) عصبات (۳) ذوی الارحام وغیرہ -
حصول - حاصل - فائدہ - حاصل ہونا - پیدا ہونا - نتیجہ - آخر - انجام - برآمد - خرچ - پیداوار - پھل -
حصول بالجبر - جبر سے حاصل ہونا - تعدی وزبردستی سے لینا - استحصال بالجبر (دیکھو حصول)
حصول جدید سکونت مستقل - شخص کو سکونت مستقل تب حاصل ہوتی ہے کہ جب سواے ابتداے کے کسی اور ملک مین بود وباش مستقل اختیار کرے -
حصہ - (دیکھو حصص جو اس کی جمع ہے)
حصہ تقسیمی - وہ حصہ جو تقسیم کرنے سے ملتا ہے
حصہ رسدی - مناسب اور اپنا حصہ جو حصہ از روے استحقاق پہونچتا ہو -
حصہ مکسر - وہ حصہ جس مین کسر واقع ہو جو حصہ صحیح نہو -
حصۂ منتقلہ - جو حصہ منتقل ہوکر اور بدل کر آیا ہو -
حصہ دار - شریک - حصہ رکھنے والا - شراکتی - شریک کشت - شریک دہ -
حصہ دار بیباق - بے باق شریک -

خود دارا اور مال دار شریک۔

حصہ داری۔ زمین کی پتی۔ زمین اور کشت کی شراکت حصہ دار ہونا۔ گانون کی شراکت

حضرت۔ قرب۔ نزدیکی۔ درگاہ۔ جناب۔ حضور۔ قبلہ۔ ایک تعظیم و عزت کا لفظ ہے جو بزرگون اور بادشاہون کی نسبت بولا جاتا ہے بجاے تسلیم۔ آداب سلام علیک۔ رسول مقبول کے واسطے۔ شریر بدذات۔ چالاک۔ ذات شریف۔ بے ڈھب

تشریح۔ جب اس کا استعمال شریر وغیرہ بُرے معنون مین ہوتا ہے تو حمل علی النقیض کے قاعدے کے لحاظ سے ہوا کرتا ہے۔ ورنہ واضع نے ان معانی کے واسطے وضع نہین کیا اور کبھی اس کا استعمال بجاے شکریہ ادا کرنے کے ہوتا ہے جس طرح انگریزی مین تھینک یو کا لفظ ہے۔

حضور۔ غیبت کا نقیض۔ حاضری۔ موجودگی حاضر باشی۔ جناب۔ حضرت۔ جناب عالی۔ خداوند۔ مخدوم بندہ۔ مجلس۔ اجلاس۔ روبرو۔ سامنے۔ مونھ در مونھ۔ حاضر ہونا اعلیٰ درجے کے آدمی کے واسطے ادب اور عزت کا لفظ ہے۔ کبھی جواب اور تسلیم کے موقع پر صرف ایجاب کا کام دیتا ہے

تشریح۔ یہ لفظ تعظیمی کلمہ خطاب کے معنون مین اُردو خیال کیا جاے کیونکہ کلام عرب و فارس مین صرف حاضر ہونے کے معنی مین آتا ہے

حضور تحصیل۔ غلطی سے صدر مقام کی تحصیل کو حضور تحصیل بولتے ہین حضور تحصیل کا اصل مطلب یہ ہے کہ جو مالک بے وساطت دوسرے کے اپنی جمع صدر خزانہ مین داخل کرے۔ خاص تحصیل۔ (دیکھو خاص تحصیل)

حضوری۔ حاضری۔ قرب۔ بادشاہی دربار یا اجلاس۔ اس کے ٹھیک معنی یہ ہین کہ مالک مجاز ہو کہ بلا وساطت دوسرے کے اپنی جمع صدر خزانے مین داخل کرے۔ بولتے ہین محالات کا حضوری کیئے جانا۔ یعنی مالک کو صدر خزانہ مین اپنی جمع داخل کرنے کی اجازت دینا۔

حَظ۔ نصیب۔ بہرہ۔ فائدہ۔ خوشی۔ خورمی انبساط۔ آنند۔ لطف۔ مزہ۔ لذت۔ ذائقہ حلاوت

تشریح فارسی والے اس کو بہ تخفیف ظاے بے نقطہ پڑھتے ہین

حظِ خلاف وضع فطری۔ اصلی عادت کے خلاف حظ یا لذت اُٹھانا۔ جو نیچر نے مقرر کیا ہے اس کے خلاف لذت اُٹھانا مذکر لڑکے یا غلام کے ساتھ اغلام یا جماع یا حیوان سے جماع۔ (دیکھو جرائم خلاف

وضع فطری وجرم خلاف وضع فطری)

حفاظت - نگہبانی - پاسبانی - نگہبانی کرنا بچاؤ کرنا - پناہ - بچاؤ - محافظت - حمایت رکھنا - امان - آڑ - اوٹ - غور و پرداخت آسرا - خبرداری - چوکسی - نگرانی - سلامتی -

حفاظت خود اختیاری - وہ حفاظت جو اپنے اختیار مین ہو - اپنا بچاؤ - مثلاً اگر کوئی مارنے کا ہتھیار اُٹھائے تو اپنی جان کے بچاؤ کے واسطے اُس کو مار ڈالنا - ایسی نگہبانی جو اپنے اختیار مین ہو - ذاتی خبرداری

حفاظت ذاتی - ذاتی بچاؤ - اپنا بچاؤ -

حفظ - یاد کرنا - ازبر کرنا - یاد رکھنا - (دیکھو حفاظت)

حفظ امن - امن کی حفاظت (دیکھو حفاظت)

حفظ ما تقدم - پہلے سے کسی امر کی پیش بندی کرنی - وہ بچاؤ جو پہلے سے کیا جائے

تشریح - حفظ بمعنی حفاظت - ما بمعنی وہ تقدم کے معنی پہلے گذرا -

حفظ مراتب - ادب کا پاس - مرتبون کا لحاظ - درجہ کی رعایت -

حق - راست - درست - سزاوار - واجب لائق - خدا کا ایک نام - وعدے کا پورا کرنا بات سچ بولنا - خدا - اللہ - راستی - صدق بچاؤ - ٹھیک - ثابت - قائم - وہ کام جو ضرور واقع ہو - شان - نسبت - بابت - غرض ذمہ داری - دعوی - استحقاق - جائز - روا مباح حسب شرع - انصاف - بدلا - صلا بدلہ - عوض - جیسے حق خدمت - مراد کارگذاری حصہ - جیسے شعر کہنا انھین کا حق ہے - اجرت مزدوری - جیسے اپنا حق لے لو - انعام - کرنے یا نہ کرنے حفاظت و اختیار کو حق کہتے ہین -

حق آبیانہ - آبپاشی کا حق - وہ حق جو آبپاشی سے پیدا ہو -

حق ادنی - حق اسودہ داری -

حق آسایش - آرام پانے کا حق -

حق آسایش حقیقی - اصلی آرام کا حق

حق آسایش ذاتی - ذاتی اور اپنے آرام کا حق -

حق آسایش روشنی - روشنی سے آرام پانے کا حق -

حق آسایش سالبہ - اُس حق کی آسایش کو کہتے ہین جس کی رو سے ہمارا کوئی ہمسایہ اپنے ملک یا زمین پر کوئی فعل نہین کر سکتا

حق آسایش موجبہ - اُس حق کو کہتے ہین جسکی رو سے ہم کسی کی ملک پر کوئی فعل کر سکتے ہین

حق ارجاع نالش - نالش اور استغاثہ کے رجوع اور دائر کرنے کا حق -

حق اصلی - تعلقہ داری کا حق -

حق الحاقی - اتفاقی حق - عارضی حق -

لاحاصل حق۔ حصہ رسدی

حق بالتعمیم۔ عمومیت سے حق۔ عام حق۔

حق تحصیل۔ جمع کرنے کا حق۔ اگاہنے کا حق۔ حاصل کرنے اور وصول کرنے کا حق۔

حق تحصیل لگان۔ لگان یا معاملہ کے جمع کرنے کا حق۔

حق تصرف قدیم۔ قدیم قبضہ کا حق

تشریح۔ لارڈ کوک کی راے پر اس حق کا حاصل کرنا ہے جو مرور مدت اور استحفاظ سے پیدا ہو۔ ضابطہ فرانسیسی مین بھی یہی تعریف کی ہے۔ روما کے مقنن اس عذر کو کہتے ہین جب کسی ایسے شخص کے خلاف دعوی ملکیت کیا جاے جو مدت معینہ تک کسی چیز پر قابض رہا ہو اور وہ شخص اس وقت تک یہ عذر پیش کرے کہ مین مدت کثیر تک قابض رہا ہون اس لیئے مین بے دخل نہین ہو سکتا۔ لارڈ کوک نے ان الفاظ سے بھی تعریف کی ہے کہ حق تصرف قدیم اس استحقاق کا حاصل کرنا ہے جو از روے قانون استعمال یا قبضہ یا استحفاظ جس سے حق تصرف قدیم پیدا ہوکر ملکیت پیدا ہو جاے اور مرور مدت سے حاصل ہو جاتا ہے پوتھی یر اس طرح تعریف کرتا ہے کہ وہ ایک ذریعہ ہے جس سے کوئی شخص کسی شے کی ملکیت کو مدت معینہ تک جو از روے قانون مقرر کی گئی ہو اس کے ساتھ بغیر کسی خلل کے قبضہ رکھنے سے حاصل کرتا ہے۔ لارڈ کوک کی تعریف بہتر ہے۔ پوتھی یر کہتا ہے کہ تصرف قدیم کے واسطے قبضہ بطور مالک ضروری ہے

حق تلفی۔ بے انصافی۔ حق مارنا۔ حق ضائع ہونا۔ ان نیاؤ۔

حق جدی۔ جو حق باپ دادا سے اور بزرگون سے چلا آتا ہو۔

حق حوالہ دار۔ ایک حصہ اناج کا جو زمیندار کے افسر کو جو معاملہ جمع کرنے پر ملازم ہو ڈیڑھ سیر فی من کے حساب سے دیا جاے

حق حین حیات۔ زندگی بھر کا حق۔

تشریح۔ حین کے معنی وقت اور حیات کے معنی زندگی۔

حق حی القائم۔ کسی کی وفات کے بعد تک حیات پس ماندگی کا حق۔ وہ حق جو زندگی کے ساتھ قائم رہے۔ حین حیاتی حق۔

حق دخیل کاری۔ قبضہ کا حق۔ دخل یابی کا حق۔ قبضہ پانے کا حق

حق دسوترہ۔ دس فی صدی کا حق۔ بیاج کا حق۔ سو مین سے دسوین حصے کا حق۔

تشریح۔ یہ حق اکثر ان زمینون کی نسبت ہوتا ہے جو ویران ہوتی ہین۔

حق ذیلدار - یہ حق بحساب رقم فی صدی دیا جاتا ہے اس کی کمی بیشی بھی مثل حق نمبر داران کی مال گذاری کی کمی بیشی پر موقوف ہے

تشریح نمبرداروں کو پانچ فی صدی اوپر مال گذاری محال کے جس مین اراضی لاخراجی بھی شامل ہے ہمراہ مال گزاری وصول ہو کر حسب شرائط بندوبست دیا جائے گا - اعلی نمبردار کو ایک روپیہ فی صدی زیادہ ملے گا -

حق رسی - انصاف - عدل - نیاؤ - حق کو پہونچانا - سچ پر پہونچنا - اپنے حق کو پانا

حق رعایا - کسان کا حق - گورنمنٹ یا زمیندار کو معاملہ ادا کرنے والے کا حق - رعیت کا حق -

حق زمیندار - زمیندار کا حق - اس صفت کے موافق جس کی رو سے وہ زمین کا مالک ہے یا گورنمنٹ کے ساتھ اس کا عہد و پیمان ہے

حق سربراہ منتظم کا حق - نیچ کا حق - گانون وغیرہ امورات اور معاملات کے فیصلہ کرنے والے کا حق -

حق سرکار - فصل کے حصے یا روپیہ پر گورنمنٹ کا حق -

حق شفع - ملحق جائداد کے خریدنے کا حق حق پڑوس - حق ہم سائگی - حق خریداری -

جب کوئی شے بیع کی جاوے اور وہ اس قیمت پر حاصل ہو جاوے جو مشتری نے اس کی بابت ادا کی ہو - ایک حق شرع محمدی کی رو سے چنانچہ جائداد مشترک مین اگر کوئی حصہ بیع کیا جائے تو ہر ایک شریک اس حق کے پانے کا مستحق ہے (دیکھو شفع)

حق شفع بربناے جار ملاصق - متصل ہم سایہ کے ہونے سے حق شفع

حق شفع شرعی - شرع کی رو سے حق شفع محمدی قانون کی رو سے حق شفع

حق عام - اس مین وہ رسمیات یا حقوق شامل ہین جو کسی فرقہ اشخاص کثیر التعداد کے واسطے عام ہون -

حق عصوبت - رشتہ داری کا حق جدی حق -

حق قانونی - جو حق قانون کی رو سے ہو

حق قائم مقامی - جانشینی کا حق قائم مقام ہونے کا حق -

حق قدامت - قدیم یا پرانے ہونیکا حق

حق السعی - حق المحنت - اجرت - فیس - محنت کی اجرت - کوشش کی فیس -

حق مالکانہ - وہ مقررہ حق جو مالک اپنی اسامی یا کاشتکار وغیرہ سے لینے کا مستحق ہوتا ہے - جو حق مالکون کے طور پر حاصل ہو

حق مرجح - غالب حق - حق ترجیح - ترجیح کا

گیا حق۔
تشریح - مرجح عربی کا اسم مفعول ہے جس کا مصدر ترجیح ہے۔
حق مرور - گذرنے کا حق۔ جانے کا حق۔ رستہ چلنے کا حق۔
حق مستقل قائم بالوجود - وہ بے زوال اور مستقل حق جو کسی چیز کے ہونے سے قائم ہو
حق مصنفی - تصنیف کا حق۔ حق تصنیف۔
حق مقابضت - قبضہ کرنے کا حق۔
حق مستاجرانہ - اجارہ داروں جیسا حق۔
حق مقررہ - معینہ حق۔
حق ملکیت درمیانی - اس شخص کے حق سے مراد ہے جو قابض حق ملکیت اس وقت تھا جب کہ گانون شامل تعلقہ ہوا۔
تشریح - کسی گانون کے ایک مالک سے دوسرے مالک کے تحت تبدیل ہونے سے حق مذکور میں خلل نہیں آتا۔
حق ملکیت قائم بالوجود - جو حق ولادت سے پیدا ہو۔
حق نالش پیدا ہونا - نالش اور دعوے کا حق پیدا ہونا۔
حق نان ونفقہ - روٹی کپڑے کا حق۔
حق ناحق - بے سمجھے۔ خواہ نخواہ۔ ناحق بے سبب۔ بلا وجہ۔ یون ہی
حق نمبردار - یہ حق ٹھیک ٹھیک زر مالگزاری وصول شدہ پر شمار ہو کر نمبرداروں کو ملتا ہے مال گزاری کی کمی زیادتی پر اس حق کی کمی و بیشی ہوتی ہے۔ نمبرداروں کو پانچ روپیہ فی صدی اوپر مال گزاری محال کے کہ جس میں ارضی لاخراج بھی شامل ہو ہمراہ مال گزاری وصول ہو کر حسب شرائط بندوبست دیا جاتا۔
حق پر لڑنا - سچ پر لڑنا۔ استحقاق پر جھگڑنا
حق ثابت کرنا - دعوے کا ثبوت پہونچانا استحقاق تسلیم کرانا۔
حق لینا - ورثہ یا مختنانہ یا واجبی حصہ پانا۔ جائداد پانا۔
حق ہونا - مرنا۔ جہان سے گذرنا۔
حقدار - حق رکھنے والا ایک شخص جو کسی چیز کا حق رکھتا ہو۔ جس کا حق ہو۔ وارث۔ مستحق
حقدار ارضی - اس میں جملہ اشخاص جن کو ارضی میں بہ حین حیات یا نصد سال کسی قدر حق ہو یا قائم مقامی میں کسی قدر حق ہو۔ اور جملہ مرتہن یا مستاجر یا رعیت یا مرضی مالک ہون شامل ہون گے۔
حقارت - اہانت۔ تحقیر۔ خفت۔ ذلت۔ خواری نفرت کرنا۔ ذلیل سمجھنا۔ حقیر جاننا۔ سبکی۔ بے عزتی
حقائق - جمع حقیقت (دیکھو حقیقت)
حقوق - جمع حق۔ (دیکھو حق)
حقوق و دیون - حق اور قرضے
تشریح - دیون جمع ہے دین کی۔

حقوق اساسیان - کاشت کاران مزارعان کے حقوق

حقوق آسایش - کسی غیر کی زمین پر رستہ کا حق - زمین غیر کے تالاب کنوئین سے پانی لینے کا حق - ہم سایہ کی زمین سے پانی وغیرہ لے جانے کا حق - وہ حقوق جو کسی شے کے سہارے سے جو ہمارے زمین سے ملحق ہے کسی ہم سایہ کی زمین یا اس شے سے جو اس شخص سے ملحق ہو رکھتی ہو۔

حقوق اشخاص - وہ حقوق جو اشخاص سے متعلق ہین۔

حقوق اشیا - وہ حقوق جو اشخاص اشیاے خارجی پر حاصل کرتے ہین (دیکھو اشیا)

حقوق انیرسونم - حقوق بالتخصیص۔

حقوق شکر - جنگل کے حقوق۔

حقوق جنگل - جنگل کے حق۔

حقوق چرائی - چرائی کے حقوق۔

حقوق زوجیت - وہ حق جو زوجہ ادر بیوی ہونے سے پیدا ہوتے ہین۔

حقوق شوہری - وہ حقوق جو شوہر سے متعلق ہوان

حقوق کاشت کاری - زراعت کرنے یا کھیتی کے حقوق۔

حقوق مالکانہ - مالکان کے طور پر حق۔

حقوق مزارعان - مزارعان کے طور پر حق۔

حقہ پانی مینا - عام برتاؤ - میل جول لینا دینا - مل کر کھانا پینا۔

حقہ پانی بند کرنا - ذات سے خارج کرنا - برادری سے نکالنا۔

تشریح ایسے امور محض انتظام شرعی کی غرض سے اختراع کیے گئے ہین ورنہ موجودہ قانون مین تو یہ ایک قسم کا جرم ہے - اور نالش ہونے پر ایسے مفتی خود سزایاب ہو سکتے ہین۔

حقیت - حق - حق داری - ملکیت - استحقاق فائدہ - ملک - جائداد - مال۔

حقیت استقبالی - آیندہ حقیت - آیندہ حق۔

حقیت باندی داری - ایک ایسی اسامی کا حق ہے جو ملکیت کے حقوق کے ساتھ مختلف حقوق کا مستحق ہو - اور معمولی اسامیوں کی نسبت زیادہ حقوق رکھتا ہو - اس کے مالگزاری کے حقوق بڑھانے کے قابل نہین ہوتے یہ لغت گورکھپور مین مستعمل ہے۔

حقیت بلا شرکت غیرے - خالص اپنی ملکیت - ایسی حقیت جس مین کوئی شریک نہو

حقیت ٹھیکہ داری - بطور ٹھیکہ داری کے کسی کا حق۔

حقیت خراجی - لگان ادا کرنے کا حق۔

حقیت دخل - قبضہ کی حقیت - قبضہ کا

استحقاق -

حقیت شکمی - ماتحتی حق - ماتحتی ملکیت - بالواسطہ حق -

حقیت غیر منقسمہ - مشترکہ حق حقیت جو تقسیم شدہ نہو -

حقیت قبالہ داری - جو حقیت خریدنے سے حاصل کی گئی ہو

حقیت کاشت - بونے کا حق -

حقیت لاخراجی - معافی لگان کا حق - ملکیت معاملہ معافی -

حقیت محتمل الوقوع - ایک حقیت جس کا واقع ہونا شکی ہو - عارضی حق - اتفاقی حق -

حقیت معافی - (دیکھو حقیت لاخراجی)

حقیت ناقص - ناتمام یا غیر مکمل حق -

حقیت ورثہ - میراث یا ترکہ کا حق -

حقیر - چھوٹا - ادنی - دُبلا - لاغر - پتلا - نحیف ذلیل - خوار - خفیف - سبک - اوچھا - بے قدر -

حقیقت - اصلیت - ماہیت - اصل - جڑ - بنیاد - کیفیت - چگونگی - حال - صداقت - ست - سچ - بساط - حیثیت - ماجرا - سرگذشت - کسی شئے کی ذات اور اصل -

تشریح حقیقت اور ماہیت مین یہ فرق ہے کہ حقیقت خلاف مجاز اور جس کی حمایت لوگون پر واجب ہے اور اصطلاح حکما مین ج! یا مجموعۂ اجزا کہ جس سے شئے متحقق ہوتی ہے اور ماہیت مرکب دو لفظون سے ہے ما اور ہی سے یعنی حقیقت مین یہ چیز کیا ہے اور کن اجزا سے مرکب ہے پھر تائے مصدری لگائی گئی - واقع مین سوال ہے چونکہ اس کے جواب مین ہمیشہ اجزائے ذاتی واقع ہوتے ہین اس لیئے اجزائے حقیقی پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے - پس اصطلاح حکما مین حقیقت اور ماہیت مترادف مستعمل ہوتے ہین -

حقیقی - اصلی - خاص - ٹھیک - سگا - اپنا - نجی - عینی - جو بناوٹی نہو -

حقیقی بھائی - برادر عینی - سگا بھائی -

حقیقی حقوق بر ملکیت غیر - وہ حقوق مراد ہین جو کہ ایک شخص ایک شئے پر بباعث مالک ہونے دوسری شئے کے رکھتا ہے

حقیقت جمع طوماری - ایک خاص حساب عام معاملہ کا جو کاغذات کے بموجب مقرر ہو

حکام - حاکم کی جمع - افسر - عہدہ دار - حکم کرنے والا - بااختیار - مجسٹریٹ -

حکام کرمنل - حاکمان فوجداری -

تشریح حکام جمع حاکم - کرمنل کے معنی فوجداری - فوجداری کی تشریح دیکھو زیر لفظ فوجداری و عدالت فوجداری

حکام مال - مال گذاری کے حاکم -

حکم - فرمانا - فرمان - پروانہ - ہدایت - آرڈر - ڈگری - ارشاد - اگیا - فتوی - فیصلہ شرعی - منطق - کسی ایسی بات کا ثابت کرنا کہ جس پر قائل کا سکوت صحیح ہو - حکومت - فرمان برداری - سرداری جیسے آپ کا حکم بنا رہے - اجازت - پروانگی - تاش یا گنجفہ کا وہ پتا جو سب سے پہلے پھینکا جاتا ہے - فیصلہ جھگڑے کا نیاؤ - سختی - جبر - سیاست -

تشریح - امر اور حکم میں یہ فرق ہے کہ امر کے معنی کام اور فرمان اور فرمان کرنا اور حکم کے معنی فرمانا اور حکم کرنا کسی کے درمیان اور دانش اور حکمت پس امر اور حکم جب بمعنی فرمانے کے ہوں تو مرادف ہیں اور باقی معانی میں متباین ہیں -

حکم اخیر - اخیر فیصلہ - حکم ناطق - قطعی حکم - آخری آرڈر - آخری ڈگری - (حکم کی تشریح دیکھو حکم میں)

حکم اخیر بعیبات - بیع کامل کا اخیر حکم (دیکھو بیعیات)

حکم استقراریہ - استقراری حکم - استقرار کے معنی ٹھہرنے والا - آرام گیر - کسی مقام پر قرار گیر -

حکم امتناعی - ممانعت کا حکم - روکنے کا حکم منع کرنے کا حکم - روک کا حکم - اس میں مناسبت کی ہے -

حکم انفساخ بندوبست - بندوبست منسوخ کرنے کا حکم - بندوبست توڑ دینے کا حکم -

حکم بجا لانا - تعمیل ارشاد کرنا - کہا کرنا -

حکم برداری - فرمان برداری - اطاعت - اگیا کاری - تابعداری -

حکم تتمہ - ضمنی حکم - ضمیمہ کا حکم -

حکم جاری کرنا - حکم صادر کرنا - اشتہار دینا - ڈونڈی پٹوانا -

حکم درمیانی - بیچ کا حکم - ضمنی حکم - وہ حکم جو قبل حکم اخیر کے دیا جائے

حکم ڈسمسی - منسوخ کرنے کا حکم - ڈسمس ہونے کا حکم -

حکم رانی - فرمان روائی - حکومت - سلطنت بادشاہی - حکم چلانا -

حکم سپردگی - حوالگی یا استصواب کا حکم -

حکم سزا - تعزیر کا حکم - قید کا حکم - جرمانہ کا حکم -

حکم سزائے موت - پھانسی کی سزا کا حکم - مار ڈالنے کی سزا کا حکم -

حکم ضبطی - ضبط کرنے کا حکم - قرق کرنے کا حکم - شرح سٹیفن صاحب اور شرح مین صاحب میں لکھا ہے کہ اس سے یہی مراد نہیں کہ جو کچھ اُس کے پاس اس وقت ضبطی ہو جو

ہو وہی ضبط ہو بلکہ یہ ہے کہ آیندہ سے
لیئے بھی وہ کسی چیز کے وارث ہونے کے لائق
نہ رہے اور جو ترکہ اُس کو پہونچا ہو وہ گورنمنٹ
کو پہونچے مگر یہ خاص صورت مین ہے۔

حکم ظہری۔ وہ حکم جو کسی رپورٹ یا کاغذ کی
پشت پر لکھا جاوے۔ پشتی حکم
تشریح ظا کی فتح سے پڑھنا چاہیے ضم
جو مشہور ہے غلط ہے

حکم عام۔ جرنیلی آرڈر۔ جو حکم ہر ایک سے
متعلق ہو۔

حکم فک الرہن۔ رہن یا گرو کے توڑ دینے
یا چھوڑ دینے کا حکم۔

حکم قطعی۔ (دیکھو حکم اخیر)

حکم گشتی۔ وہ حکم جو سب جگہ پھرایا جاے
سرکلر۔ وہ حکم جو اکثر جگہ بھیجا جاے۔

حکم محولہ بالا۔ مذکورہ بالا حکم۔ اوپر لکھا ہوا حکم
حکم مذکورہ۔ مذکورۃ الصدر حکم۔

حکم مشعر اثبات استحقاق۔ وہ حکم جس
مین حقیت کے ثابت کرنے کی تشریح ہو۔
جو حکم اثبات حق کو شامل ہو۔

حکم مطلق۔ حکم قطعی۔ عام حکم۔

حکم ناطق۔ قطعی حکم۔ (دیکھو حکم قطعی)

حکم نامنظوری۔ نامنظور ہونے کا حکم۔

حکم نامہ۔ وہ حکم جو جج کی طرف سے لکھا جاے
تحریری حکم۔

حکم نامہ اجراے ڈگری۔ ڈگری جاری
کرنے کا حکم نامہ

حکم نامہ عدالت۔ وہ حکم نامہ جو عدالت کی
جانب سے لکھا جاے

حکم نامہ جاری کرنا۔ حکم نامہ کی تعمیل کرنا۔ کسی
حکم نامہ کو بلا حرج تعمیل کرنا۔

حکمی۔ بے چوک۔ بے خطا۔ ٹھیک نشانہ پر
مدام۔ ہمیشہ۔ شرطی۔ ضروری۔ فرمان بردار
فرمان پذیر۔ محکوم۔ یقینی۔ قطعی۔

حکمی بندہ۔ فرمان بردار۔ تابعدار بندہ۔

حکومت۔ حکم کرنا۔ فرمان روائی۔ کسی جماعت
انتظامی کے مجموعۂ اختیارات کو کہتے ہین حکم
رانی۔ راج۔ سلطنت۔ سختی۔ جبر۔ تعدی۔
زبردستی۔ جیسے حکومت سے کام لینا۔ اختیار
بس۔ مقدرت جیسے ایسی ہی آپ کی حکومت ہے

حکومت آزاد۔ بے قید حکومت۔ خود مختار حکومت

حکومت اعلی۔ ایسا گروہ جن کو قانون کے
استرداد اور بعض صورتون مین نہایت ضروری
اصول حکومت کی تنسیخ کرنے کے اختیارات
حاصل ہون۔ یہ درجہ سب سے اعلی ہونا چاہیے
اور اُن کے اختیارات غیر محدود ہونے چاہیں

حکومت امرائی۔ وہ حکومت اعلی جو ایک
کونسل کے ہاتھ مین ہو جس مین چیدہ ارکان
شامل ہون۔

حکومت جابرانہ۔ ظالمانہ حکومت۔

حکومت جمہوری - وہ حکومت اعلیٰ جو ایک ایسی اعلیٰ جماعت اشخاص کے ہاتھ میں ہو جس میں اس جماعت انتظامی کے تمام آزاد و ارکان شامل ہوں -

حکومت شخصی - وہ حکومت اعلیٰ جو ایک شخص کے ہاتھ میں ہو -

حکومت سقانی - اس سے مراد ایسی جماعت اشخاص سے ہے جس کو کسی وقت آزادی قانون اختیار نگرانی و اہتمام کی معاملات واقعہ کسی رقبۂ خاص کا حاصل ہو -

حل - کشائش - انکشاف کھولنا - وا کرنا - سلجھاؤ - عقدہ کشائی مشکل کام کو آسان کرنا تحلیل - کھلنا - ملنا - پنا - گھٹائی پسائی عمل سوال - گرہ کھولنا - اترنا - واجب ہونا - عورت کا عدت سے باہر نکلنا -

حل کرنا - سلجھانا کھولنا - انکشاف کرنا پیچیدگی رفع کرنا عقدہ کشائی کرنا آسان کرنا - اجزا علیحدہ کرنا - تجربہ کرنا - پینا - کھرل کرنا گھلانا - ملانا - حساب کا سوال نکالنا سوال کا عمل کرنا -

حلال - روا - جائز درست - وہ چیز جو موافق شرع کے درست ہو - حرام کا نقیض مباح حق - ذبیحہ - ذبح کیا ہوا حسب شرع حسب قانون - شرعاً جائز -

حلال کا - حرام کا کے برعکس - جو بچہ منکوحہ عورت سے پیدا ہو - ولد الحلال - مباح جائز

حلالہ - ایک عورت مطلقہ کا اپنے سابق خاوند سے دوبارہ نکاح کرنا بعد نکاح او شخص کے

تشریح بعض نے اس میں دوسرے خاوند کی خلوت صحیحہ یا دخول شرط تصور کی ہے

حلت - حلال ہونا - کشادگی - مباح ہونا

حلف - سوگند - عہد و پیمان - قرآن - قسم کھانا

قسم - اس میں ۱۰۰ اقرار صالح داخل ہے جو حلف کے عوض میں قانوناً مقرر ہوا ہو اور نیز ہر ایک اقرار جس کا کرنا کسی سرکاری ملازم کے روبرو یا منتعمل ہونا بطور وجہ ثبوت کے حوالہ کسی کورٹ آف جسٹس میں یا کسی اور محل میں قانوناً واجب یا جائز ہو - ہر اقرار صالح - اس میں اقرار و اظہار اور اقرار کرنا اور اظہار کرنا ایسے اشخاص کا داخل ہے جو بجائے حلف قانوناً مجاز اقرار یا اظہار کرنے کے ہوں - دھرم -

حلف اٹھانا - قسم کھانا - قرآن اٹھانا - مذہبی کتاب کی قسم اٹھانا - گوکا جلی اٹھانا اپنے کو قسم کا پابند کرنا - اپنے مسلمہ دیوتا کی قسم اٹھانا -

حلف دروغی - جھوٹی قسم اٹھانا - جھوٹ بات پر قرآن اٹھانا - اپنی مذہبی کتاب کی جھوٹی اٹھانی - اپنے مسلمہ دیوتا کی جھوٹی قسم کھانا -

حلف دینا - قسم دینا - سوگند دینا - قرآن یا گنگا جلی اٹھوانا -

حلفاً - از روے قسم - قسمیہ - سوگندسے - قسماً قسم پر قسم سے -

حلفاً بیان کرنا - قسم سے بیان کرنا -

حلف سے اظہار دینا - قسم کی رو سے اظہار دینا -

حلف نامہ - قسم کا تحریری اقرار - اظہار حلفی اس مین ہر اظہار تحریری یا اقرار جو ایسے شخص کے روبرو کیا جاے جس کو قانوناً اجازت حلف لینے کی ہو داخل ہے - اظہار تحریری بحلف وا قرار روبروے اشخاص مجاز حلف دہی -

حلقہ - گھیرا - احاطہ - منڈلی مجلس - کڑا لوہے یا لکڑی وغیرہ کا گول گنڈا - گھنڈی کا گھر - تکمہ - علاقہ - ضلع - کاڑی کا احاطہ - دائرہ - حد - دورہ عدالت - سرحد مجلس کا دور - ہر گول چیز -

حلقہ بندی - کسی آبادی یا زمین کی سرحد مقرر کرنا -

حلول - اُترنا کسی چیز کے وعدے کا پہونچنا - قربانی کی جگہ پر پہونچنا - واجب ہونا - عورت کی عدت کا آخر ہونا - ایک چیز کا دوسری چیز مین اس طرح گھس جانا کہ تمیز نہو سکے -

حلیہ - خلعت - صورت - چہرہ - خلقت - آرائش - کسی چیز کی صفت - خط و خال جو شناخت کے واسطے لکھے جائین -

حلیلہ - منکوحہ عورت - زوجہ - جورو -

حماقت - نادانی - بے وقوفی - حمق - احمق پن - بے عقلی -

حمال - بہت بوجھ اُٹھانے والا مرد - پانڈی پلہ دار - مزدور - باربردار -

تشریح - یہ صیغہ مبالغہ کا ہے عربی لفظ ہے - لغتہً گو ہر چیز اُٹھانے والے کو کہتے ہین مگر زیادہ استعمال اُس کا پلہ دار اور مزدور وغیرہ پر ہوتا ہے -

حمایت - طرفداری - پشتی - مدد - نگہبانی - سایہ - محافظت - ظل - جیسے کسی کی حمایت مین آنا - بچاؤ -

حمایتی - حمایت کرنے والا - طرفدار - معاون مددگار - حامی - پشتیبان -

حمائل - گلے مین ترچھا پرتلا ڈالنا - دوال شمشیر - پرتلا - گلے مین ڈالنے کی چیز - بدھی جنیو - چھوٹی تقطیع کا قرآن جو گلے مین ڈالا جاسکے - جو شے بغل کے نیچے لٹکا ئین - ہار - تعویذ -

تشریح - چھوٹے قرآن کو حمائل صرف اس واسطے کہتے ہین کہ حمائل کے معنی ہین وہ چیز جو گلے مین ڈال کر بغل کے نیچے لٹکائی جاے - چھوٹا قرآن بھی باعث سبکی کے

لٹکایا جاتا ہے۔

حمل۔ بوجھ۔ بار۔ گیابھ۔ پیٹ۔ گربھ۔ گمان بھرم۔ وہ بوجھ جو گردن پر اُٹھائین یطلق اُٹھانا۔ بارشکم یعنی عورت کے پیٹ مین جو بچہ ہوتا ہے۔ گمان کرنا۔ قیاس کرنا۔

تشریح بھرم اور گمان کے معنون مین خاص فارسی مین زیادہ مستعمل ہوتا ہے

حمل اسقاط ہونا۔ پیٹ گرنا۔ تو ہجانا

حملہ۔ چڑھائی۔ دھاوا۔ ہلا۔ یورش۔ حربہ۔ وار۔ چوٹ۔ ہلا کرنا۔ کسی کے جسم پر ہاتھ رکھنا۔ یا کسی کو ضرب پہونچانا۔ یا دھکا دینا بلا رضامندی خلاف قانون فعل و توعی نہین اراری فعل ہے۔ دوسرے کسی پر جبراً کسی جرم کا قصد کرنا حملہ ہے۔ جو کوئی کوئی صورت بنائے یا تیاری کرے اس نیت سے یا اس امر کے رخصت کے علم سے کہ اس صورت بنانے یا تیاری کرنے سے کوئی شخص حاضر موقع یہ تصور کرے کہ صورت بنانے والا یا تیاری کرنے والا شخص اس پر عن قریب حملہ مجرمانہ کرنے والا ہے تو کہا جائیگا کہ شخص مذکور حملہ کا مرتکب ہے بموجب قانون انگلستان حملہ دوسرے کو مارنے کا اقدام کرنا بلا اس کے چھونے کے ہے یہ تشریح شرح بلاکسٹو صاحب کی ہے

حملہ خلاف تہذیب۔ داخل جرم دفعہ ۳۵۴ تعزیرات ہند کے ہے جیسے غیر منکوحہ عورت کی چھاتی پکڑنا۔

حملہ معمولی۔ سرسری حملہ جیسے کسی کو دھکا دے دینا۔

حمیت۔ غیرت۔ ننگ۔ شرم۔

حواشی۔ کنارے۔ نوکر چاکر۔ تحریرون کے کنارے۔ یہ حاشیہ کی جمع ہے۔ (دیکھو حاشیہ)

حواصل۔ جمع حوصلہ۔ حوصلہ کے معنی پٹہ جانور بھی ہے۔ ایک پرندے کا نام بھی ہے۔ اس صورت مین جمع کا اطلاق واحد پر بطور مجاز کے ہوگا۔ (دیکھو حوصلہ)

حوالات۔ سپردگی۔ تحویل۔ حراست۔ نظربندی قید۔ نگرانی۔ وہ مکان جس مین مجرم تا تحقیقات مقدمہ نظربند رکھے جائین۔ توکیل سپرد کرنا۔ سونپ دینا۔

تشریح صحیح حوالت یعنی سپردگی ہے چونکہ ملزم بھی حوالات مین سپرد کیا جاتا ہے اس لیئے اس کا نام رکھا۔

حوالات پولیس۔ پولیس کے متعلق حوالات پولیس کی حوالات

تشریح اس حوالات مین کوئی قیدی بیس گھنٹہ سے زیادہ بلا خاص حکم کسی مجسٹریٹ کے نہین رکھا جاسکتا سوائے اُس وقت کے جو مقام گرفتاری سے صاحب مجسٹریٹ

کی عدالت مین بھیجنے کے واسطے ضروری
ہو۔ اہل پولیس بشرط ضرورت اجازت لیکر
زیادہ عرصہ کے واسطے رکھ سکتے ہین
اور رکھتے ہین۔

حوالات جوڈیشل۔ جوڈیشل حوالات۔
تشریح کوئی قیدی اس مین سواے
حکم تحریری سن جانب افسر جوڈیشل بنام
داروغہ۔ ناظر یا نائب ناظر کے ہین رہ
سکتا اور نہ اُن کے حکم بغیر نکل سکتا ہے اور
حکم مذکور مین جرم اور یہ کہ آیا ضمانت ہوسکتی
ہے یا نہین درج ہونا چاہیئے۔

حوالات مین رکھنا۔ حراست بندی خانہ مین رکھنا

حوالات کرنا۔ حوالات مین دینا۔ قید کرنا۔
نظربند کرنا۔ نگرانی مین رکھنا۔

حوالگی۔ سپرد کرنا۔ سپردگی۔

حوالہ۔ سپردگی۔ تحویل۔ پتا۔ نشان۔ سپرد
کرنا۔ سونپ دینا۔

حوالہ دینا۔ پتہ یا نشان یا سند دینا یا نظر دینا
جیسے بولتے ہین بحوالۂ فلان دفعہ۔

حوالی۔ نواح۔ گرد۔ آس پاس۔ گرداگرد
کسی چیز کا۔
تشریح واضح ہو کہ اس لفظ کے لام کو
کسرہ دینا اور یاے معروف سے پڑھنا
یہ تصرف فارسیون کا ہے اصل مین لام
کو فتحہ ہے اور آخر مین الف مقصورہ بصورت
یا ہے اور عبارت عربی مین یہ لفظ ہمیشہ ضمیر
کی طرف مضاف ہوتا ہے اور الف مقصورہ
یاے تحتانی سے بدل جاتا ہے۔

حوالی شہر۔ شہر کا گرد نواح۔ شہر کے اردگرد
کی زمین۔

حوصلہ۔ پرند کا پوٹا۔ معدۂ پرند۔ مقدور۔ ہمت
دل۔ جرأت۔ دلیری۔ جلادت۔ سمائی۔
بُردباری۔ ظرف۔ ارمان۔ آرزو۔

حویلی۔ وہ مکان جس کے چار طرف دیوار ہو
چاردیواری کا مکان۔ محل سرا۔ بڑا اور پختہ
مکان۔ گھر۔ خانہ۔ عالی شان مکان۔ اہلیہ
گھر کی عورت۔ گھروالی۔
تشریح بعض لوگ اس کو حوالی کا امالہ
کہتے ہین بعض اس کا بگاڑ کہتے ہین۔ بہرحال
اُردو ہے کیون کہ نہ تو فارسی کے شعرا نے
اس کو اشعار مین باندھا اور نہ عربی کے شعرا
نے لکھا۔ بہار عجم نے بھی کوئی سند نہین دی
لغات کشوری مین لکھا ہے کہ اصل اس کی
حوالی تھی یعنی گرداگرد کسی چیز کا فارسیون
کے تصرف سے حوالی لام کے کسرہ اور یاے
معروف سے ہوا اس کا امالہ حویلی ہے اب
مکان کے معنون مین مستعمل ہوا۔

حیثیت۔ وضع۔ اسلوب۔ طرز۔ طور۔ طریق
ڈھنگ۔ حقیقت۔ لیاقت۔ قابلیت۔ استعداد
حوصلہ۔ پوٹا۔ ظرف۔ مالیت۔ دولت۔

ملکیت۔ جائداد۔ مقدور۔ مقدرت۔ بساط
آمدنی۔ عزت۔ آبرو۔ خدمت جگہ۔ عہد۔
حیثیت عاملانہ۔ عاملون اور اہل کارون
جیسی حیثیت۔ (دیکھو حیثیت)
حیثیت عرفی۔ ظاہری عزت۔ بنی ہوئی
مانی ہوئی عزت۔ ساکھ۔ اعتبار۔ مشہور عزت
یہان حیثیت کے معنی عزت کے ہین پس حیثیت
عرفی سے حیثیت مشہورہ یعنی وہ عزت اور
اعتبار مراد ہے جو لوگون مین مشہور ہو۔
حیص بیص۔ لڑائی غوغا۔ جنگ۔ شور وغل
کشاکشی۔ ردوبدل۔ تکرار۔ ٹنٹا۔ رد و قدح
حیص کے معنی راہ سے بے راہ ہونا گم راہ
ہونا بیص کے معنی سختی۔ تنگی۔ عربی مین
آیا ہے
حیضی۔ حرام کا۔ ولدالزنا۔ حرامی۔ شریر۔ دوگلی
حرام زادہ
حیف۔ افسوس۔ ظلم۔ ستم۔ دریغ۔ ہائے
جبر۔ تعدی۔
حیل۔ جمع حیلہ کی (دیکھو حیلہ)
حیلہ۔ فریب۔ بہانہ۔ مکر۔ کید۔ دھوکا۔ روزگار
کام۔ نوکری۔ غدر۔
حیلہ باز۔ مکار۔ فریبی۔ دغاباز۔ فتنی۔
حیلہ ساز۔ (دیکھو حیلہ باز)
حیلہ گر۔ (دیکھو حیلہ باز)
حیلہ حوالہ۔ ٹال مٹول۔ لیت و لعل۔ ہیر پھیر
بہانہ۔
حیلۃً۔ فریب یا بہانہ یا مکر یا دھوکے سے
یعنی جو صریح اور ظاہری نہو۔
حی القائم۔ پس ماندہ۔ زندہ۔
تشریح۔ حی کے معنی زندہ اور جیتا ہوا۔
فارسی مین ی کی تشدید کے بغیر آیا ہے۔ قایم
کے معنی کھڑا ہونے والا۔ ثابت۔
حیّ القائم ورثہ۔ وارثان پس ماندہ۔
حین۔ وقت۔ ہنگام۔ زمانہ۔ عرصہ۔ آن۔
ویلا۔
حین حیات۔ جیتے جی۔ تا زندگی۔ تمام عمر۔
عمر بھر۔ جنم بھر۔ تا زیست۔
حین دوران مقدمہ۔ مقدمہ کے دوران
کے وقت۔ جب تک کہ مقدمہ دائر رہے۔
حیوان۔ زندہ رہنا۔ زندگانی۔ مجازاً جاندار
زندہ سوائے انسان کے سب جاندار
مراد ہوتے ہین۔ ذی روح۔ بہائم۔ نادان
بے وقوف۔ وحشی۔ جسم نامی متحرک بالارادہ
جانگلو۔
تشریح عربی مین فتح ی سے اور فارسی
اردو مین سکون ی سے مستعمل ہے
حیوان مطلق۔ بے سلیقہ حیوان۔ بے قید
حیوان۔ محض حیوان۔ صرف حیوان
حیوان ناطق۔ گویا حیوان۔ آدمی۔ انسان
مدرک کلیات و جزئیات حیوان مقید بنطق

حیوانیت - وحشی پن - وحشت - رسیدگی - نادانی - بے حیائی - بے شرمی - بے وقوفی - جانگلو پن -

تشریح یہ اُردو والون نے اپنے تصرف سے گھڑ کر مصدر بنا لیا ہے

خ

خاتم - ختم کرنے والا - انجام کو پہونچانیوالا - انگوٹھی - مُہر - چھاپ - مُہر کے معنون مین زیادہ تر - ت کے فتحہ سے مستعمل ہے

خاتمہ - انجام - عاقبت - اخیر نتیجہ - انتقال - رحلت - موت - وہ عبارت جو کتاب ختم ہونے کے بعد لکھی جاے - کتاب کا آخری حصہ -

خادم - خدمت گار - خدمت کرنے والا - نوکر - چاکر - سیوک - مثلوا کسی درگاہ کی خدمت کرنے والا - مجاور - پوجاری -

خادم درگاہ - ملازم درگاہ - مجاور - نوکر آستانہ

خاربست - کانٹون کی جھاڑی جو باغ اور کھیت کے ارد گرد حفاظت کے واسطے لگا دیتے ہین تاکہ کوئی مویشی وغیرہ اندر نجاے

خاربند - (دیکھو خاربست)

خارج - باہر - الگ - نکلا ہوا - مخرج - مردوُد - دور - علیحدہ - علاوہ - مستثنی کیا گیا - چھوڑا ہوا - منہا کیا ہوا - استثنی - متروک - نامنظور - خارج شدہ - کاٹا ہوا -

خارج از بحث - فضول بات - جملہ معترضہ - خارج از مضمون - خارج از پرسش - خارج از استفسار - مطلب سے خارج - غرض سے خارج - مقدمہ سے خارج - مباحثہ سے خارج -

خارج از اختیار - جو اختیار سے باہر ہو - جو حکومت سے باہر ہو -

خارج از سماعت - حد سماعت سے باہر - سننے کی حد سے نکلا ہوا - ناقابل منظوری - ناقابل شنوائی - جو ماننے کے لائق نہو -

خارج کرنا - موقوف کرنا - نکال دینا -

خارجہ - داخلہ کا نقیض - باہر - خارج شدہ

خارجی - خارج از مذہب - بے ایمان - دین اسلام سے نکلا ہوا - مسلمانون کا وہ فرقہ جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو خلیفہ برحق نہین مانتا اور ان سے باغی ہوکر لڑا -

خاص - جو عام نہو - مخصوص - نج کا - ذاتی

ذات کا۔ اپنا۔ صرف فقط جیسے خاص
آپ ہی کی پرورش ہے۔ عمدہ منتخب۔
چیدہ۔ ٹھیک۔ ٹھیٹ جیسے خاص اردو
منظور نظر۔ مقبول۔ مرغوب۔ پیارا۔ چاہیتا
اصل۔ محدود۔ مقررہ۔

خاص تحصیل۔ وہ رقم معاملہ جو خاص سرکار
سے ہو۔ زمیندار، گزار وغیرہ کا کچھ تعلق نہو
حضور تحصیل۔ وہ تحصیل جو حاکم ضلع کے
قریب ہو۔ (دیکھو حضور تحصیل)

خاص تعلق۔ ایک خاص تعلق یا خاص ضلع
جو ریاست کے موجودہ انتظام کے ماتحت ہو
بنگال کے نواب سابق ایسے قطعات منتخب کرکے
اپنے فوائد کے واسطے رکھتے تھے اب یہ لفظ
ریاستوں سے متعلق ہوتا ہے جو بباعث
عدم پیروی قابض یا اُس کے کسی وارث
کے نہونے کے سبب ریاست کے قبضہ
مین دے کر سرکاری ملازمون سے اُس کا
انتظام ہوتا ہے

خاص حق۔ وہ حق جو عام نہو۔ مخصوص حق
تخصیص والا حق۔ مختص حق۔ ایک ملکیت
جس پر معاملہ نہو۔

خاص خاص لوگ۔ ذی عزت لوگ۔
معزز۔ رئیس۔ چیدہ چیدہ لوگ۔ منتخب
اشخاص۔

خاصگی۔ بادشاہ اور امیر کا مصاحب۔ رسالہ دار
خزانچی۔ وہ لونڈی جو مالک کی مدخولہ ہو
یعنی حرم۔ ہر نفیس چیز۔ ہر چیز مرغوب۔

خاص نویس۔ پرائیوٹ سکریٹری۔ ذاتی
منشی۔ جج کا منشی۔

خاصہ۔ وہ صفت جو کسی سے خاص ہو
جیسے ہنسنا اور رونا وغیرہ انسان کا خاصہ
ہے۔ امیرون کا کھانا۔ امیرون کی سواری
کا گھوڑا۔ بادشاہ کی سواری کی گھوڑا۔ ایک
قسم کے کپڑے کا نام ہے۔ خاصہ وہ ہے
جو ایک مین پایا جاے جس کا وہ خاصہ ہے
اور دوسرے مین نہ پایا جاے۔ متوسط۔
تشریح فارسی مین بغیر تشدید ص کے
بمعنی چیز بہتر کے آیا ہے جو لائق خاص
لوگون اور امیرون کے ہو۔ اسی سبب سے
امیرون وغیرہ کے کھانے کو مجازاً خاصہ
کہتے ہین۔

خاصیت۔ طبیعت۔ اثر۔ مزاج۔ خو۔ سیرت
خصلت۔ عادت۔ وصف۔ صفت۔ گن

خاطر۔ وہ جو خطور کرے۔ مزاج۔ طبیعت۔
آدبھگت۔ تواضع۔ مدارات۔ پاس۔ لحاظ
جیسے تمھاری خاطر سے۔ مرضی۔ خوشی۔
قصد۔ ارادہ۔ خیال۔ دھیان۔ دل۔ ہردہ
ہیا۔ من۔ لیے۔ واسطے۔ طرفداری۔
پاسداری۔ جو چیز دل مین آئے

خاطر جمع۔ دل کی تسلی۔ دل جمعی۔ اطمینان

طمانیت۔ تسکین۔ دل جوئی۔
خاطرخواہ۔ موافق طبع۔ حسب مرضی۔ حسب دل۔ حسب خواہش۔
خاطرداری۔ دل جوئی کرنا۔ کہا ماننا۔ مرضی کے موافق کرنا۔ خوشی کرنا۔ آؤبھگت تواضع۔ مدارات۔ مسافرپروری۔ مہمان نوازی۔
خاطر نشین۔ جو بات دل مین جم جاے اور یقین ہوسکے۔
خاک بسر۔ پریشان حال۔ خستہ و خراب جیسے بولتے ہین دربدر خاک بسر۔
خاک ڈالنا۔ دبانا۔ چھپانا۔ مخفی کرنا۔ توجہ نہ کرنا۔ خیال نہ کرنا۔ عیب پوشی کرنا۔
خاک تودہ۔ آماج گاہ۔ چاندماری۔ نشانہ لگانے کا مٹی کا ڈھیر۔ مٹی کا وہ تودہ جو تیر کی مشق کرنے کے واسطے بنا لیتے ہین۔ چاندماری کا ڈھانچہ۔
خاکا۔ نقشہ۔ ڈھانچہ۔ چربہ۔ خاک کے ذریعے سے نقشہ وغیرہ کا نشان ڈالنا۔ تصویر کا مسودہ۔
تشریح۔ خاکہ کے لفظ مین کسی مقام یا شے کی عکسی تصویر یا شبیہ دکھانے کا کوئی اور طریق داخل ہے۔ اس کی رسم خطی مین اختلاف ہے بعض لوگ ک کے بعد الف اور بعض ہ سے لکھتے ہین۔

خاکا کرنا۔ مسودہ کرنا۔ نقشہ وغیرہ کا کچا کرنا۔
خاکسار۔ مثل خاک۔ عاجز۔ فروتن۔ ادنیٰ۔ مسکین غریب
تشریح۔ یہ لفظ بباعث کسرنفسی کے اکثر خواندہ لوگ اپنی نسبت بولا کرتے ہین اور منشی لوگ اپنی تحریر کے بعد بجاے فدوی یا کمترین کے لکھتے ہین۔
خاک مُردہ۔ اوسر زمین
خاکنا ے۔ خشکی کا وہ تنگ قطعہ جو دو بڑے قطعات خشکی کو ملاے۔
تشریح۔ یہ لفظ نا ے بمعنی گردن اور خاک بمعنی زمین سے مرکب ہے۔
خاکی۔ خاک سے پیدا ہوا ہوا۔ خاک کے رنگ کا۔ وہ پنجابی فوج کے سپاہی جن کو ۱۸۵۷ء کے غدر مین خاکی وردی ملی تھی
خاکی انڈا۔ حرامی۔ حرام کا۔ بن باپ کا۔ حرامی پلا۔ ولدالحرام۔ ولدالزنا۔
خال خال۔ کم کم۔ اکا دکا۔ بعض بعض اندک اندک۔ کوئی کوئی۔
خالصہ۔ خاصہ۔ خالص۔ اصطلاح مین وہ بادشاہی زمین جو کسی کی جاگیر نہ ہو۔ جو کسی سے ملا ہوا نہ ہو۔ وہ سرکاری ملک یا زمین جس مین کسی اور کا حق نہ ہو۔ سرکاری زمین۔ سرکاری جائداد۔ پنجابی مین ذی عزت سکھ سرداروں کو کہتے ہین۔ جو زمین بحیثیت

انتظام گورنمنٹ ہو۔

خالی۔ کھیت خالی۔ جو زمین پہلے قسم مزروعہ مین داخل تھی اور اب نہین۔ سادا۔ کھوکھلا۔

خام۔ کچا۔ بے اصل۔ خالصہ۔ جھڑا ناپختہ شراب مقطر کھرا جیسا عنبر خام سیم خام بودا۔ کم زور۔ ناتجربہ کار پختہ کار کے خلاف۔ جیسے ابھی کام مین خام ہے۔ بند۔ سربستہ۔ جیسے منھ خام کرنا۔ مال گذاری گاؤن کا مجموعہ وہ انتظام جو کاشت کارون سے کیا جائے بطور زمیندار یا کاشت کار کے۔ وہ حالت جو افسران سرکار سے انتظام کی گئی ہو۔ نیم پختہ۔ ناکمل خراب۔

خام آمدنی۔ کچی آمدنی یا تحصیل۔

خام آمانی۔ وہ زمین جو زیر انتظام گورنمنٹ کے ہو۔

خام تحصیل۔ خام آمدنی یا معاملہ یا پیداوار جو معاملہ پورے طور پر حاصل ہو۔ وہ زمین جو قابض مالک کے معاملہ ادا نگی کے سبب برسون تک عدم پیروی مین رہے

خام کرنا۔ بند کرنا۔ آٹا لگا کر کسی برتن کا منھ بند کرنا۔

خامہ۔ قلم۔ کلک۔ لکھن۔

خامی۔ کچاپن۔ نادانی۔ ناپختگی۔ ناتجربہ کاری نقص۔ کمی۔

خاندان۔ گوت۔ گھرانا۔ پروار۔ نسل۔ کٹم قبیلہ۔

خاندان شراکتی۔ ملا جلا خاندان۔ مشترکہ گھرانا۔

خاندانی۔ نسبی۔ حسبی۔ عمدہ نسل کا۔ اچھے پروار کا۔ قدیمی شریف۔ قدیمی رئیس۔

خانگی۔ متعلق بہ خانہ۔ گھریلو۔ گھر کا۔ نج کا۔ ذاتی۔ خاص۔ اپنا۔ پوشیدہ کسب کرانے والی پردہ نشین عورت۔ وہ عورت جو گھر میں بیٹھے پیشہ کرائے۔

خانگی جھگڑا۔ خاندانی فساد۔ اندرون خانہ کی ناچاقی۔ آپس کا جھگڑا۔ آپس کی تکرار۔

خانگی دستاویز۔ جو سرکاری دستاویز کے سوا اور دستاویز ہو۔

خانوادہ۔ خاندان۔ مشایخ یا درویشون کا وہ خاندان جس سے اُن کو توسل ہو۔ سلسلہ فقر

تشریح خان مخفف خانہ اور وادہ کے معنی اصل و نیا ہے

خانہ۔ دُکان۔ حویلی۔ کبوترون وغیرہ کا ڈربا کابک۔ آشیانہ۔ گھونسلا۔ صندوقچہ کے اندر کا گھر۔ شطرنج چوسر وغیرہ کا وہ مربع نشان جس مین مُہرے یا نرد کو بٹھاتے ہین۔ مُہرہ کا گھر۔ نرد کا مکان۔ پیٹ۔ شکم۔ کونہ۔ کسی چیز کے رکھنے کا گھر۔

خانہ بدوش۔ آوارہ۔ پریشان۔ وہ شخص جو ایک جگہ گھر بسا کر نہ رہے۔ بادیہ گرد۔ گھر کو ساتھ لیے پھرنے والا۔ وہ قوم یا آدمی جس کا

خاص ٹھکانا نہ ہو۔

خانہ بربادی۔ گھر یا خاندان کی تباہی
تشریح اس کا استعمال کسی سرپرست یا
یا بیوی کے مرجانے پر زیادہ ہوتا ہے

خانہ تلاشی۔ گھر کی تلاشی۔

خانہ جنگی۔ ذرا ذرا سی بات پر لڑائی۔ آپس کی
لڑائی۔ دنگا۔ فساد جھگڑا۔ گھر کی لڑائی۔
خانگی جھگڑا۔ پرائیوٹ فساد رنج کا دنگا۔
(دیکھو خانگی جھگڑا)

خانہ خالی۔ یہ اصطلاح ایسی جائداد پر مستعمل ہوتی
ہے جو بوجہ مالکانہ حق کے نہونے کے کاشت
کاروں کے ساتھ فیصلہ کیا جاے
تشریح اس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ کاغذات
بندوبست مین خانہ ملکیت خالی رہتا ہے

خانۂ خدا۔ معبد۔ عبادت گاہ۔ صومعہ۔ مسجد۔
مندر۔ شوالہ۔ عموماً اس کا استعمال مندر پر
ہی ہوتا ہے
تشریح خدا کا کوئی خاص گھر ٹھہرانا ٹھیک
نہین مگر مجازاً معبد کو سب گھرون سے اچھا
سمجھ کر خانہ خدا کہہ دیتے ہین کیون کہ اس مین
خدا کا ذکر زیادہ ہوتا ہے۔

خانہ خرابی۔ ستیاناس۔ ناس۔ تخریب۔
خانہ ویرانی۔ بربادی

خانہ داری۔ گھر کے معاملات۔ انتظام خانہ۔
گھربار کا کام کاج۔

خانہ داماد۔ گھر داماد۔ داماد کو فرزندی مین
لے کر اپنے ہی گھر رکھنا

خانہ زاد۔ گھر کا پیدا بندہ غلام۔ لونڈی کا
بچہ۔ پرستار زادہ۔ گھر کا پیدا۔ مراد غلام
زادہ سے۔

خانہ نشین۔ گھر بیٹھنے والا۔ گوشہ نشین۔
پردہ نشین۔ معطل۔ بے نوکر۔ فارغ۔ بیکار

خاوند۔ آقا۔ مالک۔ صاحب۔ صاحب خانہ
میاں خصم۔ شوہر۔ گھروالا۔

خاوندی۔ بندہ نوازی۔ بندہ پروری پرورش
مہربانی عنایت۔

خائض۔ غور اور فکر کرنے والا۔
تشریح۔ اس کا مادہ خوض ہے۔ یہ اسم
فاعل ہے۔

خائف۔ ترسان۔ ڈرنے والا۔ ڈرپوک۔ اندیشہ
کرنے والا۔
تشریح یہ اسم فاعل ہے۔ اس کا مصدر
خوف ہے۔

خائن۔ بد دیانت۔ خیانت کرنے والا۔ خیانتی

خباثت۔ پلیدی۔ ناپاکی۔ گندا پن۔ گندگی
بدباطنی۔ شرارت۔ اس سے ایسا فعل ناجائز
مراد ہے جو عمداً بلا معقول وجہ اور عذر کے
کیا جاے۔ نیت فاسد۔ شرارت۔ بدی۔ لغت
قانونی وھارٹن صاحب بہادر مین بھی یہی معنی
لکھے ہین۔

خبر۔ اطلاع۔ جتلانا۔ آگاہی۔ واقفیت۔ حدیث
سندلینا۔ پیغام۔ پیام۔ افواہ۔ شہرت
حدیث نبوی۔ پتہ۔ نشان۔ سُراغ جیسے اس
کی بھی کہیں خبر ہے۔ جو احتمال صدق اور کذب
کا رکھتی ہو۔ سناونی ہوش۔ اوسان
سمجھ عقل۔ سُدھ بُدھ۔

خبردار۔ ہوشیار۔ چوکس۔ محتاط۔ بیدار مغز
سیانا واقف۔ جاننے والا۔ واقف الحال
واقف کار۔ آگاہ۔ چوکنا۔ خبر رسان۔ مخبر۔
جاسوس۔ حرف تنبیہ۔ زنہار۔ ہرگز جیسے خبردار
یہ کام نہ کرنا۔

خبردار کرنا۔ جتانا۔ مطلع کرنا۔

خبر دہندہ۔ جاسوس۔ مخبر۔ خبر دینے والا

خبر رسان۔ قاصد۔ پیغام بر۔ نامہ بر۔ پیام بر۔
سندیسا لے جانے والا۔ ہرکارہ۔ پیک

خبر رسانی۔ اس مین ہر خبر رسانی داخل ہے
خواہ کلایا جبروا اور خواہ دستاویز یا خاکہ
یا نقشہ یا ڈھانچہ یا خبر بنفسہا یا صرف ان کے
مطلب یا منشا کی بابت خبر رسانی کی جاے

خبرگیر۔ سپاہی۔ جاسوس۔ نگہبان۔ محافظ
دانہ پانی کا خیال رکھنے والا۔ دستگیر۔ معاون
مددگار۔ چوکیدار۔ خبر لینے والا۔

خبرگیری۔ خبرداری۔ دست گیری۔ مدد۔ معاونت
سلوک۔

خبر لگانا۔ پتہ لگانا۔ سراغ لگانا۔ ٹھکانا دریافت کرنا

خبر لینا۔ حفاظت کرنا۔ توجہ کرنا۔ پوچھنا۔

خبر نہونا۔ اطلاع کا نہونا۔ واقف نہونا۔
خاموش رہنا۔ پروا نکرنا۔ خیال نہ کرنا۔
دل پر نہ لانا۔ ہوش نہ آنا۔ غوطہ مین رہنا۔

خبطی۔ دیوانہ۔ مجنون۔ پاگل۔ باولا۔ سودائی
بے وقوف۔ حواس باختہ۔ بدحواس۔

خبیث۔ پلید۔ ناپاک۔ نجس۔ گندا۔ شریر
بد باطن۔

ختم۔ مُہر کرنا۔ قران شریف کا تمام پڑھنا۔
پورا کرنا۔ پورا کرنا کسی کام کا۔ جہر کی ہوئی
چیز۔ انت۔ اخیر۔ انجام۔ انتہا۔ تمام۔ تکمل
اتمام۔ قران شریف کے تمام ہونے کی رسم
فاتحہ۔ قل۔ نذر۔ نیاز۔

ختم کرنا۔ تمام کرنا۔ پورا کرنا۔ انجام کو پہونچانا
نبٹیرنا۔ سمیٹنا۔ نمٹانا۔ فاتحہ دلوانا۔ نیاز
دلوانا۔

ختنہ۔ عضو تناسل کے آگے کی کھال کاٹنا۔
سنت مسلمانون کی ایک رسم ہے جس
مین مذکر بچہ کے عضو تناسل کا زائد چمڑا
کاٹا جاتا ہے۔

خجالت۔ شرمندگی۔ حیا۔ لاج۔ شرم۔ ندامت
انفعال۔ غیرت

تشریح اگرچہ صاحب مغرب لکھتے ہین کہ
خجالت کہنا عوام کی خطا ہے صحیح خجلت ہے
لیکن اکثر استادون عروض وغیرہ نے باندھا ہے

خجستہ - مبارک - فرخندہ - ہمایون -

خجلت - شرمندہ ہونا - شرمندگی -

تشریح فارسی والے ج کے کسرہ سے استعمال کرتے ہین -

خدا جانے - لاعلمی ظاہر کرنے والا ہے - کچھ معلوم نہین - مجھے خبر نہین - الغیب عند اللہ واللہ اعلم -

خدا رکھتے ہین - ہمارا بھی خدا ہے - سچ کہتے ہین - خدا کو جانتے ہین - حق شناسی اور خوف خدا رکھتے ہین -

خدا غارت کرے - خدا غائب کرے - خدا ناپید کرے - خدا کھو دیوے یہ کلمہ دعاے بد کے واسطے مستعمل ہوتا ہے - ایک قسم کی دشنام ہے -

خدا کو مان کر - خدا کو حاضر ناظر سمجھ کر - خدا کا پاس کر کے

تشریح اس کا استعمال قانون مین حلف اٹھانے کے وقت ہوتا ہے جو حاکم مجاز کے روبرو اٹھایا جاتا ہے -

خدا کھووے - (دیکھو خدا غارت کرے)

خدا کی سنوار - خدا تجھے درست کرے خدا تجھے ہدایت دیوے - خدا سمجھے - خدا کا غضب پڑے - خدا کا قہر ٹوٹے - خدا کی مار یہ ایک قسم کی گالی ہے -

تشریح حسب قاعدہ حمل علی النقیض سنوار سے مراد بگاڑ ہے -

خدام - جمع خادم - نوکر لوگ -

خداوند - صاحب - مالک

تشریح یہ لفظ خاص خدا کے واسطے موضوع تھا اب اس کا استعمال آقا - حاکم اعلی وغیرہ کے واسطے مجازاً ہو گیا ہے

خدشہ - خراش - اندیشہ - فکر - ڈر - دبدھا - خوف خطرہ - شک - شبہ - خلش - تردد -

خدمات - جمع خدمت - کارگزاریان

خدمت - نوکری چاکری - سیوا - کار متعلقہ کام کاج - چاکری کرنا - کام کرنا - کورنش - بندگی - ملازمت - پوجا - تواضع - پرستش عبادت حاضر باشی - فرض کار لازمی عہدہ - پیشہ - کاروبار - مہم -

خدمت منصبی - فرض منصبی - کار متعلقہ منصب - کار محولہ - کار لازمی

خدمت گار - ٹہلوا - خادم - خدمتی - سیوک چاکر - نوکر -

خر - گدھا - حمار - کلان - بڑا - عظیم - جیسے خرگاہ بڑا خیمہ - بے وقوف آدمی -

تشریح خر کے معنی بڑے کے خاص فارسی مین مستعمل ہین -

خرابہ - ویرانہ - اجڑا ہوا مکان - ملک غنیم - فصلون کی ناقص حالت جس کو وقت تقسیم پٹوارے کے درج کرنا پٹواری کا فرض ہے

خرابہ یہ ہے کہ جب فصل بوئی جاے اور قلت بارش سے خشک یا دوسری آفت سماوی وغیرہ سے خراب ہو جاے تو ایسے رقبہ کو خرابہ کہتے ہین

خراج محصول زمین کا۔ باج۔ پیش کش۔ خدیہ نذر۔ معاملہ۔ محصول ٹیکس۔ ملک کی آمدنی مال گذاری۔ کر۔ محاصل۔ مداخل۔ لگان نعل بندی۔

خراج گذار۔ نعلبندی دینے والا۔ ماتحت بادشاہ یا رئیس۔ محصول ادا کرنے والا۔

خرافات۔ جمع خرافت۔ بیہودہ باتین۔ یاوہ گوئی۔ ہرزہ درائی۔ ہزل۔ ہنسی کی باتین۔ مزاح۔

خرچ۔ اٹھاؤ۔ لاگت۔ نقیض۔ آمد۔ صرف

تشریح فارسی کے استعمال مین جو صرف ہو سکے۔ اگرچہ چ فارسی سے غلط ہے مگر کثرت استعمال سے معیوب نہین رہا۔

خرچ بالائی۔ مقررہ خرچ سے زیادہ خرچ معمولی خرچ کے علاوہ خرچ۔

خرچ بردار۔ وہ نوکر جو تمام خرچ اٹھائے داروغہ۔ دفتر کا سودا خریدنے والا۔ وہ ملازم جو گھر کا خرچ رکھتا ہو۔ خرچ اٹھانیوالا

خرچ خانگی۔ گھر کا خرچ۔ نج کا خرچ۔ پرائیوٹ خرچ

خرچہ۔ مقدمات کا صرف۔ لاگت مقدمہ۔ صرف شدہ۔ جو کچھ خرچ ہوا ہو۔

تشریح خرچہ سے مراد وہ رقم ہوتی ہے جو فریقین نے محض نفس مقدمہ پر صرف کی ہو زوائد خرچہ مین شمار نہین ہوتے کورٹ فیس اسٹامپ جو ضروری حکمنامے لگائے جاتے ہین۔ رسوم حکمنامہ جات یعنی طلبانے خرچہ ثبوت وادخال نقول اسناد محنتانہ وکیل۔ اخراجات طلبی گواہان و ثالثان واہالیان کمیشن وغیرہ سب خرچہ مین شامل ہین اور گواہون کو جو ضروری ہو دینا خرچہ مین شامل نہین۔

خرچہ بحساب رسدی۔ حصہ کے موافق خرچہ۔

خرچہ عائد کرنا۔ خرچہ ذمہ لگانا۔ مقررہ قیمت کسی فریق کے ذمہ لگانا۔

خرچہ عدالت۔ عدالت کا خرچہ۔ لاگت عدالت اٹھاؤ عدالت۔

خرچۂ مقدمہ۔ مقدمہ کا صرف۔ لاگت مقدمہ جو مقدمہ یا دعوے پر خرچ ہو۔

خرچۂ مناسب۔ واجبی خرچہ۔ ٹھیک خرچہ درست خرچہ۔

خرچہ دلانا۔ خرچہ دلوانا۔ خرچہ تجویز کرنا۔

خرچی۔ اجرت زنا۔ اجرت چرمی۔ حرامکاری کی مزدوری۔

تشریح یہ لفظ لغۃً عام ہے استعمالاً

خاص زنا کی اجرت پر بولتے ہین۔

خرخشہ۔ مجادلہ۔ لڑائی جھگڑا۔

خردماغ بڑے دماغ والا۔ مغرور۔ متکبر۔ گھمنڈی۔

خردہ۔ ٹکڑا پارچہ جز چھٹن۔ چھڑن ریزہ۔ ریزگاری۔ روپیہ کے حصے جیسے دونی چونی وغیرہ۔ نکتہ۔ باریکی۔ عیب آگ کی چنگاری۔

خردہ فروش۔ بساطی۔ تھوک فروش کا نقیض۔ بکس والا۔ پڑچونیا۔ پھیر کر بیچنے والا۔ پھیری والا۔

خرمستی۔ بدمستی۔ بے پروائی۔

خروج۔ نکاس۔ برآمد۔ باہر نکالنا۔ حملہ شورش۔ فتنہ۔ اخراج۔ باہر نکلنا۔ باغی ہونا۔ حکم سے منحرف ہونا۔

خروش۔ غل۔ شور۔ غوغا۔ غباڑا۔

خریف۔ ساونی۔ بھادوی۔ وقت خزان کا

خریدار خوش قبالہ۔ جو بیع کے طور پر خریدے۔

خزانچی۔ تحویلدار۔ رد کرٹیا۔ فوطہ دار۔ خازن۔ گنجینہ دار۔ خزینہ دار۔ خزانہ رکھنے والا۔ کیشیر

تشریح اس مین چی علامت نسبت یا اسم فاعل ہے جیسے نقارچی توپچی وغیرہ۔

خزانہ۔ گدام نقد جہان نقد روپیہ رہتا ہو مال۔ دولت۔ گنجینہ۔ روپیہ رکھنے کی جگہ بنک گھر۔ ذخیرہ نقدی۔ مخزن۔ گنج۔ کنز مال گھر۔ فوطے خانہ۔ انبار خانہ

تشریح مشہور خ کے فتحہ سے ہے اور صحیح کسرہ خ سے ہے۔

خزانہ سرکاری۔ گورنمنٹی خزانہ

خزینہ۔ گدام نقد۔ خزانہ (دیکھو خزانہ)

تشریح (۱) یہ امالہ خزانہ کا ہے۔

(۲) خزینہ اور دفینہ مین یہ فرق ہے کہ خزینہ رکھے ہوے خزانے کو کہتے ہین اور دفینہ پوشیدہ خزانہ کو کہتے ہین پس خزینہ عام اور دفینہ خاص ہے اور اہل عرف ایک دوسرے کی جگہ استعمال کرتے ہین۔

خسارہ۔ نقصان۔ ٹوٹا۔ ضرر۔ کسر۔ گھاٹا

خسارہ اٹھانا۔ ٹوٹا اٹھانا

خساست۔ نالائقی۔ زبون ہونا۔ بخیلی کنجوسی۔ خسیس پن

خست۔ بخیلی۔ کنجوسی۔ کمینگی۔ فرومایگی۔ بخل۔ خسیس پن۔

خسرہ۔ گانون کے کھیتون کی فہرست نقشہ وہ۔ کھیت بہی۔

تشریح اس مین نمبر کے مقابل کیفیت لکھی جاتی ہے۔ کھیت کی مقدار۔ اسامی کا نام اور قسم زمین اور جنس اور دربندی

اگر منزروعہ ہو۔ اور جس طرح سے اسامی
قابض ہو منکشف ہو جاتا ہے اور کھیت
کا اوسط عرض و طول بھی مندرج ہوتا ہے۔
تنبیہ ایسے نقشہ جات ترمیم بھی ہوتے
رہتے ہین

خسرہ آبادی۔ ایک فہرست گانون کی
آبادی کی مع اُن کے قابضون کے

خشک دماغ۔ مجنون۔ دیوانہ۔ پاگل
کورمغز۔ سادہ لوح۔ کندۂ ناتراش گاؤدی
بے مغز۔

خشک دماغی۔ خشک مغزی۔ دیوانگی
جنون پن۔ سودا۔ باولاپن۔ گاؤدی پن
کورمغزی۔

خشک سالی۔ قحط۔ کال۔ سوکھا۔ وہ
موسم جس مین حسب معمول بارش نہوئی ہو
قحط زدگی۔ قحط کا برس۔ خشک۔ وہ موسم
جس مین بارش نہونے سے اناج کی گرانی
ہوجاے

خشک مغز۔ سودائی۔ دیوانہ۔ پاگل۔
(دیکھو خشک دماغ)

خشکی۔ سوکھاپن۔ تری نہونا۔ خشک ہونا
وہ اونچی زمین جہان پانی نہ پہونچ سکے
جس مین باجرہ یا کنگنی وغیرہ کو زراعت
کے لیئے بھی نہ درکار ہو اور جہان رو بھی
نہین پہونچ سکتا۔ یبوست۔ سکھاوٹ۔
سوکھاپن۔ روکھاپن۔ کال۔ قحط۔ پلیتھن
وہ باریک سوکھا آٹا جو روٹی کے پیڑے
مین اس غرض سے لگاتے ہین کہ گیلا
آٹا ہاتھ سے نہ چپٹے۔

خشم۔ غصہ۔ خفگی۔ غضب۔

خشمگین۔ وہ شخص جو غصہ مین ہو۔ غصہ
والا۔ غصہ ور۔
تشریح گین کی علامت عموماً فارسی مین
اسم فاعل ترکیبی وسماعی کی علامت ہے

خشمناک۔ غصہ کا بھرا ہوا۔ غصہ ور۔
تشریح فارسی مین ناک علامت اسم
فاعل ترکیبی کی ہے یعنی غصہ والا۔

خصاصہ۔ مفلسی۔ بدحالی۔ فقیری۔

خصائص۔ جمع خصیصہ۔ عادتین۔

خصائل۔ خصلتین

خصم۔ بیری۔ دشمن۔ بدخواہ۔ عدو۔
حریف۔ مخالف۔ مقابل۔ مالک۔ آقا۔
خداوند۔ شوہر۔ میان۔ خاوند۔ گھروالا۔
سوامی۔ پتی۔

خصوصاً۔ خاص کر۔ علی الخصوص۔ مقدم
اولاً۔ خاص ہونے کی حالت مین۔

خصوصیت۔ خاص ہونا۔ خاص کرنا۔
تخصیص۔ خاص صفت۔ خاص بات
ذاتی تعلق۔ میل ملاپ۔ ربط ضبط۔ دوستی
اختلاط۔ اخلاص۔

خصومت ۔ دشمنی ۔ عداوت ۔ بغض کینہ بیر ۔ جھگڑا ۔ ٹنٹا ۔ فساد ۔

خط ۔ نوشتہ ۔ لکھت ۔ تحریر ۔ نوشت ۔ دستاویز ۔ تمسک ۔ سند ۔ قبالہ ۔ لکیر ۔ لائن ۔ دھاری ۔ اقلیدس کی اصطلاح مین وہ لکیر جس کا طول ہی طول ہو اور عرض وعمق مطلقاً نہو ۔ نامہ ۔ مکتوب ۔ چٹھی شقہ ۔ رقعہ ۔ ریش ۔ سبزۂ رخسار ۔ ہاتھ کا لکھا ۔ نستعلیق ۔ دست خط ۔ نشان علامت ۔ العید ۔ حجامت ۔ اصلاح ۔

خط صراف ۔ بینک بل ۔ چک ۔

خط لادعوی ۔ انکاری چٹھی ۔ لاوارثی خط

خط مین خط ملانا ۔ جعل سے دست خط کرنا

خط کتابت ۔ مراسلت ۔ چٹھی خط لکھت پڑھت ۔

خطا ۔ صواب کا نقیض ۔ قصور ۔ بھول چوک ۔ تقصیر ۔ گنہ ۔ جرم ۔ غلطی ۔ سہو ۔ ایک شہر کا نام ہے ۔

خطاوار ۔ قصوروار ۔ تقصیروار ۔ گنہگار مجرم ۔

خطاب ۔ کسی کے روبرو متوجہ ہو کر کلام کرنا ۔ کلام ۔ گفت وگو ۔ تعریفی لقب ۔ عزت کا اور توصیفی نام جو حکام کی طرف سے رکھا جاے ۔ ضد غیبت ۔ حضوری غصہ ۔ عتاب ۔

خطاب دینا ۔ توصیفی نام رکھنا ۔ حکام وغیرہ کی طرف سے یہ لقب دیا جاتا ہے طنزاً نیا نام رکھنے کو بھی کہتے ہین ۔

خطبہ ۔ وہ تعریف یا حمد ونعت خواہ وعظ ونصیحت جو لوگون کو مخاطب کر کے سُنائی جاے ۔ کتاب کا دیباچہ ۔ کتاب کا مقدمہ سبب تالیف وغیرہ ۔ نماز جمعہ عیدین مین خدا ورسول کی حمد ونعت اور بادشاہ وقت کی تعریف سُنانا ۔

خطر ۔ خوف اندیشہ ۔ آفت ۔ دشواری ۔ قدر جاہ ۔ عظمت ۔ بزرگی ۔ ضرر ۔

تشریح خطر کے معنی ہلاکت کے نزدیک ہونا ۔ قدر ۔ منزلت ۔ اور خوف کے معنی ڈرنا ہے ۔ پس خوف بمعنی اول خطر سے عام ہے کیونکہ جو شخص ہلاکت کے نزدیک ہوتا ہے اُس کو خوف ضرور دامن گیر ہوتا ہے اور یہ ضرور نہین ہے کہ جو ڈرے وہ موت نزدیک ہو جاے اس لیئے خوف عام اور خطر خاص ہے ۔

خطرہ ۔ خوف ۔ اندیشہ ۔ خدشہ ۔ جوکھون وسوسہ ۔ ڈر ۔ وسواس دہشت ۔

خطوط ہلالی ۔ بریکیٹ ۔ خطوط وحدانی ۔

تشریح ان کی وجہ تسمیہ صرف یہ ہے کہ ہلال جیسی خمیدہ صورت ہوتی ہے جیسے ( ) مگر یہ ضروری نہین کہ ان خطوط کو

اسی نام سے پکارا جائے یا ان کی بھی شکل ہوں کہ ان کو خطوط و حدائی اور بریکٹ وغیرہ ناموں سے بھی نام زد کرتے ہین۔ اور ان کی شکلین بھی مختلف ہین جیسے [ ]-{ }- ـــ ـــ وغیرہ ہلال مین ہی سنبتی ہے۔ ہلال کے معنی چاند جو اول سے لغایت تین رات ہو۔ ہلال ہلل سے نکلا ہے اس کے معنی کم اور ضعیفی کے ہین۔ خطوط جمع خط کی ہے۔

خِفا۔ پوشیدگی۔ نہانی۔

خَفا۔ غضب ناک۔ ناخوش۔ برہم۔ ناراض آزردہ

تشریح یہ لفظ فارسی خپہ بمعنی گلا گھونٹنا سے نکلا ہے۔

خِفّت۔ سبکی۔ ہلکاپن۔ اوچھاپن۔ ذلت شرم۔ حیا۔ خجالت۔

خِفّت اُٹھانا۔ شرمندہ ہونا۔ خجالت اٹھانا انفعال پانا۔

خفگی۔ آزردگی۔ ناراضگی۔ ناراضی۔ ناخوشی۔ غضب۔ غصہ خفا ہونا۔

خفیف۔ ہلکا۔ سبک۔ اوچھا۔ کم ظرف ذلیل۔ رسوا۔ بے قدر۔ بے حقیقت۔ تھوڑا جیسے خفیف بخار آنا۔ ضعیف سرسری۔ حقیر۔ ناچیز۔ بے وزن۔

خفیف جرائم۔ ذرا ذرا سی خطائین۔ ہلکے جرم۔

خفیف ہونا۔ ذلیل ہونا۔ شرمندہ ہونا تجل ہونا۔ حقیر ہونا۔ کم ہونا۔ ہلکا ہونا بے عزت ہونا۔

خفیفہ عدالت۔ وہ عدالت جس مین زر نقد کے چھوٹے چھوٹے مقدمات کا فیصلہ ہو۔ ججی۔

خفیہ۔ پنہانی چھپی ہوئی چیز۔ پوشیدہ۔ درپردہ چھپوان۔ پوشیدگی۔ مخفی۔ مستتر روپوش۔

خفیہ پولیس۔ وہ جاسوسوں کا محکمہ جس کا درپردہ خبر لگانے اور رپورٹ کرنے کا کام ہے ڈھکی۔ سفید پوش۔

تشریح یہ لوگ وردی نہین پہنتے اس لیئے ان کو سفید پوش بھی کہتے ہین۔

خفیہ خبر۔ مخفی خبر۔ پوشیدہ خبر۔

خفیہ نویس۔ جاسوس۔ مخبر۔ پوشیدہ خبر دینے والا۔ خبر نویس۔

خفیہ نویسی۔ درپردہ تحریر کرنا۔ مخبری جاسوسی۔ پوشیدہ لکھنے کا کام۔

خلاص۔ رہا۔ آزاد۔ وارستہ۔ چھوٹا ہوا فارغ۔ انزال۔ چھٹکارا۔ مخلصی۔ رہائی آزادی۔ خلاصی۔

خلاصہ۔ چنا ہوا۔ چھانٹا ہوا۔ مختصر۔ خقصار فراخ۔ کشادہ۔ وسیع۔ چوڑا۔ ڈھیلا

چیدا چیدہ ۔ برگزیدہ ۔ چنا ہوا پاک
صاف ۔ مجمل ۔ منتخب ۔ اصل ۔ تت
لب لباب ۔ عطر ۔ ست

تشریح اختصار اور اقتصار مین یہہ
فرق ہے کہ اختصار مین تو لفظ کم اور مضمون
پورا رہتا ہے اور اقتصار مین لفظ اور مضمون
دونون کم ہو جاتے ہین ۔

خلاصہ کرنا ۔ کھولنا ۔ کشادہ کرنا ۔ ڈھیلا
کرنا ۔ فراخ کرنا ۔ اختصار کرنا ۔ کم کرنا ۔
چھانٹنا ۔ انتخاب کرنا ۔ واشگاف کرنا ۔
ظاہر کرنا ۔

خلاصی ۔ رہائی ۔ نجات ۔ آزادی ۔ سبکاری
چھٹکارا ۔ توپ خانہ یا جہاز کے کارندے
خیمہ استادہ کرنے والے

تشریح اخیر معنی مین لوگ تشدید لام
سے خلاصی بولتے ہین ۔ اول معنون مین
بھی غلط مشہور ہے اگرچہ بعض لوگون نے
اسی قسم کا تصرف فارسیان قرار دیا ہے
لیکن جس حالت مین خلاص خود مصدر ہے
تو پھر یاے مصدری لگانی خلاف عقل ہے
بعض کہتے ہین یاے تحتانی کی زیادتی
جائز ہے اور یہ فارسیون کا ایک قسم کا
تصرف ہے ۔

خلاصی پانا ۔ رہائی پانا ۔ قید سے چھوٹنا
آزاد ہونا ۔ چھٹکارا پانا ۔

خلاف ۔ لغوی معنی پیچھے ہٹ کر کھڑا ہونا
موافق کا نقیض ۔ الٹا ۔ ناسازگار ۔ نا
موافق ۔ برعکس ۔ برخلاف ۔ نقیض ۔ جھوٹ
دروغ ۔ مدمقابل ۔ حریف ۔ دشمن ۔ مخالف
متناقض ۔ متضاد ۔ مختلف ۔ منافی ۔ تباین
آپس مین ناموافقت کرنا ۔ برعکس ۔ مخالفت
بید کا درخت ۔

خلاف اسمی ۔ تلبیس نام ۔ اور کا اور نام ۔
انٹ کا سنٹ ۔ نام کی غلطی ۔

خلاف بیانی ۔ دروغ گوئی ۔ جھوٹ بیان
کرنا ۔ حلف دروغی ۔ مختلف بیانی ۔ جھوٹا
بیان ۔ مغالطہ ۔ جان بوجھ کر جھوٹ بیان
کرنا ۔ باصرار بیان کرنا اس بات کا جو سچ
نہین ہے اس طور پر کہ خود اس شخص کی واقفیت
اس کو اجازت اس امر کی نہ دیتی ہو کہ
وہ اس کو سچا باور کرتا ہو ۔

خلاف راے ۔ کسی کی راے یا مرضی کے
برعکس ۔

خلاف روئداد ۔ واقعات مقدمہ کے
خلاف ۔ واقعات کے برعکس

تشریح روئداد منھ دینا یعنی ظہور مین
آنا واقعات کا بعض اس کو روداد لکھتے
پڑھتے ہین ۔

خلاف روئداد مثل ۔ مثل کے واقعات
کے خلاف ۔ جو مندرجہ مثل کے موافق نہو

خلاف سررشتہ۔ ضابطہ کے خلاف خلاف دستور۔ خلاف قاعدہ۔ رواج کے برخلاف

خلاف شد آمد۔ آمد ورفت کے خلاف۔
تشریح شد کے معنی جانا۔ آمد کے معنی آنا یعنی آنا جانا یہ دونوں ماضی بمعنی حاصل مصدر ہین۔ آمد رفت بھی کہتے ہین۔

خلاف ضابطہ۔ قاعدے کے برعکس۔

خلاف ضابطہ عدالت۔ عدالت کے قاعدے کے خلاف۔

خلاف عقل۔ عقل کے برعکس۔ سمجھ کے برعکس وہ بات جو عقل مین نہ آتی ہو۔

خلاف قانون۔ قانون کے برعکس یہ لفظ ایسے امر سے متعلق ہے جو جرم ہو یا قانوناً ممنوع ہو

خلاف قیاس۔ ناممکن۔ جس پر قیاس نہ کیا جا سکے۔

خلاف مصلحت عامہ۔ عام مصلحت کے خلاف

خلاف وجہ ثبوت۔ وجہ ثبوت کے خلاف ثابت ہونے کی وجہ کے برعکس۔

خلاف ورزی۔ خلاف کرنا۔ توڑنا۔ جیسے بولتے ہین خلاف ورزی قانون۔
تشریح۔ ورزی ورزیدن بمعنی اختیار کرنا ہے یہ حاصل مصدر ہے۔

خلاف ورزی با سرکار۔ سرکار کے اقتدار کو قبول نہ کرنا اور اُس سے سرکش ہونا۔

خلش چُبھنا خصومت۔ نیا فتنہ۔ جھگڑا۔ خلیدگی۔ کھٹک۔

خلع۔ محمدی قانون مین سادہ درخواست جو عورت کی طرف سے خاوند کے طلاق دینے کے واسطے ہو۔ طلاق لینا عورت کا اپنے شوہر سے مال پر۔ طلاق لینا عورت کا اپنے شوہر سے بعوض بخشنے مہر کے۔ یا کچھ مال دے کر۔ کچھ مال لے کر بیوی کو طلاق دینا

خِلعت۔ اپنا لباس اُتار کر دوسرے کو بخشنا لباس۔ جوڑا۔ کپڑا۔ جو انعام میں بادشاہون یا امیرون کے ہان سے دیا جائے۔ کم از کم تین پارچے کا عطیہ۔ وہ نشان جو اُستاد خوش خطی کی اصلاح دیتے وقت عمدہ اور باقاعدہ حرف پر لگا دیتے ہین۔ پوشاک جو کسی کو بادشاہون یا امیرون سے عطا ہو
تشریح یہ لفظ عام لوگ فتح اول سے بولتے ہین جو غلط ہے۔ اُتارے ہوے لباس کی تخصیص نہین ہے بل کہ عموماً نیا دیا جاتا ہے اور تین کی قید بھی لازمی نہین۔ اس لیئے کہ کبھی دو پارچے بھی ہوتے ہین جن کو خلعت کہہ دیتے ہین

خلعت بہا۔ محمدی گورنمنٹ کے موافق صلح کے لیئے ایک عزت کے لباس کی قیمت جو دربار عام مین دی جائے۔
تشریح بہا کے معنی قیمت اور خلعت دیکھو

لاؤ خلعت -

خلعت ملنا - پوشاک یا لباس کا انعام ملنا - انعام ملنا -

خلف - فرزند نیک - فرزند صالح - ہوشمند بیٹا - فرزند - بیٹا - ابن - ولد -

تشریح جب اس پر نا لگا دیتے ہین تو نالائق کے معنی دیتا ہے جیسے ناخلف مشہور ہے -

خلف اکبر - بڑا بیٹا -

خلف الصدق - ٹھیک بیٹا سچا وارث

خلل - کشادگی - رخنہ - تباہی - فتور واقع ہونا - سوراخ - درڑ - درز - بگاڑ - اختلاف اختلال - پراگندگی - انتشار - ابتری - ضرر خسارہ - ٹوٹا - ہرج - بدہضمی - پیٹ کا بگاڑ جن و پری کا اثر - آسیب - بھوت پریت کا جھپٹنا - جیسے اوپری خلل - بیماری - دکھ علالت - روگ -

خلل انداز - رخنہ انداز - فسادی - جھگڑالو - فتنہ پرداز - مزاحم - سدراہ - مخل - مفسد فتنہ انگیز - فارغ متفنی - دنگے باز - دنگئی

خلل دماغ - فتور دماغ - مالیخولیا - سودا - دیوانگی - جنون -

خلوت - تنہائی - گوشہ نشینی - پوشیدگی حجاب - کسی عورت کی خلوت مین گھس جانا یعنی پردہ دری کرنا - خالی ہونا مکان کا غیر سے مجازاً بمعنی جائے خالی - جلوت کا نقیض علی حدگی - خواب گاہ - سونے کا کمرہ -

تشریح تخلیہ مکان کو بھی صرف اس واسطے کہتے ہین کہ اس مین خالی ہونا یعنی غیر سے فارغ ہونا پایا جاتا ہے -

خلوت صحیح یا صحیحہ - تنہا ہونا خاوند اور جورو کا واسطے ہم بستر ہونے کے ایسے مقام مین جہان کوئی اور انسان حتی کہ چھوٹا لڑکا بھی نہو - خاوند کا عورت سے ہم صحبت ہونا -

خلوت گاہ - سے ہر ایک مکان زنانہ جو واسطے رہنے زنان پردہ دار کے مقرر ہو مراد ہے

خلوت کرنا - مکان خالی کرنا - مکان غیر سے خالی کرنا - تنہا ہونا - عورت سے ہم صحبت ہونا خلوت صحیحہ کرنے سے مراد ہے -

خلیط - شریک - ساجھی - ہر چیز ملی ہوئی -

خلیط جار - پڑوسی -

تشریح خلیط کے معنی شریک ساجھی اور جار کے معنی پڑوسی یعنی ایسا ہمسایہ جو شریک ہو

خلیفہ۔ کسی کے بعد آنے والا۔ ولی عہد ٹیکا
قائم مقام۔ جانشین۔ نائب بادشاہ۔
مانیٹر۔ استاد کا نائب۔ سب لڑکون
سے زیادہ پڑھا ہوا لڑکا۔ استاد کا بیٹا یا بیٹی
حجام۔ نائی۔ درزی۔ وغیرہ ادنی پیشہ کرنے
والے آدمیون کو اُن کے خوش کرنے کی
غرض سے خلیفہ کہتے ہین۔ کسی کی جگہ پر اُس
کی وفات کے بعد مقرر ہونے والا۔
تشریح حجام کا لفظ بھی نائی کے واسطے
کہنے لگ گئے ورنہ حجام کے معنی سینگھی
لگانے والا۔ پچھ لگانے والا ہے۔ شاید ان
لوگون کو باعث جراح ہونے کے حجام
کہنے لگے ہین۔

خُم۔ مٹکا۔ پیپا شراب وغیرہ کا۔ مرتبان ہانڈی
سبوچہ۔

خمس۔ پانچ۔ پنج۔ ۵۔

خُمس۔ پانچوان حصہ۔ ⅕۔ بیس فی صدی
۲۰٪ محصول غنیمت کا پانچوان حصہ جو بے
دینون سے لڑائی مین لے کر بیون۔
یتیمون۔ غریبون اور مسافرون اور لاوارثون
کے لیئے وقف کیا جاے۔

خمول۔ گم نام ہونا۔ گم نامی۔

خناس۔ سرکش دیو۔ شیطان رجیم۔ روح
بد۔ وسوسہ ڈالنے اور بہکانے والا۔ مردود
شریر۔ حرام زادہ۔ اکثر بُرے آدمی پر بولا جاتا ہے

خنثی۔ مردنہ عورت۔ وہ شخص جو چھ مہینے
مرد اور چھ مہینے عورت رہے۔ ہیجڑا۔ خوجہ
مخنث۔ جو عضو مردی و زنی رکھتا ہو۔
تشریح اس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ خنث
کے معنی تکسر اور لین۔ اس کی نرمی اعضا و
صوت کے سبب خنثی کہنے لگے۔ اسی سے
مخنث نکلا ہے (دیکھو مخنث)

خنثی مشکل۔ اگر دونون عضوون مین سے
کوئی عضو غالب نہو بلکہ دونون سے مساوی
پیشاب آتا ہو تو اُس کو خنثی مشکل کہتے ہین
تشریح یہ اصطلاح خاص محمڈن لا کی
ہے اس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ اس کے معلوم
کرنے کے واسطے قاضیون اور مفتیون کو
بہت دقت پیش آتی ہے۔ اگر بول دونون
رستون سے آتا ہو تو امام ابوحنیفہ کے نزدیک خنثی
مشکل ہے۔ اور امام یوسف اور امام محمد صاحب
کے نزدیک جب مقدار خروج بول مساوی
ہو تو خنثی مشکل ہے اور اگر افراط و تفریط
ہو تو نہین۔

خنجر۔ ایک مشہور ہتھیار کا نام۔ چھوٹا تلوار
ایک قسم کا چھرا۔ کٹار۔ بڑا چھرا۔

خندق۔ کھائی جو شہر کے چار طرف بنائی
جاتی ہے۔ وہ کھدی ہوئی زمین جو شہر
کے چار طرف ہوتی ہے۔ غار۔ گڑھا۔
تشریح یہ معرب کندہ کا ہے۔ کندہ کے

معنی کھودا ہوا۔ یہ کندیدن بمعنی کھودنا کا اسم مفعول ہے جو اصل مین کندیدہ معلوم ہوتا ہے۔

خواب خرگوش ۔ خواب غفلت۔ گہری نیند۔ مدہوشی۔ بے خبری۔

خوابگاہ ۔ سونے کا کمرہ۔ پلنگ کا کمرہ سونے کی جگہ۔

خواجہ سرا ۔ وہ خصی مرد جو گھر مین آجا سکے۔ ناظر۔ ہیجڑا۔ نامرد۔ وہ غلام جس کی علامت مردی کاٹ ڈالی گئی ہو

خواستگار ۔ خواہان۔ امیدوار۔ طلبگار خواہش مند۔ متمنی۔ طالب۔ درخواست کرنے والا۔ نسبت اور منگنی کی درخواست کرنے والا۔

خواستگاری ۔ درخواست۔ خواہش تمنا۔ طلب گاری۔ نسبت کی درخواست سناکحت کا پیام۔ پیغام شادی۔ چاہنا۔ مانگنا۔ طلب کرنا۔ تقرری نسبت یا نکاح

خواص ۔ عوام کا نقیض۔ ممتاز نوکر۔ اعلی درجے کے خدمت گار۔ پرستاران ممتاز۔ مصاحب۔ ہم صحبت۔ جلیس۔

تشریح ۔ جمع خاص کی ہے فارسی میں بغیر تشدید ص کے آتا ہے اور جمع خاصہ کی اُردو مین مفرد مستعمل ہوتا ہے۔ دوم سوم معنون مین صرف ہندوستان کی اصطلاح ہے

خواصی ۔ خدمت گاری۔ ملازمت۔ مصاحبت ہم نشینی۔ ہودج کے پیچھے کی وہ جگہ جہان امیرون کی سواری کے وقت اعلی درجے کا ملازم بیٹھتا ہے۔ عماری کی پچھلی بیٹھک۔ انگیا کا وہ جوڑ جو بغل کی طرف ہوتا ہے۔ انگیا کے ایک حصہ کا نام ہے۔

خواندہ ۔ پڑھا ہوا۔ بلایا ہوا۔

تشریح ۔ عموماً اس سے ایسا پڑھا ہوا مراد ہوتا ہے جو کچھ لکھ بھی سکتا ہو۔

خواہش غیر منفعل ۔ اگر ہم کوئی مسرت حاصل کرنا چاہین مگر ہم کو امید حصول خوف عدم حصول سے کم ہو تو جو تکلیف اس وجہ سے ہمارے دل کو ہوتی ہے اس کو تکلیف خواہش غیر منفعل کہتے ہین

خودبدولت ۔ حضور۔ آپ۔ عالی جناب۔ بذات خاص۔

خودحاکمی ۔ ایک شخص کا اپنے ہاتھ مین اختیارات حکومت و قانون لینا۔ آپ ہی حاکم ہونا۔

خودرائے ۔ اپنی رائے پر چلنے والا۔ کسی کی نہ ماننے والا۔ خودمختار۔

خودسری ۔ سرکشی۔ ضد۔ ہٹ۔ خودرائی خودپسندی۔ تکبر۔ استغنا۔ خودسر ہونا

خودکاشت ۔ وہ زمین جسے مالک خود بووے جوتے۔ وہ شخص جو اپنی زمین آپ ہی بووے جوتے

خودکشی - اپنے تئین آپ مار ڈالنا - اتم گھات - آپ گھات - قتل نفس -

خودکشی کرنا - اپنے تئین آپ مار ڈالنا -

خودمختاری - آزادی - خودرائی - خودسری باختیاری - ذی اختیاری - خودمختار ہونا اس ہی کی مصدری ہے

خوردبرد - کھانا - اڑانا - غبن - خیانت - بددیانتی دست برد - تغلب - بیجا تصرف - رشوت کھا پی جانا - دھوکے سے کھا جانا - بہانہ سے اڑا جانا -

خوردہ فروش - بساطی - ہٹکل بیچنے والا -

خوردہ فروشی - بساطی پن - ہٹکل بکری کرنا اشیاے مفصلہ ذیل اُس وقت خوردہ فروشی سمجھی جائینگی جب وہ ان سے زیادہ فروخت ہوں جن کی تصریح ذیل مین درج ہے یعنی شراب مقطر ملک غیر یا شراب مخمر ملک غیر بقدر دو گلین انپیریل یعنی بارہ بوتل معروف بکوارٹ دیسی شراب مقطر ایک سیر - دیسی شراب مخمر چار سیر - بھنگ یا اور شے جو بھنگ کے ذریعے یا اُس کی آمیزش سے تیار ہوئی ہو بقدر پاؤ سیر - گانجا یا چرس یا اور شے جو ان اشیا کی آمیزش سے تیار ہوئی ہو بقدر پانچ تولہ - اور اشیاے مذکور مقدار سے زیادہ فروخت کی جائین تو ایسی فروخت تھوک فروشی تصور کیجائیگی -

خوردیا - صراف -

خوش - راضی - خوب - شاداب - تروتازہ -

تشریح یہ لفظ بضم اول غلط ہے اس واسطے اس کا قافیہ ساتھ لفظ سرکش اور غش وغیرہ کے کرتے ہین نہ کہ ساتھ لفظ خمس اور رہش کے -

خوش انتظامی - عمدہ بندوبست - خوش نظمی -

خوش باش - وہ زمیندار جو معاملہ زمین رکھتا ہو

خوش حال - خوش قسمت - خوش نصیب امیر - تونگر - خوش رہنے والا - مال دار - آسودہ -

خوش خرید - وہ سودا جو ایک دفعہ بغیر پیشگی جھگڑے اور تامل کے کیا جاے

خوش طبعی - ظرافت - مزاح - دل لگی ہنسی - مذاق - کھلی ٹھٹھا -

خوش قبالہ - شرطیہ سودا - قول و اقرار پر سودا - لگان شرطیہ -

خوشامدی - چاپلوس - للو پتو کرنے والا خوشامدگو -

تشریح خوشامد اصل مین خوش آمد ہے یعنی ایسی بات جو خوش آئے -

خوشنودی - خوشی - خورمی - خورسندی رضامندی -

تشریح یہ قلب خوشنودی کا ہے

خوگر - عادی - وہ شخص جس کو کسی بات کی عادت

ہو گئی ہو۔
تشریح۔ اگر یہ لفظ خو بمعنی عادت سے لیا جاوے تو اس کے معنی عادی ہوں گے اگر اس کو مرکب خے بمعنی پسینہ سے لیا جاوے تو نمذین کو کہیں گے۔
خوگیر۔ (دیکھو خوگر)
خون۔ لہو۔ مراد قتل سے۔ کشت و خون۔ خون ریزی۔ جدال و قتال۔ ہلاکت۔
خون بہا۔ دیت۔ وہ نقدی جو مقتول کے وارث بعوض خون کے لیں۔ بدلہ خون۔ مکافات خون۔ قیمت خون کی۔ کبھی مجازاً یہ لفظ بمعنی مقابل اور مانند کے آتا ہے
خون ریز۔ خونی۔ خون گرانے والا۔
تشریح۔ خون اسم اور ریز امر حاضر سے مل کر اسم فاعل ترکیبی بنا ہے۔
خون ریزی۔ جدال و قتال۔ جنگ و جدل کشت و خون۔ گھمسان۔ خون کرنا۔ خون گرانا۔ خون بہانا۔
خون ہونا۔ قتل ہونا۔ تلوار وغیرہ سے مارا جانا۔ جان جانا۔ زخمی ہونا۔ مجروح ہونا
خونی۔ قاتل۔ ہتیارا۔ سفاک۔ خون ریز۔ وہ شخص جس نے کسی کو مار ڈالا ہو۔ جلاد۔ ظلمی۔ خون کرنے والا۔ ظالم۔ انیائی۔
خیار۔ اختیار کر لینا یعنی دو یا کئی چیزوں میں سے کسی چیز کا قبول کر لینا۔ شلاً زید بکر کو کہے کہ تم بے وقوف ہو یا مجنون ہو یعنی تم کو اختیار ہے کہ ان دونوں میں سے کوئی عیب قبول کر لو۔ مقبول اور نیک لوگ۔
تشریح یہ معنی اس کے بصورت عربی ہونے کے ہیں اور مدت خیار کی فسخ بیع میں تین مہینے ہیں بموجب شرع کے۔ اگر اس لفظ کو عربی نہ لیا جاوے تو اس کے معنی کھیرا ککڑی ہوں گے جن کو کچا یا پکا کر کھاتے ہیں۔
خیال۔ وہ صورت جو بیداری میں تصور کرے یا خواب میں دیکھے اور وہ صورت جو پانی یا آئینہ میں دکھائی دے۔ تصور وہم۔ پندار۔ گمان۔ زعم۔ وہ قوت جو اس چیز کو محفوظ رکھتی ہے جسے حس مشترک نے قبول کیا ہے۔ فکر۔ اندیشہ۔ اُدھیڑ بن کتر بیونت۔ سوچ بچار۔ خوض۔ غور۔ سمجھ سوجھ۔ فہمید۔ رائے۔ مضمون۔ معنی عبارت ارادہ۔ منصوبہ۔ دھیان۔ توجہ۔ التفات سوج ترنگ۔ خبط۔ جنون۔ ایک راگ کا نام جاہلانہ اشعار۔
خیال باطل۔ جھوٹا خیال۔
خیال فاسد۔ برا خیال۔ نکما خیال۔ ناقص خیال۔ بیہودہ خیال۔
خیال کرنا۔ حسب دفعہ ۴۔ ایکٹ شہادت ثابت شدہ سمجھنا۔
خیالی۔ خوابی۔ وہمی۔ قیاسی۔ ظنی۔

خیانت - نارستی - دغا - غبن - تغلب امانت مین چوری - بے ایمانی - بددیانتی چوری - فریب -

خیانت مجرمانہ - قانون کے خلاف خیانت کرنا - وہ خیانت جو سرکاری جرم مین داخل ہے سرکاری غبن - سرکاری تغلب - بددیانتی سے مال کا تصرف کرنا - کوئی شخص جس کو کسی طرح سے کوئی مال یا کسی مال کا اہتمام امانتاً سپرد ہو تا نون کی کسی ہدایت کے خلاف کرکے جس مین امانت مذکور کے ادا کرنے کا طریق معین ہو یا کسی معاہدہ جائز کے خلاف کرے جو لفظاً یا معناً شخص مذکور نے امانت مذکور کے ادا کرنے کے طریق کی نسبت کیا ہو مال مذکور بددیانتی سے اپنے تصرف بے جا مین یا اپنے کام مین لائے یا اس مال کو بددیانتی سے استعمال مین لائے یا علیحدہ کرے - یا کسی دوسرے شخص کو عمداً ایسا کرنے دے تو اسی فعل کا نام خیانت مجرمانہ ہے - ناجائز خیانت - وہ خیانت جو جرم ہو۔

تشریح خیانت مجرمانہ اور تصرف بےجا مجرمانہ مین یہ فرق ہے کہ خیانت مجرمانہ مین مال کا اہتمام بطور جائز سپرد مجرم ہوتا ہے اور مجرم بددیانتی سے اُس کو تصرف کرتا ہے یا دوسرے کو ایسا کرنے دیتا ہے - اور تصرف بے جا مین اس کے برعکس -

خیر خواہی - نمک حلالی - خیراندیشی - بھلائی بہتری -

خیراتی - خیرات سے منسوب - اللہ کی - وقف کی دان پن کی - زکوۃ کی - مُفت کی -

خیمہ - ڈیرہ - تنبو - خرگاہ -

خیمہ گاہ - خیام - کیمپ - کمپو - لشکرگاہ - اُردو - مضرب خیام - مخیم -

د

داب - دباؤ - بوجھ - زور - اہل مطابع کی اصطلاح مین ایک رُخے سو کاغذ خواہ وہ جو صفحے ہون خواہ اس سے زیادہ کم جیسے چار آنہ داب - پیچ - گھاؤ - ایک فقرہ کل سے نکلنا - طور - طریق - طرز - ڈھنگ خو - خصلت - عادت - کروفر - رعب - دبدبہ

داب بے جا - جبر بے جا دباؤ - (دیکھو داب ناجائز)

داب سلطنت - آداب حکومت طریق سلطنت قواعد سلطنت -

داب ناجائز - ایک ایسا شخص جس پر دوسرا اعتماد رکھتا ہو یا دوسرے پر اختیار رکھتا ہو اختیار مذکور کو دوسرے پر غلبہ

حاصل کرنے کے لیئے وسیلہ گردانے بجز اس اعتبار کے غلبہ حاصل ہو۔

داب رکھنا - مار رکھنا۔ روپیہ مار لینا۔ کسی چیز کو روک رکھنا۔ روپیہ روک رکھنا کوئی چیز مار رکھنا۔

داخل - خارج کا نقیض۔ اندر آنے والا۔ پہونچنے والا۔ شامل۔ ملحق۔ اندر پہونچا ہوا گھسا ہوا۔ اندر۔ اندرونی۔

داخل خارج - ایک کا نام ملکیت سے خارج اور دوسرے کا سرکاری دفتر مین چڑھنا پہلے کی جگہ دوسرے کا قبضہ۔ شامل کرنا اور خارج کرنا۔ ایک کا نام دوسرے کے نام پر کسی جگہ داخل کرنا۔ ایک کے نام کا خارج ملکیت سے انتقال کر کے دوسرے کا نام اُس کی جگہ درج کرنا۔ عموماً داخل خارج مین نام سابق خارج کر کے نام جدید درج ہوتا ہے الا نام مرتہنان و مستاجران و انتقال گیرندگان بعلت بقایا مال گزاری و نام امانت داران و مہتمان و قابضان جمعیت غیر حاضران بدون اخراج نام اصل مالک کے درج ہو سکتا ہے جب اس کا واسطہ نہ رہے تو نام ان کا بدون اندراج نام کسی دیگر شخص کے خارج ہو سکتا ہے

داخل خارج ہونا - ایک شخص کا نام ملکیت سے خارج ہو کے دوسرے کا نام دفتر مین چڑھنا پہلے شخص کی جگہ دوسرا مالک قرار دیا جانا۔

داخل خارج کا مقدمہ - وہ مقدمہ جو داخل خارج ہونے سے تعلق رکھتا ہو۔ وہ مقدمہ جس میں ایک کا نام بجائے دوسرے مالک کے نام کے داخل کیا جائے

داخل دفتر - شامل مثل۔ منسلک۔ نتھی۔ دفتر مین رکھا ہوا۔ دبی ہوئی بات۔ ذیر بندر رکھنا۔ ملتوی رکھنا

داخل دفتر کرنا - شامل مثل کرنا۔ فائل کرنا منسلک کرنا۔ کارروائی کے بغیر کسی کاغذ کو دفتر کے سپرد کر دینا۔ رفع دفع کر دینا کسی بات کو دبا دینا۔

داخل دفتر ہونا - شامل مثل ہونا۔ نتھی ہونا دفتر مین رکھا جانا۔ کارروائی کے بغیر کسی کاغذ کا سپرد ہونا

داخل کرنا - اندر کرنا۔ دخول کرنا۔ شامل کرنا ملانا۔ ملحق کرنا۔ سپرد کرنا۔ سونپنا۔ حوالہ کرنا۔ روپیہ بھیجنا۔ سرکاری خزانہ مین روپیہ جمع کرنا تحویل کرنا۔ نام لکھوانا۔ درج کرانا۔ لکھنا۔ رجسٹر پر چڑھانا۔ بھرتی کرنا۔ نوکر رکھنا۔ ا[illegible] کرنا۔ فائل کرنا۔

داخلہ - سپردگی۔ حوالگی۔ رسید۔ روپیہ مال گزاری کی رسید۔ داخل کرنے کی فیس۔ محصول چونگی وغیرہ۔ تفویض۔ باریابی۔

گذر۔ دخل۔ رسائی۔ پہونچ۔ دخل یابی۔ داخل
کرنے کی فیس۔ اجرت سپردگی۔ اندر آنیوالی

داخلہ بہی۔ اس کتاب مین داخلہ کی رقومات
بجنسہ مندرج ہوتی ہین اس سے یہ مراد ہے
کہ جو روپیہ داخل ہو ظاہر ہوجائے کہ کس کے
نام سے اور کس بابت سیاہہ ہوا۔

داخلی۔ موضع توفیر۔

داد۔ عدل۔ انصاف۔ نیاؤ۔ فریاد۔ نالش
سزا۔ پاداش۔ تحسین۔ فیصلہ۔ راستی۔ حق
واجبیت۔ حق رسی۔ معدلت۔ منصفی۔ عطا۔
بخشش۔ آفرین۔ واہ وا۔

دادخواہ۔ فریادی۔ مستغیث۔ نالشی۔ دعوے
دار۔ مدعی۔ عرضی کرنے والا

دادخواہی۔ استغاثہ۔ نالش۔ فریاد۔ دعوے
انصاف چاہنا۔ حق رسی چاہنا۔

دادرسی۔ فریادرسی۔ انصاف۔ نیاؤ۔ چارہ
سازی۔ حق رسی۔ دادخواہی۔ انصاف کو
پہونچنا۔ فریاد۔

داددہی۔ انصاف دہی
تشریح داد کے معنی انصاف اور دہی کے
معنی دینا (دیکھو داد)

دادگستری۔ انصاف کرنا۔ فریاد سننا
دادرسی۔

دادوستد۔ لین دین۔ باہمی حساب
کتاب۔

دادنی۔ دینے کے قابل۔ قابل ادا۔ قرض

داد کو پہونچنا۔ داد ملنا۔ انصاف ہونا۔
داد پانا۔

دادا۔ باپ کا باپ۔ متبنی کرنے والے کا باپ
بھی اس مین شامل ہے۔

دار۔ گھر۔ سولی۔ خانہ۔ محلہ۔ سراے۔ جگہ
مقام۔ وہ نوک دار لکڑی جس کو زمین مین
گاڑکر مجرم کی جان لیا کرتے تھے۔ پھانسی

دارالحرب۔ مقام جنگ۔ کافرون کا ملک
اُن لوگون کا مقام جو مطیع اسلام نہون۔
قابل غزا ملک۔ وہ ملک جہان مسلمان
مذہبی ارکان ادا کرنے سے مجبور رہون جہان
پر خدا کی عبادت کرنے کی مخالفت کی جاے
لفظی ترجمہ لڑائی کا گھر۔
تشریح دار کے معنی گھر اور حرب کے معنی
لڑائی۔ مسلمانون نے جہاد بھی ایسے ہی
موقع پر جائز رکھا ہے جہان غیر مذاہب
کے لوگ مسلمانون کو اُن کی عبادت ادا
کرنے سے روکین۔ ورنہ جیسا کہ غیر مذاہب
والے لوگ اہل اسلام کی نسبت کہتے ہین
کہ ان کے مذہب مین یون ہی بلاوجہ غیر مذاہب
کو بزور شمشیر مسلمان بنانا۔ یا جہاد کرنا لکھا ہے
یہ بالکل غلط اور سراسر جھوٹا الزام ہے۔

دارالضرب۔ اس مین کلکتہ اور بمبئی اور بہت
ایسے مقامات دارالضرب مقررہ نواب گو

جنرل یا جلاس کونسل ہوان داخل ہین۔

جہان اشرفی یا روپیہ پیسہ وغیرہ پر سکہ لگائے ہین ٹکسال۔ ضرب کا گھر۔

دارالعدالت۔ عدالت کا گھر۔ کچہری۔

دارالعیار۔ وہ مقام جہان پر کھوٹا اور کھرا زر پرکھا جاتا ہے۔

دارالقمامہ۔ وہ مقام جہان کسبیان رہتی ہون جہان کوڑا اور میلا اور نجاست وغیرہ ڈالی جاتی ہو۔

دارو۔ دوا۔ بارود۔ شراب۔ مے۔

داروغہ۔ محافظ۔ نگران۔ منصرم کسی کام کا اہتمام کرنے والا۔ کوتوال۔ انسپکٹر پولیس تھانہ دار۔ کسی جماعت کا سردار۔ ملازمان سپاہیون کا افسر۔ پولیس مین تحصیلدار۔ نائب تحصیلدار جس کو پولیس کا اختیار ہو۔ اور سپر انسپکٹر۔ سپرنٹنڈنٹ۔ نمبردار گاٹون کا۔

داروغہ توپ خانہ۔ میرآتش۔ توپخانہ کا افسر۔

تشریح میر کے معنی سردار آتش کے معنی آگ چونکہ داروغہ توپ خانہ بھی آگ کا سردار ہوتا ہے اس لیئے اس کو میرآتش کہتے ہین۔

داروغہ جیل۔ جیل خانہ کا داروغہ۔ نگران بندی خانہ۔ قیدخانہ کا افسر۔

داروغہ دیوان خانہ۔ وہ شخص جو امیرون کے پاس دیوان خانے مین جانے کی اجازت دے۔ دیوان خانہ کا افسر۔

داروغائی۔ محافظت۔ نگہبانی۔ انتظام۔ انصرام اہتمام۔ حکومت۔ افسری۔ سرداری

داغ بیل۔ سڑک کا نشان۔ سڑک کی حد۔ وہ نشان جو سڑک یا روش کے واسطے پھاوڑے سے ڈالتے ہین۔ نشان عمارت جو معمار وغیرہ لگاتے ہین۔

داغی۔ داغدار۔ جلا ہوا۔ معیوب۔ عیبدار۔ سزایاب۔ سزا یافتہ۔ قید بھگتا ہوا۔ شرمندہ احسان مند۔

دام۔ دمڑی۔ چھدام۔ کوڑی۔ حبہ۔ گنڈا۔ پیسہ کا بیسوان حصہ۔ چار کوڑی۔ قیمت۔ مول۔ نرخ۔ بھاؤ۔ نقدی۔ زرنقد۔ دولت روپیہ۔

داماد۔ لغوی معنی نوکت خدا۔ نیا دولھا۔ اصطلاحی جنوائی۔ شوہر دختر۔ بیٹی کا خاوند مجازاً بیٹی کا شوہر۔ خاوند دختر۔

تشریح بعض اہل لغات کا خیال ہے کہ اخیر معنون مین یہ لفظ اردو ہے فارسی نہین مگر حکیم سنائی نے شعر مین باندھا ہے البتہ اس کے مادے مین ہم متفق ہین کہ اصل مین یہ لفظ دائم آباد ہوگا بطریق دعا سے نیک یہ نام رکھا گیا۔

دان پتر۔ ہبہ نامہ۔ اقرار نامۂ زمین جو

برہمنون کو بخشتے ہین

دان پتر دار - ہبہ نامہ دار - مالک ہبہ نامہ ہبہ نامہ رکھنے والا -

دانڈہی - وہ خشک اور پتھریلی زمین جو تر نہین رہتی - اگر تر کی جاے تو بہت جلد خشک ہوجاتی ہے -

دانہ بندی - لنکوتی - کھڑی کھیتی کو آنکنا کچی پیمایش -

دانجا - جہیز - دہیز - استری دان - مہر کا بین - مال جہیز -

دائر - پھرنے والا - دوار - دورا کرنے والا - زیر تجویز - درپیش - مرجوعہ -

دائر کرنا - چلانا - رجوع کرنا - درپیش کرنا سلسلہ شروع کرنا - مقدمہ دائر کرنا -

دائم - مدام - ہمیشہ - سدا جنم بھر -

دائم الحبس - جنم قید - عمر قید - ہمیشہ کی قید دائم کے معنی ہمیشہ اور حبس معنے قید -

دائن - قرضخواہ - قرض دینے والا -

دب - انغلام کرنا - لواطت - پوشیدہ کرنا چھپانا -

دباب - لواطت - انغلام

دباؤ - بوجھ - غلبہ - زور - بھار - بار - داب - اُلار کے خلاف - خوف - دہشت - ڈر - ڈری - اندیشہ - جبر - سختی - تعدی - جیسے ان کے دباو سے یہ کام کیا - حکم - تحکم - حکومت - اختیار - لحاظ - خیال -

دبدبہ - ڈھول اور نقارے کی آواز جھانجھا بمعنی جاہ وہیبت وبزرگی وشان شاہ کی آواز - طمطراق - کروفر - رعب وداب شان وشوکت -

دبکی - روپوشی کسی جانور کا زمین سے چمٹ جانا - داؤن گھات -

دبیر - کاتب - نویسندہ - منشی - انشا پرداز مضمون نگار -

دبیل - زبردست - مغلوب - دبنے والا ماتحت - زیر حکم - فرمان بردار - رعیت - کم زور - بودا - عیب دار - وہ شخص جو اپنے عیبون کے باعث لوگون سے دبتا اور کنیاتا رہے -

دتک - دی ہوئی لڑکی - تبنیت کا ایک طریق ہے یا دیا ہوا بیٹا - کول صاحب بہادر نے اپنے لیکچر دھرم شاستر مین ہی تشریح کی ہے -

دختر - لڑکی - صبیہ - بیٹی - دھی -

دختر خانہ - وہ لڑکی جن کا ابھی نکاح نہوا ہو اور اپنے باپ کے گھر مین ہو -

دختر ربیبہ - گیلڑ لڑکی - سوتیلی لڑکی - وہ ہے کہ جس عورت کے ساتھ کوئی شخص نکاح کرے اور وقت نکاح کے کوئی لڑکی جو کسی دوسرے مرد سے پیدا ہوئی ہو اس

عورت کے ساتھ آئے۔ جو لڑکی پہلے خاوند کی ہو اور اُس کی ماں اپنے ساتھ دوسرے گھر مین لے آئے شوہر ثانی کی پروردہ ہوتی ہے۔ یہ لغت قانون اسلام کی ہے۔

دختر محتاج۔ وراثت کے ذکر مین لفظ محتاج سے محتاج دولت مراد ہوتی ہے نہ محتاج اولاد۔

دختندر۔ سوتیلی بیٹی یعنی دوسرے ماں کے پیٹ سے یا دوسرے باپ کے نطفے سے

دخل۔ آمد۔ پیداوار۔ آمدنی۔ اندر آنا۔ داخلہ درآمد ہونا۔ عمل۔ رسائی۔ پہونچ۔ قبضہ امکان۔ ممکن جیسے کیا دخل وہ ایسا کرے دست اندازی۔ مزاحمت۔ مہارت۔ واقفیت دسترس۔ جیسے اُن کو فلان زبان مین بھی دخل ہے۔ کچھ اپنا تصرف کرنا۔ اعتراض کرنا کسی کے کام مین۔

تشریح۔ دخل و قبض مین یہ فرق ہے کہ دخل محاصل زمین وغیرہ ضد خرچ اور آمد اور قبض کے معنی پنجہ سے پکڑنا ضد بسط اور جلدی جانا۔ اہل عرف کبھی اُن دونون کے معنی ایک ہی لیتے ہین۔ اور کبھی مختلف۔

دخل بے جا۔ مداخلت ناجائز۔ بے اجازت کسی کے مکان مین چلا جانا۔

دخل پانا۔ گذر ہونا۔ آمد رفت ہونا۔ راہ پانا۔ رسائی ہونا۔ پہونچ ہونا۔ بار یاب ہونا۔

دخل دہانی۔ قبضہ دلانا۔ قابض کرنا۔

دخل فی الحال۔ موجودہ قبضہ۔

دخل کرنا۔ قبضہ کرنا۔ قابض ہونا۔ اختیار مین لانا۔ متصرف ہونا۔ دست اندازی کرنا۔ دبا لینا۔ غصب کر لینا۔

دخل ناجائز۔ بے جا تصرف۔ ناروا تصرف تصرف غلط تصرف نامناسب۔

دخل نامہ۔ قبضہ کی سند یا حکم۔ قابض ہونے کا سرکاری تحریری حکم۔ پروانہ دخل یابی۔

دخل و قبضہ۔ درآمد و قبضہ۔ اندراج و قبضہ

دخل یابی۔ باریابی۔ رسائی۔ قبضہ۔ تصرف گذر۔ پہونچ۔ رسائی۔

دخول۔ گھسنا۔ اندر جانا۔ نقیض خروج درآمد۔ بار۔ دخل۔ گذر۔ رسائی۔ پہونچ۔ داخل ہونا۔

دخول کرنا۔ گھسیڑنا۔ اندر کرنا۔ داخل کرنا۔ پرونا۔ چبھونا۔ (دیکھو دخول)

دخیل۔ دخل دینے والا۔ بار یاب کسی کے کاروبار مین دخل دینے والا۔ قابض۔ متصرف۔ وہ کلمہ جو اور زبان کا ہو اور کلام عرب مین لایا جائے۔ قافیہ کے نو حرفون مین سے ایک حرف کا نام بھی ہے

جو واقع ہوا ہیں حرف روی اور تاسیس کے
جیسے شاغل کا غ اور فاضل کا ض اور
بمعنی دوست خاص کے بھی آیا ہے

دخیل کار۔ کاروبار میں دخل دینے والا۔
سربراہ کار۔ قابض۔ متصرف۔ دخل وار۔
باریاب۔

دخیل کاری۔ ایک شے یا قطعہ ارضی
پر مالک یا مزارع کا بروے پٹہ یا شرائط
قابض ہونا۔

دُر۔ کلمہ تحقیر و تنفیر۔ دور ہو چمپت بن۔ اپنا
رستہ لے۔ چل دے۔ ہٹ۔ سرک۔ نکل
موتی۔ یہ پچھلے معنی اس لفظ کے عربی ہونے
کی صورت پر ہیں۔

دُر افشانی۔ خوش کلامی۔ خوش بیانی۔ گوہر
افشانی۔ فصاحت۔

در۔ نرخ۔ قیمت۔ بھاؤ۔ مول۔ جیسے چوبیس
روپیہ کی در کا سونا۔ قدر۔ عزت۔ نی۔ دام
آب رو۔ وقر۔ توقیر۔ جیسے ان کے تو کسی کے
دنہیں۔ بمعنی دروازہ

تشریح سب سے اخیر کے معنی تب ہیں جب
فارسی لفظ مانا جاوے اور باقی معنی اس صورت
میں جب ہندی لفظ مانا جاوے۔

درآمد۔ آمدنی۔ آمدنی مال کسی ملک میں بھر آتی

درآمد برآمد۔ آمد ورفت۔ آنا جانا۔

درآمد ہونا۔ داخل ہونا۔ اندر آنا۔

درآنا۔ پہونچنا۔ داخل ہونا۔ گھسنا۔ کسی جگہ یا
کسی چیز میں داخل ہونا۔

درانداز۔ دو آدمیوں میں لڑائی ڈلوانے
والا۔ غماز۔ چغل۔ غیبت کرنے والا۔ بد
گوئی کرنے والا۔ بدگوے۔

درباب۔ بابت۔ دربارہ۔ نسبت۔ مقدمہ
معاملہ۔ کارن۔ سبب۔ باعث۔

دربار۔ درگاہ۔ بارگاہ۔ آستانہ۔ امیروں اور
بادشاہوں کی مجلس۔ شاہی عدالت۔
کچہری۔ اجلاس۔ جشن۔ حاضر باشی۔
صحن کچہری۔

دربار خاص۔ وہ دربار جس میں بادشاہ
خود موجود ہو۔ وہ دربار جس میں عام لوگوں
کو اجازت نہو۔ خلوتی مجلس۔ اجلاس خاص

دربار عام۔ وہ دربار جس میں عام لوگ حاضر
ہو سکیں۔ عام لوگوں کے لیئے اجلاس
فرمانا۔ عدالت عام۔

دربارہ۔ (دیکھو درباب)

درباری۔ ملازمان حضوری۔ مجرئی لوگ۔
سلام کرنے والے۔ امتیازی۔ ندیم۔ مصاحب
ہم نشین۔ خواص۔ دربار سے نسبت رکھنے
والا۔ اس میں ی نسبتی ہے۔

دربندی۔ نرخ نامہ۔ جمعبندی کے معاملہ
کا نرخ۔

درپردہ۔ پیٹھ پیچھے۔ غائبانہ۔ خفیہ۔ پوشیدہ

تخفی مبہم۔ اشارۃً۔ کنایۃً۔

درپے۔ پیچھے عقب میں۔ آہٹ پر پیروی و تلاش میں تعقیب میں۔ لاگو۔ خواہان۔ پیچھے میں۔

درپیش۔ دائر۔ پیشی میں۔ آگے۔ سامنے۔ روبرو۔ آگے میں۔

درج کرنا۔ داخل کرنا کسی رجسٹر میں چڑھانا۔ لکھنا۔ فہرست میں داخل کرنا شامل کرنا۔

درجہ۔ پایہ۔ مرتبہ۔ عزت۔ وقر۔ ڈگری جماعت عہدہ۔ رتبہ۔ سیڑھی کا سب سے اوپر کا ڈنڈا اوپر کی سیڑھی۔ زینہ۔ سیڑھی۔ پایہ گاہ۔ منزلت منصب۔ مرحلہ حصہ۔ کوٹھری۔ منٹ ثانیہ دقیقہ۔ بار۔ نوبت۔ دفعہ زمرہ۔ کلاس

درجہ بدرجہ۔ رفتہ رفتہ علی قدر مراتب حسب رتبہ۔ بتدریج

درجۂ متنزلہ۔ نیچے کو اترا ہوا درجہ جیسے بیٹا پوتا۔ پڑوتا وغیرہ۔

تشریح متنزلہ نزول سے نکلا ہے

درجۂ متصاعدہ۔ اوپر کو چڑھتا ہوا درجہ۔ یعنی پشت یا شجرۂ نسب جو اوپر کو جاتا ہے۔ جیسے باپ دادا۔ پردادا وغیرہ۔

تشریح متصاعدہ اسم فاعل صعود سے نکلا ہے۔

درحقیقت۔ فی الواقع۔ واقع میں حقیقت میں۔ بے شک۔ بے شبہہ۔ دراصل۔

اصل میں۔

درخت۔ پیڑ۔ شجر۔ اس میں بانس اور کھونٹی اور جھاڑی کی لکڑی شامل ہے۔

درخواست۔ ایک عرضداشت۔ سوال عرضی۔ التماس۔ گزارش۔ عرض۔ آرزو تمنا۔

درخواست بیعبات۔ کامل بیع کی درخواست (دیکھو بیعبات)

درخواست سرسری مختصر عرضی۔ درخواست اجمالی مجمل درخواست۔

درخواست عذرداری۔ رکاوٹ کی عرضی ملتوی کرنے کا سوال۔ التوا کی نالش۔ عذر کرنے کی عرضی۔

دردسری۔ تکلیف مشکل۔ دقت زحمت کشی۔ جفاکشی

درشنی ہنڈی۔ یہ دو قسم کی ہے۔ ایک وہ کہ بفور دکھانے کے روپیہ ادا کیا جائے اس میں پہونچنے ترت کا لفظ لکھا جاتا ہے دوم بعد سکارنے کے ایک روز یا چند روز بعد ادا کیا جائے۔

درصورت۔ درحالت۔ دراں حالت بحالت بشرطیکہ۔

درگاہ۔ کچہری۔ دربار شاہی۔ ایوان شاہی۔ عبادت گاہ۔

درماہہ۔ مہینا تنخواہ۔ مشاہرہ۔ ماہوار طلب

ماہانہ۔

دروبست ۔ بالکل۔ تمام۔ غیر کے دخل اور تصرف کے بغیر۔ تمام ضلع یا ریاست سراسر۔

دروبست المیہ ۔ تمام زمین کا انعام جس کا کرایہ معاف ہو۔ محاصل معافی زمین۔ جو زمین معاف اور انعام دی گئی ہو۔

دروغ ۔ جھوٹ۔ کذب۔ بہتان۔

دروغ حلفی ۔ ایسے شخص کا حلفاً جھوٹ بیان کرنا جس پر قانون سے اور حلف سے کسی امر کا سچ بیان کرنا ضروری اور واجب تھا۔ ایڈورڈ کوک صاحب نے دروغ حلفی کی تعریف اس طرح کی ہے کہ کسی کارروائی عدالت مین حلف قانونی کسی شخص کو دیا جاے اور وہ عمداً مطلقاً جھوٹا حلف ایسے معاملے مین لیوے جو کہ امر متنازعہ کی تنقیح کے لیئے ضروری ہے اور ضرور ہے کہ دروغ حلفی عمداً و یقیناً و مطلقاً براہ خیانت کے ہو یعنی بدنیتی سے ارتکاب کیا جاے نہ محض اتفاق سے اور اس کا ایسے امر سے جو امر متنازعہ کی تنقیح مین ضروری ہے متعلق ہونا ضرور ہے حلفاً دروغی جھوٹی قسم۔ قانون کے خلاف جھوٹ بولنا۔

دریا ۔ اس مین ندی نہر سکیاری۔ اور نالی جو قدرتی یا بناوٹی ہون داخل ہین۔ بحری سیلاب وہ بڑا نالہ جو بارہ مہینے بہے رود۔ پانی کی وہ دھار جو پہاڑ یا جھیل سے نکل کر خشکی پر بہتے ہوے سمندر مین جا ملے

دریاے شور ۔ سمندر

تشریح چونکہ سمندر کا پانی کھاری ہے اس لیئے اس کو دریاے شور کہتے ہین۔ شور کے معنی کھاری کے ہین۔

دریا برآمد ۔ وہ زمین جو دریا کے ہٹ جانے سے نکل آئی ہو۔ دریا برآر۔ دیارا۔ کرڑی۔ وہ زمین کا بڑا چک جو دریا سے نکل آئے یا دریا کا پانی جسے کاٹ کر ہٹ جاے۔

دریا برآر ۔ (دیکھو دریا برآمد)

دریا برد ۔ وہ زمین جو دریا کی رو یا طغیانی سے ڈوب گئی ہو یا کٹ گئی ہو۔

دریا شکست ۔ دریا برد۔ وہ زمین جو دریا نے توڑ دی ہو۔

تشریح شکست کے معنی توڑنا (دیکھو دریا برد)

دریافت ۔ پہچان۔ جانچ۔ تحقیق۔ استفسار۔ جست وجو۔ پوچھ کچھ۔ ٹوہ۔ تفتیش

دساور ۔ وہ جگہ جہان اکثر جگہ کی اشیا آکر فروخت ہون۔ تھوک فروشی کا مقام

دست ۔ ہاتھ۔ ید۔ پنجہ۔ قدرت۔ طاقت قابو۔ غلبہ۔ فتح۔ نوبت۔ دفعہ۔ طب مین اجابت طبیعت۔ اسہال۔ عدد۔ تعداد۔

دست انداز ۔ مخل۔ خلل انداز۔ مزاحم۔ لٹیرا۔ ظالم۔

دست اندازی - ہاتھ ڈالنا - مداخلت مزاحمت - دخل - ظلم - زبردستی - تعدی -

دست برد - غبن - تغلب - خیانت - تصرف بیجا - خورد برد - لوٹ - مال غارت - بازی غلبہ - قدرت - تصرف - تسلط

دست برد کرنا - غبن کرنا - چرانا - اڑانا - ہاتھ مارنا - مال مارنا -

دست بردار ہونا - ہاتھ اٹھانا - باز آنا - ترک کرنا - علیحدہ ہونا - برطرف ہونا - چھوڑنا

دست برداری - علیحدگی - برطرفی - بے سروکاری - اس کا لفظی ترجمہ ہاتھ اٹھانا ہے

دست بستہ - مستعد - مطیع - بخیل - کنجوس ہاتھ باندھ کر - ہاتھ جوڑ کر -

دست بندھک - امانت - دھروڑ - گرو رہن - گرو کی چیز - اس کو سادہ رہن کہنا چاہیئے - اور مسکیفرن صاحب اپنے رسالہ قانون رہن مین اس کی تشریح حسب ذیل کرتے ہین - سادہ رہن وہ ہوتا ہے جہان کہ قرض لینے والا ذاتی طور پر قرضہ مع سود ادا کرنے کے واسطے اپنی جائداد کو بطور ایک دوسرے درجے کی ضمانت کے گرو رکھتا ہے وہ مرتہن کو اپنی جائداد کا قبضہ نہین دیتا اور نہ اُس کے استعمال کرنے کی اجازت دیتا ہے اور نہ وہ یہ اقرار کرتا ہے کہ درصورت عدم ادائگی وہ زمین منتقل بقبضہ مرتہن ہوجائے - اور خلاف ورزی کی صورت مین جائداد مرہونہ مرتہن کے قبضے مین نہین جاتی مرتہن دائن پر نالش کرکے اصل زر قرضہ اور سود کے واسطے ضمانت سے اس طرح وصول کرتا ہے کہ ڈگری حاصل کرکے وہ زمین کی قرقی کرا کے اُسے فروخت کر دیتا ہے اور جو روپیہ فروخت سے ملتا ہے وہ زرمتدعویہ حاصل کرتا ہے اگر زرمتدعویہ سے زیادہ روپیہ وصول ہو تو وہ راہن کا حق ہوتا ہے - راہن اگر خود چاہے تو اُس کو خرید سکتا ہے اس تاریخ سے لے کر جس پر کہ زرقرضہ کے ادا کرنے کا اقرار کیا گیا ہو ڈگری اور نیلام کی تاریخ تک راہن کو زر اصل اور بقایا کا قرضہ ادا کر دینے کی صورت مین انفکاک رہن کا حق ہوتا ہے لیکن یہ حق نیلام ہوجانے کی حالت مین زائل ہوجاتا ہے - راہن اس سادہ رہن کی صورت مین اپنی زمین کو کھو بیٹھتا ہے مگر اس سے یہ نہین لازم آتا کہ وہ مرتہن کے قبضہ مین چلی جائے - اصل مین دست بندھک ہے کفالت رہن گرو - استغراق رہن گرو -

دستخط - اپنے ہاتھ کا لکھا ہوا - العبد اپنے ہاتھ کی علامت یا نشان - اس لفظ سے مُراد یہ ہے کہ دستخط بذات خود یا بذریعہ مختار کے جو حسب ضابطہ مختار ہون کیئے ہون - اس مین ثبت علامت بھی شامل ہے اپنے ہاتھ کی صحیح نشانی -

دستخطی - ہاتھ کا لکھا ہوا - ہاتھ کے دستخط کیئے ہوئے - العبد شدہ - اس مین علامت کیا ہوا داخل ہے جب کہ علامت کنندہ اپنا نام نہ لکھ سکتا ہو - حاوی معنی ثبت علامت ہے - نشان بنانا -

دست درازی - ہاتھ چالاکی - مارپیٹ - زدو کوب - مداخلت بے جا - زیادتی - عہدشکنی غصب -

دست درازی کرنا - لوٹنا - ہاتھ ڈالنا - زیادتی کرنا - بدسلوکی کرنا - مارنا - پیٹنا - دبانا - غبن کرنا - غصب کرنا -

دست بگریبان ہونا - گتھم گتھا ہونا - غٹ پٹ ہونا - جھٹ جانا - لڑنا - گتھ جانا - لپٹ جانا - دنگا مشتی کرنا -

دستا - سنجان - حاشیہ - چھری تلوار وغیرہ کا قبضہ - موٹھ - بینٹا - آدمیون کا گروہ - فوج کا دستہ یعنی ایک حصہ - کارد - کاغذ کے ۲۴ یا ۲۵ تختے - رم کا بیسوان حصہ سونٹا - ڈنڈا -

دستاویز - سے وہ مضمون مراد ہے جو کسی مادے پر حروف یا ہندسون یا علامتون کے ذریعے سے ظاہر یا بیان کیا گیا ہو اور ان حروف یا ہندسون یا علامتون کو اس مضمون کی وجہ ثبوت کے لیئے کام مین لانے کی نیت ہو یا کام مین آ وین - اقرارنامہ - سند - تمسک دلیل - رسید - اقرارنامہ - اس سے مراد وہ مضمون ہے جو کسی سے بذریعہ حروف یا اعداد یا علامات یا ان وسائل مین سے ایک سے زیادہ وسیلون کے ذریعے سے جن کا اس مضمون کے قلمبند کرنے کے لیئے مستعمل ہونا مقصود ہو یا جو مستعمل ہون ظاہر کیا جاے یا منقوش کیا جاے - تحریر الفاظ جو سیسہ یا پتھر کے چھاپہ سے مطبوع یا بطور عکس کے اتارے گئے ہون و نقشہ زمین یا عمارت و حروف کنندہ دستاویز ہے

دستاویز انتقال - ہر نوشتہ جس سے جائداد مابین زندہ اشخاص منتقل ہو وے بجز انتقال حصہ کمپنی یا جماعت شراکتی یا رہن نامہ یا پٹہ - یا سرخط یا دستاویز ایسی جائداد مرہونہ یا تصفیہ نامہ زر قرضہ یا ہبہ نامہ یا نوشتہ مبادلہ یا تقسیم نامہ کے جب کہ مساوات مبادلہ یا تقسیم کی بابت کچھ زر نقد نہ دیا جاے - (الف) یہ معنی اصلی معنون سے مختلف ہین کیونکہ اس مین رہن نامہ و و تملیک نامہ و پٹہ و سرخط و دستاویز ایسی جائداد مرہونہ و ہبہ نامہ شامل نہین - صرف وہ انتقالات شامل ہین جو عموماً بلا لحاظ قسم جائداد مابین اشخاص زندہ عمل مین آ وین -

دستاویز بیع بالوفا - شرطیہ فروخت کی

دستاویز۔

دستاویز ہبہ۔ اس سے وہ نوشتہ مراد ہے جس کے ذریعے سے ایک شخص بعوض رسوم ہبہ دوسرے شخص سے تعہد نقصان یا ہرجہ یا اس جوکھون کا کرتا ہے جس کا وقوع کسی امر مجہول خواہ اتفاقی سے ہو اور اس مین ہبہ زندگی داخل نہین ہے۔ ایکٹ شاب مین بھی یہی تعریف درج ہے

دستاویز ٹھیکہ مستاجری۔ مستاجری ٹھیکہ کی سند۔ اجارہ و لینے ٹھیکہ کی سند

دستاویز جعلی۔ بناوٹی دستاویز۔

دستاویز خانگی۔ نجی کی دستاویز۔ پرائیوٹ دستاویز۔ گھریلو دستاویز

دستاویز رجسٹری شدہ۔ وہ سند جس کی رجسٹری ہو چکی ہو۔

دستاویز ضمانت۔ ضمانت کی سند ضمانت نامہ۔

دستاویز قسط بندی۔ قسطون کے مقرر کرنے کی دستاویز۔

دستاویز لادعوی۔ بے دعوی ہونے کی دستاویز۔

دستاویز مشتبہ۔ مشکوک یا احتمالی۔ یا شکی سند۔

دستاویز مصدقہ۔ تصدیق کی ہوئی دستاویز تصدیق شدہ سند۔

تشریح مصدقہ اسم مفعول بمعنی تصدیق کردہ شدہ۔ (دستاویز دیکھو دستاویزین)

دستاویز مہر۔ مہر کی سند جو روبہ نکاح پر مقرر ہو اُس کی سند۔

دستاویزات۔ جمع دستاویز۔

تشریح یہ جمع خلاف قاعدہ ہے اس لیئے کہ یہ دست اور آویز دونون فارسی لفظون سے مرکب ہے اور آت سے جمع عربی کی آتی ہے یہان فارسی لفظ کے پیچھے علامت جمع عربی لگا دی ہے "دستاویزات کا حراست واجبی مین رہنا" یہ محاورۂ قانونی اُس وقت مستعمل ہوتا ہے جب کہ دستاویزات اُس مقام مین اور اُس کے پاس ہون جس مین اور جس کے پاس خاصتہً رہنا چاہیئے۔ یعنی ثبوت ہو کہ حراست جائز ہے۔

دستک۔ تالی۔ ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ کُنڈی کھڑکھڑانا۔ بلانا۔ کر۔ سمن۔ پروانہ راہداری نکاسی کی چٹھی۔ مطالبہ اور حاضری کا چک نامہ باقی رکھنے کے یعنے قصور کے واسطے جو دستک قسط کے دوسرے دن جاری کی جاتی ہے وہ محض اطلاع نامہ ہے جب اس سے کاربرآری نہوا اور دستک کی میعاد کے اندر باقی داخل نہ کی جاے تب پھر دستک یا دستکات متعددہ چپراسی یا سوار کی معرفت جاری کرنی چاہیین۔ اس صورت مین دستک

کو چک نامہ حاضر ہونے کے لیے سمجھنا چاہیے۔
یہ ایک نقشہ ہوتا ہے جو بعد اختتام مہینہ شروع
ماہ رواں مین صدر کو بھیجا جاتا ہے بعد حکم
دینے تنخواہ کا آتا ہے اس مین نام پرگنہ نام
موضع نام باقی دار یا مال ضامن زر قسط مال
واجب غیر وصول تاریخ اجراء تاریخ واپسی
طلبانہ طلبی وصول باقی سوائے چپراسی پیادہ
جس کی معرفت جاری ہو درج ہوتا ہے تحصیلدار
اور اطلاق نویس اور قانون گوے کے دستخط
اس پر ہوتے ہین۔ یہ محض اعلام نامہ یا
حکم نامہ ہے واسطے حاضری باقی دار کے تاکہ وہ
حاضر ہو کر جواب دہ زر مطلوبہ ہو چٹھی دستی۔
پروانہ معاملہ فیس اجرائے سمن۔ تاجرون سے
وصولی فیس کا پروانہ۔

دستک پیادہ یا سوار۔ وہ چپراسی یا سوار
جو مال گذاری وصول کرنے کے واسطے جاے

دست گردان۔ قرض مستعار۔ اُدھار۔
بغیر تحریر کے قرضہ۔ زبانی قرضہ۔ زبانی اقرار
پر قرضہ۔

دست نگر۔ ہاتھ تکنے والا۔ محتاج۔ حاجت مند
مفلس۔ تنگ دست۔

دست ورقی۔ روز معینہ قسط کے چند روز
پیشتر ایک دست ورقی جس مین جملہ دیہات
کے نام بترتیب حروف تہجی لکھے جاتے ہین
جس کا نمونہ مندرجہ ذیل ہے

تشریح واضح رہے کہ نمونے بدلتے
ہین صرف اسی نمونے پر بھروسہ نہ کرنا چاہیے

نمونہ نقشہ دست ورقی

نمبر	نام محال	نام زمیندار	طلبی		میزان	کیفیت
			قسط حالی	قسط ماضی		

دستور قدیم۔ پُرانا رواج

دستور العمل۔ قانون۔ قاعدہ۔ ہدایت
کوڈ۔ سرکاری احکام کا مجموعہ۔

دستور مستمرہ۔ دوامی دستور۔ ہمیشگی
کا قاعدہ۔

دستوری۔ فیس۔ اجرت۔ کمیشن۔ خصوصا
خزانچی یا نوکر جو سودے پر فی صدی وغیرہ
کے حساب سے لگاتے ہین۔ وہ حق جو
ملازم اپنے آقا کی خرید اشیا کی بابت فروشندہ
سے ایک آنی یا دُو آنی روپیہ کے حساب سے
لیتے ہین۔

دسوترہ - دس فی صدی - ۱/۱۰

دستیاب - بہم پہونچنے والا - میسر
حاصل - وصول - موصول -
تشریح دست یاب کے معنی حاصل کے
اس لئے ہیں کہ دست کے معنی ہاتھ اور یاب
کے معنی پا - یہ اسم مفعول مرکب ہے یعنی
یافتہ شدہ دست -

دشمنی - بیر - بدخواہی - عداوت - لاگ - عناد - مخالفت
مخاصمت - خصومت -
تشریح یہ مرکب ہے دشت بمعنی بد اور
من بمعنی دل آوری سے -

دشنام - گالی - گالی گلوچ - گالی گفتار -
تشریح یہ مرکب ہے دش بمعنی بد اور
نام بمعنی اسم سے یعنی کسی کا برا نام لینا - یا
برے الفاظ سے کسی کو یاد کرنا - اور یہی
گالی ہے -

دشوار - مشکل - دوبھر - کٹھن - درشت -
یہ مرکب ہے دش بمعنی بد اور دوار کلمہ نسبت ہے

دشواری - مشکل - دقت - سختی - صعوبت
عسرت - ناگوار - بار خاطر -

دعا - حاجت - درخواست - التجا - استدعا -
التماس - عرض - چھوٹے کا بڑے سے مانگنا
منتر - افسون - وظیفہ - مناجات - مغفرت کی
طلب - نیکی - بھلائی - بہتری - اسیس - آشیرباد
مانگنا - خواہش کرنا - بلانا -

دعاوی زائد المیعاد - زائد میعاد دعوی -
وہ دعوے جن کی میعاد گذر گئی ہو -
تشریح دعاوی جمع دعوے کی ہے
جس طرح فتاوی جمع فتوے کی ہے مگر واو
کے کسرے سے بھی درست ہے -

دعوی - درخواست - خواہش - مطالبہ - عرضی
استغاثہ - نالش - استحقاق - حق
تشریح دعوی اور استغاثہ میں یہ فرق
ہے کہ استغاثہ فوجداری سے خاص ہے اور
دعوی دیوانی اور مال کے متعلق ہے -

دعوی بازو - عورت کے لینے کا دعوی -

دعوی بالتقابل - برابر کا دعوی - دعوے
کے مقابل میں دعوی -

دعوی مہر - کابین کا دعوی - اس روپیہ
کا دعوی جو عورت کا نکاح بندھتے وقت
قرار پاتا ہے

دعوی جمانا - مقدمہ جمانا - وکیل قائم کرنا -
ملکیت ظاہر کرنا - قبضہ جتانا -

دعوی کرنا - مطالبہ کرنا - باز پرس کرنا - نالش
کرنا - استغاثہ کرنا - حق چاہنا - درخواست کرنا
مدعی بننا -

دعوے دار - مدعی - نالشی - مستغیث -
فریادی - دادخواہ - حق طلب -

دعوے دار حق شفع - حق شفع کا مدعی
(دیکھو حق شفع)

دعوے جنگ - اشتہار جنگ - لڑنے کی درخواست - منادی جنگ۔

دعی - وہ شخص جو فرزندی مین لیا جاے۔ جس کو تبنی بھی کہتے ہین - اور یہ لفظ بمعنی حرام زادہ اور ولدالزنا کے بھی آیا ہے۔ اس کا استعمال بہت کم ہے۔

دغا - فریب - دھوکا - دم جھانسا - بتا - جل کسی کو دھوکا دینا - دھوکا کھانے والے شخص کو فریب یا بددیانتی سے تحریک کرنا کہ وہ کوئی مال کسی شخص کے حوالہ کرے یا اُس پر رضا ظاہر کرے کہ کوئی شخص کوئی مال لے رکھے یا دھوکا کھانے والے شخص کو کسی ایسے امر کے کرنے یا ترک کرنے کی قصداً تحریک کرنا جس کو وہ نہ کرتا یا ترک نہ کرتا در حالے کہ اُس کو اس طرح دھوکا نہ دیا جاتا اور جو فعل یا ترک اس شخص کے جسم یا خاطر یا نیک نامی یا مال کو مضرت یا نقصان پہونچائے یا اس کے پہونچانے کا احتمال ہو تو اس فعل کا نام دغا ہے - مغالطہ - جھل - سراب - ریا پاکھنڈ۔

تشریح بددیانتی سے امور واقعی کا اخفا کرنا دھوکا دینا ہے

دغاباز - دھوکا دینے والا - مکار - فریب دینے والا - دم باز - چھلیا - جیل ساز - فریبی - ٹھگ

دغابازی - مکاری - دم بازی - جیل سازی - بے ایمانی -

دغدغہ - خوف - اندیشہ - ڈر - تشویش خاطر دھکڑ پکڑ - خدشہ - کھٹکا -

دفاتر - جمع دفتر جبطرح فرمان کی جمع فرامین عربی کے طور پر بنالی ہے (دیکھو دفتر)

دفتر - مجموعۂ حساب وغیرہ - کتاب کاغذات کچہری کے کاغذات کا مجموعہ - طومار - کاغذون کا مجموعہ - بڑا بھاری لمبا چوڑا خط طویل کہانی - طویل رپورٹ یا قصہ محکمہ - آفس کارروائی کی جگہ - رجسٹر - سرکاری نقشہ رپورٹ وغیرہ۔

دفتر استمراری - ڈاک خانہ کے محکمہ کے خاص کاغذات ہوتے ہین جو تین سال تک تلف نہین ہوتے - جیسے رجسٹر منی آرڈر وغیرہ -

دفترخانہ - کمرہ مسلات - کمرہ حسابات۔

تشریح بے محاورہ طرز کلام مین لفظ دفتر آفس کے معنی دیتا ہے خواہ انگریزی ہو یا اُردو یعنی جہان کلکٹر کے احکام مکمل ہوتے ہین اور کمرۂ دفتر جہان کاغذات رکھے جاتے ہین اس پر استعمال نہ کرنا چاہیئے میری رائے مین دفتر جب خود اسم ظرف مکان ہے تو خانہ کا لفظ اس کے ساتھ لگانا گرامر کے خلاف ہے جیسے مکتب خانہ مین خانہ کا لفظ لگایا گیا ہے یا جیل خانہ

مین ملانہ کا لفظ بے قاعدہ لگا یا گیا ہے۔
گو بعض صورتون مین جب دفتر کے معنی
صرف کچہری کے کاغذات کا مجموعہ لیا جاے
تو درست ہے مگر جب اس کے معنی محکمہ کے
لیئے جائین جو مشہور ہین تو یہ ترکیب محض
غلط ہو گی۔

دفتری۔ دفتر کے کاغذات درست کرنے
اور جلد وغیرہ بنانے اور رول کرنے والا۔

دفع۔ نکالنا۔ دور کرنا۔ ہٹانا۔ دور

دفعۃً۔ یکایک۔ ایک دفعہ۔ اچانک۔ فوراً۔
ناگہان۔

دفعہ۔ ایک بار۔ باری۔ نوبت۔ بار۔ حد۔
قانون کا فقرہ۔ نمبر مضمون۔ درجہ۔ زمرہ۔
جماعت۔ ہم سبق جماعت۔ کلاس فیلوز
کا گروہ۔ پیراگراف۔ جزو۔ حصہ۔ مقالہ۔ فصل
نوع۔ قسم۔ آرٹیکل مضمون۔ اس سے
کسی ایکٹ کی دفعہ مراد ہوئی جس مین وہ
مندرج ہے۔ اس سے ہر ایکٹ کے کسی مجموعہ
کے ان اجزا مین سے کوئی جزو مراد ہے
جن کے شروع مین امتیاز کے واسطے
ہندسہ شمار ثبت ہو۔

دفعیہ۔ علاج۔ تدبیر۔ اُپاے۔ توڑ۔ دفع کرنے
کی تدبیر۔ برائی روکنے کے وسائل۔

دفن۔ زمین مین چھپانا۔ گاڑنا۔ تو پنا۔ تجہیز
و تکفین۔

دفینہ۔ گڑا ہوا خزانہ۔ چھپا ہوا خزانہ۔ گڑا ہوا مال
دبا ہوا مال۔ ہر شے مالیت کی جو کسی زمین
یا کسی شے ملصق بزمین کے نیچے مخفی ہو
ہر شے جو کسی تابوت کے زیر زمین یا کسی شے
ملصق بزمین مین مخفی ہو۔

تشریح اس مین اور خزینہ مین یہ فرق ہے
کہ یہ مدفونہ ہوتا ہے اور خزینہ عام ہے مدفونہ
ہو یا نہو۔

دِقت۔ لغوی معنی باریکی۔ مشکل۔ دشواری
صعوبت۔ تکلیف۔ عسرت۔ تنگی۔ عذاب
باریک ہونا۔ خست۔ کنجوسی۔ مجازاً بمعنی تکلیف

دق کرنا۔ چھیڑنا۔ ستانا۔ تنگ کرنا۔ تکلیف
دینا۔ حیران کرنا۔

دقیق۔ باریک آٹا۔ باریک چیز۔ تھوڑی چیز
مشکل۔ دشوار۔

تشریح دقیق اور مشکل مین یہ فرق ہے
کہ دقیق کے معنی آٹا اور ہر چیز باریک اور
پوشیدہ کام۔ اس کا مادہ دقت ہے جس کے
معنی باریکی یا باریک ہونے کے ہین اور
مشکل کے معنی کار پوشیدہ ہین اور مادہ اس
کا اشکال ہے جس کے معنی پوشیدہ ہونے
اور اشتباہ کام کے ہین چونکہ باریک اور
پوشیدہ چیز کا دریافت کرنا دشوار ہے اکثر اشتباہ
واقع ہو جاتا ہے اس لیئے دقیق کو بمعنی مبہم
استعمال کرتے ہین پس دقیق باعتبار اصل

معنی کے بے لگاؤ محض ہے اور باعتبار لازم
معنی کے مشکل کا مرادف ہے۔

دقیقہ رس - نکتہ رس - زود فہم - باریک
بین - زیرک - تیز طبع -

دکان - ہٹی - ہاٹ - سودا بیچنے کی جگہ - کوٹھی
کارخانہ - بکری کا مکان -

دکھائی - نمائش - کسبیون کا مرض دیکھنا -
نموداری - بیمار عورتون کو ہسپتال مین
دکھانا -

دل - ایک صنوبری شکل کے اندرونی عضو کا
نام ہے - قلب - ہردا - فواد - ہیا - من -
خاطر - ضمیر - کلیجہ - جگر - جگرا - سخاوت - فیاضی
ہمت - شجاعت - دلیری - جرات - رغبت
خواہش - باطن - اندرون - توجہ - رخ

دل آزار - دل دکھانے والا - ظالم - تکلیف
دینے والا - اذیت پہونچانے والا -

دلا پانا - وصول پانا -

دلال - بیع بچا دل - سودا کرانے والا - صراف
وہ شخص جو بہت راہ بتائے - جو بایع اور
مشتری مین سودا کرا دے - رہ نما - بچولیا
بایع اور مشتری مین واسطہ ہو کر خرید و فروخت
کرانے والا - اڑتیا - بھڑوا - قلتبان -

دلالت - ہدایت - رہنمائی - نشان - علامت
بتا - سراغ - دلیل - برہان - شہادت -
ثبوت - کسی چیز کا اس حیثیت سے ہونا
کہ اس کی واقفیت سے دوسری چیز کی
واقفیت ہو - یادگار - آثار - ایک سکہ
چھاپہ خانہ کی اصطلاح مین کاغذ کے دس
دستے جن پر ایک کاغذ زائد دیا جاتا ہے

دلائل - جمع دلیل - (دیکھو دلیل)

دلیل - حجت - وجہ ثبوت - وجہ - وہ بات
جس کے جاننے سے دوسری بات کا جاننا
لازم آوے - راہ دکھانے والا - راہبر

دلیل کامل - پوری دلیل - پورا ثبوت

دلیل مزید - زائد دلیل یا زائد بحث -

دلیل معقول - صحیح دلیل - ٹھیک دلیل
واجبی دلیل - اچھی دلیل - اصل دلیل
معتبر دلیل -

دلیل - فوجی سپاہیون کی وہ سزا جس مین
ان کا اسباب اور ہتھیار کمر پر باندھ کر کچھ
وقت تک ٹہلاتے یا قواعد کراتے ہین
طلبا سے سکول کا بعد بند ہونے سکول کے
کچھ دیر کے لیئے پیچھے ٹھہرانا -

دم - سانس - نفس - پھونک - افسون -
منتر - دعا یا جادو کے انچھر جو پڑھ کر پھونکتے
ہین - دھوکا - فریب - مکر - جھانسا - بتا -
تلوار کی دھار - تلوار کی باڑ - روح - جان
پران - ذات - حقے کا کش - حقے کا گھونٹ
یا دھوان - لمحہ - پل - منٹ - لحظہ - بات
پانی کا گھونٹ - لوہار کی دھونکنی کی ہوا -

ہنگام۔ وقت۔
تشریح ہوسکے معنی کے وقت یہ لفظ عربی ہوگا اور باقی معنوں کے لیئے فارسی۔
دم باز ۔ فریبی۔ چھالنسہ باز۔ دھوکے باز۔ مکار۔ چھلیا۔ حیلہ باز۔ جُھتے باز۔ حیلہ ساز۔
دم بخود ۔ خاموش۔ ساکت۔ چُپ۔ گنگ۔ ششدر۔ متحیر۔ ہک دک۔
دم دلاسا ۔ اُمید و فریب۔ آسرا۔ آسا۔ دم جھانسا۔ بھلاوا۔ پھسلاوا۔ دھوکا۔ للّو پتّو۔ خوشامد درامد۔
دم دینا ۔ فریب دینا۔ بھکانا۔ دھوکا دینا
دم مین لانا۔ مرجانا۔ جان کا نکل جانا۔ پران کا چھوڑ دینا۔ گذرنا۔
دم مین لانا ۔ فریب دینا۔ بہکانا۔ دھوکا دینا۔ جھانسا دینا۔ دام فریب مین لانا۔
دماغ ۔ مغز۔ بھیجا۔ سر کا گودا۔ گودا۔ مغز۔ غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ۔ تمکنت۔ عقل۔ دانائی۔ سمجھ۔ تاب۔ برداشت۔ سہار۔ ہوش۔ حواس۔ اوسان۔ طاقت۔ کیف
دمدمہ ۔ فریب۔ آواز۔ نقارہ۔ ڈھول۔ سرکوب قلعہ۔ یہ ایک چبوترے جیسا برج ہوتا ہے جس پر سے قلعہ کے اوپر توپ چلاتے ہیں۔
دنگا ۔ بدانتظامی۔ برہمی۔ ہل چل۔ فتنہ۔ بلوا۔ مزاحمت۔ خلل۔ ہرج۔ حرکت۔

دوالہ ۔ نادہندی کی صورت۔ ادائے قرض کی بے مقدوری۔ مفلسی یا ناداری۔ دیوالیہ پن۔ کاروبار کا بگڑنا۔ دن کو دکان مین چراغ اس غرض سے جلانا جس سے ظاہر ہو کہ کل روپیہ جاتا رہا۔
دوالیہ ۔ ٹٹ پونجیا۔ نادار۔ مفلس۔ وہ شخص جس کا دوالہ نکل جانے کے سبب کاروبار بند ہوگیا ہو۔ جس کا دوالہ نکل گیا ہو۔ تہی دست۔ بے مایہ
دوام ۔ ہمیشگی۔ دوامی۔ مدامی۔ سدا۔ نت۔ مدام۔ ہمیشہ۔
دوامی بندوبست ۔ وہ زمین کا انتظام جو ہمیشہ کے لیئے ایک ہی دفعہ کر دیا جاوے
دوران گردش کرنے والا۔ دوار۔ زمانہ۔ وقت۔ جگ۔ عمر۔ گردش۔ چکر۔ دورہ۔ انقلاب۔ گردش آسمان جسے زمانہ کہتے ہین۔ گردش سر کا ایک مشہور مرض۔ فارسی مین بسکون واو مستعمل ہے۔ مدت۔ میعاد۔ عرصہ۔ زمانہ۔
دوران مقدمہ ۔ مقدمے کے دائر ہونے کی حالت مین
دوران تحقیقات ۔ تحقیقات کا عرصہ
دورس ۔ دو زمینوں کی ملاوٹ۔ اضلاع مشرقی مین ایسی زمینوں پر بولا جاتا ہے جیسے اضلاع مغربی مین دومٹ۔ ڈیار۔

اور لوہ کی ملاوٹ ظاہر کرتا ہے۔ اعظم گڈھ مین سب سے اول درجہ کی زمین پر گور کھپور مین سواے طبورا ور جنگلی پرگنون کے جہان کہ مٹیا بہت پیوستہ سمجھی جاتی ہے دوسرے درجے کی زمین مقصود ہوتی ہے۔

دورنگی۔ دوئی۔ مغایرت۔ بیگانگی۔ دوروئی مکاری۔ دورنگ ہونا۔

دورہ۔ گردش چکر۔ باری۔ نوبت۔ گردش گشت۔ پھراؤ۔ حکام یا افسرون کا اپنے علاقہ کو دیکھنے کا زمانہ۔ گرداگرد پھرنا۔ پھرنا ملاحظہ کے واسطے پھرنا۔

دورہ سپرد کرنا۔ پنچایت کے۔ آزمائش کے واسطے پنچایت کے سپرد کرنا کرنا۔ سرپنچ کے سپرد کرنا۔ فوجداری کے سنگین مقدمے کو تجویز کے لیئے سشن جج کے سپرد کرنا۔ عدالت فوجداری کے سپرد کرنا۔

دورہ کرنا۔ پڑتال یا نگرانی کے منصبی کام کے واسطے پھرنا۔ چکر لگانا۔ گشت کرنا۔ حکام کا اپنے ضلع یا علاقہ کے دیکھنے کے لیئے گشت لگانا۔

دوسائی۔ دوفصلی۔

دوستی۔ دو ہمدردی ہے جو ایک شخص خاص کے ساتھ ہو۔

دولاوہ۔ ایک کنواں جس میں دو لاؤ ہون

دولت خانہ۔ دولت سرا۔ غریب خانہ کا نقیض۔ محل سراے۔ تعظیماً مسکن۔ رہنے کا گھر۔ بڑے آدمی کے گھر کو تعظیماً دولت خانہ کہتے ہین۔

دومٹ۔ مٹی اور ریت سے ملی ہوئی زمین کو بولتے ہین۔ دورس کے مانند اس کو اول درجہ کی زمین اور بعض جگہہ دوم درجہ کی سمجھتے ہین۔ آگرہ فرخ آباد اور بریلی کے حصون مین اس کو اول درجے کی اور بدایون وغیرہ مین دوسرے درجہ کی خیال کرتے ہین۔ دومٹی دوسری قسم کی زمین

دوہلی۔ وہ زمین جو بلا مال گزاری کے فقرا کو مذہبی طور پر دی جاے۔ جو کنوون کے لگانے اور چوپال کے قائم کرنے مین دینیات کے مربی ہوتے ہین۔

دہ۔ گانون۔ قریہ۔ موضع۔ پنڈ۔ بستی۔ کھیڑا۔ نگری۔ آبادی۔

تشریح دیہ بھی لکھتے ہین شاید بطور امالہ کے ی آگئی ہے بہرصورت یا تو دہ مخفف دیہہ کا ہے یا دیہہ مزید علیہ دہ کا۔

دہ بندی۔ حلقہ بندی۔ تفصیل بندی۔ نقشہ مفصلات۔ دہ کاغذ جس مین گانون کے اقرارنامے وغیرہ کا حال لکھا ہو۔

دہ یک۔ ملک کی آمدنی کا دسوان حصہ۔ دہ

خراج جو ایک روپیہ سوان لیا جاتا ہے۔
دھاک۔ رعب۔ خوف۔ دہشت۔ ڈر۔ جاہ و جلال۔ شہرت۔ دبدبہ۔ نام وری۔ آوازہ۔ دھوم۔
دھاک بندھنا۔ شہرت ہونا۔ رعب بیٹھنا۔
دھالہ۔ زیل کھنڈ مین اہل دہ کا چندہ جو غربا کے لیئے ہوتا ہے فی روپیہ ایک آنہ یا فی من ایک سیر کے حساب سے لیا جاتا ہے
دھتوریا۔ ٹھگون کا وہ گروہ جو مسافرون کو دھتورا پلا کر لوٹ لیتا ہے۔
دہ دار۔ گانون کا اور سیر منتظم جو مالک زمین کی طرف سے مقرر ہو کر تقسیم سرحد اور تحصیل معاملہ مین مدد دے۔
دھرم۔ ایمان۔ عقیدہ۔ اعتقاد۔ فرض حق۔ ادھکار۔ سیل۔ نیاؤ۔ انصاف۔ راستی راست بازی۔ شق۔ دستور۔ کام۔ قاعدہ کارنیک۔ پیشہ۔ مذہب۔ مت۔ مذہبی فرائض
دھرم شاستر۔ ہندؤن کی فقہ
دھمکی۔ زجر۔ تخویف۔ تہدید۔ حشم نمائی۔ گھرکی۔ سرزنش۔ ڈراونی صورت بنانا۔ دہشت خوف۔ ڈانٹ۔ ڈپٹ۔ ترہیب۔ ڈراوا۔ وعید۔ بیم و ترس۔
دھرنا دینا۔ ڈھئی دینا۔ جم کر بیٹھنا۔ قرض خواہ کی طرح جمنا۔ دستک دینا۔ قرض کے لینے کے واسطے دروازے پر بیٹھنا۔ مطالبہ اور تقاضا سے شدید کرنا۔
دھوکا۔ جتا۔ فریب۔ حیلہ۔ مکر دغا۔ چھل۔ غلط فہمی۔ مغالطہ۔ اشتباہ۔
دھوکا دہی۔ فریب دہی۔ فریب بازی۔ حلف دروغی
دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ مغالطہ مین ڈالنا۔ چھل کرنا۔ جتا دینا۔ ہدہ یانتی سے ما وجود علم کے امر واقعی کا اخفا کرنا۔
دھونی لگانا۔ ہٹ کر کے بیٹھنا
دیارہ۔ زمین کا ایک آستمراری قطعہ۔ وہ زمین جو ستواتر دریا کے بہاؤ سے حاصل ہوئی ہو۔ دریا برآمد کا ایک ہموار قطعۂ زمین۔
دیانت۔ اعتبار۔ ایمان داری۔ یقین سپردگی روپیہ وغیرہ۔ دین داری۔ راستی۔ صدق امانت تدین
دیانت دار۔ ایمان دار۔ دھرمی۔ سچا۔ راست باز صادق۔ امین۔
ڈی پی جرنل۔ روزنامچہ قطعات قیمت طلب
دیت۔ خون بہا۔ خون کے عوض نقدی۔ معاوضۂ خون
تشریح۔ روپیہ خون کے عوض کا مقدار اس کی دس ہزار درم ہین مگر فارسی مین متعلق جرمانہ کے معنون مین بھی آتا ہے
دیس۔ دیار۔ ملک۔ کشور۔ وطن مفصلات۔ اقلیم۔ صوبہ۔ ضلع۔

مولد۔ نژاد دیوم۔ ایک ماگ۔

دیوان۔ دربار شاہی۔ دار العدالت۔ عدالت کچہری۔ وزیر۔ رکن سلطنت۔ مقام اجلاس آدمیون کے جمع ہونے کی جگہ۔ دفتر محاسب بادشاہون کی نشست گاہ۔ غزلون کی کتاب

رکن اعظم۔ سردار ریاست۔

دیوان اعلیٰ۔ وزیر خاص۔

دیوان خاص۔ پرائیوٹ کونسل خفیہ کمیٹی دربار خاص۔ اجلاس خلوت۔ خاص لوگون کا دربار شاہی خلوت خانہ

دیوان عام۔ دربار عام۔ بڑے یا عام دربار کا مقام۔ عام کچہری۔

دین۔ کیش۔ مذہب۔ ملت۔ پنتھ۔ ایمان دھرم۔ عاقبت۔ عقبیٰ۔ آخرت۔

دَین۔ قرض۔ وام۔ اُدھار۔

دیوانگی۔ اس مین تمام قسم کی بیماریان ذہن یا عقل کے فتور کی شامل ہین جنون۔ سودا۔ سڑن۔ وحشت۔ نادانی۔ بے وقوفی۔ مودھوپن۔

دیوانہ۔ مجنون۔ پاگل۔ سڑی خبطی۔ باولا۔ سودائی۔ بے وقوف۔

تشریح۔ دیو مشہور ہے۔ انہ کلمہ نسبت ہے یعنی وہ شخص جس کو دیو لگا ہو یا جس کے سر پر بھوت سوار ہو۔

دیوانی۔ دیوان کا عہدہ۔ وزارت۔ وہ عدالت جس مین مقدمات مال و جائداد و قرضہ وغیرہ فیصل ہون جیسے۔ عدالت خفیفہ۔ فوجداری کا نقیض۔ سول کورٹ۔ مالی ملکی۔ خانگی۔ (دیکھو عدالت دیوانی)

دیہات بھیا چارہ۔ دیہات پٹی داری و پٹی داری غیر مکمل جن کا انتظام رسمی قاعدہ سے ہوتا ہے وہی دیہات بھیا چارہ ہین بھائی بندون کی قسم کی دیہات

تشریح۔ دیہات زمینداری و دیہات بھیا چارہ مین یہ فرق ہے کہ پہلی قسم اُن دیہات کے واسطے ہے جن مین شرکا روپیہ یا بیگہہ کی کسرات کے حساب سے ادائے جمع کے ذمہ دار ہوتے ہین اور حق ملکیت انھین کسرات کے مطابق ٹھہرتا ہے اور دوسری قسم ان دیہات کے واسطے ہے جن مین شرکا علٰحدہ علٰحدہ اراضی پر قابض ہوتے ہین اور جمع سرکاری اراضی مذکور کے مطابق ٹھہرتی ہے

دیہات تعلقہ داری۔ جن دیہات مین جمع و ملکیت اقسام مختلفہ کے ہین وہان منافع جدا جدا مالکون یا مالکون کے گروہون پر تقسیم کیے جاتے ہین۔ ایسے مواضع کو دیہات تعلقہ داری کہتے ہین۔

دیہات خالصہ۔ سرکاری گانون۔

دیہات پٹی داری۔ وہ ہین جن کی زمین منقسم ہے اور شرکا اپنے اپنے حصہ پر جدا

جدا قابض ہوتے ہیں۔

دیہات پٹی داری غیر مکمل - وہ ہیں جن میں کچھ زمین مشترک ہے اور کچھ علیحدہ قبضہ میں ہے۔

دیہات زمین داری - وہ ہیں جن کی کل زمین کا قبضہ اور انتظام ایک شامل ہوتا ہے۔

دیہات لاخراجی - جن دیہات کا خراج اور معاملہ نہ ہو۔

دیہات معافی - وہ دیہات جن کا معاملہ معاف ہو۔

دیہات نہری - وہ گانوں جو لب نہر ہوں۔

ڈ

ڈاب - ایک قسم کی لمبی گھاس جس کا بان بنا جاتا ہے - پڑتلا۔

ڈابر - جھیل - جوہڑ - نشیب جہان پانی جمع ہوجاتا ہے - چھوٹا تالاب - غدیر - ہاتھ دھونے کا برتن - سیلابچی - سلفچی - نیچی زمین جہان پانی کھڑا رہتا ہے - چھمب - پنجابی میں ٹوبھا۔

ڈابی - ایک دسوان حصہ فصل جو درو کرنے والوں کو دیا جاتا ہے۔

ڈاک - چٹھی ڈالنے کی جگہ - ٹپا - پوسٹ آفس - چٹھی کا بکس - گھوڑے یا پالکی وغیرہ کی چوکی - جا بجا انتظام سواری - علی الاتصال آمدرفت - بہم آمدرفت - لگاتار - خبر - سلسلہ - قے - الٹی - استفراغ۔

ڈاک چوکی - وہ جگہ جہان چٹھیوں کا تھیلہ ایک ہرکارہ دوسرے ہرکارے کو دے یا گھوڑون کی بدلی ہو۔

ڈاک خانہ - ڈاک گھر - پوسٹ آفس - خطوط اور پارسل وغیرہ کا دفتر۔

ڈاک سارٹ کرنا - چٹھیون کو بلحاظ ان کے مقام روانگی کے علیحدہ علیحدہ چھانٹنا۔

ڈاک وارنٹ - اس میں ہر نوشتہ داخل ہے جو وثیقہ استحقاق کسی شخص کا جس کے نام اس میں مندرج ہون یا اس شخص کے محول الیہ کا یا اس نوشتہ کا قابض نسبت مالکیت کسی مال کے ہو جو کسی لنگر گاہ یا گودام یا گھاٹ مین ہو - اور اس نوشتہ پر دستخط یا تصدیق اس جماعت تجار یا اس شخص کی یا اس کی طرف سے کسی اور کی ہو جس کی تحویل مین وہ مال رہے یا رہتا ہے۔

ڈاکا - ڈاکوون کا حملہ - قزاقون کا دھاوا - غارتگری - بٹماری - دھاڑا۔

ڈاکا پڑنا۔ ڈاکوؤن کا حملہ کرنا۔ چورون کا دھینگا دھینگی سے لوٹ لینا۔ غارت گری کے واسطے آن پڑنا۔

ڈاکٹر۔ حکیم۔ طبیب۔ بید۔ جراح۔ فاضل عالم۔ حکم۔ حکمت کا جاننے والا۔ فیلسوف فلاسفر۔ علامہ۔ محقق۔

ڈاکریا۔ باہن۔ ایک مضبوط از خیز ٹیلی سطح زمین جو بڑے بڑے ڈھیلون مین سے ٹوٹی گئی ہو۔ جو ہونے کے لیئے بہت بارش چاہئی

ڈاکو۔ لٹیرا۔ قزاق۔ راہزن۔ بٹمار۔ غارت گر۔ قطاع الطریق۔ دھاڑا مارنے والا۔

ڈاکہ زن۔ دھاڑیا۔ دھاڑدی۔

ڈاکیا۔ چٹھی رسان۔ ڈاک کا ہرکارہ۔ پیادہ ڈاک۔ نامہ رسان۔ قاصد۔ پیک۔

ڈال۔ شاخ۔ ٹہنی۔ فرع۔ آب پاشی کا ٹوکرا۔ ڈول۔ بڑی تلوار کا پھل۔ تیغ بے قبضہ۔

ڈام۔ پاجی۔ نالائق۔ گدھا۔ احمق۔ نامعقول مردود۔ ملعون۔ (یہ انگریزی لفظ ہے)

ڈام فول۔ پاجی۔ احمق۔ گدھا۔ نالائق۔ (یہ انگریزی لفظ ہے)

ڈانڈ۔ لکڑی۔ چھڑی۔ بانڈی۔ بغیر چمڑے کا گدکا۔ چوب نیزہ۔ ڈنڈ۔ تاوان۔ پٹیہ کی بڑی۔ کھیت کی حد۔ زمین خشک۔ پیمانہ طولانی۔ وہ اونچی زمین جو بباعث نہ پہونچنے پانی کے غیر مزروعہ رہے۔ اونچا کھیت۔

ڈائجسٹ۔ خلاصہ۔ خلاصۂ نظائر چیف کورٹ۔

ڈائرکٹر۔ منتظم۔ منصرم۔ ہادی۔ ہدایت کرنے والا۔ کارکن۔ سربراہ کار۔

ڈائری۔ روزنامچہ۔ علی حدہ علی حدہ دنون کے کام لکھنے کی کتاب۔ یادداشت۔

ڈب۔ جیب۔ کیسہ۔ ٹ۔ قابو۔ قبضہ

ڈبری۔ تقسیم منافع مابین اہل دہ بموجب اُن کے متواتر حصون کے۔

ڈبل۔ دوچند۔ دوگنا۔ دہرا۔ موٹا۔ پرکال (یہ انگریزی لفظ ہے)

ڈبل کوچ۔ دوچند سفر یا راستہ یا منزل طے کرنا۔ جلد جلد جانا۔ دُگنی منزلین طے کرنا۔

ڈبیا۔ اناج کا چھٹا حصہ جو گانون کے کمینون کو دیا جاتا ہے۔

ڈپارٹمنٹ۔ محکمہ۔ سررشتہ۔ جیسے بولتے ہین اس کو ڈپارٹمنٹل سزا ہی کافی ہے۔ یہ انگریزی لفظ ہے۔

ڈپازٹ۔ امانت۔ جمع۔ دھروڑ۔ یہ انگریزی لفظ ہے

ڈپٹی۔ نائب۔ اسسٹنٹ۔

تشریح اس لفظ کا تلفظ تقریباً ڈیپوٹی ہے اور انگریزی لفظ ہے

ڈپلوما۔ تمغہ۔ لیاقتی سند۔

ڈپو۔ بہت بڑا۔ بہت موٹا۔ مددگار۔ معاون

پیشکار۔گماشتہ۔امین۔مطابق قاعدہ

ڈپوسیل۔ لفظ ڈپوسیل مین ایسے تمام خط
قطعات اور کاغذات شامل ہین جو روزمرہ
یا کسی معین باقاعدہ عرصہ کے بعد روانہ ہوتے
ہین۔عموماً اس لفظ سے روزانہ ڈاک سے
مراد ہوتی ہے۔

ڈپوسیل لسٹ آف ڈسپیچز۔فہرست
معمولی ڈاک کی روانگی کی۔

ڈرافس مین۔نقشہ نویس

ڈرائیور۔گاڑی ہانکنے والا۔

تشریح یہ لفظ عموماً انجن چلانے والے
کے لیئے بولا جاتا ہے

ڈسٹری بیوٹر۔روپیہ بانٹنے والا تقسیم کرنے
والا۔ٹائپ کے حروف کو فرمہ کے چھپ
جانے کے بعد پھر اپنے خانون مین
رکھنے والا۔

ڈسٹرنگ آفس۔ہر ایک ایسا دفتر
جو ایسے مقام پر ہو جہان ضلع کا خزانہ موجود
ہو ڈسٹرنگ آفس کہلاتا ہے۔

ڈسٹرنگ پوسٹ ماسٹر۔وہ افسر جو
ڈسٹرنگ آفس کا چارج رکھتا ہو۔

ڈسٹری بیوشن آف ورک۔تقسیم کام۔
ہر افس مین جہان پوسٹ ماسٹر کو مدد محرران
سے کام لینا پڑتا ہے وہان تصرف کار کا
نقشہ تیار ہوتا ہے

ڈسٹرکٹ۔اس سے عدالت دیوانی اعلیٰ مجاز
سماعت ابتدائی کا علاقہ ارضی مراد ہے۔
ضلع (انگریزی لفظ ہے)

ڈسٹرکٹ پوسٹ مارٹرن۔ڈاکخانہ
کی ایک کتاب ہے جو کاغذات معاملہ مین
داخل ہے

ڈسٹرکٹ پوسٹ ریٹرن۔جہان کسی
سب آفس کی تنخواہ ڈسٹرکٹ ڈاک کی
مد سے دی جاتی ہے

ڈسٹرکٹ فنڈ۔وہ روپیہ جو ڈسٹرکٹ
کمیٹی کے اختیار مین رہے۔

ڈسٹرکٹ کمیٹی۔جو کمیٹی اس سرمایہ کے
صرف کے واسطے قائم کی جاے جو لوکل
گورنمنٹ صاحب لفٹننٹ جنرل کی معرفت
وقتاً فوقتاً اُس کے سپرد کرے۔ضلع کمیٹی

ڈسکونٹ۔بٹہ۔ستی کا نام۔

ڈسمس۔خارج۔معزول۔برطرف۔
نامسموع۔

ڈسمس کرنا۔خارج کرنا۔نہ سُننا۔ہرانا
نامسموع کرنا۔نامنظور کرنا مقدمہ کا۔

ڈسمس ہونا۔خارج ہونا۔نامسموع ہونا

ڈگری۔حکم۔فیصلہ۔جیت۔فتح۔قبضہ
ثابت ہونے کا سرکاری فیصلہ اس

فرمان - امر - قانون - قاعدہ - ضابطہ - طریق - انفصال - فتوی - اس لفظ سے عدالت کا وہ حکم مراد ہے جو باضابطہ ہو جس مین نالش دیوانی یا درمقدمہ سماعت کی تجویز کا نتیجہ قلمبند ہوتا ہے - وہ دستاویز جس مین چارہ جوئی عطاشدہ کی صاف صاف تشریح ہے یا دیگر تصفیہ مقدمہ ہے ایکٹ مزارعان دخل رعیتانہ مین اس لفظ سے مراد اس ڈگری کی ہے جو صیغہ دیوانی یا نبری مال سے ہوئی ہو نہ ڈگری سرسری ہے - فرضہ ثابت ہوجانے کا سرکاری فیصلہ - اس مین فیصلہ اور حکم داخل ہے

تشریح یہ لفظ کاف تازی کے ساتھ ان معنون مین درست ہے اور گاف فارسی سے بالکل غلط ہے جو مشہور ہے - اس کی تعریف دفعہ ۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی مین بھی موجود ہے -

ڈگری اپیل شدہ یا زیر اپیل - وہ ڈگری جس کی اپیل ہو چکی ہو یا دوران اپیل مین ہو -

ڈگری اثبات بیع - بیع ثابت کرنے کی ڈگری

ڈگری اجمالی - ڈگری مشترکہ شاملاتی ڈگری -

ڈگری اقبالی - وہ ڈگری جس مین اقبال کیا گیا ہو - ایسی ڈگری جو اقبال پر دی گئی ہو

ڈگری انفکاک رہن - رہن کے فک کئے یا توڑنے کی ڈگری -

ڈگری بٹوارہ اراضی - زمین کے تقسیم کی ڈگری -

ڈگری بقاے لگان و بے دخلی - معاملے کی بقایا اور بے دخل کرنے کی ڈگری

ڈگری دخل یابی - قبضہ یا دخل پانے کی ڈگری

ڈگری سازشی - بناوٹی اور فریبی ڈگری - وہ ڈگری جو سازش اور فریب سے کی گئی ہو

ڈگری سادہ - ایسی ڈگری جس کا اصل زر جنس جو اس جائداد سے کفالت مین ہے قابل ادا نہ ہو - سادہ ڈگری

ڈگری سرسری - مجمل اور مختصر ڈگری

ڈگری مشروطی - مشروط ڈگری - وہ ڈگری جو کسی شرط پر دی گئی ہو -

ڈگری قطعی - آخری ڈگری -

ڈگری پانا - فیصلہ حاصل کرنا -

ڈگری تعمیل کرانا - ڈگری جاری کرانا

ڈگری دینا - کامیابی مقدمہ کا حکم دینا -

ڈگری کرنا - ڈگری صادر کرنا حکم دینا - ڈگری دینا

ڈکیتی - ڈاکا مارنا - ڈاکہ زنی - پانچ یا زیادہ اشخاص کا شامل ہو کر سرقہ بالجبر کا ارتکاب یا اقدام کرنا جب کہ ان شخصون کی تعداد جو سرقہ بالجبر کا ارتکاب یا اقدام شامل ہو کر کرتے ہون

سے تعداد اُن شخصون کے جو حاضر ہون
اور اسی ارتکاب یا اقدام مین مدد کرتے ہون
پانچ یا پانچ سے زیادہ ہون تو اُن کا عمل
ڈکیتی ہے۔

تشریح سابق مین اس کے مجرمون کی
تعداد غیر معین تھی اب پانچ یا پانچ سے زیادہ
مجرم ہونے شرط ہے۔ سرقہ بالجبر اور ڈکیتی
مین صرف یہی فرق ہے کہ ڈکیتی مین پانچ یا
پانچ سے زیادہ مجرم ہونے شرط ہین اور
سرقہ بالجبر مین نہین یعنی سرقہ بالجبر ڈکیتی
ہوجائے گا جب کہ اُس کا ارتکاب کرنے
والے پانچ یا پانچ سے زیادہ ہون۔

ڈگری دار۔ ڈگری حاصل کرنے والا۔ اس سے
ہر شخص مراد ہے جس کے حق مین ڈگری یا
کوئی حکم لائق اجرا صادر ہوا ہو۔

ڈگری۔ یہ لفظ کاف فارسی یعنی گ سے لکھنا
غلط ہے کاف تازی یعنی ک سے درست اور
صحیح ہے۔ اس کی تشریح دیکھو ڈکری مین

ڈلیوری تقسیم۔ تحویل۔ تفویض۔ انگریزی
لفظ ہے

ڈنڈ۔ بازو۔ ڈنٹر۔ ایک قسم کی ورزش جو پہلوان
کیا کرتے ہین۔ تاوان۔ جرمانہ۔ گنہگاری۔
فدیہ۔ سزا۔ جرم کا عوض۔ نقصان کا عوض

ڈنڈ بھرنا۔ جرمانہ دینا۔ تاوان ادا کرنا۔ عہدہ
سے باہر آنا۔

ڈنڈی مارنا۔ کم تولنا۔ چالاکی سے ترازو کی
ڈنڈی جھکا دینا۔

ڈوبا مار۔ وہ زمین جو سمندر یا ساحل دریا کے
قریب واقع ہو۔ اور ہمیشہ تر رہے۔

ڈوبان۔ وہ زمین جو تالاب کے اور نہر وغیرہ
کے ارد گرد یا مابین واقع ہو۔

ڈوڈا۔ خول۔ وہ چیز جس کے اندر بیج رہتے
ہین۔ ناٹ۔ کوکنار۔

ڈور پر لگانا۔ پرچانا۔ راہ پر لانا۔ ڈھب پر لانا
مانوس کرنا۔ ہلانا۔ سدھانا۔

ڈول۔ زرخیز سیاہ زمین۔ ایک نقشہ واسطے
تقرر اقرارنامہ کے۔

ڈول وصل باقی۔ ایک نقشہ جس مین
مجموعہ اور رقبہ یا معاملہ درج ہو۔

ڈولا۔ کھیت کی ڈول۔ کھیت کی باڑھ۔ کھیت
کی چار دیواری۔ خراج کا تخمینہ۔ کھیل۔ جماع
مجامعت۔

ڈونڈی۔ ڈھنڈورا۔ منادی۔ ڈگڈگی۔
شہرت۔ پکار۔ ڈھول کی آواز سے منادی

ڈونڈی پیٹنا۔ منادی کرنا۔ ڈھنڈورا پیٹنا
ڈگڈگی بجا کر مشہور کرنا۔ اعلان کرنا۔

ڈویژن۔ قسمت۔ حصہ۔ علاقہ۔ یہ انگریزی
لفظ ہے۔

ڈویژنل جج۔ ایک ڈویژن بھر کا جج۔

ڈھال باچھ یا ڈھار باچھ۔ باچھ کی آمدنی

کا حساب کرنے اور ہر ایک پر ایک معاملہ لگانے کا کاغذ۔ بگیدوام

ڈھانچہ ۔ اس مین مسودہ اور باتین اور نمونہ بھی داخل ہے

ڈھب پر چڑھانا ۔ سر پر لگانا۔ دم مین لانا قابو مین لانا۔ بس مین لانا۔ اپنے مطلب کا بنانا۔

ڈھلوان پھسلوان سلامی۔ ترچھا جھکوان

تشریح یہ ڈھالوان کا مخفف ہے

ڈھلوان سطح ۔ سطح مائل

ڈھلیت ۔ جو ڈھال تلوار باندھے رہے۔ سبز گانون کا چوکی دار۔ ڈھلائی کا کام کرنے والا سانچے مین ڈھالنے والا۔

ڈھور ۔ مویشی۔ ڈانگر۔ گائے بھینس۔ غریب مسکین

ڈھولا ۔ ٹھڈا۔ حد۔ وہ اونچا پکا یا کچا مخروطی نشان جو کھیتون اور زمین کی سرحد جتانے کے واسطے بنا دیا کرتے ہین ڈانڈا مینڈا۔ برجی۔

ڈھولا بندی ۔ حد بندی کھیت یا زمین کی سرحد کا نشان بنانا۔ رقبہ بندی۔

ڈھئی دینا ۔ جم کر بیٹھنا۔ زمین پکڑ لینا۔ جم جانا کھانا کھانے کو اڑ بیٹھنا۔ میزبان کی مرضی سے زیادہ ٹھہرنا۔ زبردستی رہنا۔ بوجھ ڈالنا۔ سر ہونا

ڈھیٹ ضدی۔ اڑیل۔ ہٹیلا۔ مچلا۔ خیرہ سرکش۔ بیباک۔ شوخ جو کسی کا کہنا نہ مانے بے شرم۔ بے حیا۔ بے غیرت

ڈھیا۔ گانون ۔ وہ زمین جو گانون کے قریب واقع ہو۔

ڈھیری ۔ ادنی تقسیم۔ بٹی تقسیم بٹوارہ

ڈیڈ لیٹر آفس ۔ ڈاک کا وہ دفتر جس مین لاوارثی یا واپسی چھٹیان کھول کر کاتب کے پاس بھیج دی جاتین یا بصورت دیگر جلا دی جاتی ہین۔ اس دفتر کا کام لاوارث انکار کیا قطعات اور ایسے دیگر قطعات سے پڑتا ہے جن پر مکتوب الیہ وغیرہ کا پتہ یا مقام نہو یا جن کے سرنامے پڑھے نہ جاتے ہون

ڈیرا ۔ خیمہ۔ تنبو۔ کپڑے کا گھر۔ خرگاہ۔ پال بے چوبہ۔ سراچہ۔ عارضی مکان۔ عارضی قیام گاہ فرود گاہ۔ مکان

ڈسیزڈ ۔ فوت ہو گیا۔

تشریح یہ ڈاکخانون کی لغت ہے

ڈیک آنہ ۔ دلال چھ آنہ کو بولتے ہین۔ یہ صرافون کی اصطلاح یہی ہے

ڈیک روپن ۔ دلال چھ روپیہ کو کہتے ہین یہ صرافون کی اصطلاح یہی ہے

ڈیوٹی ۔ فرض۔ کام۔ خدمت۔ نوکری منصبی خدمت۔ یہ انگریزی لفظ ہے

ڈیوڑھی دار ۔ دربان۔ حاجب۔ دروازہ کا پہرہ دار۔ ناہن مین اسکو پولیا کہتے ہین۔

ذ

ذات - صاحب - مالک - خداوند حقیقت شے - ہستی - نفس ہر چیز - جوہر - مادہ - ماہیت - عین - نفس - اصلیت - طبیعت - سرشت - بنیاد - جسم - وجود - شخص - دہ - سر - ذریعہ - قسم - صنف - بھانت - قوم - نژاد - گوت - پیدائش - نکاس - خاندان - نسل - برن - حال - کیفیت - عادت - سبھاؤ - خصلت - طینت - مذہب - کیش - حوصلہ - ظرف - عہدہ - رتبہ - پایہ - فرقہ - جنس -

تشریح یہ لفظ اصل عربی کا اسم اشارہ ہے جس کے آخر ہاے وقف بڑھا دی ہے چون کہ ہا جزو کلمہ ہو گیا اس واسطے اس کو تاے قرشت سے بدل کر ذات کر لیا - پس ذات کے لغوی معنی مشارٌ الیہ ہوتے ہین مگر چون کہ ہر شے کی ہستی مشارٌ الیہا ہوتی ہے اس لیئے خداوند اور ذات شے پر اطلاق ہونے لگا - نسل کے معنون مین ہندی جات صحیح ہے مگر اردو والون نے بلحاظ فصاحت اور الفاظ کی طرح اس کو زاے ہوز سے بدل کر زات کر لیا - عربی دانون نے اسے کوئی لفظ نہ سمجھ کر ذاے سے لکھنا شروع کر دیا - یہان تک کہ طغرانے اپنے ہان باندھ دیا ہے

ذات سے نکالنا - ذات سے باہر کرنا - قوم سے خارج کرنا - گوت سے علیحدہ کرنا -

ذاتی - ہم قوم - اصلی - حقیقی - اپنا - نج کا - پرائیویٹ - شخصی -

تشریح اس مین ی نسبتی ہے یعنی منسوب بذات -

ذاتی تعلق - خاص تعلق - خانگی معاملہ - نج کا علاقہ یا لگاؤ یا فائدہ - پرائیوٹ نسبت یا رشتہ شخصی لگاؤ یا فائدہ -

ذاتی جوہر - وہ جوہر جو اپنی ذات مین موجود ہو - اصلی خوبی - حقیقی ہنر -

ذاتی حقوق ملک غیر - ان حقوق کا نام ہے جو کسی شخص کو ایک شے پر بلا تعلق ملکیت شے دیگر کے حاصل ہوتے ہین -

ذاتی حیثیت - اصلی پونجی - خاص سرمایہ قابلیت خاص - وسعت خاص

ذاتی معاملات - اپنے معاملات - خانگی معاملات یا فوائد -

ذخیرہ - خزانہ - گنجینہ - گودام - جمع - پونجی وہ چیز جو کسی وقت کے واسطے جمع کر کے رکھی جاسے

ذریت - نسل آدمی - جن - آل - اولاد - بال بچے - سلسلہ -
ذریعہ - وسیلہ - واسطہ - طفیل - بدولت دستاویز - سند - رسوخ - علاقہ - تعلق لگاؤ - سبب - باعث - جہت - وجہ -
ذلت - خواری - بے قدری - رسوائی - ہتک - حقارت - اہانت - بے عزتی - بے وقری - توہین - خفت -
ذم - کسی کی ہجو کرنا - کسی کو بُرا کہنا -
تشریح بُرائی کے معنی تو ہجو اور ذم دونو شامل ہین مگر فرق یہ ہے کہ ہجو اکثر کلام کلام ہوتا ہے اور ذم نثر -
ذمہ - عہد - پیمان - کفالت - امانت - سپردگی جوابدہی - مواخذہ - مواخذہ دار
ذمہ وار جواب دہ - ضامن - متکفل - کفیل معتمد الیہ - معتبر - اعتبار دار - منتظم - ولی
ذمہ واری - ضمانت - جواب دہی - کفالت جو کسی نگہبانی - خبرداری - پاسبانی - اس اس کے متعلق یا دعوی نسبت اراضی کے ہے جو معاہدہ خانگی سے پیدا ہوا ہو -
ذمہ واری قانونی - قانونی جواب دہی قانوناً ذمہ دار ہونا - قانونی طور پر جواب دہ اور ذمہ دار ہونا -
ذمہ واری محدود - ایک حد تک ذمہ داری -
ذمہ واری مشترکہ - شاملاتی ذمہ داری
ذمہ اُٹھانا - ذمہ دار ہونا -
ذمی - جو غیر مذہب کا آدمی مثل یہودی عیسائی وغیرہ کے محمدی حکومت کے ماتحت رہتا ہے اور خراج حسب الشرط دیتا ہے -
ذوی الارحام - وہ کل رشتہ دار ہین جو ذی سہم و عصبہ نہون -
تشریح ان کی چار قسمین ہین - (۱) جو میت کی طرف منسوب ہون - فروع الابن یعنی دخترون کی اولاد - پوتیون کی اولاد - (۲) جن کی طرف میت منسوب ہو - اصول یعنی جدات ساقطات - وجدات فاسدات واجداد فاسدین واجداد ساقطون (۳) جو میت کے ماں باپ کی طرف منسوب ہو یعنی بھتیجیان اور بہن کی اولاد - صرف ماؤن بھائیون کے بیٹے یعنے بھتیجے (۴) جو دادے اور نانے کی طرف منسوب ہو یا اُس کی دادی یا نانی کی طرف منسوب ہو فروع الجدین یعنی پھوپھی اور خالہ اور ماموں - دور کے رشتہ دار - ان کو شرع محمدی مین ذوی الارحام بولتے ہین -
تشریح ۲ - یہ عصبات کے بھی بعد حصص لینے کے مستحق ہوتے ہین - بعضون نے ان کے اقسام مفصلہ ذیل

اس طرح بیان کیئے ہین ۔(۱) بیٹی کی اولاد اور پوتی کی اولاد ۔(۲) اس قسم کے دادا یا دادی جو نہ تو حصہ دار ہون نہ شریک ہون (۳) اس قسم کی بہن کی اولاد اور بہن کے بھائی کی بیٹیان اور بھائیون کے بیٹے جو صرف ایک ہی مان سے ہون شامل ہین (۴) اس مین پھوپھی اور چچا جو ایک ہی مان سے ہون اور مامون اور خالہ شامل ہین۔

ذوی الفرائض ۔ اصحاب فرائض وہ ہین جن کے حصے قرآن مین مقرر ہین ان کو حصہ دار مقرری بھی کہتے ہین ۔ یہ بارہ نفر ہین ۔ چار مذکر ۱ باپ ۲ جد صحیح ۳ اخیافی بھائی ۴ خاوند ۔ آٹھ مونث ۱ زوجہ ۲ بیٹی ۔ ۳ ۔ پوتی تین قسم کی بہنین ۴ حقیقی ۔ ۵ ۔ اخیافی ۔ ۶ ۔ علاتی ۔ ۷ ۔ جدہ صحیحہ ۔ ۸ ۔ مان ۔

ذی ۔ خداوند ۔ آقا ۔ صاحب ۔ مالک ۔ والا کا ۔ کی ۔ ذو ۔

تشریح یہ لفظ بجز مضاف الیہ کے مذکور نہین ہوتا اور علیحدہ اس کا استعمال نہین ہوتا ۔

ذی اختیار ۔ صاحب اختیار ۔ بااختیار ۔ حکومت والا ۔ رتبہ والا ۔ مختار ۔ عالی منصب

ذی اختیار مجسٹریٹ وہ مجسٹریٹ جو بااختیار ہو ۔

ذی حرمت ۔ عزت دار ۔ باوقر ۔

ذی حق ۔ حق دار ۔ مستحق ۔ دعوے دار ۔ ورثہ پانے والا ۔

ذی حیات ۔ زندہ ۔ جیتا جاگتا ۔ موجود ذی روح ۔ جان دار

ذی رتبہ ۔ منصب والا ۔ منصب دار ۔ صاحب عزت ۔ شریف ۔

ذیل ۔ دامن ۔ نیچے کا حصہ ۔ نیچے ۔ جرگہ ۔ گروہ منڈلی ۔ زمرہ ۔

ذیل دار ۔ وہ سرکاری عہدہ دار جس کے ماتحت چند گانون یا قصبے ہون جس کی ماتحتی مین نمبردار ہون ۔

ذیل مین نیچے مین ۔ تحت مین ۔ مندرجہ ذیل نیچے بیان شدہ ۔

ر

راب ۔ شیرہ ۔ تیلا گڑ جو اکثر تمباکو مین پڑتا ہے ۔ وہ زمین جو بیتے گھاس لکڑی وغیرہ

کے جلانے سے بونے کے لیئے تیار کیجائے
تشریح ایسی زمین بن فصل بہت
ہوتی ہے بل کہ اس غرض کے پورا کرنے
کے لیئے زمیندار لوگ سرکاری جنگلات مین
آگ لگا دیا کرتے ہین جس کے جرم مین سزایاب
بھی ہوتے ہین۔

رابطہ۔میل جول۔ملاپ تعلق۔ربط ضبط
قرابت۔ناتہ۔رشتہ

رابعاً۔چوتھی دفعہ۔چہارم۔

راپڑ۔بنجر زمین

راتب۔روز کی معمولی خوراک۔روزانہ خوراک
روزینہ۔وظیفہ کتے بلی وغیرہ کا روزانہ کھانا
گھوڑے کا معمول کے علاوہ دانہ یا نہاری
وغیرہ مقرر کرنا۔خوراک روزمرہ۔

راتب خور۔وظیفہ خوار۔راتبہ خور۔علوفہ
دار۔روزی خوار۔

راج۔معمار۔مکان بنانے والا تعمیر کرنے والا
سلطنت۔حکومت۔بادشاہی۔فرمان روائی
عمل۔عمل داری۔گورنمنٹ۔سرکار۔وقت
زمانہ۔عہد (جیسے یہ تو مہاراج شمشیر پرکاش
کا نوشیروانی عہد ہے) اختیار خودمختاری
عمل دخل۔بادشاہت۔سلطنت۔صوبہ۔
فرمان روائی۔ریاست۔مملکت

راج پاٹ۔تخت سلطنت۔حکومت۔بادشاہت
سلطنت۔فرمان روائی۔

راج تلک۔شاہی علامت۔وہ قشقہ جو
راج گدی یا ولی عہدی ظاہر کرنے کے لیئے
لگائی جائے۔

راج ڈنڈ۔کر۔ٹیکس۔سرکاری رسوم۔سرکاری
جرم کی سزا۔سرکاری جرمانہ۔محصول۔

راج کمار۔راج کنور۔راجہ کا بیٹیا۔رجپوت
شاہزادہ۔

راجھس۔شادی بالجبر۔یہ دھرم شاستر کا
لفظ ہے۔

راز۔بھید۔پوشیدہ بات۔سر۔مافی الضمیر
پوشیدگی۔پردہ۔

راز مخفی۔خفیہ بھید۔پوشیدہ بھید۔

رازدار۔ہمراز۔بھیدیا۔محرم۔دمساز۔
ہمدم۔مجرم کار۔بھیدی۔فوجداری
کاموں کا بھیدی۔جو شخص کسی جرم سے
واقف ہو۔

رازداری۔اخفا۔اخفائے جرم۔بھید چھپانا
اخفائے راز۔کسی جرم کو جاننا اور نہ کہنا

راس۔سر۔مونڈ۔کسی چیز کی بلندی۔مویشی
کا سر۔جانور کا سر۔وہ لفظ جو مویشی کی
تعداد کے واسطے آتا ہے۔جیسے دو راس
بیل۔خشکی کا وہ گوشہ جو پانی مین دور تک
چلا جائے۔جیسے راس کماری وغیرہ۔زاویہ
کی نوک۔
تشریح انبار غلہ۔بن صاف کیئے ہوئے

اناج کا ڈھیر۔ کھلیان۔ خرمن۔ ان معنون مین فارسی مین صحیح راش بشین معجمہ ہے بیاج۔ سود۔ راست بمعنی ٹھیک کا مخفف راس مویشی کی تعداد کے واسطے سمجھا جائے تو صطلاح منشیانہ مین سے شمار ہوگا جیسے نفر آدمی کے لیئے۔ ضرب توپ وغیرہ کے لیئے۔ قلادہ شیر وغیرہ کے لیئے قطعہ املاک وغیرہ کے لیئے قبضہ شمشیر وغیرہ کے لیئے دستہ کاغذ کے واسطے جفت جوتے کے واسطے۔ عدد اشرفی وغیرہ کے واسطے۔ مبلغ روپیہ کے واسطے۔ موازی غلہ وغیرہ کے واسطے۔ فرد قالین وغیرہ کے واسطے تولہ طلا وغیرہ کے واسطے۔ دانہ مروارید وغیرہ کے لیئے۔ منزل خیمہ وغیرہ کے لیئے زنجیر ہاتھی کے لیئے۔ مہار شتر کے لیئے۔ وغیرہ وغیرہ۔

راس المال۔ سرمایۂ تجارت۔ اصل پونجی سول۔ وہ روپیہ جو کسی ملک کی گورنمنٹ غیر معمولی اخراجات پورے کرنے کے واسطے قرض لے۔ ملکی قرضہ۔ اصل۔

راس نشین۔ پالک۔ متبنی۔ گود لیا ہوا لڑکا لے پالک۔

راس بٹھانا۔ کسی کو متبنی بنانا۔ گود مین لینا ولی عہد بنانا۔ جانشین قرار دینا۔

راست معاملگی۔ ٹھیک بیوہار۔ ٹھیک داد دستد۔ دیست لیین دین۔

راشی۔ رشوت دینے اور لینے والا۔ گھونس دینے والا۔ رشوت خور۔

راضی۔ شاد۔ خوشنود۔ خوش۔ رضامند۔ سنتوکی۔ صابر۔ متوکل۔ شاکر۔ تندرست صحیح۔ سالم۔ بھلا چنگا فارغ۔

راضی نامہ۔ باہمی فیصلہ کی وہ تحریر جو سرکار مین داخل کی جاے۔ وہ نوشت جو مدعی اپنے دعوے سے باز آنے کی نسبت عدالت مین پیش کرے۔ رضامندی کا اقرار نامہ۔ رضامندی کی تحریر۔ ایک اقرار نامہ جس مین مدعی مقر ہوکہ مین مدعا علیہ سے راضی ہو گیا ہون۔

راقم۔ کاتب۔ لکھنے والا۔ نامہ نگار۔ نویسندہ تحریر کنندہ۔ محرر۔ مصنف۔ متکلم۔

راقم الحروف۔ خط کتابت وغیرہ کا لکھنے والا حرفوان کا لکھنے والا۔

راکڑ۔ سب زمینون مین سے کم درجے کی زمین اس مین بہت سے کنکر ملے ہوے ہوتے ہین کثرت بارش سے پیداوار دیتی ہے اور صرف خریف کے کام آتی ہے

راکھی۔ محافظت کرنے والا۔ اجرت حفاظت

راہدار۔ گذربان۔ سڑک کا رکھوالا۔ رستہ کا محصول لینے والا محصرنا کا

راہداری۔ محصول راہ۔ سڑک کا محصول

راہداری کا پروانہ - صفائی کا پروانہ - وہ تحریر جو کوئی حاکم کسی شخص یا گروہ کے رستہ سے گذر جانے کے واسطے گذر باؤن یا حکام راہ کے نام لکھے - خط گذارہ - پاس چونگی - چالان کمیٹی

راہزن - بٹ مار - قزاق - چور - لٹیرا - ڈاکو - راہ مار قطاع الطریق -

راہزنی - قزاقی - بیماری - راہ ماری -

راہ گذر - راستہ - سڑک - شارع عام -

راہ لگانا - راستہ بتانا - رہنمائی کرنا - ڈھنگ پر ڈالنا کسی روش پر ڈالنا -

راہ نما کھنب - وہ ستون یا کھنب جو سڑک پر راستہ کا اشارہ کرتا ہے

راہن - رہن رکھنے والا - بندھک دینے والا گرو رکھنے والا - گروی رکھنے والا - وہ شخص جو اپنی چیز کو دوسرے کے پاس گرو کرنے والا ہو -

راہی - راہگیر - سیاح - مسافر -

راے - عقل - تجویز - دانست - فہم - دانائی خیال - قیاس - فیصلہ - بچار - جانچ - مشورہ

تشریح راے اور فکر مین یہ فرق ہے کہ راے کے معنی اعتقاد اور دل کی بینائی اور فکر کے معنی اندیشہ اور حاجت - پس باعتبار لغت کے تو اس مین فرق ہے مگر عوام ایک دوسرے کی جگہ استعمال کرتے ہین -

راے دینا - صلاح دینا - مشورہ دینا - تجویز بتانا -

راے - راجا - سوامی - پردھان - راؤ - شہزادہ - سردار - وہ خطاب جو کسی گورنمنٹ کی طرف سے کسی اعزاز کے لحاظ سے ہندو شرفا کو دیا جاے

رائٹ - صحیح - درست - واجب - حق - سچ - ٹھیک - بجا -

رائٹر - محرر - منشی - نویسندہ کلرک - کاتب راقم - نگارندہ - مصنف -

رائج - جاری - روان - مروج - چلتا - عام رسمی - دستور کے موافق - رواج پانے والا مستعمل -

رائج الوقت - مروجۂ حال - چلتا سکہ - جاری سکہ - جواب رواج پانے والا ہو سکہ جو فی الحال مروج ہو -

رائگان - رستہ کی گری پڑی چیز - بالمفت مفت - بلاقیمت - بلا عوض - بلا خرید - ضائع یون ہی - لاحاصل - عبث - اکارت -

ربا - سود - بیاج - ناجائز فائدہ - سود خوری

رب المال - مالک مال - مالک

ربط - بندش - علاقہ - لگاؤ - تعلق - میل ملاپ راہ و رسم - تناسب - نسبت - مشق - مزاولت مہارت - عادت - ڈھب - صحبت - دوستی آشنائی - اتحاد - تپاک -

ربع - چوتھائی - چہارم - لہم -

ربیب - پلا ہوا لڑکا - پالا پوسا لڑکا - پہلے خاوند کا لڑکا - سوتیلا بیٹا - گیلڑ بیٹا - وہ لڑکا جو عورت پہلے خاوند کا لائی ہو - پہلی زوجہ کا بیٹا - سپوت بیٹا -

ربیبہ - وہ لڑکی جو عورت اپنے پہلے خاوند سے ساتھ لائی ہو - پہلے خاوند کی لڑکی -

ربیع - موسم بہار - اساڑھی - وہ فصل جو ماہ اکتوبر و نومبر مین بوئی جاوے اور مارچ و مئی مین درو کی جاوے - جس مین گیہون - چنا - جو - مٹر - ارہر - السی وغیرہ شامل ہین - ہندوستان مین چیت اور بیساکھ اور دیگر ملکون مین جیٹھ اور بیساکھ کا موسم - خریف کا نقیض - وہ فصل جو اسوج اور کاتک یعنی اکتوبر و نومبر مین بوئی جاوے اور چیت اور جیٹھ یعنی مارچ اور مئی مین کاٹی جاوے -

رپٹ - خبر - اطلاع - آگاہی - وہ خبر جو کسی جرم یا وقوعہ کی بابت پولیس مین دی جاوے
تشریح یہ انگریزی لفظ رپورٹ کا بگڑا ہوا ہے -

رپورٹ - خبر (دیکھو رپٹ)

رپورٹ ضمنی - چھوٹی رپورٹ - شاملاتی رپورٹ - ایسی رپورٹ جس کے پہلے وہ کارروائی شروع ہوئی ہو - وہ رپورٹ جس کے پہلے اور رپورٹ بھی ہو چکی ہو - اس مین کی

نسبتی ہے -

رت - موسم - فصل - سمان - ہر چیز کا زمانہ - فصول اربعہ مین سے ہر ایک فصل - ہندی چھ موسمون مین سے ہر ایک موسم

رتبہ - درجہ - مرتبہ - عہدہ - عزت - حرمت - وقر - پت - بزرگی - بڑائی -

رتن - جواہرات - قیمتی پتھر - نگ - آنکھ کی پتلی - منی - نطفہ - ست - خلاصہ - عمدہ چیز - لعل - موتی - پکھراج - مونگا - نیلم - ہیرا - گوند - گنے کی دوسری فصل جو تخمیناً پہلی فصل کے مطابق ہو - یہ تشریح کارنگی صاحب نے کی ہے -

رتوا - ایک سرخ کیڑا جو گیہون یا جو کی فصل کو برباد کرتا ہے - ایک سرخ پتھر کا نام جو اکثر بچون کے بخار یا دیگر امراض مین گلے مین باندھ دیتے ہین -

رجسٹر - فرد یادداشت - دفتر - لسٹ - آنس - بہی حساب - طومار - فہرست - دفتر کی کتاب یادداشت - بہی - چٹھا - کتاب روزنامچہ - کتاب حاضری

رجسٹر آف وی پی آرٹیکلس ریسیوڈ کتاب رسید قطعات قیمت طلب موصولہ

رجسٹر آف منی آرڈرز ریسیوڈ - وہ کتاب جس مین منی آرڈرون کی رسید

درج ہوتی ہے۔

رجسٹر شدہ جس کی رجسٹری ہو چکی ہو۔ رجسٹر پر چڑھا ہوا۔ مندرجہ فہرست۔

رجسٹرات اخراج - (۱) جنرل رجسٹر (۲) فہرست انعامات زمینداری جوان عطا ہوئی (۳) معافیات بابت نصب درختان۔

تشریح رجسٹر کی جمع رجسٹرات یہ جمع بطور عربی کے بنائی ہے۔ ورنہ انگریزی اُردو قاعدے کی رو سے یہ جمع ٹھیک نہیں۔

رجسٹرار - جو شخص رجسٹروں کو رکھتا ہو اور اُن کے متعلق انتظام کرتا ہو۔

رجسٹر ڈائیجسٹر مکٹ - رجسٹریوں کا خلاصہ

رجسٹری شدہ - اس سے یہ مراد ہے کہ مطابق قانون نافذہ متعلقہ رجسٹری دستاویزات کی بوقت اور بمقام تکمیل اس دستاویز یا دستخط کرنے کے اس ڈگری یا حکم پر جس کا ذکر متن میں لکھا جائے حسب ضابطہ برٹش انڈیا میں رجسٹری کی گئی ہو۔ جو دستاویز حسب قانون رجسٹری ہوئی ہو۔

رجعت - بازگشت - عود - واپسی - معاودت لوٹاؤ - اعادہ - شوہر کا اپنی مطلقہ کی طرف رجوع کرنا - چاند اور سورج کے سوا کسی اور سیارے کا اپنی معمولی گردش سے پھرنا - ضد - ہٹ - مطلقہ عورت سے پھر نکاح کرنا

رجمنٹ - پلٹن - فوج - آٹھ سو یا ہزار جوانوں کا دستہ۔

رجوع متوجہ - مائل - میلان - رغبت - جھکاؤ - میل - توجہ - بازگشت - اعادہ - اپیل - نظر ثانی - مرافعہ۔

رجوع کرنا - لوٹنا - بازگشت کرنا - واپس کرنا - واپس ہونا - متوجہ ہونا - توجہ کرنا - التفات کرنا - دائر کرنا - پیش کرنا - درخواست کرنا - عدالت میں لانا - مقدمہ قائم کرنا۔

رجولیت - مردی - مردمی - قوت باہ - قوت تولید - شہوت - باہ - خواہش جماع۔

تشریح یہ رجل یعنی آدمی سے بنا ہے اس میں دی ت لگا کر مصدری ڈھنگ پیدا کرنا ایک قسم کا تصرف ہے

رحلت - کوچ - روانگی - موت - مرت - انتقال - ارتحال۔

رحلت کرنا - کوچ کرنا - رخصت ہونا - انتقال کرنا - گذرنا - فوت ہونا - مرنا۔

رحم - بچہ دان - دھرن - گربہ - استھان - دیا - کرم - مہر - شفقت - کرپا - مہربانی - عفو - بخشش - مغفرت - ترس - دردمندی - ہمدردی - دل سوزی - رقت - رافت - خوف خدا۔

رخت - اسباب - اثاثہ - اثالہ - جامہ - لباس - پوشاک - ملبوس - پارچات -

رخت ومتاع - شخصی جائداد جو قیمت مین منتقل ہو - قابل فروخت جائداد - لائق معاملہ جائداد - قابل انتقال جائداد - غیر مضروب جائداد - وہ جائداد جس پر ضرب نہ لگائی گئی ہو -

رخصت - چھٹی - روانگی - اجازت - استرضا - اذن - حکم - چھٹکارا - منظوری - رضامندی - بیروانگی - رضا - کوچ - چلنا - جانا - مہلت - وقفہ - ڈھیل - فرصت - اجازت چلین جائین - اجازت ہے -

رخصت اتفاقی - کوئی سبب ظاہر کرنے والی رخصت - رخصت متعلقہ سبب - رخصت سبب - اتفاقیہ رخصت - رخصت عارض - رخصت غیر مقرر - رخصت ناگہانی - رخصت بلاارادہ

رخصت امتحان - وہ رخصت جو بعد امتحان کے ہوا کرتی ہے -

رخصت رعایتی - پریولیج لیو - رخصت استحقاقی - رخصت منصبی - رخصت اختیاری

رخصتانہ - روانگی - وہ نقد یا خلعت وغیرہ جو بوقت رخصت یا روانگی کے کسی اہلکار وغیرہ کو دیا جاوے وہ نقدی جو چلتے وقت کسی رئیس کے دربار سے عطا ہو خلعت رخصت انعام رخصت -

رخصتی - رخصت پر چھٹی پر - رخصت یافتہ وداع - دلھن کی روانگی - وہ روپیہ جو وداع کے وقت دیا جاوے - سلامی - سلام کرائی

رخنہ اندازی - بھانجی - مزاحمت - تعرض روک - خلل - رخنہ ڈالنا - فساد ڈالنا -

رد - واپس - لوٹانا - واپس کرنا - موڑنا - پھیرنا - انکار - نسخ - تردید - بطلان - کاٹ - جھٹلانا - دلیل توڑنا - قے - استفراغ - الٹی - درصورت نہونے عصبات کے جو حصہ بعد تقسیم کے بچتا ہے وہ ذوی الفرائض کی طرف عود کرتا ہے اسی کا نام رد ہے - حصہ دارون کو پھیر دینا آمد اور باقی حصہ تقسیم کرنا - بڑھے ہوے مال کے حصے کو بعد تقسیم کے پھیر تقسیم کرنا -

تشریح رد اور انکار مین یہ فرق ہے کہ رد کے معنی ہٹانا اور قبول نہ کرنا اور انکار کے معنی نہ پہچاننا - اس لیے کہ منکر چیز نہ جانی ہوئی کو کہتے ہین اور قاعدہ ہے کہ انسان نہ جانی ہوئی چیز کو مسترد کرتا ہے بلکہ شے مجہول کا دشمن ہوتا ہے پس باعتبار لغت جہان کہین انکار یعنی ناشناسائی ہوگی وہان استرداد پایا جاوے گا اور یہ ضرور نہین ہے کہ جہان کہین رد پایا جاوے وہان

انکار بھی ہو وے کیونکہ اکثر جان کر بھی رد کرتے ہین اور عرف مین فرق نہین کرتے

تشریح - رد ضد عول ہے دیکھو عول - رد وہ ہے جو فرض ذوی الفروض سے بڑھ رہے اور اُس کا کوئی مستحق نہو تو وہ ذوی الفروض پر اُن کے حقوق کے مطابق لوٹا دیا جاتا ہے اسی کا نام رد ہے۔ مگر یہ رد قول عام صحابیون کا ہے اسی پر فتوی ہے اور زید بن ثابت نے فرمایا ہے کہ فاضل بیت المال مین ڈالا جاے گا۔ امام مالک اور امام شافعی صاحب نے بھی یہی راے دی ہے۔

رد و بدل - حجت - تکرار - رد و قدح - سوال و جواب - اُلٹ پلٹ - طعنہ - ٹیڑھی ترچھی باتین جو حالت بحث یا مقابرہ مین زبان پر لاتے ہین بحث تکرار - مباحثہ - مناظرہ - مقابرہ - ہیص بیص - جھگڑا ٹنٹا - گفت و شنید - نزاع لفظی - اُکھاڑ پچھاڑ -

رد ثبوت - ثبوت کے مقابل ثبوت - ثبوت کی تردید - ابطال گواہی - بطلان شہادت رد شہادت -

رد جواب - رد جواب - جواب الجواب - تردید جواب -

ردنامہ - مقدمہ کی از سر نو تردید

ردیف وار - ابجد کے حساب سے رکھا ہوا ترتیب وار - با ترتیب ہجی - الف بے پے کی ترتیب سے

ردی - خراب شدہ کاغذ - نکما کاغذ - خراب ناکارہ - نکما - استعمال شدہ - ناقص - بگڑا ہوا - پھینک دینے کے قابل -

رذالہ - سرگردان - آوارہ گرد - خانہ بدوش سیاح - سیلانی - بے عزت - حیلہ ساز - سفلہ پاجی - فرومایہ - لچا - لنگڑا - کم ذات - شریر بدذات - ڈنگئی - بدمعاش - شوخ - بے ادب - بے شرم - گالی گلوج بکنے والا -

رذیل - کمینہ - سفلہ - فرومایہ - پاجی -

رزلٹ - نتیجہ - ثمرہ - نتیجہ امتحان -

رزولیوشن - منشا - تجویز - عندیہ - پیش نہاد - ارادہ - عزم - عقدہ کشائی - تصریح

رزیڈنٹ - باشندہ - رہنے والا - ساکن مقیم - باسی - رئیس - وکیل شاہی جو غیر ریاست کے دربار مین رہے

رزیڈنسی - مقام - ٹھکانا - گھر - مسکن - وہ جگہ جہان رزیڈنٹ رہتا ہے - عہدہ رزیڈنٹی -

رسالدار - رسالہ کا کمانڈر - کئی سوارون کا ہندوستانی افسر -

تشریح صحیح رسالہ دار ہے -

رسالداری - رسالہ کی افسری - کئی سوارون کی افسری - ایک ترپ کی افسری - رسالدار

کاعہدہ۔

رسالہ - نامہ۔ مکتوب۔ چھوٹی سی کتاب۔ کئی سو سواروں کا دستہ

رسالہ دار - (دیکھو رسالدار)

رسالہ داری - (دیکھو رسالداری)

رسائی - پہونچ۔ باریابی۔ دخل۔ گذر۔ میل ملاپ۔ ربط ضبط۔ واقفیت۔ شناخت علم درک۔ مہارت۔ کاردانی۔

رسپانڈنٹ - جواب دہ۔

رسد - خوراک۔ حصہ۔ غلہ کا ذخیرہ۔ کمسرٹ کی امداد فوج وغیرہ کے واسطے۔ خوراک کی پروانگی۔ خوراک کی اجازت۔ تقسیم۔ فیس بہرہ۔ چندہ۔ باچھ۔ محصول۔ بخرہ۔ نصیب بھاگ۔ بانٹ۔ قسمت۔ سہام۔ جنس غلہ۔ لائق۔ مناسب۔ ذخیرہ۔ آذوقہ۔ جو لشکر یا قافلہ کے ہمراہ ہو۔ غلہ کی آمدنی۔ راتب خورش۔ زاد راہ۔ بھتا۔

رسد رسانی - غلہ اور اجناس وغیرہ کا فوج یا لشکر میں پہونچانا۔ غلہ رسانی۔ رسد دینا۔

رسدی - مناسب۔ جو نسبت کے مطابق گھٹے بڑھے۔ بحساب شرح۔

رسم - لغوی معنی نقش۔ نشان۔ رقم۔ تحریر۔ نوشت۔ دستور۔ قاعدہ۔ آئین۔ قانون۔ ریت۔ رواج۔ تنخواہ مشاہرہ۔ ماہانہ۔ وظیفہ۔ مواجب۔ عادت روبیہ۔ چال چلن۔ طور و طریق۔ روش منطق میں لکھا ہے کہ رسم کسی چیز کی عرضیات کے ساتھ تعریف ہے۔ طریقہ۔ دستور۔ مقررہ عمل۔

تشریح رسم و طریقہ میں یہ فرق ہے کہ رسم کے معنی لکھنا اور نشان اور طریقہ کے معنی روش و مذہب و حالت جس پر ٹھہریں وخط ہر چیز۔ اہل عرف بعض وقت ان کو مرادف سمجھتے ہیں اور بعض وقت علی حدہ علی حدہ معانی لیتے ہیں۔

رسم اہل تجارت - تاجروں کا رواج

رسم خاندان - دستور خاندان۔

رسم عام - عام طریق۔ یہ لفظ حاوی اُن رسمیات یا حقوق کا ہے جو کسی فرقہ اشخاص کثیر التعداد کے واسطے عام ہوں۔

رسم کراؤ - بیوہ کی شادی اپنے مردہ خاوند کے بھائی وغیرہ کے ساتھ۔ یہ خصوصاً جاٹوں گوجروں اہیروں۔ اور مغربی اضلاع کی کمینی ذاتوں میں مروج ہے

رسم و رواج دستور۔ طریقہ مروجہ ریت و رسم۔ دستور و قاعدہ۔

رسوخ - اقتدار۔ اثر۔ مضبوطی۔ پائداری۔ استقامت۔ ثابت قدمی۔ استواری محکمی۔ استقلال۔ قیام۔ ثبات۔ جماؤ۔ رسائی ربط و ضبط۔ پہونچ۔ مداخلت۔ اعتماد۔ اعتبار۔

رسوخ ذاتی۔ شخصی اقتدار۔ وہ دباؤ جو کوئی شخص اوروں کی نسبت باعتبار اپنی ذات کے رکھتا ہو۔ اپنے عہدے کے اور شرح مین صاحب بہادر متعلقہ دفعہ ۱۲۱ تعزیرات ہند مین اس کے معنی یہ ہین کہ جو ایک شخص دوسرے پر بلا تعلق حیثیت مقدمہ متعلقہ کے رسوخ نہ رکھتا ہو مثلاً خیالات درجہ اور دوست وغیرہ کے۔

رسوخیت (دیکھو رسوخ)

رسوم۔ نقوش۔ نشان۔ تنخواہ۔ مشاہرہ۔ آئین۔ قوانین۔ عادتین۔ فیس۔ سرکاری خرچہ۔ سرکاری حق۔ اجورہ۔ محنتانہ۔ مقررہ فیس۔ حق زمینداری۔ نذرانہ۔ بھینٹ۔ شکرانہ۔ حق۔ اس مین شامپ کا محصول معاملہ رسوم پٹواری رسوم زنار بندی بھی شامل ہے۔ یہ رسم کی جمع ہے (دیکھو رسم)

رسوم اعلی نمبردار۔ ایک روپیہ فی صدی اوپر مالگذاری کل مال کے زیادہ ہوتا ہے اس کے علاوہ کسی قدر اراضی شاملات بھی واسطے کاشت کے بصیغہ لاخراج مل سکتی ہے

تشریح یہ رسوم ہر جگہ نہین اور اس کی ترمیم و تنسیخ بھی ہوتی رہتی ہے

رسوم پٹوار ہر ضلع مین اس کا ایک سرمایہ موجود رہتا ہے۔ پٹوار کی خاص مقررہ فیس

رسوم دیہی۔ اس مین ہر رسوم یا چندہ یا محصول داخل ہے جو کسی محال سے موافق رواج کے واجب الوصول ہوا اور وہ نہ تو ایسا روپیہ ہو جو کسی جائداد غیر سرکاری کے استعمال کی بابت یا ذاتی خدمت کی بابت ادا کیا جاتا ہوا اور نہ یہ تعبیت یا ازروے کسی حکم قانون مجریہ وقت کے مقرر ہوا ہو زیادہ تشریح دیکھو زیر دفعہ ۱۴۵) ایکٹ ۱۷ ۱۸۸۷ء متعلق مال گذاری پنجاب۔

رسوم عدالت۔ سرکاری خرچہ۔ خرچہ کورٹ فیس عدالت۔ فیس سٹامپ۔

رسوم کریا کرم۔ کریا کرم کی رسوم۔ یہ لفظ ہندولا کا ہے۔ مرنے کے وقت خاص ایک طرح کی رسوم ادا کرتے ہین

رسوم محترفہ۔ تجارت اور حرفہ کا محصول

رسوم موتراشی۔ مونڈنے کی رسم بال منڈوانے کی رسم۔

رسید۔ کسی چیز کے وصول ہونے کی دستخطی نوشت۔ اقرار۔ اعتراف۔ پرچہ وصولی پہونچ رسائی۔ دخل۔ باریابی۔ پہونچنے کا اقرار۔ وصول ہونے کی تحریر۔ خط الوصول۔ بھرپایا۔ داخلہ۔ پتہ۔ خبر۔ سراغ

رسید الزام۔ وہ رسید جو مدعی کو پولیس سٹیشن مین دی جاتی ہے

رسید بہی۔ رسیدون کی کتاب۔ رسید بک

رسیور - مہتمم کار۔

رشاد - کھیت کا سنوارنا۔ کھیت کو آراستہ کرنا۔ بیجنے سے پہلے ہوا لگنے کے لیئے رہنے دینا۔

رشتہ - تاگا۔ دھاگا۔ ڈورا۔ تار۔ کاتا ہوا سوت۔ لڑ۔ لڑی۔ نظم۔ ناتا۔ قرابت۔ خویشی۔ برادری۔ تعلق۔ علاقہ۔ ایک بیماری کا نام جسے ناروا کہتے ہین۔ نسبت۔ رابطہ۔ میل۔ اس تناسب یا تعلق کا نام ہے جو باہمی ان اشخاص کے ہو جو ایک ہی اصل یا مورث متحد کی اولاد سے ہون۔

رشتہ حقیقی - اصلی رشتہ۔ ٹھیک پیوند۔ اصلی سلسلہ۔ وہ رشتہ جو پورے خون سے متعلق ہو

رشتہ دار - قریبی۔ خویش۔ قرابتی۔ ناتہ دار۔ برادر۔ برادری کا بھائی۔ بھائی بند۔ گوتی۔ متعلق۔

رشتہ داری - خویشی۔ قرابت۔ اپنایت۔ برادری۔ ناتہ داری۔

رشوت - ناجائز نذرانہ۔ اجورہ ناجائز۔ ظلم سے لینا۔ خلاف قانون مفاد۔ ناجائز پیسہ لینا۔ بلا قانون اجرت۔ منہ بھرائی۔ چپ چاپ نقدی۔ ہاتھ ملائی۔ کوئی شخص جو سرکاری ملازم یا سرکاری ملازمت کا اسید وار ہے کوئی عمل منصبی کرنے یا اس سے باز رہنے کے لیئے اپنے لوازم منصبی کے نفاذ مین کسی شخص کی طرفداری یا اس شخص کے خلاف پر ہونے یا اس سے باز رہنے کے لیئے کسی شخص کے ساتھ برائی یا بھلائی کرنے کے لیئے یا اس کا اقدام کرنے کے لیئے اجرت جائز کے سوا کسی شے سے کوئی مایہ الاحتظاظ وجہ تحریک یا حق السعی کے طور پر اپنے واسطے خواہ کسی اور شخص کے واسطے قبول کرنے یا حاصل کرنے پر رضی ہو یا حاصل کرنے کا اقدام کرے

رشوت خور - رشوت لینے والا۔ ناجائز اجرت لینے والا۔ گھونس لینے والا

رشوت ستانی - رشوت لینا۔ گھونس لینا ناجائز طریق سے روپیہ حاصل کرنا۔

رضا - خوشنودی۔ خوشی۔ رضامندی۔ مرضی۔ اجازت۔ مہلت۔ رخصت۔ خواہش۔ وطن جانے کی بلا وضع تنخواہ رخصت چھٹی جو تین سال بعد ملازم کو دی جاتی ہے۔ فرلو

رضاعت - دودھ کی شراکت۔ رضاع۔ شیرخواری۔ دودھ پلانا۔ بچون کے دودھ پلانے کا زمانہ جو دو سال تک ہے

تشریح شرع محمدی مین جو دو انسان دودھ پینے مین شریک ہون ان کا باہمی نکاح نہین ہوسکتا۔ وہ دودھ شریکی بھائی بہن کہلاتے ہین۔

رضاعی بھائی - دودھ شریک بھائی - کوکا - برادر رضاعی - دودھ بھائی -

رضامندی - راضی ہونا - خوشنودی - اجازت منظوری - قانوناً اس مین وہ رضامندی شامل نہین جو خوف نقصان یا کسی امر واقعی کی غلط فہمی مین ظاہر کی ہو اور جو فتور عقل یا نشہ کے سبب سے اس امر کی برائی یا بھلائی نہین سمجھ سکتا اور اُس کی رضامندی جس کی عمر بارہ برس سے کم ہے اور جو رضامندی بلا مرضی دی جاے (تنبیہ) جو رضامندی غصہ مین دی جاے وہ رضامندی ہی کہلاتی ہے اور جائز متصور ہوتی ہے -

رعایا - رعیت کی جمع - حفاظت کی گئی - پرجا - کسی حاکم کے زیر فرمان رہنے والے لوگ کرایہ دار - محکوم - زیر حمایت - مطیع - فرمان بردار - مزارعان - کسی حاکم کا ماتحت گروہ - تابع - اسامی - اجارہ دار - پٹہ دار - عام لوگ -

رعایا ملک غیر - اس سے وہ مراد ہے کہ جو حسب منشا ایکٹ پارلیمنٹ جلوس شاہ ولیم چہارم اپنی اصلی پیدائش سے ملکہ معظمہ کی رعیت یا متوطن برٹش انڈیا ہو -

رعایت - لحاظ خصوصاً محصول اور لگان یا مال گزاری کی کمی - مہربانی - توجہ - غور - پاس - نگہبانی - طرف داری - خیال - پیچ - نگہداشت - رویت

رعایت کرنا - پاس کرنا - طرف داری کرنا - حمایت کرنا - لحاظ کرنا - لگان یا معاملہ مین تخفیف کرنا (دیکھو رعایت)

رعایتی - رعایت کردہ شدہ - لحاظ کیا گیا - وہ شخص جس کے ساتھ کچھ لحاظ کیا جاے اور وہ منظور نظر - حمایت کی گھوڑی - جو محض مہربانی سے مقرر ہوا ہو - جو کام شفقت سے کیا گیا ہو اور ذاتی یا کسبی لیاقت سے نہو - جس کو معافی یا چھوٹ دی گئی ہو - سفارشی ٹٹو - اس مین کی نسبتی ہے

رعایتی پٹہ - وہ تحریر جو مزارعان کو رعایت کے طور پر دی جاتی ہے اور جس مین تخفیف لگان مندرج ہوتی ہے

رعیت - رعایت کیا گیا - پرجا - محکوم - اسامی - کرایہ دار - زمیندار - وہ کاشتکار جو مالک نہو - ہر فصل کا زر ارضی مستوجب ادا سے لگان یا معاملہ بجز مالک شکمی - ذمہ دار ادا زر مالگزاری سواے مالک - غلام - کاشتکار - نوکر - پیرو - دنیا کے لوگ جو کسی حاکم کے ماتحت ہون - لفظ رعیت سے ایسا شخص مراد ہے جو ماتحت دوسرے شخص کی زمین پر قابض ہے - اور اُس زمین کی بابت شخص مذکور کو لگان ادا کرنے کا ذمہ دار ہے یا بلا عوض

موجود ہونے خاص معاہدے کے ذمہ دار ادائے لگان کا ہوتا۔ مگر ان میں اشخاص ذیل داخل نہیں ہیں یعنی (الف) ادائے لگان زمین (ب) کسی مالک زمین کے حقوق کا مرتہن (ج) وہ شخص جس کے نام واسطے وصول کرنے باقی معاملہ زمین یا ایسی رقم کے جو مثل باقی مذکور قابل وصول ہے کوئی کہاتہ ملکیت حسب ایکٹ معاملہ زمین پنجاب مصدرہ ۱۸۸۷ء انتقال کیا گیا ہو یا جس کو واسطے وصول رقوم مذکورۃ الصدر محال یا کہاتہ ملکیت بطور مستاجری اجارے پر دیا گیا ہو (د) وہ شخص جس نے دوسرون کو اجارہ شکمی دینے کے لیئے گورنمنٹ سے کسی غیر مقبوضہ زمین کا اجارہ لیا ہو۔

رعیت برٹانیہ اہل یورپ ۔ اولاً ہر رعیت ملکہ معظمہ جسے ممالک متحدہ گریٹ برٹن اور آئرلینڈ مین یا جناب ملکہ معظمہ کی کسی کی کسی نوآبادی یا ملک مقبوضہ واقع یورپ یا امریکہ یا آسٹریلیا مین یا نوآبادی ہائے لوری لینڈ یا کیپ آف گوڈ ہوپ یا نیٹال مین تولد پایا یا حقوق رعیتی حاصل کیئے یا سکونت مستقل اختیار کی ہو۔ ثانیاً ہر ایسے شخص کی اولاد جو کہ صحیح النسب ہو۔

رعیت حق دار دخیل کاری ۔ یہ دو قسم کی ہے جو بشرح کھیوٹ معاملہ دیتے ہین خواہ ایزادی مالکانہ خواہ بلا مالکانہ (۲) جو لگان بحساب بٹائی یا کنکوت یا ضبطی جنسوار کے دیتے ہین

رعیت غیر حق دار کاشت کاری ۔ یہ دو قسم پر ہے (۱) جو بشرح کھیوٹ معاملہ دیتے ہین خواہ بایزادی مالکانہ خواہ بلا مالکانہ (۲) جو لگان بحساب بٹائی یا کنکوت یا ضبطی جنسوار کے دیتے ہین۔

رعیت کاشت کار ۔ کاشت کار رعیت

رعیت نامہ ۔ ایک اقرارنامہ جو رعیت سے مالک زمین کو دیا جاتا ہے۔

رعیتی ۔ ایک زمین جس کا معاملہ نقد ادا کیا جائے ایک بندوبست جو زمینداروں کے ساتھ ہو

رعیتی پٹہ ۔ جو پٹہ رعیت کو دیا جائے ایک زمین کا اقرارنامہ جو رعیت کو دیا جاتا ہے۔

رعی ۔ نرخ۔ عام نرخ۔ وہ مقررہ نرخ جس پر گانون یا ضلع کی زمین وغیرہ کا اپنے اوصاف کے بموجب معاملہ لگایا جاتا ہے۔

رعی بندی ۔ نرخون کا نقشہ نرخون کی فہرست ایک ہدایت جس مین مختلف زمینون کے نرخ درج ہون جو عموماً کسی بڑے ضلع مین مستعمل ہون۔

رفاہ ۔ تن آسانی۔ آرام۔ راحت چلن۔ وہ کام جس سے لوگون کو آرام ملے نیکی۔ بھلائی بہتری۔ بہبودی۔

رفاہ عام ۔ بہبودی عام ۔ عام لوگوں کی بھلائی سب کے آرام کا کام ۔ خلائق کے فائدے کا کام ایک مبہم اور غیر مشرح اصطلاح ہے رفاہ کا لفظ حاصل مصدر ہے اس سے ایک شے کی خاصیت اور اس کا میلان تحفظ از شر و استفادہ خیر مستنبط ہوتا ہے ۔

رفاہیت ۔ تن آسانی اور عیش کی فراخی ۔

تشریح رفاہیت اور سہولت مین یہ فرق ہے کہ رفاہیت کے معنی فراخی عیش و ارزانی و آسانی زندگانی اور سہولت کے معنی نرم ہونا ۔ پس سہولت عام اور رفاہیت خاص ہے ۔

رفت و گذشت ۔ گئی گذری ۔ گیا گذرا ۔

رفع فیصلہ ۔ دور کرنا ۔ تصفیہ ۔ اٹھانا ۔ بلندی ارتفاع ۔ اونچائی ۔ اٹھاؤ ۔ اٹھان ۔ چھوڑنا ۔ باز رہنا ۔ ضمہ ۔ ضم پیش ۔

رفع تکلیف ۔ تکلیف کو دور کرنا ۔ یہ لفظ عام ہے لغت کے اعتبار سے ہر تکلیف پر بول سکتے ہین ۔ مگر اصطلاح قانون مین مذنفاذی قواعد زیر ایکٹ قرضہ زمینداران کے مطابق اس سے وہ تکلیف مراد ہے جو بوجہ آفت متعلقہ امور زراعت کے پیدا ہو جیسے قحط سالی ۔ طغیانی ۔ ژالہ باری جھولہ زدگی وغیرہ ۔

رفع نامہ ۔ راضی نامہ فیصلہ ۔ رفعدا کی تحریر ۔

رفع کرنا ۔ دور کرنا ۔ فیصلہ کرنا ۔

رفیق جرم ۔ جرم کا ساتھی ۔ جرم کا ہمراہی جرم کا ہم جولی ۔ جرم کا دوست ۔ ممد جرم ۔ معاون جرم مددگار جرم ۔ وابستہ جرم ۔ شریک جرم ۔ تعزیرات ہند کی دفعہ ۱۰۹ کا مجرم ۔

رق ۔ غلامی ۔ غلام ہونا ۔

تشریح یہ دو طرح سے ہے (۱) رق وافر جیسے قن (۲) رق ناقص جیسے مدبر مکاتب ۔ ام ولد ۔

رقبہ ۔ زمین متعلقہ دیہہ ۔ احاطہ ۔ پیمایش کردہ احاطہ زمین کا ٹکڑا ۔ وسعت زمین ۔ ایک پیمایش شدہ گاؤن کی زمین جو سرحدون کے بیچ مین ہو ۔ لغوی معنی کھادر ۔ اصطلاحی زمین متعلقہ دیہ ۔ زمین کے عرض و طول کو باہم ضرب دینے سے جو مقدار حاصل ہو ۔

رقبہ لگانی از روے بگیھہ ۔ وہ رقبہ جس کا لگان بگیھہ کے حساب سے ادا کیا جاوے ۔

رقبہ بندی ۔ کسی جائداد یا ضلع وغیرہ کا رقبہ مقرر کرنا ۔ تعین رقبہ ۔ وہ بیان جس سے ایک جماعت کی مقبوضہ زمین کی مقدار اور وہ حصے منظور ہون جو کہ محصول دیتے ہین یا معافی مین ہین یا مزروعہ یا غیر مزروعہ ہین ۔ یا ناقابل زراعت ہین ۔

رقبہ قابل تشخیص جمع ۔ وہ رقبہ جس پر محصول ہو یا ہونے کو ہو ۔

رقعہ - پرزہ - پرچہ - دھجی - چیتھڑا - پیوند - تھگلی
- خط کا پرچہ - چٹھی - کاغذ کا لکھا ہوا ٹکڑا - خط
وہ کاغذ جو پیام نسبت کے واسطے باپ
دادا پردادا وغیرہ کا نام اور حسب نسب لکھ کر
دلہن کے گھر جاتا ہے - کیسی تقریب یا شادی
مین بلانے کا رنگین پرچہ - ہنڈی - ہنڈی کا پرچہ
اس مین ہر نوشتہ داخل ہے جس کے ذریعے
سے بنک یا کسی کوٹھی وال مہاجن
یا اُس شخص کو جو بطور کوٹھی وال مہاجن کے
کام کرتا ہو - یہ لکھا جائے کہ اس قدر روپیہ جو اس
مین مندرج ہے عند الطلب ادا کرو -

تشریح رنگین پرچہ کی قید ضروری نہین اب
تو عموماً سادے رقعے یا سنہرے حرفون مین
چھپے ہوے بھیجے جاتے ہین

رقم - خط - نوشتہ - تحریر - نقش - مہر - نشان
چھاپ - چھاپہ - ہندسہ - عدد - روپیون کے
وہ نشان یا ہندسے جو ایک خاص صورت
مین الفاظ کا اختصار کر کے بنائے گئے ہین
جیسے عدد کی صورت عہ - عدد ان عسکار وغیرہ
بیگھہ بسوہ وغیرہ کے ہندسے جو قریب قریب
روپیون کے ہندسون کے مطابق ہین - نوٹ مہم
زیور - گہنا پاتا - جنس - بھانت - قسم - ڈھنگ
طور وطریق - تشخیص کی شرح - شرح لگان
مال و دولت - جوکھون - قیمتی چیز - روپیہ -
تعداد حسابی لفظ جو عربی قاعدے سے تعداد
کے واسطے مقرر کیا گیا ہے - جمع حساب جمع

رقم جمع - وصول شدہ رقم - جمع کی رقم -

رقم سائر - اس مین تحصیل سوائے بھی داخل
ہے جیسے بڑے تالون سے مچھلی کی رقم حاصل
ہوتی ہے - مختلف رقم - متفرق رقم -

رقم سوالی - جیسے دریاؤن - نالون اور
تالابون وغیرہ سے مچھلی کی رقم حاصل ہوتی ہے

رقم متنازع - متنازع فیہ رقم - ایک رقم جس پر
جھگڑا ہو - متنازع کے معنی جھگڑا کیا گیا

رقم مشتبہ الوصول - وہ رقم جس کا وصول
ہونا مشکوک ہو - شکی رقم -

رقم وار - تفصیلوار - جنسوار -

رقیت - غلامی - غلام ہونا -

تشریح اس کی دو قسمین ہین (۱) کامل
(۲) ناقص - پہلے سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ غلام
بالکل پورے اور کامل طور سے غلامی کی حالت
مین ہے یعنی اُس کے غلام ہونے مین کوئی
شرط نہین - اس کو قن بھی کہتے ہین اور دوسر
سے مدبر - مکاتب - ام ولد ظاہر ہوتے ہین
جو ایک خاص قسم کے مشروط غلام ہوتے ہین

رکن سلطنت - وزیر - متصدی - جزو اعظم بادشاہت
کارندہ یا معتمد علیہ یا سربراہ ریاست -

رکھوکھہ - رکھے ہوے جنگلات - یہ رکھ کی جمع ہے

رکھی - صرافون کی بولی مین چھ روپیہ کو کہتے ہین

رِم - کاغذ کے بیس دستون کا بنڈل - چار سو

اسی کاغذ کے تختوں کا گٹھا۔ گراب پالسو تختوں کا بھی رم آنے لگا ہے۔

رم - گڑ کی شراب۔ انگریزی گھٹ کی شراب۔ ایک قسم کی مقطر شراب کشید کی ہوئی۔

رن - دوڑ جھپٹ۔ یہ انگریزی لفظ ہے

رن - جنگ۔ لڑائی۔ معرکہ۔ جدال و قتال۔ کارزار۔ ضرب لڑائی کا کھیت۔ میدان جنگ نبردگاہ۔ جنگ گاہ۔ مقتل۔

رنٹ - لگان۔

تشریح لفظ رنٹ کا رڈیٹس سے مشتق ہے جس سے مراد اس آمدنی کی ہے جو مالک زمین کو اپنی زمین سے حاصل ہوتی ہے لیکن اس کی صورتیں مختلف ہیں۔ اگر وہ اپنے سرمایہ سے خود کاشت کرتا ہے تو جو منافع کشت کاری سے ہوتا ہے اس کا نام لگان ہے جس میں سے وہ مال گذاری سرکاری ادا کرتا ہے۔ اگر وہ اپنے ماتحت آسامیوں سے کاشت کراتا ہے تو اس کا لگان اناج یا نقدی ہے جس کے ادا کرنے کا وعدہ وے واسطے استعمال اس کی زمین کے کرتے ہیں۔

رنجر - محافظ رینج - یہ ایک محافظ اور رکن لازم جنگلات کا ہوتا ہے اور کنسرویٹر کا ماتحت ہوتا ہے۔

رنجک - وہ بارود جو بندوق یا توپ کے پیالے میں آگ دینے کے واسطے رکھی جاتی ہے

رنجک چاٹنا - توپ یا بندوق کا سرنہ ہونا یوں ہی گولہ اگل دینا۔

رنڈی - عورت۔ نار۔ ناری۔ زن۔ استری۔ کسبی۔ پاتر۔ بیسوا۔ کنچنی۔ قحبہ۔ فاحشہ بازاری عورت۔ رقاصہ۔ ناچنے والی۔

رو - چہرہ۔ منہ۔ مہرا۔ مکھڑا۔ مکھ۔ رخ۔ صورت شکل۔ سبب۔ وجہ۔ جہت۔ باعث۔ کارن سطح۔ بساط۔ پردہ۔ تختہ۔ نقیض پشت۔ سامنا۔ آگا۔ مرادف رعایت۔ طریقہ۔

روبرو - سامنے۔ منہ در منہ۔ مکھ۔ بالمواجہہ آمنے سامنے۔ بالمقابل۔ آگے۔ بالمشافہہ

روبکار - سامنا۔ پیشی۔ وہ فیصلہ جو کسی حاکم کی پیشی میں یا اس کے روبرو لکھا جائے وہ حکم جو عدالت کی جانب سے لکھا جائے وہ حکم یا فیصلہ جو کسی حاکم کی پیشی میں یا اس کے روبرو لکھا جائے۔ مقدمے کی پیشی۔ ایک تحریری حکم جو افسر کی جانب سے ہوتا ہے روبکاری۔

روبکار اخیر - اخیر پیشی۔

روبکاری - مقدمہ کی کارروائی بیان مقدمہ مقدمہ کی پیشی کی روبکار (دیکھو روبکار)

روبکاری اخیر - اخیر کی پیشی۔ مسل بند ہونے کا ایک کاغذ ہے جس میں گانوں کی کارروائی کی بابت خلاصہ درج ہوتا ہے اور اس کو بمنزلہ فیصلہ و تجویز دیوانی کے سمجھا جاتا ہے۔

روپوش چھپا ہوا۔ پنہان۔ فرار شدہ مفرور
منہ چھپائے ہوئے۔ مخفی۔ پوشیدہ
بھاگا ہوا۔ چھپا ہوا۔

روپوش ہونا چھپنا۔ غائب ہونا۔ فرار ہونا
چل دینا۔ اوپ ہونا۔ گپت ہونا۔ پوشیدہ
مخفی ہونا۔ متواری ہونا۔ چھپ جانا۔ بھاگ
جانا۔ اپنے آپ کو چھپا لینا۔

روپوشی۔ چھپنا۔ غیر حاضری۔ عدم موجودگی

روداد۔ کیفیت۔ حالت۔ حقیقت۔ حال
احوال۔ عدالت کی کارروائی۔ مثل۔ روبکار
روئداد۔

تشریح اس کو روداد بھی لکھتے پڑھتے ہیں

روداد مقدمہ۔ مقدمہ کی کیفیت۔ عدالت
کی کارروائی۔ مقدمہ کی مسل۔ روئداد مقدمہ
اس سے مراد اختلاف رائے کی نسبت
امور واقعہ ضروریہ ہیں جن کا بیان کوئی فریق
مقدمہ کرے اور جس کے فیصلے پر کلاً یا جزواً
مطلب ایک فریق کا کامل ہو جاتا ہے اور
دوسرا ناکام رہتا ہے۔

رورعایت۔ طرفداری۔ پاسداری۔
پاس خاطر۔ پاس۔ لحاظ۔ پچ۔ رویت۔ مہربانی

روسلی۔ ایک ہلکی اور کم فصل زمین۔ ڈابر سے
کم درجے کی زمین۔

روسیاہی۔ بدنامی۔ ذلت۔ رسوائی۔
کلنگ۔ داغ۔

روشناسی۔ واقفیت۔ جان پہچان۔
ملاقات۔ صاحب سلامت۔ معرفت

تشریح لفظی ترجمہ منہ پہچاننا یعنی تھوڑی
سی واقفیت ہونا جس سے صرف کچھ عرصہ
ملنے کے بعد شکل پہچان سکیں۔ گہری ملاقات
جب کہ نہ ہو۔

رَو۔ پانی کا بہاؤ۔ سیلاب۔ دھارا۔ سیل۔ دھار

روا۔ جائز۔ درست۔ مباح۔ ٹھیک۔ حلال۔
مال طیب۔ شیر مادر۔ رائج۔ مروج۔ جاری۔
ساری۔ یا روا کا دانہ۔ چاندی یا سونے کا ذرہ
حسب ضابطہ۔ موافق قانون۔ قانوناً ٹھیک

رواج۔ روانی۔ عام دستور۔ ریت۔ برتاؤ
رسم۔ دنیا چال۔ کسادبازاری کی نقیض
جاری۔ چلتا۔ ٹکسالی۔ چلن۔ لین دین۔ قاعدہ
معمول۔ رویہ۔ سلوک۔ ضابطہ۔ استعمال۔ چال
اگر اس کے وسیع معنے لئے جائیں تو اس دستور
العمل سے مراد ہے جس کے مطابق ہمیشہ
مشابہ صورتوں میں اکثر متواتر مشابہ موقعوں
پر عمل کیا جائے۔

تشریح۔ رواج کے یہ قانونی معنی رواج
کے عام معنی کی نسبت کسی قدر کم وسیع ہیں
قانون میں عام رواجوں سے کچھ مطلب نہیں
صرف اُن رواجوں سے بحث ہے جن کی
تعمیل جبراً کرائی جائے یا اگر فریقین میں سے
کوئی اس رواج پر عمل کرے تو وہ عدالت میں

تسلیم کیا جاے۔ اگرچہ جب کہ عام رواجات
قانون بن جاتے ہین تو وہ قانون کہلاتے
ہین اور اپنا اصلی نام کھو بیٹھتے ہین
تشریح ۲ - یہ لفظ عربی مین فتح راے
مہملہ سے ہے مگر اُردو فارسی مین رَ کے
کسرہ سے مروج ہے۔

رواج بمنزلہ قانون - وہ دستور جو قانون
کے برابر موثر ہو۔ ایسا رواج جو عین قانون
کا مرتبہ رکھتا ہو۔

رواج خاص - ایک خاص دستور۔ کسی
خاص شہر یا محلہ یا ذات کا رواج۔ جس کی تاثیر
باشندگان پر ہو۔

رواج ملک - ملکی رسم۔ وہ دستور جو ملک
مین زیادہ مستعمل ہو۔

رواجات خاص وہ ہین جن کی تاثیر عموماً
خاص باشندگان پر ہوتی ہے

رواجات عام - جو تمام ملک مین مانے
جاتے ہین ان کو کامن لا بھی کہتے ہین

رواجی - رسمی۔ ٹکسالی۔ معمولی۔ رواج یافتہ
مروج۔

روان - جاری۔ بہتا۔ سائر۔ دائر۔ صاف
مشق کیا ہوا۔ ہاتھ پر چڑھا ہوا۔ تیز۔ بلا معنی
معنی کے بغیر کچھ پڑھنا۔ چلتا یعنی سال رواں
رخصت - نافذ۔
تشریح یہ لفظ باعتبار گریر فارسی کے

اسم حال کہلاتا ہے۔ اس کے بنانے کا قاعدہ
ہے کہ امر حاضر کے بعد آن لگا دیتے ہین
جیسے یہاں رَو امر حاضر تھا اس کے پیچھے
آن لگا کر بنا لیا۔

روایت - ایک بیان جو کسی اسلامی فاضل
کی جانب سے ہو۔ بزرگون اور مشائخون
کا بیان۔ بزرگون کا مسئلہ۔ کسی کی بات کی
نقل۔ کسی کی بات۔ بیان۔ اظہار۔ ذکر
حکایت۔

رَوڈ - ساڑھے پانچ گز کا پیمانہ - جریب

روڈ - سڑک۔ رستہ۔ شارع عام۔ باٹ۔
یہ انگریزی لفظ ہے

روزگار - زمانہ۔ وقت۔ عالم۔ سماں۔ دُنیا
جہان۔ سنسار۔ جگت۔ مدت۔ عرصہ
فرصت۔ مہلت۔ نوکری چاکری۔ پیشہ۔
شغل ملازمت۔ خدمت۔ کام۔ دھندا۔
کار۔ سیا ٹہل۔ پرستاری۔ وجہ معاش۔ گذران
مصیبت۔

روزنامچہ - روزمرہ کی کارروائی کی ڈائری
کتاب ڈائری۔ ڈے بک۔ روزانہ حساب
کی کتاب۔ روزنامہ۔ سیاہا۔ ادارجہ۔ ہر روز
کا حساب کتاب لکھنے کی بیاض۔ روزانہ
رپورٹ۔ ہر روزنامچہ مہاجنی کی پیشانی پر
متی سمت تاریخ لکھتے ہین۔ بہی کے وسط
مین شکن دی جاتی ہے بائین طرف جمع

داہنی طرف خرچ لکھتے ہین۔ روزنامچہ
جس مین ہر روز کیفیت درج ہوتی ہے
یہ کتاب یا رجسٹر مختلف محکمہ جات مین رہتا ہے۔
پولیس سٹیشن مین بھی رہتا ہے اور پٹواری بھی
یہ کاغذ تیار کرتا ہے

روزنامچہ پٹواری۔ ایک کتاب ہوتی ہے کہ
جس مین واقعات متعلقہ لوازم خدمت پٹواری
بابت اُس کے حلقہ روزمرہ کے لکھے جاتے ہین

روزنامچہ خاص۔ خاص ڈائری۔ سپیشل
ڈائری۔

روزنامچہ عام۔ عام ڈائری۔ جنرل ڈائری۔

روکڑ۔ نقدی۔ روپیہ پیسہ۔ زر نقد۔ دھن
دولت۔ نقد۔ نقد روپیہ۔ سکہ۔ ذخیرہ
جواہرات۔

روکڑ بکری۔ نقد کی بکری۔ وہ فروخت جو
نقد ہوئی ہو۔

روکڑ بہی۔ کیش بک۔ وہ بیاض جس مین
نقدی کا حساب کتاب درج ہو۔ آمدنی کی
کتاب

تشریح یہ اصل مین روزنامچہ کی نقل ہوتی
ہے اس کے لکھنے کا طریقہ بھی روزنامچہ جیسا
ہے صرف یہ فرق ہے کہ روزنامچہ مین تفصیلوار
اور روکڑ بہی مین خلاصہ۔ روزنامچہ مین
روز روز یا پندرھویں روز بدھ ہوتی ہے
اور روکڑ بہی مین مہینے در مہینے یا دوسرے
تیسرے مہینے۔

روکڑیا۔ خزانچی۔ گنجینہ دار۔ روکڑ منیم۔ فوطہ دار
تحویلدار۔ نقدی رکھنے والا۔

رول۔ فرد یادداشت۔ دفتر کی وہ فہرست
جس مین ترقی مدارج ومناصب کے واسطے
نمبروار نام لکھے ہوئے ہوتے ہین۔ قانون
ضابطہ۔ دستور۔ جدول۔ لکیر جو کتاب کے
حاشیہ پر کھینچی جاے۔ جدول کش لکیرین
کھینچنے کا گول ڈنڈا۔ انگریزی لفظ ہے

رونڈ۔ گشت۔ چوکی کا پہرا۔ چوکیدار یا سپاہی
کا پھرنا۔ پولیس کے کارندے یا افسر کا پھرنا۔
شب گردی۔ طلایہ۔ رات کا گشت۔ گشت
سپاہیوں یا چوکیداروں کا دورہ۔

تشریح یہ انگریزی لفظ راؤنڈ کا بگڑا ہوا ہے

رونڈ گشتی۔ شب گشتی۔ رات کا گشت۔

روونہ۔ چالان۔ نکاسی کی چٹھی۔ وہ کاغذ جس
پر مال کی تعداد اور لادنے والے کا نام مع
اسم جنس ومحصول درج ہو۔ بیجک۔ پروانہ
راہداری۔ اجازت نامہ۔ پروانگی۔

ریونیو افسر۔ فینانشل کمشنر۔ کمشنر۔ ڈپٹی
کمشنر۔ کلکٹر۔ اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول ودرجہ
دوم وغیرہ۔

رویت۔ دیکھنا۔ نظر۔ شکل۔ صورت جیسے
بولتے ہین گواہ رویت یعنی دیکھنے کے گواہ

روئداد۔ حالات۔ واقعات۔ بیان۔ کارروائی

مقدمہ حقیقت۔ ماتحت افسر کی رپورٹ جو
کسی مقدمے کی تحقیقات کے بارے مین ہو
(دیکھو روداد)

روئداد مثل۔ مثل کے واقعات۔ جو حالات
مثل مین ہون

روئداد مقدمہ۔ مقدمے کے حالات (دیکھو
روداد مقدمہ)

رہا۔ آزاد چھوٹا ہوا۔ واگذاشت۔ خلاص۔ بری
نجات یافتہ۔ چھٹکارا پایا ہوا۔ خلاص کیا ہوا۔
فعل مختار۔

رہا کرنا۔ چھوڑنا۔ کسی کو حاضر ضامنی پر رہا کرنا
یعنی ضمانت پر چھوڑ دینا۔ بری کرنا۔

رہائی۔ چھٹکارا۔ آزادی۔ مخلصی۔ نجات۔ خلاصی
بریت۔ واگذاشت۔ فراغت۔ چھٹی۔ معافی۔
چھوٹ۔

رہٹی۔ قسط۔ کچھ معمول باندھکر ادا کرنا۔
تشریح ایک قاعدہ ہے قرض دینے کا
اس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ رہٹ کے معنی قرض
کے ہین۔ اصل قرض پر سود مرکب رہٹ اور
گنبد کے مانند پھرتا ہے

رہٹی چلانا۔ بموجب قاعدہ رہٹی کے روپیہ قرض
چلانا۔

رہزن۔ ڈاکو۔ بٹمار۔ سودھاڑی۔ رہمار۔

رہزنی۔ قزاقی۔ بٹماری۔ ڈاکا۔

رہن۔ گرو۔ بندھک۔ گروی۔ کفالت۔ جاکڑ
رہان مقبوضہ۔ اس کی تین قسمین ہین (۱) جب
معمول ادائے سود کے واسطے ضمانت کافی
لی جاتی ہے اور زر اصل کسی مدت معین کے
اندر یکمشت ادا ہوکر شئے مرہونہ کے محاصل
سے مرتہن کی یافتنی سود کے بغیر عقبا وصول
ہوتا ہے وہ باستگی اصل مین شمار ہوتا ہے
اور اصل یا سود کے واسطے راہن ذمہ دار
نہین ہوتا (۲) قسم مین مرتہن کو شئے مرہونہ
پر دعوی ہونے کے سبب سے حسب معمول
ادائے سود کے واسطے ضمانت حاصل نہین
ہوئی اس مین ادائے اصل و سود کے واسطے
خود راہن ذمہ دار اور بعد انقضائے مدت
معینہ کے یکمشت وصول ہوتا ہے یعنی یا
تو راہن سے یا بذریعہ بیع شئے مرہونہ کے
دین رہن اول ادا کیا جاتا ہے (۳) قسم مین
نہ تو ادائے سود کی کوئی ضمانت ہوتی ہے اور
نہ راہن ادائے اصل و سود کا ذمہ دار ہوتا ہے
لیکن ادا نہ ہونے کی صورت مین ہمہ صورت
کل شئے مرہونہ راہن سے چھوٹ کر اس کی
حقیت عام مرتہن کو حاصل ہوتی ہے۔ دوسری
تقسیم رہن پانچ قسم پر ہے جیسے مفرد مرکب
وغیرہ جس کے کل بیان کو طوالت سمجھکر ترک
کر دیا گیا۔

رہن اجمالی۔ مشترک گرو۔ شراکتی گرو۔ مجمل رہن
تشریح اس مین ایجنٹ ملک الرہن کے راہنون

کے جو جرح کیا ہے جائداد پر نالش کر سکتے ہین

رہن ارضی - جب تک حکم عدالت یا منشائے قانون مانع نہ ہو مدیون یا اُس کے ذریعے سے دعویٰ کرنے والے بالفعل جس ارضی کے مالک ہین یا جس کی نسبت استحقاق مالکیت کا دعویٰ کر سکین ایسی ارضی کو حفظ دین کے گرو رکھنا - زمین کو گرو رکھنا -

رہن انتفاعی - جس مین مرتہن محاصل شے مرہونہ سے منتفع ہوتا ہے اس مین راہن روپیہ قرض لے کر دائن کو اپنی جائداد اسپرد کر دیتا ہے اور روپیہ ادا نہ ہونے کی حالت مین اُس کے منافع سے زر قرضہ کا سود یا بہ لحاظ اقرار ہر صورت خاص کے اصل سود بالکل وصول ہونے تک دائن دخل یاب رہ سکتا ہے - وہ گرو جس مین فائدہ پانے کی صورت ہو - وہ رہن جس سے وصلات حاصل ہو سیگفرس کی تشریح کے بموجب وہ رہن ہوتا ہے جس مین راہن قرض لیتا ہے اور اسی کے عوض مین اپنی زمین مرتہن کے پاس رکھ دیتا ہے جب تک اس کا قرض ادا نہین ہوتا تب تک مرتہن رہن پر قابض رہتا ہے - اور اس سے فائدہ اُٹھاتا ہے اور یہ ٹھوک بندی سے کسی قدر مشابہ ہے - وہ رہن جو قرض کے عوض رکھا جاتا ہے جب تک معروض کا قرض ادا نہ ہو وہ رہن رہتا ہے - معاملہ بھی روپیہ والا دیتا ہے -

تشریح اس کی دو صورتین ہین (۱) رہن کل حقیت راہن (۲) رہن میعادی - اس کا ہی نسبتی ہے - انتفاع کا مادہ نفع ہے :

رہن انتفاع مفرد - اس مین اگرچہ مثل رہن مطلق کے جائداد مرہونہ ہوتی ہے لیکن مرتہن منافع کا متصرف ہوتا ہے اور زر ادا کرنے دین کی حالت مین جائداد مرہونہ نیلام کے لائق ہوتی ہے - اور نیلام کے وقت تک راہن فک الرہن کرا سکتا ہے - سادہ انتفاع رہن سکیفرس کے قانون کے بموجب یہ وہ رہن ہے جس مین کہ جائداد اگرچہ صرف گرو رکھی جاتی ہے جس طرح سے کہ خالص مفرد رہن مین تاہم مرتہن کو اس کی وصلات حاصل کرنے کا حق ہوتا ہے

رہن انتفاعی شرطی - مرتہن صرف دخل اور اخذ منافع کی اجازت پا کر بذریعہ منافع اور خزانہ کا متصرف ہوتا ہے یہ قسم ادائے دین تاریخ مشروطہ تک بہ نسبت متعاقدین مثل رہن انتفاعی مفرد کے ہے اور بعد ازان مثل بیع قانون کے وہ وصلات کے حاصل کرنے کا شرطی رہن - سکیفرس کے قانون کے بموجب وہ رہن ہے کہ جس مین مرتہن شرطی بیع کے حق سے جائداد کے وصلات حاصل کرتا ہے اور جائداد بالفور راہن صرف نفع اور لگان حاصل کرنے کے لیے مرتہن کے قبضہ مین

دیتا ہے - یا اسکو ایک پٹہ لکھ دیتا ہے -
رہن بلا قبضہ - آڑ رہن - ایسا رہن جسپر قبضہ نہو -
رہن بالکفالت یا بلا دخل - فرضی رہن -
فی سمی ار رہن شرطیہ رہن - دست بندک
اور رہن مطلق کے معنون مین بھی مستعمل ہے -
رہن بالمحاصل - وہ اصلاف حاصل کرنے کا رہن
رہن تحریری - وہ رہن جو لکھا ہوا ہو - وہ رہن جو
نوشت سے ہو جو رہن زبانی نہو -
رہن خالص - حقیقی رہن - اصل گرو -
رہن در رہن - گرو در گرو -
رہن متمادی - معینہ مدت تک کا گرو -
رہن مطلق - دست بندک - اسمین خود راہن
ادا کرنے اصل و سود کا ذمہ دار ہو کر بطور ضمانت
کے اپنی جائداد کو گرو رکھتا ہے - اس صورت مین
راہن کی حقیقت زایل ہوجاتی ہے لیکن وہ مرتہن
کو بھی حاصل نہیں ہوتی - (دیکھو دست بندک)
رہن مفرد - وہ رہن جو مرکب نہو - **تشریح** اسکی تین قسمین ہین
(۱) رہن انتفاعی (۲) مطلق (۳) شرطی کرا
قبالہ بیع بالوفا -
رہن منفصلی - رہن فقط ادائے دین کی ضمانت
پر متصور ہوتا ہے -
رہن نامہ - اسمین ہر نوشتہ داخل ہے جو شہادت
مکفولی جائداد واسطے حفاظ ین ہو - او نوشتہ
شہادت مکفولی جائداد برائے حفظ رہن -
گرو کا تحریری اقرار نامہ -

رہن نامہ بیع بالوفا - شرطیہ رہن نامہ -
رہوا - نوکر - غلام - مفلس - نادار - جو خاندان
مین آ جاوے اور قبول ہو کر رکھا جاوے -
ریاست - سرداری - افسری - امارت - عالی جونکی
عالی ہمتی - حکومت - عملداری - راج - (دیکھو راج)
ریاست جمہوری - وہ سلطنت جسمین بادشاہ مطلق
العنان نہو ایسی ریاست جسمین رعایا قانون مین رائے
دینے کی مجاز ہو - اور کوئی بات خلاف قانون
نہو وے - ایسی سلطنت جسمین رعایا کو اپنا بادشاہ
آپ تجویز کرنے کا اختیار حاصل ہو جیسے امریکہ کی
ایک سلطنت جسکے مقدمات متنازعہ اور فیصلہ جات
کثرت رائے کونسل پر مبنی ہوں -
ریاست غیر - حسب ایکٹ ۱۸ ہجری اشخاص
اس سے مراد ہر شخص یا اشخاص جو اختیارات
حکومت کسی ملک یا نو آبادی یا صوبہ یا رعایا
بیرون حدود برٹش انڈیا رکھتے ہوں یا جنہیں
کا التزام کریں -
ریب - شک - شبہ - دبدھا -
تشریح - یہ لفظ لا کے ساتھ اردو مین مستعمل
ہے جیسے لاریب یعنی بے شک -
ریت - رسم - رویہ - قاعدہ - قومی قانون -
روش - برتاؤ - رواج - معمول - دستور
ضابطہ - طور طریق - بیشرع نگان - پڑتا -
بیوہار - لین دین - (دیکھو رسم)
ریت رسم - قانون و قاعدہ - طور طریق -

تشریح - اگرچہ یہ دونو لفظ ایک ہندی ایک عربی خلاف قاعدہ باہم مرادف ہیں مگر اس موقع پر ایک خاص رسم ہوگیا ہے۔

ریتی - ریتلی زمین - دریا کے کنارہ کی ریت والی زمین

ریٹ - ایک پونڈ یا ۴۰ تولہ کا ہوتا ہے۔ پارسلوں وغیرہ کے وزن کے واسطے کام آتا ہے۔

ریٹ وجبوب - اس سے ایسے ریٹ وجبوب مراد ہیں بالاصل مالکان زمین کی طرف سے واجب الادا ہوں اور اور اسمیں ریٹ اور جبوب ذیل داخل ہیں - یعنی (الف) وہ لوکل ریٹ اگر کوئی ہو جو پنجاب کی لوکل ریٹ کے ایکٹ کے روے سے واجب الادا ہے اور کوئی ایسا زرفیس جو مالکان زمین سے بروے ایکٹ مذکور کے ان کاموں کو استعمال میں لانے یا نفع لینے کے لئے واجب الوصول ہیں - جس کی تصریح ایکٹ مذکور میں کی گئی ہے اور (ج) کوئی ایسا سالانہ ریٹ جو مالکان زمین سے شمالی ہند کی نہروں اور پانی کے نکاس کے ایکٹ کے روسے سے قابل وصول ہیں - اور (د) حق ذیلداری اور جبوب عہدہ داران دیہی اور (ہ) وہ رقوم جو اخراجات دیہی کی بابت واجب الادا ہوں۔

ریڈ ائرکٹ - جو تقاضیات دفتر میں پہنچکر پھر دوسرے مقام کو بھیجے جاتے ہیں۔

ریزگاری - خردہ - روپیہ کے حصے جیسے دونی چونی وغیرہ۔

ریزگی - چھٹن کترن - پنجابی ہیں - ریزگاری (دیکھو ریزگاری)

رئیس - سردار - معزز - امیر - پیشوا - چودھری -

مقدم۔ فرمان روا۔ نواب۔ راجہ۔ باشندہ ساکن۔ رہنے والا۔ شاہزادہ جنٹلمین۔ شہری۔

رئیس خود مختار۔ وہ رئیس جو بذات خود آزاد اور حکمران ہو۔ وہ رئیس یا امیر جو کسی سلطنت کے زیر فرمان نہو۔

ریع۔ شرح۔ شرح محصول۔ مقررہ شرح جس کے حساب سے کسی گانون وغیرہ کی زمینون پر محصول لیا جاے۔ نرخ۔ عام نرخ

ریع بندی۔ نقشہ شرح لگان۔ وہ نقشہ جس مین لگان کی شرح اور زمین کی صفت درج ہو فہرست نرخ۔ وہ لسٹ جس مین مختلف اراضی ضلع کے نرخ درج ہون۔

ریفیوزڈ۔ انکاری۔

تشریح۔ یہ لفظ عموماً ڈاک خانے والے استعمال کرتے ہین۔

ریکان۔ وہ زمین جو دریا کے پانی کی پہونچ سے باہر ہو۔

رکین کرنی۔ ایک محصول کی شرح جو کہ زمینون پر ان کی فی بگھہ پیداوار کے حساب سے لگایا جاتا ہے۔

ریلوے۔ اس سے وہ مراد ہے جو واسطے سواری عام مسافرون یا مال کے مستعمل ہوتی ہے اس مین اشیاے ذیل شامل مین۔ تمام اراضی جو ان باڑون یا ان علامات حدبندی کے اندر ہون جو ایکٹ ریلوے کی رو سے مقرر ہوے ہون۔ ریلوے کی تمام لائن یا اطراف یا شعبہ جن پر ریلوے کی اغراض یا اُس کے متعلق اغراض کے لیئے انجن چلتا ہو تمام سٹیشن اور دفترخانے اور گودام اور زمین سے پیوستہ کلین اور مزدور کارخانہ جات جو ریلوے کی اغراض یا اُس کے متعلق اغراض کے لیئے بنائے گئے ہون۔ تمام مرکب اور پٹری جو ریلوے کے کارخانے جاری رکھنے کے واسطے مستعمل ہوتے ہین۔ لفظ ریلوے مین باڑھ و حدبندی و نشانات دیگر نوع ولائنہا و شعبہ ہا و اطراف ریل و عام گودام و اسٹیشن داخل ہے۔ ریل کی سڑک۔

ریلوے کمپنی۔ ریلوے کمپنی سے الفاظ وقت ہر ریلوے یا ٹراموے واقع اُس قلمرو کے مراد ہین جو ادروے باب ۱۰۶ ایکٹ آف پارلیمنٹ مجریہ ۲۱ و ۲۲ سنہ جلوسی ملکہ معظمہ وکٹوریہ (موسومہ قانون بغرض احسن انتظام ہند) یا جو آیندہ ایکٹ مذکور کے بجاے نافذ ہو ملکہ معظمہ یا اُن کے جانشینون کے قبضہ اقتدار مین ہے یا اُن عملداریون کے اندر ہو جن کا رعایا برٹانیہ سے علاقہ ہے۔ واقع قلمرو والیان و ریاست ہاے ایسٹ انڈیا جو ملکہ معظمہ یا اُن کے جانشینون سے رابطہ اتحاد رکھتے ہون۔ اور بغیر مالکان مذکورہ۔ اجارہ داران

اور قائم مقامان اور مقبوضان انہیم مراد ہین۔

ریمانڈ۔ واپسی

تشریح۔ واپسی اس کا استعمال عموماً فوجداری وغیرہ کے مقدمات مین ہوتا ہے جو پولیس کی جانب سے کسی مجسٹریٹ کی خدمت مین اسامی کی زیادہ تفتیش کے لیئے مہلت لی جاتی ہے۔ اس لیئے کہ اہل پولیس تو بلا اجازت مجسٹریٹ مقررہ وقت سے زیادہ اسامی کو زیر حوالات رکھ نہین سکتے اور اسامی زیر تفتیش ہوئی تب ریمانڈ کی ضرورت پڑتی ہے

ز

زانی۔ زناکار مرد۔ بدکار مرد۔ حرام کار مرد فاجر۔ فاسق۔ بدراہ۔

زانیہ۔ زناکار عورت۔ چھنال۔

زائد۔ زیادہ۔ فضول۔ بہت بڑھا ہوا۔ بچا ہوا۔ فضلہ۔ بڑھنے والا۔ ترقی۔ افزونی اضافہ۔ بے فائدہ۔

زائد المیعاد۔ جس کی میعاد گذر چکی ہو

زائل۔ زوال قبول کرنے والا۔ گھٹنے والا۔ دور ہونے والا۔ جاتا رہنے والا۔ کم ہونے والا۔ ضایع ہونے والا۔

زبان۔ بولی۔ نشان۔ بول چال۔ گویائی کہنا۔ نطق۔ بھاکا۔ محاورہ۔ بات۔ بیان اقرار۔ گفت وگو۔ قول۔ بچن۔ وعدہ۔

زبان بندی۔ اظہار۔ شہادت۔ گواہی ایک تحریری شہادت۔ اظہار حلفی۔ حلف حلف نامہ۔ خاموشی۔ سکوت۔ زبان باندھنا

زبان دراز۔ بیہودہ گو۔ بدگو۔ یاوہ گو۔ زیادہ گو۔ بے محابا کہنے والا۔ گستاخ۔ بیباک۔ دلیر منھ پھٹ۔ بدلگام۔ منھ چھٹ۔

زبان درازی۔ بیہودہ گوئی۔ گستاخی۔ بدلگامی۔ دشنام دہی۔ فحش بیانی۔ بدزبانی۔

زبان دینا۔ قول ہارنا۔ بچن ہارنا۔ اقرار کرنا۔ عہد کرنا۔ وعدہ کرنا۔

زبانی۔ تقریری۔ بلاتحریر۔ غیر نوشتہ۔ منھ سے کہی ہوئی۔ سماعی۔ سنی سنائی۔ منقول۔ ظاہری۔ اوپری بناوٹ کی۔ زبان سے

زبردست۔ بلوان۔ طاقت ور۔ بلی۔ بلونت توانا۔ شہ زور۔ غالب۔ مضبوط۔ قوی۔ پکا پختہ۔ کامل فن۔ مستحکم۔ استوار۔ ذی مقدور۔ مقدرت والا۔ سینہ زور۔ دست دراز۔ جابر۔ ظالم۔ زور آور۔

زبردستی - جبر - دھینگا دھینگی - زیادتی - سینہ زوری - ظلم - تعدی - خلاف مرضی - سرزوری - ناحق - بیجا - ناراستی - زور - زور آوری - خلاف مرضی کوئی کام لینا - جبر سے - دباؤ سے - چھین جھپٹکر - بے سبب - یون ہی -

زجر - بازداشت - روک - ڈانٹ - ہکی - تنبیہ - گھرکی - ملامت - ڈپٹ - جھڑکی -

زجر و توبیخ - ڈانٹ ڈپٹ - لعنت ملامت - جھڑکنا - دھتکارنا - ہد - دور دور -

زخم - ریش - گھاؤ - جراحت - چوٹ - نقصان - خسارہ - ٹوٹا - ضرر -

زخم خفیف - ہلکا زخم - تھوڑا زخم -

زخم کاری - زخم مہلک - زخم جاں ستاں - سخت زخم - زخم کاری - گہرا گھاؤ -

زخمی - گھایل - مجروح - جراحت رسیدہ - چوٹ کھایا ہوا -

زد - مار - نشانہ - چوٹ - ضرب - ہدف - آماج - صدمہ - نقصان - ضرر - خسارہ - ٹوٹا - ڈھپ - داؤ -

زد و کوب - مار پیٹ - مار کٹائی - جنگ و جدل - ہنگامہ - لڑائی -

تشریح شرح ہلاکشو صاحب مین لکھا ہے کہ عمداً غصہ سے دوسرے کے جسم کو ذرا سا بھی چھو لینا زد و کوب میں داخل ہے کیونکہ قانون مین سختی کے مختلف درجون مین تمیز نہین ہوسکتی -

زر - دھن - دولت - روپیہ - سونا - نقدی - نایہ - طلا - ذہب - روپیہ - پیسہ - مال و متاع - ایسی چیز ہے جو کہ تجارت مین بطور وسیلہ تجارت کے جاری ہے عام اس سے کہ وہ دھات ہو یا کاغذ یا دانہ یا کوڑی -

زر اصل - مول - سرمایہ - وہ رقم جو اول کام مین لگائی جاوے - وہ روپیہ جو قرض دیا جاوے - وہ اصلی رقم جس سے سود حاصل ہوتا ہے

زر امانت - سپرد کیا ہوا روپیہ - سونپی ہوئی پونجی - کسیکے اعتبار پر رکھی ہوئی مایہ -

زر باچھ - وہ ہے جو نمبردار پیداواران سے بموجب مندرجہ کھیوٹ وصول کرتے ہین اور کبھی کبھی کاشتکار بھی حسب تجویز صاحب بند و بست شریک باچھ کے ہوتے ہین

زر باقی - بقایا - وہ روپیہ جو وصول ہونے سے باقی رہگیا ہو - زر بقایا - وہ زر جو کسیکے ذمہ کھڑی ہو - زر قابل وصول -

زر بیج - لگان - کمایہ کا روپیہ - کرایہ -

معاملہ - کرایہ زمین - (دیکھو لگان) -

زر بیعانہ - سائی - وہ روپیہ جو سودا پختہ کرنے کے واسطے بطور پیشگی بیچنے والے کو دیا جاوے - وہ روپیہ جو بائع کو بیع پختہ کرنے کی بابت منجملہ قیمت کے دیا جاوے -

زر پرست - جامع زر - کمینہ - پاجی - خسیس - کنجوس - تنگدل - زر دوست - روپیہ پر بکا ہوا -

زر پیشگی - وہ روپیہ جو کسی چیز یا قیمت کے عوض مین قبل از وجوب دیا جاوے - چڑھاؤ - پٹر ہتا روپیہ -

زر تاوان - ڈانڈ - جرمانہ - جرمانہ کا روپیہ
زر تعزیر - سزا کا روپیہ -

زر توفیر - کثیر روپیہ - زیادتی بچت - زائد فاضل - فالتو - بالائی یافت - زر افزونی

زر ثمن - معقول زر - واجبی زر - وہ روپیہ جو اسباب کے نیلام مین جمع ہو -

زر ڈگری - وہ رقم جسکی ڈگری ہوئی ہو - ڈگری کا روپیہ -

زر رہن - گرو کا روپیہ - گروی کا روپیہ -

زر سود - سود کا روپیہ - بیاج کا روپیہ -

زر سرخ - طلا - سونا - خالص سونا - اشرفی -

زر ضامنی - ضمانت کا روپیہ - ضامن ہونے کا روپیہ -

زر علیہ نقد یا مالگزاری - اسمین وہ شے داخل ہے جو بابت کسی حق یا استحقاق یا منصب یا خدمت کے منجانب گورنمنٹ واجب الادا ہو -

تشریح - یہ لفظ عموماً پنشن کے زر پر بولتے ہیں -

زر فاضل - زائد روپیہ - (دیکھو زر توفیر)

زر قلب - کھوٹا سونا - ناقص سونا کھوٹا روپیہ

زر کمیشن - ایک نذرانہ بعوض خدمت ہے

تشریح - زر قانوناً منجانب گورنمنٹ مقرر ہے مختلف اہلکاران کے واسطے مختلف زر کمیشن مقرر ہے -

زر لگان - ہل پڑتہ - زمین کا مقررہ خراج - وہ روپیہ یا جمع جو بندوبست کے بعد تشخیص کر کے زمین پر لگے - مالگزاری - جمع مشخصہ تعداد و مقدار جمع مالیہ - (دیکھو زر بیع)

زر مالگزاری - زر معاملہ - سرکاری خراج کا روپیہ -

زر مطالبہ - بقایا واجب الادا - سرکاری روپیہ - مواخذہ طلب روپیہ -

زر ہرجہ - زر خسارہ - زر لوٹا - زر نقصان

زر یافتنی - قابل وصول زر - وہ روپیہ جو پانے کو ہو -

تشریح - اسمین بی لیاقت کی ہے ۔

پاٹھن بمعنی پانے کے بعد لگائی گئی ہے۔

زرخیز۔ زرریز۔ پیداوار کی زمین۔ حاصل۔ سیراب۔ شاداب۔

تشریح یہ ظرف مکان مرکب ہے جو اسم زرا و رامز سے مرکب ہے۔

زردار۔ مال دار۔ دولت مند۔ امیر۔ تونگر زر رکھنے والا۔

زراعت۔ کشت۔ کھیتی۔ باڑی۔ کشت کاری۔ بونا۔ جوتنا۔ کشاورزی۔ فصل۔ کھڑی فصل۔ بویا ہوا کھیت۔ کاشت کاری۔ جو زمین بوئی جائے۔

تشریح یہ لفظ اصل مین زرع ہے اہل فارس نے اس مین تصرف کرکے زراعت کر لیا ہے۔

زراعت پیشہ۔ کسان۔ کاشت کار۔ کھیتی کرنے والا۔ زمین دار۔ مزارعہ

زراعتی۔ زمین قابل کاشت کاری۔ وہ زمین جو بونے جوتنے کے لائق ہو۔

تشریح اس مین ی نسبتی ہے جو زراعت کے آخر مین لگائی گئی ہے۔

زرہ۔ چلتا۔ جوشن۔ بکتر۔ لڑائی کی ایک پوشاک کا نام ہے جو لوہے کی کڑیون سے بنی ہوئی ہوتی ہے

زکوۃ۔ خیرات۔ دان پُن۔ ایک حصہ مسلمانون کی جائداد کا جو مطابق حکم قرآن دیا جائے

زمانہ۔ حرکت فلکی کی مقدار۔ وقت۔ سماں۔ کال۔ عصر۔ ہنگام۔ عرصہ۔ مدت۔ وقفہ۔ میعاد۔ رُت۔ عہد۔ قرن۔ دور۔ دنیا۔ خلائق

تشریح یہ لفظ اصل مین عربی کے زمن سے اہل فارس نے اپنے ڈھنگ پر زمانہ بنا لیا ہے۔

زمانہ عدت گنتی کا وقت۔ وہ مدت کہ جس مین عورت بعد طلاق کے دوسرے شوہر کو نہ کر سکے۔ حاملہ کے واسطے زمانہ عدت مدت وضع حمل ہے۔

زمین۔ ارض۔ بھوم۔ بھومی۔ دھرتی۔ وہ خاکی کرہ جس پر ہم لوگ رہتے ہین۔ غزل کی ردیف قافیہ وزن۔ دنیا۔ جہان۔ عالم۔ ستسار۔ تختہ۔ خطہ۔ ولایت۔ ملک۔ دیس۔ خاک مٹی۔ ڈھول۔ گرد۔ بنیاد۔ جڑ۔ نیو۔ تہ۔ طبقہ۔ تلا۔ نیچے کا حصہ۔ ارضی۔ کھیت۔

تشریح کھتونی مین مفصلۂ ذیل اقسام زمین درج ہوتی ہین (۱) غیر ممکن (۲) بنجر قدیم (۳) بنجر جدید (۴) چاہی (۵) نہری (۶) آبی (۷) سیلاب (۸) بارانی (دیکھو ارضی)

زمین اُفتادہ۔ پڑی ہوئی زمین۔ بنجر زمین
چھوڑی ہوئی زمین۔ بن بوئی زمین (دیکھو
زمین غیر مزروعہ)

زمین خراجی۔ وہ زمین جس کا معاملہ ادا
ہوتا ہو۔

زمین خالصہ۔ بادشاہی زمین جس پر
معاملہ نہو گو بمنزلۂ لاخراج زمین۔

زمین غیر مزروعہ۔ ممکن الزراعت بنجر۔
پڑتی۔ زمین اُفتادہ۔ وہ زمین جو زراعت
نہ کی جاے

زمین مرہونہ۔ رہن رکھی گئی زمین۔ وہ زمین
جس کی نسبت راہن نے لگان نقد مرتہن
کو دینا کیا ہو

زمین مزروعہ۔ بوئی ہوئی زمین۔ زراعت
شدہ زمین۔ نقیض غیر مزروعہ۔ (دیکھو
غیر مزروعہ)

زمین دار۔ کسان۔ دہقان۔ کھیتی باری
کرنے والا۔ ہل جوتا۔ جاگیردار۔ مالک اراضی
مرزبان۔ قابض زمین۔ زمین رکھنے والا۔
اس کے معنی معین نہین ہین علی العموم زمین
کا مالک اس سے مفہوم ہوتا ہے مگر بعض
اوقات غلط فہمی سے تمام محال کا کل حق
اس کے ساتھ بالضرور متخیل ہوتا ہے۔ اس
سے وہ بالاتر شخص مقصود ہوتا ہے جس نے
معاہدہ مال گذاری سرکار سے کیا ہو۔ یہہ
تعریف ایکٹ ترقی حیثیت اراضی مین لکھی
ہے اور ایکٹ پرتہ ملک پنجاب مین لکھا ہے
کہ زمیندار سے مراد وہ شخص ہے جو قابض
و ذمہ دار ادائے مال گذاری ہو۔ اور حسب
ایکٹ محصول ملکی غربی و شمالی زمیندار سے
مراد شخص ذمہ دار ادائے مال گذاری سرکار
یا معافیدار و نذرانہ دار یا قابض اراضی ہے
جس کی اراضی چھوڑ دی گئی یا خرید لی گئی
یا منقطع کرالی گئی یا منتقل کرادی گئی ہو اور
حسب ایکٹ ۱۸۷۳ء ممالک مغربی و شمالی
زمیندار وہ شخص ہے جس کو اسامی لگان
دینے کی مستوجب ہے۔

زمیندار ہم سوانہ۔ وہ زمیندار جس کی اراضی
کی حدود باہم ملتی ہوں۔

تشریح۔ ہم کے معنی آپس مین یہ حرف
عطف ہے جو شمولیت کے معنی دیتا ہے۔
زمیندار کی تشریح لفظ زمیندار مین موجود
ہے اور سوانہ کے معنی حدود سرحد مین

زمیندارا۔ دیہات۔ مالکانہ حق زمینداری
کارخانہ زمینداری فعل زمینداری۔

زمینداری۔ کسان پن۔ جاگیرداری۔ پٹی
داری۔ میراث۔ التمغہ۔ وہ ملکیت ہے جب
کہ جائداد از روے تعلقہ جات غیر منقسم ہو
اور لگان اسامیوں سے لے کر شامل پیدا
وار سوائی کے یک جا کیا جاے اور بعد ادا

مال گذاری سرکار منافع از روے کسی قانون معروف کے تقسیم کیا جاے۔
زمینداری غیر مکمل۔ وہ زمینداری جو کامل اور پورے طور پر ہو۔ ناقص زمینداری۔
زمینداری مکمل۔ کامل اور پوری زمینداری وہ زمینداری جو ناقص ہو۔ غیر مکمل زمینداری کی نقیض۔
زن مدخولہ۔ گھر مین ڈالی ہوئی عورت وہ عورت جو بمرضی خود بلا وساطت والدین نکاح کرلے۔ حرم۔ نکاحی۔ لفظی ترجمہ اس کا داخل کی گئی عورت۔ بعض کہتے ہین اس کے معنی ہین وہ عورت جس کے ساتھ دخول تک نوبت پہونچ چکی ہو۔
تشریح مدخولہ صیغہ اسم مفعول کا ہے۔ اس کا مصدر دخول دخل ہے۔ یہ صیغہ اُس وقت مونث کے واسطے مستعمل ہوا ہے اور ۃ اس مین علامت تانیث ہے۔
زن منکوحہ۔ نکاحی بیوی۔ وہ عورت جو نکاح کی گئی ہو۔ کری ہوئی۔ کی ہوئی عورت۔ بیاہتا بیاہی وہ عورت جس کی شادی حسب شرائط شرع محمدی ہوئی ہو۔ کتخدا عورت۔ حرم۔
زنا۔ حرام۔ چھنالا۔ بدکاری۔ کسی کی جورو یا مملوکہ یا غیر عورت سے صحبت کرنا۔ کسی کی جورو کے ساتھ جماع کرنا۔ حرام کاری شرح بلاکسٹو صاحب مین لکھا ہے کہ زنا دوسرے کی زوجہ سے مع بابانہ صحبت کرنا ہے۔ غیر منکوحہ عورت سے بلا رضامندی ایسا جماع کرنا جو جرم زنا بالجبر کی حد تک نہ پہونچتا ہو
زنا بالجبر۔ زبردستی حرام کرنا۔ کسی عورت سے اُس کی مرضی بغیر حرکت ناشایستہ کرنا۔ جبراً زنا۔ عورت کی مرضی بغیر زنا۔ سوائے مفصلہ ذیل صورتون کے جو مستثنی کی گئی ہین ایسے حالات مین جو ذیل کے لکھی ہوئی پانچون قسمون مین سے ایک مین داخل ہین کسی عورت سے جماع کرنا زنا بالجبر ہے۔ (۱) عورت کی مرضی کے خلاف (۲) عورت کی بلا رضامندی۔ (۳) عورت کی رضامندی کے ساتھ جب کہ اُس کی رضامندی ہلاکت یا تخویف کی غرض سے حاصل کی گئی ہو (۴) عورت کی رضامندی کے ساتھ جب کہ مرد یہ جانتا ہو کہ وہ اس عورت کا شوہر نہین ہے اور یہ کہ عورت کی جانب سے وہ رضامندی اس نظر سے کی گئی ہے کہ وہ باور کرتی ہے کہ یہ مرد وہی مرد ہے جس کے ساتھ ازدواج جوازاً ہوا ہے یا جس کے ساتھ وہ ازدواج جوازاً ہونا باور کرتی ہے (۵) عورت کی رضامندی کے ساتھ یا اُس کی بلا رضامندی جب کہ اُس کی عمر بارہ برس سے کم ہو۔
تشریح پہلے دس برس کی عمر کی قید تھی اب ترمیم ہو کر بجاے دس برس کے بارہ

برس قرار پائے ہیں

زناشوئی - لفظی ترجمہ اس کا زنا دھونا ہے اصطلاح میں یہ ایک قسم کی نالش ہوتی ہے جو عورت کے ولی مجاز کی جانب سے زانی کے نام پر دائر کی جاتی ہے جس کی ڈگری ہونے سے کچھ نقدی زانی سے مستغیث کو دلوائی جاتی ہے۔

زناکاری - حرام کاری۔ بدکاری۔ فسق وفجور۔ زنا کا فعل۔

زنانہ - زنخہ۔ مخنث۔ ہجڑا۔ وہ مرد جو عورتوں کی سی حرکتیں کرے۔ پردہ نشین عورتوں کے رہنے کا مکان۔ حرم سرا۔ نامرد۔ ڈھیلا سُست۔ زن صفت۔ بزدل۔ خوجہ۔ عورت سا۔ ناچنے والا لڑکا۔

زنجیر - حلقہ در۔ کنڈلی۔ سانکل۔ سنگل۔ سلاسل۔ جولان۔ بیڑی۔ لڑی۔ سلسلہ۔ گلے کی زنجیر۔

زندان - جیل۔ قید خانہ۔ محبس۔ بندی خانہ۔ جبن۔

تشریح غلطی سے لوگ اس کو جیل خانہ کہہ دیتے ہیں حالانکہ جیل کے ساتھ خانہ لگانے کی ضرورت نہیں۔ جیل خود ظرف مکان ہے۔

زوائد - فضول۔ زیادہ۔ بڑھتی۔

زوج - جفت۔ جوڑا۔ جٹ۔ خاوند۔ جورو۔

وہ عدد جو کسر کے بغیر تقسیم ہو سکے۔

زوجہ - جورو۔ بیوی۔ گھر والی۔ استری۔ بہو۔ اہلیہ۔ حلیلہ۔ منکوحہ۔

زوجہ مطلقہ - طلاق دی ہوئی عورت۔ وہ عورت جو خاوند نے چھوڑ دی ہو۔

زوجۂ منکوحہ - وہ عورت جس کی شادی حسب شرع محمدی ہوئی ہو۔ کتخدا شدہ عورت۔ بیاہی ہوئی عورت۔ حرم۔

تشریح زوجہ کے معنی عورت منکوحہ اسم مفعول مونث کے واسطے مستعمل ہوتا ہے اس کا مصدر نکاح ہے۔

زوجہ ہم عصر - سوتن۔ انباغہ۔ سوکن۔ خاوند کی دوسری بیوی۔ سوت۔ ہم نوبت۔

زہر - بس۔ سم۔ وہ چیز جس کے کھانے سے روح کا مزاج فاسد ہو کر ذی روح مر جاتا ہے۔ مُضر۔ بے مزہ۔ ایک عرق جس کے لگنے سے انسان مر جاتا ہے۔ سنکھیا۔ سم الفار۔

زہر ہلاہل - مار ڈالنے والا زہر۔ قتل کنندہ زہر۔ جان لینے والا زہر۔

زہر خورانی - زہر کھلانا۔

زیادتی - کثرت۔ افراط۔ بہتات۔ افزونی۔ شدت۔ ظلم۔ جبر۔ زبردستی۔ غلبہ۔

زیادتی کرنا - جبر کرنا۔ سختی کرنا۔ ظلم کرنا۔ زبردستی کرنا۔ تعدی کرنا۔

زیادہ حد ادب - دعائے خاتمہ

تشریح عرضی یا عریضہ کے بعد بطور خاتمہ اس لیئے لکھتے ہین کہ اب مین حد ادب پہ اس کا خاتمہ کرتا ہون۔

زیادہ خیریت ہے۔ خاتمہ خط یعنی باقی خیریت ہے۔ آگے خیریت ہے۔ بس اب خیریت ہے

تشریح اب نئے تعلیم یافتہ ایسے الفاظ کا استعمال نہین کرتے۔ یہ پرانی تحریرات کا لفظ ہے۔

زیادہ ستانی۔ زیادہ طلبی حصول بالجبر سرکاری اجازت یا معمول سے زیادہ لے لینا۔ مراد رشوت۔ اپنے حق سے زیادہ لینا۔ آمدنی سے بڑھ کر لینا

زیان۔ سود کا نقیض۔ نقصان۔ خسارہ گھاٹا ٹوٹا۔ ضرر۔ بربادی۔ تباہی۔

زیان بے جا۔ وہ زیان مال ہے جو بیجا وسائل سے کیا جاے اور شخص زیان اٹھانے والا اُس مال کا قانوناً مستحق ہو۔

زید۔ ایک فرضی نام جیسے عمر و خالد۔ واید وغیرہ جو عربی فارسی اور اُردو قانون مین مثال دینے کے لیئے مستعمل ہوتے ہین انگریزی مین جان۔ ٹامس۔ نوکس۔ وغیرہ کا استعمال ہوتا ہے۔

زیر۔ بالا کا نقیض۔ نیچے۔ تحت۔ پائین۔

زیر احکام۔ موافق احکام۔ باعتبار احکام مطابق احکام۔

زیر بار ہونا۔ قرض کے نیچے دبنا۔ صرف مین دبنا۔ مقروض ہونا۔ قرض مین گھرنا

زیر باری۔ خرچ کی زیادتی۔ مقروض ہونا قرضداری۔ دین داری۔

زیر تجویز۔ زیر حکم۔ غور مین کسی معاملہ مین فکر کرنا جس کی بابت غور کیا جارہا ہو۔ زیر فیصلہ۔ غور طلب۔ متعلق۔

زیر تحقیقات جس کی تحقیقات ہو رہی ہو۔

زیر حراست۔ جو حراست اور پہرے مین ہو جو حوالات مین ہو۔

زیر حکومت۔ ماتحت۔ رعیت۔ زیر فرمان زیر امر۔

زیردست۔ ماتحت۔ زبردست کا نقیض غریب۔ کم زور۔ کم طاقت

زیر دفعہ موافق دفعہ۔ مطابق دفعہ۔

زیر و زبر کرنا۔ تہ و بالا کرنا۔ اُلٹ پلٹ کرنا تباہ و برباد کرنا

زیور۔ گہنا پاتا۔ ٹوم۔ چیز۔ رقم۔ زیب و زینت زیبائش۔ آرایش۔ بناو سنگار۔

ژ

ژاژ - بیہودہ بات - بے فائدہ بات - لغو بات - ایک خاردار درخت کا نام بھی ہے
ژاژخا - بیہودہ گو - بکواسی -
ژاژخائی - بیہودہ گوئی - بکواس -
ژالہ - تگرگ - اولا - پتھر - بجری -
ژالہ باری - اولوں کی بارش - اولے پڑنا ژالہ زدگی -
ژالہ زدگی - (دیکھو ژالہ باری)

س

سابر - بارہ سنگھا - گوزن - ایک قسم کا ہرن بارہ سنگھے کا چمڑا - وہ سفید یا زرد رنگ کا چمڑا جو ہرن یا بارہ سنگھے کی کھال سے تیار کیا جاتا ہے نقب زنی کا آلہ - کول لگانے کا ہتھیار - سابل
تشریح اس کی رسم خطی میں اختلاف ہے زیادہ سابل مشہور ہے جس کے معنی آلہ نقب کے ہین (دیکھو سابل)
سابعاً - ساتوین دفعہ
سابق - اگلا - پہلا - اول - اگلے وقت کا - سبقت لے جانے والا - بڑھا ہوا - سبق دینے والا - استاد - خلیفہ -
تشریح خلیفہ کے معنون مین صرف فارسی ہی مین آیا ہے -
سابق الذکر - متذکرہ بالا - جس چیز کا اوپر ذکر ہوچکا ہو - مزبورہ - مذکورہ - مسطورہ لکھا ہوا - جس کا ذکر پہلے ہوچکا ہو - مذکورۃ الصدر -
تشریح مزبورہ کی رسم خطی مین اختلاف ہے بعض ز سے اور بعض ذ سے لکھتے ہین مگر ز سے افصح ہے اس لئے کہ زبر بمعنی اوپر سے اسم مفعول ہے -
سابقہ - پہلا - اگلا - اگلے زمانے کا - اگلی بیوی پہلی بیوی - قدیم جان پہچان - اگلی ملاقات واسطہ - معاملہ - کام - جیسے خدا ان سے سابقہ نہ ڈالے
سابل - ایک آلہ جس سے نقب لگایا جاتا ہے بعض اس کو سابر بھی کہتے ہین -

ساتھ پھیرے - سات طواف جو آگ کے گرد کیئے جاتے ہین۔ وہ طواف جو دولہا دُلھن بوقت شادی کے کرتے ہین اور اس سے عقد بندھنا مراد ہوتی ہے۔ وہ سات چکر جو شادی مین کرتے ہین۔ یہ ہندو لغت ہے۔

ساچق - رسم حنابندی۔ وہ معمولی رسم جو شوہر کی جانب سے شادی سے پہلے ادا کی جاتی ہے جس مین پارچات وغیرہ اسباب شامل ہوتا ہے۔

تشریح صحیح بکسر جیم فارسی ہے۔

ساخت نمک - اس مین اُس نمک کا علی حدہ کرنا یا صاف کرنا جو شورے کی ساخت سے نکلے ونیز علی حدہ کرنا نمک مٹی سے یا در شے سے اس طور پر کہ اُس سے پھر کھانے کا نمک پیدا ہو۔ اور کھودنا یا نکالنا قدرتی نمک کا کان سے یا خود بخود جم جانا نمک کا بھی داخل ہے۔ اس مین اُس نمک کا علی حدہ یا صاف کرنا داخل ہے جو شورے کی ساخت سے نکلے اور علی حدگی نمک از گل یا ریگ سے اس طور پر کہ نمک خوردنی پیدا ہو۔

ساختہ - بنایا ہوا۔ گھڑا ہوا۔ مصنوعی۔ جھوٹا۔ نقلی۔ اصلی کا نقیض۔ جعلی۔ بناوئی۔

ساختہ پرداختہ - کیا ہوا فعل۔

سادسا - چھٹی دفعہ۔

سادہ - کورا۔ صاف۔ بھولا۔ سیدھا۔ بے وقوف۔ سادہ لوح۔

سادہ کاغذ جس پر لکھا ہوا نہو۔ وہ کاغذ جس پر اسٹامپ نہ لگا ہوا ہو۔ بن لکھا۔

سارٹنگ آرٹیکلس - قطعات سارٹنگ ایسے قطعات ہوتے ہین جو اُس دفتر مین جدا جدا سارٹ ہون جہان ایسے قطعات بھیجے گئے ہین۔ یہ لغظ ڈاک خانہ کا ہے۔

سارٹیفکیٹ - سند۔ رضی نامہ۔ خوشنودی یا کارگذاری کی چٹھی۔ چال چلن کی چٹھی۔ پروانہ خوشنودی مزاج۔ شہادت نامہ۔ نوشتہ دستاویز۔ وثیقہ۔ تمسک۔ قبالہ

سارٹیفکیٹ بتجدیدی - نیا سارٹیفکیٹ۔ نئے سرے سے سارٹیفکیٹ

سارٹیفکیٹ تملیک - ملکیت کا سارٹیفکیٹ

سارٹیفکیٹ جائداد - وہ دستاویز جو جائداد کی بابت ہو۔

ساڑھو - بیوی کی بہن کا خاوند۔ ہم زلف۔ سالی کا خاوند۔ ہم دامن۔

ساڑھی - فصل ربیع۔ وہ چھ مہینے جن مین گیہون۔ جو۔ چنے۔ مٹر۔ سرسون۔ ترہ۔ مسور۔ ارہر وغیرہ اناج پیدا ہوتے ہین۔ موسم بہار کی فصل۔ اساڑھی۔

تشریح یہ لفظ اساڑھی کا مخفف ہے

سازش - اتفاق۔ ملاپ۔ لگاؤ۔ میل۔ خلاف قانون اتفاق۔ نامشروع اتفاق۔ قول و

قرار۔ عہد و پیمان۔ اتحاد۔ ایکا۔ بندش
مشورہ۔ منصوبہ۔ صلاح۔ کونسل۔ کمیٹی۔

سازشی۔ سازش کرنے والا۔ گٹھت کرنے والا۔ منصوبہ گانٹھنے والا۔

ساعی۔ کوشش کرنے والا۔ کوشان۔ دوڑ دھوپ اور جد و جہد کرنے والا۔ یہ سعی مصدر کا اسم فاعل ہے

ساقط۔ گرنے والا۔ جاتا رہنے والا۔ گرا ہوا۔

ساقط ہو جانا۔ گر جانا۔ حمل گرنا۔ حمل کا اسقاط ہونا۔ جاتا رہنا۔

ساکشی۔ اظہار شہادت۔ ثبوت۔ گواہی چشم دید گواہی۔ سُنی سُنائی گواہی

ساکن۔ ٹھہرا ہوا۔ بے حس و حرکت۔ غیر متحرک۔ قائم۔ باشندہ۔ مکین۔ متوطن رَہیس۔ رہنے والا۔ باسی۔ مقیم۔ زدہ یا وہ حرف جس پر سکون ہو۔

تشریح۔ یہ اسم فاعل سکونت کا ہے بعض لوگ غلطی سے ساکن کی جگہ سکنہ واحد مذکر کے لیئے لکھ دیتے ہین یہ محض غلط ہے۔

ساکھ۔ فصل۔ گواہی۔ شاہدی۔ شہادت۔ شہادت وجہ ثبوت۔ سند۔ فصل۔ سمان اناج کاٹنے کا سمان۔ تیار فصل۔ ثمرہ۔ حاصل بھرم۔ اعتبار۔ پرتیت۔ بسواس۔ تیقن۔ بھروسہ۔ عقیدت۔ وقار۔ عزت۔ آبرو۔ نیک نامی۔ نام آوری۔ وزن۔ رعب۔

سال۔ برس۔ سمت۔ سنہ۔ ایکٹ رعایانہ مین سال کے لفظ سے مراد سال فصلی ہے آفتاب کے دورے کی وہ حرکت جو برج حمل کے اول نقطے سے برج حوت کے آخر نقطہ تک ختم ہو۔ بارہ مہینے کے مجموعے کا نام ہے عموماً انگریزی سال مراد ہوتا ہے

سال اور مہینہ۔ حسب ایکٹ استحقاق ثبت ہند اس سے سال اور مہینہ مطابق حساب کلنڈر انگریزی مراد ہے

سال باقی داری۔ وہ سال جس مین بقایا رہ جائے۔

سال تمام۔ سالانہ رپورٹ۔ اخیر سال

سال حاصل۔ سالانہ پیداوار

سال حال۔ سال روان۔ سال موجودہ۔ امسال سنہ روان

سال حسابی۔ وہ سال جس کے مطابق حساب کتاب رکھا جائے۔ وہ سال جس مین ترقی تنزل منظوری بجٹ وغیرہ کا حساب رکھا جائے

سال روان۔ (دیکھو سال حال)

سال زراعتی۔ سال زراعت۔ زراعتی سال کاشت کاری سال۔ اس سے مراد وہ سال ہے جو یکم جولائی سے شروع اور ۳۰ جون کو ختم ہوتا ہے۔

سال فصلی۔ مسلمانون کے خراج وصول کرنے کا سال جس مین کوئی خاص مہینہ مقرر

نہین یہ سال جلال الدین اکبر کے وقت سے چلے تین سو بائیس برس کا عرصہ ہوا قرار پایا ہے سال فصلی در اصل سال شمسی کا دور ہے جو فصل سے تعلق رکھتا ہے لیکن اس سال کا لنکا ، ہجری قمری تاریخ سے ہوا ہے جس کی مجملاً یہ تفصیل ہے جو مولوی سید احمد صاحب دہلوی نے لکھی ہے جس کو ہم لفظ بلفظ درج کرتے ہین۔

"جس وقت جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کے دفترون مین خراج ہند کے واسطے میرزایان فارس کے حساب بموجب طرز جدید قرار پائی توحمیت اسلام کے پاس سے سال وسمت کو جو ہندوستانی دفاتر مین قدیم الایام سے چلا آیا تھا متعصبون نے دور کر کے اُس وقت کا سال ہجری مندرج ومندمج کر دیا۔ لیکن چون کہ خراج وصول کرنے کا مدار فصول شمسیہ پر موقوف ہے اس وجہ سے بہت سا فرق پڑنے لگا۔ بعض لوگون کے قول کے مطابق دیوان ٹوڈر مل اور بعض کے کہنے کے موافق میرزایان فارس نے اُس وقت جب کہ ۹۷۱ ہجری یعنی ۱۵۶۳ء تھی اور حسب اتفاق انھین دنون مین آغاز سال ہجری جو غرہ محرم ہوا کرتا ہے ابتداے فصل خریف اقرب زمان مے اعتدال لیل ونہار کی جو ہندی جوتش سے سنبلہ کا گیارھوان درجہ ہے مطابق پڑا لہذا اُس وقت سے سنین ہجری کو جس قدر گذر گئے تھے فصلی قرار دے کر آغاز سال تحویل آفتاب بہ سنبلہ سے جو تقریباً ابتدا ماہ کنوار اور فصل خریف یعنی ساونی کے کٹنے کے زمانہ کا آغاز ہوتا ہے ٹھہرالیا۔ جب تاریخ ہجری کا قمری سال خراج وصول کرنے کے دفترون مین تعلق فصل کے سبب سال شمسی سے بدل گیا اور دیگر سالانہ مقدمات تاریخ ہجری کے بارہ قمری مہینون کے موافق بدستور سابق ہوتے رہے تو دونون تاریخون کے دنون کی تعداد کے مقابلے کے وقت دو برس آٹھ مہینے سولہ دن چار گھڑی کی مدت مین قمری مہینون کا ایک مہینے سے زیادہ فرق جا پڑا۔ کیونکہ سال شمسی ۱/۴ ۳۶۵ دن کا ہوتا ہے اور سال قمری ۳۵۴ دن ۲۲ گھڑی کا۔ یہان دن شب و روز کے مجموعہ یعنی ساٹھ گھڑی سے مراد ہے۔ پس اس سے معلوم ہوا کہ سال قمری سال شمسی سے دس دن ترپن گھڑی تو پل چھوٹا ہوتا ہے اور سال شمسی سال قمری سے تقریباً سات گھڑی کم گیارہ روز زیادہ ہوتا ہے۔ چنانچہ اہل ہند اسی مہینے کی زیادتی کو لوند کا مہینہ یعنی سال کبیسہ کہتے ہین۔ غرض شمسی ایک سو سال کے عرصہ مین قمری حساب کے موافق قریب قریب تین برس کچھ دن کا فرق جا

پڑتا ہے۔ اس وقت یعنی ہماری تالیف لغات کے زمانے اور علی الخصوص اس لفظ "سال فصلی" کے لکھتے وقت فصلی سنہ ۱۲۹۳ ہجری سنہ ۱۳۰۳ اور عیسوی سنہ ۱۸۸۶ ہیں"۔

زیادہ مروج قانونی تعریف یہ ہے کہ سال فصلی سے وہ سال مراد ہے جو سولھوین جون یا کسی اور تاریخ کو جو لوکل گورنمنٹ بذریعہ نوٹیفکیشن کے کسی رقبہ ارضی کے لیئے مقرر کرے شروع ہو۔

سال گرہ۔ وہ کلاوہ جس مین بچے کی عمر یاد رہنے کے واسطے سال بسال اُس کے پیدا ہونے کی تاریخ مین گرہ لگاتے جاتے ہین جنم دن۔ برس گانٹھ۔ رشتہ عمر۔

سال مال یا سال مالی۔ خراج یا محصول وصول کرنے کا برس۔ معاملہ کا سال۔

سال مہاجنی۔ ساہوکارا سال۔ تجارتی سال

تشریح یہ سمت دو مہینے دیر سے شروع ہوتا ہے۔

سالانہ۔ سالیانہ۔ سال سے نسبت رکھنے والا برسوڑی۔ برسی۔ برس دن کا۔ برس مین دن کا۔ سال بسال کا۔ وہ مشاہرہ یا وظیفہ یا جاگیر وغیرہ کی آمدنی جو سال بسال آے جو آمدنی سال کے بعد ہو۔ پٹواریون کا ایک کاغذ ہوتا ہے جو سال کے بعد تیار ہو کر سرکار مین داخل کیا جاتا ہے۔

سالانہ رپورٹ۔ برس دن کے تمام اعمال اور کارگذاری کی رپورٹ جو ہر ایک سررشتہ کا حاکم اعلیٰ افسر کے پاس بھیجتا ہے۔

سالانہ نقشہ جات۔ سالانہ نقشہ وار رپورٹ برس روز کی کارگذاری ہر ایک محکمہ کا خانہ پُری کیا ہوا نقشہ۔

سال و ماہ۔ جہان سال یا ماہ یا مہینے کا لفظ مستعمل ہے وہ سال یا مہینا آیندہ انگریزی جنوری کے مطابق شمار ہوگا۔

تشریح الفاظ صیغہ واحد حاوی صیغہ جمع بھی ہوتے ہین اور برعکس بھی۔

سالا۔ بیوی کا بھائی۔ خسر پورا۔ ایک سخت گالی لفظ حقارت۔

سالار۔ افسر۔ سردار۔ سرگروہ۔ پیشوا۔ رہنما کپتان۔

سالار جنگ۔ سپہ سالار۔ جنگی لاٹ۔ فوجی افسرون کا خطاب۔

سالم۔ کامل۔ ثابت۔ پورا۔ تمام۔ سب سارا صحیح۔ سلامت۔ بھلا چنگا۔ محفوظ۔ مصون جون کا تون۔ مامون۔ بے جوکھون۔

سالم بیع۔ کامل بیع۔

سالم محال سے مراد ہے سالم محال یا شخص معین کہ جس کی مال گذاری خواہ گورنمنٹ کو دی جاتی ہو خواہ جاگیردار یا معافیدار کو

سامان جنگ۔ اس سے وہ سامان جنگ

مُراد ہے جس کو نواب گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل وقتاً فوقتاً بذریعہ اشتہار مندرجہ گزٹ آف انڈیا کے ایکٹ اسلحہ کے ذریعہ سے اس جزو سے بالتخصیص متعلق کرتے ہین۔ اور الفاظ مذکور مین سیسہ اور گندھک اور شورا اور اور مصالح بھی شامل ہین۔

سامان حرب ۔ ویبسٹر ڈکشنری مین اس اس طرح پر تشریح کی گئی ہے جنگی ذخایریا سامان حملہ یا حملہ سے حفاظت کے واسطے۔ متاخرین کی بول چال مین اس کا مفہوم اُن اشیاء پر محدود ہے جو تمام قسم کے آتشی اسلحہ اور توپون کے بھرنے مین مثلاً بارود گولے گولیان اور مختلف قسم کے چھرّے وغیرہ استعمال ہوتے ہین۔ اور فیصلہ فوجداری چیف کورٹ پنجاب نمبر ۲۰ سنہ ۱۸۹۰ء مین مسٹر جسٹس پلوڈن صاحب لکھتے ہین کہ یک کارتوس خالی کا خول جس مین بندوق کی گولی جو فی نفسہ سامان حرب نہین گویہ ایسا خول ہے کہ سامان حرب سے مستعمل ہے خول سامان حرب کا حصہ نہین۔ ٹوپی استعمال شدہ بندوق کی سامان حرب نہین جو کارتوس ایک دفعہ استعمال مین آچکے ہین نہ سامان حرب ہین اور نہ سامان حرب کا حصہ ہین اس مین بندوق کی ڈاٹ بنانے والی اشیا اور آگ سلگانے والی نالیان اور تمام کلین اور

اور اُن کا سامان شامل ہے

سامی ۔ زرخیز اور قابل زراعت زمین

سانڈ ۔ وہ بیل یا گھوڑا جسے بچے دینے کے واسطے رکھین۔ نرگاو۔ اسپ نر۔ وقف کیا ہوا بیل جسے کسی دیوتا کے نام پر آزاد کر دیتے ہین اور وہ بے روک ٹوک پھرا کرتا ہے۔ فربہ۔ توانا۔ غم و فکر سے آزاد بے فکر شہوت پرست۔ مست۔ عیاش۔

سانک آنہ ۔ صراف لوگ ایک آنہ فی روپیہ پر بولتے ہین۔

سانگر ۔ جورو کا لڑکا جو پہلے خاوند سے ہو۔ گیلڑ بیٹا۔ ربیب۔ (دیکھو ربیب)

ساورکسی ۔ ایک آلہ جو اینٹ پتھر کھودنے کے واسطے مستعمل ہوتا ہے۔ وہ اونچی جگہ جو کھیت مین زمیندار حفاظت کھیت کی غرض سے چند لکڑیون سے بنا لیتے ہین مانڈ۔ ڈونچا۔

ساوین ونڈ ۔ برابر کی تقسیم تقسیم خانگی۔ اس کے ذریعے سے حصہ داران شریک بعضے قطعات زمین پر علٰحدہ قابض ہوکر اس کی زراعت کرتے ہین۔ یہ پنجابی لفظ ہے۔

ساہ جی ۔ ایک عزت کا لفظ ہے جو صرافون مہاجنون وغیرہ پر لگایا جاتا ہے

ساہوکار ۔ مہاجن تاجر۔ کارکن۔ روپیہ قرض دینے والا۔ کوٹھی وال۔ خزانچی۔ بیاج

چلانے والا۔ داد وستد رکھنے والا۔

ساہوکارا۔ صرافہ۔ ساہوکاروں کا بازار لین دین کی جگہ

ساہوکاری۔ سوداگری تجارت۔ بنج بیوپار۔ لین دین۔ دھن بیوہار۔ صرافہ۔ صرافی۔ کھرا پن۔

سائر۔ محصول چونگی۔ فیس ہنڈی۔ وہ محصول جو فروخت شدہ اسباب پر یا بازار میں لگایا جاسے۔ زمین کا محصول۔ متفرق چیزوں کا محصول درختوں کا گوند جنگلی پھلوں موم لاکھ وغیرہ کا محصول جس کو عموماً جل کر۔ پھل کر۔ اور بن کر کہتے ہین تحصیل سوائی۔ یہ وہ رقم ہے جو مزارعہ اراضی کی فاضلات سے علاوہ اس جائداد میں سے جمع بندی کے حساب مین لگائی جاسے اس رقم کی مالکان اراضی بڑی قدر کرتے ہین اور بعض حالات مین اس سے ایک معقول رقم جمع ہوتی ہے خفیف موسمی جمع اور حاصلات کی شکل یہ رقم ادنی اور چھوٹی خدمات پر شامل ہے۔ سرکاری جمع بندی کے تقرر مین وہ حساب مین نہین لگاتے مگر جب کہ وہ ایک معقول رقم ہو جاتی ہے جیسے کہ بڑے تالاب کا جل کر۔ (محصول آب) درختوں کی پیداوار جیسے میوہ جنگل کی پیداوار جیسے موم لاکھ وغیرہ جل کر۔ پھل کر۔ بن کر کہلاتے ہین اور حاصلات کا تخمینہ کرتے ہین اس کا لحاظ کیا جاتا ہے۔

سائر چبوترہ۔ پانچ روپیہ منافع اسباب پر فی صدی محصول۔

سائر جمع۔ متفرقات جمع۔ عارضی غیر معمولی جمع زمین پر ٹکس لگا کر لگان کی کل مقدار کل معاملہ۔

سائر خرچ۔ متفرقات خرچ۔ عارضی غیر مقرر خرچ کنٹنجنٹ۔ دفتر کا بالائی خرچ

سائل۔ سوال کرنے والا۔ پوچھنے والا۔ پرسندہ خواہندہ خواہان۔ مانگنے والا فقیر بھکیاری امیدوار۔ آسرا کرنے والا۔ درخواست کنندہ مستغیث۔ دعوی کرنے والا۔ مدعی سوال دینے والا۔ عرضی دینے والا۔

تشریح اس مین ہر ایسا شخص بھی داخل ہے جس سے یا جس کے واسطے کوئی سائل اپنا حق سوال گذراننے کا حاصل کرے

سایۂ خدا۔ ظل الہ۔ بادشاہ۔

سائی۔ بیعانہ۔ پیش داد۔ تقدمہ۔ وہ نقدی جو کسی چیز کے چکتا کر لینے کے بعد اصل قیمت سے پیشتر روک دینے کے واسطے دی جاسے اور ادا سے قیمت کے وقت وضع ہو جاسے۔ وہ روپیہ پیسہ جو کسی چیز کی بنوائی کی بابت پیشگی دے دین

سب۔ پیشکار۔ پیش دست۔ گماشتہ ماتحت

سب آفس۔ ڈاک کے صیغہ کا ایک دفتر ہے جو ہیڈ آفس کے ماتحت ہوتا ہے اس کا حساب ہیڈ آفس سے رہتا ہے اگر پوسٹ ماسٹر جنرل نے اختیارات محدود لکھ دیے ہوں تو ڈاک کے ہر ایک صیغہ کا کام کرنے کا مجاز ہے۔

سب آفس ٹاون ۔ وہ سب آفس جو کسی شہر دار الخلافۃ میں یا اُس کے نواح میں یا کسی ایسے شہر میں جہاں اول درجے کا ڈسٹرنگ آفس واقع ہو ہو۔

سب آفس سیونگ بینک جرنل ۔ روزنامچہ سیونگ بینک جو سب آفس میں رہتا ہے۔

سب آفس منی آرڈر جرنل۔ کتاب روزنامچہ منی آرڈر جو سب آفس میں رہتی ہے

سب انجنیر۔ میر عمارت کا نائب ۔ گڑھ کپتان کا نائب۔

سب پوسٹماسٹر۔ وہ افسر جس کے چارج میں سب آفس ہو۔

سب ڈویژن ۔ضلع کا ایک حصہ جو حسب ایکٹ ۱۔ ۱۸۸۲ء یا جو اس کے بجائے نافذ ہو قائم کیا جاے۔

سب رجسٹرار۔ رجسٹرار کا نائب ۔(دیکھو رجسٹرار)

سببی۔ جو باعث نکاح وغیرہ کے وارث ہو۔ جو وارث کسی سبب شرعی سے ہو اس مین ی نسبتی ہے

سبقت۔ آگے بڑھنا۔ آگے جانا۔ سبقت کرنا پہل کرنا۔ شروع کرنا۔

سبک دوش۔ سبک بار۔ وہ شخص جس کے پاس کچھ بوجھ نہ ہو۔ ہلکا پھلکا۔ آزاد۔ مجرد بے تعلق ۔ فارغ ۔ بری الذمہ ۔ فرصت پانے والا۔

سبک دوش کرنا ۔آزاد کرنا۔ بوجھ اُتارنا فارغ کرنا۔ بری الذمہ کرنا۔

سبکی۔ ہلکا پن۔ ضد گرانی خفت۔ ذلت۔ رسوائی۔ شرم کی بات ۔ لاج کی بات ۔ بے قدری۔ بے عزتی ۔صفائی ستھرائی نزاکت ۔ نازکی۔

سبیل۔ راہ ۔ رستہ ۔سڑک ۔ طریقہ۔ وقف ہر چیز خصوصا وقف آب وشربت وشیر۔ کو۔ پیاؤ۔ تدبیر۔ صورت ۔جتن۔ شکل بندوبست ۔ روش ۔ وجہ۔ طور۔ دستور۔ قاعدہ۔

سبیل ادائے زر۔ زر کے ادا کرنے کا رستہ۔ زر ادا کرنے کی راہ۔ روپیہ ادا کرنے کا طریقہ

سبیل لگانا۔ پیاؤ لگانا لگانا مفت پانی یا شربت یا دودھ پلانا۔ راستہ نکالنا۔

سپاس۔ شکر۔ منت۔ شکریہ۔ شکرگذاری
تھنکس۔ ستایش۔ حمد و شکر نعمت۔
اظہار احسان مندی

سپاس نامہ۔ اڈریس۔ وہ تحریر شکریہ
جو کسی حاکم کے رخصت یا تبدیل ہوتے وقت
اُس کی کارگذاری کے منت پذیر ہونے
مین دیتے ہین۔

سپاہی۔ جنگی آدمی۔ فوجی آدمی۔
پیادہ۔ لشکری۔ چپراسی۔ تلنگا۔ برقنداز
مذکوری۔ سنتری۔ کانسٹیبل۔ نجیب۔
اس سے مُراد ہر سپاہی افواج ملکہ معظمہ کا
یا سپاہی اہل یورپ ملکہ ممدوحہ افواج
متعلقہ ہند کا بشمول عہدہ دار وارنٹ وغیرہ
سند یافتہ ہے۔ یہ تعریف ایکٹ متعلقہ
ایڈمنسٹریٹر جنرل ہے۔

سپرد۔ تفویض۔ تحویل۔ حوالہ۔ سونپنا
دھروڑ۔ امانت۔ حراست۔

سپردگی۔ تحویل۔ حوالگی۔ تفویض۔ حوالات
حراست۔ نظربندی۔ ایک عمدہ تعریف
سپردگی کی اگرچہ قانون دیوانی پر مبنی ہے
رومن پرائویٹ لا صفحہ ۱۸۱۔ مور صاحب
سے درج ذیل کی جاتی ہے۔ ایک سپردگی
جائز کو قرار دینے کے واسطے ضروری ہے
کہ شخص سپرد کرنے والا استحقاق اور مرضی
انتقال کی اور شخص لینے والا اختیار اور نیت
لینے کی رکھتا ہو۔

سپردگی مال۔ مال سونپنا۔ تحویل مال۔ حوالگی
مال۔ حوالگی زر۔

سپردار۔ منتقل الیہ۔ محول الیہ۔ جس کے
سپرد کیا گیا ہو۔

سپردنامہ۔ سپرد کرنے کی دستاویز۔ انتقال
کی سند۔

سپرنٹنڈنٹ۔ نگران۔ محافظ۔ نگہبان۔
منتظم۔ مہتمم۔ سربراہ کار۔ داروغہ۔ ناظم۔
سررشتہ دار۔

سپریم کورٹ۔ صدر عدالت بادشاہی
جس مین مقدمات کا فیصلہ مطابق قوانین
انگلستان کے ہوتا ہے۔

سپنڈھ۔ اس کی دو قسمین ہوتی ہین
ایک بذریعہ یک جدی ہونے کے اور ایک
جو پنڈ سے تعلق رکھتا ہو۔ حسب دھرم
شاستر لفظ سپنڈ سے مراد ابتدا سے وہ
شخص ہے جو متوفی کا رشتہ دار اُس کے
ساتھ پنڈ دان مین شریک ہو سکتا ہو یا
شریک کریا کرم مین۔ دوسرا وہ جسے اس
کے پتر لیتے ہی بھاگ گئے ہون۔ دیا بھاگ
کے بعض فقرات سے ظاہر ہے کہ لفظ سپنڈ
کبھی کبھی زیادہ وسیع معنون مین بھی
استعمال کیا جاتا ہے تاکہ اس مین بعض ماتا
پکش کے رشتہ دار مادری بھی داخل ہون

جائین - مگر چونکہ محدود معنی عموماً زیادہ اختیار کیئے جاتے ہین - ہم بھی انھین پر منحصر کرتے ہین - حسب دستور العمل دھرم شاستر سپنڈ دو قسم ہے ایک یگانگت والے وہ ساتوین شخص بشمولیت مورث ہر بالائی یا زیرین پشت مین ختم ہوتے ہین - اس کے تحت لفظی یعنی یہ ہین کہ پنڈ دن کے ذریعہ سے رشتہ داری یعنی خویش و اقارب اور دوسرے وہ جو کریاکرم مین پنڈ دینے کے مجاز ہون

سپہ سالار - فوج کا افسر - جرنیل کمانڈر انچیف - مقدمۃ الجیش - جنگی لاٹ -

سپشل - خاص -

ست پتر - حقیقی بیٹا - اصلی بیٹا - اپنے نطفہ کا بیٹا - اپنے بندہ کا بیٹا - ولد الحلال فرزند صلبی -

ستر - پوشیدہ - مخفی - مستور - شرم گاہ - پردے کی جگہ - عورت مرد کا وہ مقام جس کے ننگا کرنے سے شرم آتی ہے - پردہ - حجاب - اوٹ - عزت - آبرو - عام لوگون سے علیحدگی -

ستری - صرافون کی اصطلاح مین دو روپے کو کہتے ہین

ستلی - صرافون کی بولی مین بیس روپیہ کو کہتے ہین -

ستھاور - اصلی جائداد - موروثی یا جدی جائداد

ستی - ست والی - پاک دامن - عفیفہ عصمت والی - ثابت قدم - وفادار - ساتھ دینے والی - پارسا - نیکوکار - صالحہ - وہ عورت جو محبت کے باعث اپنے خاوند کی لاش کے ساتھ جل مرے - راجا کرشن کی بیٹی اور مہادیو کی استری کا نام جو اپنے باپ کی اپمان یعنی بے قدری کرنے سے اُس کے یگ کنڈ مین گر کر جل مری - جس کی نسبت ہندوون کا خیال ہے کہ وہی ستی پھر ہماچل کے گھر مین پاربتی ہو کر پیدا ہوئی - پس ستی ہونے کی رسم اسی زمانے سے جاری ہوئی ہے - ہندو بیوہ عورات کا زندہ جلنا یا جلانا - اب یہ رسم قانوناً ممنوع ہو گئی ہے -

سٹا - جوار کی بونڈی - جوار کا خوشہ - جوار کا بھٹا - وہ اقرارنامہ جو بابت کشت لکھا جائے - شراکت - کھیت کا ساجھا - بٹائی -

سٹا بٹا - اٹ سٹ - سازباز - سازش میل ملاپ - فریب ودغا - مکروفن -

سٹاک - مال سرکاری - چھڑی کے مارنے کی آواز -

سٹاک بک آف پوسٹ آفس

وہ کتاب جس مین مال سرکاری کی فہرست

ہوتی ہے۔
سٹام۔ چبوترہ پیمائش۔ کپاس کی گری یا ریلوے
سٹامپڈ۔ ٹکٹ چسپان ٹکٹ لگا ہوا محصول دادہ۔ پیڈ
سٹہ۔ اقرارنامہ۔ غلہ یا اور اشیا تیار کرنے کا اقرارنامہ۔
سٹیٹس۔ شان۔ حالت۔ جب کہ کسی شخص کے حقوق و فرائض و وجوبات کو مع اُس کی قابلیتون کے ملا کر نظر کرتے ہین تو اُس کو اُس شخص کی سٹیٹس (شان) کہتے ہین۔
سٹیل۔ اسپات۔ لوہے کی قلم۔ فولادی قلم۔ فولاد۔
سجادہ۔ مصلی۔ جانماز۔ درویشون یا بزرگان دین کی گدی۔ پیرون کی گدی۔
سجادہ نشین۔ کسی پیر یا بزرگ یا درویش کی گدی پر بیٹھنے والا مہنت۔ روحانی بزرگ۔ ایک مسجد یا مذہبی رسومات کا شیخ مذہب جو کسی گدی پر گدی نشین ہو۔
سخت سست کہنا۔ بُرا بھلا کہنا۔ درشتی اور سختی سے پیش آنا۔ لعنت ملامت کرنا۔ زجر و توبیخ کرنا۔ جھڑکنا۔ دھتکارنا۔ بدزبانی کرنا۔ پھٹکارنا۔ ڈانٹنا۔ گالی دینا۔
سخن پروری۔ اپنی بات کی پچ۔ اپنے کلام کی طرف داری۔ ہٹ۔ ضد۔ تعصب اثبات رائے۔
سخن سازی۔ چرب زبانی۔ باتون کی چالاکی کارستانی۔ جوڑ توڑ۔ بندش۔ زمانہ سازی۔ دنیا سازی۔ فریب بازی۔ لسانی۔
سد۔ اوٹ۔ پردہ۔ دیوار۔ مانع۔ روک۔ دو چیزون مین حائل اور مانع چیز۔
سد دعوی۔ دعوے کی روک۔ مانع دعوی
سد راہ۔ مانع۔ روک۔ رستہ کی روک۔ مزاحم۔ حائل۔ حارج۔ مخل۔
سر۔ سرسیس۔ کھال۔ کلہ۔ کھوپری۔ راس۔ چوٹی۔ نوک۔ قلہ۔ اول۔ شروع۔ ابتدا۔ مالک۔ آقا۔ سردار۔
سر اجلاس۔ دربار مین۔ کچہری مین۔ عدالت مین۔ اجلاس کے روبرو۔
سر بازار۔ علانیہ۔ ظاہر۔
سربراہ۔ منتظم۔ انتظام کرنے والا۔ کارگذار منصرم۔ کارکن۔ گماشتہ۔
سربراہ کار۔ اس سے مراد کام کا انتظام اور اہتمام کرنے والا۔ منتظم۔ مہتمم۔ مختار۔ خانگی انتظام کرنے والا۔ پرائیوٹ اور نج کا کارگذار۔ جو بحالت نابالغ یا ضعیف ہونے مالک کے یا کسی عورت کے بطور سرپرست کے انتظام کرتا ہے۔
سربستہ۔ مخفی۔ پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔ سربند۔

سربسر۔ برابر۔ مساوی۔ یکساں۔ اس سرے سے اس سرے تک۔ بالکل۔ تمام۔ اول سے آخر تک۔ سرتاپا۔ سراسر۔

سربمہر۔ مہر لگا ہوا۔ بند۔ سربستہ۔ سربند۔ مختوم۔ مقفل۔ مہردار۔ مہر لگائی ہوئی چیز

سرپرست۔ مربی۔ محافظ۔ حامی۔ مددگار۔ نگہبان۔ رکھوالا۔ خبرگیر۔ حافظ۔ میزبان

سرپرستی۔ نگہبانی۔ ولایت۔ مربی پن۔ مددگاری۔ حراست۔ سرپرست ہونا۔ اس میں ی مصدری ہے۔

سرپنچ۔ میر مجلس۔ میر انجمن۔ پریزیڈنٹ۔ پنچوں کا سردار۔ جوری۔ پنچوں کا پنچ۔ اعلیٰ جج۔ سردار۔ ایک گروہ کا پیشوا۔ سرگروہ۔ چرمائن۔

سرتابی۔ سرکشی۔ نافرمانی۔ حکم عدولی۔ نافرمانبرداری۔ انحراف۔ بغاوت۔

سرتال۔ پڑتال کے بعد تیسری پیمایش۔

سرحد۔ حد فاصل۔ حد۔ انتہا۔ کنارہ۔ انت۔

سرخرو۔ ہشاش بشاش۔ خوش و خرم۔ نامور۔ صاحب عزت و آبروے۔ معزز۔ معتبر۔ معتمد۔ قابل عزت و تعظیم۔ عالی منش۔ مختار۔ ذی حوصلہ۔ فتح مند۔ کامیاب۔ فخر کرنے والا۔ بری الذمہ۔

سرخط۔ تمسک۔ پٹہ۔ قبالہ۔ نوکری کا پروانہ۔

سرٹفکیٹ۔ کرایہ نامہ۔ اقرارنامہ مکان کا کرایہ نامہ یا دواشت کرایہ۔ مکان کے کرایہ کی رسید۔ وہ رسید جو کسی اسامی کو دی جائے۔ اقرارنامہ مابین آقا و نوکر۔ اس میں ہر نوشتہ (جو شئی نو) داخل ہے جس کے ذریعے سے ایک شخص دوسرے شخص کو جائداد غیر منقولہ لگان یا کرایہ پر دے یا دینے کا اقرار کرے یا دوسرے سے لے یا لینے کا اقرار کرے لکھت۔ بیع نامہ۔

سرخیل۔ سرگروہ خاندان کا سردار۔ امیر۔ سردار قوم۔ سرغنہ۔ افسر

سردار۔ ہیڈ مائین۔ افسر مجمع۔ پریزیڈنٹ۔ سر۔ ہیڈ۔ رئیس۔ کمانڈر۔ شریف۔ سرگروہ جنٹلمین۔

سردرختی۔ وہ درخت جو بحکم سرکار افتادہ بنجر زمین میں لگائے جاتے ہیں۔

سردست۔ فی الحال۔ اس وقت۔ ابھی۔ بالفعل۔ فوراً۔ لگے ہاتھ۔

سردفتر۔ ہیڈ کلرک۔ میرمنشی۔ دفتر کا افسر۔ اہل کاروں کا سرگروہ۔

سردیہی۔ وہ حق جو مالکان دیہہ ملکی سردار کو دو روپیہ فی فصل دیتے ہیں یہ ایک اس کا پوشیدہ حق متصور ہوتا ہے۔

سررشتہ۔ تدبیر۔ چارہ کار۔ مجازاً مدعا

مقصود۔ مطلب۔ معاملہ۔ قاعدہ۔ محکمہ۔ دفتر۔ مقام۔

سررشتہ گیرائی۔ ٹھگی کا محکمہ۔

تشریح۔ یہ اب پولیس کے متعلق ہو گیا ہے جو ٹھگوں کی گرفتاری کے واسطے مقرر ہوا تھا۔ گیرائی گرفتن بمعنی پکڑنے سے بنا ہے

سررشتہ مال۔ محکمہ مال گذاری۔

سررشتہ دار۔ فارسی دفتر کا سپرنٹنڈنٹ

سررشتہ داری۔ عہدہ سررشتہ دار۔

سرزد ہونا۔ ظاہر ہونا۔ واقع ہونا۔

سرزنش۔ ملامت۔ برا بھلا کہنا۔ جھڑکی۔ گھڑکی۔ جھڑک۔

سرزور۔ طاقت ور۔ زبردست۔ سینہ زور۔ سرکش۔ متمرد۔ منحرف۔ گردن کش۔ دنگئی۔ فسادی۔ باغی۔ مفسد۔

سرزوری۔ ڈھٹائی۔ اڑیل پن۔ سرکشی۔ گردن کشی۔ انحراف۔ بے حیائی۔

سرکش۔ باغی۔ حکم عدول۔ نافرمان۔ پھراہلو۔ نمک حرام۔ مفسد۔ گردن کش۔

سرکشی۔ بغاوت۔ حکم عدولی۔ نافرمانی۔

سرکوبی۔ سر کچلنا۔ تادیب۔ گوشمالی۔ سزا۔

سرگذشت۔ ماجرا۔ بیتی۔ واقعہ۔ واردات۔ کیفیت۔ ذکر۔ حال۔ احوال۔ حکایت۔ داستان۔ روایت۔ قصہ۔ کہانی۔ سوانح عمری۔ تذکرہ۔

تشریح۔ لفظ سرگذشت کے لکھنے میں اختلاف ہے بعض اس کو زائے معجمہ سے اور بعض ذال معجمہ سے لکھتے ہیں دونوں صحیح ہے۔ لفظی ترجمہ جو سر پر گذری ہو

سرگرمی۔ تندہی۔ تیزی۔ گرم جوشی۔ پرجوشی۔ مستعدی۔ آمادگی۔ ہوشیاری۔ کوشش بلیغ۔ سعی کامل

سر ہونا۔ یوں ہی لڑنا۔ بے کار کا جھگڑا کرنا۔ چھوٹنا۔ جیسے بولتے ہیں بندوق یا توپ سر ہوئی۔

سرائے۔ گھر۔ خانہ۔ مسافرخانہ۔ بھٹیار خانہ۔ دھرم سالہ۔ فرودگاہ مسافران۔ مہمان خانہ۔ حسب ایکٹ سرا اس سے مراد عمارت ہوگی جو پناہ اور آسائش مسافروں کے لیئے مستعمل ہو۔

سراپردہ۔ بارگاہ شاہی۔ وہ اونچی قنات جو خیمہ کے گرد اگرد بمنزلہ چار دیواری کے لگا دیتے ہیں۔ گھر کا پردہ۔ ڈیرا۔

تشریح۔ اصل میں یہ لفظ پردۂ سرا تھا۔ مگر باضافت مقلوب سراپردہ ہو گیا۔

سراسر۔ سربسر۔ اس سرے سے اس سرے اس سرے تک۔ تمام۔ بالکل۔ یک لخت۔ یک قلم۔

سرسری۔ عام طور پر۔ مجمل۔ مختصر۔ آسان۔ جلدی سے۔ یوں ہی۔ اوپر کی نظروں سے

چلتے چلتے۔ عجلت سے طور پر۔ عدالت خفیفہ۔
وہ عدالت جس میں چھوٹی چھوٹی نالشیں کی
جاتی ہیں۔

سرسری اختیارات۔ عام یا مجمل اختیارات
خفیف یا مختصر اختیارات۔

سرسری نالش۔ ادنی دعوی۔ چھوٹی نالش

سراغ۔ کھوج۔ نشان۔ پیر۔ پتہ۔ پاؤں کا نشان
لیک۔ نقش قدم۔ ٹھکانا۔ پھاٹک۔ جستجو۔

سراغ رسانی۔ پتہ لگانا۔ مال برآمد کرنا
یا کرانا۔ تلاش۔ ڈھونڈ۔ پتہ یا ٹھکانا معلوم کرنا
کھوج نکالنا۔

سراغی۔ کھوجی۔ وہ شخص جو مجرم کے پتہ
لگانے کے واسطے مقرر ہو۔

سراغ لگانا۔ پتہ لگانا۔ کھوج لگانا۔

سرایت۔ تاثیر کرنا۔ کھپنا۔ جذب ہونا۔ نفوذ۔

سرقہ۔ تبدیل جا اور بے جا طور پر لینا۔ بددیانتی
سے کوئی مال منقولہ کسی کے قبضہ میں سے اس
کی بلا رضامندی لے کر اس مال کی تبدیل
جاے کرنا۔ چوری۔ قزاقی۔ دوسرے کی
جائداد کو مالک کی حفاظت سے بلا رضامندی
اس کے لے لینا۔

تشریح اس کے ثبوت کے واسطے ضرور ہے
کہ استحصال و تبدیل جاے و متقابضت بہ نیت
مجرمانہ واقع ہو۔

تشریح ۲۔ سرقہ و تصرف بے جا مجرمانہ میں
یہ فرق ہے کہ تصرف بے جا مجرمانہ میں قبضہ
مال کا ناجائز طور پر حاصل نہیں ہوتا اور جرم تصرف
بے جا مجرمانہ کا جب سمجھا جاے گا جب کہ [illegible]
طور پر تصرف بے جا عمل میں آئے اور جرم
سرقہ میں صرف تبدیل مقام کافی ہے۔

سرقہ آقا۔ مصدی یا نوکر یا مصدی یا نوکر کے
کام پر مامور ہونے والے کا کسی مال کی
نسبت جو اس کے آقا یا ابر کے قبضہ میں
ہو سرقہ کرنا۔

سرقہ برآمدہ میں کرنا۔ جس حالت میں کہ
برآمدہ کسی عمارت کا جزو ہے جو خود بطور
مکان بود و باش نشان یا بغرض حفاظت
مال کام میں آتا ہے یہ بھی سرقہ اندرون
عمارت سمجھا جاتا ہے

سرقہ بالجبر۔ ڈاکہ۔ قزاقی۔ جبر سے مال
لینا۔ جبراً چوری کرنا۔ زبردستی چرانا

تشریح اس کے ثبوت کے واسطے
لینے یا لے جانے مال کے وقت جو سرقہ سے
حاصل کیا گیا ہو ہلاکت یا ضرر یا مزاحمت بیجا
واقع ہوئی ہو۔ یا تخویف فوراً ہلاکت یا فوراً
ضرر یا فوراً مزاحمت بے جا کی گئی ہو۔
اس میں ضرور ہے کہ سرقہ یا استحصال بالجبر
داخل ہو۔

سرقہ جسم انسان۔ جیسے جسم پر سے کپڑے
اتار لینا۔

سرقہ خفیف - ہلکی چوری۔ تھوڑی چوری

سرقہ در عمارت - کسی عمارت یا خیمہ یا مرکب تری مین جو عمارت یا خیمہ یا مرکب تری انسان کی بود و باش یا مال کی حفاظت کے لیئے کام آتا ہو سرقہ۔

سرقہ کبیر - بڑی چوری۔ سنگین چوری۔

تشریح - سرقہ و خیانت مجرمانہ مین فرق

سرقہ مین ناجائز طور پر لینا یا تبدیل جا دمال کا وجود ہوتا ہے اور خیانت مجرمانہ مین مال دوسرے کے نام سے لیا جاتا ہے۔ بجائے اسکی مالک مال کے مجرم بدنیتی سے اپنے استعمال مین لاتا ہے۔ یا تصرف کرتا ہے۔ یا یون کہو کہ سرقہ مین بے جا طور پر لینا یا تبدیل جا ہوتی ہے اور خیانت مجرمانہ مال امانت دہندہ کے واپس کرنے کے بجاے مجرم کے تصرف بیجا مین بد دیانتی سے آتا ہے۔

تشریح ۲ - سرقہ و استحصال بالجبر مین فرق

سرقہ مین مجرم کی نیت مین مال کا لینا بلا رضامندی شخص دیگر کے ہوتا ہے اور استحصال بالجبر مین جبراً مرضی حاصل کی جاتی ہے۔ نیت فاسد دونون مین ہوتی ہے۔

سرغنہ - سردار۔ افسر۔

سرکار - اس لفظ مین لوکل گورنمنٹ اور گورنمنٹ آف انڈیا شامل ہے۔ آقا۔ مالک۔ خداوند۔ سردار۔ حاکم۔ گورنمنٹ۔

سرکار دربار چڑھانا - نالش کرنا۔ کچہری تک نوبت پہونچانا۔ عدالت مین لے جانا۔

سرکاری - متعلقہ گورنمنٹ۔ اعلی حکام کے متعلق۔ منسوب بہ سرکار

سرکاری دستاویزات - دستاویزات مشتمل ایکٹ یا کاغذات متعلقہ ایکٹ (الف) مصدرہ سلطان وقت (ب) مصدرہ سرکاری جماعتون اور عدالتون کے (ج) مصدرہ عہدہ داران سرکاری من قبیل واضعان قانون اور حاکمان عدالت اور عاملان برٹش انڈیا اور کسی حصہ قلمرو ملکہ معظمہ یا ملک غیر کے سرکاری دفاتر۔ خانگی دستاویز جو برٹش انڈیا مین کسی جگہ محفوظ رکھے گئے ہین۔

سرکاری ملازم - اس سے وہ شخص مراد ہے جو نیچے کی قسمون مین سے ہو (اول) ملکہ معظمہ کا ہر ملازم متعہد۔ دوم ہر ایک افسر جو ملکہ معظمہ کی افواج بری یا بحری مین صاحب کمیشن ہو اس حال مین وہ تحت گورنمنٹ ہند اور کسی گورنمنٹ کی خدمت پر مامور ہو سوم - ہر ایک جج کورٹ آف جسٹس کا ہر ایک عہدہ دار جس پر اس عہدے کی حیثیت سے لازم ہے کہ وہ کسی امر متعلقہ قانون یا کسی امر متعلقہ واقعہ کی تحقیقات کرے یا اس کی نسبت کیفیت لکھے یا کوئی دستاویز مرتب یا مصدق کرے یا اپنی حفاظت مین

رکھے یا کسی مال کو اپنی تحویل مین لے یا اُس
کو اپنی تحویل سے دور کرے یا عدالت کے حکم
نامے کی تعمیل کرے یا کسی قسم کا حلف دلائے
یا ترجمان کا کام کرے یا محکمہ کے آداب کا انتظام
رکھے۔ چہارم۔ ہر شخص جس کو کورٹ آف
جسٹس کی جانب سے خدمات مذکورہ بن
سے کسی خدمت کے ادا کرنے کا اختیار خاص
حاصل ہو۔ پنجم۔ ہر ایک اہل جوری یا ہر ایک
اسیسر یا ہر ایک شریک پنچایت اس حال
مین کہ وہ کورٹ آف جسٹس یا کسی سرکاری
ملازم کی امداد کرتا ہو۔ ششم۔ ہر ایک ثالث
یا کوئی دوسرا شخص جس کو کسی کورٹ آف
جسٹس یا کسی حاکم ذی اختیار سے کوئی
مقدمہ یا معاملہ فیصل کرنے یا کیفیت لکھنے
کے لیئے سپرد ہوا ہو۔ ہفتم۔ ہر ایک شخص
جو ایسا عہدہ رکھتا ہو کہ وہ اُس کے اعتبار
سے کسی شخص کے قید کرنے یا قید رکھنے کا مجاز
ہو۔ ہشتم۔ ہر ایک شخص جس پر بحیثیت اُس عہدہ
کے لازم ہے کہ جرمون کی روک کرے اور جرمون
کے وقوع کی اطلاع دے اور مجرمون کو جواب
دہی مین ماخوذ کرائے اور عوام کی عافیت و امن
و آسائش کی حفاظت کرے۔ نہم۔ ہر ایک عہدہ
دار جس پر بحیثیت اُس عہدے کے لازم ہے کہ
کوئی مال گورنمنٹ کی جانب سے اپنے قبضہ
مین لائے یا اپنی تحویل مین لے یا صرف کرے

یا گورنمنٹ کی جانب سے کوئی شخص معاہدہ
کرے یا وہ سررشتہ مال کے کسی حکم نامہ کی
تعمیل کرے یا کسی ایسے امر کی تحقیقات کرے
جو گورنمنٹ کی اغراض متعلقہ زر پر موثر ہو
یا اسباب مین کیفیت لکھے یا کوئی دستاویز
جو گورنمنٹ کی اغراض متعلقہ زر سے تعلق رکھتی
ہو مرتب یا مصدق کرے یا اُس دستاویز
کو اپنی تحویل مین رکھے یا کسی ایسے قانون
کے انحراف کی روک کرے جو گورنمنٹ کی اغراض
متعلقہ زر کی حفاظت کے لیئے نافذ ہے اور
ہر ایک عہدہ دار جو سرکار کا ملازم ہو یا گورنمنٹ
سے حق الخدمت پاتا ہو۔ یا اُس کو کوئی کار
سرکار کرنے کے عوض مین فیس یا کمیشن کی
طرح پر اجرت ملتی ہو۔ دہم۔ ہر ایک عہدہ
دار جس پر بحیثیت اُس عہدے کے لازم
ہے کہ بنظر کسی عام غرض غیر مذہبی متعلقہ کسی
گانون یا قصبہ یا شہر یا ضلع کے کوئی مال
اپنے قبضہ مین لائے یا اپنی تحویل مین رکھے
یا صرف کرے یا کوئی پیمائش یا تشخیص کرے
یا کسی قسم کے رسوم یا ٹیکس وصول کرے
یا کسی گانوُن یا قصبہ یا شہر یا ضلع کے
باشندون کے حقوق کی تعیین کی غرض سے
کوئی دستاویز مرتب یا مصدق کرے۔ یا اپنی
تحویل مین رکھے۔

سر کلر گشتی۔ ایک اعلی حاکم کا وہ حکم جو تمام

اپنے ماتحتوں کی ہدایت اور عملدرآمد کے لیئے نافذ کیا جائے۔

سرمایہ۔ پونجی۔ اسباب۔ سامان۔ دولت روپیہ۔ نقدی۔

سرمایۂ جداگانہ علیحدہ اور مختلف پونجی۔

سرمایۂ ذاتی شخصی پونجی۔ اپنی پونجی

سروس بک۔ کتاب مدت خدمت۔

تشریح یہ ایک کتاب ہوتی ہے جس میں ملازمان کی مدت ملازمت اور عمر اور عہدہ اور تنخواہ اور چال چلن وغیرہ درج ہوتا ہے عموماً منظوری کی اسامیوں کے واسطے تیار ہوکر مستعمل ہوتی ہے

سرنگ۔ نقب۔ زمین کے نیچے سے رستہ بارود نیو میں بھر کر سنگ شگافی کے لیئے استعمال کرنا۔

سروکار۔ کاروبار تعلق۔ فائدہ۔ علاقہ۔ واسطہ نسبت لگاؤ۔

سرویری۔ ایک قسم کی پیمایش ہوتی ہے جو بذریعہ دوربین کے کی جاتی ہے نسبت اور پیمایش کے اس کی صحت پر زیادہ بھروسہ کیا گیا ہے۔ اسی عملہ کی معرفت نقشہ جر نیلی یا کیناس دہ وار بنتا ہے

سٹرکانہ۔ سٹرک کا محصول۔ اس طرح کا محصول پہلی بنی ہوئی سٹرکوں کی مرمت کے واسطے زمینداروں سے ان کے لگان کے موافق

مقرر ہوتا ہے۔

سزا تنبیہ۔ تعزیر۔ سیاست برائی کا بدلہ۔ درستی۔ اصلاح۔ وہ خرابی یا تکلیف ہے جو جرائم یا بداعمالی سے پیدا ہوتی ہے اور ان لوگوں کی عدول حکمی یا بداعمالی سے جن کے طریقے کی اصلاح کے لیئے قانون بنایا جاتا ہے سزا ایجاد و عائد کی جاتی ہے۔

تشریح علت غائی اس کی تدارک آیندہ اسی قسم کے جرائم سے ہے اور اس کی تکمیل تین طرح سے ہوتی ہے (۱) بغرض اصلاح مجرم جسمانی سزا و جرمانہ و جلا وطنی کی سزا دی جاتی ہے (۲) سزا مجرم کی مثال کی تخویف سے دوسرے کو ویسے ہی جرم کے ارتکاب سے باز رکھنا (۳) فریق ضرر رسان کو آیندہ ضرر پہونچانے کی قوت سے محروم کردینا بذریعہ موت یا حبس دوام یا جلا وطنی۔ یہ تشریح جلد ۴ شرح بلاکسٹونصاحب میں درج ہے۔

سزائے بدنی یا جسمانی۔ وہ سزا جو بدن یا جسم سے متعلق ہو جیسے سزائے تازیانہ و بید۔

سزائے تازیانہ تازیانہ یا بید کی سزا۔

تشریح عوام غلطی سے بید کو بیت بولنے ہیں جیسے مشہور ہے کہ فلاں کو بیتیں لگیں اصل میں یہ لفظ دال مہملہ سے صحیح ہے۔

بعض نے تو وا در توت کی طرح ت و ت کی تبدیلی سمجھی ہے۔ بعض نے اصل ہندی سمجھ کر بیت بھی صحیح مانا ہے

سزاے حبس بعبور دریاے شور کالے پانی بھیجنے کی سزا۔ دریاے شور یعنی سمندر سے پار بھیجنے کی سزا۔ جزیرہ انڈمن میں پہونچانے کی سزا

سزاے جرمانہ۔ نقدی کی سزا۔ مالی سزا۔

سزاے ضبطی جائداد۔ جائداد ضبط کر لینے کی سزا۔

سزاے قید سخت۔ سخت قید کی سزا جسمانی شکنجے کی سزا۔

سزاے قید محض۔ صرف قید کی سزا سادی قید کی سزا۔ ایسی قید کی سزا جس میں مشقت نہو۔

سزاے مابقا۔ باقی ماندہ سزا۔ وہ سزا جو باقی رہ گئی ہو

سزاے مشقت تعزیری بحالت قید سخت سزا۔

تشریح یہ سزا کبھی بجاے سزاے حبس عبور دریاے شور کے دی جاتی ہے اور اس میں مجرم قید رہتا ہے اور اس سے سزا کے طور پر مشقت لی جاتی ہے

سزاے مناسب۔ واجبی سزا۔ اس قدر سزا جس کا مجرم مستوجب ہو۔

سزاوار۔ لائق۔ سزا کے لائق۔

سزاول معاملہ کلکٹر۔ معاملہ جمع کرنے والا سپرنٹنڈنٹ۔

سعی۔ کوشش۔ مشقت۔ محنت۔ جستجو

سفارت۔ ایلچی گری۔ وکالت۔ میانجی پن سفیر پن۔

سفارش۔ کسی کے واسطے بھلائی کا کلمہ کہنا کسی کی بھلائی میں کوشش کرنی۔ تعریف فائدہ۔ شفاعت۔ وساطت۔ توسط۔ توسل

سفر۔ اس سے مراد وہ کل مسافت ہے جو کہ جہاز کی روانگی کے بندر اور اس کے پہونچنے کے اخیر بندر کے درمیان میں ہو۔

تشریح یہ معنی خاص سفر جہاز کے متعلق ہیں۔

سفر خرچ۔ وہ خرچ جو سفر کے واسطے مقرر ہو۔

سفر دراز سے مراد یہ سفر ہے جس میں جہاز بحالات معمولی ایک سو بیس گھنٹے یا اس سے زیادہ عرصہ تک بندر سے باہر رہے یہ تعریف ایکٹ ولیسی مسافران جہاز میں درج ہے۔

سفر قلیل۔ اس سے مراد ہر سفر ہے جس میں جہاز بحالات معمولی ایک سو بیس گھنٹے سے زیادہ کبھی بندر سے متواتر باہر رہے

سفید پوش۔ چودھری۔ سفید پوش کی

وجہ تسمیہ اس کی سفید پوشاک سے ظاہر ہے گورنمنٹ کی جانب سے ایک خاص گروہ ہے جس کو اس لفظ سے عزت دی گئی ہے جیسے ذیل دار خفیہ پولیس کے ملازمان پر بھی باعث ان کے وردی نہ پہننے کے بولا جاتا ہے

سفیر۔ ایلچی۔ وکیل۔ میان جی

سفینہ۔ کشتی۔ بیاض اشعار۔ حکم طلبی یعنی پروانہ طلبی۔

سقم۔ غلطی۔ نقص۔

سقیم الحال۔ مریض۔ بدحال۔

سکار۔ وصولیت بل۔

سکارایا سکرائی۔ وہ فیس جو بل کے تبادلہ مین لی جاے۔

سکارنا۔ منظور کرنا۔ قبول کرنا۔ جیسے بولتے ہین کسی کوٹھی کے نام سکارنا یعنی کسی مہاجنی کوٹھی کے نام ہنڈی منظور کرنا۔

سکریٹری۔ معتمد جس پر بھروسہ کیا جاے جس کو کوئی کام سپرد کیا جاے۔

سکریٹری آف سٹیٹ ہند۔ ہندوستان کے معاملات کا سکریٹری۔

سکریٹری ہوم ڈیپارٹمنٹ۔ ہوم ڈیپارٹمنٹ کا سکریٹری۔

سکشن۔ استلزام۔

سکل۔ وہ لوگ جو سلسلہ متصاعدہ مین چاہے درجے اوپر ہون یا دور کے رشتہ دار ہون جو تھی پشت بالائی سے اوپر کے رشتہ دار ان بعیدہ۔ یہ دھرم شاستر کا لفظ ہے

سکونت۔ ٹھہرنا۔ قیام۔ رہائش۔ بود و باش۔ باشندگی۔ مکان۔

سکونت مستقل ابتداے ولد الحلال
اُس ملک مین ہے جس مین اُس کا باپ اُس کی پیدائش کے وقت سکونت مستقل رکھتا تھا۔ اگر وہ بعد وفات والد کے پیدا ہوا ہو تو اُس ملک مین ہے جس مین اُس کا والد وفات کے وقت سکونت مستقل رکھتا تھا والد الحلال کی بخیتہ ابتدائی سکونت وہان ہی شمار ہو گی جہان اس کا باپ اس کی پیدائش کے وقت سکونت مستقل رکھتا تھا اگر باپ کے انتقال کے بعد پیدا ہوا تو جہان وقت وفات اُس کا باپ سکونت مستقل رکھتا تھا۔

سکونت مستقل ابتدائی ولد الحرام۔
اُس ملک مین ہے جس مین اُس کی والدہ سکونت مستقل رکھتی تھی۔ ولد الحرام کی ابتدائی مستقل سکونت اُس ملک مین ہے جس مین اُس کی پیدائش کے وقت اُس کی والدہ سکونت مستقل رکھتی ہو۔

سکونت مستقل زوجہ۔ وہی ہے جو اُس کے شوہر کو حاصل ہو۔ بشرطے کہ وہ مستقل سکونت زوجہ کو پہلے سے حاصل نہ تھی۔

سکونت مستقل زوجہ بحالت ازدواج زوجہ کی سکونت مستقل وہی ہے جو اُس کے شوہر کو حاصل ہو باستثنائے انفاقی مفارقت مابین زوجہ و زوج۔

سکونت مستقل طفل نابالغ۔ نابالغ لڑکے اور لڑکی کی مستقل سکونت وہ ہے جو اُس کے والد یا والدہ کو جس سے اُس نے سکونت مستقل پیدائی ہو حاصل ہو۔

سکونت مستقلہ۔ مستقل طور پر قیام

سکونت پذیر ہونا۔ رہنے لگ جانا۔ ریلیش اختیار کرنا۔

سکہ۔ ضرب۔ زرِ مسکوک۔ وہ لوہا جس سے چاندی سونے وغیرہ پر نقش یعنی سرکاری مُہر کریں۔ سٹیمپ۔ بادشاہی مُہر۔ نقدی پر شاہی تصویر۔ جو دھات نقد کا کام دیتی ہے اور اس کام کے لئے گورنمنٹ کے حکم سے چھپہ کی گئی اور جاری کی گئی ہے لغت قانونی دھارٹن صاحب میں لکھا ہے کہ ہمیشہ دھات سے بنایا جاتا ہے اور چھپہ کیا جاتا ہے۔ اور یہ سب عمل ایک ایسی ہیئت پر ہوتا ہے جس کو سکہ بنانا کہتے ہیں۔

سکہ اصلی۔ وہ سکہ جو کھرا اور بے بناوٹ اور صحیح ہو۔

سکہ چہرہ شاہی۔ انگریزی روپیہ۔

تشریح۔ اس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ اس پر بادشاہی چہرے کی تصویر ہوتی ہے

سکہ رائج الوقت۔ جو سکہ حال میں چلتا ہے قانونی سکہ۔ شرعی سکہ۔ حال کا سکہ۔

سکہ ملتبس۔ بناوٹی سکہ۔ کھوٹا سکہ۔

سکہ زن۔ ٹکسالیا۔ سکہ بنانے والا۔

سکہ زنی۔ سکہ بنانا۔

سکہ سند۔ ایک کاغذ جس پر بادشاہی سند یا مُہر ہو۔ ایک تحریر جس پر حاکم وقت کی مہر ہو مثلاً اسٹامپ اور پرامسری نوٹ وغیرہ۔

سگارت۔ رشتہ داری۔ خویشی۔ قرابت

سگائی۔ نسبت۔ منگنی۔ اپنایت۔ خویشی رشتہ داری۔ ادنی ذاتوں میں دوسری شادی۔

سگھا۔ تودہ اناج۔ انبار غلہ۔

سلاح۔ اوزار۔ ہتھیار۔ آلہ حرب۔ دھاردار اوزار جو قابل قتل ہو۔ ایک تیز ہتھیار جس سے قتل ہو سکے جیسے تلوار وغیرہ۔ اس میں

سلاح مہلک۔ ہلاک کرنے والا ہتھیار

سلاح بند۔ مسلح۔ ہتھیار بند۔ سپاہی۔

سلاح دار۔ ایک افسر جو ہتھیار خانہ کا اختیار رکھتا ہو۔ داروغہ میگزین

سلاح خانہ۔ میگزین۔

سلاح ساز۔ ہتھیار بنانے والا۔ اوزار

گزشتہ سے ملا

سلامی - وہ نذرانہ جو ٹھیکہ لینے کے لیے مالکوں کو دیا جاتا ہے - ایک نذر یا پیش کش جو ٹھیکہ یا مال گزاری منفصل ہونے پر ادا ہو بندوق یا توپ کے فیر سے جو حکام کو سلام دیا جاوے - حاکم کا نذرانہ دولہا کا نذرانہ ایک نذرانہ جو زمیندار سے مالک کو دیا جاتا ہے - نذرانہ -

سلائی - ایک کیڑا ہوتا ہے جو زراعت نیل یا ایکھ کو خراب کرتا ہے

سلسلہ - ترتیب - قطار - لائن - نسل - اولاد - زنجیر - سطر - درجہ بدرجہ برابر

سلسلۂ متصاعدہ - اوپر کو چڑھتا ہوا سلسلہ -

تشریح متصاعدہ اسم فاعل تصاعد صعد یعنی چڑھنا سے ہے -

سلسلۂ متنزلہ - نیچے کو اترتا ہوا سلسلہ -

تشریح متنزلہ کے معنی نیچے اترنے والا اس کی اصل نزول ہے -

سلسلہ وار - ترتیب وار - باترتیب -

سلک - وہ استری دھن جو اپنی محنت سے حاصل ہو - یہ لغت دھرم شاستر کا ہے

سلک بندی - مال کی روزانہ رسید - جو مہینے کے اخیر میں مرتب ہوتی ہے جب کہ تمام مال اکٹھا ہو جاتا ہے -

سلوک - نیک روی - مہربانی - راہ چلنا - نیک روی کرنا - کاموں میں نیک چال چلنا صوفیوں کی اصطلاح میں خدا کی نزدیکی ڈھونڈھنا -

سلوک کرنا - مہربانی سے پیش آنا -

سلا - صرافوں کی بولی میں دس کو کہتے ہیں

سما - وقت - موسم - اچھی فصل -

سماعت - سننا مقدمے کا سننا -

سماعت کرنا - کسی مقدمے کا سننا -

سماعت یک طرفہ - ایک فریق کی حاضری پر مقدمے کی سماعت - یک طرفہ ڈگری -

سمجھ - عقل - فہم - رسائی - قوت مدرکہ - ادراک

سمجھانا - ذہن نشین کرنا - تسلی کرنا - بہکانا -

سمن - حاضر ہونے کا حکم نامہ - طلبی نامہ اطلاع نامہ

تشریح انگریزی [illegible] م کی تشدید یعنی ڈبل ایم ہے اور اردو میں تشدید نہیں بولتے - سمن اور وارنٹ میں فرق ہے (دیکھو سمن و وارنٹ)

سمن ثانی - دوسرا اطلاع نامہ

سمن حاضری جواب دہی - اس میں یہ حکم مندرج ہوتا ہے کہ کوئی دستاویز جو مدعا علیہ کے قبضہ یا اختیار میں ہو اور جس میں نسبت روداد مقدمہ مدعی کے

کچھ شہادت ہو جس پر مدعا علیہ کو اپنی جواب
دہی کی تائید کے لیئے استدلال کرنا منظور
ہو پیش کرے

سمن قطعی مقدمہ۔ اس مین مدعا علیہ کے
نام یہ ہدایت درج ہوتی ہے کہ اس تاریخ کو
ایسے گواہ پیش کرے جن کی شہادت سے اپنی
جواب دہی کی تائید کے لیئے مدعا علیہ کو
استدلال کرنا منظور ہو۔

سمن موسومہ قیدی۔ وہ سمن جو قیدی
کے نام کا ہو۔

سمن جاری کرنا۔ اطلاع نامہ کو تعمیل
کے واسطے بھیجنا۔

سمن منسوخ کرنا۔ اطلاع نامہ کو رد کرنا۔
اور واپس لینا۔

سمنودک۔ وہ رشتہ دار ہین جو پانی کا
برتن کرتے یعنی پترون کو پانی دینے کے
مجاز ہوتے ہین یہ لغت ہندو لا کا ہے

سموڈک۔ وہ رشتہ دار ہین جو بلحاظ پانی
دینے کے قرابتی ہین

سن۔ عمر۔ زندگی کا وقت۔

سن شعور۔ بلوغ کی عمر۔ بالغ ہونے
کا زمانہ۔

سنہ۔ سال۔ سمت۔ برس۔

سنہ الیہ۔ حال کا سال۔ موجودہ
سال۔ سنہ روان۔

سنہ جلوس۔ تخت نشینی کا سال
سنہ اجلاس۔

سنہ رواں (دیکھو سنہ الیہ)

سنہ وصلی۔ فصلی سال۔ اس کی
مفصل تشریح کے واسطے دیکھو سال
فصلی۔ اس مین ی نسبتی ہے۔

سند۔ دستاویز۔ سرٹفکیٹ منظوری
کا کاغذ (دیکھو سرٹفکیٹ)

سند شاہی۔ بادشاہی منظوری کا
سرٹفکیٹ۔

سند مسلمہ۔ مانی ہوئی اور تسلیم کی
ہوئی سند

سندات بخشش۔ وہ سندین
جو جاگیردارون کے نام جاری ہو چکی ہین

سنکلا آنے۔ صرافون کی اصطلاح
مین ایک روپیہ دو آنے کو کہتے ہین۔
ایک روپیہ دو آنہ۔

سنکلپ۔ وہ جائداد جو مرحوم اپنے گوتم
کے روبرو حقیقی اولاد یا متبنی کے واسطے
لکھے۔ نیز وہ زمین جو معاملے سے معافی ہو

سنگاپور۔ ایک جزیرہ کا نام ہے

سنگھاڑا۔ صرافون کی اصطلاح مین
تین روپیہ پر بولتے ہین۔

سنگین۔ سخت۔ بھاری۔ شدید۔
وزنی۔ وزندار۔

سنگین تشخیص ۔ سخت تشخیص۔

سنگین جمع ۔ سخت جمع۔

سنوات ۔ سالہا۔ کئی سال۔

سنوڑیا ۔ چور۔ ٹھگار۔ راہزن۔ قزاق

سواری عام سے مراد ہے جس پر روزمرہ مسافر چڑھتے اُترتے ہوں۔ اور جس کی بابت زاد راہ کا دعوی ہو سکے

سوال ۔ عرضی۔ نالش۔ استغاثہ۔ دعوی۔ استفسار۔ درخواست۔ عرضی۔

سوال اُشاری ۔ مقدم اور بڑا اور رکن اعظم سوال۔ ہدایتی سوال۔

سوال تردید ۔ منسوخ کرنے کا سوال۔ رد کرنے کا سوال۔ جرح کا سوال۔

سوال خوانی ۔ درخواست یا سوال کا پڑھنا دعوی یا عرضی سنانا۔

سوال دقیق جس پر بحث ہو سکے۔ باریک سوال۔ اوچھا سوال۔ عمدہ سوال۔ گہرا سوال برجستہ سوال۔

سوال عذر داری ۔ عذر کرنے کا سوال

سوال فریق اول ۔ وہ سوال جو پیش کنندہ گواہ کرے۔ مدعی کا سوال۔ گواہ سے اُسی فریق کا سوال جس کا وہ شاہد ہے

سوال فریق ثانی ۔ گواہ سے دوسری پارٹی کی جانب سے سوال۔ گواہ سے مدعا علیہ کا سوال جو سوال فریق ثانی کرے۔

سوال متمم قیمت ۔ وہ سوال جو اسٹامپ کی کمی پورا کرنے کے واسطے کیا جائے۔ کمی کورٹ فیس یا ٹکٹ کا سوال۔

سوال مرمت ۔ وہ سوال جو عرضی کی ترمیم اور درستی کے واسطے دیا جائے۔ اس کو سوال ترمیم بھی کہتے ہیں۔ پہلے جو عرضی دی گئی پھر برآمد کرنے کی غرض سے سوال تاکہ کچھ باقی ماندہ نقص کو ٹھیک کر دیا جاسے۔

سوال مکرر ۔ وہ سوال جو بعد سوال فریق ثانی کے پیش کنندہ گواہ کرے۔ دوبارہ سوال

سوال موصل المقصود ۔ ایسا سوال جس سے وہ جواب نکلتا ہو جو پوچھنے والا اُس کا چاہتا یا جس کی امید رکھتا ہے مطلب تک پہونچانے والا سوال

تشریح موصل اسم فاعل ایصال معنی پہونچانے کا ہے۔ مقصود کے معنی مطلب۔

سوال موصل الی المقصود ۔ وہ سوال جو مطلب کی طرف پہونچانے والا ہو (دیکھو سوال موصل المقصود)

سوال دینا ۔ عرضی دینا۔ درخواست پیش کرنا

سوال کرنا ۔ پوچھنا۔ استدعا کرنا۔

سوالات جرح ۔ وہ سوالات جو ایک فریق مقدمہ باجازت حاکم عدالت مقابل کے فریق یا اُس کے شاہدوں پر کرتا ہے۔

تشریح سوالات جمع سوال کی ہے اور

جرح کے معنی زخم کے ہیں جیسے کسی زخم سے
تکلیف پہونچتی ہے اسی طرح اس سے بھی
ضرر پہونچتا ہے۔ اس کو جرح کرنا بھی کہتے
ہیں۔
سوالات مستفسرہ۔ پوچھے ہوئے
سوالات
تشریح مستفسرہ استفسار کا اسم مفعول ہے
سوان۔ صرافون کی اصطلاح میں دو کو
کہتے ہیں۔
سوانہ۔ حد۔ سرحد۔ جیسے بولتے ہیں زمیندار
ہم سوانہ یعنی ایک حد والے زمین دار۔
سوائے۔ معاملہ کی اضافہ رقم جو معاملہ سے
بڑھ کر ہو۔ اضافہ معاملہ جو منہا ہو یا منافع میں
کاشت شدہ ہو۔ مثلاً مچھلی یا جنگل کی پیداوار
کا محصول وغیرہ۔ وہ ہے جو مالک کاشت
کار یا بیوپاری وغیرہ سے لیتے ہیں۔ بڑے تالابون
سے مچھلی مارنے اور درختون کے پھل پھول
جیسے آنبہ وغیرہ جیسے جنگل کی پیداوار جیسے
موم۔ لاکھ۔ گوند وغیرہ۔ اس کی تین قسمین
ہین۔ جل کر۔ پھل کر۔ بن کر۔
سوائی۔ ایک نرخ سود کا جو غلہ پر پیشگی لگایا
جائے۔ فی من چوتھائی من کے حساب سے
بونے کے وقت زمینداروں کو بطور قرض
دیا جاتا ہے۔ مٹی اور ریت کی ملی ہوئی زمین
جو سوائے چانول کے اور غلون کے قابل ہو۔

سوائی جمع۔ اضافہ معاملہ۔ دکن میں یہ
معاملہ زمین کے اور چیزوں پر محصول لگایا
جاتا ہے مثلاً چونگی وغیرہ۔
سویڑا۔ وہ چاندی یا سونا جو خالص نہ ہو ملاوٹی
چاندی یا سونا۔
سود۔ جو ایک قرضہ کے مول پر منافع لیا جائے
بیاج۔ نفع۔ منافع۔ وہ منافع جو روپیہ پر
مختلف صورتون میں مثلاً ڈیوڑھا یا سوایا
وغیرہ لگایا جاتا ہے
سود بالائے سود۔ جو منافع قرضہ کے
مول پر منافع ہو۔ سود در سود۔
سود در سود۔ سود مرکب۔ سود پر سود لگانا
(دیکھو سود بالائے سود)
سود خور۔ بیاج۔ سود لینے والا۔ سود کھانے
والا۔ سود پر روپیہ چلانے والا۔
سودی۔ وہ رقم جو سود پر دی یا لی گئی ہو
سوکھا۔ کھیتی کا پانی وغیرہ سے سوکھنا۔
سول سرجن۔ محکمہ سول کا ڈاکٹر یا طبیب
سول کوڈ۔ مجموعہ قوانین دیوانی۔ دیوانی
قانون کا دستور العمل۔
سول لا۔ سے عموماً سلطنت روما کا قانون
مراد لیا جاتا ہے۔ دیوانی قانون۔
سولی۔ ایک لکڑی جس پر خونی مجرم لٹکایا
جاتا ہے۔ پھانسی۔
سہ بندی۔ معاملہ کی سہ ماہی قسط۔ سہ ماہی

انیا لغہ آگاہا۔

سدہ ۔ جہاں دو سے زیادہ محالات کا اتصال ہو تعمیر کیا جاتا ہے۔ پتھر یا چونا گچ عمارت پلستر کی ہوئی اس کی شکل مربع جس کا طول و عرض و ارتفاع تین فٹ سے کم نہو گا نصف زمین مین گاڑا جائے گا اور نصف باہر رہے گا۔ یہ تعریف ایکٹ ۱۷ مال مین درج ہے۔

سہام ۔ حصے ۔ بخرے ۔ حصے جائداد کے یہ سہم کی جمع ہے

سہل انکاری ۔ آسان خیال کرنا سہل سمجھنا ۔ سرسری اور معمولی تصور کرنا۔

سہم بٹوارہ ۔ جائداد کا ایک حصہ جو بموجب کئی حصون کے تقسیم ہو۔

سہم معین ۔ مقررہ حصہ۔

سہو ۔ بھول ۔ چوک ۔ قصور ۔ غلطی۔

سہو القلم ۔ جو لکھنے سے رہ گیا ہو تحریری غلطی

سہواً ۔ بھول چوک سے ۔ ان جانے غلطی سے نادانستہ۔

سے ۔ یہ لفظ حسب ایکٹ عبارات عامہ پہلا روز خارج کرتا ہے اس کا یہ منشا ہے کہ دنون کے سلسلے مین پہلے کو یا کسی دوسری میعاد کو خارج کرنے کے لیئے اس لفظ کا استعمال کافی ہے اس لفظ سے میعاد معینہ کا پہلا روز شمار نہین ہوتا دیکھو

فیصلہ نمبر ۹ سنہ ۱۹۰۰ء چیف کورٹ پنجاب

سیاست ۔ حکومت ۔ انتظام ۔ درستی سزا ۔ سختی ۔ ایذا ۔ عقوبت ۔

سیاست خانہ ۔ سنگین کوٹھری حوالات ۔

سیاوڑی ۔ تودہ غلہ سے بٹ رتمن مٹھی بھر کے اناج پنڈت یا برہمن یا پروہت کے واسطے پہلی دفعہ نکالا ۔ دوسری دفعہ دیوی کے نام جوگیون کے واسطے تیسری دفعہ بھگوان یعنی خدا کے نام فقیرون کو دینا ۔ مسلمانون کی مسجد کے امام یا خادم وغیرہ کو دیتے ہین

سیاق عبارت ۔ روانگی عبارت ۔ قرینہ عبارت ۔

سیاہہ ۔ کتاب حساب ۔ روزنامچہ حساب رسید بک ۔ وہ کتاب جس مین تمام متفرق اخراجات روزمرہ درج ہون ۔ ایک روزمرہ کے حساب کی کتاب جس مین لگانون یا جائداد کی رسیدین درج ہوتی ہین اور تمام رقوم وصول شدہ کی تشریح کی جاتی ہے کہ آیا وہ باقاعدہ ہین یا متفرق اور تمام تقسیم کی جمع کر آیا وہ رواجی ہین یا اتفاقیہ یہ لفظ حساب کتاب کی اصطلاح مین ملاحظہ شد کی جگہ مستعمل ہوتا ہے

سیاہہ آمدنی ۔ ایک لگان کا سیاہہ ۔ ایک خزانہ کا روزانہ حساب جو زمیندار ون سے وصول کر کے جمع کیا جائے (دیکھو سیاہہ)

سیاہہ بہی آمدنی ۔ اس کتاب مین سب

رقومات مندرج ہوتی ہیں یعنی مال سوائے سائر - طلبانہ - پٹہ - جو رقم ہو -

سیاہہ موجودات - ڈیلی رسید بک روزمرہ کے حساب کی رسید کی کتاب جس میں خرچ اور آمد دونون ہون - موجودات کے معنی حاضری بھی ہے

سیاہہ نویس - محاسب روزمرہ کے حساب کو یادداشت کے طور پر رکھنے والا منشی - اکونٹنٹ -

سیاہہ کرنا - حساب میں درج کرنا -

سیر - وہ زمین جو سرودست مالک زمین سے زراعت کی گئی ہو - وہ زمین جو بعض اوقات خاص اقرار پر مدت مقررہ تک چھوڑی جاتی ہے مالک کی پرورش کے لیئے اور اس سے کچھ وصول ہوتا رہتا ہے - وہ زراعت شدہ زمین ریاست کی جس کا معاملہ بغیر ذریعہ گماشتہ کے زمینداروں سے وصول ہوتا ہے - یہ تشریح ولسن صاحب نے کی ہے - وہ زمین جو مالک کی خود کاشت ہو - اس سے وہ ارضی مراد ہے جو پچھلے بندوبست مین بطور سیر کے لکھی گئی ہو اور اُس وقت سے اسی طور پر لکھی چلی آتی ہو یا وہ زمین جو بروے رواج بطور خاص حق قبضہ کسی شریک کے تسلیم ہو کر باہمی شرکا تقسیم منافع یا اخراجات مین ایسی ہی متصور ہوتی رہی ہو -

سیر و نانکار - اس سے مراد اطلاع رعایتی کی ہے جو رعایت بلحاظ قومی یعنی بل کر برابر انتفاع خاص سے بوجہ قدامت ملکیت پیدا ہوتی ہے مگر اس سے حق بندوبست ماتحت کا پیدا نہیں ہوتا - اگر مالک سابق اپنی اراضی پر قابض ہے جس کی بابت لگان بشرح کمتر شرح معمولی کاشتکاران اپنی قوم سے لیتا ہو تو ایسی زمین سیر کہلاوے گی -

سیری - بٹائی دار - ساجھی -

سیر - لفظاً سیر سے عموماً چار پاؤ مراد ہوتی ہے آب کاری ایکٹ میں ایک خاص وزن مراد ہے -

سیلاب - وہ زمین ہے کہ جس پر علی العموم موسم برسات میں طغیانی دریاے کلان یا اُس کی ساخون سے پانی پھر جاتا ہے وہ قطعۂ زمین جو دریا یا نہر یا جھیل کے قرب سے زیادہ تر رہتا ہے -

سیلابہ - بھار - سیلابہ (دیکھو سیلاب)

سیلون - لنکا یا سراندیپ -

سینچائی - آب پاشی یا آب پاشی کی اجرت

سیندھ - نقب - پاڑ - وہ سوراخ جو چور دیوار میں کر کے مکان کے اندر داخل ہو جاتے ہیں

سینگنا - چرائے ہوے مویشی کو پہچاننا یا شناخت کرنا -

سینگون - ریت اور مٹی کی ملاوٹ

شلیپہ۔ جوڑ۔
سنگوئی ۔ مویشی کی نیلامی کا ٹیکس

سیوک پتر ۔ غلامی نامہ ۔ وہ تحریر جس مین غلام ہونے کی صورت لکھی ہو۔

ش

شادی گندرب ۔ اہل ہنود مین ایک قسم کی شادی ہوتی ہے۔ عشقیہ شادی ۔

شاذ ۔ جدا۔ تنہا۔ اکیلا۔ کم۔ نادر۔ صرفیون کی اصطلاح مین وہ لفظ ہے جو خلاف قاعدہ یا خلاف قیاس ہو۔

شارح ۔ شرح کرنے والا۔ کھول کر بیان کرنے والا۔ کسی متن کی شرح کرنے والا۔

شارع ۔ راہ راست ۔ راہ کشادہ ۔ بڑا راستہ شروع کرنے والا۔ صاحب شرع۔ جو لوگون کو دین کی تعلیم کرے ۔ سڑک ۔ فتویٰ دینے والا۔ شریعت والا۔

شارع عام ۔ عام سڑک۔ گذرگاہ عام۔ عام راستہ۔ اس سے ہر ایسا راستہ یا سڑک یا بازار۔ یا چوک یا صحن یا کوچہ یا رہگذر یا کھلا میدان (عام اس سے کہ گذرگاہ عام ہو یا نہو) مراد ہے جس پر لوگون کو حق آمد و رفت حاصل ہو۔ نیز وہ سڑک اور پگ ڈنڈی جو کسی عام پل وغیرہ پر سے جاتی ہو۔

شاستر ۔ ہنود و مذہب کی مذہبی کتابین۔ قوانین مذہبی ہنود ۔

شاس پتر ۔ ایک تانبے کا تختہ یا پترا کاغذ وغیرہ جس پر ایک اشتہار یا اعلام لکھا جاے یا مشتہر کیا جاوے یا چپان کیا جاے ۔

شاکی ۔ گلہ کرنے والا۔

شامل ۔ نتھی شدہ ۔ اکٹھا۔ ملا ہوا۔ جڑا ہوا۔ مشتمل ۔ داخل ۔ درج۔ محتوی۔ شریک۔ ساتھی پیوستہ۔

شامل مثل ۔ مثل کے ساتھ نتھی کیا ہوا۔ ایک مقدمہ کے کاغذات کو ایک مثل مین ملانے کو شامل مثل کرنا بولتے ہین ۔ متعلق مثل۔

شاملات ۔ وہ زمین جو مشترکہ مقبوضہ بلا تقسیم ہو۔ ناتقسیم شدہ جائداد ۔ وہ ملکیت یا جائداد جو بہت سے لوگون مین مشترک ہو کئی حصہ دارون کی مملوکہ زمین۔ تمام گانون والون کی ملکیت ۔

شان ۔ رتبہ۔ شوکت۔ عظمت ۔ کام۔ حال حق ۔ صورت ۔

شانہ کاری ۔ فریب۔ خوشامد۔ ظاہری ۔

شاہد - گواہ - ظاہر کرنے والا - ثبوت دینے والا - ساکھی - مظہر - گواہی دینے والا - حاضر

شاہد حال - آنکھ دیکھا گواہ - حال کا گواہ - چشم دید گواہ -

شاہدی - گواہی - شہادت - تصدیق

شایان - لائق - سزاوار

شبہہ - شک - احتمال ظن بے معلوم - قانونی نقص -

تشریح - شبہہ و شک میں یہ فرق ہے کہ شک بمعنی گمان و ضد یقین - شبہہ بمعنی مانند ہونا اگر ایک شے صورت ظاہری میں دوسری کے مانند ہوتی ہے تو البتہ شناخت سے یقین رفع ہوجاتا ہے بلکہ شک پیدا ہوجاتا ہے اور جہاں شک ہو وہاں مشابہت ضرور نہیں ہے اس سے معلوم ہوا کہ شک عام ہے اور شبہہ خاص -

شبہہ معقول - پورا شک - ٹھیک یا واقعی شک

شبیہ - مثل - مانند - نظیر

شجرہ - نسب نامہ - نیز وہ نقشہ جو کسی معین پیمانہ پر بنایا گیا ہو بلکہ ایسے طور پر بنا ہو کہ ہر کھیت جست وجو سے مل جانے ہر کھیت اور ہر قطعۂ زمین اس میں درج ہوتا ہے خسرہ میں اندراج ہوتا ہے جس سے کہ قطعہ اراضی کا رقبہ اور پیداوار زمین اور نمبر وہ کھیت کا لگان وغیرہ معلوم ہوتے ہیں

تشریح رقبہ کھیت کا اس کا عرض اور طول اور ان دونوں کے باہمی ضرب دینے سے درج کرتے ہیں - کھیت کا نقشہ نسبی کرسی نامہ - ہر کھیت اور ہر قطعہ زمین پر نمبر شمار کا ہوتا ہے - نقشہ کشتوار -

شجرۂ انساب - نسبوں کا شجرہ - خاندان کا شجرہ - انساب نسب کی جمع ہے

شجرہ نسب - ایک نقشہ جس میں کل مالکوں کی مع کھیوٹ یا رجسٹرلی مالکیت کی ذمہ داری درج ہو -

شحنہ - دیہاتی چوکیدار یا محافظ - کوتوال

تشریح بفتح اول غلط مشہور ہے -

شخص - آدمی - بشر - بندہ - انسان - نفر - ایک - واحد - فرد - تن تنہا - متنفس - خاص، ذاتی - کس - جسم - بدن - سر - شکل - صورت - مالش - جماعت - مجمع - خود - آپ - جلیہ - بدن انسان یا حیوان - اس میں ہر قسم کی کمپنی یا ایسوسی ایشن یا اشخاص کی جماعت عام اس سے کہ اس کو سند ملی ہو یا نہ ملی ہو شامل ہے مقنن اس کو معمولی معنوں کے علاوہ بعض مجردات اور موجودات کے لئے بھی اس کا استعمال کرتے ہیں جو حقوق کے مالک ہوتے ہیں اور فرائض کی ذمہ داری کے قابل تصور کئے گئے ہیں جیسے شہر لنڈن

یا بنک یا گورنمنٹ یا ریلوے کمپنی وغیرہ جو انسان نہین مگر عموماً اس مضمون کے موقع پر بجلے شخص مجازی کے اشخاص قانونی بولتے ہین۔ یہ حقیقت مین انسان نہین مگر انسانون کی طرح ادائے فرضون اور ذمہ داریون کے قابل تصور کیئے جاتے ہین۔ اس مین ہر قسم کے شرکائے جماعت (جو تجارت کے لیئے شریک ہوے ہون) یا گروہ اشخاص شامل ہین جو سرکاری سند رکھتے ہون یا نہ رکھتے ہون۔ متعدد مذکر اور مونث سندیافتہ اور غیر سندیافتہ بھی شامل ہین

شخص اجنبی بے گانہ شخص۔ ناواقف شخص پردیسی شخص۔ کسی اور دیس کا رہنے والا شخص۔

شخص اول الذکر۔ وہ شخص جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہو۔ شخص مذکور۔ شخص مزبور۔ شخص مذکورہ بالا۔ شخص مذکورہ صدر۔ شخص مرقومہ پہلے بیان کیا ہوا شخص۔

شخص حقیت دار۔ حاوی تمام اشخاص دعوے داران استحقاق معاوضہ پر ہے۔ یہ ایکٹ حصول اراضی مین درج ہے۔ حقیت رکھنے والا شخص۔

شخص حی القائم۔ پسماندہ خاندان۔ وہ شخص جو کل خاندان مین سے زندہ رہے

شخص روپوش۔ مفرور۔ چھپا ہوا۔ غیر حاضر مجرم۔

شخص طبابت پیشہ۔ وہ طبیب جس کو قاعدہ ۴۳ یا اس کے جا بجا قاعدے کے بموجب ڈپٹی کمشنر نے لائی سنس عطا کیا ہو۔

شخص قانون پیشہ سے ہر شخص مراد ہے جس کو حسب منشائے ایکٹ اشخاص قانون پیشہ مصدرہ ۱۸۷۹ء شخص قانون پیشہ کہا جا سکتا ہے مگر مختار اس مین داخل نہین ہین۔ دیکھو تشریح زیر دفعہ ۱۷ ایکٹ ۱۷ ا۱۸۷۱ء متعلق مالگزاری پنجاب۔

شخص قانونی / **یا شخص مجازی** } یہ حقیقت مین انسان نہین ہوتے مگر انسانون کی طرح فرضون اور ذمہ داریون کے قابل تصور کیئے جاتے ہین جیسے بنک کمپنی وغیرہ۔

شخص مسلوب الحواس۔ پاگل۔ جھلّا۔

تشریح مسلوب کے معنی دور کیا گیا۔ چھینا گیا۔ نفی کیا گیا۔ اس کی اصل سلب ہے حواس جمع حس کی اور یہ دس ہین پانچ ظاہری ان کو حواس خمسہ ظاہری کہتے ہین یعنی ظاہرہ کے پانچ حس۔ ذائقہ۔ باصرہ شامہ۔ لامسہ۔ سامعہ۔ پانچ باطنی ان کو حواس خمسہ باطنی کہتے ہین یعنی باطن کے پانچ حس جیسے حس مشترک۔ خیال۔ متصرفہ واہمہ۔ حافظہ۔ مسلوب الحواس کا لفظی ترجمہ

جو اس چھینا گیا یعنی پاگل۔

شخص مُعان ۔ وہ شخص جس کی مدد کی گئی ہو۔

تشریح اس کی اصل عون اعانت معنی مدد ہے یہ صیغہ اسم مفعول کا ہے یعنی مدد کیا گیا۔

شخص مفقود الخبر ۔ جس کی خبر نہ ملے بے پتا شخص وہ شخص جس کی خبر معلوم نہو۔

تشریح مفقود کے معنی گم کیا گیا یا گم شدہ۔ کھویا گیا۔ یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے۔ اس کی اصل فقدان بمعنی گم کرنا۔ گم ہونا۔ کھویا جانا اہل فرائض اس کو مفقود بولتے ہین اُن کے ہان اس کے فقدان کی ایک خاص مدت مقرر ہے جس کے گذر جانے کے بعد مفقود کی بیوی غیر شخص کے ساتھ نکاح کرنے کی مجاز متصور ہوتی ہے اور شرعی طلاق کی محتاج نہین رہتی ہے۔ یا مفقود کے زمانہ فقدان کا تخمینہ اُس کے ہم عمرون اور ہم عصرون کے عمر طبعی پاکر مرجانے کی حد تک پہونچنے پر زوجہ مفقود نکاح کرنے کی مجاز ہوتی ہے۔ فقد کے معنی لغت مین اضلال ہین۔ اصطلاح مین وہ ہو جو اپنے اہل سے غائب ہو اور اُن کو اس کی خبر نہ ملے اور اس کا پتہ نہ جانتے ہون اس کی جگہ اور زندگی اور موت کا حال معلوم نہو ظاہر روایت یہ ہے کہ جب اس کے ہم عمر نہ رہین تو اس کی موت پر بھی حکم کرنا چاہیئے۔ اس مدت مین اختلاف ہے۔ نوّے (۹۰) سال پر فتویٰ ہے۔

شخص نسل اہل یورپ ۔ کوئی شخص جو یورپ۔ امریکا۔ ایسٹ انڈیا۔ (مشرقی ہند) اسٹریلیا۔ سمینیا۔ نیوزیلینڈ۔ نٹیال۔ یا نوآبادی کیپ مین پیدا ہوا ہو

شد آمد قدیم ۔ پرانا برتاؤ۔ دستور قدیم۔ آنے جانے کا قدیمی طریق۔ قدیم رواج یا دستور۔

شدائد بے حرمتی یا **شدائد خلائق** } الام بدنامی۔ (دیکھو آلام بدنامی)

شدائد بے دردی و **شدائد بغض** } الام بدخواہی عام (دیکھو آلام بدخواہی عام)

شدة ۔ سختی۔ تکلیف۔

شدید ۔ سخت۔ خوفناک۔ بڑا۔ محکم۔ استوار۔ دلیر۔

شست ۔ آلہ پیمایش جو سواری وغیرہ پیمایش کنندے اپنے پاس رکھتے ہین۔

شر ۔ بدی۔ بُرائی۔ شرارت۔ رذالت۔ جبونی۔ ابتری۔ خرابی۔ سفلگی۔ خباثت۔ بدکاری۔ عیب۔ نقص۔ گناہ۔

شر اُٹھانا ۔ جھگڑا برپا کرنا۔ فتنہ انگیزی۔

شراء ۔ مول لینا۔ بیچنا۔ خرید و فروخت سودا سلف۔ خریداری۔

شراب - ہر چیز رقیق جو مثل پانی کے رقیق ہو اور پی لی جاوے۔ مگر اکثر اس کا اطلاق بمعنی شراب مشہور ہے جس مین نشہ ہوتا ہے اور طبیبون کی اصطلاح مین شربت دوا ہے۔ جیسے شراب بنفشہ بمعنی شربت بنفشہ عرق منشی۔ نشہ دینے والا پانی۔ آب خمر عربی مین عموماً پینے کی چیز پر بولتے ہین

تشریح شراب اور خمر مین یہ فرق ہے کہ شراب ما اعات سے جو چیز خوردنی یا نوشیدنی ہو اور خمر بمعنی آب انگور یا ہر چیز مسکر مگر عموم سبب افصح ہے اس لیئے کہ جب آیتہ تحریم خمر مدینہ مین نازل ہوئی تھی شراب انگوری موجود نہین تھی۔ بل کہ شراب خرما تھی۔ خمر نکلا ہے خمار سے جو سر ڈھانپنے کا کپڑا ہوتا ہے شراب بھی عقل کو ڈھانپ لیتی ہے پس شراب عام ہے اور خمر خاص ہے۔

شراب مخمر - ولایتی جو کے خمیر کی شراب وائن شراب۔ تاڑی - اب لاہن بھی اس مین سمجھنا چاہیئے۔

شراب مقطر - تیز شراب - چوائی ہوئی شراب جس مین روح شراب ہو۔ قطرہ قطرہ کشیدہ شراب۔

شراب مقطر ہندوستانی - اُس مقطر شراب کو کہتے ہین جو ہندوستانی طور پر کھینچی جاتی ہے۔

شرادہ - اس مین پتردن کو خوراک کے پنڈ دیئے جاتے ہین اور جو مردون کے نام پر پوریں کھوری وغیرہ برہمنون کو کھلاتے ہیں سوختنی قربانی۔

شرارت - بدنیتی بدمعاشی - بُرائی - خرابی جعل سازی - بدذاتی

شرارت و نا دہندگی - بدی و کنجوسی۔

تشریح یہ دونون لفظ عموماً تحصیل دار لوگ باقی پڑنے کے وقت لکھا کرتے ہین۔ حال آن کہ ایسے عذرات باطل ہوتے ہین اس لیئے کہ باقی دار بصورت طاقت ادا کے باقی نہین رکھ سکتا ہے تشریح اہل شرارت مفلسی وی مین یہ فرق ہے کہ اول با وجود متمول ہونے کے زر باقی دیتے ہین اور نہ مٹی باقی دار کو انتقال مین لیتے ہین۔ علاوہ برین گرد و نواح کے لوگون کو جو نیت خریداری رکھتے ہین دھمکاتے ہیں اور دوسرے ایسے نہین۔

شرافت پناہ - ایک لقب ہے جو ماتحت عہدہ دار کو دیا جاتا ہے

شراکت - ساجھا حصہ داری - ملاوٹ میل رفاقت - اتفاق - شرکت - آمیزش - خلط ملط شاملات - وہ تعلق جو فیما بین ایسے اشخاص کے ہوتا ہے جنھون نے اپنے مال یا محنت یا ہنر کو کسی کاروبار مین ملانے اور اُس کے منافع کو باہم تقسیم کرنے کا قرارداد کیا ہو۔

شراکت نامہ - وہ تحریری دستاویز جس میں ساجھا ہونے کی کیفیت درج ہو حصہ داری کی سند - پٹہ حصہ داری

شرائط - شرطین قیدین - قول و قرار - عہد و پیمان - معاہدہ - جمع شرط کی ہے

شرائط تمہیدی - مقدم اور ابتدائی شرطین - اولی شرطین - دیباجے کی شرطین -

شرائط جواز نکاح - نکاح کے جائز ہونے کی شرطین جیسے متعاقدین - عاقل و بالغ اور حر - یعنی آزاد ہون -

شربت پلانا - اس سے مراد وہ حجام کا شربت پلانا ہوتا ہے جو نکاح سے قبل براتیون کو پلایا جاتا ہے

شربت پلائی - شربت پلانے کی اجرت وہ ایک خاص مقررہ نقدی مختلف خاندانون مین مختلف مقدار پر دی جاتی ہے جو قبل نکاح کے حجام کا لاگ یا حق متصور ہوتا ہے (دیکھو شربت پلانا)

شرح - بیان تفصیل - نرخ - اظہار تشریح نرخ معاملہ - مقدار - قیمت - کھولنا - ظاہر کرنا کھول کر بیان کرنا مطلب کا تفسیر کسی کتاب کی تشریح -

شرح بندی - میزان - نرخ - نرخ کا ٹوٹل نرخ کا نقشہ -

شرح پانی - پانی کی شرح - پانی کا نرخ - یہ مال گذاری کے حساب سے محکمہ نہر سے مقرر ہوتا ہے

شرح چلنی - یہ ایک ترکیب لگان وصول کرنے کی ہے جس مین اوروسے تجربہ و واسطہ سال ہائے گذشتہ کے بنیاد دوامی مطالبہ مقرر ی نقدی کے اوپر سطح تحقیق شدہ زیر کاشت ایک فصل خاص کی قائم کی جاتی ہے اور تعلق آمدنی فصل خاص کا بالکل چھوڑ دیا جاتا ہے

شرح مال گذاری وصولی - وصول شدہ معاملہ کا نرخ

شرح معمولی - واجبی شرح - رسمی نرخ

شرح وار - نرخ وار - بہ ترتیب نرخ -

شرط - جس پر کسی امر کا ہونا موقوف ہو - عہد پیمان - بازی - بدنا - لازم کرنا - اور لازم ہونا کسی چیز کا خرید و فروخت وغیرہ مین - وہ چیز جس پر کسی بات کا ہونا منحصر ہو -

شرط خارجی - بیرونی اور غیر متعلق شرط - الگ یا باہر کی شرط - اجنبی شرط - اوپری شرط غیر ذلک شرط - پرائویٹ شرط -

شرط مظہرہ - بیانی شرط - ظاہر کرنے والی شرط - صاف شرط -

تشریح مظہرہ اسم فاعل کا صیغہ ہے اس کی اصل اظہار یعنی ظاہر کرنا ہے -

شرطی۔ وہ امر جو شرط سے ہو۔ جو متعلق شرط کے ہو۔ جو بات شرط پر مبنی ہو۔ شرطیہ مشروط۔

شرطیہ۔ شرطی۔ (دیکھو شرطی)

شرع۔ محمڈن لا۔ قانون محمدی محمدی عقائد۔ قانون۔

شرعاً۔ مسلمانون کے قانون سے۔ شرعی قانون کی رو سے۔ از روے شرع۔

شرف عدالت۔ ناظر۔ ایک خاص عدالتی عہدے کا نام ہے۔

شرکایان یعنی شرکا۔ ساجھی۔

تشریح یہ شریک کی جمع بنائی گئی ہے جو غلط ہے صحیح شرکا ہے۔

شرکت۔ شریک ہونا۔ شراکت۔ (دیکھو شراکت)

شرکت ملکیت۔ ملکیت مین شراکت یا ساجھا۔

شرکت قبل وقوع جرم وہ ہے کہ بمشورہ و بہ تدبیر وقوع جرم مین شریک رہنا گو بوقت جرم حاضر نہو۔

شرکت مابعد وقوع جرم وہ ہے جو باوجود اس علم کے کہ فلان شخص نے فلان جرم کیا ہے۔ اخفاے جرم یا اخفاے مجرم مین جہد کرتا ہے

شرم گاہ۔ شرم کی جگہ۔ ستر۔ اندری۔ اندام نہانی۔ چھپانے کی جگہ۔

شریعت۔ محمدی قانون عدالت مسلمانی راہ راست خدا کے پیدا کیئے ہوے بندون کے لیئے بابت معاملات اور عبادات کے

شریف۔ ایک خطاب جو حکام مکہ یا شہزادہ کو دیا جاے۔ جنٹلمین۔ میر دہ۔ بزرگ اور بڑے مرتبے کا آدمی۔ اصیل اور نجیب۔ مکہ معظمہ کا حاکم

تشریح۔ شریف اور نجیب مین یہ فرق ہے کہ شریف بمعنی مرد بزرگ قدر اس کی اصل شرف بمعنی بلندی و بالاے بلند و بزرگی آبائی و بزرگی ذاتی۔ بلند قدر ہونا۔ اور نجیب کے معنی مرد بزرگ و گرامی گوہر۔ پس فرق یہ ہوا کہ نجیب صفت عام ہے اور شریف انسان یا جو کہ انسان سے رتبہ مین فائق ہے اُس کے صفات مین آتا ہے۔

شریک۔ ملا ہوا۔ پیوستہ۔ شامل۔ ساجھی حصہ دار۔ رفیق۔ آبائی حصہ دار۔ اس لفظ کی تشریح نہ تو دیا بھاگ مین اور نہ دیا کرم سنگرہ مین درج ہے۔ لیکن یہ ظاہرا اُن تمام رشتہ دارون پر حاوی ہے جو پھر شریک ہونے کے قابل ہین۔ سری کرشن مصنف نے بھائی کے پوتے کی نسبت دیا بھاگ کے صفحہ ۳۵ پر اپنی فہرست مین مضمون ذیل قاعدہ تجویز کیا ہے۔ ”یہان بھی سگے اور

سوتیلے کی تجویز اور ورثا سے شریک اور جدائی تمیز سمجھنی چاہیئے" شاماں چرن سرکار نے غلطی سے اس فقرے کا حوالہ اس طرح دیا ہے کہ وہ دیا کرم سنگرہ مین سے اخذ کیا گیا ہے۔ (دیکھو پوستہار درپن صفحہ ۲۰۹)

شریک جرم۔ معاون جرم۔ جرم مین شامل

شریک بوقت وقوع جرم۔ معاون جرم۔ جرم مین معاونت کنندہ۔

شریک شکمی۔ پٹی دار۔

شفع۔ حق ہمسایہ یا حق خریداری یعنی وہ حق جو ایک یا کئی اشخاص کو کسی جائداد فروخت شدہ کی نسبت مشتری کے برابر واجبی روپیہ دے کر خریدنے کا حق ہو زمین یا مکان کی ہمسائگی۔ وہ حق ہے جس کی رو سے بعض اشخاص کو جائداد غیر منقولہ بہ ترجیح دیگر کل اشخاص کے خرید کرنے کا استحقاق حاصل ہوتا ہے۔

شفع واجب العرض۔ محال پٹی داری مین بندوبست کے وقت انتظامی کاغذات مین حق شفع کا مضمون اقرار با سرکار رہوتا ہے۔ خریداری کا حق جو بروقت بندوبست بموجب شرائط لکھا گیا ہو۔

شفیع۔ شفعہ کرنے والا۔ وہ شخص جو خریداری کا حق رکھتا ہو

شفیع جار۔ پڑوسی شفیع۔ پڑوسی شفع کرنے والا۔ جو پڑوس مین دوسری ملکیت رکھتا ہو۔ ہمسایہ شفیع۔

شفیع خلیط۔ ملا ہوا شفیع۔ ساجھی شفیع جو واقعی ملا ہوا ہو۔

شکایت شکوہ۔ فریاد۔ نالش۔ دعوی ہجو۔ گلہ۔ گلہ کرنا۔

شکایتی۔ شاکی۔ مدعی۔ ہجو کنندہ شکایت پیش کرنے والا۔ الزام لگانے والا۔

شکر۔ اس مین اشیاے شیرین اور شکرین اور شیرینی اور وہ اجناس جن مین کہ شکر جزو اعظم ہو داخل ہین۔ مشہور مٹھائی ہے۔

تشریح کاف کی تشدید سے بھی بولتے ہین

شکر صاف۔ اس مین ہر ایک شکر کی چیز داخل ہے جس مین سواے جوش دے لینے کے اور کوئی ترکیب اس لیئے کی گئی ہو کہ وہ صاف یا دانہ دار ہوجاے اور اس مین بتاشہ اور کھانڈ وغیرہ بھی داخل ہے۔ مصفا اور کھری شکر۔

شکر ناصاف۔ غیر مصفا اور ایسی شکر جو کھری نہو شکر صاف کی نقیض۔ اس سے مراد شکر کی وہ چیزین ہین جن پر صرف جوش دینے کے سوا اور کوئی تدبیر صاف یا دانہ دار کرنے کے لیئے نہ کی گئی ہو جیسے گڑ۔ راب وغیرہ۔

شکرانہ - وہ فیس یا نذرانہ جو وکیل وغیرہ کو علاوہ مقررہ محنتانہ مقدمہ وغیرہ کے دیا جاوے - شکریہ -
شکست و پیوست - توڑ جوڑ -
شکست و ریخت - ٹوٹ پھوٹ نقصان ہرجہ -
شکمی - تابع - تابع دستور مالگزاری - کاشت کار کو معاوضہ دینے کا طریقہ جس مین کہ قابض اپنے لگان کو بالوساطت دوسرے کے گورنمنٹ مین ادا کرے

خفیہ - پوشیدہ - شامل مشتمل - وہ ادنی معاملہ کے ادا کا طریقہ جو مالک زمین شرکاء کو اپنے حصہ کی نسبت کسی اور شخص کی معرفت ادا کرتا ہے -
شکمی اجارہ دار - ضمنی اجارہ دار تابع اجارہ دار - تابع کاشت کار - ادنی کاشتکار -
شکمی اسامی یا رعیت - ضمنی یا تابع اسامی یا رعیت یا کاشتکار - ایک تابع یا ضمنی کاشت کار کسی قانون کی زمین کے حصہ کا ایسا قابض جو بطور تابع یا منحصر قابض کے حصہ رکھتا ہو اور لگان سرکاری نمبردار وغیرہ کی معرفت دیتا ہو -
شکمی دیوانہ - جنم پاگل - پیدائشی پاگل مادری پاگل -

شگن - فال شگون -
شماری - حساب معاملہ جس سے روزمرہ ہر قسم کی رسیدات ظاہر ہون اور ایک یادداشت تفسیر کار روائی روزمرہ جس سے معاملہ کی تعداد معلوم ہو -
شمار نویس - محاسب - رجسٹرار
شمسی سال - آفتابی سال - سورج کے حساب کے مطابق سال -
شناخت - پہچان - علم - آشنائی -
شناسائی - پہچان - وقوف - علم - جاننا -
شنیعہ - فعل شنیعہ - حرام کاری زناکاری - لونڈے بازی - لواطت برا کام -
شوترم - ایک قسم کا معاملہ -
شورہ - ایسی سجی اور ہر قسم کی اشیاء جو مٹی شور سے بنائی گئی ہون - اور اس مین کھاری نمک ہر قسم کا اور سوڈا اور سلفٹ اور کاربونٹ آف سوڈا شامل ہے - اس مین دیگر اشیا جو شورے سے بنائی جاتی ہین داخل ہین - کھارا -
شورہ پشت - جھگڑالو - مفسد - لڑاکو فسادی - کج رو -
شورہ پشتی - جھگڑنا - فساد کرنا - کج روی
شورہ گر - قلمی شورہ بنانے والا - کھارا بنانے والا -

شوہری - جو متعلق شوہر ہو۔ جیسے جائداد شوہری بولتے ہیں۔

شہادت - گواہی۔ وجہ ثبوت۔ دلیل۔

شہادت اصلی - اصلی گواہی۔ اس سے مراد فی نفسہ دستاویز ہے جو کہ عدالت کے معائنہ کے لئے پیش کی جاوے۔

شہادت تائیدی - وہ گواہی جو ممد و مددگار ہو۔ جو مضمون دعوی کی تائید کرے شہادت مقوی۔

شہادت دستاویزی - تمام دستاویزات جو عدالت کے معائنے کے لئے پیش کی جائین۔ جو گواہی سند کے متعلق ہو۔

شہادت رویت - دیکھنے کی گواہی۔ چشم دید گواہی۔

شہادت زبانی - تمام بیانات گواہون کے جو عدالت کی اجازت یا حکم سے امور واقعاتی تحقیقات طلب کے باب مین اُس کے روبرو کی جائین

تشریح جو گواہ بول نہین سکتا وہ کسی طرح جو سمجھ مین آنے کے لائق ہو بذریعہ تحریر یا اشارات کے شہادت دے تو وہ بھی زبانی متصور ہو گی۔

شہادت سمعی - جو گواہی سننے کے متعلق ہو۔ سماعی گواہی۔ افواہی گواہی۔ سنی سنائی گواہی۔

شہادت ظنی - جو گواہی مشکوک اور ظنی ہو۔

شہادت غیر ممکن التردید - وہ گواہی جس کی تردید ممکن نہو۔ مسلم الثبوت گواہی۔ شہادت قطعی۔ وہ گواہی جو رد نہ ہو سکے۔ لاجواب گواہی۔

شہادت قیاسی - خیالی یا وہمی یا فرضی شہادت۔

شہادت کاذبہ - جھوٹی گواہی۔

شہادت منقولی - وہ گواہی جو دوسرے کے بیان کے حوالے سے ہو۔ نقل کی گئی شہادت۔ نقول مصدقہ۔ وہ نقول جو اصل سے مطابق شدہ ہوں۔ زبانی بیان کسی دستاویز کے مضامین کا ایسے شخص کا کیا ہوا جس نے خود اُسے دیکھا ہو

شہادت مؤیدہ - (دیکھو شہادت تائیدی)

شہادت دینا - گواہی دینا۔ ثبوت دینا۔

شہہ بالا - دولہا کا ساتھی۔

شہر بدر - دیس نکالا۔ عبور دریائے شور۔ جلا وطن۔ صرف شہر سے نکالنا۔

شہر پناہ - شہر کی فصیل۔

شہنشاہ - بادشاہ عظیم الشان۔ بادشاہون کا بادشاہ

تشریح یہ مخفف ہے شاہن شاہ کا اور اس کو شہنشہ بھی کہتے ہین۔

شے۔ چیز۔ اسباب۔

شے آسایش۔ اس میں وہ حق بھی شامل ہے جس کی وجہ سے کوئی شخص استحقاق اٹھانے اور اپنے منفعت کے لیئے تصرف میں لانے کسی چیز مٹی وغیرہ از آن غیر کا یا کسی ایسے جزو کا رکھتا ہو جو دوسرے کی زمین میں آگے ہووے یا اس سے ملحق یا اس پر موجود ہو اور وہ حق کسی معاہدے کی رو سے نہ پیدا ہوا ہو۔

تشریح۔ آسائش حاصل مصدر ہے آسودن بمعنی آرام پانے کا۔

شے مبیعہ۔ وہ شے جو بیع کی گئی ہو۔ وہ چیز جو بیچی گئی ہو۔

شے متنازعہ۔ وہ چیز جس کی بابت جھگڑا ہو۔ جھگڑے کی چیز۔

شے مدعا بہا۔ وہ چیز جس کی بابت دعوی کیا جاے۔ اس کو شے دعوی بھی کہتے ہیں

تشریح مدعا کے معنی دعوی کیا گیا۔ بہا کے معنی اس پر۔ شے کے معنی چیز۔

شے مرہونہ۔ گرو رکھی گئی چیز۔ جو چیز رہن رکھی گئی ہو

تشریح مرہونہ اسم مفعول رہن کا ہے

شے مکفولہ۔ کفالت یا ضمانت یا آڑ کی گئی چیز۔

تشریح مکفولہ کفالت کا اسم مفعول ہے

شے موہوبہ۔ ہبہ کی گئی شے۔ بطور انعام یا نذر یا بخشش کے دی گئی چیز

تشریح موہوبہ کے معنی ہبہ کیا گیا اس کا مادہ ہبہ ہے۔

ص

صابی۔ ایک دین سے پھر جانے والا۔

صاحب۔ مالک۔ یار۔ وزیر۔ خداوند۔ آقا جنٹلمین۔ یوروپین جنٹلمین۔ صاحب اختیار۔ جو اختیار یا قدرت رکھتا ہو۔

صاحب بندوبست۔ افسر بندوبست (دیکھو بندوبست)

صاحب زمین۔ اس سے ہر ایسا شخص مراد ہے جس کے تحت میں کوئی رعیت زمین پر قابض ہو اور جس کو رعیت مذکور اس زمین کی بابت لگان ادا کرنے کی ذمہ دار ہو یا بصورت نہ موجود ہونے کسی خاص معاہدے کے ذمہ دار ادا سے لگان مذکور ہوتی۔

صاحب ضلع۔ ایک افسر جس کو ضلع کے اختیارات ہوں مثلاً کلکٹر یا مجسٹریٹ ضلع۔

صاحب عالم - خطاب شاہزادگان دہلی جہان کا صاحب -

صاحب کمیشن - وہ شخص جس کو ملکہ معظمہ کی طرف سے کسی اختیار کے نفاذ کی سند ملی ہو کمیشن والا - (دیکھو کمیشن)

صاحبان بورڈ - بورڈ والے - بورڈ کے اختیارات رکھنے والے (دیکھو بورڈ)

صادر - نکلنے والا - جاری ہونے والا - ظاہر ہونے والا - پاس ہونے والا - نافذ - جاری

صادر کنندہ - حکم نافذ کرنے والا - حکم جاری کرنے والا -

صاع - زمین پست - ایک وزن ہے جس مین بہت اختلاف ہے اور بموجب تحقیق کے دو سو چونتیس تولہ کا ہوتا ہے یہ لفظ محمڈن لا کا ہے -

صبی - طفل - لڑکا - نابالغ بچہ - وہ لڑکا جس کا دودھ چھوٹ گیا ہو

تشریح صبی اور طفل مین یہ فرق ہے کہ صبی بہ نسبت طفل کے عمر مین زیادہ ہوتا ہے اور طفل کم عمر ہوتا ہے یعنی صبی تو وہ ہوتا ہے جس نے ابھی ایک دودھ چھوڑا اور طفل جو بالکل نوزاد اور عن قریب پیدا ہوا ہو

صبیہ - لڑکی - نابالغ لڑکی -

صحت - اس کی تعریف بجز اس کے اور نہین ہوسکتی کہ یہ عدم ہے تمام احساسات آلام وتکالیف کا جو کسی جزو بدن مین ہوں یا صحیح ہونا کسی تجویز کا یا فیصلہ کی صحت - تجویز یا فیصلہ کا صحیح ہونا - تن درستی -

صحت قانونی - جو درستی قانون کی رو سے ہو - قانونی درستی -

صحیح - ٹھیک - درست - کامل - تمام - پورا - تن درست - صحیح سالم - عیب سے پاک -

صحیح العقل جس کی عقل ٹھیک ہو جس کے دماغ مین فتور نہ آیا ہو -

صحیح النسب جس کا نسب درست ہو جائز نکاح کی اولاد - اصیل - ولد الحلال - اصلی نسب والا - شرعی اولاد -

صدارت - بالانشینی - نام ایک منصب کا جو قریب وزارت کے ہوتا ہے

صداقت - راستی - سچاپن - سچائی - اگرچہ اس کے معنون کو بشرح ذکر کرنا بہت مشکل ہے لیکن یہ صریح ضابطہ قرار پایا ہے کہ جس وثیقہ مین واقعی امور مرقوم ہوے ہون ذریعہ سے اُن کی تکمیل ہونے پر بھی قانوناً ویسے وثیقہ کو وثیقہ مصدقہ کہا جاے گا -

صدر - مسند - اونچی جگہ - دار الخلافہ - سینہ اول - ہر چیز کا اوپر -

صدر امین - ہیڈ امین - ایک چھوٹا منصف جو صدر اعلی کے ماتحت ہو - یہ عہدہ پہلے تھا اب نہین ہے -

صدر بورڈ - پریزیڈنٹ کمیٹی - وہ کمیٹی جو صدر مین ہو۔

صدر بھٹی - صرف ایک احاطہ صدر جس مین حفاظت بآسانی ہو سکے اس مین اتنی بھٹیان موجود ہوتی ہین جو کل ضلع کے آدمیون کے واسطے کافی شراب کشید ہو سکے

صدر جمع - لگان کی وہ اصلی رقم جو گورنمنٹ کو علاوہ اخراجات تحصیل کے دینی پڑے

صدر دیوان - دیوان اعلی معتمد الدولہ

صدر دیوانی عدالت - ہائی سول کورٹ ہائی کورٹ -

صدر سرشتہ - کلکٹرس آفس - کلکٹری دفتر - سر دفتر - افسر محکمہ - اعلی حاکم

صدر عدالت - سپریم کورٹ آف جسٹس بڑی عدالت -

صدر فوجداری - چیف کریمنل کورٹ

صدر الصدور - اعلی صدر - چیف جج جو محمڈن گورنمنٹ کے ماتحت ہوتا تھا - اس کو معافی معاملہ کے متعلق درخواستین سننے کا اختیار ہوتا تھا جو بادشاہون کے روبرو گذرتی تقیین مال وقف یا مذہبی امور تقرری قاضی وغیرہ کا اختیار بھی تھا

صدر مال گذار - وہ شخص جو بلا وساطت غیرے سرکار کو معاملہ ادا کرے - چند مشترکہ گانون کا لگان ادا کرنے والا قوم کا چودھری جو بلا واسطہ خود سرکاری خزانہ مین جمع داخل کرتا ہے۔

صدمہ - چوٹ - ضرب - نقصان ٹھوکر دو چیزون کو باہم رگڑنا - او ضرر پہونچانا۔

صدور - سینے - چھاتیان - بالانشین لوگ - امیر لوگ - جمع صدر کی اور مصدر بھی ہے بمعنی باہر نکلنا کسی چیز کا - صادر ہونا۔

صراحتًا - ظاہرا طور پر - صریح طور پر

صراف - مہاجن - روپیہ قرض دینے والا - ساہوکار - منی چینجر

صرافہ - وہ جگہ جہان صراف اپنا کام کرتے ہین - بنیک یا دکان مہاجن - منی مارکٹ

صرافی - مہاجنی کام - روپیہ توڑنے کا کام بٹہ - مہاجنی۔

صرافی چٹھی - ہنڈوی - ہنڈی - چک - بنیک بل -

صرف - خرچ - خرچ کرنا - زمانہ کی گردش - نام علم مشہور کا جس سے لفظون کی پہچان اور اُن کے تغیر و تبدل کا حال معلوم ہوتا ہے

صریح - ظاہر - آشکارا - ضد پوشیدہ - صاف - کھلم کھلا۔

صریحًا - ظاہرا طور پر - صاف طور سے -

صغر - خردی - چھوٹائی۔

صغر سنی - اس سے ایسے شخص کی حیثیت مراد ہے جو اٹھارہ برس کی عمر کامل کو نہ

پہونچا ہو۔

صغیر۔ خرد۔ چھوٹا۔ اس سے مُراد وہ اشخاص ہین جو سن بلوغ کو نہ پہونچے ہون۔

صف۔ قطار۔ آدمیون کا پرا۔ رستہ لین۔ لائن۔

تشریح یہ لفظ عربی مین تشدید ف سے ہے مگر فارسی مین بغیر تشدید کے بھی مستعمل ہوتا ہے۔

صفائی معاملہ۔ لین دین کی صفائی۔

صفت۔ بیان کرنا اور علامت اور نشان کسی چیز کا۔

تشریح۔ اصطلاح مین فرق وصف او صفت مین یہ ہے کہ وصف تعریف کرنے والے کے تعریفی الفاظ کا نام ہے گو ممدوح مین مفہوم اُس تعریف کا نہ پایا جاے۔ اور صفت وہ خصائل ہین جو ذات ممدوح مین موجود ہون۔

صلاح۔ نیکی۔ ضد فساد۔ مشورہ۔

صلاحیت۔ نیکی۔ نیک ہونا۔

صلاحیت بہی۔ ایک کتاب جو پولیس اور مال گذاری کے دفاتر مین رکھی جاتی ہے

صلاحیت لکھنا۔ مسافرون کا رجسٹر اُس سراے کے لیئے جو سرسڑک ہو

صلب۔ ریڑھ کی ہڈی کی کڑیان۔ سخت۔ چُست قوت۔ سخت زمین۔ پشت۔ نسل۔ کمر۔

صُلبی۔ جو پشت سے ہو۔ نسلی۔ شرعی۔ حقیقی۔ پشت کا۔ نسل کا

صلبی بیٹا۔ اس سے صحیح النسب بیٹا مراد ہوتا ہے۔

صلح۔ ملاپ بعد بگاڑ۔ صفائی۔ امن چین اتفاق۔ محبت۔ رضامندی۔ ضد فساد میل جول۔ آشتی

صلحنامہ۔ صفائی کی تحریر۔ رضی نامہ

صلہ بخشش۔ عطا۔ انعام۔ اجر۔ عوض پیوند۔ خویشی۔

صلہ رحم۔ محبت کرنی اور سلوک کرنا اپنے عزیزون اور رشتہ دارون سے

صوبہ۔ بادشاہت کا ایک حصہ۔

صوبہ دار۔ صوبہ کا حاکم۔ ملٹری افسر

صوبہ داری۔ صوبہ دار کا عہدہ۔

صوبہ داری ابواب۔ صوبہ داری کا ٹیکس۔ وہ محصول جو صوبہ داری کے متعلق ہون جملہ مقررہ نرخون کے۔

صُور۔ جمع صورت کی۔ صورتین

صورعول۔ عول کی صورتین۔ تین صورتین ہین۔ جب کہ ترکہ چھ حصون یا بارہ حصون یا چوبیس حصون مین تقسیم کیا جاے اور اُس تقسیم مین حصہ دار اپنے سہام نہ کر سکیں تو بجاے چھ کے سات یا آٹھ یا نو یا دس اور بجاے بارہ کے تیرہ

یا پندرہ یا سترہ حصہ اور بجائے چوبیس کے ستائیس تک عول ہوسکتا ہے۔
تشریح فرائض کے مسئلے تین قسم پر ہین (۱) عادلہ۔ اگر بلا کسر تقسیم ہو (۲) قاصرہ اگر رد سے تقسیم ہو (۳) عائلہ اگر عول سے تقسیم ہو۔ عول لغت مین میل اور جور کو کہتے ہین اور غلبہ کے معنی مین مستعمل ہوتا ہے بولتے ہین میل صبرہ یعنی غلب آیا صبر اس بمعنی رفع جیسے کہا جاتا ہے عال المیزان جس وقت اس کو اونچی کرین بعض نے کہا ہے کہ عول کے یہ معنی اصطلاحی جب فرض تنگ ہوجائے تو مخرج پر اس کے اجزا کا زیادہ کرنا عول ہے'' اول معنی جور سے ماخوذ ہین اس لیئے کہ مسئلہ اس کے اہل پر عول کرتا ہے۔ جور سے جب ان کے فروض ناقص ہوجاتے ہین بعض نے کہا ہے ثانی یعنی غلبہ سے لیے گئے ہین اس لیئے کہ وہ اپنے اہل پر ضرر ڈالنے سے غلبہ کرتا ہے۔ بعض کی یہ رائے ہے کہ ثالث یعنی رفع سے ماخوذ ہین اس لیئے کہ جس وقت تنگ ہوگیا اس کا مخرج فروض مجتمعہ سے رفع کیا جاتا ہے ترکہ اس مخرج سے اکثر عدد کی طرف پھر تقسیم کیا جاتا ہے حتی کہ تمام ورثا کے فرائض مین نقصان داخل ہوجاتا ہے۔ چھ کا عول دس تک وترا اور شفعا ہوسکتا ہے۔ بارہ کا عول سترہ تک صرف وترا ہوسکتا ہے شفعا نہین ہوسکتا۔ چوبیس کا عول ستائیس تک عول واحد ہوسکتا ہے اس سے زیادہ عول نہین ہوسکتا۔ مگر ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے نزدیک اکتیس تک ہوسکتا ہے

صورت۔ تصویر۔ شکل۔ نمونہ۔
تشریح صورت اور شکل مین یہ فرق ہے کہ صورت ہمیشہ محسوس ہوتی ہے اور شکل عام ہے محسوس ہو یا غیر محسوس۔

صورت حال۔ واقعات کے بیان کی ایک تحریر۔ معاملہ کے حالات کی رپورٹ ایک مقدمے کی وجہ بند وبست یا موقع کی وجہ۔ تحریری اظہارات۔
صورت نامہ۔ ایک ریاست کا مفصل حساب یا لین دین۔
صورت پیدا کرنا۔ کسی امر غیر واقعی کا ظہور مین لانا۔ کوئی وجہ نکالنا۔
صیانت۔ بچانا۔ حفاظت۔ نگہبانی۔ قانونی حفاظت
صیغہ۔ چاندی سونے وغیرہ کا قالب مین ڈھالنا۔ خلقت۔ طریقہ۔ اصل۔ بنا ہوا لفظ

اور اصطلاح خاص مین یعنی نکاح کے بھی آیا ہے۔مد۔محکمہ۔سلسلہ۔باب۔دفعہ۔دفتر

صیغہ پرمٹ۔نمک کے محصول کا محکمہ محکمہ چونگی۔

صیغہ پیمائش۔پیمائش کا محکمہ۔

صیغہ داخل خارج۔داخل خارج کا محکمہ (دیکھو داخل خارج)

صیغہ دیوانی۔دیوانی کا محکمہ۔

صیغہ نگرانی۔نگرانی کی مد۔

صیغہ ہوم۔جوڈیشیل۔

ض

ضابط۔انتظام کرنے والا۔ضبط کرنیوالا

ضابطہ۔قاعدہ۔دستور۔عدالت ہائے قانونی کے دستورالعمل کو کہتے ہین۔ عمل معینہ۔قانون۔آئین۔

ضابطۂ تحریری۔سیاست کرنے کا قاعدہ سزا دینے کا قانون۔

ضابطہ دان۔قانون دان۔جو دستور عدالت سے ماہر ہو۔

ضابطہ دیوانی۔دیوانی کا قانون

ضامن۔ضمانت دینے والا۔وہ شخص جو ضمانت دے۔ذمہ دار۔خاطر جمع کرنے والا۔کفیل۔وکیل۔وہ شخص جو کسی کا طرفدار ہو۔

ضامنی۔ضامن ہونا۔ضمانت

ضایع۔کھویا ہوا۔بے فائدہ۔برباد کھویا گیا۔

ضبط۔ہر شے کا اُس کی حد پر نگاہ رکھنا انتظام۔قبض۔لے لینا۔ضبطی۔

ضبط کرنا۔لے لینا۔چھین لینا۔

ضبطی۔ضبط ہونا یا کرنا۔ ضبطی مین آنا یعنی ضبط کیئے جانا۔ضبط ہونا۔

ضبطی جائداد۔جائداد کی ضبطی۔ضبطی وہ سزا ہے کہ نسبت مالکان جائداد بعض افعال ناجائز پر لاحق کی جاتی ہے اور اُس سے مالک کا کل استحقاق جائداد منضبطہ زائل سمجھا جاتا ہے اور وہ استحقاق متصرف کو حاصل ہوتا ہے اکثر یہ سزا بعلت جرائم خلاف ورزی بابت سرکار یا بغاوت مین دی جاتی ہے

ضخامت۔موٹا ہونا۔جسامت۔فربہی۔ موٹاپا۔عموماً کتاب وغیرہ کی ضخامت بولا جاتا ہے

ضخیم۔موٹا۔موٹی چیز۔بزرگ جثہ۔

ضد۔ برخلاف۔ برعکس۔

ضَرّاب۔ روپیہ اشرفی پر سکہ لگانے والا۔

ضِراب۔ کسی کو تلوار مارنا۔

ضرب۔ مارنا۔ مثل۔ مانند۔ ہر چیز کی قسم چوٹ۔ مار۔ جیسے بولتے ہین ضرب شدید ضرب خفیف وغیرہ۔

ضرب شدید۔ سخت چوٹ۔ سخت صدمہ سخت نقصان۔

ضرب خفیف۔ برعکس ضرب شدید ہلکی چوٹ۔

ضرب لازب۔ وہ ضرب جس کا نشان بعد اچھا ہوجانے کے بھی باقی رہے۔

ضرب مہلک۔ زخم کاری۔ مار ڈالنے والا زخم۔ ہلاک کرنے والی چوٹ۔

ضرر۔ تکلیف دُکھ۔ چوٹ۔ زیان نقصان ہر طرح کا نقصان جو کسی کے جسم یا مال یا خاطر یا جان یا نیک نامی کو پہونچایا جاے در دجسمانی۔ مرض جسمانی ضعف جسمانی۔ ایک رنج یا سبب رنج ہے۔

ضرر ابتدائی۔ وہ پہلا ضرر جو کسی متضرر کو پہونچا ہو۔

ضرر ارضی۔ اس مین ارضیات نہر سے مٹی کھودنا۔ یاگھانس یا پودون کا کاٹنا۔ اور ارضیات نہر پر بلا اجازت درختون کا لگانا یا فصل بونا بھی داخل ہے

ضرر تعمیرات۔ اس مین تمام اقسام کی پختہ تعمیرات اور اُس کے مختلف اجزا داخل ہین عام اس سے کہ نہر پر ہون یا کھال یا خلاصی نہر کشتی رانی یا نالی پن چکی۔ یا نالی نکاس پر ہون

ضرر خفیف۔ ہلکا ضرر۔ خلاف ضرر شدید (دیکھو ضرر شدید)

ضرر درختان۔ اس مین نخلستان یا درخت یا فصل یا گھانس یا تخم یا اور پیداوار کا ضرر داخل ہے

ضرر درجۂ اول۔ اول درجے کا ضرر۔ سخت ضرر۔

ضرر درجۂ دوم۔ وہ ضرر جو اولا ایک شخص خاص کو پہونچتا ہے بعدہٗ تمام جماعت مین پھیلتا ہے۔ دوسرے درجے کا ضرر۔

ضرر دیوانی۔ ایسے حقوق کو شکست کرنا ہے جو محض بحیثیت شخصی خود حاصل ہین نقصان خانگی۔ یہ تعریف شرح بلاکسٹو صاحب مین درج ہے

ضرر شدید۔ سخت ضرر۔ ضرر خفیف کا نقیض یہ ضرر مفصلہ ذیل صورتون مین موجود ہے (۱) مخنث کرنا (۲) بصارت چشم ہمیشہ کے واسطے معدوم کرنا (۳) کان کی سماعت کا دوام کے واسطے معدوم کرنا (۴) عضو یا مفصل کا معدوم کرنا (۵) کسی عضو یا مفصل کے قوی کا معدوم

کیا جانا۔ یا ہمیشہ کے واسطے ضعیف کیا جانا۔ (۷) کسی ہڈی یا دانت کا توڑا جانا یا اکھاڑا جانا (۸) ایسی ضرر جو جان کو خطرے میں ڈالے یا بیس روز کے عرصہ تک شخص متضرر کو سخت درد جسمانی میں مبتلا رکھے۔ یا اُس کو اپنے معمولی کار و بار کے کرنے کے ناقابل کردے۔

ضرر صریح۔ یہ ضرر دھمکی یا زد و کوب یا مجروحی یا بیکار کرنے کسی عضو سے ہوسکتا ہے بذریعہ دھمکی یا تہدید کے

ضرر کل۔ اس مین تمام آلات ضابطہ حرکت داخل ہین مثلاً بوجھ کھینچنے کی کلین۔ زنجیر ین پھاٹک۔ شہتیریان تختے۔ تمام پل اُٹھانے کے آلات۔ تمام بند کے آلات تمام پن چکی کی کلین۔

ضرر نہر۔ اس مین نہر کے کنارون کا کاٹنا رجبیا کا کاٹنا۔ کھال کا کاٹنا۔ نالا پن چکی کا کاٹنا۔ نالی نکاس کا کاٹنا۔ واغ بیلون کا مٹانا شامل ہے۔ نہر کا ضرر۔

ضرور۔ واقعی۔ ضروری۔ بے شک۔ کلمہ تاکید۔ البتہ

ضرورت۔ جس کے بغیر کام نہ چلے۔ احتیاج لزوم۔ وجوب۔ حاجت۔

ضلع۔ اس لفظ سے عدالت دیوانی درجہ اعلیٰ مجاز سماعت ابتدائی اور عدالت ہائی کورٹ معمولی اختیارات سماعت ابتدائی مراد ہے۔ اور ہر عدالت دیوانی جو عدالت ضلع سے کم درجہ رکھتی ہے اور ہر عدالت خفیفہ عدالت ہائی کورٹ عدالت ضلع کے ماتحت سمجھی جاوے گی۔ یہ بڑی عدالت ہے اس مین بہ نسبت اضلاع مغربی یہ فرق ہے کہ یہان وہی حاکم کلکٹر اور جج کہلاتا ہے سلطنت کی شاخ۔ ملک کا بڑا حصہ۔ صوبہ کا بڑا حصہ۔ ملک کا ایک قطعہ جو ایک جج مالک کے ماتحت ہو۔ صوبہ ماتحت حکم ڈپٹی کمشنر ہے۔ اس مین پریزیڈنسی شہر بھی داخل ہے۔

ضلع و حصہ ضلع۔ اس سے ایسا ضلع یا حصہ ضلع مراد ہے جو قانون رجسٹری کے ایکٹ کے مطابق موضوع ہو۔

تشریح۔ یہ تعریف خاص وہان ہی چسپان ہوگی جہان قانونی رجسٹری کی ضرورت ہو

ضلع عام پولیس۔ اس مین ہر ایک پریزیڈنسی یا ملک۔ یا جزو یا موقع جہان اس ایکٹ پولیس کے نفاذ پانے کا حکم ہو شامل ہے۔

ضلع جج۔ وہ جج جس کو کوئی خاص ضلعے یا اضلاع کے دیوانی اور دورہ کے مقدمات کے فیصلے کا اختیار ہو۔

ضلع کورٹ۔ ضلع کی دیوانی عدالت۔

ضلع بندی - صوبہ کی ضلع وار تقسیم ضلع ضلع الگ کرنا۔

ضلع دار محکمہ نہر کا ایک عہدہ دار ہوتا ہے

ضمار - غیر مستحق امر جیسے فرضہ تنازع فیہ۔

ضمان - ضمانت - کفالت - حاضر ضامنی قبول کرنا - کفالت کرنا - کفیل ہونا - ہندی محاورے میں اس کو ضامنی کہتے ہیں۔

ضمان بعہدۃ الثمن - مالک کی طرف سے نیلام بانقیمت کے پورا کرنے کے واسطے ضمانت۔

ضمانت - کفالت - وکالت - ذمہ داری تعہد کرنا - ضامنی - حفاظت - محافظت - پناہ امنیت - امن۔

ضمانت تحریری - لکھی ہوئی ضمانت۔ (دیکھو ضمانت)

ضمانت حفظ امن - حفظ امن کی ضمانت امن کی حفاظت کی ضمانت - امن رکھنے کی ضمانت۔

ضمانت زبانی - صرف زبان سے ضمانت

ضمانت مستمرہ - وہ ضمانت ہے جو چند معاملات علی الاتصال پر حاوی ہو سکتی ہے ہمیشہ کے واسطے ضمانت۔ دائمی ضمانت

تشریح مستمرہ کے معنی ہمیشگی والی - اس کی اصل استمرار بمعنی ہمیشگی ہے

ضمانتاً - از روے ضمانت - ضمانت سے - ضمانت پر - بطور ضمانت۔

ضمانت نامہ - وہ تحریر جس میں ضمانت کا مضمون درج ہو ضمانت کی سند یا دستاویز۔

ضمن - اندرون - اندر - شمول - فقرہ مضمون دفعہ - مجموعہ۔

ضمیمہ - وہ شے جو کسی اور شے کے ساتھ ملحق ہو - جو اور کے ساتھ ملی ہوئی ہو تتمہ - خاتمہ - تکملہ۔

تشریح عموماً اس کا استعمال کسی موجودہ شے کے بعد اور شے ملحقہ پر ہوتا ہے ضمیمہ بحث وغیرہ مشہور ہے

ضوابط - جمع ضابطہ - (دیکھو ضابطہ)

ضوابط قسط بندی - قسط بندی کے قواعد

ط

طب علم بیدک - بیماریوں کے علاج کرنے کا علم - جسم و جان کا علاج - یونانی علاج کا علم۔

طبابت - حکیمی - فن طب

طبیب - علاج کرنے والا معالج۔

تشریح طبیب اور حکیم میں یہ فرق ہے

کہ طبیب صرف علم طب سے واقف ہوتا ہے
اور حکیم علاوہ طب کے علم حکمت سے بھی
واقف ہوتا ہے۔ مگر طبیب کو بھی عام لوگ
حکیم کہہ دیتے ہین۔ حکیم کا رتبہ طبیب سے
بڑھ کر ہے۔ واضح ہو کہ عالم اگر ایجاد فن یا
تکمیل فن اُس کی طرف منسوب ہو تو اُس کو
حکیم کہتے ہین اور اگر صرف صاحب رائے
ہو تو اُس کو محقق کہتے ہین۔

طبع۔ سرشت آدمی کی پیدایش۔ خوے
خط وغیرہ پر مہر کرنا۔ نقش کرنا۔ چھاپنا۔ طبیعت
چاندی سونے پر سکہ لگانا۔ قالب مین کوئی
چیز ڈھالنا۔

طبعی۔ منسوب طرف طبع کے۔ نام ایک فن
حکمت۔ اصلی۔

طبق۔ موافق۔ تہ۔ پرت۔ طبقہ۔ پردہ کسی
چیز کا۔ وہ چیز جو برابر موافق دوسری چیز
کے ہو۔ خوانچہ وغیرہ

طبلق۔ یہ کئی قسم ہے (۱) طبلق سرٹفکیٹ
خزانہ۔ (۲) طبلق داخلہ صدر۔ (۳) طبلق
اندراد اخراجات ارسال رسانی۔

طبیعی۔ منسوب طرف طبیعت۔ ذاتی خلقی
پیدائشی۔

طرز۔ طرح۔ ڈھنگ۔ جیسے بولتے ہین
طرز تحقیقات یعنی تحقیقات کا ڈھنگ

طرف اول۔ پہلی پارٹی۔ فریق اول۔
مدعی مستغیث۔

طرف بانٹ۔ گڑھوال مین ایک کاغذ
جو کہ دو یا زیادہ طرفون یا تھوکون مین وسعت
تقسیم کرنے مین شامل ہوتا ہے اور ملکیت
کی دو یا زیادہ شاخون مین عام لوگون مین
واقع ہوتا ہے۔ ایک طرف کے حصہ دار
دوسری طرف کے حصہ دارون کی خبر وغیرہ
سے کچھ تعلق نہین رکھتے۔

طرف ثانی۔ دوسری طرف کی پارٹی۔ مدعا علیہ
مستغاث علیہ۔ دوسرا فریق۔

طرف دار۔ حمایتی۔ جانب دار۔ پاس دار
سرحد کا حاکم۔

طرف داری۔ لحاظ۔ جانب داری۔
پاس داری۔

طرفین۔ مدعی و مدعا علیہ۔ جانبین۔ فریقین
مستغیث و مستغاث علیہ۔

طُرق۔ جمع طریق۔ رستے۔ راہین۔

طرق استحصال جائداد۔ جائداد
حاصل کرنے کے طریقے۔ دھرم شاستر
کے مطابق جائداد حاصل کرنے کے سات
طریقے ہین۔ (۱) جانشینی (۲) قبضہ یا ہبہ
(۳) خرید یا بدل (۴) فتحیابی (۵) انعام
(۶) نذر لینا۔ (۷) منافع سے پیدا کرنا۔

طرق۔ رستہ۔ راہ۔

طرلق ہٹوارہ۔ تقسیم کا ڈھنگ۔ بانٹ

کا طریق۔

طریق تشخیص - تشخیص کا ڈھنگ یا قاعدہ

طغیان - حد سے گذر جانا - مجازاً بمعنی زیادتی ظلم - نافرمانی۔

تشریح - مگر استعمال اس کا چنداں ہے نامرغوب کی افزونی میں آتا ہے اور اسی باعث بمعنی ظلم اور نافرمانی کے بھی آتا ہے

طغیانی - دیکھو طغیان

تشریح - یہاں لفظ طغیان کے آخر میں یائے تحتانی زیادہ کی گئی ہے اگرچہ یہ درست نہیں ہے کہ طغیان خود مصدر ہے اس کو یائے مصدری کی ضرورت نہیں ہے مگر یہ فارسی والوں کا تصرف ہے کہ اکثر عربی مصدروں میں یائے مصدری زیادہ کر دیتے ہیں مثلاً فضول۔ فضولی۔ خلاص خلاصی۔ سلامت سلامتی وغیرہ۔

طفل صحیح النسب - صحیح اور ٹھیک نسب کا بیٹا - جو ولد الحرام نہو - جو منکوحہ عورت سے ہو ولد الحلال - اصیل بیٹا

شرعی بچہ۔

طفیل - ذریعہ - وسیلہ - واسطہ - توسط - بدولت

تشریح - ایک شاعر کوفی کا نام ہے جو بغیر بلائے کھانے کی محفل میں ہر ایک شخص کے مکان میں چلا جاتا تھا مجازاً اب ہر ایسے شخص کو کہتے ہیں جو بغیر بلائے لوگوں کے ساتھ دعوت کھانے چلا جاسے۔ اور محاورہ فارسی میں مجازاً لفظ طفیل بمعنی وسیلہ اور ذریعے کے بھی آتا ہے

طلاق - عورت کا قید نکاح سے چھوٹ جانا آزادی - جدائی - چھوڑنا قسماً چھوڑنا - قسم کشادگی۔

طلاق بائن - وہ طلاق جو پھر نہ سکے - ناقابل تنسیخ طلاق - جدائی ڈالنے والی طلاق جب تین مرتبہ طلاق دیا جائے اور ہر مہینے کے طلاق میں ایک مہینے کا فصل ہو۔ یہ لفظ قانون محمدی کا ہے

طلاق خلع - ایک طلاق ہے جو حسب مرضی عورت کے اُس کی درخواست پر دیا جاتا ہے جس میں وہ واسطے توڑنے نکاح کے ایک معاوضہ خاوند کو دیتی ہے یا دینا کرتی ہے۔

تشریح - خَلع خائے معجمہ کے فتح سے کسی جگہ سے نکلنا کسی عضو کا نکل جانا اپنے جوڑ سے - کپڑا اُتارنا بدن سے - موزہ نکالنا پاؤں سے - شوہر کا اپنی زوجہ سے کچھ مال لے کر اس کو طلاق دے دینا

اور خلع بفتح خاے معجمہ طلاق لینا عورت کا اپنے شوہر سے بعوض بخشنے مہر کے یا کچھ مال دے کر۔

طلاق رجعی۔ قابل فسخ طلاق۔ وہ طلاق جو اُلٹ سکے

تشریح۔ رجعی منسوب بہ رجع۔ رجع کے معنی لوٹنا۔ پھرنا۔ واپس ہونا۔ اور رجعت کے معنی بازگشت۔ یعنی رجوع شوہر کی طرف زوجہ طلاق دی ہوئی کا۔ مدت عدت کے اندر۔

طلاق کنایتہ۔ جو شرعی طور پر طلاق ہو مگر ظاہر اعوام الناس کے روبرو سے نہو۔ اشارۃً طلاق۔ جو طلاق صریح طور پر نہو۔ بلکہ اشارہ سے ہو۔

طلاق نامہ۔ طلاق کی تحریر۔ دستاویز طلاق۔ فارغ خطی۔ وہ لکھت جس مین طلاق دینے کا مضمون درج ہو۔

طلاق دینا۔ منکوحہ عورت کو چھوڑ دینا۔ ازروے شرع محمدی طلاق دینے کی مشہور دو قسم ہین طلاق یا خلع۔ (دیکھو طلاق اور طلاق خلع)

طلب۔ مانگ۔ تنخواہ۔ تلاش۔ جستجو۔ مانگنا۔ خواہش کرنا۔ بلانا

طلب اِشتہاد۔ گواہ کرنے یا حاضر کرنے کی طلب۔ یہ ایک قانونی صورت ہے جو کہ شفیع وغیرہ کا دعوی کرنے مین ملحوظ رکھی جاتی ہے۔ لوگون کو گواہی کے لیئے بلا لینے مین مدعی یا شفیع اس کا لحاظ یا رعایت کرتا ہے

طلب چٹھی۔ سمن۔ وارنٹ۔ تحریری مطالبہ بقایا مال کے وصول کے واسطے

طلب خصومت۔ جھگڑے یا دشمنی کی طلب جو دعوے ازروے قانون ہو۔ ایک مقدمہ جو کوئی مستحق شفیع دائر کرے۔

طلب نامہ۔ سمن۔ سفینہ

طُلبانہ۔ وہ نقدی جو عدالت مین گواہون کی طلبی کے لیئے دی جاتی ہے۔ سپاہی یا چپراسی کی فیس۔ اجرت گواہ۔ کاغذ اسٹامپ

طلبی۔ بلاوا۔ سمن۔ طلب کرنا۔ طلب ہونا۔

طلقت کہنا۔ طلاق دینا۔ عورت کو چھوڑ دینا

طمانیت۔ سکون قلب۔ دل کی تسلی اور آرام لینا اور قرار پکڑنا۔ تسلی کے معنی خورسندی اور بے غمی اور خوش ہونا۔ پس طمانیت عام اور تسلی خاص ہے اور بعض وقت عرفاً مترادف استعمال ہوتے ہین۔ جو لوگ طا کی فتح اور ایک نون سے پڑھتے ہین اور دوسرے ن کو چھوڑ دیتے ہین۔ وہ غلطی پر ہین۔ صرف صراح نے ایک ن کے خلاف کو جائز رکھا ہے۔

طور۔ اس کی جمع اطوار ہے۔ طریقہ۔ ڈھنگ طرز۔ وضع۔ (دیکھو طرز)

طوعاً وکرہاً۔ جبر سے۔ زور سے۔ زبردستی سے۔ خواہ مخواہ۔ اطاعت و فرمانبرداری اور کراہت اور دھینگا دھینگی سے۔

طوفان۔ سیلاب پانی کا جو ڈبو دیوے سخت آندھی۔ ہر چیز جو کثرت سے ہو اور کل کو گھیر لیوے

طومار۔ مجموعی رقم مالگذاری مطابق رجسٹر معین اندازہ شرح لگان جو سلطنت مغلیہ میں زمانہ حکومت اکبر میں اس کے وزیر ٹوڈرمل نے مقرر کیا تھا اور اسے بعد ازاں مختلف زمانوں میں اس وقت تک جب کہ دیوانی ایسٹ انڈیا کمپنی کو عطا ہوئی ہے اس میں تبدیل و ترمیم ہوتی رہی۔

طُہر۔ عورت کا حیض سے پاک ہونا۔ پاکی کے دن جن میں حیض نہ ہو۔

طے۔ لپیٹنا۔ قبضہ کرنا۔

تشریح فارسی میں یہ لفظ اکثر لپیٹنے کے معنوں میں بغیر تشدید یا کے مستعمل ہے۔

طیش۔ عقل کا زائل ہونا۔ تیر کا خطا کرنا نشانہ سے مجازاً بمعنی غصہ بے دماغی خفگی۔

ظ

ظالم۔ ظلم کرنے والا۔

ظاہر۔ کھلا ہوا۔ ضد مخفی۔

ظفر۔ فتح۔ فتح مندی۔

ظلم۔ بے انصافی۔ کسی کا حق کم کرنا نقیض عدل۔ زبردستی۔ ستم۔ جبر۔ تعدی۔

ظلم رسیدہ۔ جس پر ظلم ہوا ہو مظلوم

ظل اللہ۔ سایہ خدا۔ اصطلاح میں بادشاہ عادل کو کہتے ہیں

تشریح اس لئے کہ ہر شے کا سایہ اس کے مناسب ہوتا ہے جیسے انتظام وجود ممکنات کا خدا کے وجود سے ہے ویسے انتظام مملکت کا بادشاہ کی ذات پر موقوف ہے

ظن۔ گمان۔ وہم۔ تہمت۔

ظن غالب۔ زیادہ گمان۔ اکثر وہم پختہ خیال۔ زیادہ قیاس

ظنی۔ منسوب طرف ظن کے شکی مشکوک

ظواہر۔ زمین کی بلندیاں۔ زمین سے اگی ہوئی چیزیں۔

ظِہار۔ ہم پشت ہونا۔ موافق ہونا۔ مرد کا اپنی منکوحہ عورت سے یہ کہنا کہ تو مجھ پر مثل میری ماں کی پشت کے ہے

تشریح شرع محمدی میں اس کہنے سے مرد پر وہ عورت حرام ہو جاتی ہے اور جب تک مرد کفارہ نہ دے حلال نہیں ہوتی اور

اور کفارہ اس کا یہ ہے کہ ایک بردہ آزاد کرے۔ اور اگر یہ ممکن نہو تو دو مہینے تک متواتر روزے رکھے۔ اور اگر یہ بھی ممکن نہو تو ساٹھ مسکینون کو کھانا کھلا دے۔ اور واجب و لازم ہے کہ کفارہ قبل جماع کے دے

ظہر۔ پشت پیٹھ

ظہری تحریر۔ وہ تحریر جو سمن وارنٹ وغیرہ کاغذات نوشتہ کی پشت پر ہوتی ہے

تشریح ظہر کے معنی پشت اور ی اس مین نسبت کی ہے۔ عام عدالتی نقشی اور عملی لیاقت کے حکام ظا کے فتحہ کے بجاے ضمہ پڑھتے ہین یہ محض غلط ہے۔

ظہور۔ ظاہر ہونا۔ خفا کا نقیض

ظہور مین آنا۔ وقوع مین آنا۔ ہوجانا

ظہیر۔ ہم پشت۔ مددگار۔ پشت پناہ۔ مدد دینے والا

تشریح یہ لفظ واحد اور جمع دونون طرح استعمال ہوتا ہے

ع

عاجل۔ جلد باز۔ جلدی کرنے والا۔ یہ اسم فاعل ہے اس کی اصل عجلت ہے۔

عاجلہ۔ بے مہلت۔ جلدی کرنے والی۔ یہ اسم فاعل مونث کا صیغہ ہے۔

عادت۔ خو۔ خصلت

عادت مستمرہ۔ ہمیشہ کی عادت۔ استمرار والی عادت۔

تشریح مستمرہ کی اصل استمرار ہے۔ جس کے معنی ہمیشگی ہے

عادل۔ منصف۔ انصاف کرنے والا۔ برابر کرنے والا۔ وہ شخص جس کی شرع مین گواہی معتبر ہو۔

تشریح عادل کے معنی برابر کرنے والا چونکہ عادل مظلوم کی فریاد سن کر ظالم کو سزا دے کر مظلوم کی برابر کردیتا ہے اس لیئے اس کو عادل کہتے ہین اس کی اصل عدل ہے

عادل الرہن۔ وہ شخص جس کے پاس رہن نامہ جو دو شخصون مین ہوا ہو رکھدیا جائے۔

عادی۔ خوگرفتہ۔ جس کو کسی چیز کی عادت پڑ گئی ہو۔

تشریح منسوب طرف عادت کے۔ عادت

کی بتّ مصدری یاے نسبت کے ملنے
سے گر گئی۔
عارج۔ عروج کرنے والا۔ اوپر چڑھنے والا
ترقی یاب۔
عارض۔ فوج کا بخشی۔ لشکر کا شمار کرنے والا۔
سالار فوج۔ لاحق ہونے والا۔ جو اصلی نہو
عارضہ۔ رنج۔ بیماری۔ اس کی جمع عوارض ہے
عارضہ حد سماعت لاحق ہونا۔ وقت
گذر جانے سے سماعت کا رُک جانا میعاد
گذرنے سے سماعت نہونا۔
عارضہ قانونی۔ نقص قانونی۔
عارضی۔ لاحقی۔ جو اصلی نہو۔ اتفاقی۔ غیر
مستقل۔
عارضی قطعی۔ یقینی مانع۔ مستقل طور پر
مزاحمت کرنے والا۔
عاریت۔ دستگردان۔ مانگوان۔ قرضًا
اُدھار ہیر۔ مانگنا۔ مانگ کر کوئی چیز لینی۔
تشریح یہ لفظ عربی ہے طرف عار
کے اس لیئے کہ مانگنا شرم کی بات ہے اور
یہ لفظ یاے تحتانی کی تشدید سے بھی آتا ہے
عاریت نامہ۔ ایک اقرارنامہ جو کسی چیز
یا اسباب کے لوٹانے کے واسطے لکھ دیا جائے
عاصی۔ مجرم۔ گناہ گار۔ خطاکار۔ نافرمان۔
وہ سیاہ ابر جو نہ برسے

عاطل۔ برہنہ۔ ننگا۔ خالی۔ بے کار
تشریح یہ اسم فاعل ہے اس کی اصل
عطل و عطلت ہے۔
عافیت۔ امن۔ آرام
عافیت ذاتی۔ ذاتی امن۔ اصلی آرام۔ بدن
کا خطرے سے محفوظ رہنا۔
عاق۔ ریاست یا جائداد یا حق وراثت سے
محروم یا بے دخل کرنا۔
عاق نامہ۔ کسی کو حق وراثت سے محروم
کرنے کی تحریر یا وثیقہ۔
عاق کرنا۔ اپنی جائداد اور وراثت سے محروم
کرنا۔ حق وراثت سے نکالنا۔
عالِم۔ جاننے والا۔ علم والا۔ پڑھا ہوا۔ وہ شخص
ہے جس کو بہت سے خیالات مستم بالشان
حاصل ہوں۔
عالَم۔ جو چیز کہ سواے خدا کے ہے وہ عالم ہے
جہان۔ مخلوقات اور معنی انواع مخلوقات کے
بھی آتا ہے اور محاورہ فارسی میں بمعنی حالت
اور صورت کے ہے۔
عالی۔ بلند۔ برتر۔
عالی جناب۔ بلند درگاہ۔ بلند مرتبہ
عالی حضرت۔ بلند مرتبہ کا آدمی۔
عام۔ پھیلا ہوا۔ مشہور۔ کل کو گھیرے ہوے
ضد خاص۔
عام ومقام۔ ان کے معنوں میں قانون میں

مین نہایت ہی دقت واقع ہوتی ہے گو سب
مجموعی مین۔ الگ الگ کے واسطے دیکھو عام
اور مقام۔

عام قمار بازی۔ جو شخص کسی ایسے مکان یا
احاطہ محدود بدیوار یا کٹہرہ یا جگہ مین تاش یا پانسہ
یا کوڑی یعنی آلہ قمار بازی یا سکہ یا اور آلہ قمار بازی
سے جوا کھیلنے یا قمار بازی کرتے ہوے پایا جاے
یا وہان بغرض قمار بازی موجود ہو۔

عامل۔ حاکم۔ عمل کرنے والا۔ کاریگر۔ عہدہ
دار۔ گماشتہ۔ اہلکار۔ یہ اسم فاعل ہے
اس کی اصل عمل ہے۔

عامہ۔ مشہور۔ عام۔ خاصہ کی ضد۔ یہ لفظ
ہر فرقہ عوام الناس یا طبقہ خلائق کو شامل ہے

عائد۔ الٹ کر آنے والا۔ عود کرنے والا۔ لوٹنے
والا۔ واقع ہونے والا۔

عائق۔ روکنے والا۔ حائل۔ مانع۔

عبارت۔ بیان۔ بات بیان کرنا۔ مراد
لکھا ہوا۔

عبارت تصدیق۔ اثبات یا ثبوت
کی عبارت۔

عبارت ظہری۔ وہ عبارت جو کسی تحریر
کی پشت پر لکھی جاتی ہے۔ جو ہنڈی سمن
وغیرہ کی پشت پر لکھتے ہین۔ اس سے وہ
عبارت بھی مراد ہے جو کسی عہدہ دار رجسٹری
کی طرف سے ایسے پرچہ کاغذ پر لکھی جاے
جو ایسی دستاویز کے ساتھ بطور ضمیمہ منسلک
ہو یا جس مین وہ دستاویز ملفوف ہو۔

تشریح عام عدالتی منشی کم استعداد
ظا کی فتح کے بجاے ضمہ استعمال کرتے
ہین جو غلط ہے۔

عبارت ظہری وشتہ ظہر۔ اس مین
وہ بھی شامل ہے جو عہدہ دار رجسٹری
کسی پرچہ منسلکہ یا ملفوفہ دستاویز پر لکھے۔
(دیکھو عبارت ظہری)

عبث۔ بے فائدہ۔ بیہودہ۔ جس سے
فائدہ نہو۔

عبور۔ راہ سے گذر جانا۔ پل کے پار جانا
دریا کو اتر جانا۔ جیسے بولتے ہین عبور
دریاے شور۔

عتاب۔ ملامت کرنا۔ غصہ کرنا۔ ناز کرنا
خفگی۔ غصہ۔

عتاق۔ آزاد ہونا۔ لونڈی غلام وغیرہ کا
آزاد ہونا۔

عتق۔ آزادی۔ آزاد ہونا۔

عدالت۔ انصاف۔ برابری۔ لائق گواہی
کے ہونا۔ مجازاً یعنی انصاف کی کچہری۔ کورٹ
اس سے اضلاع غیر قانونی مین کمشنر قسمت
مراد ہے اور پنجاب مین عدالت خفیفہ اور
جہان عدالت خفیفہ نہین کمشنر قسمت مراد
ہے۔ ۶۵ دفعہ ایکٹ معاہدہ مین اس سے

وہ عدالت مراد ہے جو اس جج ضلع کی عدالت
سے رتبہ مین کم ہو جس کے علاقہ اختیار سماعت
کی حدود کے اندر اس کوٹھی کا مقام یا اس کے
کاروبار کا صدر مقام واقع ہو اس لفظ مین
تمام جج اور مجسٹریٹ اور تمام اشخاص بجز
ثالثون کے داخل ہین جو قانوناً مجاز لینے
شہادت کے ہون۔ وہ ہے کہ جس عدالت
کا حاکم مجاز اصدار ایسے فیصلہ کا ہو کہ فیصلہ
اس کا درصورت ہونے اپیل کے ناطق ہو
اور جس پر تعریف جج صادق آئے حسب
ایکٹ حصول اراضی اس مین اندر ممالک
قانونی برٹش برہما وسندھ اعلی عدالت
دیوانی ذی اختیار سماعت ابتدائی اور دیگر
ممالک مین کمشنر قسمت یا جس کو لوکل گورنمنٹ
اس خدمت کے واسطے مقرر کرے۔

عدالت جوڈیشل ۔ عدالت دیوانی
یا مال۔

عدالت جالسری ۔ اس مین یہ ہوتا ہے
کہ مدعی اپنے نالش کے بیان کے ساتھ
کارروائی شروع کرتا ہے اور اپنے بیان
کی ایک نقل مدعا علیہ کو دے دیتا ہے اور
اس سے حاضر ہونے اور جواب دینے کی
درخواست کرتا ہے۔

عدالت دیوانی ۔ یہ عدالت عموماً تلافی
کے دینے کا دعوی کرتی ہے۔ اس کی یہ
قسمیں ہین (۱) عدالت مقام خزانہ۔ (۲)
عدالت مفصل انگریزی (۳) عدالت مفصل
دیسی۔ سول کورٹ۔ (دیکھو فرائض عدالت
دیوانی)

عدالت ریاست غیر ۔ اس سے وہ عدالت
مراد ہے جو برٹش انڈیا کی حدود سے باہر ہو
اور برٹش انڈیا کے اندر اختیارات نہ رکھتی ہو
اور جناب نواب گورنر جنرل بہادر باجلاس
کونسل کے حکم سے مقرر ہوئی ہو۔

عدالت سیشن ۔ سیشن کی کچہری۔
(دیکھو سیشن)

عدالت ضلع ۔ اس مین عدالت عالیہ ہائی
کورٹ بمنصب معمولی اختیار سماعت ابتدائی
مقدمات دیوانی کی داخل ہے۔ اس سے ڈسٹرکٹ
کی قسم کی عدالت مراد ہے

عدالت فوجداری ۔ کریمنل کورٹ۔ عدالت
فوجداری سزا دینے کا دعوی کرتی ہے۔ ہر جج
یا مجسٹریٹ یا مجمع ان کا جو مقدمہ فوجداری
مین تحقیقات یا تجویز کرتا ہو یا عدالتی کارروائی
مین مصروف ہو۔ یہ لفظ حاوی معنی ہر جج یا
مجسٹریٹ یا جسٹس آف دی پیس یا مجسٹریٹ
پولیس کا جو قانوناً اختیار سماعت
مقدمات فوجداری کا رکھتا ہو سمجھا جائیگا

عدالت مرافع اولی ۔ ابتدائی عدالت
پہلی اپیل کی عدالت۔

عدالت مطالبہ خفیفہ - چھوٹی عدالت اس سے ایسی عدالت مراد ہے جس کا تقرر حسب ایکٹ ۱۱ سنہ ۱۸۶۵ء کے ہوا ہو

عدالت مفصل انگریزی - ایسی عدالت جس کا حاکم انگریزی دان ہو اور جو مقامات مفصلات یا صدر مین واقع ہو۔

عدالت مفصل دیسی - ایسی عدالت جس کا حاکم انگریزی سے نا واقف ہو۔

عدالت مناسب - اس سے مراد وہ عدالت ہے جس کا کار لازمی ہے کہ ڈگری یا حکمون کا نفاذ اور اجرا کرے خواہ حسب دفعات ۲۲۶ یا ۲۲۷ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے ہو یا اور طور پر۔

عدالت ہائی کورٹ - اس مین عدالت ہائے مقررہ حسب قانون ۲۴ و ۲۵ سنہ جلوس قیصرہ ہند و چیف کورٹ پنجاب اور وہ عدالتین جن کی نسبت جناب نواب گورنر جنرل باجلاس کونسل حسب ایکٹ ۱۰ فوجداری عدالت ہائی کورٹ مفوض ہونا اختیارات عدالت ہائی کورٹ کا قرار دادین شامل ہے

عدالتی کارروائی یا فعل عدالتی } عدالتی فعل - عدالت کا کام - ہر کارروائی جس مین شہادت لی جاسے یا لی جاسکتی ہو یا جس مین رائے یا حکم اخیر شہادت تحریری پر صادر ہو - اس سے مراد ہر کارروائی ہے جس کے اثنا مین شہادت قانوناً لی جاسے یا لی جاسکتی ہو۔

عداوت - بغض - بدخواہی - وہ وجہ کہ جو بُری ہو - دشمنی نفرت

عداوتاً - عداوت سے - دشمنی سے - از روے عداوت - (دیکھو عداوت)

عدت - مدت - زمانہ - شمار - گنتی - وہ مدت کہ جس مین عورت بعد طلاق کے دوسرا شوہر نہ کر سکے - اُس زمانے کو کہتے ہین جس مین بعد طلاق دینے شوہر کے عورت پر فرض ہے کہ دوسرا نکاح نہ کرے -

تشریح واضح ہو کہ یہ مدت طلاق کے لیے تین مہینے یا تین حیض ہین اور بیوہ کے لیے چار مہینے اور دس روز اور حاملہ عورت کے لیے جب تک بچہ پیدا ہو -

عدل - برابر کرنا - انصاف -

تشریح عدل و انصاف مین یہ فرق ہے کہ انصاف کے معنی داد اور دینے اور راستی کرنے کے ہین اور عدل کے معنی داد اور منصف اور شایستہ گواہی اور داد دینے اور چیز کو چیز سے بغیر اُس کی جنس کے برابر کرنے کے ہین - پس انصاف بمعنی اول اور عدل بمعنی رابع مرادف ہین - اور باقی معانی مین مباین ہین

عدل گستری - انصاف کرنا - لفظی ترجمہ

انصاف بچھانا۔

عدم نہیں۔ نفی۔ نہونا۔ نیستی۔ نقیری۔ گم کرنا۔ منع کرنا۔

عدم اختیار سماعت سماعت کے اختیار کا نہونا۔ مقدمہ منظور کرنے اور سُننے کا اختیار نہونا۔

عدم ادخال زر۔ روپیہ کا داخل نہ کرنا۔

عدم پیروی۔ پیروی نہ کرنا۔ مقدمہ وغیرہ کا پیچھا نہ کرنا۔

عدم تعمیل فرض۔ اپنے فرض پر عمل نہ کرنا۔ فرض منصبی پر نہ چلنا۔

عدم تکمیل۔ کامل نہونا۔ پورا نہ کرنا۔

عدم حوالگی۔ سپرد نہ کرنا۔ حوالہ نہ کرنا۔

عدم واقفیت۔ واقعات موجودہ کی لاعلمی کو کہتے ہیں۔ ناواقف ہونا۔ ناوقفی

عدم واقفیت فریقین۔ مدعی اور مدعا علیہ کی لاعلمی۔

عدم واقفیت یک طرفہ۔ صرف مدعی یا مدعا علیہ کی لاعلمی

عُدول۔ راہ سے پھرجانا۔ روگردانی کرنا منھ پھیرلینا۔

عدول حکمی نافرمانی۔ نافرمان برداری باقاعدہ کام سے رُکنا۔ اطاعت نہ کرنا تعمیل حکم سے انکار کرنا۔

عذر۔ بہانہ۔ معذور رکھنا۔ ٹال مٹول۔

وجہ اعتراض۔

عذر اپیل۔ وہ عذر جو اپیل میں کیا جاوے۔

(دیکھو عذر اور اپیل)

عذر امتناع نالشی۔ دعوے کی روک کا عذر اور بہانہ۔

عذر برائت۔ بری ہونے کا عذر

عذر بے ضابطگی۔ بے قاعدگی کا عذر۔ خلاف قانون ہونے کا عذر۔

عذر تمہیدی۔ ابتدائی عذر۔

عذر تمادی ایام۔ میعاد گذرنے کا عذر۔

عذر جسانس۔ بڑا عذر۔

عذر رقوم مجرائی۔ مجرائی رقوم کا عذر۔ رقموں کے مجرا دینے کا عذر

عذر رواج۔ عام استعمال کا عذر۔ رواج کی وجہ۔

عذر رودادی واقعاتی عذر۔

عذر زبانی۔ جو عذر بلا تحریر صرف زبان سے کیا گیا ہو۔

عذر سقیم۔ ضعیف اور کم زور عذر

عذر ناقابل سماعت نا سُننے اور نا ماننے کے لائق عذر۔

عذر قوی۔ پختہ عذر۔ معقول عذر۔ کافی عذر

عذر گنگ برآر۔ اُس زمین کا عذر جو گنگا سے نکلی ہو۔ اُس زمین کا عذر جو گنگا سے گرگئی ہو

عذر گنگ شکست۔ گنگ کے توڑنے کا

عذر۔ اُس زمین کا عذر جو گنگا کے بہنے سے
نکلی ہو۔

عذر معقول۔ قوی اور مدلل عذر۔

عذرداری۔ عذر کرنا۔ فعل عذر۔

عذرداری اطلاع نامہ بے دخلی
بے دخلی کے اطلاع نامہ کی عذرداری یا عذر
کرنا۔

عرض۔ ظاہر کرنا۔ چوڑان۔ التجا۔ درخواست
ذاتی جائداد علاوہ روپیہ کے۔ ظاہر کرنا کسی
چیز کا کسی شخص پر۔ گھر کا اسباب۔

عرض ارسال۔ یہ ایک کاغذ ہوتا ہے جس
کے ذریعے روپیہ خزانے مین داخل ہوتا ہے
اس کاغذ سے صرف یہ مقصد ہے کہ مال گذار
جس کارندے یا پیادے کے زرنقد تحصیلدار
کے پاس بھیجتا ہے اُس کے فریب سے محفوظ رہے
اور یہ بھی کہ جب ایک سردار کے گئی گانون
ہون تحصیلدار کو معلوم ہو کہ زرمرسلہ کس
گانون کے نیچے سیاہہ ہو۔ اس کاغذ مین
زرمرسلہ کی تفصیل اور نقدی کے سکہ کا حال
لکھا جائے اور یہ کہ کس حساب مین جمع ہو
اور بھیجنے والے اور لانے والے کا نام
اور پٹواری کے دستخط اس پر ہون۔ معاملہ
داخل کرنے کے وقت ایک کاغذ واسطے داخلہ
روپیہ کے بھیجنا۔ رپورٹ کیفیت واپسی
(دیکھو ارسال)

عرضی نالش۔ درخواست۔ وہ تحریر جس
مین عرض مذکور ہو۔ استغاثہ۔ لفظ عرضی
سے وہ دستاویز مراد ہے جو کسی افسر جوڈیشل
کی خدمت مین اُس کی حیثیت منصبی کی رو سے
سے پیش کی جانے کی غرض سے لکھی جائے
اس مین عرضی دعوی اور یادداشت اپیل
بھی شامل ہے اور اس مین اصل عرضی
دعوی اور عرضی دعوی مرممہ بھی داخل ہے

عرضی دعویٰ۔ دعوے کی عرضی۔ بولتے
ہین عرضی دعوی سے۔ یعنی از روے
عرضی دعوی

عرضی مرمت۔ ترمیم اور مرمت کی عرضی
تشریح پہلے عرضی دعوی مین جب کوئی
فروگذاشت ہو جاتی ہے تو عرضی ترمیم
دے کر عرضی دعوی واپس لے کر ٹھیک

تقسیم کرنے کے بعد پھر عرضی دعوی عدالت مین دیا جاتا ہے۔

عرضی نویس درجۂ اول۔ جو عدالت چیف کورٹ اور تمام عدالت ہاے ماتحت مین عرضی نویسی کرنے کا مجاز ہو۔ اول درجے کا عرضی نویس۔

عرضی نویس درجۂ دوم۔ جو عدالت ہاے صاحب ڈپٹی کمشنر اور تمام دیگر عدالت ہاے ملک پنجاب مین جن کو مساوی یا کم تر اختیارات حاصل ہون صرف الصیغہ ابتدائی عرضی نویسی کرنے کا مجاز ہو۔ دوسرے درجے کا عرضی نویس۔

عرضی نویسی عدالت کرنا۔ اُس وقت کہتے ہین جب کہ وہ عرائض عدالت مین پیش ہونے کی غرض سے لکھے۔

عُرف۔ مشہور۔ پہچان۔ شناخت۔ بولتا نام نیکی۔ احسان۔ اصلی نام کے سوا کوئی دوسرا نام جو مشہور ہو جاے

عَزل۔ بیکاری بے کار کرنا جدا کرنا۔

عزل ونصب۔ معزول کرنا اور مقرر کرنا موقوفی وبحالی۔ تغیر وتبدل

عزم۔ ارادہ۔ قصد۔ ارادہ کرنا۔ کسی چیز پر قصد دلی کرنا۔

عزم بالجزم یا عزم مصمم } پختہ ارادہ۔ مضبوط ارادہ۔

عصبات۔ خویشان وفرزندان نرینہ جو باپ کی طرف سے ہون۔ وہ ہین جو بعد ملنے حصص ذوی الفرائض کے باقی کو بانٹ لین

تشریح آدمی کے اپنے باپ کی طرف سے قرابت کا نام عصبہ ہے۔ عصبات جمع الجمع ہے جیسے جمالات۔

عصبہ۔ پٹھہ جس سے حس وحرکت اعضا کی قائم رہتی ہے۔ خویش وفرزند نرینہ جو باپ کی طرف سے ہون۔ اس کی جمع عصب اور اعصاب آتی ہے۔ وہ اشخاص جو باقی ماندہ ذوی الفروض کا لین۔ اگر ذوی الفروض موجود نہون تو کل لین۔

تشریح عصبہ دو قسم پر ہے (۱) نسبی جو نسب کے لحاظ سے ہو۔ یہ عصبہ سببی سے قوی تر ہوتا ہے۔ اسی کی تین قسم عصبہ بنفسہ۔ بغیرہ ومع غیرہ مشہور ہین (۲) سببی جو کسی سبب سے ہو۔ جیسے مولی العتاقہ۔

عصبہ بغیرہ۔ وہ وارث جو دوسرے کے استحقاق کے ذریعے سے ورثہ پاتے ہین جو عصبہ عصوبت مین محتاج غیر ہو اور غیر بھی عصبہ ہو تو وہ عصبہ لغیرہ ہے۔ ہر مونث جو ہو جاے عصبہ ایسے مذکر سے جو اس کے محاذی ہو۔

عصبہ بنفسہ ۔ وہ ورثا جو اپنے خاص استحقاق سے ورثہ پاتے ہین ۔ وہ عصبہ جو عصبت مین غیر کا محتاج نہو ۔ بذاتہ عصبہ ہو ۔ وہ مذکر جو نہ داخل ہو اُس کی نسبت مین طرف میت کے مونث ۔

عصبہ مع غیرہ ۔ وہ ورثا جو اپنے استحقاق اور دوسرے کے استحقاق کے ذریعے سے ورثہ پاتے ہین ۔ جو عصبہ عصبہ لغیرہ یا عصبہ بنفسہ نہو ۔ جو مونث دوسرے مونث سے عصبہ ہو جاے

عصبہ نسبی ۔ وہ عصبہ جو نسب کے متعلق ہو یہ عصبہ نسب کے لحاظ سے ہوتا ہے ۔ اس مین کی نسبتی ہے یہ پنسبت سببی کے قوی تر ہوتا ہے ۔ اسی کی تین قسمین عصبہ بنفسہ ۔ عصبہ لغیرہ اور عصبہ مع غیرہ ہین ۔

عصبیت ۔ طرف داری ۔ عصبہ ہونا ۔ خویشی وہ تعلق جو وراثت مین حصہ کا مستحق کرے

عصمت ۔ گناہ سے اپنے کو باز رکھنا ۔ بچاؤ حفاظت مال و جائداد کی قانون سے

عصیب ۔ طرف دار ۔ استوار ۔ رشتہ دار

تشریح ۔ یہ صفت مشبہ کا وزن ہے جیسے شریف ۔

عضل ۔ بیوہ کو دوسرا خاوند کرنے سے باز رکھنا ۔ کسی پر کام کا سخت اور دشوار ہونا سخت کام ۔

تشریح ۔ بیوہ کا نکاح ثانی سے روکنا اہل اسلام مین گناہ ہے ۔ گو اعلی خاندانون مین محض نخوت سے روا جا سخت روک تھی ۔ اب اہل اسلام کے علاوہ غیر مذاہب آریا وغیرہ مین بھی شادی بیوگان کا رواج پڑتا جاتا ہے ۔ چنانچہ انجمنین بیوون کی حمایت مین قائم ہو گئی ہین اور کتابین جیسے سدا سہاگن اور رانڈون کی شادی وغیرہ اس بارے مین تصنیف ہو گئی ہین ۔ حال کے تعلیم یافتہ اگر اسی طرح شادی بیوگان مین ساعی اور کوشان رہے تو امید ہے کہ اعلی درجے کی کامیابی ہوگی اور ہونی چاہیئے ۔

عُضو ۔ ٹکڑا بدن کا

تشریح ۔ بفتح عین غلط ہے ۔

عطا ۔ بخشش ۔ دینا ۔ انعام

عطلت ۔ بے کاری ۔

تشریح ۔ تعطیل معطل وغیرہ اسی سے نکلے ہین ۔

عطیہ ۔ بخشش ۔ انعام ۔ دی ہوئی چیز ۔

عطیہ دار ۔ وہ شخص جس کو عطیہ خاص من جانب سرکار انگریزی ملا ہو اور جس کا نام درج فہرست ہو چکا ہو ۔

عفو ۔ خطا کا معاف کرنا ۔ حالت قدرت مین

کسی سے بدلہ اور عوض نہ لینا۔
عفو مشروط ۔ وہ عفو جو کسی شرط پر مبنی ہو
عقاب۔ عذاب دینا۔ شکنجہ کرنا۔
تشریح عذاب اور عقاب مین یہ فرق ہے کہ اکثر محققین عذاب کو عام خیال کرتے ہین اور عقاب کو خاص۔
عقار۔ بانی۔ زمین کھیتی کی۔ درخت خرما گھر کا اسباب۔ گاؤن کی زمین۔
عقد۔ گرہ لگانا۔ عہد کرنا۔ نکاح کرنا۔ بیع کرنا بیچنا۔ اقرارنامہ۔ عہد۔ معاہدہ
عقد بیع ۔ فروخت کا اقرارنامہ
عقوق۔ مان باپ کی نافرمانی کرنا۔
عقیقہ۔ لڑکے کے نام رکھنے کی ضیافت ساتوین روز پیدایش کے بچہ کا سر مونڈنا وہ بکری وغیرہ جو پیدایش مولود کے پہلے ہفتہ مین واسطے بچے کے قربانی یعنی ذبح کرتے ہین۔
تشریح مسلمانون کی اس رسم کے لیئے گو میعاد مقرر ہے مگر مقررہ میعاد کے سوا بھی یہ رسم ادا کی جاتی ہے۔
عقیم۔ بانجھ خواہ مرد ہو خواہ عورت بانجھ عورت جسکو حمل نہ رہے اور بانجھ مرد جس کے نطفے سے حمل نہ رہے
تشریح لفظ عقیم مذکر و مونث دونون کو شامل ہے۔

عقیمہ۔ بانجھ عورت۔ وہ عورت جو بچہ نہ جنے وہ عورت جس کو حمل نہ رہے۔
علاتی۔ وہ بھائی بہن جو ایک باپ اور دو مان سے ہون۔ جو بیٹا بیٹی صرف باپ کی طرف سے ہون۔
علاقہ دل کا لگاؤ کسی چیز سے۔ تعلق۔ مناسبت درمیان دو چیز کے کسی کے ساتھ دلی ربط و ضبط رکھنا۔ خواہ دوستی ہو خواہ دشمنی خواہ نوکری۔ روزی حاصل کرنے کا وسیلہ جو چیز کسی دوسری چیز کے ساتھ ظاہر مین لٹکی ہوئی ہو۔ متعلقہ۔ احاطہ۔ شہر یا قصبہ یا بازار یا مجموعہ جو اس کے حصہ پر دلالت کرے یہ تعریف ایکٹ چوکیداران مین درج ہے حسب ایکٹ تعلقہ داران اودھ جائداد غیر منقولہ عطا فرمودہ خاص سرکار انگریزی یا تعلقہ جائداد غیر منقولہ حاصل کردہ یا مقبوضہ تعلقہ دار یا عطیہ دار۔ رشتہ۔
علامات ۔ جمع علامت بمعنی نشان رینہ
علامات بلوغ بالغ ہونے کے نشانات
تشریح اٹھارہ سالہ ہونا۔ بغلون مین بال آنا۔ موے زہار رہونا۔ ڈاڑھی اور مونچھون کا نکلنا۔ عورت کے لیئے پستان کا ابھرنا وغیرہ بالغ ہونے کی علامات ہین
علامت ۔ نشان۔ رینہ۔ نشانی۔
علامت دستخط۔ دستخط کی نشانی۔

لکیر سی جو ناخواندہ لوگ کھینچتے ہین۔

تشریح

تحریر وثیقہ رجسٹری وغیرہ

دستاویز ناخواندہ کا نام بلفظ العبد لکھ کر قلم کو اُس کے ہاتھ سے چھوا کر خود بھی کبھی نام لکھ دیتا ہے اور کبھی اُسی کے ہاتھ مین قلم دے کر لکیر کھنچوا لیتا ہے

علانیہ۔ ظاہر۔ کھلم کھلا۔ ظاہرا طور پر۔

علی۔ اوپر۔ پر

علی التواتر۔ پے در پے۔ سلسلہ وار۔ متواتر۔

علی الحساب بے گنت۔ اٹکل پچو۔ بے حساب۔

تشریح لفظی ترجمہ اس کا حساب پر مگر یہ منافی مطلب کے ہے جو آج کل رائج ہے۔ اس کی دو صورتین ہین اول یہ کہ حمل علی النقیض کے طور پر علی الحساب کے معنی بے حساب لیئے جائین۔ دوم یہ کہ غلط العام مان لیا جائے۔ یا علی کی جگہ اور لفظ ہوگا۔

علی حدہ کرنا۔ الگ کرنا۔ فروخت کرنا۔ چھپانا۔

تشریح یہ لفظ اصل مین علی حدہ ہے یعنی اپنی حد پر یعنی برکنار۔

علی الحال۔ بہت جلد۔ ابھی۔

علی الخصوص۔ خاص کر کے۔ خصوصاً خاص طور پر۔ خاص کر۔

علی الدوام۔ ہمیشہ۔

علی سبیل الترتیب۔ ترتیب وار۔ قاعدہ وار۔ سلسلہ وار۔

علی المساوی۔ مساوی طور پر۔ برابر۔ سراسر۔

علی ہذا القیاس۔ اسی قیاس پر۔ اسی قاعدہ کے مطابق۔ اسی طرح۔ ایسا ہی۔

علت۔ مرض۔ سبب۔ وجہ۔ تہمت۔ جرم الزام۔

علت تامہ۔ سبب کامل۔

علت صوری۔ صورت ظاہری جو چیز کے بننے کے بعد ہوگئی ہو جیسے چارپائی کی شکل جو پاؤن اور پٹیون وغیرہ سے مرکب ہو۔

تشریح منسوب بطرف صور اس مین ی نسبت کی ہے۔

علت غائی۔ اُس شے کا فائدہ جس کے لیئے وہ بنائی گئی ہو جیسے کہ چارپائی کی علت غائی اُس پر سوتا ہے

تشریح منسوب بطرف غایۃ اس مین ی نسبت کی ہے۔

علت فاعلی۔ جس نے کوئی شے بنائی ہو جیسے چارپائی کے واسطے درودگر ہے

تشریح منسوب بطرف فاعل اس مین
ی نسبتی ہے۔
علت مادی۔ وہ مادہ اور اسباب جس سے
وہ شے بنی ہو جیسے چارپائی کے واسطے لکڑی
جو لکڑی سے بنی ہو۔
تشریح منسوب بجانب مادہ۔ اس مین
ی نسبتی ہے
عَلَم جھنڈا۔ نشان فوج کوہ۔ پہاڑ۔ خاص
نام نقش جامہ۔
عِلم۔ آگاہ ہونا۔ جاننا۔ عقل شناخت
واقف ہونا کسی چیز کی ماہیت سے واقف
ہونا۔ بعض اس کو مرادف ارادہ کہتے ہین
معیار ذمہ داری وقابلیت مواخذہ۔
علم مجرمانہ۔ ناجائز علم۔ فوجداری کا علم
علوفہ۔ خوردنی۔ خورش۔ خوراک۔ رسد۔
پنشن۔ تنخواہ۔ گذارہ۔ وظیفہ۔
علیل۔ بیمار۔ مریض علت والا۔
عمارت۔ مکان۔ آبادی۔ آبادی کرنا۔
عمارت کی لکڑی۔ اس مین درخت اور
بانس داخل ہین جب کہ وہ گر پڑے ہون
یا کاٹ ڈالے گئے ہون اور تمام لکڑی داخل
ہے عام اس سے کہ کاٹی گئی ہو یا گاڑی کے
پہیئے یا ہادن یا ڈونگی اور کام کے لیے گرا دی
گئی ہو یا کھود کھلی کی گئی ہو یا نہ۔
عُمّال۔ حاکم۔ کارگذار۔ کارندے جو سرکار
کی طرف سے مقرر ہون۔
عمد۔ اپنے اختیار سے کام کرنا۔ قصد ارادہ
ستون کھڑا کرنا۔
عمداً۔ قصداً ارادۃً۔ ارادے سے۔ قصد سے
اس قصد سے جس مین نیت ہو۔ دیدہ و
دانستہ۔ جان بوجھ کر نیت سے۔
عُمر۔ زندگی۔ زمانہ زندگی۔ اُس مدت کا نام ہے
جس مین بدن کی عمارت حیات سے ہوتی ہے
یعنی لفظ عمر اُس مدت کا نام ہے کہ جس مین بدن
کی عمارت یعنی جسم کی آبادی زندگی سے ہوتی
ہے ع کی فتح اور ضم دونون درست ہین
عمر طبیعی۔ اکثر ایک سو بیس برس کی عمر سے
مراد ہوتی ہے۔ اس مین اختلاف ہے۔
عمرو زید۔ دو فرضی نام ہین جیسے کلوا ملوا جان ڈو
رچارڈ ٹیمس جیک وغیرہ۔
عمزادہ چچیری اولاد۔
تشریح اس مین مذکر و مونث دونون
شامل ہین۔
عمق۔ گہراو۔ کنوئین دریا وغیرہ کی گہرائی یا بلندی
پنجابی ڈونگھائی۔ گہرا ہونا۔
عمل۔ اثر۔ کار۔ کام عہدہ۔ علاج کرنا۔ کرنا
عمل استدلالی۔ مقدمہ فیصل شدہ مین
سے خاص واقعات کو چھوڑ کر ایک قاعدہ
قانون کے اخراج کرنے مین جو عمل کرنا پڑتا
ہے اور اس مین جو طریقہ استدلال برتا جاتا ہے

اس مین ہی نسبت کی ہے۔
عمل بیٹہ - ایک تحریر جس کی رو سے ایک مختار یا منتظم مقرر کیا جاے ایک اجازت نامہ جس کی رو سے کسی جائداد کی اجازت دی جائے
عمل پرداز - عمل کرنے والا
عمل درآمد - تعمیل - اجرا - نفاذ - کرنا - وقوع مین آنا -
عمل دستک - دستک جاری کرنا بابت نہ داخل ہونے روپیہ کے - ایک تحریری حکم جس کو افسر مجاز کسی جائداد کے نیلام مین خریدنے والے کو قبضہ حاصل کرنے کی اجازت دے - کسی چیز کی نکاسی کی اجازت - ایک تحریر جس سے کسی چیز کا قبضہ دیا جائے حق کا سارٹیفکیٹ - جائداد وصول کرنیکی اجازت کی بابت حکم جاری کرانا -
عمل مین لانا - کرنا -
عملہ - کارکن لوگ - اہلکاران - جمع عامل کی ہے - مجازاً محکمہ -
عملہ فعلہ - کلرک و ملازمان دفتر -
تشریح - عملہ عامل کی جمع ہے -
عموم - عام ہونا - سب کو گھیر لینا - بے قید ہونا عام -
عنایت دوسرے کے کام وغیرہ کے واسطے آپ رنج و تکلیف اٹھانا -

عن قریب - نزدیک - ابھی قریب ہی
تشریح لفظی ترجمہ نزدیک سے - عن کے معنی سے - اور قریب بمعنی نزدیک -
عنوان - سرنامہ - سرخی - مطلب - دیباچہ اول ہر چیز - ہیڈنگ -
عوارض - جمع عارضہ کی (دیکھو عارضہ)
عوارض لاحقہ - جو عارضے لاحق یا ملحق ہوں -
عوالی - بلند چیزین جمع عالیہ -
عوامل - جمع عامل عمل کرنے والے - حاکم لوگ کارندے -
عوائق - جمع عائقہ - روکنے والی چیزیں حادثے - موانع -
عورت - مرد و زن کی شرمگاہ وہ چیز جس کے دیکھنے دکھانے سے شرم آئے - استواری تحتی سقابل مرد - مونث نوع انسان گو کتنی ہی عمر کی ہو -
تشریح عورت کو عورت اس واسطے کہتے ہین کہ سر سے پانون تک اس کا تمام جسم عورت ہے یعنی قابل پوشیدہ کرنے اور چھپانے کے ہے
عورت حاملہ - وہ عورت جس کے پیٹ مین بچہ ہو حمل والی عورت - پیٹ والی عورت -
عورت مدخولہ - وہ عورت جس سے صحبت

کی گئی ہو۔ یعنی زن جماع کردہ شدہ۔
عورت منکوحہ ۔ بیاہی ہوئی عورت نکاح کی گئی عورت ۔ بیوی ۔ جورو۔
عورت کی بلا رضامندی ۔ ایسی حالت مین بے ہوش ہو کہ زنا کی ماہیت نہ سمجھ سکے ۔ اس قدر ضعیف ہو کہ رضامندی ظاہر کرنے کے لائق نہو۔
عورت کی مرضی کے خلاف ۔ بصورت ہوش و حواس ہونے کے جماع کے لیئے اُس کی مرضی نہو۔
عوض ۔ بدلہ ۔ کسی چیز کا بدل۔
تشریح ۔ لوگ غلطی اور کم التفاتی سے عیوض لکھتے پڑھتے ہین ۔ بدل اور عوض مین یہ فرق ہے کہ عوض اور بدل کے معنی جو کچھ دوسرے کے بجائے آوے ۔ اکثر اطلاق بدل کا ایک جنس پر کیا جاتا ہے اور عوض عام ہے ۔ اور ہم معنی بھی مستعمل ہوتے ہین پس باعتبار اکثر اطلاق کے خاص و عام ہین اور بعض صورت مین مترادف۔
عوض نامہ رائے دہی ۔ اس سے مراد وہ نوشتہ ہے جس کے ذریعے سے ایک شخص دوسرے شخص کو اپنی طرف سے کسی مجلس مین رائے دہی کا اختیار دے جس مین اختیار کسی مجلس مین رائے دینے ایک شخص سے دوسرے شخص کو ہو (۱) عوض نامہ صرف کسی ایک جلسہ مین رائے دینے کے واسطے جائز ہوتا ہے (۲) اگر کسی تحریر مین اس سے زیادہ اختیار دیا جاوے تو وہ بطور مختارنامہ کے متصور ہوگی۔
عول ۔ کسی کا روٹی کپڑا اپنے ذمے لینا۔ اور اُس کو اپنے عیال مین لینا ۔ بہت عیالدار ہونا ۔ بخشش بہت کرنا ۔ دوسرے کا حصہ زیادہ لگانا ۔ زیادتی ۔ غلبہ کرنا ظلم کرنا اپنے عیال کو روٹی کپڑا دینا ۔ دشوار ہونا کام کا کسی پر غالب ہونا ۔ کسی کو بدنام کرنا زیادہ ہونا ۔ اوپر چڑھنا ۔ رونے کی آواز بلند کرنا اگر مین جملہ چند ذوی الفروض کے شخص حصہ معین کا مستحق ہو اور ترکہ کو حصص علاوہ مین تقسیم کرنے کے بعد معلوم ہو کہ کل وارثون کے لیئے سہام کافی نہین ہین تو عدد تقسیم مین افزائش کی جاتی ہے اور ایسی افزایش کا نام عول ہے (زیادہ تشریح کے لیئے دیکھو لفظ صور عول)
عون ۔ یاری ۔ مددگاری ۔ مدد کرنا۔
عہد ۔ زمانہ ۔ روزگار ۔ پیمان ۔ سوگند ۔ اقرار زمانہ حکومت ۔ قبول کیا ہوا ۔ ایجاب ۔ ایک اقرارنامہ ہے جو ہم سے پیدا ہوتا ہے
عہد صریحی ۔ جو قبول یا ایجاب کسی عہد کا بذریعہ الفاظ کے کیا جاوے۔

عہد معنوی - جو ایجاب یا قبول بجز الفاظ کے اور طور پر کیا جائے۔

عہد شکنی - پیمان شکنی - اقرار توڑنا - بے وفائی

عہد نامہ - اقرار نامہ۔

عہدہ - منصب - رتبہ - ذمہ واری۔

عہدۂ ثالثی - یہ اپنی مرضی کا عہدہ ہے - عدالتوں کو اختیار نہیں کہ کسی کو اس عہدے کے قبول کرنے کے واسطے عدالت میں اُس کو مجبور کریں - گو من جانب عدالت کے بھی ثالث مقرر ہوتے ہیں۔

عہدہ دار - وہ ملازم ہے جو حکم دے سکے لیکن ادنی درجے کا ہو۔

عہدہ دار پرمٹ - اس سے مراد ہر عہدہ دار پرمٹ وہ شخص جو مفوض باختیار عہدہ دار پرمٹ ہے - (دیکھو پرمٹ)

عہدہ دار دیہی - اس سے اعلی نمبردار یا نمبردار یا پٹواری مراد ہے۔

عہدہ دار سرکاری - اس سے ہر جج اور ہر ملازم متعہد و ہر عہدہ دار افواج بری و بحری ملکہ معظمہ و دیگر اہلکار مراد ہیں۔

عہدہ دار قانونی - اس میں ایڈوکیٹ جنرل اور اسٹینڈنگ کونسل اور ایڈمنسٹریٹر جنرل اور فیشل اسائنی اور رسیور عدالت ہائی کورٹ اور ہر عہدہ دار عدالت ہائی کورٹ کا جو ایسا عہدہ رکھتا ہو کہ قانوناً صرف بارسٹر ایٹ لا یا سپر نیگلٹی ایڈوکیٹ واقع سکاٹ لینڈ کو مل سکتا ہے اور اسسٹنٹ سیکرٹری صیغہ لیجس لیٹیف متعلقہ لوکل گورنمنٹ اور ریمیمبرنسر یا اسسٹنٹ ریمیمبرنسر یعنی یادہ امورات قانونی اور گورنمنٹ ایڈوکیٹ اور کلارک شاہی اور گورنمنٹ سالیسٹر اور گورنمنٹ پلیڈر اور گورنمنٹ پراسیکیوٹر داخل ہیں۔

عہدہ دار موذنڈ - درجہ اول کا سارجنٹ

عہود - جمع عہد - (دیکھو عہد)

عہود متقابلہ - وہ عہود جو باہم بدل یا جزو بدل یک دیگر کے ہوں - مقابل کے عہود (دیکھو عہود)

عیار - مرد چالاک - بہت آمد و رفت اور بڑا حرکت کرنے والا - مکار۔

عیب عقلی - وہ عیب جو عقل سے متعلق ہو

عین - آنکھ - پانی کا چشمہ - آفتاب کا چشمہ - اشرفی - زر سرخ - سردار - ہر عمدہ چیز - ہر شے کی ذات - وہ بھائی جن کے ماں اور باپ ایک ہی ہوں - ایک آدمی اور نفس - حقیقت ہر چیز کی - جاسوس - پانی جاری ہونے کی جگہ - پیشوا - زانو گھٹنا - خاص - اصل -

غ

غادر - بے وفا - جو عہد پورا نہ کرے - یہ اسم فاعل ہے اس کی اصل غدر ہے جس کے معنی دغا و فریب کے ہیں۔

غارت گری - لوٹنا - مال لوٹنا - قزاقی۔

غازی - مذہبی لڑائی میں کافروں کو قتل کرنے والا - لڑنے والا۔

غاصب - غیر کا حق بجبر لینے والا چھیننے والا - غصب کرنے والا۔

غائب - جو موجود نہ ہو - جو حاضر نہ ہو۔

تشریح گرامر میں وہ ثالث جس کا ذکر کریں گو موجود ہی ہو۔

غائب ہونا - غیر حاضر ہونا - روپوش ہونا

غبن - ناجائز وصول زر - خورد برد۔

غبن فاحش - صریح خسارہ اور بڑا نقصان جو کسی چیز کی خرید میں ہو جائے

غبن کرنا - کسی کا نقصان کرنا۔

غدر - بے وفائی - دغا۔

تشریح - غدر اور مکر میں یہ فرق ہے کہ غدر بمعنی بے وفائی اور مکر بمعنی فریب - مکر عام اور غدر خاص ہے۔

غدار - بہت بڑا غدر کرنے والا - بہت بڑا بے وفا آدمی۔

تشریح غدر کے معنی بے وفائی بے وفائی کرنا - اسی کا صیغہ مبالغہ غدار ہے۔

غرض - مطلب - منشا - غایت - مجازاً حاجت مقصد۔

غصب - کسی کی چیز کو ظلم سے چھین لینا کسی کا حق جبر سے نہ دینا - یہ ایک حق ہے جو ضلع ڈیرہ غازی خان سے مخصوص ہے جو جبراً قابض ہوتا ہے (دیکھو رپورٹ بندوبست ضلع ڈیرہ غازی خان صفحہ ۵۷ فقرہ ۲۱۰)

غصب کرنا - کسی کا حق جبر یا ظلم سے چھین لینا - وصول ناجائز۔

غصہ - اندوہ گلوگیر - وہ رنج جس سے گلا گھٹ جائے - مجازاً بمعنی خفگی - مگر تحقیق یہ ہے کہ مجازاً بھی غصہ اس خفگی کو کہیں گے جو کسی خوف کو ضبط کرے اور دل ہی دل میں گھٹ کر رہ جائے اس صورت میں معنی معنی حقیقی سے کچھ مناسبت باقی رہتی ہے اس سبب سے فصیح لوگ اطلاق غصہ کا حق تعالی کی نسبت جائز نہیں رکھتے ہیں بلکہ

ایسے مقام پر الفاظ مہر و غضب استعمال کرتے ہین۔

غضب۔ غصہ۔ غصہ کرنا۔ خفگی۔ قہر۔

غفلت۔ بھول۔ چوک۔ چوک جانا۔ عدم تامل۔ بے پروائی۔ فرض کی عدم تعمیل۔ عدم احتیاط۔ احتیاط اور توجہ کی عدم موجودگی۔ عدم خبرداری۔ صریح فرض کے ایفا کا ترک۔

غفلتاً۔ غفلت سے۔ از روے غفلت۔ (دیکھو غفلت)

غفلت سے۔ فرض کی عدم تعمیل سے۔

غلام۔ لڑکا۔ مجازاً نوکر۔ بندہ۔

غلامی مشروطہ۔ جو غلام ہونا شرطی ہو مثلاً مکاتب۔ مدبر۔ ام ولد۔ غلام قن۔

غلط۔ خطا کرنا۔ سخن مین اور حساب کتاب مین خطا کرنا۔

تشریح۔ بعضون نے کہا ہے کہ غلط طاے حطی سے خطاے سخن کو کہتے ہین اور غلت تاے فوقانی سے خطاے حساب کو اور لفظ غلط بمعنی فاعل یعنی غلط کرنے والے اور بمعنی مفعول یعنی غلط کیے گئے کے بھی آتا ہے اور غلطی یاے تحتانی کی زیادتی سے ناواقفون کا محاورہ ہے۔ واضح ہو کہ غلط دو طرح پر ہے ایک غلط عام جیسے لفظ منصب کہ بفتح صاد مشہور ہے اور اصل مین صاد کے کسرے سے ہے پس یہ معیوب نہین ہے اس لیئے کہ تمام شعرا منصب کا قافیہ لب اور غب عنب کے ساتھ باندھ گئے ہین دوسرا غلط عوام جیسے لفظ طراوت کہ اُس کو عوام الناس تراوٹ بولتے ہین اور یہ معیوب ہے۔

غلط فہمی۔ سمجھ کی غلطی۔ بولتے ہین غلط فہمی قانون یا واقعات۔

غلیظ۔ موٹا۔ دل دار۔ مجازاً ناپاک۔

غمگساری۔ وہ ہمدردی جو زیادہ تر اشخاص تک بدین طور متعدی ہو کہ اُن کی تکلیف ہم کو تکلیف دے۔

غنیمت۔ لوٹ کا مال۔ لوٹ۔

غور۔ گہراؤ۔ سمجھ کو زور دینا۔ توجہ۔ قیاس عمیق خیال۔ گہری سوچ۔ ہر چیز کی گہرائی اور تہ۔ پست زمین۔

غول۔ گوش۔ کان۔ فوج کا انبوہ۔ گروہ وہ فوج جس مین سردار بھی ہو۔

تشریح۔ مذکورۂ بالا معنی اُس وقت مین جب کہ و مجہول ہو۔ اگر واو معروف ہو تو معنی قسم جن اور دیو کے ہون گے جو جنگلون اور پہاڑون وغیرہ مین رہتے ہین اور جیسی شکل چاہتے ہین بدل سکتے ہین

تشریح (۲) غول کا عام ترجمہ چھل یا چھلاوا کرتے ہین اور چھلاوے کو دیو بھوت کی قسم سمجھتے ہین اور اس کے ڈر سے اکثر بخار وغیرہ

اعراض بھی ہو جاتے ہین ۔ واضح ہو کہ چھلاوا
دیو بھوت وغیرہ کی قسم نہین ۔ یہ عوام کی غلطی
ہے اصل مین مُردون کی ہڈیان جو چُورہ
ہو کر بباعث برسات کے یا کھارہ پانی کے
بباعث نمی یا چاندنی کے چمکتی ہین اور لطیف
بخارات اُڑتے ہوے معلوم ہوتے ہین تو
عام لوگ ڈر جاتے ہین یا کسی صدمہ یا مرض سے
جو آنکھون مین اندھیرا آ جاتا ہے اور طرح
طرح کی ڈراونی شکلین آنکھون مین پھرتی
ہین اُن کو چھلاوا کہتے ہین ۔ حال کے تعلیم یافتہ
لوگون کی عموماً یہی راے ہے

غیب ۔ پوشیدگی ۔ ناپدیدگی ۔ ناپدید ہونا

غیبت ۔ غائب ہونا ۔ پیٹھ پیچھے ۔ غیر حاضر ہونا ۔ عدم موجودگی ۔

غیر سواے ۔ علیحدہ شے ۔ گرامر مین یہ حرف استثنا ہے

غیر ذمہ داری ۔ ذمہ دار نہونا ۔

غیر صحیح العقل جس کی عقل ٹھیک نہو ۔ پاگل ۔ مخبوط الحواس ۔ خبطی ۔ مفقود العقل

غیر طبعی ۔ جو طبعی نہو ۔ جو اصلی نہو

غیر متعہد ۔ جو ذمہ دار نہو ۔ ملازم کی ایک قسم جو متعہد نہو ۔

غیر متناہی جس کا انتہا نہو ۔ غیر محدود ۔

غیر مجاز ۔ جو اختیار اور حق نہ رکھتا ہو ۔ بے اختیار ۔

غیر متناہی ۔ جسکا انتہا نہو ۔ غیر محدود ۔

غیر مجاز جو اختیار اور حق نہ رکھتا ہو ۔ بے اختیار ۔

غیر محدود ۔ حدود اسم مفعول حد کا ہے (دیکھو غیر متناہی)

غیر مزروعہ ۔ بن جُتی بوئی زمین ۔ غیر مزروعہ اسم مفعول زرع کا

غیر مفروقہ ۔ جو فرق نہ کیا گیا ہو ۔

تشریح ۔ یہ لفظ مفروقہ خود گھڑ کر اسم مفعول
فرق کا بنا لیا ہے جیسے ٹکٹ سے ٹکٹ
کہہ دیتے ہین گو مستعمل ہے مگر فصحا اس کو استعمال
نہین کرتے

غیر مکرر ۔ اجنبی شخص سے مراد لیا کرتے ہین جس سے پہلے ملاقات نہو ۔

غیر ممکن اس سے مراد وہ زمین ہے جو
بالکل قابل کاشت نہو ۔ اس مین سڑک
نہر ۔ تالاب ۔ شکم دریا ۔ نالہ ۔ کشتی و آبادی
دیہہ مکانات اور وہ زمین جو کاشت کاری
کے سوا کسی اور کام مین لگائی گئی ہوں
داخل ہین

غیر ممکن التردید ۔ جس کی تردید ممکن نہو

غیر نافذ ۔ جو جاری نہو ۔ جو مروج نہو ۔

غیر منقولہ ۔ اس مین اراضی و عمارات
وحق گذر وحق روشنی و پل و شکار ماہی و
دیگر فوائد پیدا وار اراضی و اشیاے ملصق
بزمین یا پیوستہ اشیا ملصقہ زمین مانند
اشجار استادہ و کھیت ۔ جس کو ایک جگہ
سے دوسری جگہ نہ لے جا سکین جیسے مین

حق بسوہ داری یا حق وصولی دس روپیہ فی صدی کا جمع ارضی پر (جو اُن مالکوں کو دیا جاتا ہے جو باعث نامنظور کرنے بندوبست کے ارضی سے بے دخل کیے جائیں) جائداد غیر منقولہ ہے۔ نمبر ۶۱ پنجاب ریکارڈ ۱۸۶۸ع نیز دیکھو جلد ۱۳ بنگال لارپورٹ صفحہ ۴ ۲۵ فیصلہ پریوی کونسل

تشریح منقولہ صیغہ اسم مفعول نقل کا ہے۔ غیر کے معنی سوائے خلاف منقولہ۔

(دیکھو منقولہ)

غیر موثر ہونا۔ تاثیر نہ کرنا۔ بے فائدہ۔ بیکار جانا۔ عمل نہ کرنا۔

غیر واجب۔ جو لازم اور واجب و ضروری نہ ہو

غیر واقع۔ جھوٹ۔ خلاف دستور جو حقیقت میں نہو۔

غیور۔ بڑا شرم کرنے والا۔ بڑا غیرت دار

ف

فاتح۔ شروع کرنے والا کھولنے والا فتح کرنے والا۔ اس کی اصل فتح ہے جس کے معنی کھولنا ہے

فاتر العقل۔ سست عقل۔ زبون عقل۔ وہ شخص جس کی عقل میں فتور آگیا ہو۔ خبطی۔

فاجر۔ بدکردار مرد۔ گنہ گار۔ حرام کار۔ زانی زنا کرنے والا۔ یہ اسم فاعل مذکر ہے

فاجرہ۔ بدکار عورت۔ حرام کار عورت۔ فاحشہ۔ یہ اسم فاعل مونث ہے۔

فارسٹر۔ محکمہ جنگلات کا ایک کم درجے کا عہدہ دار۔ جنگل والا۔

فارغ خطی۔ لا دعوی اور آزادی نامہ جس سے کوئی شخص اپنے دعوے سے جو دوسرے شخص پر یا کسی جائداد پر ہو دست بردار ہو جائے۔ بے تعلقی۔ کسی خاص تعلق سے آزادی

تشریح دستاویز طلاق اس میں داخل نہیں۔

فارغ البال۔ فارغ دل۔ جس کو کچھ کام نہو۔ بے اندیشہ۔ بے فکر۔

فارن بل آف اکسچینج ایسی ہنڈی جو غیر ملک پر لکھی جائے

فارورڈ بیگ۔ وہ بیگ جو بغیر کھولے جانے

پکے آگئے بردہ ہوجاتے ہین۔

فاسخ۔ تباہ اور فاسد کرنے والا۔ تباہ اور فاسد ہونے والا۔ بیع وغیرہ کا فسخ کرنے والا۔ ارادہ اور قصد کا توڑنے والا۔

تشریح اس کی اصل فسخ بمعنی توڑنا ہے یہ اسم فاعل ہے

فاسد۔ بد۔ بگڑا ہوا۔ خراب۔ تباہ۔

فاسق۔ بدکار مرد۔ بدکار آدمی۔ فسق کرنے والا۔ اس کی اصل فسق ہے

فاش۔ ظاہر آشکارا۔ جیسے بولتے ہین کہ اس مین فاش غلطی ہے۔

تشریح یہ باش کا مبدل ہے جو لوگ بجاے اس کے فاحش لکھتے پڑھتے ہین۔ نہایت غلطی کرتے ہین اس لیے کہ فاش کے معنی ظاہر اور فاحش کے معنی بدی مین حد سے گذر جانے والا

فاضل۔ افزون۔ بڑھا ہوا۔ زائد۔ زیادہ بچا ہوا لگان۔

فاضل آمدنی۔ زیادہ آمدنی۔

فانی۔ مرنے والا۔ فنا ہونے والا۔ وہ شخص جو بہت بوڑھا ہو اس کی اصل فنا ہے

فائدہ۔ ایک مسرت یا سبب مسرت ہے نفع۔

فائدہ ضمنی سود یا نفع یا فائدہ شمولی یا بیچ کا فائدہ۔

فائرمین۔ آگ والے اور کارخانہ جات کے محنتی لوگ۔

فائز۔ پہونچنے والا پانے والا خلاصی اور رہائی اور فتح و مراد پانے والا۔

فائق۔ بلند ہونے والا۔ فوقیت اور بزرگی رکھنے والا۔ بہتر برگزیدہ۔ افزون

فائق تر۔ زیادہ فائق

فائل بک۔ کاغذات کے لگانے کی کتاب وہ رجسٹر یا کتاب جس مین ضروری کاغذ چسپان کیئے جائیں

فائن۔ جرمانہ۔

فائن بک۔ جرمانہ کی کتاب

فتح۔ کھولنا۔ مجازاً جیتنا ملک کا

فتوی۔ حکم شرع۔ عدالتی حکم خصوصاً محمدی عدالت کے حکام کی راے پر مشتمل ہوتا ہے شرعی فیصلہ۔

فتور۔ سستی سست ہونا مجازاً معنی خرابی و برائی

فتور عقل۔ عقل کا خراب ہونا۔ عقل کا بگاڑ۔

فجور۔ گناہ کرنا حق سے ناحق کی طرف پھر جانا۔ دین سے برگشتہ ہونا۔ جھوٹ بولنا۔ نافرمانی کرنا۔ نماز کا ضایع کرنا۔ زنا کرنا

فجور۔ مرد بدکار۔ حرام کار

فحش۔ بدی کا حد سے گذر کرنا بدزبانی

بدکاری۔ بے ہودہ گالی گلوج۔ بے شرمی۔ بے حیائی۔

فحواے کلام۔ مضمون کلام۔ کلام کا مطلب۔

فدوی۔ قربان ہونے والا۔ کسی کے عوض اپنی جان دینے والا۔

تشریح۔ یہ لفظ عموماً ادنیٰ ماتحت یا امیدوار وغیرہ اپنی نسبت لکھتے ہیں جب اپنی پرورش وغیرہ کی عرضی یا درخواست آقا کی خدمت میں بھیجتے ہیں۔

فدیہ۔ وہ مال جو عوض کسی قیدی کے دے کر سرکار سے خریدلیں۔ سربہا۔ صدقہ۔ خون بہا۔ نقد قصاص۔ وہ مال یا نقدی جس سے قیدی خریدا جاے۔

فرار۔ بھاگنا۔ ڈرنا۔ یہ عربی کا مصدر ہے۔

فراری۔ بھاگا ہوا۔ بھگوڑا۔ فرار شدہ۔ گریختہ۔ مفرور۔

فراری مجرم۔ مفرور مجرم۔ بھاگا ہوا مجرم۔

فراش۔ ہم سر۔ خاندانوں میں سے ایک ہم سر ہوتا ہے۔ فرش بچھانے والا۔ مکان صاف کرنے والا۔

فراش ضعیف۔ کمزور فراش۔ چھوٹے درجے کا ہم سر جیسے غلام خاندان۔

فرامین۔ بادشاہی پروانے۔ جمع فرمان۔ یہ تصرف فارسی زبان عربی دان کا ہے کہ جمع لفظ فارسی کو بطور عربی کے لاتے ہیں۔

فرائض۔ جمع فریضہ یعنی فرمودۂ خدا جس کا بجا لانا واجب ہے۔ مثل نماز روزہ و زکوٰۃ وغیرہ۔ نام علم میراث۔ قانون میراث۔ جائداد کی تقسیم کا قانون۔ جو خدمت کسی کی تحویل میں ہو اور جس کا بجا لانا اس کے لیئے نہایت ضروری ہو۔ مخصوص حصے قانون وراثت۔

فرائض عدالت دیوانی۔ (۱) قرقی۔ (۲) بے دخل کرنا (۳) تقسیم و تفریق۔ (۴) فروخت (۵) ٹھیکہ دینا (دیکھو عدالت دیوانی)

فرائض لازم بذات خود۔ وہ افعال جو ایک شخص کے ذاتی اور شخصی تعلق پر اثر کرتے ہیں۔

فرائض لازم بذات غیر۔ وہ حصہ چال چلن کا جو کہ دوسروں سے تعلق رکھتا ہے وہ فرائض جو دوسروں کے لیئے ہم پر واجب و لازم ہیں۔

فرائض منصبی۔ جو اپنے عہدے کے فرائض ہوں۔ جن کا کرنا از روے عہدہ ضروری اور لابدی ہو۔

فرائض و وجوبات اضافی۔ وہ ہوتے ہیں جن کے مقابل میں کسی خاص شخص یا مجمع اشخاص کا کوئی حق موجود ہوتا ہے مثلاً

قرضہ کے ادا کرنے کا حق

فرائض و وجوبات درجۂ اول وہ فرائض و وجوبات ہیں جو بذات خود قائم ہوتے ہیں بلا تعلق کسی دوسرے فرض یا وجوب کے۔

فرائض و وجوبات درجۂ ثانی - وہ فرائض و وجوبات ہوتے ہیں جو بذات خود بالواسطہ موجود نہیں ہوتے۔ بل کہ اور فرائض و وجوبات کی تعمیل کرانے کے لئے موجود ہوتے ہیں۔

فرائض و وجوبات صریحی - ایسے فرائض و وجوبات جو صریح اور ظاہر ہوں

فرائض و وجوبات ضمنی - ایسے فرائض و وجوبات ہیں جو صریح نہوں بل کہ ضمن سے متعلق ہوں۔

فرائض و وجوبات بلاواسطہ - وہ ہیں جو کوئی واسطہ نہ رکھتے ہوں۔

فرائض و وجوبات بالواسطہ - وہ ہیں جو واسطہ اور ذریعہ رکھتے ہوں۔

فرائض و وجوبات مطلق - وہ ہوتے ہیں جن کے مقابلے میں کوئی حق کسی شخص معین یا مجمع اشخاص کا نہیں ہوتا جیسے بطور جنگی سپاہی کے نوکری کرنے اور ٹیکس ادا کرنے کا حق۔

فرج - عورت یا مرد کا اندام نہانی۔

تشریح اکثر استعمال اس کا عورت ہی کی شرمگاہ پر ہوتا ہے۔

فرد - طاق - تنہا - یگانہ - فہرست - لسٹ - رجسٹر

فرد باچھ - ایک فرد ہوتی ہے جو پٹواری تیار کرتا ہے جس میں مطالبہ ذیلی ہر حصہ دار کا درج ہوتا ہے اس کے ایک علیحدہ خانہ کل ریٹ کا اندراج ہوتا ہے۔

فرد باقیات - بقایا حساب کی فرد

فرد تشخیص - اجارہ لینے اور پرتال کی فرد - مال گذاری کی تشخیص کرنے کی فرد۔

فرد تعلیقہ - ضبطی مال کی فہرست - جائداد منضبطہ کی فہرست۔

فرد تفریق - تفریق یا تقسیم کی فرد۔

فرد جھیڑ گذاری موضع - اس میں نمبر شمار اور نام نمبر جھیڑ گذار کھاتہ اور رقبہ آبپاشی کی شرح جھیڑ فی بیگھہ کیفیت وغیرہ مندرج ہوتا ہے۔

فرد حساب - حساب کا چٹھہ

فرد قرار داد جرم - ایک شکل کا کاغذ ہوتا ہے جس میں جرم ٹھہرانے کا مضمون اور دفعہ درج ہوتی ہے

تشریح فرد قرار داد جرم یعنی جرم ٹھہرانے اور مقرر کرنے کی فہرست یہ فہرست قائم کرکے حاکم مجرم سے جواب طلب کرتا ہے

فرد کمیشن - وہ فرد جس میں اہل کمیشن کل

حالات مقدمہ کے درج کرے

فرد کنکوت فصل کے قیمت کے تخمینے کی فہرست

فرد لگان لگان کی فہرست۔ اس مین نمبر شمار نمبر کھتونی نام مالک و رعیت تفصیل زمین قسموار لگان بقید شرح و تعداد کب سے یہ لگان مقرر رہوا۔ کیا جنس کاشت ہوئی اور کیفیت وغیرہ درج ہوتی ہے۔

فرض۔ واجب۔ ضروری۔ لازم۔ حکم خدا۔ وہ کام جس کی فروگذاشت نہ کی جاے۔ کسی چیز کا وقت معین کرنا۔ مشخص کرنا۔ اندازہ کرنا واجب کیا ہوا خدا کا حکم۔ قانون کی تعمیل پر رعایا کی پابندی۔ وجوب۔ قانون مین ہماری مراد اُس فرض یا وجوب سے ہوتی ہے جو کہ اُس حاکم اعلی ترین کے صریح یا معنوی احکام سے پیدا ہوتے ہین جن کی ہم متابعت کرتے ہین۔ یہ ہمیشہ حکم کا نتیجہ ہوتا ہے

تشریح۔ فرض اور واجب مین یہ فرق ہے کہ فرض کے معنی فرمودہ اور واجب کیا گیا خدا کا بندون پر۔ اور واجب کے معنی سزاوار اور مقرر ہوا ہوا۔ واجب عام اور فرض خاص ہے اور کبھی فرض کو بھی بمعنی لازم گرفتہ کے استعمال کرتے ہین

فرض اضافی۔ نسبی فرض

فرض اولیہ۔ پہلا فرض۔

فرض ثانیہ۔ دوسرا فرض۔

فرض مطلق۔ محض اور بے قید فرض

فرض معین مقررہ فرض

فرض و وجوب وجوب و فرض مین یہ فرق ہے کہ وجوب سے اکثر اس مفروض کا اظہار ہوتا ہے جو ہم خاص شخص کے فائدے کے واسطے خاص عام کرنے کو کہتے ہین اگر اس کی اصطلاح زیادہ توضیح کی جاے اور اس کو منقولی معنون مین استعمال کرین تو فقط وجوب کا استعمال حق یا تشخیص کی نسبت کیا جاتا ہے حق بالتعمیم کی نسبت نہین۔

فرضا۔ مان لینے سے۔ فرض کرکے۔ فرض سے۔ از روے فرض۔

فرضی۔ مانا ہوا۔ قیاسی۔ اعتباری جو فرض سے متعلق ہو۔ منسوب بہ فرض۔

فرق۔ جدا کرنا۔ چوٹی۔ مانگ۔ تمیز۔ حد

تشریح تمیز اور فرق مین یہ فرق ہے کہ تمیز کے معنی جدا کرنا اور جدا ہونا۔ فرق کے معنی جدا کرنا۔ پس تمیز لازم و متعدی دونون ہوتا ہے اور فرق صرف معنی تعدیہ ہی رکھتا ہے

فرم۔ کوٹھی شراکتی۔ جو اشخاص باہم شراکت مین داخل ہوے ہون وہ بالاجتماع فرم کہلاتے ہین۔

فرمان حکم شاہی بادشاہی پروانہ اس کی جمع فرامین ہے (دیکھو فرامین)

فرمایش۔ بطور حکم سفارش کرنا۔ بطور حکم کچھ کام کرنا۔ یا کچھ مانگنا۔

فرو کرنا۔ مٹانا۔ نیچے کرنا۔ ہٹانا۔

فروخت۔ بکری۔ بیچنا۔

فروشندہ۔ بیچنے والا۔ بائع۔ یہ فروختن کا اسم فاعل قیاسی ہے۔

فروشندہ لائی سنس دار۔ وہ شخص جس نے حسب قانون خردہ فروشی کا لائی سنس حاصل کیا ہو

فروشندہ مجاز۔ وہ بیچنے والا جو بیچنے کا مجاز ہو اور بیچنے کا قانوناً اختیار رکھتا ہو لائی سنس دار۔

فروض۔ حصے۔ سہام۔

فروکش۔ اترنے والا کسی جگہہ کسی مکان مین رہنے والا۔

فروگذاشت۔ بھول چوک۔ جو بات چھوٹ گئی ہو۔ سہو۔ چھوڑنا۔ بھول جانا۔ معاف کردینا۔ بھول۔

فروگذاشت کرنا۔ معاف کرنا۔ چھوڑنا بھول جانا۔

فری۔ آزاد۔ بے قید۔ معاف

فریب۔ دغا۔ مکر۔ دھوکا۔ دھوکا دہی پھند۔ اس مین ہر فعل من جملہ افعال مفصلۂ ذیل کے داخل ہے جس کا ارتکاب کوئی فریق معاہدہ کرے یا اس کی سازش سے کیا جائے یا اس کا مختار کرے۔ بدین نیت کہ فریق ثانی یا اس کا مختار دھوکا کھائے یا اس کو اس معاہدہ کرنے کی ترغیب ہو۔ ایما بجانب امر غیر واقع۔ اخفاے ایسے کی شخص سے جو جانتا ہو۔ دھوکا دہی کے لیئے فعل کرنا فعل یا ترک فعل جو دھوکا دہی پر مبنی ہو۔ ایک ایسے امر کے وقوع کا بیان کرنا جو بیان کنندہ کے علم مین صحیح نہو۔ اس مین جھوٹ و دروغ کا عمل شامل ہے

تشریح فریب کے واسطے یہ ضرور نہین کہ فریق قائل اپنے قول کے جھوٹ ہونے کا علم رکھتا ہو۔ صرف یہی کافی ہے کہ قائل اُس کو سچ یقین نہ کرتا ہو۔

تشریح ۲۔ فریب اور خدع مین یہ فرق ہے کہ خدع ایسے فریب کو کہتے ہین کہ دوسرے کو خبر نہو اور مکر عام ہے خواہ خبر ہو یا نہو

فریب واقعی۔ جو فی الواقع اور حقیقت مین فریب ہو۔

فریب فی القانون۔ جو فریب قانون مین ہو۔

فریبی۔ دھوکا دینے والا

تشریح اس مین بھی فاعلیت کی ہے

فریبا۔ دھوکے سے۔ فریب سے۔ اردو

فریب۔ جو کوئی شخص مکر کرے اس نیت سے کہ وہ کسی کو کسی مال یا استحقاق سے فریباً محروم یا بے دخل کرے اس فعل کا نام فریبا ہے۔

فریق۔ پارٹی۔ ایک جماعت مدعی یا مدعا علیہ۔ گروہ

فریق اول۔ مدعی مستغیث۔

فریق ثانی۔ مدعا علیہ مستغاث علیہ۔

فریق غالب۔ کامیاب پارٹی۔ مقدمہ جیتنے والی پارٹی۔

فریق مخالف۔ مدعا علیہ۔

فریق مغلوب۔ ناکام پارٹی۔ وہ مدعی یا مدعا علیہ جو ہار گیا ہو۔

فریقین۔ دو فریق۔ دو پارٹیاں۔ مدعی و مدعا علیہ۔ اہل مقدمہ

فریہ۔ جھوٹ۔ دروغ۔ افترا۔

فساد۔ بگاڑ۔ تباہی۔ ظلم اور جبر سے مال لینا۔ تباہ ہونا جھگڑا

فسخ۔ توڑنا۔ نکاح و بیع کا باطل کرنا۔ باطل کرنا۔ قصد کا پھیر دینا۔ ارادے کا توڑ دینا۔ فکر اور ارادے کا بدل دینا۔

فسخ بندوبست۔ بندوبست کا توڑنا

فسخ پٹہ۔ پٹہ کا توڑنا۔

فسق۔ خدا کا حکم نہ ماننا۔ بد کام کرنا۔ گناہ کرنا۔

فصل۔ ایک موسم سال کے چار حصوں میں سے۔ کلام کا ایک ٹکڑا۔ کتاب کا ایک حصہ۔ الگ جدا ہونا دو چیز کے درمیان کا پردہ۔ باز رکھنا۔ کاٹنا۔ حصہ۔ زراعت استادہ۔

فصل استادہ کھڑی فصل بن کٹی فصل۔ (دیکھو فصل)

فصل بریدہ۔ کٹی ہوئی فصل

فصل خریف۔ ساونی۔

فصل ربیع۔ بہار کے موسم کی فصل۔ اساڑھی۔

فصلی سال۔ خریف شروع اور ربیع مہینہ ختم ہوتا ہے۔ (دیکھو سال فصلی)

فصول چہارگانہ۔ جاڑا۔ گرمی۔ ربیع خریف۔ چار فصلیں۔

فصیل۔ شہر پناہ۔ دیوار قلعہ۔ شہر کی چار دیواری۔

فعل۔ کار۔ کردار۔ کام۔ حرکت جنبش آدمی تحریر اور تقریر دونوں کو شامل ہے۔ یہ واقعہ پیدا شدہ جسمانی حرکات۔ نتیجہ۔ جو تمام سلسلہ واقعات کو شامل ہے جو ظہور میں پورا ہوتا ہے۔ ایک حادثہ یا واقعہ مختلف اشخاص کا۔ فعل سے مثل واحد کے سلسلہ افعال متواتر بھی مراد ہے۔

فعل خلاف قانون ۔ وہ فعل جو قانون کے خلاف اور برعکس ہو۔ فعل کے معنی دیکھو فعل مین

فعل شنیع ۔ برا کام۔

فعل مضر ۔ ضرر دینے والا فعل ۔

فعل ناجائز ۔ خلاف قانون فعل۔ خلاف قانون کام

فقرہ ۔ عبارت نثر کا ایک ٹکڑہ فل شاپ ۔

فقہ ۔ دریافت کرنا جاننا علم کا مگر یہ لفظ علم علم معرفت احکام شریعت سے مخصوص ہوگیا ہے ۔ مسلمانون کا قدیمی قانون ۔

تشریح یہ علم مسلمانون نے قران اور حدیث سے مستنبط کیا ہے ۔ اہل ہنود مین بجائے اس کے دھرم شاستر ہے ۔

فقیہ ۔ عالم ۔ دانا ۔ علم فقہ جاننے والا ۔

فک ۔ ملی ہوئی دو چیزون کا آپس سے جدا کرنا ۔ خلاص کرنا ۔ آزاد کرنا ۔ علیحدہ کرنا ۔ جیسے بولتے ہین فک الرہن یعنی رہن کا توڑنا ۔

فک الرہن ۔ رہن کا توڑ دینا ۔ فسخ رہن گرو کا چھوڑا لینا جائداد کا رہن سے خلاص کرنا ۔ رہن چھوڑانا ۔

فنڈ ۔ روپیہ کی ایک رقم جو کسی خاص کام کے لیئے رکھی جائے ۔ جمع کیا ہوا روپیہ ۔ چندہ

فوت بلا وصیت ۔ وصیت کے بغیر مرجانا ۔

فوتیدگی ۔ فوت ہونا ۔

تشریح یہ لفظ عربی لفظ فوت سے گھڑ کر بنا لیا گیا ہے

فوتی نامہ ۔ مرنے کی تحریر ۔ فوت ہونے کی لکھت ۔ وہ تحریر جس مین مُردون کے وارثون کے نام درج ہون

فوج بحری ۔ وہ پلٹن جو دریائی جنگ کے واسطے مقرر ہو ۔ جو فوج تری کی لڑائی کے واسطے ہو

فوج بری ۔ وہ فوج جو جنگل مین لڑنے کے واسطے مقرر ہو خشکی کی لڑائی کی پلٹن ۔

فوجدار ۔ مسلمانون کی حکومت مین ایک فوجداری کا جج یا مجسٹریٹ ۔ ضلع کی فوج کا نگران ہوا کرتا تھا ۔ فوج رکھنے والا

فوجداری ۔ (دیکھو عدالت فوجداری)

فوجداری کرنا ۔ امن توڑنے کا جرم کرنا ۔ امن شکنی ۔

فوطہ ۔ کمربند ۔ بے سیا ہوا کپڑا ۔ نہانے کی لنگی ۔ وہ روپیہ جو رعایا خزانہ سرکاری مین داخل کرے تھیلی ۔ پگڑی ۔ رومال ۔

فوطہ دار ۔ خزانچی ۔ ملازم تحصیل ۔

فہرست ۔ تفصیل نامون اشیاء سند جیسے کتاب وغیرہ کی جداول کتاب پر علیحدہ ہوتی ہے بطریق اختصار ۔ لسٹ ۔ فرد ۔

فہرست تشخیص ۔ پڑتال کی فہرست ۔

فہرست مالکانہ۔ وہ فہرست جس مین نام مالکان کے درج ہون۔

فہرست مقدمات۔ وہ فہرست جسمین تاریخ پیشی مقدمات مندرج ہو۔

فہیم۔ سمجھدار۔ سمجھ والا۔ اس کی اصل فہم ہے

فی۔ فرد۔ ایک۔ یہ ایک حرف ہے کہ کسی اسم پر آکر اس کی فردیت اور ایک ہونے کو ظاہر کرتا ہے۔ ایک عدد یہ عربی کا حرف جار ہے جس کا ترجمہ ہندی مین "مین" ہے

فیتہ۔ ایک آلہ زمین وغیرہ ناپنے کا ہے۔

فی الجملہ۔ حاصل کلام۔ حاصل سخن۔

فی الحال۔ اب۔ فوراً۔ ابھی

فی الحقیقت۔ اصل مین حقیقت مین

فی الفور۔ اسی دم

فی الواقع۔ درحاصل۔ یقیناً حقیقت مین۔

فی زمانہ۔ آج کل۔ موجودہ زمانے مین۔

تشریح۔ اس کا لفظی ترجمہ ہے زمانے مین اکثر اس کو فی زمانتا بولتے ہین اور اس کا ترجمہ ہمارے زمانے یا وقت مین کرتے ہین

فی سال۔ سال پیچھے۔

فی صدی۔ سو کے بعد۔ سیکڑے پیچھے۔ فی سو۔

فی نفسہ۔ اصل مین بذاتہ۔ اپنی اصل مین اپنی ذات مین حقیقت مین

فیس۔ حق المحنت۔ حق السعی۔ کسی خاص کام کا عوض۔

فیصل نامہ۔ اس مین ہر تجویز تحریری داخل ہے جو کسی ثالث یا سرپنچ نے کی ہو۔ تجویز تحریری ثالث یا سرپنچ۔ اس مین فیصلہ پنچایت و فیصلہ خانگی دونون شامل ہین سرپنچ یا مجاز فیصلہ کا فیصلہ۔

فیصل کرنا۔ دو ٹوک کرنا۔

فیصلہ۔ تصفیہ عدالت کا حکم۔ جج کی عدالتی تحریر۔ جج کا وہ بیان مراد ہے جو خود اس حکم یا ڈگری کے مطابق ہو جس سے کوئی نالش دیوانی یا اور مقدمہ عدالت فیصلہ کیا جائے۔ جھگڑا چکانا۔ محاکمہ۔

فیصلہ اخیر۔ قطعی فیصلہ۔

فیصلہ ریاست غیر۔ اس سے غیر ریاست کی عدالت کا فیصلہ مراد ہے

فیصلہ زیر اپیل۔ وہ فیصلہ جس کا اپیل کیا گیا ہو۔

فیض۔ نہر کا پانی اس قدر زیادہ ہونا کہ کنارون سے بہنے لگے۔ پانی کا گرنا۔ بڑی بخشش۔ فائدہ کثیر۔ خیر کا ظاہر ہونا۔

فیلڈ بک۔ ایک سفید کتاب ہوگی جس کی تقطیع مطابق کھتونی رکھی ہو اور بموجب ہدایات مندرجہ کتاب پیمائش مرتب کی جائے

فی مابین فریقین۔ مدعی و مدعا علیہ کے درمیان۔

تشریح۔ فی مابین کے معنی درمیان۔ فی

کے معنی بیچ اور راکے معنی وہ اور بین کے معنی درمیان۔ فریقین کے معنی دو فریق

مراد مدعی و مدعا علیہ یا مستغیث و مستغاث علیہ سے۔

ق

قابض۔ قبضہ کرنے والا قبضہ کرنے والا وہ شخص جو کسی چیز پر قبضہ رکھتا ہو۔ یہ اسم فاعل قبض کا ہے

قابض اصلی حقیقی قابض۔ اصلی قبضہ کرنے والا

قابض حال۔ موجودہ قابض۔ وہ شخص جو بالفعل قبضہ رکھتا ہو۔

قابض حین حیاتی۔ عمر بھر کا قابض زندگی کا قابض

تشریح حین کے معنی وقت اور حیات کے معنی زندگی۔ اس بین کی نسبتی ہے۔ حیاتی فصحا نہیں بولتے یہ عوام کی بولی ہے۔

قابض شکمی۔ تابع قابض۔ درمیانی قابض۔

قابض فرضی۔ برائے نام قابض فرض کیا ہوا قابض۔ نام کا قابض۔

قابضان سابق۔ اس بین وہ شخص جس سے ذریعہ قابض نے حقوق خرید کیئے ہوں شامل ہے۔

قابل۔ لائق۔ آگے آنے والا فعل کرنے والا۔ سزاوار۔ پسندیدہ

قابل اخذ۔ مواخذے کے لائق۔ گرفت کے لائق۔ لائق مواخذہ۔

قابل اضافہ لگان۔ معاملہ کے بڑھانے کے لائق

قابل انتقال۔ جو منتقل ہو سکے منتقل ہونے کے لائق (دیکھو انتقال)

قابل بیع و شرا۔ خرید و فروخت کے لائق۔

تشریح بیع کے معنی خریدنا اور بیچنا مگر زیادہ استعمال بیچنے کے معنی بین ہوتا ہے اور شرا کے معنی خریدنا ہے۔ یہ دونو عربی مصدر ہیں۔

قابل تردد و زراعت۔ کھیتی باڑی کرنے کے لائق۔ بونے جوتنے کے لائق۔

قابل تردید۔ رد کرنے کے لائق۔

قابل توریث۔ ورثہ پانے کے لائق۔

قابل سماعت۔ سننے کے لائق منظوری

کے لائق۔

قابل مواخذہ۔ گرفت کے لائق۔ اخذ کرنے کے لائق۔ وہ شخص جس کا جرم تحقیقات وتجویز کے لائق ہو۔

قابلیت جسمانی۔ بدنی لیاقت جسمانی استعداد

قابلیت رکھنا۔ لیاقت اور استعداد یا حیثیت رکھنا۔

قاتل۔ قتل کرنے والا۔

قارق۔ فرق کرنے والا۔

قاسم۔ بانٹنے والا تقسیم کرنے والا وہ افسر جو جائداد مشترکہ کی تقسیم قانونی کرے

قاصد۔ ارادہ کرنے والا۔ قصد کرنے والا۔ چٹھی لے جانے والا۔ پیغام لے جانے والا۔

قاصر۔ کوتاہی کرنے والا۔ قصور کرنے والا جرم کرنے والا۔

قاضی۔ جج۔ جھگڑا چکانے والا حکم کرنے والا۔ قانونی افسر اہل اسلام۔ شرع کا حکم دینے والا مفتی۔

قاعدہ۔ یہ لفظ اس حکم کی تمیز مشورے سے بھی کرتا ہے جس کے ماننے یا نہ ماننے کا ہم کو اختیار ہوتا ہے۔ اس سے عہد اور معاہدے سے تمیز ہو جاتی ہے۔ ضابطہ۔ قانون دستور۔ بنیاد۔

قاعدہ بٹوارہ تقسیم کا ضابطہ۔

قاعدہ کلی۔ عام قاعدہ۔ وہ قاعدہ جو اپنے کل افراد کو حاوی ہو۔

قاعدہ کلیہ وہ قاعدہ جو اپنے سب افراد کو شامل ہو۔

قاعدہ وراثت۔ وارث ہونے کا قاعدہ وراثت کا دستور۔ یا ضابطہ۔

قانون۔ اصل ہر چیز کی۔ مسطر کتاب۔ اندازہ ہر چیز۔ مجازاً بمعنی قاعدہ۔ دستور ضابطہ۔ آئین۔ چند دائمی تعلقات کا نام **تشریح** ایک ایسی مشکل اصطلاح کا نام ہے جس کا استعمال مختلف معنوں میں کیا جاتا ہے جن کی افراد اور مصداق کی تفصیل کے واسطے بحث طویل درکار ہے اس لیئے ہم اجمالی طور پر لفظ قانون کا تصور اس طرح کر سکتے ہیں کہ وہ ایسے قواعد کا ایک عام مجموعہ ہے جو کہ کسی جماعت انتظامی کے حکام اُس سوسائٹی کے ارکان کے لیئے جاری کرتے ہیں اور جن احکام کی عموماً متابعت کی جاتی ہے۔ قانون کے لفظ سے ہمارا مطلب فقط وہ قانون ہوتا ہے جس کو ایک حاکم کسی جماعت انتظامی کے لیئے وضع کرتا ہے اور امر اور نواہی کا مجموعہ ہے جو حاکم اعلیٰ ترین بلا وساطت یا بالوساطت غیرے تمام رعایا کے لیئے صادر کرتا ہے جس کی رو سے حکم دیتا ہے کہ فلاں امر نہ کریں یا فلاں سے اجتناب کریں

ہالنڈ کیمو تھا قانون کی تعریف مین ایک استعارہ سے دوسرے پر جاتا ہے بالکل مخالف مضامین کو یکجا کرتا ہے آخر مین وہ ہم کو یہ بتاتا ہے کہ قانون تعلقات ہین اور دائمی تعلقات ہین پس اس طرح سے تعریف شے معرف لہ سکے بھی زیادہ باریک ہے لفظ قانون اپنے معمولی معنون مین ہر ایک دل مین کسی قدر صاف خیال ڈالتا ہے لیکن لفظ تعلقات کسی خیال مین بھی نہیں ڈالتا۔ لفظ قانون اپنے اس استعارہ کے معنون مین کچھ بھی نہین پیدا کرنا (بجز اشتباہات کے) اور ماٹسکیو نے جسے تاریکی کو دور کرنا چاہیئے صرف تاریکی کو بڑھا دیا۔ ایک خاصہ غلط تعریف کا ہے کہ وہ ایک خاص طریقے مین استعمال کی جاسکتی ہے۔ رسو نامی ایک مقنن نے اپنے نزدیک سب سے جداگانہ اور ایک نہایت عمدہ تعریف قانون کی کی ہے وہ کہتا ہے کہ قانون اظہار ہے عام جمہوری رائے و خواہش کا پس اس تعریف کے موافق صرف وہی قانون قانون ہے جس کو جمہور نے بنایا ہو باقی اور جتنے قانون ہین وہ اس تعریف سے خارج سمجھے جائین گے۔ بلیک اسٹون کہتا ہے کہ قانون ایک قلعہ ہے جس مین تبدیلی بلا اس کے کہ وہ ضعیف کردیا جائے نہین ہوسکتی۔ اس کے اگر عام وسیع معنی لیئے جاتے تو اس سے قاعدہ عمل مراد ہوتا ہے یعنی وہ قاعدہ جس کے مطابق عمل کیا جائے۔ اس کا استعمال بلا تمیز ہر قسم کے عمل پر کیا جاتا ہے۔ عمل ذی روح یا غیر ذی روح ہو۔ عمل ذی عقل یا غیر ذی عقل ہو قانون وہ قاعدہ عمل ہے جس کو کوئی اعلیٰ صادر کرے اور جس کی تعمیل کرنا ادنیٰ پر فرض ہو۔ یہ معنی وسیع ہین لیکن اگر قانون کے وسیع معنی نہ لیئے جائین اور زیادہ محدود معنون مین اس کا استعمال کیا جائے تو ایسے قواعد عمل انسانی مراد ہوتی ہے یعنی وہ احکام قانون کہلاتے ہین جن کی رو سے انسان کو عقل عطا کی گئی ہے یہ حکم دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے اعمال اور افعال مین ان قوتون کا استعمال کرین۔

قانون اخلاقی۔ اصل مین رواج کو ہی کہتے ہین جو وسیع تر بنیاد پر مبنی ہے۔ افادہ یا آسودگی خلائق۔

قانون استقرائی۔ ڈی کل ری ٹری جس کی روسے ان افعال جائز کی جن کی تعمیل کرائی چاہیئے اور ان افعال ناجائز کی جن سے باز رہنا چاہیئے۔ تعریف کی جاتی ہے

قانون اشخاص۔ وہ قوانین جو کہ ان حقوق یا فرائض و وجوبات سے متعلق ہین جو اشخاص بلحاظ اشخاص دیگر کے رکھتے ہین۔

قانون اشیا - وہ قوانین جو ان حقوق و وجوبات سے متعلق ہیں جو اشخاص بلحاظ اشیا کے رکھتے ہیں۔

قانون اقوام - جس سے ربط اور اتحاد قائم رہے۔

قانون تحریری - وہ قانون جس کو حاکم واضع قانون یا اُس کا نائب وضع کرتا ہے انگلستان میں وہ ایکٹ ہیں جو بادشاہ نے بمرضی و مشورہ امرائے دینی و دنیوی و وکلائے رعایا پارلیمنٹ میں وضع کیے ہوں

قانون تشریحات - قانون تشریحات اکثر صور موجودہ سے بحث کرتا ہے اور قانون کے قواعد اور اصول کو بیان کر دیتا ہے۔ تشریح قانون نظائر اور قانون تشریحات میں یہ فرق ہے کہ قانون نظائر اور فیصلہ جات عدالتی میں صور موجودہ کی بابت بحث ہوتی ہے اور جو کچھ جج لکھتا ہے فیصلہ کرنے کے لیے ہی لکھتا ہے لیکن مشرح اکثر صور موجودہ سے بحث کرتا ہے اور وہ قانون کے قواعد اصول کو بیان کر دیتا ہے

قانون تہدیدی - جس کی رو سے یہ ظاہر کیا جاتا ہے کہ اس شخص کو جو خلاف فعل ناجائز کرے کیا سزا ملنی چاہیے۔

قانون جماعت انتظامی - وہ قاعدہ ہے جس کے مطابق جماعت انتظامی کے ارکان عمل کرتے ہیں اور جس کی رو سے امر جائز کرنے اور امر ناجائز سے باز رہنے کا حکم دیا جاتا ہے

قانون حد سماعت - سننے کی حد کا قانون قانون متعلق میعاد سماعت یا تمادی ایام

قانون دان - قانونی - قانون جاننے والا واقف قانون۔

قانون دیوانی - وہ قانون جو دیوانی کے متعلق ہو۔ دیکھو عدالت دیوانی

قانون صریح - وہ قانون جو ظاہر ہو جو قانون مجمل نہ ہو۔

قانون عام - جو قانون خاص نہ ہو - جو قانون سب کو شامل ہو۔

قانون غیر تحریری - وہ قانون جس کو حاکم واضع قانون یا اس کے نائب کے سوا کسی اور نے بنایا ہو اس کی تین قسمیں ہیں (۱) رواجات عام (۲) رواجات خاص (۳) خاص قوانین۔

قانون فطری - دیکھو قانون اخلاقی

قانون فوجداری - فوجداری کا قانون وہ قانون جو فوجداری کے متعلق ہو

قانون قطعی - واقعی اور یقینی قانون۔

قانون کامل - پورا قانون - جو قانون ناقص نہ ہو۔

قانون کھوج - کھوج

قانون گوئے ۔ رجسٹرار پرگنہ نگران محاسب ۔ پٹواریوں کے کام کو پڑتال کرنے والا

قانون مبہم ۔ مجمل قانون ۔ جو قانون مفصل اور تشریح کیا ہوا نہ ہو۔

قانون متعلق بچارہ جوئی ۔ ریمیڈیل جس میں وہ طریقہ بتایا جاتا ہے جس کی روسے کوئی شخص اپنے حقوق کو حاصل کرتا ہے اور افعال ناجائز کی تلافی حاصل کرتا ہے۔

قانون متعلقہ حفاظت ذاتی وہ قانون جو حفاظت ذاتی کے متعلق ہو۔

قانون مختص الامر ۔ وہ قانون جو کسی خاص امر کی بابت جاری ہو ۔ جو قانون خاص امر سے متعلق ہو ۔ وہ قانون جو خاص معاملات سے متعلق ہو ۔ وہ ہے جو کسی امر خاص سے متعلق رکھتا ہو ۔ جو کسی خاص مضمون کے متعلق ہو ۔ خاص سپیشل ۔

قانون مختص المقام ۔ وہ قانون جو کسی خاص ملک یا شہر وغیرہ کے لیئے جاری ہو ۔ جو برٹش انڈیا کے کسی ایک جزو سے متعلق ہو ۔ وہ قانون ہے جو برٹش انڈیا کے کسی خاص حصہ سے تعلق رکھتا ہو ۔ لوکل قانون ۔ وہ قانون جو کسی خاص مقام سے متعلق ہو

قانون مِن بعد الفعل ۔ یہ وہ قانون ہے جو جج لوگ فیصلہ ہائے عدالتی میں سے بناتے ہیں اور صورت ہائے مجردہ سے بحث نہیں کرتا

قانون کا حکم رکھنا ۔ قانون جیسے ہونا بمنزلہ قانون ہونا ۔ قانون کی تاثیر رکھنا ۔ قانون کا عمل کرنا ۔

قانون ہدایتی ۔ جس کی روسے رعایا کو حکم دیا جاتا ہے کہ افعال جائز کی تعمیل کرے اور افعال ناجائز کے ارتکاب سے باز رہے

قانوناً ۔ قانون یا ضابطہ کی روسے ۔ ازروئے قانون ۔

قانونی ۔ جو قانون سے ہو ۔ قانون دان ۔ قانون والا ۔ منسوب بہ قانون ۔ اس میں یہی نسبت کی ہے

قائم مقام ۔ نائب ۔ نائب ۔ اس میں ولی نابالغ یا کمیٹی و محافظ اشخاص فاتر العقل داخل ہیں ۔ وارث یا اور شخص جو قانوناً یا وصیتاً تعلق منفعتی جائداد متوفی میں رکھتا ہو شخص وارث یا ولی نابالغ و محافظ قانونی مجنون یا مسلوب العقل ۔ اس سے وارث یا ایسے شخص سے مراد ہے جیسے ازروئے قانون یا وصیت کے تعلق منفعتی شخص متوفی کی جائداد میں حاصل کیا ہو ۔ دفعہ ۲ ایکٹ مزارعان پنجاب ۔ دکھیو نمبر ۱۶ ۱۸۸۷ء

قائم مقامی۔ خاص عرصہ کے واسطے عوضی پر کام دینا۔ غیر مستقل طور پر کسی کے جا بجا کام کرنا۔

تشریح اس مین ی مصدری ہے۔ یعنی قائم مقام ہونا۔

قباحت۔ زشتی۔ برائی۔ زبونی۔

قبالہ۔ سند مکان کی۔ کاغذ مکان کا۔ ضمانت نامہ۔ خط شرعی۔ فروخت کی سند۔

تشریح یہ لفظ جو بکسر اول بولتے ہین غلط ہے۔

قبالہ دار۔ قبالہ رکھنے والا۔ (دیکھو قبالہ)

قبائح۔ برائیان۔

قبائل۔ جمع قبیلہ۔ آدمیون کا گروہ۔ خاندان کنبہ۔ بال بچے۔

قبر سلامی۔ ایک فیس جو زمین کے مالک کو اُس مین قبر کھودنے کی اجازت کے واسطے دی جائے۔

قبض۔ پکڑنا۔ بندش۔ گرفتگی۔ ملک۔ دخل۔

قبض الوصول۔ ایک کاغذ ہوتا ہے جس پر تنخواہ لینے والے ملازمان کے دستخط ثبت ہوتے ہین۔ ایک رسید جس پر تنخواہ یابندگان کے دستخط ثبت ہوتے ہین۔ روپیہ یا اور قیمتی اشیا کی تحریری رسید

تشریح اس کی وجہ تسمیہ یہی ہے کہ وصول ہونے کو پکڑ لیا۔ یعنی وصول پا لیا۔

قبضہ۔ دستہ تلوار یا چھری وغیرہ کا۔ گرفت کی جگہ۔ قابو۔ ملک۔ اس سے اصل مین کسی شئے کو بلا شرکت غیرے اپنی مرضی کے موافق برتنے کی قابلیت جسمانی کا تصور ظاہر ہوتا ہے۔ جسمانی گرفت کسی شئے پر جسمانی قابو رکھنا۔ اس عزم مصمم کے اس اختیار جسمانی کو اپنی جانب سے عمل مین لانا۔ دخل۔

قبضہ استخراجی۔ قبضہ ماخوذہ۔ (دیکھو قبضہ ماخوذہ)

قبضہ بالنیابت۔ نائب ہونے سے قبضہ۔ وہ قبضہ جو قائم مقام ہونے سے ہوتا ہے۔

تشریح اس کی شرطین یہ ہین (۱) نائب سے مسئولہ پر اختیار جسمانی رکھتا ہو (۲) نائب نے عزم مصمم کر لیا ہو کہ اس اختیار کو اصل مالک کی جانب سے عمل مین لائے (۳) اصل مالک کے ساختہ پرداختہ کا اظہار کرے۔

قبضہ بلا مزاحمت۔ بغیر روک ٹوک کے قبضہ۔

قبضہ دلانا۔ قبضہ دے دینا۔ دخل دلوا دینا۔

قبضہ پانا۔ قبضہ حاصل کرنا۔ قبضہ لینا۔

قبضۂ تاویلی - بناوٹی قبضہ۔ وہ قبضہ جو اصلی نہو۔

قبضۂ تلوار - اس مین تعریف اسلحہ موجود ہے کیونکہ حصہ ہتھیار بھی ہتھیار ہے

قبضۂ جداگانہ - علیحدہ قبضہ۔ الگ دخل

قبضۂ حین حیاتی - عمر بھر کا قبضہ۔

تشریح حین بمعنی وقت حیات بمعنی زندگی اس مین ی نسبت کی ہے حیاتی عوام کی بولی ہے۔ فصحا حیات بولتے ہین۔

قبضۂ رعایتی - جو قبضہ رعایت سے دیا گیا ہو۔

قبضۂ صریح - الفاظ قبضہ صریح سے بلاشک مراد ظاہری اور واقعی قبضہ سے ہے بمقابلہ صرف اصطلاحی یا قانونی قبضہ کے یہ الفاظ حسب منشاے فیصلۂ ہائی کورٹ الہ آباد مندرجۂ انڈین لارپورٹ الہ آباد جلد دل صفحہ ۳۱۱ کے ایکٹ میعاد مین درج ہوئے ہین۔ پنجاب ریکارڈ ۱۸۷۶ء بھی مطابق فیصلہ الہ آباد کے ہے۔ نیز دیکھو نمبر ۱۰۲ ۱۸۷۹ء۔

قبضۂ علی الاتصال - متواتر اور پے درپے قبضہ۔ سلسلہ وار قبضہ

قبضۂ غیر متنازعہ - وہ قبضہ جس پر کوئی جھگڑا نہو۔

قبضۂ ناخراجی - وہ قبضہ جس پر محصول اور خراج نہ ہو۔ جس کا خراج اور محصول معاف ہو۔

قبضۂ ماخوذہ - وہ قبضہ ہوتا ہے جو ایک شخص دوسرے کی ملکیت پر کرتا ہے یہ قبضہ حقیقی اور قانونی ہوتا ہے

قبضۂ مخالفانہ - جو قبضہ کسی کے خلاف ہو۔ یہ اُس حالت کو ظاہر کرتا ہے کہ ایک فریق کسی شئے پر دوسرے فریق کے مخالف قابض ہو۔

قبضۂ متاجرانہ - اجارے پر قبضہ ٹھیکہ دارون کی طرح قبضہ

قبضۂ موروثی - جدی قبضہ

قبضۂ میعادی - وہ قبضہ جو محدود زمانہ کے واسطے ہو

قبضۂ نفس الامری - ٹھیک اور اصلی قبضہ۔ وہ قبضہ جو حقیقت مین ہو

قبل پہلے۔ پیش۔

قبل ازین - اس سے پہلے۔

قبول - ماننا۔ قبول کرنا۔

تشریح مصدر کا یہ وزن شاذ ہے اور اکثر استعمال فارسی مین مقبول کے معنون مین آتا ہے

قبول قطعی - ایسا قبول جس مین کوئی شرط نہو۔ یقینی قبول۔

قبول کرنا - مان لینا - منظور کرنا - اجازت دینا - تسلیم کرنا - اقرار کرنا -

قبولیت - پٹہ خراج کے مقابل کی تحریر -

تشریح یہ لفظ غلط مشہور ہے اس لیے کہ قبول خود مصدر ہے پھر یا ت علامت مصدری کے لگانے کی کیا ضرورت ہے یہ فارسی والوں کا ایک طرح کا تصرف ہے

قبیح - بد - زبون - برا - قباحت والا -

قبیل - جماعت - قسم -

قتال - آپس میں جنگ کرنا - ہتھیاروں سے لڑائی کرنا - لڑائی - جنگ -

قتل - تلوار و خنجر و ہتھیار سے مار ڈالنا -

قتل انسان مستلزم سزا - انسان کا قتل کرنا جس پر سزا لازم ہو - جو قتل عمد کی حد تک نہ پہونچا ہو کسی فعل کے ارتکاب سے ہلاکت کا باعث ہونا اس نیت سے کہ ہلاکت وقوع میں آئے یا اس نیت سے کہ ایسا ضرر جسمانی وقوع میں آئے جس سے ہلاکت ہوجانے کا احتمال ہو - یا اس علم سے کہ غالباً اس فعل کے کرنے سے وہ ہلاکت کا باعث ہوگا -

قتل عمد - بالارادہ قتل - جان بوجھ کر مار ڈالنا - عمداً مار ڈالنا - مستثنیات مشہورہ کے سوا نیچے کی صورتین قتل عمد کی ہین (۱) اگر وہ فعل جس کے باعث ہلاکت واقع ہوئی ہو اس نیت سے کیا گیا ہو کہ ہلاکت کا باعث ہو - یا (۲) اگر فعل ایسے ضرر جسمانی کے پہونچانے کی نیت سے کیا گیا ہو جس سے مجرم کے علم مین متضرر کے ہلاک ہونے کا احتمال ہے - یا (۳) اگر فعل کسی شخص کو ضرر جسمانی پہونچانے کی نیت سے کیا گیا اور وہ ضرر جسمانی جس کا پہونچانا مقصود تھا طبیعت کی عادت معہودہ کے موافق یعنی عادۃً ہلاک کرنے کو کافی ہو - (۴) اگر وہ شخص جو اس فعل کا مرتکب ہے یہ جانتا ہو کہ وہ فعل ایسا شدت سے خطرناک ہے کہ اغلباً ہلاکت یا ایسے ضرر جسمانی کا باعث ہوگا جس سے ہلاکت ہونے کا احتمال ہے اور اس فعل کے ارتکاب مین ہلاکت کا خطرہ یا ضرر مذکور الصدر کا خطرہ پیدا کرنا محض بلا وجہ ہے - مجموعہ تعزیرات ہند مین اس کی تعریف مین اگرچہ اعلی درجے کی ذکاوت ظاہر کی گئی ہے لیکن تاہم اس مین کامیابی نہین ہوئی یعنی لفظ تعریف مین کما ینبغی اور وجہی طور سے تحقیقات نہین کی گئی - البتہ قتل عمد کی جامع اور مانع تعریف یہ ہے کہ (۱) جو کوئی شخص کسی فعل کے ارتکاب سے ہلاکت کا باعث ہو اس نیت سے کہ ہلاکت وقوع مین آئے (۲) جو کوئی شخص کسی فعل کے ارتکاب سے ہلاکت کا باعث ہوتا ہے اس ضرر جسمانی

کے پہونچانے کی نیت سے جس سے احتمال
ہو کہ ہلاکت وقوع میں آئے (۲) جو کوئی
شخص کوئی ایسے فعل کے ارتکاب کا باعث
ہو جس کو وہ اس امر سے بخوبی خوفناک جانتا
ہو کہ امور سے ہلاکت کے وقوع میں آنے
کا غلبہ ہے یا ایسا ضرر بدنی پہونچا۔ کہ جس
سے ہلاکت کے واقع ہونے کا احتمال ہو اور
اس فعل کے ارتکاب میں ہلاکت کا خطرہ یا ضرر
مذکورۃ الصدر کے ذریعہ پیدا کرنا عذر بلاوجہ ہو
تو وہ شخص قتل عمد کا ارتکاب کرتا ہے

تشریح قتل عمد اور قتل انسان مستلزم
السزا میں فرق - ہرگاہ کہ علم ہو کہ موت اغلب
نتیجہ ہے جرم قتل انسان مستلزم سزا ہے اور
ہرگاہ علم ہو کہ موت بہت اغلب نتیجہ ہے تو
قتل عمد ہے۔ قتل عمد اور قتل انسان مستلزم
سزا میں صرف اس امر کے اغلب ہونے کی
کہ موت وقوع میں آئے گی مختلف درجوں
کا فرق ہوتا ہے۔ واسطے ثبوت قتل عمد کے
موجودگی آلہ ہلاکت وگواہان ثبوت کافی
وہ وجہ ہلاکت ظاہر اور لاش مقتول پائی جائے

قحبہ - فاحشہ عورت بدکار عورت
تشریح یہ مشتق ہے قحاب بمعنی کھانسی
سے۔ چونکہ عرب کی بدکار عورتیں مردوں
کو کھنکار کر بلاتی ہیں اس لیے یہ نام رکھا
گیا۔

قحط - خشک سالی کال مہنگا ہونا غلہ کا بباعث
بارش نہ ہونے کے۔

قحط سالی - خشک سالی

قد - بالا - قامت - بدن کی لمبائی

تشریح - الفاظ عمداً و تشدید دونوں سے مستعمل
ہوتا ہے اور ... بھی آیا ہے۔

قدامت - قدیم ہونا - کہنہ ہونا - پرانا پن
ہمیشگی - پرانا پن

قدر - عزت - بزرگی - بزرگ رکھنا - اندازہ
کسی چیز کا - اندازہ کرنا - قیمت - دولت
مندی - طاقت

قدردان - قدر جاننے والا۔

قدرتی - غیر مصنوعی - جو بناوٹی نہ ہو - اصلی
فطرتی - خلقی - حقیقی -

قدیم - کہنہ - دیرینہ - پرانا - ہمیشہ - جو ہمیشہ
سے ہو۔

قدیم الایام سے - مدت سے - پرانے
زمانے سے

قدیمی - ایک گانوں کا پرانا باشندہ -
جدی وارث۔

تشریح یہ لفظ غلط ہے بہ صرف قدیم
کے معنی بھی یہی ہیں پھر ی کی بڑھانے
کی کوئی ضرورت نہیں۔

قدیمی رعیت - پرانا کاشتکار - جسکا
وراثت سے اراضی پر قابض۔

قرابت - رشتہ داری - نزدیکی - خوشی
قریب ہونا - اس تناسب اور تعلق کا نام
ہے جو باہم ان اشخاص کے ہو جو ایک
ہی اصل یا مورث متحد کی اولاد سے ہون
رشتہ - (دیکھو رشتہ)

قرابت طرفی - اس سے ایسے دو اشخاص
کی قرابت باہم مراد ہے جو ایک ہی اصل یا
مورث کی اولاد سے ہون مگر ایک دوسرے
کے ساتھ رشتہ مستقیمہ نہ رکھتا ہو - ہم
جدی رشتہ -

قرابت مستقیمہ - پختہ خویشی - پشت بہ
پشت رشتہ داری - اس سے ایسے
دو اشخاص کی قرابت باہم مراد ہے جن
مین سے ایک دوسرے کے ساتھ علواً
یا سفلاً واسطہ راست رکھتا ہو - شلاً مابین
کسی شخص اور اس کے باپ یا دادا یا نانا
یا پردادا - یا پرنانا یا اور مورث کے جو سلسلہ
مستقیمہ متصاعدہ مین ہون یا مابین کسی
شخص یا اس کے بیٹے یا پوتے یا نواسے
یا پڑپوتے یا پڑنواسے یا اور اولاد کے جو
سلسلہ مستقیمہ متفرقہ مین ہون -

قرابت نسبتی - نسبتی قرابت - یک جدی
خویشاوندی - اپنایت

قرابت دار قریب تر - حاوی معنی
اس شخص کا ہے جس کی زوجہ نے وفات پائی
ہو یا بیوہ شخص متوفی کا یا ہر ایسے شخص
کا ہے جو قانوناً اور بموجب ضابطہ عدالت
مستحق پانے لیٹرز آف ایڈمنسٹریشن کا
بترجیح قرضخواہ یا موصی لہ متوفی کے ہو
زیادہ قریبی رشتہ دار

قریبی قرابت - اس مین رشتہ دار
جو پانچ پشت سے زیادہ کا ہو شامل نہین
ہے - نمبر ۱۲ پنجاب ریکارڈ ۱۸۹۰ء

قرارداد - عہد نامہ - دستاویز - ٹھہرایا ہوا

قراض - ایسی شراکت جس مین ایک شخص
دوسرے کو سرمایہ دیتا ہے اور دوسرا
اپنی محنت اور ہنرمندی کے نتیجہ کو معین
حصون مین تقسیم کرتا ہے

قراض کچہری - جو بقایا یا مال گذاری
وصول کرنے پر مقرر ہو

قراضہ - سونے یا چاندی کا ریزہ - اصلی
معنی اس کے یہ ہین کہ ریزہ ہر چیز جو
قینچی سے کٹ کر زمین پر گر پڑے - مگر
بمعنی ریزہ زر مستعمل ہے -

قرائن - آثار - علامات - نشانات - حالات -
تشریح - جمع قرینہ کی ہے اس کی دو قسمین
ہین (۱) حالیہ جو صرف حال سے معلوم ہو
جائے جیسے ایک مسافر جو رستہ منزل طے
کر کے آوے اور اس کے پانون پر گرد پڑی
ہوا اور جوتے ہاتھ مین لیئے ہون تو فوراً

معلوم ہوجائے گا کہ یہ ابھی سفر سے آیا ہے
یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ میں مسافر ہوں
یا رستہ طے کرکے آیا ہوں (۲) دوسرے
مقالہ جو صرف کہنے سے معلوم ہو جیسے ایک
شخص جو جالندھر میں ہے کہے کہ رات
میں سخت بارش سے لاہور میں بھیگ گیا
گو اس نے صریحاً یہ نہیں کہا کہ رات کو میں
لاہور میں تھا مگر قرینے سے یہ معلوم ہوتا ہے
کہ رات کو وہ لاہور میں تھا اور آج صبح
کو وہاں سے آیا ہے (دیکھو قرینہ)

قرائن مقدمہ - مقدمے کے آثار - مقدمہ
کی ملاقات -

قرب و جوار - گرد و نواح - ارد گرد - آس پاس

قربانی - اونٹ اور گائے بکری وغیرہ جو
بقرعید کے روز ذبح کریں -

قربت - نزدیکی - پاس ہونا - قریب ہونا

قرض - جو روپیہ سود پر لیا یا دیا جائے -
دین - اُدھار -

تشریح - قرض و دین میں یہ فرق ہے
کہ دین وہ قرض ہے جس کی ادائگی کی
مدت مقرر ہو یا نہو اور قرض وہ ہے جس
کے ادا کی مدت مقرر نہو - بس فرق نزدیک
بعض دین اور قرض میں یہ ہے کہ دین
کی مدت مقرر ہوتی ہے اور قرض کی مدت
مقرر نہیں ہوتی - یہ فرق قابل نظر ہے -

لفظ قرضہ مستعملہ دفعہ ۴ (۱) کی تعریف میں ہم
قرضہ سوائے لگان یا مال گزاری یا سنائع
کے شامل ہے جو اراضی مستاجرہ بابت اغراض
زراعت کی نسبت قابل ادا ہو - قرض اور
قرضہ دونوں طرح سے لکھا جاتا ہے -

قرض بدوضعی - اس کے ٹھیک معنوں
کی تعریف کرنے میں بڑی دقت ہے - ایک
مشہور معنوں کا مصداق یہ کہا جاسکتا ہے
کہ ایک فضول خرچ بے وقوف شخص بد
وضعی سے کاربند ہوتا ہے جب کہ شخص
مذکور جائداد جدی کو قماربازی یا عیاشی وغیرہ
میں ضایع کرے یا انتظام جائداد میں توجہ
مناسب نہ کرے - بدوضع ہونے کا قرض

قرض خواہ - قرض دے کر لینے والا - لفظی
ترجمہ قرض چاہنے والا - یہ اسم فاعل ترکیبی
ہے جو قرض اسم اور خواہ امر حاضر سے
مرکب ہے

قرضدار - قرض لینے والا - مقروض -
دین دار -

قرض داری - مقروض ہونا -

قرضہ - (دیکھو قرض)

قرضہ اقبالی - وہ قرضہ جس کی بابت
عدالت میں اقبال ہو -

قرضہ المستکی - وہ قرضہ جو تمسک کی رو
سے ہو -

قرضۂ حسابی - جو قرضہ حساب پر ہو - وہ قرضہ جو حساب سے منسوب ہو۔

قرضۂ موروثی - جدی قرض - آبائی قرض آبا و اجداد کا قرض۔

قرضۂ منقضی المیعاد - جس قرضہ کی میعاد گذر چکی ہو۔

قرضۂ یافتنی - قابل ادائے قرضہ - پانے کے لائق قرضہ - اس مین یہ لیاقت کی ہے جیسے سوختنی وزدنی مین۔

قرعہ ڈالنا - پانسہ پھینکنا - جیسے اہل جوری کے انتخاب کے وقت قرعہ پھینکتے ہین

قرق - نگہبانی - ممانعت - روک - منع کرنا - روکنا۔

قرق وخام تحصیل - قرق وخام تحصیل مین یہ فرق ہے کہ قرق مین سرکاری عہدہ دار جو محل مقروقہ کا مہتمم ہے مالکون کا قائم مقام ہو جاتا ہے - خام تحصیل کا حال اُس کے خلاف ہے کیونکہ اس مین جو حقوق اور لوازمات محال کے مالکان پر واجب تھے فی الحال سب موقوف ہو جاتے ہین - خام تحصیل کے ایام مین سرکار مہتمم وشاہی ذی اختیار ہے - یا یون کہو کہ خام تحصیل وہ ہے جو کلکٹر عارضی طور پر کسی جائداد کے نقص پر قرقی کا عمل کرے اس مین جو حقوق لوازم محال کے مالکون پر واجب تھے سب موقوف ہو جاتے ہین اور قرق تحصیل مین حقوق رعایا کے متعلق نہین ہوتے اور رعایا سے بموجب قسط یا رواج کے تحصیل کی جاتی ہے۔

قرق تحصیل - وہ قرقی جو واسطے وصول مال گذاری کے ہو۔

قرقی - قرق کرنا۔

تشریح - قرقی خلاف ضابطہ اور قرقی ناجائز مین یہ فرق ہے کہ اول کی یہ صورتین ہین (۱) جمع واصل باقی و فہرست مال مقروقہ باقیدار کو نہ دینا (۲) قرقی قبل طلوع آفتاب یا بعد غروب (۳) تلاشی مکان زنانہ بنظر برآمد مال بلا مقابلہ عملہ پولیس - (۴) قرقی آلات کشتکاری و اوزار کاریگران وغلہ وتخم (۵) قرقی مال بلا لحاظ مقدار (۶) نیلام مال باوجود مستعد ہونے اسامی کے ادائگی بقایا پر دوم کی یہ صورتین ہین (۱) باقی واجب الادا نہو (۲) کاغذ بٹوارہ دفتر کلکٹری مین داخل نہوا ہو۔

قرقی جائداد - جائداد کی قرقی (۱) کسی شخص کے بعض یا کل حقوق کو نفی کر دینا (۲) کسی شخص کو ایسے بعض یا کل حقوق سے محروم کر دینا جو کہ بلحاظ نوعیت کے قابل انتقال ہین اور ان کو کسی اور کی جانب

منتقل کر دینا۔
قرقی قبل فیصلہ - وہ قرقی جو فیصلے سے پیش تر ہو۔
تشریح - قرقی محض اس غرض سے اور اس وقت ہوتی ہے جب مدعی کو شک ہو کر مبادا قرض ادا کرنے کی مقدار کی قیمتی اشیا جو مدعا علیہ کے پاس موجود ہیں وہ کہیں علیحدہ کر دے گا اور حاکم مجاز کو بھی مدعی کا عذر زنی معلوم ہو تو احتیاطاً قبل فیصلہ کے اس کے اسباب وغیرہ کو قرق کر کے محفوظ رکھا جاتا ہے۔
قرقی دار - جو قرقی کرنے والا ہو۔
قریب الوقوع - ظہور میں آنے کے نزدیک وقوع میں آنے کے قریب۔ واقع ہونے کو
قرین - قریب - مصاحب - ہم نشین - یار دوست ہم صحبت - پاس والا ملا ہوا شل نظیر۔
قرین صلاح - قریب مصلحت۔
قرین صواب - بہتر نیکی کے نزدیک
قرین قیاس - قیاس چاہتا ہے - قیاس کے نزدیک ہے - جو امر قریب القیاس ہو
قرین مصلحت - مصلحت کے نزدیک
قرینہ - مناسبت ظاہر یا بین دو چیز پیوستہ ہونا ایک چیز کا دوسری سے - مناسبت باطنی درمیان دو امر کے - علامت - اثر نشان - خیال - اندازہ - دلالت - اس کی

تشریح دیکھو زیر لفظ قرینہ)
قسط - داد - عدل انصاف - حصہ نصیب کسی چیز کا ٹکڑا - اندازہ - ترازو - خراج یا لگان یا زر صفہ کا ایک مقررہ حصہ۔
قسط بندی - یہ ایک نقشہ ہے جس میں برائے سال گذشتہ کی جمع سے کمی و بیشی کا فرق معلوم ہوتا ہے - قرضہ یا خراج کے طلب کرنے کی تحریر جو ادائے قرضہ یا خراج کے لیے وقتاً فوقتاً مقرر ہو - روپیہ کی کسی رقم کو مقررہ حصے کر کے ادا کرنا۔
قسط خلافی - ادائے قسط میں بے وفائی۔ قسط کی ادا میں وعدہ خلافی۔
قسمت - حصہ نصیب تقسیم کرنا - ملک کا وہ حصہ جو کئی ضلعوں سے مرکب ہو۔
قسیم - حصہ کرنے والا تقسیم کرنے والا۔
قصاص - خون کو قتل کرنا بعوض مقتول کے - عوض لینا زخم کا زخم سے - بدلہ لینا خون کے عوض میں خون - خون کا بدلہ۔
قصداً - ارادۃً۔
قصص - جمع قصہ کی - کہانیاں۔
قصور - کوتاہی - عاجز ہونا - قاصر رہنا جرم - تقصیر۔
قصوروار - مجرم۔
قصہ - جھگڑا - مقدمہ۔
قطامہ - عورت فاحشہ - زانیہ - پرشہوت عورت

تشریح یہ قطم سے ماخوذ ہے جس کے معنی تیزی شہوت کے ہین

قطع - کاٹنا -

قطع نظر - چھوڑکر - ترک کرکے - علیحدہ کرکے

قطعاً - ہرگز - یقیناً -

قطعات پارسل سیل - اس مین معمولی اور بیمہ شدہ پارسل ہر قسم کے قیمت طلب قطعات اور وزنی رجسٹری شدہ پیکٹ شامل ہین

قطعات رجسٹری - اس مین پوسٹل سروس اور ٹیلی گراف سروس رجسٹریان بھی شامل ہین -

قطعات ری ڈائرکٹڈ - جو قطعات ایک ڈاک خانہ مین پہونچ کر بباعث تبدیلی مکتوب الیہ کسی اور ڈاک خانہ کو موصول ہون -

قطعات کشادہ - کھلے قطعے - وہ قطعات جو دونون طرف سے کھلے ہون اور بذریعہ پیکٹ وچٹ وغیرہ کے روانہ کیے گئے ہون

قطعات میس سنٹ - یعنی وہ قطعات جو کسی دوسری جگہ سے لیے ہون اور غلطی سے بھیج دیے گیے ہون ایسے قطعات وخواہ کسی خاص کے ہون خواہ مارٹنگ کے لیے ہون اُن کی پشت کی طرف تاریخ کی مُہر لگائی جاے گی

قطعہ بٹ - جب کھیتون کا اختلاط ہوسکتا ہو تو قطعہ بٹ کہلائے گا - (دیکھو کھیت بٹ)

تشریح کھیت بٹ و قطعہ بٹ مین یہ فرق ہے کہ اول مین زمین بحالی کی تشتر رہتی ہے اور دوسرے مین مخلوط -

قطعی - یقینی پختہ - مستقل حکمی - اخیری فیصل شدہ -

قفل - تالا -

قفل خرد - اس سے مراد اُس قفل کی ہے جو دو انچہ بڑا ہوا اور قیمت تخمیناً نو روپیہ آٹھ آنہ ہو -

قفل کلان - اس سے مراد اُس قفل کی ہے جو تین انچہ بڑا ہوا اور قیمت تخمیناً بارہ روپیہ ہو -

قفل معمولی - اس سے مراد اُس قفل کی ہے جس کی قیمت تخمیناً دو روپیہ ہو -

قلاش - مفلس - بے نام ونشان - لچا - بد معاش

قلاع - جمع قلعہ کی

قلب - اُلٹا ہوا - اوندھا - دل - ہر چیز کا بیچو بیچ - درمیان شے - کھوٹی چاندی کھوٹا سونا - ایک فوج درمیان لشکر جس مین بادشاہ یا سردار رہتا ہے -

تشریح کہتے ہین کہ دل کا قلب اس لیے

نام ہوا کہ دل سینہ میں کو لٹکا ہوا ہے

قلب ساز - سکہ بنانے والا - جھوٹا سکہ بنانے والا - کھٹیارہ -

قلبہ - زمین جوتنے کا ہل -

قلبہ ران - ہل جوتنے والا -

قلبہ رانی - زمین جوتنا - ہل جوتنا زمین کی کاشت کرنا -

قلت - کمی - کم ہونا -

قلتبان - دیوث - جس کی جورو بدکار ہو اور وہ اس امر پر راضی ہو -

قلعہ - ایک نہایت مستحکم اور محفوظ مکان جس میں بادشاہ وغیرہ رہیں

تشریح بعض نے قلعہ کی وجہ تسمیہ یہ لکھی ہے کہ قلع کے معنی ہیں اکھاڑنا - چونکہ قلعہ کی نیو نیچے سے تخمیناً اسی قدر زمین اکھاڑ کر رکھی جاتی ہے جس قدر اوپر دیوار ہوتی ہے اس لیئے اس کو قلعہ کہتے ہیں -

قلم بند ہونا - لکھا جانا -

قلمرو - ریاست - سلطنت - مملکت - اس سے کل برٹش انڈیا یعنی وہ تمام مملکت ہند مراد ہے جس میں گورنمنٹ کے احکام جاری ہیں

قلم زن یا قلم زد کرنا - کاٹ دینا - خارج کر دینا - منسوخ کرنا -

قلمی - لکھی ہوئی چیز -

قمار - ہر بازی جس میں شرط لگائی جاوے وہ بازی جس میں نقد کے لین دین کی شرط ہو - جوا -

قمار باز - جواری - جوا ریا - جوا کھیلنے والا

قمار بازی کا مکان عام - ہر مکان یا احاطہ محدود بدیوار یا کمرہ یا جگہ مراد ہے جس میں تاش یا پانسہ یا تختہ یا اور آلات قمار بازی واسطے منفعت یا فائدہ شخص مالک و جیل یا استعمال کرنے والے یا رکھنے والے مکان یا احاطہ یا کمرا یا جگہ کے رکھے ہوں یا مستعمل ہوں - عام اس سے کہ وہ منفعت یا فائدہ بطور معاوضہ استعمال آلات قمار بازی یا مکان یا احاطہ یا کمرہ یا جگہ کے ہو یا کسی اور نہج پر -

قمار بازی مجمع عام - تمام گروہ میں جوا کھیلنا -

قواعد - جمع قاعدہ - تعلیم فوج - تعلیم سپاہی پولیس وغیرہ

قواعد تمادی ایام - میعاد کے قاعدے

قواعد عامہ وراثت - وراثت کے معمولی قاعدے -

قوانین - جمع قانون

قور خانہ - وہ مکان جس میں ہتھیار رہیں میگزین

قول - ردسیون کی فوج - انبوہ سپاہ -

قول - اقرار - بات - وعدہ - گفتار - گفت و گو - کہنا بات کا -

قول صالح - سنجیدہ اقرار - پختہ اقرار

قول نامہ - اقرار نامہ - وہ کاغذ جس میں قول و اقرار لکھا جاوے -

قوم و خاندان - مثالیں ان سے مراد وہ الفاظ سے مراد ہوتی ہے - گو غیر ... عندالبعض کچھ باریک سا فرق بھی ان میں ہے

قہر - زبردستی کرنا - زور کرنا - غصہ - غضب - سخت غصہ -

تشریح معمولاً لفظ غصہ انسان سے اور قہر خدا سے متصور ہوتا ہے

قیاس - اندازہ - اندازہ کرنا دو چیز کے درمیان - برابر کرنا ذکر سے ایک دوسرے کے ساتھ کسی بات مین - منطق کی اصطلاح مین ایک قول ہے - مرکب دو جملون سے جس سے نتیجہ نکلے اس کو اصطلاح منطق مین شکل بھی کہتے ہین - خیال -

قیاس مع الفارق - قیاس کرنا ایک چیز کا دوسری چیز پر بغیر اس کے کہ ان دونون چیزون مین کچھ مناسبت اور مشارکت ہو -

قیاسی - وہ چیز جو موافق قیاس اور قاعدے کے ہو - منسوب بجانب قیاس

اس سے مراد ... ہے -

قیام - کھڑا ہونا - استادہ ہونا - ٹھہرنا - قائم ہونا -

قید - بند - بیڑی - کتاب کا شیرازہ شکنجہ جس مین کتاب دبا دیتے ہین - جیل مین بند رکھنا - یہ کوئی قسم ہے جس کے واسطے ... بیان ... قید کسی ... لفظ ... شامل نہین ہے مذکور قسم مذکور مین سے کسی قسم کی قید سمجھنی چاہئیے -

تشریح زیادہ تشریح کے واسطے دیکھو فیصلہ نمبر ۲ پنجاب ریکارڈ انگریزی و مقدمہ نمبر ۱۴۱ ۲ سنہ ۱۸۹۰ء مندرجہ انوار الشمس

قید لبعوض قرضہ - وہ قید جو قرضہ کے عوض مین ہو -

قید تنہائی - اکیلے پن کی قید -

قید سخت - وہ قید جس مین مشقت اینٹ ... پسائی وغیرہ کا کام لیا جاتا ہے -

قید محض - صرف قید سادہ قید وہ قید جس کے ساتھ مشقت نہو -

قیدی دیوانی - اس سے مراد ہر قیدی ہے جو کسی جیل دیوانی مین یا کسی جیل مین بحیثیت جیل دیوانی ہونے کے مقید ہو

قیدی فوجداری - اس سے مراد ہر قیدی ہے جو ملزم کسی جرم فوجداری کا

ہوا ہو یا اس پر کوئی جرم فوجداری ثابت ہوا ہو وہ قیدی جو جیل فوجداری مین مقید ہو۔

قیدی مفرور۔ فراری قیدی۔ وہ قیدی جو قید سے بھاگ گیا ہو۔

قیصر۔ لقب بادشاہ روم کا جو کوئی ہو۔

تشریح ۱ واضح ہو کہ زبان رومی مین قیصر اس بچے کو کہتے ہین جس کی ماں اُس بچے کے جننے کے دنون مین مرجائے اور پھر اُس عورت کا پیٹ چاک کرکے وہ بچہ نکال لیا جائے چونکہ پہلا بادشاہ روم کا اغسطیوس نام اسی طرح پیدا ہوا تھا اس لیئے خطاب اُس کا قیصر ہوا۔ اُس روز سے اب ہر بادشاہ روم کا لقب ہو گیا۔

تشریح ۲ اب اس لقب کی تخصیص شاہان روم ہی سے نہین رہی۔ قیصر ہند بھی کہا جاتا ہے

قیل وقال گفت وگو اچھی ہو خواہ بُری بحث

قیمت۔ مول۔

قیمت تخمینی۔ تخمینہ اور اندازہ لگائی ہوئی قیمت

قیمت رسدی یعنی قیمت حصے کے موافق قیمت۔

قیمت مال المبیعہ۔ فروخت شدہ مال کی قیمت

تشریح صیغہ اسم مفعول کا صیغہ ہے اس کا مصدر بیع ہے۔

قیمتی۔ جو شے قیمت والی ہو۔

ک

کابین۔ وہ روپیہ جو شوہر وقت نکاح کے زوجہ کو دینا منظور کرتا ہے۔ عربی مین مہر کہتے ہین۔

کابین نامہ۔ مہر کی تحریر۔

کاتب۔ لکھنے والا۔ محرر۔ منشی۔ خوش نویس چھاپہ ہونے والی سیاہی سے لکھنے والا۔

کاتب دستاویز۔ سند کا لکھنے والا۔ وثیقہ کا لکھنے والا۔

کاٹھ۔ لکڑی کی قید۔

تشریح پہلے سکھون کے وقت مین پنجاب مین اس کا بہت رواج تھا۔ گورنمنٹ انگلشیہ مین کہین نہین۔ البتہ بعض ریاستون مین اب بھی ہے۔

کار آزمودہ۔ تجربہ کار۔

کارآمد - ضروری - کام آنے کے لائق -
کاروبار شراکتی - ساجھے کا کام کاج -
کاربار ی - کام کاج کا آدمی مہتمم یا افسر محکمہ -
کاربند - کام کرنے والا - اطاعت کرنے والا -
کاربند ہونا - عمل کرنا تعمیل کرنا -
کارپرداز - مہتمم - سربراہ - اس مین اشخاص مفصلۂ ذیل یعنی امنائے دیگر اشخاص حقدار منفعت و عورات منکوحہ جس حالت مین کہ مقدمے سے قانون انگریزی متعلق ہو سکتا ہو اور ولی نابالغان و کمیٹی مہتمم اشخاص مجانین یا فاتر العقل مراد ہے -
تشریح یہ تعریف ایکٹ حصول اراضی و سرکلر صاحب فینانشل کمشنر مین ہے
کارپرداز خاص پولیس - اگر معلوم ہو کہ کوئی جماعت کسی خاص جگہ پر دنگہ یا فساد کرنے والی ہے تو اہل کار پولیس جو انسپکٹر سے کم رتبہ نرکھتا ہو اُس مجسٹریٹ سے جو قریب تر ہو اپنی استدعا سے من جملہ سکنائے قرب وجوار کے جس قدر اشخاص اس اہل کار کو مطلوب ہون اُن کو بطور خاص کارپردازان پولیس کے مقرر کر کے اس حدود کے اندر اس میعاد تک مقرر رکھے جو ضروری معلوم ہو - ایسے اہل کار پولس کو کارپرداز خاص پولیس کہتے ہین -

کارپردازی - کام کا اہتمام
کارپوریشن - جماعت سند یافتہ یا کمپنی اشخاص قانونی شخص قانونی یا مجازی (دیکھو شخص قانونی)
کارتوس - ویبسٹر ڈکشنری مین اس کی یہ تشریح لکھی ہے - کاغذی مقدون قلاین اور دیگر اونی پارچات وغیرہ کے خول جو آتشی اسلحہ کے بھرنے والے سامانون سے مشتمل ہون - کارتوس کے خول کی علیحدہ تعریف نہین کی -
کاردار - عامل - کارگذار - وزیر بادشاہ کے آگے کام کرنے والے -
کاردان - کام جاننے والا - عاقل - ہنرمند - بادشاہ کا وزیر -
کارڈی یا کوروڈی - یہ لفظ نقط نسبت اراضی کے درج کیا جاتا ہے - کارڈ وئی یا معافیات اراضی کو دھرم شاستر مین اشیائے غیر منقولہ مین ترتیب دیا گیا ہے - باب ا دفعہ ۱۲ صفحہ ۲۶ کتاب دیابھاگا مولفہ کول بروک صاحب مین تعریف کوروڈی کی یہ درج ہے کوئی شے جس کا تقرر از روے وعدہ اس طور پر ہو کہ مین وہ شے ہر مہینے کا تنک مین دون گا - ماخوذ از سول کوڈ پنجاب -
کارروائی - کام - کام کرنا -
کارروائی عدالت فعل عدالت - عدالت

کا کام۔ کوئی کارروائی جو بموجب ہدایت
قانون یا حکم کسی عدالت کے یا بندی ضوابط
واسطے سپرد کرنے یا ترسیل کرنے کسی عدالت
کے ہوتی ۔

کار فرما۔ کام بتلانے والا حاکم۔

کارکن۔ کام کرنے والا۔ کارندہ۔ یہ اسم فاعل
ترکیبی کار اسم اور کن امر حاضر سے مرکب
ہے یعنی کام کرنے والا۔

کارندہ۔ وہ شخص ہے جو دوسرے کی طرف
سے کسی فعل کے عمل میں لانے کے لیئے یا
اشخاص ثالث کے ساتھ معاملات مین بطور
اس کی قائم مقامی کے عمل کرنے کے واسطے
مامور ہو۔ ایجنٹ۔

تشریح یہ اسم فاعل قیاسی کردن بمعنی
کرنا کا ہے۔ لفظی ترجمہ اس کا کرنے والا۔

کارندہ منظور کردہ سرکار۔ اگر کوئی مالک
یا بڑا تعلقہ دار بسبب ضرورت اپنے کام کے
یا کسی اور باعث سے بنا بر انتظام بہ منظوری
سرکار کسی کو مقرر کرے اس کو کارندہ منظور
کردہ سرکار کہتے ہین۔

کاسد۔ بے رواج۔ کھوٹا جس مین کھوٹ
ملی ہو اس وجہ سے کوئی اُس کو نہ خریدے

کاشت۔ کھیتی کرنا۔ کھیتی بونا۔ بوجوت۔

تشریح۔ یہ ماضی بمعنی مصدر رہے یا
حاصل مصدر۔

کاشت کار۔ کھیتی کرنے والا۔ مزارع
اس کے یہ معنی ہین کہ جو مالک کی طرف سے
زمین لے کر جوتتے ہین اور لگان بشرح
نقدی یا بروے کن بٹائی مالک کو دیتے ہین

تشریح کاشت کاران اور استمرار داران
کی ملکیت مین یہ فرق ہے کہ استمرار داران
کی ملکیت بیع و رہن وغیرہ کے قابل ہے
اور کاشت کاران موروثی کی ملکیت صرف
وراثت کے لائق ہے۔

کاشت کار یا استحقاق قبضہ۔ اسامی
موروثی۔ اسامی مستقل۔

کاشت کاران شرح مقرری۔
چھپر بند۔ خودکاشت۔ قدیمی۔ حق دار۔
موروثی کہلاتے ہین

کاغذ۔ اس مین چرم وغیرہ اشیاء داخل ہین جن پر
کوئی نوشتہ تحریر کیا جاوے۔ مجازاً نامہ

کاغذ بٹوارہ۔ تقسیم کا کاغذ۔ بانٹ کا کاغذ۔

کاغذ تیرتیج (دیکھو تیرتیج اور ترتیج)

کاغذ جمع بندی۔ جمع بندی کے کاغذ۔
(دیکھو جمع بندی)

کاغذ زر۔ تمسک۔ قبالہ۔ ہنڈوی۔ روپیہ
نوٹ

کاغذ غیر معمولی ضروری (۱) اظہارات
(۲) روبکارات (۳) پروانہ و دیگر احکام
مثل سمن وسفینہ وغیرہ (۴) اشتہارات

(۵) حکم تنقیح و دیگر احکام درمیانی و حکم اخیر و حکم نسبت ذات یا مال کسی شخص کے و دیگر احکام جو اندر ضابطہ کے نہین جن پر حصر یعنی مدار مقدمے کا ہے (۶) تصدیق رسید مختارنامہ و دیگر کاغذات۔

تشریح ان سب پر دستخط حاکم مجوز ہونے ضروری ہین۔ تیسری اور چوتھی قسم پر مہر بھی ہونی چاہئے۔ دوسری قسم پر پورے دستخط بہ تفصیل عہدہ ہونے چاہیئن۔

کاغذکھیوٹ۔ وہ کاغذ جو پٹواری سالانہ تیار کرتا ہے۔

کاغذ کامل بقیمت۔ پوری قیمت کا کاغذ وہ کاغذ جو قیمت کی رو سے پورا ہو۔

کاغذات اربعہ۔ (۱) عرضی دعوی (۲) جواب دعوی (۳) ردجواب (۴) ردجواب لفظی ترجمہ چار کاغذ۔

کاغذات حسب ضابطہ۔ (۱) فہرست اسناد (۲) نقل کاغذات جو دوسرے محکمہ مین بھیجی جائین (۳) نقل کاغذات جو سائلون کو دی جائین (۴) وہ کاغذات جن پر احکام ضابطہ مثلاً شامل مثل و داخل دفتر و تاکید کے صادر ہون اور کاغذات جن پر مدار مقدمہ نہین ہے۔

تشریح قسم اول و چہارم پر سررشتہ دار افسر مجوز کو دستخط کرنے چاہیئن اور دوسری و تیسری پر صاحب سررشتہ دستخط کرینگے

کاغذات حقوق۔ وہ کاغذات جن میں حقوق کا مضمون مندرج ہو۔

کاغذات حقیت۔ نقشے اور کاغذات پیمائش جن سے حدود گاؤن یا جگہ کے ظاہر ہون کھیتون اور قابضان کی کیفیت بند و بست یا قرار داد کرنے جمع کے مختلف کیفیتین خلاصہ روبکار بندوبست وغیرہ حقیت کے کاغذات وہ کاغذات جن مین حقیت کا مضمون درج ہوتا ہے۔

کاغذات عدالت۔ عرضی جواب وغیرہ وہ کاغذ جو عدالت مین کارآمد ہون۔

کاغذات معاملہ۔ محکمہ ڈاک کے چند خاص کاغذات جو پندرہ ماہ تک تلف نہیں کیے جاتے (۱) رجسٹر جنرل۔ (۲) انشورڈ لیٹر جنرل (۳) رجسٹرڈ امپیٹر پکٹ (۴) پارسل جنرل (۵) وی پی جنرل (۶) پارسل امپیٹر پکٹ (۷) رسیٹ رجسٹر (۸) رجسٹر آف وی پی آرٹیکلس اشیوڈ (۹) سب آفس منی آرڈر جنرل (۱۰) رجسٹر آف منی آرڈر رسیوڈ (۱۱) ٹیلیگراف میسیج بک (۱۲) ڈسٹرکٹ پوسٹ ماسٹرن۔

کاغذات معمولی۔ وہ ہین جو روزمرہ یا پندرہ روزہ یا ماہواری یا ششماہی یا سالانہ آتے ہین ان پر دستخط حاکم کے

نہیں ہونے چاہییں صرف دستخط شخص
مار یا ملید مسل خوان کے کافی ہین

کافر ۔ پوشیدہ کرنے والا چھپانے والا۔
تشریح چونکہ بے دین حق کو چھپاتا
ہے اس لیئے کافر کہلاتا ہے ۔ فارسی والے
اس کو بفتح ف استعمال کرتے ہین اور
خنجر اور اختر کے ساتھ قافیہ باندھا ہے
اور کافر بمعنی بڑی نہر اور اندھیری رات
کے بھی مجازاً آیا ہے۔
تشریح (۲) زندیق اور کافر مین یہ
فرق ہے کہ زندیق مجوسیون کا ایک گروہ
ہے کہ خدا کو دو کہتے ہین یا نور کو سبدائے
خیرات اور ظلمت کو سبدائے شرور جانتے
ہین یا آخرت اور ربوبیت پر ایمان نہین
رکھتے یا ظاہر مومن اور باطن مین کافر
ہیں ۔ یا معرب زن دین کا ہے یعنی وہ
لوگ جو عورتون جیسا بے اصل اور ضعیف
دین رکھتے ہین مگر صحیح یہ ہے کہ معرب
زندیقین کا ہے اور یہ نام کتاب زرتشت
کا ہے بعد ہر کافر پر بولنے لگ گئے ۔ کافر
کے معنی ناشکرا ضد مومن ۔ پس کافر عام اور
زندیق خاص ہے۔

کالم ۔ دستۂ فوج ۔ صفحہ کے حصے ۔ جیسے اس
کتاب کے صفحہ کے دو حصے یعنی دو کالم ہین
اور ایک حصہ پڑھ کر پھر دوسرے کو شروع
کرتے ہین۔

کامل ۔ پورا ۔ جو ناقص نہو ضد ناقص ۔
تمام ۔ مکمل ۔
کامنز یا کامنس ۔ عوام الناس ۔ وہ تمام
اشخاص ہین جو بیت الامرا مین شامل نہین
کامیاب ۔ کام پانے والا ۔ فتح یاب ۔ جس کا
مطلب ہو گیا ہو
کانجی ہوس ۔ مویشی کے بند کرنے کا
احاطہ ۔ پھاٹک
کاوش کھوج لگانا ۔ تلاش کرنا ۔
کبیرہ ۔ بڑا گناہ
کتاب ۔ لکھا ہوا لکھنا ۔ اندازہ ۔
تشریح صحیفہ اور کتاب مین یہ فرق ہے
کہ صحیفہ نامہ و کتاب اور کتاب کے معنی لکھا ہوا
و نامہ کتب اور جو کچھ اس مین لکھین پس لغتہً
دونون مرادف ہین اور اصطلاح شرع مین
کتاب وہ ہے جو کسی قوم کو دی گئی ہو اور
اُس مذہب کے اوامر و نواہی کو کافی ہو
اور صحیفہ وہ جو طرف خدا سے ہو اور اوامر
و نواہی اُس مین کافی ہون یا اوامر و نواہی
اُس مین بالکل نہون ۔
کتاب واز خام ۔ یہ ایک کتاب ہوتی ہے
جو سیاہہ نویس کی تحویل مین رہتی ہے
یہ کتاب تحصیل سے متعلق ہے
کٹ قبالہ ۔ اس مین راہن خود ادا سے

رہن کا ذمہ دار ہو کر اس بات کا اقرار کرتا ہے
کہ بہ یوم معین روپیہ ادا نہ ہونے پر جائداد
مرہونہ کی حقیت مرتہن کو حاصل ہو جائیگی
یہ ایک قسم رہن مفرزی کی ہے

کٹکنہ - زمین کی پٹہ داری یا ٹھیکہ داری
اجارہ - کٹکنیہ۔

کٹکنہ دار - زمیندار کا پٹہ رکھنے والا یا ٹھیکہ
رکھنے والا۔

کٹکنہ دینا - زمین دار کا کسی کو ٹھیکہ یا پٹہ دینا

کٹوان بیاج - صرف بیاج۔

کثرت - بہت ہونا - زیادتی - انبوہ ادمیون
کا - بہتات۔

کثرت رائے - رائے کی زیادتی۔

کثیر - بہت زیادہ - کثرت والا۔

کثیر الازدواج - ایک سے زیادہ عورتین
کرنے والا - بہت نکاح کرنے والا۔

کثیر العیال - بہت کنبے والا۔

کچوانسی - بسوانسی کا بیسوان حصہ۔
۱/۲۰ بسوانسی

کچھا کوٹر - ایک دریا کا ڈھلوان کنارہ۔
دریا برآمد زمین۔

کچی اسامی - وہ اسامی جس کا قداست کا
حق نہین

کد - محنت - امتحان - تلاش - تکلیف - کوشش
فارسی مین خانہ اور گھر اور گانون کے معنی
مین آتا ہے۔

کدخدا - صاحب خانہ - مالک گھر کا۔
اصطلاحاً وہ مرد اور عورت جس کی شادی
ہوگئی ہو - گھر والا - گھر والی۔
تشریح زیادہ استعمال مذکر پر ہے بعض
لوگ اس کو کتخدا لکھتے پڑھتے ہین

کدخدائی - صاحب خانہ ہونا - شادی بیاہ
کتخدائی
تشریح - بعض کتخدائی اور بعض کد
خدائی بولتے اور لکھتے ہین۔

کد و کاوش - امتحان - تلاش - عداوت

کذب - اس کا خلاصہ جواز بالیجوز ہے - ایسے
امر کے جائز ہونے کا دعوی کرنا جو جائز ہو

کر بکیس - ایک معینہ رقم جو اودھ کے افسرون
یا نوکرون کو دی جاتی ہے۔
تشریح اس مین اودھ کی قید ضروری
نہین ہر ٹکیس پر کر بولا جاتا ہے

کراؤ - ایک بیوہ عورت کی اپنے خاوند کے
بھائی سے شادی کرنا۔

کرایہ - اجرت - محصول۔

کرایہ گاڑی - ہر ایک گاڑی جو ایک یا
زیادہ گھوڑون سے کھنچتی ہو اور عملاً ہم
انسان کو کرایہ پر قلمرو انگریزی واقع ہند
کے ایک مقام سے دوسرے مقام تک
پہونچانے مین مستعمل ہوتی ہو - ایسی ہی [illegible]

گاڑی جو جانورون سے کھینچی جاتی ہو
اور انسان کی سواری کے لیے مستعمل ہوتی
ہو اور کرایہ کے واسطے رکھی جائے یا
حاضر کی جائے۔

کرایہ دار۔ کرایہ پر رہنے والا۔

کرتیرم۔ بنائی ہوئی لڑکی۔

تشریح۔ کرتیرم تبنیت کا ایک طریق ہے
اور متھلا کے ملک سے نکلا ہے اور طریق
دتک کے پرتو پر ایجاد کیا گیا ہے اس مین
یہ شرط ہے کہ دونون کی ذات برابر ہو۔

کرسی نامہ۔ نسب نامہ شجرہ نسب۔

کرنسی نوٹ۔ مروج نوٹ۔ نوٹ جو عام
طور پر لین دین مین نقدی کی طرح مروج
اور مستعمل ہین۔

کرداہ۔ تبادلہ۔ مبادلہ۔ ایک سکہ کو دوسرے
سکہ سے تبدیل کرنے مین جو کمی ہو وہ
رقم۔ نئی پرانی چیزون کے تبدیلی کے فرق
کی رقم۔

کریا کرم۔ یہ ایک اہل ہنود کی خاص رسم ہے
جو مرنے کے گیارہ روز بعد کی جاتی ہے

کری کمینی۔ یہ ایک خاص حق ہوتا ہے
نمبر ۵۔ پنجاب ریکارڈ ۱۸۷۹ء

کریوہ۔ (دیکھو کراو)

تشریح۔ یہ رسم عموماً اہل ہنود جاٹ
قوم کی ہے۔

کرٹھا فصل کی تقسیم مساوی حصون مین۔
قرضہ۔ رقم قرضہ سے وضع کرنا۔

کسب۔ حاصل کرنا۔ پیدا کرنا۔ مجازاً بمعنی ہنر
پیشہ۔ حرفہ۔

کسبی۔ پیشہ ور۔ ہنرور۔ ہنرمند۔ مجازاً
بمعنی زن فاحشہ و بازاری عورت کے استعمال
کیا جاتا ہے۔

کسبیون کا ڈیرہ دار۔ اس سے ہر
ذلیل یا مہتمم یا مددگار مہتمم اس جگہ کا جہان
عورات فعل شنیعہ کرنے کے واسطے آتی
جاتی یا موجود رہتی ہون مراد ہے۔

کسر۔ کاٹ۔ ٹکڑا۔ کمی۔ توڑنا۔ شکستگی۔ ٹوٹا ہوا
حصہ۔ حرکت زیر کی۔

کسرات۔ جمع کسر (دیکھو کسر)

کسورخوار۔ ایک درمیانی حق دار ہے جو مالک
اور مزارعہ کے ہوتا ہے۔ اپنے تعمیر کردہ چاہات
مین ایسا حق رکھتا ہے جو منتقل ہو سکتا ہے
اور وارثان کو بھی پہونچتا ہے۔ یہ ایک رقم کا
مستحق ہوتا ہے جس کو لیچہ یا حق کسور کہتے
ہین۔ کسورخوار کو سلندار اور چک دار بھی
کہتے ہین۔

کسی عمارت کا بنانا۔ اس مین وہ تمام ایزادن
یا تبدیلیان داخل ہین جن مین نئی بنیادون
یا موجودہ بنیادون پر اضافہ کی ہوئی بالائی
عمارتین شامل ہین اور نیز کسی ایسی عمارت کا

کا سکونتی مکان بنالیا جو دراصل انسان
کی بود و باش کے واسطے نہ بنائی گئی ہو۔ یا
کسی ایسی عمارت کو جو دراصل ایک ہی سکونتی
مکان کے طور پر بنائی گئی ہو ایک سے زیادہ
سکونتی مکانون مین بنا دینا۔

کشادنامہ۔ بادشاہی فرمان۔ معافی کا پرچہ
طلاق نامہ۔ خط آزادی

کشادہ۔ کھلا ہوا۔ جو بند نہو۔

کشاکش۔ چھینا جھپٹی۔ کھینچا تانی۔ مراد
بڑے غم و رنج سے ہوتی ہے

کشاورگی۔ مغربی بنگال مین برہمنون کو
گذارے کے واسطے جو زمین بطور معافی
دی گئی ہو یا کسی تقریب پر بطور عطیہ کے
دی گئی ہو

کشاورزی۔ کسان پن دہقان پن۔
کھیتی باڑی کرنا۔ بونا جوتنا۔

کشت۔ کھیتی۔ اور شطرنج کی اصطلاح مین
شہ کا اُس گھر مین ہونا کہ اگر اُس گھر مین
سوائے شہ کے کوئی اور دوسرا مہرہ ہوتا
تو پٹ جاتا۔

کشت زار۔ کھیت۔

تشریح۔ کشت کے معنی کھیت اور
زار کے معنی جگہ یعنی کھیت کی جگہ۔ اب کھیت
ہی پر بولتے ہین۔

کِشتہ۔ بوئی ہوئی چیز۔ وہ آلو بخارا یا
یا شفتالو یا زردآلو وغیرہ میوے جن کی
گٹھلیان نکال کر اُن کو خشک کر دیا ہو
نام ایک خوشبو کا جو اگر اور لوبان یا صندل
او مشک اور گلاب سے ترکیب دے کر ٹکیان
بنا رکھتے ہین اور آگ پر جلانے سے خوشبودار
دھوان نکلتا ہے۔

کُشتہ۔ مقتول۔ قتل کیا ہوا۔

کِشتی۔ ناؤ جو دریا مین ہوتی ہے۔ اس مین
ناؤ اور بھیلا او بجرا او تیرنے والی چیزین
داخل ہین

کشتی بند۔ یہ ایک خاص مقامی رواج ہے
جس کی رو سے گہری دھار دریا کے وار پار
موضعات مین حد فاصل سمجھی جاتی ہے
اس رواج پر مقدمات ذیل مین عمل کیا گیا
ہے۔ نمبر ۳۵ پنجاب ریکارڈ ۱۸۶۷ء از
لودھیانہ نمبر ۶۵ پنجاب ریکارڈ ۱۸۶۹ء
از سیالکوٹ

کفّارہ۔ چھپانے والا گناہون کا یعنی عوض
گناہ یا خطا کا شرعی طور پر

تشریح۔ یہ قسم کے توڑنے یا روزہ چھوڑ دینے
وغیرہ مین گناہ کا معاوضہ کرتا ہے۔ جیسے
روزے کا کفارہ دو مہینے پھر روزے رکھنا
یا ساٹھ مسکینون کو کھانا کھلانا ہے۔ بتشدید
ف سے ہے فارسی والے تخفیف ف سے
بھی بولتے ہین۔

کفاف - اندازہ - اس قدر معاش جو کفایت کرے - روزمرہ کا خرچ -

کفالت - ضامن ہونا کفیل ہونا - اپنے ذمے پر کوئی کام لینا - ذمہ واری - وکالت ضمانت - ضامنی -

کفالت خاص - وہ ہے کہ جب کوئی شخص کسی شے کے نہ دینے یا رکھ چھوڑنے کا عوض اس وجہ سے ہو کہ اس نے شے مذکورہ پر محنت یا روپیہ صرف کیا ہے

کفالت المال - ایسی دستاویز یا جو ایسی دستاویز سمجھے جانے کی حیثیت رکھتی ہو جس سے کوئی قانونی حق پیدا کیا جاوے یا بڑھایا جاوے یا منتقل کیا جاوے یا مقید کیا جاوے یا زائل کیا جاوے یا چھوڑ دیا جاوے جس کے ذریعے سے کوئی شخص مقر ہو کہ میں قانوناً ذمہ وار ہوں یا اقرار کرے کہ فلاں قانونی حق میرا ہے - مال کی ضمانت -

کفالت یک جائی - بالمقطع کفالت مجموعی طور پر کفالت - اکٹھی کفالت -

کفایت - نفع - بچتی رقم - مال گذاری جو گورنمنٹ شرح لگان کے بڑھانے یا زائد محصول کے وصول کرنے سے حاصل کرے بس ہونا - کافی ہونا - نفع لینا -

کفر - ناشکری - خدا کو واحد نہ جاننا

کفران - ناشکری نعمت کی - ناسپاسی -

کفن - مُردے کا لباس جس میں اس کو لپیٹ کر دفن کرتے ہیں فارسی میں دوسرے حرف کے سکون سے بھی آیا ہے

کفیل - ذمہ دار - ضامن دوسرے کا کام اپنی خوشی سے اپنے ذمے لینے والا وکیل - مختار

کُل - تمام - پورا - جمیع سب

تشریح واضح ہو کہ یہ لفظ مفرد ہے بمعنی جمع کے آتا ہے اور حرف تاکید ہے اور فارسی میں بغیر تشدید لام کے آتا ہے یہ دو قسم کا ہوتا ہے (۱) انفرادی جو ایک ایک فرد کو ظاہر کرتا ہے (۲) مجموعی جو مجموعہ کو بیان کرتا ہے

کُل - اصل - کفو -

تشریح یہ تخفیف لام سے ہے تشدید سے نہیں

کل اراضی متدعویہ - اس سے حسب معمول مراد کل رقبہ موضع یا پٹی سے ہے کل دعوی کی گئی زمین -

کلارک آف دی کروان - کلارک شاہی اس میں ہر ایسا عہدہ دار جس کو چیف جسٹس نے ان خدمات کی تعمیل کے لئے بالخصوص مقرر کیا ہو داخل ہے بجز بادشاہی

کلارک شاہی - اس میں عہدہ دار مقررہ چیف جسٹس بغرض انصرام کار کلارک

شامل ہے

کلاک ۔ گھڑی ۔ بجنے والی گھڑی

کالعدم ۔ گویا کہ نہین ۔

تشریح ۔ ک کے معنی مانند ۔ اور عدم کے معنی نہین ۔ نہ ہونا ۔

کلکٹر ۔ اس سے کلکٹر یا صاحب ڈپٹی کلکٹر یا اور اہل کار مال جو کسی ضلع کا مہتمم ہو مختار رہو ۔ یا کوئی اہل کار جس کو محال آب کاری کا اہتمام بحکم خاص تفویض ہوا ہو مراد ہے حسب ایکٹ پرمٹ اس سے مراد کلکٹر یا اسسٹنٹ کمشنر پرمٹ یا شخص مفوض باختیارات کلکٹر ہے اور حسب ایکٹ محصول ملکی ممالک مغربی و شمالی کلکٹر سے ضلع کا بالاتر عہدہ دار مال مراد ہے ۔ اور حسب ایکٹ لگان غربی و شمالی اعلی عہدہ دار مال منتظم ضلع اور ایکٹ مال گذاری ممالک مغربی و شمالی مین بھی یہی تعریف درج ہے اور حسب ایکٹ اسٹامپ اندر حدود بلاد کلکتہ و مدراس و بمبئی صاحب کلکٹر بلاد مذکور و بیرون حدود مذکور کلکٹر ضلع یا ڈپٹی کمشنر وغیرہ عہدہ دار مساوی اختیارات کلکٹر مراد ہے ۔ اور حسب ایکٹ آب کاری و مسکرات مغربی و شمالی پنجاب اودھ متوسط برٹش برما عہدہ دار مال مہتمم ضلع و سپرنٹنڈنٹ آب کاری مراد ہے ۔ اس مین ہر ایسا عہدہ دار شامل ہے جو من جملہ خدمات کلکٹر مال گذاری ارضی کے کوئی خدمت کرتا ہو ۔ اس سے ہر ایسا سرغنہ عہدہ دار مراد ہے جو کسی ضلع کی مال گذاری ارضی کے انتظام کا متعہد ہو حسب ایکٹ ونیز اس سے مراد ہر عہدہ دار مالی ہے جو بالاطلاق اہتمام کسی ضلع کا رکھتا ہو اور ہر عہدہ دار جس کو لوکل گورنمنٹ نے واسطے انصرام خدمات کلکٹر کے مقرر کیا ہو ۔ ہر عہدہ دار کلکٹری ارضی مراد مال گذاری مراد ہے اس سے اندر حدود بلاد کلکتہ اور مدراس اور بمبئی کے کلکٹر بلاد کلکتہ یا مدراس یا بمبئی اور بیرون حدود مذکور ضلع کا کلکٹر مراد ہے اور اس کے معنی مین ڈپٹی کمشنر یا ہر عہدہ دار جس کو اختیار مساوی کا اختیار کلکٹر ضلع کے حاصل ہو داخل ہے

کلکٹر ضلع ۔ اس سے مراد وہ اعلی عہدہ دار ہے جو ضلع کے انتظام مالی کا اہتمام رکھتا ہو ۔

کلمہ ۔ لفظ مفرد جو بامعنی ہو ۔ منطقی لوگ فعل کو کلمہ کہتے ہین ۔

کلندرہ ۔ جنتری ۔ پترہ ۔ فہرست جرائم خلاصہ مقدمہ کے حالات کا جو سشن مین سپردگی کے وقت مثل کے ساتھ نتھی کیا جاتا ہے ۔ یہ ایک فارم ہوتا ہے جو ماتحت عدالت اپنی اعلی عدالت سشن مین لکھ کر بھیجتی ہے یعنی جب کوئی مقدمہ سپرد سشن کیا جاتا ہے تو صاحب مجسٹریٹ عدالت ماتحت بذریعہ ایسے فارم کے جس مین قیدی کا نام بقید ولدیت و

قومیت و سکونت و جرم جو قائم کیا گیا ہو و تاریخ
ارتکاب جرم مع حوالہ قانون جو متعلق ہو سکتا ہے
تاریخ گرفتاری اس بات کی تشریح کہ آیا ملزم قید
مین ہے یا ضمانت پر نام گواہان مدعی مع مختصر
بیان قسم شہادت جو ہر ایک گواہ کے نام کے
مقابل لکھا جاتا ہے اصلی وجہ ثبوت یعنی نام
آلات و پارچات وغیرہ نام گواہان مدعا علیہ
وغیرہ درج ہوتا ہے۔ عدالت سشن مین مقدمہ
تفویض کرتا ہے اسی فارم کا نام کلاز رہ ہے

کلہم۔ سب کی سب۔ سب
تشریح کل کے معنی تمام اور ہم بمعنی وہ
ضمیر جمع مذکر

کم۔ تھوڑا۔
تشریح واضح ہو کہ لفظ کم اور اندکے اگرچہ
بمعنی تقلیل کے ہے لیکن اکثر استعمال ان دونون
لفظون کا بمعنی نفی مطلق کے ہوتا ہے مگر یہ معنی
عموماً فارسی والون کے نزدیک مستعمل ہین

کماحقہ جیسا چاہیئے۔ جیسا اس کا حق ہے۔

کمال۔ تمام۔ تمام ہونا۔ پورا ہونا۔
تشریح تمام اور کمال مین یہ فرق ہے کہ
تمام بمعنی تمامی اور تمام ہوتا ہے اور بمعنی پورے
کے بھی آتا ہے اور معنی کمال کے بھی تمام اور
تمام ہوتا ہے مگر استعمال عرف مین تمام ترتیب کو
چاہتا ہے اور کمال عام ہے یعنی جس وقت
کہتے ہین کہ اس کو تمام کردو تو مطلب یہ ہوتا ہے

کہ آخری اجزا اس مین شامل کر کے پورا کردو
اور عرف عام مین مرادف بھی سمجھے جاتے ہین

کماینبغی ۔ جیسا چاہیئے۔ جیسا مناسب ہے
تشریح کماینبغی ک کے معنی مانند ما کے معنی
اس ینبغی کے معنی مناسب ہونا چاہیئے مل کر
معنی ہوئے جیسا مناسب ہو۔

کمپنی ۔ تاجران شریک کی جماعت حسب ایکٹ
حصول اراضی ہر کمپنی رجسٹر شدہ

کمترین ۔ بہت ہی کم۔ کم۔
تشریح۔ کم کے اوپر تر بڑھا کر اسم تفضیل
بنایا ہوا ہے یہ لفظ اکثر متکلم بڑے اور
اعلی درجے کے شخص کے ساتھ گفت وگو کرتے
وقت یا اعلی کی خدمت مین عرضی یا درخواست
وغیرہ لکھتے کے وقت اپنے پر بولتا یا لکھتا ہے

کمشنر۔ اس سے کسی قسمت کا کمشنر مال اور کمشنر
آب کاری مراد ہے حسب ایکٹ محصول ملکی
ممالک مغربی و شمالی لفظ کمشنر سے کمشنر قسمت
مراد ہے اور حسب ایکٹ لگان غربی و شمالی
اعلی عہدہ دار مال قسمت مراد ہے

کمشنر یا اہل کمیشن ۔ جس کو کسی چیز کا کمیشن
ملے

کمشنر قسمت ۔ اس سے اعلی عہدہ دار مہتمم
انتظام قسمت مالی مراد ہے۔

کمشنر مال حسب ایکٹ آب کاری اس مین
وہ عہدہ دار بھی شامل ہے جس کو لوکل گورنمنٹ

نے کسی خاص رقبہ ارضی کے اندر کمشنر ال کی
خدمات انجام دینے کے واسطے سفر کیا ہو

کمند - ایک مشہور پھندا ہے -
تشریح - پھندا اکثر ملکی لڑائی اور چوری
کے کام آتا ہے - یہ اصل میں خم وند تھا بعدہٗ خمند
بباعث ہونے پیچ وتاب کے ہوگیا - اس کے
بعد کثرت استعمال سے کمند بن گیا

کمیانہ - حق محنتانہ نمبر ۳۴ پنجاب ریکارڈ ۱۸۶۷ء
نمبر ۶۵ پنجاب ریکارڈ ۱۸۸۲ء - نمبر ۴۹ پنجاب
ریکارڈ ۱۸۷۳ء - فیصلہ بال نمبر ۱۱۸ پنجاب
ریکارڈ ۱۸۹۰ء نیز دیکھو نمبر ۱۰ پنجاب ریکارڈ
۱۸۷۶ء

کمیٹی - بورڈ - میونسپل ایکٹ میں ہر جگہ اس
سے مراد میونسپل کمیٹی ہوگی جو ایکٹ مذکور کے
احکام کے بموجب قائم کی جاوے -

کمیرا - اجرتی کاشتکار - مزدور زراعت -
زراعتی محنتی -

کمیشن - حق السعی - فیس دلالی - حق المحنت
جو فی صدی محسوب کیا جاتا ہے -

کمین - کسی جگہ پوشیدہ ہو کر بیٹھنا دشمن
یا شکار کے واسطے کسی کی گھات میں چھپنا -

کمین - کام کاج کرنے والے - جیسے جھینور -
نائی - سوھی وغیرہ -

کنال - ⅛ گھماؤں - گھماؤں کا آٹھواں
حصہ

کنایہ - سخن پوشیدہ - پوشیدہ و کھلا بات
کا اشارہ - مراد

کنایۃً - اشارہ سے

کن بٹائی - فصل کو اندازے سے تقسیم کر
کے وصول کرنا - چند شرکا اور حصہ داروں
میں فصل کو نسبۃً تقسیم کرنا -

کنٹینجنٹ - جو دوسرے پر منحصر ہو - بالائی خرچ
بالائی فوج کے خرچ کا حصہ -

کنسرویٹر - محکمہ جنگلات کا ایک اعلیٰ عہدہ دار

کنکوت - فصل کے درو کے پہلے کھیت
میں فصل تخمینہ کرنا - کھڑی فصل کو نظر سے
جانچنا -
تشریح - یہ ایک ترکیب لگان وصول
کرنے کی ہے - جب فصل پک جاتی ہے تو
سطح پیمائش کی جاتی ہے اور آمدنی کھڑی
فصل کا تخمینہ عقل سے کیا جاتا ہے اور
حسب رواج تقسیم کی جاتی ہے اور قیمت
حسب رواج بازار مالک زمین کو دی جاتی
ہے - بٹائی -

کنیا - کن کرنے والا -

کنیز - باندی - لونڈی - اور فارسی میں یعنی
کنواری لڑکی کے آیا ہے

کنیزک - لونڈی - باندی
تشریح - اس لفظ کے آخر کا ک کلمہ کا
جزو نہیں ہے بلکہ واسطے تحقیر یا تصغیر

گئے ہے۔

کوارنٹین کی حالت۔ اصلی معنی کوارنٹین کے چلہ یعنی چالیس دن کا عرصہ لیکن اصطلاح میں ایک حالت کو کہتے ہیں جس میں جہاز رہتا ہے اور وہ یہ ہے کہ جب کوئی جہاز غیر ملک سے بندر میں پہونچتا ہے اور اُس کے عفونت وبائی ساتھ لانے کا خوف ہوتا ہے جو اس کے لوگوں کی آمد و رفت اُن لوگوں کے ساتھ ممنوع ہوتی ہے جو اس بندر میں سکونت رکھتے ہیں۔

تشریح۔ اب عدم حالت وبائی پر بولتے ہیں یعنی جہاں مرض متعدی وبائی کے پھیلنے کا احتمال ہو وہاں ہی بولتے ہیں جہاز وغیرہ سے کسی قسم کی تخصیص نہیں رہی مثلاً جب گنگا باشی گنگا سے واپس ہوکر مرض کی لپٹ میں جو آتے ہیں تو اُن کے واسطے اکثر جگہ کوارنٹین مقرر ہوجاتا ہے یعنی اُن کو حسب الحکم گورنمنٹ کچھ عرصہ کے واسطے شہر سے باہر رکھا جاتا ہے اور اُن کے کپڑے جلوا کر اور نہلا دھلوا کر شہر میں لایا جاتا ہے۔

کواغذ زر۔ نوٹ۔ (دیکھو کاغذ زر) کواغذ جمع ہے کاغذ کی۔

کواغذ مسلسل۔ وہ ہیں جو ہر روز یا بعد دو ہفتہ یا ماہواری یا ششماہی یا سالانہ بھیجے جاتے ہیں۔

کورٹ۔ اصل میں کورٹ بمعنی عدالت ہے

کوتوال۔ بمعرب یعنی فارسی بنا لیا گیا ہے۔ لفظ ہندی ہے۔ اصل اس کی کوٹ وال تھی یعنی صاحب قلعہ۔ محافظ قلعہ۔ تھانیدار۔ صدر تھانہ کا محافظ و نگراں۔

کوٹھی۔ تجارت کی دوکان

کوچہ بند۔ محفوظ۔ وہ گلی جس کے دونوں طرف نکاس پر دروازے لگے ہوں کہ بروقت اندیشہ کسی آفت کے دونوں دروازوں کو حفاظت کے لیے بند کریں

کودن۔ مریل ٹٹو جو اچھی طرح چل نہ سکے۔ وہ خچر ٹٹو وغیرہ جو بوجھ لادنے کا ہو مجازاً وہ شخص جو احمق اور بے وقوف ہو

کورٹ اس میں ہر عدالت شامل ہے۔ جو ہائی کورٹ کے ماتحت ہو اور عدالت ہائے مطالبہ خفیفہ بھی شامل ہیں عام عدالت

کورٹ آف جسٹس۔ عدالت۔ اس سے وہ جج مراد ہے جس کو قانوناً بذات واحد عدالت کے کام کرنے کا اختیار حاصل ہے یا ججوں کا وہ مجمع مراد ہے جس کو قانوناً بالاجتماع عدالت کے کام کرنے کا اختیار حاصل ہے اُس حال میں کہ وہ جج یا ججوں کے مجمع عدالت کا کام کرتا ہو

کورٹ آف وارڈس۔ اُن لوگوں کی عدالت جو زیر نگرانی سرکار ہوں۔ وہ عدالت

جو نابالغ صاحبان جائداد کی نگرانی اور اہتمام سرکاری طور پر کرے۔

کورٹ فیس اسٹامپ - یہ لفظ حاوی فیس طلبانہ بھی ہے۔ وہ کورٹ فیس جو اسٹامپ پر لگایا جاتا ہے

کورٹ مارشل - عدالت جس مین امیران فوج مقدمات فوج متعلقہ جرائم اہل فوج کی تحقیقات کرتے ہین

کوری - ہر نفر کے حصہ کا روپیہ۔ ہر جوڑے کا روپیہ۔ ہر مویشی کا روپیہ

کوری بندی - ایک نیا انتظام۔ دیہاتون یا کھیتوں کی ایک فہرست جو تقسیم کے موافق درج رجسٹر ہو

کوکنار - پوست کا ڈوڈا۔ پوست کا ڈوڈا

تشریح یہ لفظ مرکب ہے کوک بمعنی کھانسی اور نار بمعنی انار سے۔ اس لیئے کہ یہ کھانسی کو مفید ہے

کول - اس سے مراد نالہ جس مین کسی نہر سے پانی آتا ہے لیکن وہ بصرف سرکار قائم نہین ہے اور تمام بالائی کام جو ایسے کسی نالہ سے علاقہ رکھتے ہون مراد ہین۔

کولسیت - ایک مزارع کا دوسرے مزارع سے زمین اجارہ پر لینا۔ یا اصل اجارہ دار کے سوا کسی شخص کا کاشت کرنا۔

کولہار - وہ زمین جس کی کاشت ٹھیکہ پر ہو اور

کونٹر فائل - مثنی۔ چک یا رسید وغیرہ کا اس کے ساتھ کا دوسرا حصہ۔

کونسل - جناب نواب گورنر جنرل بہادر یا کسی پریزیڈنسی کے گورنر بہادر کی مجلس شوری۔

کونسل وضعان قانون وہ جماعت جو قانون کی صورت اور اس کے مضمون پر مشتہر ہونے سے پہلے غور کرتی ہے۔ قانون بنانے والی جماعت۔ پارلیمنٹ۔

کونسل کا ممبر - شریک مجلس شوری۔

کھات یا کھاد - کوڑا کرکٹ۔ پانس۔

کھاتہ - روزنامچہ حساب۔ بہی

کھاتہ بہی - اس مین ہر اسامی کے حساب جدا جدا ہوتے ہین اور اس مین تفصیل اور کچھ نہین ہوتا صرف اتنا ہوتا ہے۔ لکھا فلان شخص کا۔ رقم اتنے کی۔ روکڑ بتہ فلان نام جمع۔ یہ بھی روکڑ بہی کا منتخب ہے

کھاتہ رعیتی - ایک ایسا کھاتہ زمین کا مراد ہے جو پٹہ واحد کی رو سے یا ایک ہی شرائط کے مجموعہ کی رو سے کسی رعیت کے قبضہ مین ہو

کھاتہ قبضہ - اس سے جائداد کے ایک ایسے حصہ سے مراد ہے جس پر ایک مالک اراضی یا دو یا زیادہ مالکان اراضی مشترک قابض ہون

کھاتہ ملکیت - وہ حصہ یا جزو کسی محال کا مراد ہے جس پر ایک مالک زمین قابض

یا دو یا دو سے زیادہ مالکان زمین بالاشتراک قابض ہوں۔

کھاتری۔ وہ فصل جو لب دریا میں پانی دینے سے اگائی جاے۔ اس کا خراج براے نام ہوتا ہے

کھادر۔ دریا برآمد۔ جو جانوں کے کارآمد ہوتی ہے سینچی ہوئی دار زمین جمنا وغیرہ دریا کے کنارے پر زرخیز زمین جو بغیر آب پاشی کے فصل دیتی ہے بیٹ کی زمین

کھتونی۔ منتخب اسامی وار۔

کھتونی عام۔ ایک کتاب ہوتی ہے جس میں سیاہہ کی ہر رقم درج ہوتی ہے عموماً ٹھوا ہی وغیرہ کی تحویل میں رہتی ہے

کھتونی موضع وار۔ وہ کھتونی جو بترتیب دیہات ہو گانون گانون کی کھتونی۔

کھتیانا۔ درج کھاتہ کرنا۔ گانون کی تمام زمینوں کا ایک حساب مع تفصیل تقسیم بنانا۔

کھدرمل۔ وہ زمین جو بونے کے واسطے نو توڑی جاے

کھوره۔ قانون کھرج۔

کھوکھا۔ ہنڈوی کے ادا کا پرچہ رسید۔

کھونٹ۔ وراثت جدی سے زمین میں اور تمام حصوں میں جو ان کو حاصل ہو ایک حصہ داری۔

کھونٹ خط۔ ایک ایسا رسی نامہ جس کے ذریعے سے راہن حصہ کھونٹ اور کل حقوق سے دست بردار ہو۔

کھیت۔ ایک قطعۂ زمین جس میں زراعت کی جاسے۔ وہ قطعۂ زمین جو ایک جگہ واقع ہو اور ایک حق سے ایک ہی اسامی کے قبضہ میں ہو بلکہ اکثر [illegible] نام سے مشہور بھی ہو

کھیت بٹ۔ جب کھیت کا اس طرح احاطہ ہو کہ گانوں کی ہاری دار زمین یک جا ہے بلکہ کئی کھیت دیہات وگرد و نواح کے رقبہ میں منتشر ہوں سب یک جا ایک حلقہ گانوں سے قرار پائیں گے

کھیت چھٹا۔ کھیت کی پیمائش کی کمپی کتاب

کھیت وار جمع بندی۔ وہ جمع بندی جو کھیت بکھیت ہو۔ ہر کھیت کے موافق لگان۔

کھیوٹ۔ وہ تحریر یا رجسٹر مختلف حصوں کا جس میں مشترکہ تقسیم کی گئی ہو۔ ایسا کاغذ جس میں مالکان کے حصہ بروے بیگھہ بسوہ یا آنہ پائی کے درج ہوتے ہیں۔ واجب العرض اس کو کھوک پٹی بھی کہتے ہیں۔ (دیکھو واجب العرض)

کے۔ کب۔ کتنے

تشریح۔ یہ کلمہ واسطے استفہام زبان کے فارسی میں آتا ہے اردو میں عدد استفہام کے واسطے استعمال ہوتا ہے

کیش بک ۔ یہ ایک کتاب ہوتی ہے جو عام لین دین کارخانہ جات وغیرہ مین رہتی ہے۔

کیش بیگ ۔ چمڑے کا ایک بیگ یعنی تھیلا ہوتا ہے جو ڈاک خانہ جات کے درمیان بہت بہت سی نقدی کی ترسیل کے لیے مستعمل ہوتا ہے

کیفیت ۔ چگونگی ۔ حالت ۔ اور وہ صفت جو کسی چیز مین ہو کیا ہو ۔ بیان ۔ رپورٹ یادداشت ۔

تشریح ۔ یہ لفظ فارسی مین بغیر تشدید دوسری تی کے آتا ہے اُردو مین تشدید کی ضرورت نہین سمجھی گئی ۔ یہ لفظ عموماً اعم جدول کشیدہ کے سب سے اخیر پڑے خانہ کی پیشانی مین درج ہوتا ہے

کیفیت بندوبست ۔ بندوبست کی رپورٹ ۔ کیفیت تحقیقاتی ۔ تحقیقات مکمل ہونے کی رپورٹ

کیفیت ناظر جو ناظر سے کیفیت طلب ہو

کے نن لا ۔ کلیساے روما کے قوانین کا مجموعہ ہے جو کہ کلیساے روما شاگردون کی راے اور عام کونسلون کے فیصلون اور پوپون کے فرمانون سے مرتب کیا گیا ہے

گ

گاہ ۔ خام فصل ۔ نیم پختہ بال غلہ ۔

گاٹھ ۔ قطعہ زمین ۔

گاٹھ بندی ۔ گاٹھ کے ذریعے سے گانون کی تقسیم ۔

گارڈین ۔ یا } اس سے مراد وہ شخص ہے
گارجین ۔ } جو نابالغ کی ذات یا اُس کی جائداد یا اُس کی ذات اور جائداد دونون کا محافظ ہو ۔

گانون بٹ ۔ گانون کا مختلف حصون مین تقسیم کرنا ۔

گانون والا حسب ایکٹ جنگلات اجمیر اس مین سرکاری مالکان دیہہ اور وے شخص جو بذریعہ حکم تحریری صاحب کمشنر منظوری صاحب چیف کمشنر گانون والا کہلانے کا مستحق قرار پائے ہون شامل ہین ۔

گھیونی گورہ دیہہ ۔ وہ زمین جو گانون کے اردگرد ہو ۔

گٹھا ۔ جریب کا بیسوان حصہ ۔ بلہ جریب

گتھائی۔ وہ ٹیکس جو زمیندار کاشتکار پر
لگاتا ہے۔
گدھولی۔ نشان حدود۔
گذارش۔ ادا کرنا
تشریح۔ یہ لفظ زاے ہوز سے بھی
صحیح ہے۔ لفظ گزار گزر۔ اور گزشتن
سراج اللغات سے ذال معجمہ سے ثابت
ہوتے ہیں۔
گذاری۔ اس میں کشتیوں کا پل اور فلائینگ
برج یعنی لوگوں کے جلد پار اتارنے کے
لیے جو پل ہے اور چند روزہ پل اور گذار
میں ہو کھینچنے کی راہ اور گذارنے سے اترنے
کی جگہ بھی داخل ہے
گذرانا۔ پیش کرنا
گذرنامہ۔ راہداری کا پروانہ۔
گذر۔ راہ۔ راستہ
گذشت۔ راہ۔ گذرگاہ
تشریح۔ اصل میں یہ صیغہ ماضی کا ہے
جو حاصل مصدر کے معنی دیتا ہے جیسے بولتے
ہیں رفت گذشت
گرامی۔ بزرگ۔
گران مایہ۔ بیش قیمت۔ عمدہ۔ بلند مرتبہ
گرداڑائی۔ ایک سلیس جو مسافروں سے
لیا جاتا تھا
گرد آور۔ پٹوار۔ چوکی دار۔ سپرنٹنڈنٹ۔

چوکی کا انسپکٹر۔ بندوبست کا ایک عہدہ دار
جو گرد آوری کا کام کرتا ہے۔ پیمائش کا
عہدہ دار۔
گرد آوری۔ دورہ کرنا۔ ملاحظہ کرنا۔ گرداور
کا کام۔
تشریح۔ گرد آور یعنی عہدہ دار پیمائش وغیرہ
کے دورہ کرنے کے تین سبب ہیں (۱) دریافت
کرنا صحیح تفصیل و فصل موجودہ کا (۲)
دریافت انتقالات حقوق و لگان اور قبضہ
زمین کا (۳) دریافت کرنا ضروری ترمیم کا جو
تجربے میں ہوتی ہو۔
گرفتاری۔ گرفت کرنا۔ پکڑنا۔ قید کرنا۔ حراست
میں لینا
گرکھی۔ ایک قسم کا رہن جس میں مرتہن کو تین
چوتھائی مال گذاری اراضی مرہونہ کی ادا کرنی
ہوتی ہے
گرنٹی یا گارنٹی۔ اقرار نامہ۔
گرو۔ تحویل امانتی مال وغیرہ کی بطور ضمانت
ادائے قرضہ یا تکمیل عہد کے۔ رہن۔ (دیکھو
رہن)
گروی دار۔ گرو رکھنے والا۔
گرو کنندہ۔ جو اپنی چیز کو بطور امانت کے
کسی شرط کی ایفا پر واپس لینے کا مجاز ہو۔
رہن کرنے والا۔
گروی دار۔ وہ آدمی جس کے پاس کوئی چیز

گورنمنٹ - حسب ایکٹ حصول لائی سنس
پیٹنٹ وحرفہ اس سے وہ شخص مراد ہے جو
قانوناً مجاز انتظام اگزیکیٹو گورنمنٹ یعنی
حکومت عاملانہ جزو مذکور کا ہو اور اس مین
چیف کمشنر بھی داخل ہے - اور اس سے
مراد نواب گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل
باعتبار اس تعلق کے جو ایکٹ اڈمنسٹر جنرل
پریزیڈنسی بنگالہ کے ساتھ رکھتا ہے اور جس
قدر کہ اس ایکٹ کو تعلق پریزیڈنسی مدراس
سے ہے باعتبار اس کے لفظ مذکور سے مراد
وہ شخص موجودہ وقت ہے جو پریزیڈنسی
فورٹ سینٹ جارج کی اگزیکیٹو گورنمنٹ کا
کار فرما ہو اور جس قدر کہ اس ایکٹ کو علاقہ
پریزیڈنسی بمبئی سے ہے اس لفظ کے معنی
سے وہ شخص موجودہ وقت مفہوم ہوگا جو
کار فرمائے پریزیڈنسی بمبئی کی اگزیکیٹو گورنمنٹ
کا ہو - سرکار یعنی وہ حاکم یا حکام جو ملک کے
منتظم ہین - وہ شخص یا وے اشخاص مراد
ہین جو برٹش انڈیا کے کسی حصہ مین قانوناً
نظم ونسق ملک کے مختار ہون - لفظ گورنمنٹ
سے حسب قواعد عطائے چٹہ پنجاب ہر ایسا
شخص مراد ہے اور اس مین ہر ایسا شخص
داخل ہے جو گورنمنٹ پنجاب کی طرف سے
کسی امر یا شئے مندرجہ یا متعلقہ چٹہ مذکور کی
نسبت عمل کرنے یا کارکن ہونے کا حسب
ضابطہ مجاز ہو - یعنی سرکار سے لفٹنٹ گورنر
ملک بنگالہ اور لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی
وشمالی مراد ہے - بعض ایلمٹون نے اس
کی تعریف یہ کی ہے کہ اس سے مراد وہ شخص
ہے جو مختار قلمرو موجودہ وقت مین ہو

گورنمنٹ پلیڈر - وکیل سرکار اور دیگر
شخص مقررہ من جانب گورنمنٹ مراد ہے
ہر ضلع کا ڈپٹی کمشنر بھی حسب مجموعہ ضابطہ
دیوانی سرکار کا وکیل ہے

گورنمنٹ ہند - اس سے جناب نواب
لفٹنٹ گورنر بہادر ہند باجلاس کونسل اور
اگر جناب ممدوح کونسل مین تشریف
رکھتے ہون تو جناب پریزیڈنٹ باجلاس
کونسل یا صرف نواب گورنر جنرل بہادر مراد
ہین اور حسب ایکٹ عبارات عامہ نواب
گورنر جنرل باجلاس کونسل اور جناب ممدوح
کونسل سے جدا ہون تو جناب پریزیڈنٹ
کونسل یا صرف جناب ممدوح ہین بلحاظ ان
اختیارات کے جن کو وہ باجلاس کونسل
یا تنہا جواز عمل مین لاسکتے ہین -

گورہ دیہہ - اراضی متعلقہ آبادی موضع - آبادی
کے گرد و نواح کی زمین -

گوشوارہ - حساب کا خلاصہ مختلف حالات
اشیائے متعلقہ کو مختصر طور پر بطور نمونہ
دکھانا - اہل دفتر کی اصطلاح مین ورق کا

پچ جہان کل کی میزان ؛ اختصار مطلب لکھتے ہین۔ نام ایک زیور کا جو کان مین پہنتے ہین

گول۔ نالی جس کے ذریعے سے نہر سے پانی لیا جاے۔

گونیا۔ بڑھیون اور معمارون کا ایک آلہ لکڑی کا ہے جس سے لمبی اور سدھائی لکڑی اور عمارت کی معلوم کرتے ہین۔

گوہائی۔ گانون کی زمین۔

گویا۔ بولتا ہوا۔ کلمہ تشبیہ۔

گھاٹ مار۔ جو چونگی اور راہداری کا محصول نہ دے

گھاٹ مارنا۔ محصول کے مال کو چھپا لینا چرا لینا۔ چرانا۔

گھٹوال۔ مالک گھاٹ۔ یا دارمدہ گھاٹ۔ ایک وسیع ہموار جگہ متصل کسی کنارہ دریا یا بندر کے ہے جس پر مال واسباب جو کہ پانی کی راہ سے لایا ہو تختہ یا بار رکھا جاے

یہ لفظ لغت وھارٹن صاحب سے لیا گیا ہے

گھردیواری۔ ایک رسم ہے جو گھر پیچھے لگتی ہے۔

گھوبرآر۔ وہ محصول جو ہر حصہ دار اور اجارہ دار پر ان عمارت کے سبب سے جو ایک سال مین ہون لگایا جاے

گھوڑی۔ ایک امراضی ... مین گھوڑا گدھا اور خچر یعنی بیس کے ... کا لکھنا شامل ہے

گھیرو۔ ایک رہن جس مین زمین بطور ضمانت کے رکھی جاے اور سود قابل ادا ہو۔

گیاری۔ ایک بیوہ دار متوفی کی زمین جو لاوارث پڑی ہو اور وہ زمین جو اسامی کے گانون چھوڑ کر چلے جانے کے بعد مال گذار کے انتظام مین آجائے۔

گیلڑ۔ پہلے خاوند کی اولاد

ل

لا۔ نہین۔ یہ کلمہ نفی ہے

لاُ اُبالی۔ بے پروا آدمی۔ بیباک

تشریح اُبالی واحد متکلم کا صیغہ ہے اس کے معنی پروا نہین رکھتا ہون مین اور بجاے ہمزہ کے واو لکھنا غلط ہے

لاُبُد۔ ضروری۔ ناچار۔ بالضرور

تشریح لا حرف نفی کا اور بُد بمعنی چارہ وعوض یعنی وہ امر جس سے چارہ نہین

یعنی ضروری۔

لاپروائی - بے پروائی۔

تشریح یہ لفظ فصیح نہین اس لیئے کہ لا عربی اور پروا فارسی سے مرکب ہے بے پروائی فصیح ہے۔

لاتعد - بے شمار۔ بے گنت۔ بے شمار۔

تشریح یہ مضارع منفی مجہول کا صیغہ ہے جس کا لفظی ترجمہ نہین تعداد کیا جاتا ہے عربی مین دال پر تشدید اور فتح ہے اور استعمال اردو و فارسی مین عموماً دال پر سکون بولتے ہین

لاٹ - حصہ جائداد جو عام بیع کے لیئے نامزد کیا جائے۔

لاٹ بندی - ایک جائداد کو اس طرح لاٹ مین تقسیم کرنا کہ اُس کا ٹھیکہ یا نیلام کیا جائے دفعہ ۹ ہدایت نامہ مال گذاری مین اس کی یہی تعریف درج ہے

لاٹری - چٹھی اندازی

تشریح اس کے مختلف طریق ہین جس جان دار یا غیر جان دار پر چٹھی ڈالی جاتی ہے اُس کی کل قیمت کو چند حصون پر تقسیم کر کے ہر ایک حصہ دار سے حصہ رسدی قیمت وصول کر کے جس کے نام کی چٹھی نکلتی ہے اُس کو وہ کل جائداد وغیرہ جس پر چٹھی ڈالی گئی ہے دے دی جاتی ہے۔

لاٹ صاحب - لارڈ صاحب۔ عموماً یہ لفظ لفٹنٹ گورنر یا گورنر جنرل کے لیے عوام بولتے ہین۔

لاثانی - بے مثل۔ یگانہ۔ بے مانند

تشریح لا کے معنی نہین اور ثانی کے معنی دوسرا یعنی اُس جیسا کوئی نہین بے نظیر

لاجواب جس کا جواب نہو سکے۔

لاچار - ضرور۔ لاعلاج۔ جس کا چارہ نہو

تشریح یہ لفظ غلط ہے اس لیئے کہ لفظ لا عربی کی ترکیب چار لفظ فارسی کے ساتھ درست نہین صحیح ناچار ہے جس کے معنی مجبور۔ بے بس محتاج ہین۔

لاحاصل بے فائدہ جس مین کچھ حاصل نہو

لاحل - جو حل نہو سکے مشکل۔

لاخراج جس پر محصول سرکاری نہو۔ جس کا محصول نہو۔

لاخراج دار - وہ شخص جس کے پاس زمین بلا محصول ہو معافی دار۔

لاخراج باس - وہ گھر جو لاخراج زمین پر بنایا جائے

لادعوی - بے دعوی۔ آزاد جس کا دعوی نہو بے تعلق ہونے کی سند۔ استحقاق کو ترک کرنے یا ہبہ کرنے کی سند کہ مجھ کو کچھ استحقاق نہین۔ بے دعوی یا بے تعلق ہوجانا بے تعلق ہونے والے کی سند

لاریب - بے شک جس مین شک نہو - بلاشبہہ -

لازم - چمٹا ہوا - لگا ہوا مقابل ستعدی کا یعنی وہ فعل جس کو مفعول کی حاجت نہو بل کہ فقط فاعل پر ختم ہوجاے - ضروری - ناقابل جدائی

لازمی - منسوب طرف لازم کے - ضروری - لابدی -

تشریح عموماً یہ لفظ غلط مستعمل ہوا ہے اس لیئے کہ لازم اسم فاعل ہے اگر اس مین یٔ فاعلیت کی ہے تو محض بیہودہ ہے

لاش - تن مردے کا مخفف لاشے کا جس کے معنی نیست اور معدوم ہے نعش مردے کا جنازہ خواہ مسلمان ہو یا غیر مسلمان لاشہ معائنہ لاش بولتے ہین

لاشک - بے شک بے شبہہ

لاشہ - مردہ آدمی وغیرہ کا تن (دیکھو لاش)

لاصق - لگا ہوا - ملا ہوا متصل ملصق - پیوستہ -

لاطائل - بے فائدہ - اس لیئے کہ طائل کے معنی نفع اور فائدے کے ہین -

لاعلم بے علم -

لاعلمی بیان کرنا - کہنا کہ مجھ کو معلوم نہین

لاکلام بے شک - بے گفت وگو - وہ بات جس مین کچھ گفت وگو کی جگہ نہ رہی ہو - نا قابل بحث -

لامحالہ - ناچار - بالضرور -

تشریح اس لیئے کہ محالہ بمعنی چارہ اور علاج کے ہین لا کے معنی نہین یعنی جس سے چارہ نہو -

لاوارث جس کا کوئی مالک نہو جس کی بابت کسی کا دعوی یا استحقاق نہو -

لاوارثی مال - وہ مال جس کا وارث یا مالک معلوم نہو -

لاولد - بن کے اولاد نہو جس کے بیٹا بیٹی نہ ہو -

لال کتاب نقشہ جات دیہی ہر ایک محال بندوبست کے واسطے علی حدہ علی حدہ انگریزی یا اردو مین ہوتی ہے اس کی جلد بندی پرگنہ وار ہوتی ہے

لال گولا - ایک سرخ رنگ کی، تیلی زمین

لام کاف - برا بھلا کہنا -

لانابندی - کسی زمین پر ہلون کے واسطے لگان تجویز کرنا -

لانک - گیہون وغیرہ اناج کو کاٹ کر جمع کرنا

لاو - زمین کی وہ مقدار جس مین ایک دن مین پانی دیا جا سکے - ایک قرضہ جو بے ضمانت لیا جاے

لاوا فصل کاٹنے والا - وہ مزدور جو فصل کاٹنے پر مقرر ہو - لاوی کرنے والا

لاونی - فصل کاٹنا - مزدوری کہ جو کٹائی فصل

مین دی جاتی ہے۔

لاہن۔ وہ خمیر جو دیسی شراب کے لیے اٹھایا جائے وہ خمیر چاہے کسی چیز کا ہو

لا۔ قانون۔

لائبریری کتب خانہ۔

لائٹ ہوس لفظی معنی روشنی کے گھر کے ہین مگر وہ ایک عمارت مینار کے مشابہ ہے جو سمندر مین چٹان کے اوپر اس لیے بنائی جاتی ہے کہ جہاز ران اس کے ذریعے سے روشنی دیکھ کر کم عمق پانی یا چٹان کے خطرے سے بچنے کے لیے جہاز کو اس کے پاس نہ لائین

لائق۔ سزاوار۔ قابل لیاقت دار

لائق و فائق۔ قابل ختنی۔ قابل و عمدہ

لائن۔ ہر ایک۔ یہ ایک اصطلاح ہے آئین امداد حج کی مطلوب ہے لیکن اس مین مداخلت عدالت کی بالکل مخالف ضابطہ مجریہ حال کے مطلوب ہے کہ یہ گمان کیا جا سکتا ہے کہ اس کا وجود اب ہند مین نہین ہے (دیکھو سول کورٹ پیچی)

لبریز۔ بھرا ہوا لب تک آیا ہوا۔

لب۔ آب۔ لب بہ نماز صحہ

لٹھا پیمانہ زمین جس مربع لٹھا کا ایک بیگھہ ملک مغربی و شمالی کی پیمائش مین دس لٹھوں کی ایک جریب ہوتی ہے اور ہر جریب دس لنگ کی

لٹھ بند۔ وہ بند جس نے نالون اور ان کی ان کی شاخون کے متصل زمین پر پانی روکنے کے واسطے لٹھ یا بند باندھ کر اراضی کاشت کی ہو۔

لٹھ مار۔ وہ مزارعہ ہے جو آب پاشی کے لیے بند باندھتا ہے

لٹھیانا۔ لاٹھی سے مارنا۔

لحاظ۔ کسی چیز کا نگاہ مین خیال رکھنا او دیکھنا

لحوق۔ دو چیز یا زیادہ کا آپس مین ملنا۔ پیچھے سے آ کر شامل ہونا۔

لڈو کھلانا رشوت دینا۔

لذیذ۔ مزے دار۔ خوش ذائقہ

لڑکا گود لینا متبنی بنانا

لزوم۔ لازم ہونا۔

لشکر کش۔ سردار سپہ سالار

لشکری۔ سپاہی۔ اس مین یا نسبت کی ہے۔

لطائف الحیل۔ عمدہ بہانے نیکیان اور خوبیان حیلون کی۔

لعان۔ آپس مین ایک کا دوسرے کو لعن اور نفرین کرنا۔ شرع محمدی مین لعان وہ ہے کہ شوہر اپنی زوجہ کو زنا کی تہمت لگائے اور گواہ نہ لاسکے دونون بحکم قاضی بطور مقررہ شرعی آپس مین لعنت کرتے ہین

اور سدا اس کے قاطع دونوں میں ہمیشہ کے
جدائی کر دیتا ہے۔

لعن یا لعنت نیکی اور رحمت سے دور کرنا
لعنت کرنا نفرین کرنا نفرین پھٹکار۔

لعین ملعون مردود نفرین کیا گیا رحمت
سے ہنکایا گیا۔

تشریح یہ لفظ فعیل بمعنی مفعول ہے جیسے
قتیل بمعنی مقتول آتا ہے اور یہ لفظ مفرد جمع
دونوں آیا ہے

لغایت۔ نہایت۔

تشریح اس کی اصل الی غایت معلوم ہوتی
ہے الی کے معنی تک اور غایت کے معنی نہایت

لغزش پھسلنا پیر یا غلطی بولتے ہیں کہ
گواہ نے شہادت میں لغزش کھائی

لغو۔ بیہودہ بکنا۔ کتے کا چلانا سخن باطل
نکمی چیز وہ قسم جو دل کے ارادے سے
نہ کھائی ہو۔ بیہودہ۔

لفافہ امیر کا خول وہ کاغذ جس میں خط وغیرہ
بند کیا جاتا ہے مردے کے کفن پر بھی
بولتے ہیں

لفافہ سر بمہر وہ لفافہ جس پر مہر لگی ہوئی ہو
بند لفافہ۔

لفٹنٹ گورنر اس سے لفٹنٹ گورنر ممالک
مغربی شمالی یا ملک پنجاب یعنی جیسی کہ صورت ہو
مراد ہے بہ تعریف ایکٹ قمار بازی
میں درج ہے اور حسب ایکٹ کیٹی اس سے مراد
لفٹنٹ گورنر بہادر ملک پنجاب ہے۔

لقب وہ نام جس کے معنی تعریف یا مذمت
کے نکلیں وصفی نام

لقطہ وہ جائداد جو ایک شخص پاوے اور جب
تک کوئی وارث پیدا ہو اس کو اپنے قبضہ میں
رکھے اور گواہوں کے روبرو اس دینے کا اقرار
بیان کرے کسی کی گری پڑی چیز جو زمین
سے اٹھائی جاوے اور اس میں ضرور ہے
کہ اس کے مالک کی تلاش کر کے حوالہ کردے

تشریح اب ایسی چیز۔ مینیجر فوراً تھانہ
میں رپورٹ کر کے وہاں ہی جو چیز پائی ہے
سپرد کر دیوے اپنے پاس رکھنے کی کچھ ضرورت
نہیں ہے ورنہ مجرم ہوگا۔

لکھراؤں سڑک کے دور ویہ درخت
وہ درخت جو سڑک کے دونوں طرف موجود
ہوں

لگان وہ ہے جو مالک اور زمیندار کاشت
کاران اور اسامیاں اور کاشتکاران تکمی
سے لیتے ہیں اس سے مراد ہے جو بابت
دخل یا استعمال اراضی واجب الادا ہو یا کوئی شئے
جو دخل اراضی یا بابت استعمال یا دخل
اس کے واجب الادا ہو۔ حصہ پیداوار اراضی
یا زر واجب الادا بابت استعمال یا مقابضت
اراضی یا آب پاشی۔ وہ چیز جو کہ اسامی بابت

دخل یا استعمال اراضی مقبوضہ اپنی کے ادا
کرے - لگان اسے کہتے ہین کہ جو کاشتکاران
مالک کو ادا کرتے ہیں - لگان سے مراد اس چیز
پیداوار خام کی ہے جو زمیندار حاصل کرتا ہے
اسے گورمنٹ کہتے ہین - اس سے مراد
وہ چیز ہے جو کوئی اسامی بابت اراضی
کے حقیت مقبوضہ یا استعمال یا دخل کے ادا کرے
ادا کرتا ہے یا حوالہ کرے - زرآمدنی جو زمین
سے ملتا ہے اسکو لگت اور لگتی اور زبہج
بھی کہتے ہیں - جمع خوش حیثیتی - محصول
مالک اراضی - لگان مین خدمت بھی شامل ہے

تشریح لگان سرسری اور جمع سرسری میں یہ فرق
ہے کہ پہلے کی پیداوار لکھی جاتی ہے اور
دوسرے کا سرکاری حصہ لکھا جاتا ہے -
لگان سے ہر ایسی شئی مراد ہے جو رعیت سے
بابت استعمال یا تصرف اس زمین کے
جو اسکے قبضہ مین ہو بشرح زر نقد یا جنس یا
بذریعہ خدمت واجب الادا ہو -

تشریح (۲) لگان اور مالگذاری میں یہ فرق ہے
کہ لگان مالک کاشتکار سے لیتا ہے اور
مالگذاری مالک براہ راست سرکار مین
ادا کرتا ہے

لگان اراضی حسب ایکٹ مزارعان اس لفظ سے
ایسا معاملہ اراضی مراد ہے جو کسی قانون
نافذ الوقت کی رو سے تشخیص کیا گیا ہو
یا بروے ایکٹ لگان اراضی پنجاب قابل ...
ہو اسمین دوسرے اشیا بھی شامل ہیں -

لگان کھجور - یہ بھی لگان اراضی مین شامل ہے

لگان لگت - لگان، جو ایک علاقہ یا کھیت پر
لگایا گیا ہو -

لگت - لگان - (دیکھو لگان)

لگتی - لگان (دیکھو لگان)

لمبردار - وہ مالک جو محال کی مالگذاری بالاتو
دوسرے کے ادا کرتا ہو - وہ متعہد جو بابت
سرکار اور رعایا کے ادا ے مالگذاری کاشتکاران
کا تعہد اور ذمہ رکھتا ہو - لمبردار وہ ہے کہ اپنی
طرف یا شرکا کیجانب سے تعہد مالگذاری
سرکار کا کرتا ہے - زمیندار جو کہ خواہ اپنے حساب
مین یا گاؤن کے دوسرے کسانون کی طرف
سے گورنمنٹ کا حق ادا کرتا ہے اور جو کہ کلکٹر
کے رجسٹر مین اپنے اپنے نمبر کے مطابق درج
ہوتا ہے بطور دوسرون کی قائمقامی کے

تشریح یہ لفظ صحیح نمبردار ہے اور غلط العام لمبردار ہے
عام لوگون کی سہولت کے واسطے یہان غلط العام
کے مطابق ل کی تختی مین درج کردیا گیا ہے
(دیکھو نمبردار)

لمبرداری - عہدہ لمبردار - وہ اسامی جسپر نمبردار
مقرر ہوتا ہے - ڈیوٹی نمبردار -

تشریح یہ بھی نون سے نمبرداری صحیح اصل ہے
بطور غلط العوام لکھدیا ہے -

لن ترانی - اسکا لفظی ترجمہ یہ ہے کہ ہرگز نہ دیکھے گا تو اور مجازاً بمعنی اپنی تعریف آپ کرنے کے بھی مستعمل ہوتا ہے - لاف -

لنگر - ایک بوہا ہوتا ہے بڑا ذرنی جسکے سبب سے جہاز اور کشتی کو چلنے سے روک دیتے ہین - وہ جگہ جہان پر غریبون اور محتاجون اور مسافرون کو کہانا تقسیم ہو - وہ کہانا جو محتاجون کو تقسیم ہو

لنگوری - مال مسروقہ کی برآمدگی مین کچھ امداد کرنا -

لواحق - جمع ہے لاحق کی - ملازمین متعلقین رشتہ دار - کمین لوگ - سقا - نائی - دہوبی وغیرہ -

لوازم - خدمات - کام - ضروریات - سامان -

لوازم منصبی - منصبی کام - فرایض منصبی - سرکاری خدمات - پبلک ڈیوٹی - کام جو کسی شخص پر باعتبار اسکے عہدے کے لازم ہین -

لواطت - اغلام کرنا - اغلام کرانا -

لوطی - اغلام کرنے والا - لواطت کرنے والا -

لوکل - ایک جگہ کے متعلق - جو ایک شہر یا ضلع پر محدود ہو -

لوکل ریٹ - یہ ایک قسم کی رقم ہوتی ہے اس کی نسبت رزولیوشن گورنمنٹ نمبر ۴۸۴ مورخہ ۲۴ ستمبر ۱۸۹۳ع مین کافی تشریح ہے چنانچہ اسمین ہدایت ہے کہ ڈسٹرکٹ فنڈ کی آمدنی بقدر دس فیصدی کے سرمایہ جمع رہے -

لوکل ریجنٹی - کمیٹی نزدل -

لوکل فنڈ - اس سے مراد ایسا فنڈ ہے جو زیر نگرانی و اہتمام مجمع حکومت مقامی کے ہو -

لوکل گورنمنٹ - اس لفظ سے وہ شخص مراد ہے جو امور ایگزکٹو گورنمنٹ عمل آوری کا مجاز ہو وہ شخص جو امور ایگزکیٹو تعلق کرینگا اس حصہ مین مجاز ہو - حسب ایکٹ سراو پڑا اس سے مراد وہ شخص ہے جو اس مقام مین انتظام حکومت عاملانہ کا کرتا ہو اور چیف کمشنر و کمشنر سندہ اور حسب ایکٹ عبارات عامہ جو برٹش انڈیا کے اس حصے مین جسمین وہ ایکٹ نافذ ہوا قانوناً مجاز حکومت عاملانہ کا ہو مع چیف کمشنر حسب ایکٹ استحقاق وراثت ہندیہ لفظ اس شخص پر دلالت کریگا جو برٹش انڈیا کے کسی جز مین امور ایگزکیٹو الف گورنمنٹ کی تعمیل کرنے کا قانوناً مجاز ہو اور حسب ایکٹ توسیع اختیارات کمپنی لمیٹڈ بعض مقامات ہند اس سے ہر جزو برٹش انڈیا مین جہان ایکٹ مذکور نافذ ہو وہ شخص یا اشخاص مراد ہین جو قانوناً مجاز انتظام امور حکومت عاملانہ کے اس جزو مین ہون -

لوہامحال - وہ محصول جو لوہے کی کانوں اور دھات وغیرہ کے گیلانے سے وصول ہو

لہذا - اسی واسطے ل کے معنی واسطے اور ہذا کے معنی اس

لیاقت استعداد - حوصلہ

لیبل لائبل } تحریری الزام - کوئی ہتک آمیز تحریر جو بدنیتی سے شایع کی گئی ہو

ہتک عزت - ازالۂ حیثیت عرفی

لے بھاگنا کسی کو بلا رضامندی اُس کی یا اُس کے ولی مجاز کی ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا - یہ اُس وقت کہا جاے گا جب بلا رضامندی خاص ایسے شخص کے کہ جس کو بھگایا جاے بشرطیکہ رضامندی اُس کی قابل پذیرائی ہو یا بلا رضامندی والدین یا مربی اطفال کے جو نابالغ ہوں

لیٹر آف کریڈٹ - ایک مہاجنی رقعہ جس میں مکتوب الیہ کو یہ لکھا ہوتا ہے کہ اس کے حامل (اٹھالانے والا یعنی لانے والا) فلاں نام کو حسب الطلب اُس کے اسقدر روپیہ تک دے دو ہنڈوی

لیٹر بکس - چٹھی ڈالنے کا صندوق

تشریح لیٹر معنی چٹھی اور بکس معنی صندوق یہ ڈاک خانے کے صندوقچے ہوتے ہیں جو شارع عام اور بازاروں میں لگائی جاتی ہیں اور غیر رجسٹری شدہ چھپات ان میں ڈالی جاتی ہیں اور ایک خاص بڑا صندوق ہوتا ہے جو ڈاک خانے کی دیوار میں گاڑا جاتا ہے۔

لیٹرز آف ایڈمنسٹریشن - اس میں ہر قسم کا لیٹرز آف ایڈمنسٹریشن عام ہو یا خاص یا کسی وصیت سے منسلک ہو داخل ہے

لیجس لیٹو - قانون بنانے اور جاری کرنے والے

لیسنس یا لائی سنس } اجازت نامہ - اجازت کی سند - پٹہ

تشریح اس لغت سے عموماً ان چیزوں اور اسناد سے مراد ہوتی ہے جس کی فیس داخل کر حسب ضابطہ لینے کے سوا ان اشیا کی لین دین اور استعمال اور ساخت وغیرہ کا اختیار نہو جیسے اسلحہ اور آتش کے سامان وغیرہ کا اجازت نامہ

م

مات - جاے بازگشت - وہ جگہ جہاں آدمی لوٹ کے جاوے جیسے اپنا گھر

مابعدالوقت وقت کے بعد ٹھیک وقت کے پیچھے

مابقی کسی چیز کا باقی بچا ہوا اور یعنی پس خوردہ کے بھی مستعمل ہے یعنی آگے کا چھوٹا کھانا جو بچ رہے بقایا۔ باقی رہا ہوا بچا ہوا

تشریح ۔ عربی لفظ ہے ما موصولہ یعنی وہ اور بقا صیغہ ماضی مطلق یعنی باقی رہا یعنی جو کچھ باقی رہا ہو۔

مابہ الاحتظاظ وہ شے جس سے حظ اٹھایا جائے ۔ رشوت پر بولا جاتا ہے۔ وہ شے یا امر جس سے کسی شخص کو حظ حاصل ہو نہ صرف وہ شے باعث احتظاظ مراد ہے جو زر سے متعلق ہو یا جس کی قدر کا تخمینہ زر سے ہو سکے۔

تشریح۔ عربی لفظ ہے ما موصولہ یعنی وہ چیز ب کے معنی سے ہ کے معنی اس احتظاظ مصدر یعنی لذت اٹھانا۔ مزہ لینا بہت مند ہونا ہے یعنی وہ جس سے مزہ اٹھایا جائے۔ مُراد رشوت ہے

مابہ الاحتیاج جس چیز کی حاجت ہو

تشریح ۔ عربی لفظ ہے ما موصولہ یعنی وہ چیز ب کے معنی سے ۔ ہ کے معنی اس احتیاج مصدر ہے یعنی حاجت ہونا کسی چیز کی خواہش ہونی

مابہ الامتیاز جس چیز سے تمیز ہو جس چیز سے فرق ہو

تشریح ۔ عربی لفظ ہے ما موصولہ یعنی وہ چیز ب کے معنی سے ہ کے معنی اس امتیاز فرق کرنا۔ تمیز کرنا

مابہ النزاع ۔ متنازعہ فیہ۔ وہ چیز جس پر جھگڑا ہو۔ وہ امر جس کی نسبت جھگڑا ہوتا ہے

تشریح ۔ عربی لفظ ہے ما موصولہ یعنی وہ چیز ب کے معنی سے ہ کے معنی اس انتزاع کے معنی آرزومند ہونا۔ جھگڑا ارزومندی آپس میں خصومت اور دشمنی کی بات سے کشاکش کرنا۔

مابین اثنا۔ درمیان۔ بیچ۔ یہ عربی لفظ ہے ما موصولہ یعنی وہ چیز بین کے معنی درمیان یعنی درمیان اس چیز کے

ماتحت نیچے تابع ما کے معنی وہ تحت کے معنی نیچے

ماتقدم ۔ وہ چیز جو پہلے گذر چکی

تشریح ما موصولہ یعنی وہ چیز تقدم صیغہ ماضی مطلق جس کے معنی گذر چکا ہے

ماتھا گوندھنا ۔ دائم الحبس شخص کی پیشانی پر خاص علامت کر دینا۔

تشریح عبور دریائے شور یعنی کالے پانی اور جزیرہ انڈمن میں بھیجنے کے وقت مجرم کی پیشانی پر ایک خاص داغ دیا جاتا ہے تا کہ کسی فریب سے اپنے وطن کو واپس نہ آ جائے

ے وقت نشانِ مذکور سے پہچانا جائے۔

ماجرے۔ واردات۔ وہ چیز جو گذر گئی ہو۔ سرگذشت زمانہ گذشتہ کا حال۔ قضیہ۔ حال۔

تشریح۔ ما کے معنی وہ جری صیغہ ماضی مطلق بمعنی جاری ہوا۔ مراد واردات

ماجور۔ اجر دیا گیا۔ نیک بدلہ دیا گیا۔ ثواب دیا گیا۔

تشریح۔ یہ اجر بمعنی ثواب۔ انعام۔ مزدوری کا اسم مفعول ہے۔

ماحصل۔ محصول۔ حاصل کی ہوئی شی۔ خلاصہ۔ پیداوار۔ نتیجہ۔ نزلٹ انجام۔ ما بمعنی وہ اور حصل ماضی مطلق بمعنی حاصل ہوا۔

ماحضر۔ فارسیون کے تصرف سے اسکا استعمال قلیل طعام اور بے تکلف طعام پر آتا ہے جو بروقت ضرورت اور حاجت موجود ہو۔ جو حاضر ہو۔ جو شے کہانے وغیرہ کی موجود ہو۔

تشریح۔ ما کے معنی وہ اور حضر صیغہ ماضی بمعنی موجود ہوا۔

ماخذ۔ جگہ اخذ کی۔ وہ جگہ جہان سے کوئی چیز لین جیسے بولتے ہین ماخذ قانون۔

ماخذہاے قانون۔ قانون کے نکلنے کے مواقع

ماخوذ۔ گرفتار۔ وہ شخص جسکے ذمہ جرم یا الزام کا ثبوت ہو چکا ہو۔ پکڑا گیا۔ لیا گیا۔

تشریح۔ یہ اخذ بمعنی لے لینا۔ پکڑنا۔ اختیار کرنا کا اسم مفعول ہے جیسے بولتے ہین فلان شخص فلان جرم مین ماخوذ ہوا۔

مادام۔ تا وقتے۔ مدام۔ ہمیشہ۔

تشریح۔ یہ افعال ناقصہ مین سے ہے جیسے مادام الحیات پھر ایسا جرم نہین کرونگا

مادر بخطا۔ ایک گالی ہے یعنی تیری مان حرام کار تھی۔

مادر زاد۔ وہ بچہ جو اپنی مانکا جنا ہوا ہو۔ اور وہ عیب یا خوبی جو پیدایشی ہو۔ پنجابی مین یہ بھی ایک قسم کی گالی ہے۔

مادر رضاعی۔ انا۔ دودھ پلانے والی جو اصلی مان کے سوا ہو۔ وہ عورت جسکا کسی شخص نے سوا اپنی مان کے دودھ پیا ہو نا ہن سرمور کی بولی مین اسکو جنگھالی بھی کہتے ہین

تشریح مادر کے معنی مان رضاع کے معنی بچون کا دودھ پینا۔ شیرخوارگی۔ اسمین ی نسبت کی ہے۔ محمڈن لا مین بچے کی شیرخوارگی کی مدت دو برس تک رکھی گئی ہے

مادر علاتی۔ سوتیلی مان۔

تشریح مادر کے معنی مان علات کے معنی سندان جسپر لوہا پیٹا جاتا ہے۔ ہندی مین اسکو نہائی اور آہرن کہتے ہین۔ یہ آہرن سختی مین ضرب المثل ہے چونکہ سوتیلی مان بھی عموماً اپنی سوتیلی

- اولاد سے نہایت بدسلوکی اور سختی سے پیش آیا کرتی ہے اسلیے اسکو اسیران سے تشبیہ دیکر مادر علاتی کہا اور یہان بی نسبت کی ہے -

مادری - جو ماںکی طرف منسوب ہو - ماںکی - ان کا - جیسے مادری جائداد -

مادہ - ہیولی - اصل ہر چیز کی - ترکیب ہر شے کا سامان - استعداد - وہ چیز جس سے کوئی دوسری چیز بنائی جاے وہ چیز جو محسوس ہوسکے اور کبھی یہ لفظ بمعنی باب اور مقدمہ کے بھی مستعمل ہوتا ہے جیسے در مادہ فلان یعنی فلان باب مین - مقابل نر مؤنث -

مارپیٹ - زد و کوب - اگر سوا اُنکے کہ جنکے آپس مین جھگڑا ہوا ہو کسی دوسرے ضرر پہنچنے کا گمان ہو تو صرف مارپیٹ ہے -

مارنا - ضرب لگانا - چوٹ لگانا - ضرب خفیف ہو یا شدید اثار ضرب ظاہر ہون یا نہون -

مارڈالنا - جان سے ماردینا - قتل کردینا - جیتا نہ چھوڑنا - ہلاک کرنا -

ماسبق - گذشتہ - جو پہلے گذر چکا - پہلا - گذرا ہوا - مذکورہ بالا -

تشریح ما کے معنی وہ سبق صیغہ ماضی بمعنی پہلے گذر چکا - عربی مین ق کی تشدید ظاہرا طور پر بولی جاتی ہے فارسی مین بجاے فتح کے سکون ہے -

ماسک - ماہانہ - ماہوار - مشاہرہ -

ماسکبا - ماہواری نقشہ -

تشریح اس مین عموماً نو خانے ہوتے ہین جن مین تعداد ملازمان و پیادگان و تعداد مشاہرہ و کیفیت وغیرہ درج ہوتی ہے - مگر نو کی قید ضروری نہین اسلیے کہ تغیر تبدل ہوتا رہتا ہے اور خانے گھٹتے بڑھتے رہتے ہین -

ماس بماس - ماہ بماہ -

ماسوا - سوا - بغیر - علاوہ ازین - علاوہ اصطلاح مین سواے خدا تعالےٰ کی تمام مخلوقات اور موجودات کو کہتے ہین قواعد مین یہ حرف استثنا ہے -

ماصدق - وہ چیز جو صادق آئے اور محاورہ مین بمعنی مضمون اور معنی کے مستعمل ہے

ماضی - گذرا ہوا زمانہ - گذشتہ -

تشریح - مضی کا اسم فاعل ہے جس کے معنی گذرنا ہے

مافات - جو چیز فوت ہوگئی - وہ چیز جس کے کرنے کا وقت گذر گیا - منقضی المیعاد -

تشریح - عربی لفظ ہے ما کے معنی وہ فات کے معنی فوت ہوا - ماضی مطلق ہے -

مافی الضمیر۔ منشا ارادہ نیت مطلب۔
مقصد خواہش
تشریح ما کے معنی وہ فی کے معنی بیچ
اور ضمیر کے معنی دل یعنی جو کچھ کہ دل مین ہو
ماکول۔ کھایا گیا۔ کھانے کی چیز۔ وہ چیز جو
کھائی جاے
تشریح یہ عربی لفظ ہے اور اس کی
اصل اکل یعنی کھانا ہے۔ یہ اکل کا اسم
مفعول ہے
ماگھات۔ وہ زمین جو ماگھ کے مہینے مین
آئندہ فصل کے واسطے توڑی جاے
مال۔ روپیہ۔ جائداد۔ دولت۔ اسباب
زمین کا لگان۔ دھن دولت۔ اس کی تشریح
مین نہ صرف وہ مال داخل ہے جو ابتداءً
کسی فریق کے قبضہ مین ہو بلکہ جو اس سے
بنایا یا بدل لیا گیا ہو یا اس بنانے یا بدلنے
سے حاصل کیا گیا ہو داخل ہے۔
تشریح مال کو مال اس لیے کہتے ہین کہ
طبیعت انسان کی اس طرف مائل ہوتی ہے
مال سائر۔ متفرق مال۔ متفرق روپیہ لگان
ارضی جو رواج وغیرہ کے ذریعے سے
حاصل کیا جاے۔ محصول و متفرق آمدنی
جنگلی بعلاوہ آمدنی زمین
مال شراکتی۔ وہ مال جو کہ سرمایہ شراکتی مین
ابتداءً داخل کیا جاے یا نہ نقد متعلقہ
شراکت سے خرید یا کاروبار شراکتی کی غرض
کے لیئے حاصل کیا جاے
مال ضامن۔ وہ شخص جو اس طرح اقرار
کرے کہ اگر یہ شخص بھاگ جاے گا تو مین
اپنا مال یا روپیہ سرکار مین حاضر کرونگا
مال ضامنی۔ ضمانت مال کی دینا۔ یعنی اپنا
مال بھر دونگا۔
تشریح ضامنی کا لفظ فصحا کی سند کے
قابل نہین یہ عوام کی بولی ہے۔
مال غیر منقولہ۔ وہ مال جو ایک جگہ سے
دوسری جگہ نہ لے جا سکین۔ جیسے زمین
مکان (دیکھو جائداد منقولہ و غیر منقولہ)
مال لاوارثی۔ وہ مال جس کا کوئی وارث
اور مالک نہو۔ اس مین ی نسبتی کا لحوق
عبث ہے۔
مال مسروقہ۔ چرایا ہوا مال۔ چرایا گیا
مال وہ مال جس کا قبضہ سرقہ یا استحصال
بالجبر یا سرقہ بالجبر کے ذریعے سے منتقل ہوا
ہو اور وہ مال جو تصرف بیجا مجرمانہ مین
لایا گیا ہو یا جس کی نسبت خیانت مجرمانہ کا
ارتکاب ہوا ہو۔ برٹش انڈیا مین ہو یا باہر
مال مشتبہ۔ وہ مال جس کی بابت اشتباہ
ہو۔ شبہہ والا مال۔ ایسا مال جس مین
مال سرقہ وغیرہ کا اشتباہ ہو وہ مال جس کی
ناجوازی کا شبہہ ہو

تشریح - مشتبہ بمعنی شبہ کیا گیا شکی یہ اسم مفعول اشتباہ کا ہے

مال مفروقہ - فرق شدہ مال - فرق کیا گیا مال

مال منقولہ وہ مال جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا جا سکے وہ مال جو منتقل ہو سکے اس میں ہر قسم کا مال و اسباب ادنی و اعلی ہے سوائے زمین اور ان چیزوں کے جو زمین سے ملصق ہوں یا کسی ایسی چیز سے بالاستحکام پیوستہ ہوں جو زمین سے ملصق ہے

تشریح منقولہ کے معنی نقل کیا گیا - یہ نقل کا اسم مفعول ہے -

مال وقف - وقف کا مال - وہ مال جو مذہبی اغراض کی نذر کیا جائے یا مذہبی اخراجات کے واسطے مخصوص ہو

تشریح وقف کے معنی کسی جگہ کھڑا ہونا کلام میں توقف کرنا - ٹھہرنا - کھڑا ہونا - جاننا خبردار ہونا - وہ چیز جو کسی کی ملک میں نہو یعنی راہ خدا میں اُس کو دے ڈالا ہے اور کبھی بمعنی مطلق عطا و بخشش کے مستعمل ہوتا ہے -

مال گذار معاملہ ادا کرنے والا اپنے حصہ یا کئی حصوں کا معاملہ ادا کرنے والا - اُن سب لوگوں کو کہتے ہیں جو سرکاری زر مال گذاری ادا کرتے ہیں -

تشریح محاورے میں کسی کو مال گذار کہنا مالک ہونے کے برابر ہے - چاہئے کہ مال گذار ہونے سے وہ تعلقہ محال کا مالک متصور ہوتا ہے زمین پر شرح رسدی یا پٹیداری محال کے اندر ایک قطعہ زمین کا مالک ہوتا ہے سرکاری محصول دینے والا - جو سرکاری زر مال گذاری ادا کرتا ہے اس میں مالک شامل ہے -

تشریح ۲ اس کو زائے معجمہ سے بھی لکھتے ہیں - مگر ذ معجمہ سے زیادہ مروج ہے

مال گذاری - سرکاری زمین وغیرہ کا محصول ادا کرنا - زر جمع الادا سرکار بابت ارضی اس سے مراد اُس جزو معاملہ کی ہے جو سرکار یا اُس کے جاگیردار لیتے ہیں - معاملہ جیسے مال گذاری سرکار -

تشریح اس کو ز معجمہ سے بھی لکھنا درست ہے گو زیادہ مروج ذ معجمہ سے ہے -

مال پہونچانے والا - جو دوسرے شخص کے مال کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کا کفیل ہو - یہ لفظ لغت قانونی مصنفہ ولسن صاحب سے لیا گیا ہے

مالا کلام - جس میں کچھ کلام باقی نہو -

تشریح - ما کے معنی وہ - لا کے معنی نہیں یعنی جس میں بحث کی ضرورت نہ پڑے

مالامال - کثیر - بہت - مجازاً بمعنی - بھرا ہوا -

لباب لب -

تشریح صاحب غیاث کی رائے ہے
کہ مالامال میں مال مصطلح اہل حساب ہے
کہ جب ایک عدد کو فی نفسہ ضرب دیں
حاصل ؛ مال ہے ؛ پس مالامال بالف اتصال
بمعنی مال با مال ہے - اسی سے کثرت مال
مفہوم ہو گئی جب اجتماع مالوں کو کثرت
لازم ہے اسلئے کہ فی نفسہ ضرب دینے سے
غیر متناہی تسلسل ہو سکتا ہے اس سے
بمعنی وافر اور زیادتی کے ہوئے اور زیادتی
سے موجب بُری طرف کا ہونا ہے - بنا برین
بمعنی بری آتا ہے گویا کہ یہ مجاز در مجاز ہے
بعض کہتے ہیں اس ترکیب میں مال مخفف
مالی ہے جو ملا کا اسم فاعل ہے - ہمزہ اسم
فاعل بباعث کسرہ ماقبل ی ہو گیا مالی ہوا
پھر کثرت استعمال سے ی گر گئی جیسے لفظ
صافی سے ی گر گئی مال بمعنی پُر ہوا پھر
الف اتصال لاحق کیا پس لفظ مالامال
بمعنی پُر با پُر ہوا -

مالایطاق - وہ کام جس کے کرنے کی طاقت
اور قدرت نہو -

مالایحل - وہ چیز جو قابل کھلنے کے نہو - وہ
چیز جو قابل حل ہونے کے نہو - مجازاً بمعنی
دکھٹن سخت - دشوار -

مالایعنی - بیہودہ - وہ چیز جس سے کسی کی
کچھ مراد نہو - بیکار - بیفائدہ - جہل عبث -

مالک - خداوند - آقا - لفظ مالک میں وہ شخص
بھی داخل ہے جو وقت موجودہ کے لیے
اراضیات و مکانات رکھتا ہو وغیرہ یا ایسی ہے
کسی کی آمدنی لیتا ہو - وہ شخص جو زمین کی حقیقت
قابل وراثت اور انتقال کے - کہتا ہے اگرچہ
جن محالات میں حقیت کے اقسام مختلف ہوں
حق اعلے یعنی تعلقہ داری یا ادنے یعنی بسوہ
داری پر قابض ہے اور جن محالات میں ایک ہی
قسم کی حقیت ہے گو خود سرکار کے ساتھ
تعہد کرتا ہے یعنی سرکار کی طرف سے بصیغہ نمبرداری
یا شریک شکمی ہے یعنی پٹی دار - حسب ایکٹ شناگوان
اسمیں متعدد مذکر مونث سند یافتہ و غیر سند یافتہ
شامل ہیں - حسب ایکٹ لگان ملک اودھ مالک
حق اعلی سوا ے مالک ادنی -
فیصلہ چیف کورٹ و پنجاب مقدمہ نمبری مال ۹۶
میں مندرج ہے کہ مالک کو جس طور سے کہ افسران
بند و بست کام میں لائے ہیں وہ چند معنی کو حسب
تصریح میجر کریکرافت صاحب شامل ہے اور حسب
تجویز صاحب موصوف کے بہت سے
معافی داران دیہہ اور وہ ایسے یعنی
ضبطی اُن کی باخراج زمین کے مالک لکھے
گئے ہیں جنکے لیے کبھی مقصود نہ تھا کہ
اون کو اراضی شاملات گاؤں میں حصہ
دیا جاوے -

لفظ مالک میں وہ مرتہن بھی شامل ہے
جو مالک کی طرف سے قابض ہو نمبر ۳۹
پنجاب ریکارڈ شدہ ع

مالک ادنیٰ - چھوٹا مالک اور حسب یک لگان
مالک ادنیٰ وہ شخص ذمہ دار ادائے لگان اراضی
ملکیت قابل توریث و انتقال حق خود بشو-
دار- یہ رواجی لگان مالک اعلیٰ کو دیتا ہے-
یہ قابض اراضی ہوتا ہے یا خود کاشت کرتا ہے
یا مزارعے سے کرواتا ہے-

مالک اراضی - وہ شخص جس کا مواخذہ ادائے لگان
مالک ادنیٰ یا رعیت پر عاید ہوتا ہے۔ زمین کا
مالک - شخص مستحق یافتگی لگان ذمگی رعیت
اس میں ایک ایسا شخص بھی شامل ہے جس کو
قبضہ منتقل کیا گیا ہو-

تعلقہ دار - اعلیٰ درجہ کا مالک - یہ رواجی لگان
مالک ادنے سے لیتا ہے-

مالک حقیقی - اصلی مالک - نیز جو از روے حق
کے مالک ہو-

مالک خود کاشت - وہ مالک جو اپنی زمین آپ
بوتا ہو -

مالک درجہ اول - وہ ہے جس کا نام کاغذات
بندوبست میں مالک دیہہ لکھا گیا ہے
جو اول درجہ کا مالک ہو-

مالک زمین - زمین کا مالک اس سے وہ شخص
مراد ہے جو لگان لیتا ہے-

تشریح - اسمیں کوئی رعیت یا کوئی مفوض الیہ
معاملہ زمین داخل نہیں ہے - مگر اسمیں ایسا
شخص داخل ہے جسکے نام برائے وصول
کرنے باقی معاملہ زمین ایسی رقم کے جو مثل
باقی مذکور قابل وصول ہو کوئی کھاتہ ملکیت
حسب ایکٹ کے قانون متعلق مالگذاری ملک
پنجاب انتقال کیا گیا ہو جسکو برائے وصول
رقوم مذکور الصدر محال یا کھاتہ ملکیت بطور
تاجیری اجارہ پر دیا گیا ہو - اور اسمیں ہر ایسا
شخص بھی داخل ہے جسکا قبل اسکے ضمن میں
ذکر نہیں اور جو کسی محال یا اسکے حصہ یا جزو کا
قابض ہو یا جو کسی محال کے منافع کے کسی جزو کا
فائدہ اٹھاتا ہو مفوض الیہ سے وہ شخص مراد ہے
جسکے نام زمین کا معاملہ منتقل کیا گیا ہو اور ایسا
شخص مالک زمین مرتہن ہے ∴

مالک زمین اعلےٰ - اعلےٰ زمین کا مالک -

مالک شرعی - جو از روے شرع کے مالک ہو -

مالک شکمی - تابع مالک - درمیانی مالک
بالواسطہ مالک -

مالک غیر مزارع - وہ شخص جو مالک تو ہو مگر
زراعت نہ کرتا ہو-

مالک مقرریدار - وہ قابض مالک جو کسی علاقہ
کے ایک مستقل شرح مالگذاری ادا کرتا
ہو-

مالک مندرجہ کاغذات - وہ مالک جو سرکاری کاغذات میں درج ہو۔

مالکان قبضہ - اس قسم کے مالک ہیں جن کا حق عموماً صرف اپنی اراضی مقبوضہ میں ہوتا ہے اور بعض صورتوں میں آمدنی اراضیات شاملات سے بھی حصہ پاتے ہیں اور چراگاہ میں سے لکڑی اور گھاس حسب ضرورت لے سکتے ہیں لیکن سوائے رواج خاص کے مستحق نہیں کہ بروقت تقسیم اراضی شاملات کے حصص اراضی طلب کریں اور یہ لوگ سوائے معاملہ سرکاری اور ابواب دیہی کے اور کسی رقم کے واسطے ذمہ وار نہیں ہوتے

مالکان کامل - جو علاوہ کامل حقوق ملکیت کے حصہ دار حقوق سرانق کے ہوتے ہیں

مالکانہ - مالکوں کے طور پر - ایک الاونس جو مالک اپنی رعایا یا موروثیوں سے لیتے ہیں - مالک ہونے کا حق - اس سے مراد معاوضہ لگان کی ہے

مالکانہ رسوم - مالکوں جیسے رسوم - وہ رسوم یا کمیشن جو حق مالکانہ مقرر ہو

مالکیت - مالک ہونا - الک میں بعض عوام لوگ بجائے ملکیت کے بولتے ہیں جو فصیح نہیں -

مالیت - وصف - دولت - زر نقد - مول

تشریح لفظ مالیت سے جب اس کا استعمال بتعلق کسی نالش کے کیا گیا ہو "تعداد مالیت شے مدعا بہا" مراد ہے نہ کہ وہ مالیت جو بنا بر اغراض رسوم عدالت ہو - یہ حالت اختیارات صیغہ اپیل کے استعمال کرنے میں ہے

مالیت سالانہ - اس سے مراد دو چند مال گذاری یا بصورت بندوبست استمراری یا معافی دو چند اس تعداد کا جو بصورت تشخیص یا ترمیم جمع اس محال پر دینی پڑتی ہے - یا یوں کہو کہ اس سے مراد دو چند تعداد مال گذاری یا درصورت محال بندوبست استمراری یا معافی مال گذاری کے دو چند اس تعداد کا ہے جو درصورت تشخیص جمع ترمیم جمع کے اس محال پر دینی پڑتی -

مالیتی - قیمتی -

ماضی - جو گذر گیا ہو - گذشتہ -

تشریح ما کے معنی وہ - اور مضی صیغہ ماضی مطلق جس کے معنی گذر چکا -

مامن - جائے امن - آرام کی جگہ

مامور حکم دیا گیا - مقرر کیا گیا - یہ امر کا اسم مفعول ہے -

مامول - امید - امید کیا گیا یہ امل کا اسم مفعول ہے

مانع - روکنے والا - روک جیسے مانع اجرائے

ذکری۔ منع کا اسم مفعول ہے

مانوس۔ جس چیز سے محبت ہو گئی
ہو۔ خوگیر۔ پسند۔ مرغوب۔ یہ انس کا اسم
مفعول ہے۔

ماورائے۔ وہ چیز جو کسی چیز کے پیچھے ہو
سوائے۔ علاوہ۔ یہ حرف استثنا ہے

ماہ۔ مہینہ۔ جیسے تنخواہ ماہ بماہ ادا ہو۔

ماہانہ۔ ماہواری۔

ماہر۔ واقف۔ کسی کام میں بڑا استاد

ماہوار۔ مہینے کے مہینے جو ماہ بماہ ملے
مشاہرہ۔ تنخواہ۔ ہر مہینے

ماہیانہ۔ مہینے کا۔ ماہواری مشاہرہ۔ درماہہ
مواجب تنخواہ۔

ماہیت۔ حقیقت شے

تشریح۔ اس کی اصل ماہی ہے لفظی ترجمہ
اس کا "کیا ہے یہ" اس پرت بڑھا کر
مصدر بنا لیا ہے یہ مصدر جعلی ہے

مایقرأ۔ جو پڑھا جا سکے۔ جس کو آدمی پڑھ سکے

تشریح ما کے معنی وہ۔ یقرا مضارع مجہول
ہے قرأۃ سے بمعنی پڑھنا۔

مائل۔ متوجہ۔ میل کرنے والا۔ خواہش کرنے
والا۔ شائق۔ جھکا ہوا۔

مایوس۔ ناامید۔ بے آس۔ وہ چیز جس کے
ملنے کی امید قطع ہو گئی ہو

تشریح اگرچہ یہ لغت کلام عرب میں نہیں
آیا ہے مگر اردو و فارسی میں بہت مستعمل ہے

مباح۔ جائز رکھا گیا۔ حلال کیا گیا۔ جائز۔ روا
درست۔

مباحثہ۔ باہم بحث کرنا

مبادا۔ خدا نکرے کہ ایسا ہو۔

مبادلہ۔ بدلا کرنا۔ باہم بدلا۔

مبادرت۔ شتابی کرنا۔ جلدی لے جانا۔ کسی
کام میں دیری کرنا۔

مباشرت۔ عورت سے جماع کرنا۔

مباینت۔ جدا ہونا۔ ایک دوسرے سے
علیحدہ ہونا۔ دوری۔ جدائی

مبحث۔ جائے بحث۔ مقام بحث

مبدا۔ شروع کرنے کا مقام۔ ظاہر کرنے کی جگہ
جائے ظہور۔

مبدل۔ بدلا ہوا۔ بدلا گیا۔

مبذول۔ خرچ کیا گیا۔ قبول کیا ہوا۔ بخشی
ہوئی چیز۔

مبرا۔ بری۔ پاک۔ پاک کیا گیا۔ بیزار شدہ۔
دور شدہ۔ بیزار

مُبصر۔ بینائی والا۔ پہچاننے والا۔ پرتال کنندہ
یہ اسم فاعل ہے تبصیر سے جس کا مادہ
بصر ہے

مبصری۔ بھی پرتال لینے والا۔ بھی پہچاننے
والا۔ اگزمینر

مُبطل۔ باطل کرنے والا۔ یہ اسم فاعل ہے

اسکی اصل ابطال ہے۔

مبلغ - رقم - زر نقدی - جگہ پہنچنے کی - مقام - حد نہایت - مقدار - اور معنی تھوڑا ہے اور بسیار کے بھی ہے۔

تشریح - یہ مصدر میمی بھی ہے جو زر نقد کی صفت میں بمعنی اسم مفعول واقع ہوتا ہے یہ ایک منشیانہ اصطلاح ہے جو روپیہ کے ساتھ مستعمل ہوتی ہے جیسے راس چارپایہ وغیرہ کے کیواسطے۔

مبنیٰ جگہ بنا کی - مقام بنیاد کسی چیز کا موقوف

مبہم - پوشیدہ - کار فروبستہ - کلام مبہم وہ جو کسی طرح دریافت نہو سکے - اسکا گیا مطلب ہے - مجمل - گم - جو مفصل نہو

مبیعہ - شئے خرید کی ہوئی - چیز بکی ہوئی - یہ دونو معنون پر آتا ہے - اسکی اصل بیع ہے یہ اسم مفعول مونث ہے -

متابعت - تابعداری - اطاعت -

متاثر - اثر پذیرہ - اثر قبول کرنے والا - اسکی اصل اثر ہے -

متاخر پیچھے آنیوالا - وہ شخص جو پیچھے رہ گیا ہو اسکی اصل آخر ہے -

متادی - پہنچانے والا - اسکی اصل ادا ہے

متاذی - تکلیف پانیوالا - آزردہ ہونیوالا - اسکی اصل ایذا ہے -

متاسف - افسوس کرنے والا -

متامل - تامل کرنے والا - بہت غور اور فکر کرنیوالا اسکی اصل تامل ہے -

متاہل - جورو لڑکوں والا -

متبنّیٰ - فرزند بنایا ہوا - فرزندی میں لیا ہوا - بے پالک لڑکا - گود میں لیا ہوا - اسکی اصل تبنی ہے -

متبوع - پیروی کیا گیا - سردار - وہ شخص جسکے لوگ تابع ہیں - اسکی اصل تبع ہے

متجاوز - حد سے گذرنیوالا - یہ اسم فاعل ہے اسکی اصل تجاوز ہے -

متحد - ملا ہوا - ایک - اسکی اصل اتحاد ہے -

متحقق - تحقیق کیا گیا - درست - ثابت کیا یہ اسم مفعول ہے اسکی اصل تحقیق ہے -

متحققہ - تحقیق کی گئی - ثابت کی گئی - درست کی گئی -

متحمل - برداشت کرنے والا - سہنیوالا -

متخاصم - خصومت کرنے والا - دشمن جھگڑالو دشمنی کرنے والا -

متخاصمین - جھگڑا کرنے والے لوگ - مدعی و مدعا علیہ - آپس میں جھگڑا کرنے والے -

متدائرہ - دائر شدہ - مقدمہ - متدائرہ جو مقدمہ دائر ہو -

متدعویہ - دعوے کیا گیا - دعوے میں لایا گیا اسکی اصل دعوے ہے -

متذکرہ - مذکورہ - ذکر کیا گیا ہوا -
مترجم - ترجمہ کرنیوالا - ایک زبان سے دوسری میں بیان کرنے والا -
مترشح ٹپکنے والا - اسکی اصل ترشح ہے جس کے معنی ٹپکنا ہے -
متروک چھوڑا ہوا - ترک کیا گیا - اسکی اصل ترک ہے -
متروک الاستعمال جس کا استعمال ترک کر دیا گیا ہو - بے استعمال -
متروکہ - ترکہ - چھوڑا ہوا - متوفی کا مال اسباب چھوڑا ہوا یہ اسم مفعول ترک کا ہے -
متسلط - غالب ہونے والا غلبہ کرنے والا - قابض - یہ تسلط کا اسم فاعل ہے -
متصاعد - اوپر چڑھنے والا - یہ تصاعد کا اسم فاعل ہے
متصاعدہ - اوپر چڑھنے والی - وہ اوپر کا سلسلہ جس سے وراثت پہونچتی ہے - یہ تصاعد کا اسم فاعل مونث ہے -
متصدع - درد سر پانے والا - تکلیف اور ایذا پانے والا -
تشریح - واضح ہو کہ کسی کو خط مین یہ لکھنا کہ متصدع خدمت ہوتا ہوں غلط ہے بلکہ اس مقام پر صحیح لفظ مصدع ہے جو معنی درد سر یعنی تکلیف دینے والے کے ہیں اس کا مادہ صداع بمعنی درد سر ہے -
متصدی - پیش آنے والا مراد پیش کار اور آگے کے کام کرنے والے سے ہے کلرک - محرر پیشی - اہلمد - کسی کچہری سرکاری یا خانگی کا ایسا محرر مراد ہے جس کا کام حساب کتاب دیکھنے یا لکھنے کا ہو - یہ اخیر کی تشریح دست قانونی دھارمن صاحب سے لی گئی ہے -
متصرف - قابض - تصرف کرنے والا - قبضہ کرنے والا یہ تصرف کا اسم فاعل ہے
متصل - اتصال رکھنے والا - پاس - قریب نزدیک - ملا ہوا - اس کی اصل اتصال ہے
متصور - تصور اور خیال کیا گیا - سمجھا گیا - یہ اسم مفعول کا صیغہ ہے اس کی اصل تصور ہے -
متضاد - آپس مین مخالفت کرنے والا - باہم مخالف - جیسے متضاد شہادت - اس کی اصل ضد ہے -
متضرر - ضرر پہونچایا گیا وہ شخص جس کو ضرر پہونچا ہو - اس کی اصل ضرر ہے یہ اسم مفعول ہے -
متضمن - شامل - اس کی اصل ضمن ہے
متعاقدین - اقرار نامے کے فریقین - اقرار نامہ کی پارٹیان - عقد کرنے والے یہ صیغہ مثنیہ اسم فاعل ہے اسکی اصل عقد ہے -

متعاقدین معاہدہ ۔ عہد اور اقرار کرنے والے۔

متعارف ۔ معروف ۔ مشہور ۔ باہم تعارف کیا گیا اور پہچانا گیا۔ اس کی اصل تعارف ہے

متعاقب پیچھے سے آنے والا۔ ایک او سے کے پیچھے دوڑنے والا کسی کے پیچھے دوڑنے والا۔ یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے اس کی اصل تعاقب ہے

متعالی ۔ بلند ہونے والا۔ بزرگ۔ اس کی اصل علو ہے۔

متعدی اپنی حد سے بڑھ جانے والا تجاوز کرنے والا۔ جیسے مرض متعدی۔ یہ اسم فاعل ہے اس کی اصل تعدیہ ہے

متعرض ۔ پیش آنے والا۔ روکنے والا۔ یہ اسم فاعل ہے اس کی اصل تعرض ہے۔

متعلق ۔ تعلق رکھنے والا۔ ملا ہوا۔ لگاؤ رکھنے والا۔

متعلقات یا متعلقین ۔ تعلق رکھنے والے بال بچے۔ کنبہ۔ خاندان۔

متعہ ۔ میعادی نکاح۔ عارضی نکاح۔ ایک عارضی نکاح جس کو اہل تسنن ناجائز اور شیعہ جائز سمجھتے ہیں۔

متعہد ۔ ذمہ دار۔ کام میں مشغول۔ ایک قسم کا ملازم ہوتا ہے جس کے ساتھ آقا کا ایک خاص معاہدہ ہوتا ہے۔

متعین ۔ مقرر کیا گیا۔ مقرر کیا ہوا۔ یہ اسم مفعول ہے اس کی اصل تعیین ہے

متفحص ڈھونڈھنے والا تفتیش کرنے والا۔ اس کی اصل تفتیش ہے

متفحص ۔ تلاش کرنے والا۔ یہ اسم فاعل ہے اس کی اصل تفحص ہے

متفرق مقدمہ ۔ اس سے مراد وہ مقدمہ ہے جو نہ تو مطالبہ خفیفہ ہو اور نہ زمین کا مقدمہ ہو۔

متفق ۔ ملنے والا اتفاق رکھنے والا۔ جیسے متفق الرائے۔

متقاضی ۔ چاہنے والا۔ تقاضا کرنے والا یہ اسم فاعل ہے اس کی اصل تقاضا ہے

متکفل ۔ ضامن کفیل۔ ذمہ دار۔ یہ اسم فاعل ہے اس کی اصل کفل ہے

متکلف ۔ تکلیف پانے والا۔

تشریح عموماً یہ لفظ چھوٹے کی جانب سے بڑے کی طرف کسی خواہش وغیرہ کے موقع پر مستعمل ہوتا ہے جیسے متکلف ہوں گا کہ ایک کاپی انگریزی اردو قانونی ڈکشنری کی ارسال فرمائیے۔ کبھی مساوی درجے کے لوگ بھی تعظیماً ایک دوسرے کو لکھ دیتے ہیں تشریح میں بجائے متکلف

متلاشی ۔ پریشان۔ معدوم۔ خراب

تشریح یہ لفظ لاشے سے ماخوذ ہے

اور بمعنی تلاش کرنے والے کے محض غلط ہے
اس لیے کہ تلاش بمعنی جست وجو لفظ ترکی
ہے اور اس معنی میں صرف تلاشی صحیح ہے
متلبس - لباس پہننے والا - پنہان ہونے
والا - پوشیدہ -
متمتع - برخوردار - فائدہ اور نفع اٹھانے
والا - یہ تمتع کا اسم فاعل ہے
متمرد - سرکش - نافرمان - جیسے متمردانہ حرکت
متن - جو شرح کے قابل ہو - ایک وسط درزی کی
اصلی بات کی عبارت جو سوائے عبارت ظہری
یا حاشیہ و بین السطور کے ہو - کتاب کی
اصلی عبارت - مضمون نفس کتاب - لیشت
پلیٹھ - استوار - محکم - مضبوط - سخت - بھاری
بلند - جمارا گ وہ اصل کتاب جو شرح کرنے کے
قابل ہو -
متناقض - ایک دوسرے کے خلاف - ایک
دوسرے کو توڑنے والا - مخالف - یہ اسم فاعل
ہے - اس کے اصل تناقض ہے
متنبہ - واقف - آگاہ - خبردار - اس کی اصل
تنبیہ ہے -
متنبہ کرنا - آگاہ کرنا - فہمائش کرنا - ڈانٹنا
متنفر - نفرت کرنے والا - وحشت کرکے بھاگنے
والا - یہ اسم فاعل ہے اس کی اصل نفرت
و تنفر ہے -
متواتر - پے در پے آنے والا - یہ اسم فاعل ہے

اس کی اصل تواتر ہے
متوسط - درمیانہ - اوسط درجے کا یہ اسم فاعل
ہے اس کی اصل توسط وسط ہے
متوسل - وسیلہ ڈھونڈھنے والا - ذریعہ جو
متعلق - یہ اسم فاعل ہے اس کی اصل توسل
وسیلہ ہے -
متوطن - وطنی - رہنے والا - باشندہ - سکونت
پذیر - ساکن - یہ اسم فاعل ہے اس کی اصل
توطن وطن ہے
متوفی - مردہ - وفات پایا ہوا - موا ہوا - اس
کی اصل وفات ہے
متوفی بلاوصیت وہ شخص جو بغیر وصیت
کے مرگیا ہو -
متولی کام برسنے والا - دوستی رکھنے والا
برسرکار رہنے والا مذہبی عمارت یا وقف کے
انتظام اور خبرگیری کے واسطے جو شخص مقرر
کیا گیا ہو - وہ شخص جس پر مالک دو وقف کا
بھروسہ ہو جیسے بولتے ہیں متولی مسجد
شاہی -
متہم جس پر تہمت لگائی جائے - اس کی اصل
اتہام تہمت ہے
متڑی - ضلع بنارس میں ایک سلسلہ ہے جس
کے مطابق مزارعہ مختلف زمینوں میں مختلف
فصل کاشت کرتا ہے مگر شرح لگان ایک ہی
ہوتی ہے -

مٹھوت - بنگال مین ایک قسم کا ناجائز ٹیکس ہے جو کاشت کارون پر خاص اغراض سے یا خاص موقع پر گورنمنٹ یا زمیندار یا افسر ضلع لگاتا ہے

مٹھیار - ایک زرخیز حصہ زمین جس کے ساتھ کچھ ریت ملی ہو - قابل زراعت زمین زرخیز زمین

مٹھیار چاہی - وہ مٹھیار جو کنوین سے سینچی جاوے - سیراب زمین

مثبت - لکھا گیا - ثابت کیا گیا - درج کیا گیا - یہ اسم مفعول اثبات کا ہے

مثل - وہ مجموعہ کاغذات تھمی شدہ کا ہے جس مین حالات مقدمہ درج ہون جیسے مثل بندوبست -

تشریح بعض لوگ اس کو مسل س سے لکھتے ہین کسی ڈکشنری سے س سے لکھنا ثابت نہین ہوا اور نہ کوئی وجہ معلوم ہوتی ہے البتہ ث سے لکھنا کوئی وجہ بھی رکھ سکتا ہے یعنی مثل کے معنی مانند کے ہین اور اس مین عموما سب کے سب کاغذات ایسے ہوتے ہین جو باہم کسی قدر مشابہ اور ایک جنس کے ہون یہ وجہ بھی وجہ موجہ نہین اس لیئے کہ اس کے واسطے کوئی سند ڈکشنری وغیرہ کی نہین - البتہ س سے لکھا ہوا بہ نسبت ث کے زیادہ پایا گیا ہے - اس کا محاکمہ اس جگہ نہین ہوسکتا - دونون طرح لکھے پڑھے مین دیکھے - دیکھو مسل

مثل مین شامل کرنا - مثل کے ساتھ ملانا - مثل مین نتھی کرنا -

مثلاً - مثال کے طور پر

مثمر - پھل رکھنے والا - میوہ لانے والا - پھل دینے والا - نتیجہ دینے والا - اس کی اصل ثمر ہے جس کے معنی پھل ہے

مثنی - دوہرا - وہ دوسری تحریر جو اصل کی نقل ہو - اصل کی دوسری پرت - دوبارہ کیا گیا - دوہم کیا گیا - اس سے مراد پرت ثانی ہر دستاویز ہے کہ جس پرت ثانی کی تکمیل نویسندہ دستاویز کی طرف سے ہوئی ہو بلکہ کسی اور فریق متعلقہ نوشتہ مذکور کی جانب سے ہوئی ہو - مثنی سرٹیفکیٹ مشہور ہے

مجاری - جمع مجری کی - جگہین جاری ہونے کسی چیز کی - راہین رواں ہونے کسی چیز کی

مجاری آب داخل ملک سے برٹش انڈیا کی ہر نہر یا دریا یا جھیل یا وہ مجاری آب جس پر مرکب رانی ہوسکتی ہو مراد ہے

مجاز - راہ - گذرنے کی جگہ - اور وہ چیز جو حقیقت نہو - اور وہ کلمہ جو اپنے غیر حقیقی معنون مین مستعمل ہو - استعمال لفظ آپنے غیر ما وضع لہ مین جیسے بہادر آدمی کو شیر کہنا - صاحب اختیار - ذی اختیار -

مجاز سماعت - سننے اور منظور کرنے کا اختیار رکھنے والا۔

مجاز معاہدہ - ہر شخص جو مطابق اس آئین کے جس کا وہ تابع ہے بہ عمر بلوغ پہنچ گیا ہو اور صحت نفس اور ثبات عقل رکھتا ہو اور از روئے قانون جس کا وہ تابع ہونا قابل معاہدہ ہو۔

تشریح مجاز کے معنی ذی اختیار اور معاہدے کے معنی اقرار یعنی وہ شخص جو معاہدے کا اختیار رکھتا ہو۔

مجازات - بدلہ دینا۔ نیکی خواہ بدی کا عوض جزا دینا۔

مجازی - منسوب بہ مجاز یعنی غیر حقیقی استعمال لفظ اپنے غیر موضوع لہ مین

مجامعت - صحبت کرنا۔ جماع کرنا۔ اس کی اصل جماع ہے

مجاوز - تجاوز کرنے والا۔ درگذر کرنے والا۔ اس کی اصل تجاوز ہے۔

مجدد - آئے سرے سے۔ اس کی اصل تجدید ہے۔

مُجرا - رواں کیا گیا۔ رواں کرنا۔

مجرا پانا - وضع پانا۔

مجرا دینا - وضع دینا۔

مجرا لینا - وضع لینا۔ وضع کرنا۔

مجرائی - لگان سے وضعات الاؤنس وغیرہ کے حساب مین وضع ہونا۔

مجری - جاری ہونے کی جگہ۔

مجرائے آب - پانی بہنے کی راہ

مجرائے آب عملی - پانی بہنے کی وہ راہ جو آدمی کی بنائی ہوئی ہو جیسے بدرو۔

مجرائے آب قدرتی پانی بہنے کی وہ راہ جو آدمی کی بنائی ہوئی نہو جیسے دریا ندی نالے

مجرّب - تجربہ کیا گیا۔ آزمایا ہوا۔

تشریح - یہ تجربہ کا اسم مفعول ہے جس کے معنی آزمائش اور آزمائش کے ہین

مجرِّب - تجربہ کرنے والا۔

تشریح - یہ تجربہ کا اسم فاعل ہے جس کے معنی آزمانا اور آزمائش ہین

مجرم - جرم کرنے والا۔ قصوروار۔ گنہگار۔ یہ مصدر جرم کا اسم فاعل ہے

مجرم اشتہاری - وہ مجرم جس کی بابت اشتہار ہو چکا ہو -

مجرم پختہ کار - عادی مجرم - سخت مجرم۔ تجربہ کار مجرم۔

مجرم فراری - بھاگا ہوا مجرم۔ مفرور مجرم۔

مجرم نوعمر - اس سے حسب ایکٹ تقرر ناب کا یہاں مراد ہر لڑکا ہے جس کی عمر بوقت موجودہ سولہ برس سے کم ہوا اور اس پر کوئی جرم ثابت ہو جو قابل سزائے قید یا حبس

بعبور دریائے شور ہو۔

مجرمان عادی۔ وہ مجرم ہیں جو جرم کرنے کے عادت پذیر ہو گئے ہیں۔ بار بار جرم کرتے ہیں۔

تشریح بنا براغراض جیل الفاظ مجرم عادی سے مراد اس قیدی سے ہو گی جسے اس نام سے (ا) عدالت یا مجسٹریٹ سماعت کنندہ مقدمہ (الف) بوجہ موسوم کرے کہ اس پر ایک جرم جو حسب باب ۱۲ یا ۱۷ مجموعہ تعزیرات ہند قابل سزائے تین سال یا زیادہ قید کے کا ہونا ثابت ہوا ہے اور وہ ان ہر دو باب ہائے میں سے کسی باب کا جرم ثابت ہونے پر جو حسب بالا قابل سزا ہو پہلے سزایاب ہو چکا ہے (ب) بدین وجہ موسوم کرے کہ بروئے سوالات مقدمہ صاحب سشن جج یا مجسٹریٹ باور کرتا ہے کہ قیدی جرم کے کرنے پر بطور ذریعہ اپنے گذارے کے حصر کرتا ہے یا آن کہ جرم کے کرنے میں وہ ایسا مشہور ہو گیا ہے کہ اس کا مجرمان عادی یا مجرمان (ب) کی قسم میں شمار ہونا جائز ہے (۲) ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ یا کوئی مجسٹریٹ جسے اس کی طرف سے اس باب میں اختیار حاصل ہو موسوم کرے اور ان کی قسم مطابق ان اصول کے قائم کی جائے جن کو عدالتوں کی ہدایت کے لئے اس تعریف کی ضمن ۱ سے (الف) و (ب) میں شمار کیا گیا ہے (۳) بجا پابندی نگرانی ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ بذریعہ افسر مہتمم جیل اس حالت میں موسوم کیا جائے کہ قیدی (الف) پر حسب دفعہ ۷۵ مجموعہ تعزیرات ہند حکم سزا ہوا اس کی نسبت باور کیا جائے کہ وہ موجب سزائے مذکور ہے (ب) ایسا حکم سزا بھگت رہا ہو جو بوجہ ایک سے زیادہ ثبوت جرم کے ہونے پر لیا دیا گیا ہو (ج) کی نسبت معلوم ہو کہ وہ بار ہا ایسے جرائم کے لئے قید ہو چکا ہے یا آن کہ (د) ایک قوم مجرم پیشہ میں سے ہے مگر شرط یہ ہے کہ (الف) کوئی عدالت یا مجسٹریٹ از قسم مذکور جس کا ذکر اوپر کیا گیا ہے بہ نفاذ حکم کر سکتا ہے کہ ایک قیدی عادی مجرم کی قسم میں شمار نہ کیا جائے (۲) جس حالت میں گنجائش شبہ کی ہو کہ آیا قیدی مجرم عادی کی قسم میں شمار کیا جائے یا نہیں تو افسر مہتمم جیل مقدمہ کو کسی ایسی عدالت یا مجسٹریٹ کے حکم کے لئے ارسال کر دے گا۔

مجرمانہ۔ مجرموں کے مانند۔ مجرموں کے طور پر بعض جگہ قانون میں مجرمانہ کا لفظ جرم ناک کے مضمون میں بھی مستعمل ہے مثلاً نیت مجرمانہ وہ نیت ہے کہ اگر اس نیت سے کوئی فعل جو عمل میں جرم نہ کیا جائے و جرم ہو جائے یا علم مجرمانہ وہ علم ہے کہ اگر بغیر اس علم کے کوئی

فعل کیا جاتا تو وہ جرم ہوتا صرف اس علم کے سبب سے وہ فعل جرم ہو جاتا ہے۔

مجروح۔ زخمی۔ گھائل۔ یہ جرح کا اسم مفعول ہے

مجسٹریٹ۔ حسب ایکٹ قانون فرد وران برما اس سے مراد مجسٹریٹ ضلع یا حصہ ضلع یا ہر مجسٹریٹ ہے جسے مجسٹریٹ ضلع نے واسطے اہتمام روانگی فرد وران یا واسطے اہتمام مزدوری کے متعین کیا ہو۔ یا مراد ہر مجسٹریٹ پولیس بلدہ پریزیڈنسی ہے حسب ایکٹ بابت ولیسی مسافروں کے جہاز کے مجسٹریٹ سے مراد وہ شخص ہے جو مجسٹریٹ درجہ دوم کے اختیارات سے کم اختیار نہ رکھتا ہو۔ اس لفظ کے معنوں میں جسٹس آف دی پیس اور بمقام بندر عدن پولٹیکل رزیڈنٹ اور اس کے اسسٹنٹ بھی داخل ہیں۔ اس سے وہ عہدہ دار اعلیٰ بھی مراد ہوتا ہے جس کو کسی ضلع یا مقام پر امور فوجداری میں احکامات کی تعمیل سپرد ہو عام اس سے کہ وہ عہدہ دار کسی لقب سے ملقب ہو۔ اس سے وہ شخص بھی مراد ہے جس کو لوکل گورنمنٹ نے اختیار مجسٹریٹ یا مجسٹریٹ ماتحت کے حسب مصرحہ ضابطہ فوجداری اس غرض سے عطا کیے ہوں کہ وہ ایکٹ بندوبست جنگل کے مطابق ان اختیارات کو عمل میں لاوے۔ یہ لفظ صاحب مجسٹریٹ اور صاحب جائنٹ مجسٹریٹ یا اور اہل کار پر جو اصالتاً صاحب مجسٹریٹ کے اختیار کے مطابق عمل کرتا ہو اور اسسٹنٹ مجسٹریٹ اور ڈپٹی مجسٹریٹ ذی اختیار خاص پر جو صاحب مجسٹریٹ کے صدر مقام کے بیرونجات میں متعین ہوا اور جو اس بات کا مجاز ہو کہ وہ بلا تفویض صاحب مجسٹریٹ کے مقدمات کو تجویز کرے دلالت کرے گا وہ شخص جو اختیار مجسٹریٹی رکھتا ہو۔ اس لفظ سے حسب ایکٹ جرائم خلاف ورزی سرکار مراد مجسٹریٹ مجاز ہے اور اسسٹنٹ یا ڈپٹی مجسٹریٹ سے بھی مراد ہے جس کو لوکل گورنمنٹ نے اختیار مجسٹریٹی عطا کیے ہوں حسب ایکٹ فوجداری عدالت ہائی کورٹ اس میں مجسٹریٹ پولیس بلاد کلکتہ و مدراس و بمبئی داخل ہے حسب ایکٹ چوکیداران شہر و قصبات اس سے مراد وہ شخص ہے جو جو اصالتاً مجسٹریٹ کے اختیار رکھتا ہو اور نیز اُس پر عمل بھی کرتا ہو حسب ایکٹ پاگل خانہ اس میں ہر شخص جس کو مجسٹریٹ کا اختیار حاصل ہو وہ شامل ہو گا حسب ایکٹ ضبطی نعلبند بابت لفظ مجسٹریٹ داخل ہے اہل کار پر جو مجرم کو بابت جرم دورہ سپرد کرنے کا مجاز ہے حسب ایکٹ آب کاری

سکرات اس سے مراد مجسٹریٹ کم انعد جہ مجسٹریٹ ماتحت درجۂ اول ہے - حسب ایکٹ محصول لائی سنس پیشہ و حرفہ اس سے ہر شخص جو اختیارات مجسٹریٹی یا اختیارات مجسٹریٹی ماتحت درجۂ اول عمل مین لاتا ہو مراد ہے اور اس مین مجسٹریٹ پولیس اور جسٹس آف دی پیس بھی شامل ہے - حسب ایکٹ تحصیل محصولات مراکب گنگا یہ لفظ شامل معنی اُس شخص کا ہے جو کوئی اختیار من جملہ اختیارات مجسٹریٹ کے عمل مین لاتا ہو حسب ایکٹ ترمیم قوانین حوالگی قیدیان اس مین مجسٹریٹ پولیس شامل ہے جو بموجب کسی ایکٹ مجاریہ وقت کے واسطے انتظام پولیس بلاد کلکتہ - مدراس - بمبئی کے مقرر ہوا ہو حسب ایکٹ امراض متعدی کے اس کے معنون مین مجسٹریٹ درجۂ اول و دوم و مجسٹریٹ پولیس بلاد پریزیڈنسی داخل ہے اس مین وہ جملہ اشخاص شامل ہون گے جو ضلع عام پولیس کے اندر کل یا بعض اختیارات مجسٹریٹی عمل مین لاتے ہون -

مجسٹریٹ سب ڈویژنل - اس سے مراد کوئی مجسٹریٹ درجۂ اول یا دوم ہے جس کو لوکل گورنمنٹ کسی حصۂ ضلع کا اہتمام سپرد کرے -

مجسٹریٹ ضلع - وہ عہدہ دار اعلیٰ جو بسر کلکری احکام کی تعمیل کا اہتمام کرتا ہو اور مجسٹریٹی اختیارات عمل مین لاتا ہو - عام اس سے کہ ایسا عہدہ دار اعلیٰ جس کو احکام کی تعمیل سپرد ہو بلحاظ تسمیہ منصبی کسی نام سے مشہور ہو حسب ایکٹ رعایا ے ملک غیر کے متعلق اس سے وہ عہدہ دار اعلیٰ مراد ہے جس کو ضلع کا انتظام عاملانہ سپرد ہو اور اختیارات مجسٹریٹی عمل مین لاتا ہو اور بصورت غیر حاضری اُس کے دیگر عہدہ داران خود اختیار مجسٹریٹی عمل مین لاتا ہو -

مجسٹریٹ ماتحت درجۂ اول اس سے مراد مجسٹریٹ درجۂ دوم ہے حسب قانون سابق -

مجسٹریٹ ماتحت درجہ دوم - اس سے مجسٹریٹ درجۂ سوم مراد ہے حسب قانون سابق -

مجلس - جگہ بیٹھنے کی - مجازاً وہ مقام جہان لوگ جمع ہون -

مجلس عام - ہر مقام یا احاطہ جس مین عوام لوگ روپیہ دے کر تماشہ دیکھنے کو جائین مگر یہ معنی حسب ایکٹ ناٹک ہین -

مجمع - مجلس - جمع ہونے کی جگہ - اس سے مراد ایسی جماعت اشخاص ہے جس کو کسی وقت از روے قانون اختیار نگرانی و انتظام ایسے معاملات واقع کسی رقبۂ اراضی خاص

کا حاصل ہو۔

مجمع خلاف قانون - وہ جماعت جو قانون کے خلاف ہو۔ پانچ یا زیادہ شخصون کا مجمع مجمع خلاف قانون کہلائے گا جب کہ اُن شخصون کی جن سے وہ مجمع مرکب ہے غرض مشترک یہ ہو کہ (۱) پہلے ہند کے لیجس لیٹیو یا اگزیکٹیو گورنمنٹ یا کسی پریزیڈنسی کی گورنمنٹ یا کسی لفٹنٹ گورنر یا کسی سرکاری ملازم کو اس سرکاری ملازم کے اختیار جائز کے استعمال مین جبر یا جبرانہ نمائش سے ڈرائین یا (۲) کسی قانون یا طریقہ معینہ قانون کی تعمیل مین تعرض کرین۔ یا (۳) کسی نقصان رسانی یا مداخلت بے جا مجرمانہ یا کسی اور جرم کا ارتکاب کرین (۴) جو کسی شخص پر جبر مجرمانہ یا جبر مجرمانہ کی نمایش کرنے کے ذریعے سے کوئی مال لین یا اس پر قبضہ کرلین یا کسی شخص کو کسی راستہ کی آمد و رفت یا کسی راستہ کے یا کسی پانی کے کام مین لانے کے استحقاق یا کسی اور غیر مادی استحقاق کی تمتع سے جو شخص مذکور کے قبضہ مین ہو یا جس سے اس کو تمتع ہو محروم کرین یا کسی استحقاق یا کسی استحقاق خیالی کو کام مین لائین۔ یا (۵) یا پنجم یہ جبر مجرمانہ کی نمائش کرنے سے کسی شخص کو اس فعل کے کرنے مین جس کے کرنے کا وہ قانوناً مستحق ہو مجبور کرین۔

مجمع علیہ - جس شے پر لوگون کا اجتماع اور اتفاق ہو متفق علیہ

مجمل - اکٹھا کیا گیا۔ وہ چیز یا روایت جو محتاج تفصیل کی ہو۔

مجموعہ - کل۔ جمع شدہ سب۔ تمام۔ کمال۔ کوڈ۔ ٹوٹل

مجموعہ تعزیرات ہند - انڈین پنل کوڈ۔ ایک فوجداری کے مضمون کی کتاب کا نام ہے جس مین ہند وستان کی تعزیرات یعنی سزا کی دغیرہ کا بیان ہے

مجموعہ ضابطہ دیوانی - دیوانی ضابطون کا مجموعہ سول کوڈ۔ یہ ایک دیوانی مضامین کا مجموعہ ہے

مجموعہ ضابطہ فوجداری - فوجداری ضابطون کا مجموعہ۔ پنل کوڈ۔ یہ ایک فوجداری قانون کی کتاب ہے۔

مجنون - پاگل۔ دیوانہ۔ سڑی۔ خبطا۔ اس سے مراد وہ ہے جس کی عقل ناقص ہے اور یہی شخص پر جو پاگل ہو عدالت کرے گا۔

مجنون دوری - جو ہمیشہ مجنون نہ رہے کبھی کبھی صحیح العقل ہو جایا کرے جس کو جنون کا دورہ ہوتا ہو

مجنونیت - پاگل پن۔ دیوانگی

مجوز - قانونی طور پر تجویز کرنے والا۔ تجویز کرنے والا۔ روا اور جائز رکھنے والا کام کا۔ یہ اسم

فاعل ہے تجویز مصدر ہے

مجوّز - تجویز کیا گیا - جائز رکھا گیا - یہ اسم مفعول ہے اس کا مصدر تجویز ہے

مجوّزہ - تجویز کیا گیا اور جائز رکھا گیا - یہ اسم مفعول مؤنث کا صیغہ ہے - اس کی اصل تجویز ہے -

مجیب - جواب دینے والا قبول کرنے والا - یہ اسم فاعل ہے - اس کا مادہ ایجاب و جواب ہے -

مچلکہ - اقرار نامہ مجرم - مجرم کی طرف سے ایک اقرار نامہ کسی خلاف قانون کام سے باز رہنے کے واسطے -

مچلکہ بقید تاوان - وہ مچلکہ جس میں تاوان اور جرمانہ درج ہو -

مچلکہ حفظ امن - امن کی حفاظت کے واسطے مچلکہ -

محاذات - مقابلہ - روبرو ہونا - برابر ہونا ایک چیز کا دوسری چیز سے -

محاذی - مقابل - آمنے سامنے والا - روبرو ہونے والا -

محاربات - جمع محاربہ کی بمعنی جنگ

محاسب - حساب کرنے والا - حساب جاننے والا - حساب دان - پڑتال کرنے والا -

محاسب لگان - پٹواری محاسب دیہ

محاسبہ - حساب -

محاصِر - محاصرہ کرنے والا - گھیرنے والا

محاصرہ - چاروں طرف سے کسی کی راہ بند کر دینا گھیر لینا -

محاصل - فوائد منافع -

محافظ - حفاظت کرنے والا - نگہبان - یہ لفظ محافظت کا اسم فاعل ہے -

محافظ دفتر - دفتر کا نگہبان وہ عہدہ دار جو کل کاغذات متعلقہ دفتر کی حفاظت رکھتا ہے

محافظ سرائے - سرائے کا نگہبان - اس میں مالک و خبر گیر و منتظم سرا بھی داخل ہے یہ معنی حسب ایکٹ سراؤں کے ہیں یعنی اس سے مراد مالک اور ہر شخص جو اس کی خبر گیری یا اہتمام رکھتا ہو یا اس کے لیے عمل کرتا ہو

محاکمات - جمع محاکمہ جس کے معنی حاکم کے پاس جھگڑے کے فیصلے کے لیے جانا ہے - منصف ہو کر لڑائی جھگڑے کا تصفیہ کرنا

محاکمہ - حاکم کے پاس جھگڑے کے فیصلے کے لیے جانا ہے - منصف ہو کر لڑائی جھگڑے کا تصفیہ کرنا -

محال - حسب ایکٹ لگان ممالک مغربی و شمالی ہر رقبہ اراضی جس پر بروئے جداگانہ اقرار نامہ مال گذاری کے قبضہ ہو جس کی مثل حقیقت علیحدہ ہو اور حسب ایکٹ مال گذاری ممالک مغربی و شمالی محال سے مراد وہ رقبہ اراضی ہے جس پر بروئے جداگانہ اقرار نامہ

ادائے مال گذاری قبضہ ہو اور جس کی بابت
جداگانہ مثل مرتب کی گئی ہو یا جس کی مال
گذاری عطا کی گئی ہو یا منقطع کرائی گئی ہو
اِس سے عموماً سرزمین مال گذاری مراد ہے
جس کی بابت مالک زمین یا متاجر یا رعیت
نے اقرار نامہ جداگانہ سرکار کو لکھ دیا ہو یا
در صورت ہونے ایسے اقرار نامے کے وہ
زمین مراد ہے جس پر علیحدہ تشخیص مال
گذاری کی گئی ہو - حسب ایکٹ جمع اراضی
پنجاب اس سے گانون یا رقبہ خاص مراد
ہے جس کا علیحدہ بندوبست کیا جاوے
اور حسب ایکٹ محصول ملکی غربی و شمالی محال
سے کل یا جزو موضع جس پر مال گذاری
اراضی کی تشخیص جداگانہ ہوئی ہو یا وہ
اس کے ادا کرنے سے جداگانہ معاف ہو
مراد ہے - ہر رقبہ اراضی ہے جس پر شرح وار
مال گذاری کے اقرار نامہ جداگانہ کے بموجب
قبضہ ہو اور جس کی بابت جداگانہ محال
کا غذات حقیت مرتب کیا گیا ہو جس قدر
ملک آبادی چھوٹے چھوٹے حصوں پر جن
کی حدیں معین ہیں منقسم ہوتا ہے اس کے
ہر ایک حصے کو محال بولتے ہیں حسب ایکٹ
جمع اراضی پنجاب محال سے گانون یا
رقبہ خاص مراد ہے جس کا علیحدہ بندو
بست کیا گیا ہو ضلع - علاقہ - جاگیر قطعات
اراضی جن پر جداگانہ خراج لگے - وہ قطعیا
قطعات زمین جن کی جمع علیحدہ تشخیص
ہوئی ہو اور جس کی کل حقیت جو کچھ اس میں
ہو سرکاری مال گذاری کے واسطے مستغرق ہو
تشریح محال و موضع میں یہ فرق ہے
کہ محال وہ قطعہ زمین ہے جو اجزائے موضع
سے بنایا گیا ہو اور جس کی جمع جداگانہ تشخیص
ہوئی ہو اور موضع ایسے قطعہ زمین کو کہتے
ہیں جو علیحدہ نام سے دفتر کلکٹری میں مندرج
ہو اور حدود اس کی معلوم و معین ہوں

محال آبکاری محکمہ آبکاری شراب
فروشی کا محکمہ

محال اصلی دیکھو محال

محال حضوری - ایسے محال جس کے مالک کو
براہ راست خزانہ صدر میں جمع داخل کرنے کی
اجازت ہو

محال شراکتی - باچھا محال

محال مشترکہ یا غیر منقسم } دیکھو محال شراکتی

محال مشخصہ وہ محال جس کی تشخیص کی
گئی ہو (دیکھو تشخیص)

محال مطلق - تمام اور بلا قبضہ محال -

محالات - جس قدر ملک آباد ہے چھوٹے چھوٹے
حصوں پر جن کی حدیں معین ہیں - اُن کو
محالات کہتے ہیں

محال - مشکل - غیر ممکن - بولتے ہیں بفرض محال یعنی ناممکن فرض کرنے سے

محبس - قید خانہ جیل جائے حبس -

تشریح - یہ ظرف مکان ہے بعض لوگ جیل خانہ بولتے ہیں یہ محض غلط ہے اس لیے کہ جیل تو خود ظرف مکان ہے پھر خانہ کا لفظ لگا کر جیل لفظ انگریزی اور خانہ لفظ فارسی سے مرکب کرنا خلاف گرامر ہے جیسے مکتب خانہ۔ اس لیے کہ مکتب ظرف مکان ہے اور خانہ کے لگانے کی کچھ ضرورت نہیں - اور مکتب عربی اور خانہ فارسی سے مرکب کرنا قواعد کے خلاف ہے

محبس دیوانی - دیوانی جیل -

محبس فوجداری - فوجداری جیل

محبوس - قیدی حبس کیا گیا - بند کیا گیا -

محتاط - وہ شخص جو احتیاط رکھے - احتیاط کیا گیا - یہ احتیاط کا اسم مفعول ہے -

محترفہ - وہ ٹکیس جو تجارت اور دیگر پیشوں پر ایکاری گرون پر یا ان کے اوزاروں یا مال پر یا گھروں پر لگایا جائے - اس کی اصل حرفہ ہے

محتشم - صاحب خدام - صاحب حشم جس کے پاس نوکر چاکر اور دوست ہوں - یہ احتشام کا اسم فاعل ہے

محتمل - احتمال کیا گیا - گمان کیا گیا - یہ احتمال کا اسم مفعول ہے -

محتوی - شامل - گھیرنے والا حاوی - یہ حتوی کا اسم فاعل ہے -

محجوب - پنہان - پوشیدہ - جو وراثت سے خارج کیا گیا ہو -

تشریح یہ اسم مفعول حجب کا ہے حجب کے معنی لغت میں منع کے ہیں اسی سے حاجب یعنی مانع نکلا ہے - حجب دو قسم پر ہے اول حجب نقصان - وہ حجب ایک حصہ سے دوسرے حصہ کی طرف ہوتا ہے یعنی ایسا حجب ہوتا ہے جو صرف نقصان پہونچاتا ہے بالکل محروم نہیں کرتا - دوم حجب حرمان وہ میراث سے قطعاً محروم کر دیتا ہے -

محجوب الارث - جو قابل وراثت ہو جو وراثت سے خارج کر دیا گیا ہو -

محجوب الارث کرنا - ناقابل وراثت کرنا وراثت سے خارج کرنا

محدث - حدیث بیان کرنے والا جاننے والا پیغمبر صلعم کی احادیث کا - راوی حدیث

محدود - حد کیا گیا - انتہا کیا گیا - محصور - وہ چیز جس کی حدیں مقرر ہوں - یہ حد کا اسم مفعول ہے -

محدودیہ حصص - جو خاص حصوں پر منقسم ہو

تشریح محدود کے معنی حد کیا گیا اور حصص

جمع حصص کی ہے۔ زیادہ تفصیل کے لیے
دیکھو محدود اور حصص

محدود بہ تعاہد۔ جس کی بابت کچھ شرط ہو
چکی ہو جو کسی عہد سے حد کیا گیا ہو۔

محرر۔ لکھنے والا۔ آزاد کرنے والا۔ کلرک۔
منشی۔ یہ اسم فاعل ہے۔ تحریر کا۔

محرض۔ آمادہ کرنے والا۔ لڑائی پر تیار کرنے
والا۔ ورغلانے والا۔ اس کا مصدر تحریض ہے
یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے

محرک۔ تحریک کرنے والا۔ حرکت دینے والا
برانگیختہ کرنے والا۔

محرمات۔ حرام چیزیں۔ وہ باتیں جن کا
کرنا جائز نہ ہو۔ وہ عورتیں جن کے ساتھ نکاح
کرنا شرعاً حرام ہے۔

تشریح محرمات جو قرآن میں مذکور ہیں
یہ ہیں (۱) ماں (۲) بیٹی (۳) بہن (۴)
پھوپھی (۵) خالہ (۶) بھتیجی (۷) بھانجی۔
(۸) دودھ پلائی (۹) رضاعی بہن (۱۰) ساس
(۱۱) ربیبہ۔

محروسہ۔ نگہبانی کیا گیا۔ حفاظت کیا گیا۔

تشریح یہ اسم مفعول حراست کا ہے اور
بولتے ہیں ممالک محروسہ یعنی ممالک مقبوضہ
ممالک محروسہ اپنے ملکوں سے مراد اس لیے
ہوتی ہے کہ انسان اپنی چیز کی نگہبانی خوب
کرسکتا ہے اور عرف میں ممالک محروسہ
بادشاہی ملکوں سے مراد ہے۔

محروم۔ روکا گیا۔ باز رکھا گیا۔ ناکام۔ نامراد یا
خالی۔ خارج کیا گیا۔

محروم الارث۔ ورثہ سے محروم کیا گیا
ورثے سے خالی رکھا گیا

تشریح مانع ارث یعنی وراثت سے روکنے
والے اسباب شرعاً چار ہیں (۱) رق یعنی
غلام ہونا۔ وافر ہو جیسے قن یا ناقص ہو جیسے
مدبر مکاتب یا ام الولد (۲) قتل جس پر
قصاص یا کفارہ واجب ہو (۳) اختلاف دین
یعنی مذہب۔ یعنی کافر مسلمان کے مال کا مالک
نہیں ہوسکتا۔ ورنہ مسلمان کافر کے مال کا
(۴) اختلاف دارین یعنی اختلاف دارالکفر
دارالاسلام مگر یہ خاص کفار کے ساتھ ہے
مسلمانوں کے ساتھ نہیں۔

محرومی۔ محروم رہنا۔ ناکام رہنا۔ ناکامی

محسوب شمار کیا گیا۔ گنا گیا۔ مجرا دیا گیا
بولتے ہیں محسوب ہوا۔ اس کا مصدر حساب
ہے یہ اسم مفعول ہے

محصل۔ تحصیل کرنے والا۔ حاصل کرنے والا
اگاہنے والا۔ یہ اسم فاعل ہے اس کا مصدر
تحصیل ہے

محصلی فیس وغیرہ۔ وصول کرنے کا کام

محصور۔ حصر کیا گیا یا گھیرا گیا۔ قیدی۔ یہ
حصر کا اسم مفعول ہے۔

محصول - حاصل کیا گیا خراج - معاملہ - ٹکیس

محصول پرمٹ - نمک وغیرہ کا محصول چونگی وغیرہ کا محصول

محصول ڈاک - ڈاک کا محصول

محصول سائر - متفرق محصول -

محض - صرف - خالص بالکل - ہر چیز خالص -

محفوظ - حفاظت کیا گیا - اس کی اصل حفظ حفاظت ہے -

محضر - نامۂ قاضی -

محضر نامہ - عدالت کی تحریر - ایسی تحریر یا دویز جس پر حاضرین جماعت سے تصدیق کے لیے دستخط کرائے جائیں

محفوظ جنگل - بند جنگل - وہ جنگل جو حفاظت کیا گیا ہو -

محقق - تحقیق کرنے والا - وہ شخص جو بات کو دلیل سے ثابت کرے

تشریح یہ تحقیق کا اسم فاعل ہے واضح ہو کہ مدقق کا درجہ اس سے بڑھا ہوا ہے کیونکہ اس کے معنی ہیں دلیل سے دلیل کو ثابت کرنے والا - باریک کام کرنے والا - باریک نکتے پیدا کرنے والا -

محکمہ - حکم کرنے کی جگہ - انصاف کرنے کی جگہ کچہری عدالت - آفس دفتر کچہری -

محکمۂ ابتدائی - ابتدائی عدالت -

محکمۂ اپیل - اپیل کا محکمہ - اپیل کی عدالت - (دیکھو اپیل اور محکمہ)

محکمۂ اوقاف - جماعت افسران گورنمنٹ جو جماعت اوقاف کی حفاظت کے واسطے مقرر ہو -

تشریح اوقاف جمع ہے وقف کی - (دیکھو وقف)

محکمۂ مال - اس سے مراد بورڈ مال ممالک مغربی و شمالی اور اس کے تمام حکام اور صاحبان کمشنر و کلکٹر اور اسسٹنٹ کلکٹر اور عہدہ داران بندوبست اور تحصیلدار ہیں - وہ محکمہ جہاں مال کا کام ہو (دیکھو مال)

محکمۂ مجاز - با اختیار محکمہ - با اختیار عدالت

محلل - جو شخص مطلقہ عورت سے بدین غرض نکاح کرے کہ وہ پھر اپنے پہلے خاوند سے نکاح کر سکے - حلالہ کرنے والا -

محلہ - حصۂ آبادی - جگہ اترنے کی - منزل - وہ مقام جہاں بہت سے لوگ رہیں - مجازاً قطعہ شہر کا قطعہ آبادی کا -

محمول - بوجھ - لادا ہوا - گمان کیا گیا - قیاس کیا گیا - یہ حمل کا اسم مفعول ہے

محمول علیہ - جس پر قیاس کیا جاوے - محمول کے معنی حمل کیا گیا علی کے معنی اوپر اور ہ کے معنی اس -

مختانہ - اُجرت۔ فیس۔ کمیشن۔

محوِّل - پھیرانے والا۔ سپرد کرنے والا حوالہ کرنے والا یہ تحویل کا اسم فاعل ہے

محولہ - سپرد کیا گیا۔ جو بطور حوالہ کے پیش کیا گیا ہو۔ یہ تحویل کا اسم مفعول مونث ہے

محولہ حاشیہ - جو حاشیہ پر لکھا گیا ہو حاشیہ یا کنارے پر لکھا ہوا جس کا حوالہ حاشیہ پر دیا گیا ہو

مخاصمت - آپس میں دشمنی اور خصومت کرنا جھگڑا کرنا۔

مخاطب جس سے بات کریں۔ حاضر خطاب کیا گیا جس کو تو یا تم وغیرہ کر کے پکاریں۔

تشریح مخاطب کا حاضر ہونا ضروری نہیں بلکہ سامنے نہ بھی ہو تاہم جب خطاب کے حرفوں سے پکاریں گے تو مخاطب ہی کہلائے گا جیسے ہم ناسک میں ہوں اور لاہور کو مخاطب کر کے کہیں کہ "اے لاہور تیری آب و ہوا نہایت خوش گوار ہے" تو اس وقت لاہور مخاطب ہوگا۔ گو کہ وہ سامنے موجود نہیں۔

مخالف - وہ شخص جو خلاف پر ہو۔ دشمن مقابل۔ رقیب۔ حریف۔ مدعی اور مدعا علیہ باہم مخالف کہلاتے ہیں۔

مخبر - جاسوس۔ خبر دینے والا۔

مخبط - درہم آمیختہ۔ ملا جلا۔ اور کبھی بمعنی فنا اور تباہ کے ہوتا ہے۔ خبطی۔

مخبط فطری - پیدائشی خبطی۔ محض پاگل۔

مختار - وکیل۔ اختیار دیا گیا۔ ایجنٹ۔ نائب گماشتہ۔ یہ اختیار کا اسم مفعول ہے

مختاران مقبولہ - قبول کیے گئے وکیل۔ مانے ہوئے وکیل وہ اشخاص جو اہالی مقدمہ کی طرف سے اپنے نام مختار نامہ جات عام رکھتے ہوں جو اندر علاقہ عدالت کے نہ رہتے ہوں اور مختار نامہ میں حاضر ہونے اور درخواست اپنے اور عمل کرنے کا اختیار دیا گیا ہو۔ مختار اور وکیل سرٹیفکیٹ یافتہ بذریعہ مختار نامہ خاص نیز جو شخص اہالی مقدمہ کی طرف سے یا ان کے نام سے کچھ تجارت یا کاروبار کرتے ہوں جو عدالت کے علاقہ کے اندر رہتے ہوں اور نہ کوئی ان کا مختار مجاز موجود ہو۔ نیز وہ لوگ ہیں جن کو لوکل گورنمنٹ وقتاً فوقتاً بذریعہ مشتہرہ گزٹ سرکاری کے ان امور کے واسطے قرار دے۔

مختار نامہ - وہ لکھت جس میں مختار کرنے کا مضمون ہو جس تحریر کے ذریعے سے مختار بنایا جائے۔ حسب ایکٹ اسٹامپ اس میں ہر نوشتہ داخل ہے جس کے ذریعے سے کسی شخص کو اس کے لکھ دینے والے کی طرف سے عمل کرنے کا اختیار دیا جائے

مختار نامہ خاص - جس مختار نامہ میں کسی

قسم کی خصوصیت پائی جاتی ہے
مختار نامۂ عام - عام مختار نامہ جس مین کسی قسم کی خصوصیت نہو
مختص الامر (دیکھو قانون مختص الامر)
مختص المقام - (دیکھو قانون مختص المقام)
مخفی - پوشیدہ -
مخفی مداخلت بیجا بخانہ - جو کوئی شخص مداخلت بیجا بخانہ کا مرتکب ہو یہ پیش بندی کر کے کہ وہ مداخلت بیجا بخانہ کسی ایسے شخص سے چھپائے جو مرتکب کو اُس عمارت یا خیمہ یا مرکب تری سے جس مین وہ مداخلت بیجا کی جائے نہ آنے دینے یا نکال دینے کا استحقاق رکھتا ہے تو کہا جائے گا کہ شخص مذکور مخفی مداخلت بیجا کا مرتکب ہوا -
مخفی مداخلت بیجا بخانہ وقت شب - جو کوئی شخص آفتاب کے غروب ہونے کے بعد اور طلوع سے پہلے مخفی مداخلت بیجا بخانہ کا مرتکب ہو تو کہا جائے گا کہ شخص مذکور مخفی مداخلت بیجا بخانہ وقت شب کا مرتکب ہوا -
مخفی نہ رہے - پوشیدہ نہ رہے - واضح ہو - یاد رکھنا چاہیئے - یہ معلوم ہو - چھپا نہ رہے
مخل - خلل انداز - خلل ڈالنے والا -
مخلصی - رہائی -

تشریح - مخلص مصدر میمی ہے اور زیادتی ی مصدری کی بعد مصدر عربی کے فارسیوں کے تصرف سے ہے جیسے سلامت سے سلامتی اور فضول سے فضولی
مخلوط - ملا ہوا - ملا جلا - یہ خلط کا اسم مفعول ہے
مخنث - ہیجڑا - جو دست کاری وغیرہ سے نامرد بنا لیا گیا ہو یا ہو گیا ہو - اس مین وہ تمام اشخاص جنس ذکور داخل متصور رہین گے جو اپنے تئین رجولیت سے ضایع تسلیم کرین یا بہ معائنہ ڈاکٹر صریحاً ایسے معلوم ہون -
(دیکھو خنثی)
مخنث مندرجہ رجسٹر - وہ مخنث جو حسب ضابطہ رجسٹر مین لکھا جا چکا ہو (دیکھو مخنث)
مخنث کرنا - نامرد کرنا - مخنث بنانا - (دیکھو مخنث)
مد - لمبا خط جو حساب مین لکھتے ہین صیغہ
کشش - درازی - زیادتی - لمبائی - وہ خط جو الف ممدودہ پر لکھتے ہین
مد امانت - امانت کی مد -
مد نظر - زیر نظر ملحوظ -
مداخل - آمدنی - گھر - مکانات - دخل کی جگہین - خراج -
مداخل مخارج - آمد و خرچ - زیادتی و کمی - بڑھانا گھٹانا - کسی قانون کے حصون مین تبدیلی کرنا -

مداخلت - دخل دینا - داخل ہونا -

مداخلت بے جا - بے جا دخل دینا -
بے جا داخل ہونا -

مداخلت بے جا بخانہ - گھر میں بے جا
طور پر داخل ہونا - جو کوئی شخص کسی ایسی
عمارت یا خیمہ یا مرکب تری میں جو انسان
کی بود و باش کے طور پر کام میں آتی ہو یا کسی
ایسی عمارت میں جو عبادت گاہ یا مال کی
جائے حفاظت کے لیئے کام میں آتی ہے
داخل ہونے یا ٹھہرے رہنے کے ذریعے سے
مداخلت بے جا مجرمانہ کا مرتکب ہو تو کہا جائے گا
کہ شخص مذکور مداخلت بے جا بخانہ کا مرتکب
ہوا - کسی کے گھر میں بے جا گھس جانا -
گھر میں دخل دینا -

مداخلت بے جا مجرمانہ - مجرموں کی
طرح بے جا طور پر دخل دینا - خلاف قانون
دخل دینا -

مدارج - درجے - راہیں

مدبر - وہ غلام ہے جس سے اُس کے آقا نے
اُس کی آزادی کا اقرار کیا ہو -

مدت - عرصہ - زمانہ - وقت - لمبا زمانہ

مدت عدت عدت کی مدت - وہ زمانہ
جس میں عورت دوسرا شوہر نہ کر سکے -

تشریح یہ مدت مطلقہ عورت کے لیئے
تین حیض یا تین مہینے ہیں اور بیوہ کے لیئے
چار مہینے دس یوم - اور حاملہ کے لیئے وضع
حمل (دیکھو عدت)

مدت العمر - عمر بھر - زندگی بھر - جیتے جی

مدت مدید - عرصہ دراز - بہت مدت -
زمانہ دراز -

مدخولہ - وہ عورت جس سے صحبت کی گئی ہو
یعنی زن جماع کردہ شدہ یہ اسم مفعول
مونث ہے -

مدد - کمک - امداد - اعانت -

مددگار - مدد کرنے والا - معاون نائب
نائب محرر -

مدعا - مطلب - منشا - غرض - علت غائی - دعویٰ
کیا گیا -

مدعا بہا - وہ چیز جس پر دعویٰ ہو جس کا
دعویٰ کیا گیا ہو -

مدعا علیہ - جس پر دعویٰ کیا گیا ہو - مدعی کا
مقابل - اس کو مدعی علیہ بھی لکھتے ہیں

مدعا علیہ ترتیبی - باعتبار ترتیب کے مدعا علیہ

تشریح جب کئی مدعا علیہ ہوتے ہیں
تو ان کے نام یکے بعد دیگرے با ترتیب درج
ہوتے ہیں نمبر۱ - نمبر۲ - نمبر۳ علیٰ ہذا
القیاس - اور بوقت تحریر فیصلہ کے صرف
نمبروں سے پکارے جاتے ہیں نام وغیرہ
کی چنداں ضرورت نہیں خیال کی جاتی -

مدعا علیہ مجیب جواب دہ مدعا علیہ -

مدعاعلیہا - وہ عورت جس پر دعوی کیا گیا ہو عربی میں ہا کی ضمیر مونث کے واسطے ہے

مدعی - دعوی کرنے والا - مستغیث - اس لفظ میں ہر ایسا شخص بھی داخل ہے جس یا جس کے واسطے کوئی مدعی اپنا حق نالش حاصل کرے - یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے اس کی اصل دعوی ہے

مدعیہ - دعوی کرنے والی عورت - یہ اسم فاعل مونث ہے

مدیون - مقروض - قرضدار

مدیون ڈگری - جو فیصلہ میں قرضدار قرار دیا گیا ہو اس سے وہ ہر شخص مراد ہے جس پر ڈگری یا حکم صادر ہوا ہو -

مدیون نادار - مقروض جس کا دیوالہ نکلا ہو - مدیون مفلس - مدیون نادہند -

مذبذب - دو دلہ ہونے والا - متردد - دبدھا میں پڑنے والا - مشتبہ - غیر یقینی - وہ امر جو صاف نہو -

مذکور - ذکر کیا گیا -

مذکوری - پیادہ - کچہری کا سپاہی سمن وغیرہ کی تعمیل کرنے والا سپاہی - سپاہی عدالت کا -

مرابح - منافع - فائدے

مرابحت - نفع اور فائدے سے بیچنا -

مراتب - مرتبے - درجے - رتبے -

مراتب تمہیدی - ابتدائی مرتبے - ابتدائی امور - تمہیدی امور -

مراتب مندرجہ عرضی دعوی - جو مرتبے عرضی دعوی میں درج ہوں - مندرجہ عرضی دعوی - مضمون عرضی دعوی

مراد - منشا دلی مطلب - ارادہ -

مراسم - نشان آئین - رسمیں - یہ رسم کی جمع ہے

مراعات - نگاہ رکھنا - حفاظت سلوک - رعایت -

مرافع - اپیل

مرافع اولی - پہلا اپیل

مرافق - جمع مرفق - یعنی کہنی اور وہ چیزیں جن سے فائدہ پہونچے

مراکب - وہ چیزیں جن پر سوار ہوتے ہیں - خواہ جاندار خواہ کشتی وغیرہ

مرام - مطلب - مقصد -

مراہق - وے اشخاص جنہوں نے عمر قریب بلوغ حاصل کرلی ہو - وہ لڑکا جو قریب بلوغ کے پہونچے

مرائی - خود نما - اپنی کسی بات کا ظاہر کرنے والا - مکار - مکر کرنے والا -

مربی - پرورش کنندہ - تربیت کنندہ - پالنے والا محسن

مرتب - ترتیب دینے والا - انتظام کرنے والا

اس اسم فاعل کا مادہ ترتیب ہے

مرتب۔ راست اور درست کیا گیا اپنے درجہ پر لایا گیا ترتیب دیا گیا۔ یہ اسم مفعول ہے اس کا مصدر ترتیب ہے

مرتد۔ مذہب اسلام سے پھرا ہوا جو دین اسلام سے پھر گیا ہو لغت میں اس کے معنی رجوع ہونے والا شرعاً دین اسلام سے لوٹنے والا وہ شخص جو بعد ایمان لانے کے کلمات کفر زبان سے نکالے۔ اسلام سے پھرا ہوا اس کی اصل رد ہے۔

مرتشی۔ رشوت لینے والا۔

تشریح۔ ان معنوں میں راشی غلط ہے۔ اس لیئے کہ راشی کے معنی رشوت دینے والے کے ہیں۔ رشوت خور۔

مرتکب۔ اختیار کرنے والا۔ عمل میں لانے والا جرم کرنے والا ایک امر کا پسند کرنے والا کسی کام کا شروع کرنے والا سوار ہونے والا۔ عمل میں لانے والا۔ یہ ارتکاب کا اسم فاعل ہے۔

مرتکب ہونا۔ مجرم ہونا۔ بدکام کرنے والا ہونا۔

مرتہن۔ اپنے پاس رہن رکھنے والا جس کے پاس رہن رکھا جائے۔ اپنے پاس گرو رکھنے والا۔ یہ اسم فاعل ہے اس کا مصدر ارتہان ہے اور اصل رہن ہے۔

مرجِح۔ ترجیح دینے والا غلبہ دینے والا کسی چیز کو کسی چیز پر ترجیح دینے والا یہ اسم فاعل ہے اس کا مصدر ترجیح ہے

مرجَح۔ ترجیح دیا گیا۔ غلبہ دیا گیا یہ اسم مفعول ہے اس کی اصل ترجیح ہے

مرجوعہ۔ رجوع کیا گیا۔ دائر کیا گیا عدالت میں پیش کیا گیا۔

مرحلہ۔ منزل کی جگہ۔ کوچ کا مقام۔ منزل۔ اسباب رکھنے کی جگہ۔ کوچ کرنا۔ مقدار مسافت۔ بارہ میل کی مسافت۔ ایک طرح کی عمارت کا نام جو کہ قلعہ کے گرداگرد بناتے ہیں اور اس پر بیٹھ کر دشمنوں سے جنگ کرتے ہیں

مرحوم۔ رحمت کیا گیا۔ مجازاً مردہ۔ متوفی۔ مغفور۔

تشریح۔ مرحوم اور مغفور یہ دونوں لفظ گو اگرچہ عام ہیں مگر اصطلاحاً صرف مسلمان مردے سے خاص ہیں۔ اہل ہنود میں ان کے بجائے سرگ باس یا سرگ باسی بولتے ہیں یا یہ خیال ہو کہ مردہ کے واسطے یہ بطور تفاؤل اور نیک شگون کے بولتے ہیں یا یہ خیال ہو کہ دنیا کے دھندوں سے چھوٹ گیا یعنی مرگیا گویا خود بخشا گیا

مرد۔ نر۔ انسان بالغ ہو یا نابالغ۔

مِردہ۔ گانوں کا چودھری یا افسر جریب کش مزدور پیمایش کرنے والا۔

تشریح اس کے چودھری کے معنی کی
یہی وجہ ہے کہ اس صورت میں اس کی اصل
سیر دہ یعنی گانون کا چودھری ہو۔

مُرسِل بھیجنے والا۔ نامہ بھیجنے والا۔ یہ ارسال
کا اسم فاعل ہے۔

مُرسَل بھیجا گیا۔ نامہ بھیجا گیا۔ یہ ارسال کا
اسم مفعول ہے

مرسل الیہ جس کی طرف کچھ بھیجا گیا ہو۔ مکتوب
الیہ کو بھی کہہ سکتے ہین۔

مرسلہ بھیجی گئی۔ جو چیز بھیجی گئی ہو۔

مرسم پٹواری پٹواری کی رسوم۔

مرسولہ۔ فرستادہ شدہ۔ مرسل۔ بھیجا گیا۔ مرسلہ

تشریح مرسولہ اور مرسول دونوں غلط
ہین اول اس لیئے کہ مرسولہ کے معنی فرستادہ
شدہ یعنی بھیجا گیا غلط ہے بجائے اس کے
مرسلہ صحیح ہے اس لیئے کہ یہ مصدر ارسال سے
ہے نہ کہ رسالت سے دوم اس طرح غلط ہے
کہ یہ لفظ من حیث اللغت عرب صحیح نہین
بجائے لفظ مرسول کے مرسل بمعنی بھیجا گیا
استعمال کرنا چاہیئے اور لفظ مرسول بمعنی بھیجا
گیا کہین نظر نہین آیا۔ اس لیئے کہ اسم فاعل
اور اسم مفعول رسالت سے کہ مصدر ثلاثی
مجرد ہے کلام عرب مین مستعمل نہین ہوتے

مرسوم۔ رسم کیا گیا۔ آئین اور قاعدہ کیا گیا۔
کبھی اس سے مراد وریامہ اور روزینہ ہوتا ہے

مرض متعدی جب ایک امراض متعدی
اس مین ہر مرض متعدی از قسم آتشک و
سوزاک وغیرہ شامل ہے۔ ایک مریض
سے دوسرے مریض کو لگ جانے والی
بیماری جیسے کل وبائی امراض ہیضہ وغیرہ

مرضعہ۔ دودھ پلانے والی عورت۔ انا۔
دایہ شاہن سرمور کی بولی مین اسے کوچوکھالی
کہتے ہین۔ یہ اسم فاعل ہے رضاع اس
کا مادہ ہے۔

مرعی۔ رعایت کیا گیا۔ لحاظ کیا گیا۔ یہ اسم مفعول
ہے۔ اس کی اصل رعایت ہے

مرقوم / **مرقومہ** لکھا ہوا۔ لکھا گیا۔ یہ دونون اسم
مفعول ہین ان کی اصل رقم ہے

مرکب۔ وہ چیز جس پر سوار ہون جانور
ہو یا اور کچھ کشتی وغیرہ

تشریح اس کا اکثر استعمال گھوڑے
گھوڑی وغیرہ یا کشتی جہاز پر ہوتا ہے

مرکب تری کشتی۔ جہاز۔ وہ شے جو
انسان یا مال کے پانی پر لے جانے کے لیے
بنائی گئی ہو۔

مرکوز۔ گڑا ہوا۔ محکم کیا ہوا۔

تشریح یہ لفظ رکز بمعنی زمین پر نیزہ
گاڑنے سے مشتق ہے مجازاً بمعنی منظور
کے بھی آتا ہے

مرکوز خاطر۔ دل مین جا ہوا۔ دل پسند۔

مرگ مفاجات - ناگہانی موت - اتفاقیہ موت -

مرمت - اصلاح کرنا - درست کرنا - سنوارنا

مرمیمہ - ترمیم شدہ - ترمیم کی گئی - یہ ترمیم کا اسم مفعول مونث ہے

مرور - گذرنا - چلا جانا -

مرئی - دیکھا گیا وہ شے جو دکھائی دے

مرئیات - وہ چیزیں جو نظر سے دکھائی دیتی ہیں -

مرہون - رہن کیا گیا - گرو رکھا گیا یہ رہن کا اسم مفعول ہے -

مرہونہ - گرو رکھی گئی - رہن رکھی گئی - یہ رہن کا اسم مفعول مونث ہے

مری - وہ زمین جو قرضہ کے سود میں دے دی جاوے -

مریض گھوڑا - جس کو لنگڑا یا برساتی عارضہ ہو جس گھوڑے کو کوئی گھوڑوں کا مرض لگ جاوے

مزاحم - روکنے والا تنگ کرنے والا منع کرنے والا جو بالمقابل حرکت کرے یا کسی نالش میں کارروائی کے روکنے کے واسطے مقابلہ کسی پر تنگی کرنے والا کسی کو پیچ پہونچانے والا اپنوکی کرنے والا۔

مزاحم دار - جس کے حقوق یا قبضہ میں مزاحمت کی گئی ہو۔

مزاحمت - کسی پر تنگی کرنا - ٹوکنا - روک -

مزاحمت بالارادہ - جو عمداً اور ارادہ سے روک ٹوک ہو۔

مزاحمت بے جا - بے جا اور خلاف قانون روک ٹوک - اس سے مراد کسی شخص کو اس جگہ میں جہاں وہ رہا ہو یا رہنے کا استحقاق رکھتا ہو نہ آنے دینا مراد ہے

مزاحمت جسمانی - ہر ایک بدنی ہی بار کا ٹوک

مزاحمت قانونی - جو روک ٹوک اندر قانون ہو۔

مزارع - کھیتی کرنے والا - کسان کاشتکار کوئی قابض اراضی جو اس کی بابت لگان ادا کرنے کا ذمہ دار ہو - بروے ایکٹ مزارعان پنجاب ایک شخص ہے جو دوسرے شخص کے تابع اراضی پر قابض ہو - وہ شخص جس کو حق قبضہ حاصل ہو۔

تشریح اس کی بڑی قسمیں یہ ہیں (۱) مزارعہ مستحق دخیل کاری کا (۲) مزارعہ میعادی (۳) مزارع تابع

مزارع تابع مرضی مالک - جو کاشتکار مالک کی مرضی کے تابع ہو۔

مزارع چھپر بند - وہ کاشتکار جس کا حق قدیم سے چلا آتا ہو

مزارع خود کاشت جو کاشتکار خود

بونے جوتنے کا کام کرتا ہو۔

مزارع قدیمی۔ جو کاشت کار قدیم سے چلا آتا ہو لفظ قدیمی میں یا ی کی زیادتی عبث ہے قدیم فصیح ہے

مزارع کھودہ مار۔ اس کے حقوق کاشت صرف اس کے جام کے نجام تک رہتے ہیں یہ صرف بیجا لگان کو دیا کرتا ہے (دیکھو جیہ)

مزارع مستحق دخل کاری وجہ مزارعہ کسی وجہ سے بعد بندوبست سر سری کے برابر قابض ارضی رہا ہو اور کوئی لگان مالک کو سوائے حصہ معاملہ سرکاری والعواب دیتا ہے جو برد حساب کے اس ارضی پر واجب آتا ہو ادا کیا ہو تو وہ مزارعہ مستحق دخیل کاری اس ارضی کا جو زیر کاشت اس کے رہو سمجھا جائے گا۔

مزارع موروثی۔ جو کاشت کار ورثہ کا حق رکھتا ہو۔ قدیمی کاشت کار

مزبور۔ لکھا ہوا اوپر کا۔ مذکور یہ اسم مفعول ہے اس کا مادہ زبر یعنی اوپر ہے۔

مزدور علاوہ کاشت کاران کے مزدور متصور نہوں گے لوہار سنار۔ دھوبی نائی

تشریح ان کو مزدور کہنا چنداں مناسب نہیں بلکہ ان کو لاگی او کمین اور رعیت حق کہا جاتا ہے۔

مزدوران تارک الوطن حسب ایکٹ مزدوران

اس سے مراد وہ مزدور ہیں جو بطور اس

مزرعہ۔ کھیت

مزروعہ۔ بوئی ہوئی اس کا مادہ زرع۔ زراعت ہے

مزید۔ زیادتی۔ افزونی۔ زیادہ کیا گیا۔

تشریح زیادتی و افزونی کے معنوں کے اعتبار سے تو مصدر میمی ہوگا اور زیادہ کیا گیا کے اعتبار سے اسم مفعول ہوگا

مزید بران علاوہ ان زیادہ ازین۔

مزید تحقیقات۔ زیادہ تحقیقات

مساح بڑا پیمایش کرنے والا زمین کا

مساحت۔ پیمایش۔ پیمایش کرنا زمین ناپنا۔ بفتح میم غلط مشہور ہے

مساعی۔ کوششین جلدیان۔

مسافر سفر کرنے والا حسب ایکٹ دیسی مسافران جہاز کے اس سے مراد ایک شخص جو بارہ برس سے زیادہ عمر کا ہو۔ یا ایسے دو شخص مراد ہیں جن کی عمر ایک اور بارہ برس کے اندر ہو

مسافت۔ سفر کرنا

مسامحت چشم پوشی کرنا جوانمردی طرح دینا کسی پر کام آسان کرنا کسی امر کو سہل اور آسان سمجھ کر اس کی طرف توجہ نہ کرنا چشم پوشی کرنے کا فعل۔

مساہم۔ شریک۔ حصہ دار

ساہمت - شرکت - ساجھا۔

مسائل - وہ باتین جو پوچھی جاتین - مذہبی باتین مسئلہ کی جمع ہے

مسبوق گذشتہ - وہ چیز جس پر کوئی چیز جاری ہو گذرا ہوا زمانہ اصطلاح شرع مین خاص ایک قسم کا نمازی ہوتا ہے

مسبوق الذکر جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہو

مستاجر - ٹھیکہ دار اجارہ لینے والا - وہ کسان جس کو زمیندار یا مالک لگان وصول کرنے کو مقرر کرے وہ غیر شخص جس کے ساتھ سرکار بباعث انکار مالکان وقت بندوبست یا بعلت ایصال بقایا ایک میعاد مقررہ تک انتظام کرتی ہے

تشریح مستاجر یا ٹھیکہ دار بہ نسبت مالک کے کاشتکار و مستحق استفادہ جمیع قواعد متعلقہ کاشتکاروں کے اگر کوئی ٹھیکہ دار اپنی میعاد ٹھیکہ بے دخل کیا جاوے تو وہ شامل رعایا بابت معاوضہ بے دخلی ہے جا یا عہد شکنی معاہدہ نالش کر سکتا ہے

مستاجر اصلی اصلی اور حقیقی ٹھیکہ لینے والا

مستاجر سرکاری - سرکاری ٹھیکہ دار

مستاجر فرضی بناوٹی یا نام کا ٹھیکہ دار

مستاجری ٹھیکہ داری یا اجارہ داری -

مستاجری دینا ٹھیکہ داری دینا -

مستاصل - برباد تباہ جڑ سے اکھاڑا گیا

مستبین غیر مرسوم - ایک وثیقہ جو خود بے قاعدہ اور نامکمل اور قانونی شہادت کے قابل نہو۔

مستبین مرسوم - ایک وثیقہ جو قانونی طور پر لیا جا سکے

مستثنیٰ - باہر لایا گیا۔ خاص کیا گیا - الگ کیا گیا

مستثنیات وہ امور جو الگ کئے گئے ہوں -

مستثنیات عامہ - وہ عام امور جو الگ کئے گئے ہوں -

مستحاضہ وہ عورت جس کو معمولی ایام سے زیادہ خون آوے

مستحسنہ دوست رکھا گیا فقیہوں کی اصطلاح میں وہ فعل عبادت جس کا ثواب رسول صلعم نے فرمایا ہو یا کبھی اس فعل کو خود کیا ہو -

مستحق حق دار - استحقاق رکھنے والا - وہ شخص جس کا حق کسی امر کا ہو یہ استحقاق کا اسم فاعل ہے - اس کا اصلی مادہ حق ہے

مستدعی - مدعی درخواست کرنے والا خواہش کرنے والا - خواہش مند - یہ استدعا کا اسم فاعل ہے -

مستدعیہ - مدعیہ - درخواست کرنے والی عورت - یہ استدعا کا اسم فاعل مونث ہے

مستدل - دلیل مانگنے والا - طلب دلیل کرنے والا۔

مسترد - واپس دیا گیا - لوٹایا گیا - اس کا مصدر استرداد ہے جس کی اصل رد ہے

مسترد کرنا - لوٹا دینا - واپس کرنا۔

مستشار قانونی - جس سے قانونا کا مشورہ لیں یا کریں۔

مستطیع - صاحب استطاعت - صاحب قدرت۔

مستظہر - یاری چاہنے والا - مدد مانگنے والا قوی پشت ہونے والا - طلب پشت پناہی کرنے والا - یہ استظہار کا اسم فاعل ہے جس کی اصل ظہر یعنی پیٹھ ہے۔

مستعار - عاریت لیا ہوا - تھوڑے عرصہ کے واسطے مانگا ہوا - یہ استعارہ کا اسم مفعول ہے جس کی اصل عاریت ہے

مستغاث - وہ شخص جس سے داد رسی اور انصاف چاہیں - اس کی اصل استغاثہ ہے

مستغاث علیہ - مدعا علیہ جس پر استغاثہ کیا جائے - مدعا علیہ

تشریح مستغاث علیہ اور مدعا علیہ میں صرف یہ فرق ہے کہ مدعا علیہ وہ ہے جس پر دیوانی میں دعوی کیا گیا ہو اور مستغاث علیہ وہ ہے جس پر فوجداری میں استغاثہ کیا گیا ہو۔ (دیکھو استغاثہ اور دعوی)

مستغرق - ڈوبا ہوا - نہایت مصروف - نہایت مشغول۔

مستفسرہ - پوچھا ہوا - استفسار کیا ہوا استصواب کیا ہوا - یہ استفسار کا اسم مفعول ہے۔

مستفید - فائدے کا طلب کرنے والا - فائدہ اٹھانے والا - یہ استفادے کا اسم فاعل ہے جس کی اصل فائدہ ہے

مستفید ہونا - فائدہ یاب ہونا۔

مستفیض - طلب فیض کرنے والا - فیضیاب - یہ اسم فاعل ہے - اس کا مصدر استفاضہ ہے جس کی اصل فیض ہے

مستمرہ - ہمیشہ والی - دامی - دائم - دائمی پیوستہ - یہ استمرار کا اسم فاعل ہے

مستنبط - وہ چیز جو باہر لائی گئی اور باہر نکالی گئی ہو - یہ استنباط کا اسم مفعول ہے

مستند - وہ چیز جس سے پیٹھ لگا کر بیٹھیں وہ شخص جس کی طرف پناہ لی جائے - معتبر جس کی سند دی جا سکے - اس کی اصل سند ہے

مستوجب - سزاوار - لائق - قابل

مستوجب اضافہ لگان - لگان کے اضافے کے لائق۔

مستورہ - چھپی ہوئی چیز - جو عورت پردہ میں ہو - یہ ستر کا اسم مفعول مونث ہے

مستوفی - پورا ادا کر لینے والا - سب کو

گھیرنے والا۔ یہ منشی محاسب اور حساب کرنے والوں سے حساب ہے۔

مستوفی ہونا ۔ مستوفی بنا۔

مستولی ۔ غالب۔ زور آور۔ غلبہ کرنے والا۔ کسی پر غالب آنے والا۔ اس کا مصدر استیلا یعنی غلبہ ہے۔

مستوہب ۔ طلب ہبہ کرنے والا بخشش چاہنے والا۔ اس کی اصل ہبہ ہے

مسدود ۔ بند کیا گیا۔ یہ سد کا اسم مفعول ہے

مسدود کرنا ۔ بند کرنا۔

مسرات ۔ خوشیاں۔

مسرات امید ۔ کبھی ہم آئندہ کی مسرات کا تصور کرتے ہیں اور ان کے ساتھ یہ امید ہوتی ہے کہ عنقریب ہم ان سے مستفید ہوں گے۔

مسرات اخلاقی ۔ وہ مسرات جو ہمارے اخلاق سے متعلق ہیں

مسرات بدخواہی ۔ ان لوگوں کی تکالیف کو دیکھ کر یا ان کا تصور کر کے پیدا ہوتے ہیں جو ہم سے محبت نہیں کرتے یا ہمارے دشمن ہیں ان کا نام مسرات خشم ارادت و حسد بھی ہے

مسرات تعلق ۔ کوئی چیز فی نفسہ موجب مسرت نہ ہو ایک اور شئے پسندیدہ کے تعلق سے پسندیدہ ہو جائے تو اسی کا نام مسرات تعلق ہے۔

مسرات تمدنی ۔ جو مسرات تمدن کے متعلق ہوں

تشریح تمدن کے معنی شہر میں رہنا۔ انتظام شہر کا کرنا۔ پیشہ وروں کا ایک جگہ جمع ہونا اس میں ہی نسبت کی ہے۔

مسرات حدت ۔ وہ مسرات جو نئی چیزوں کے دیکھنے سے پیدا ہوتی ہیں

مسرات خشم ارادت و حسد ۔ مسرات بدخواہی۔ (دیکھو مسرات بدخواہی)

مسرات طبعی ۔ جو مسرات طبعی ہوں۔ ایسی مسرات جو طبع سے منسوب ہوں۔ اصلی مسرات۔ ایسی مسرات جو عارضی نہ ہوں۔ ایسی مسرات جو علم طبعی سے ہوں۔

مسرات علم ۔ جب ہم کسی تحقیقات کو طبعیات یا علم اخلاق کے ہم پہونچاتے ہیں تو ایک قسم کی مسرت حاصل ہوتی ہے۔ اسی کا نام مسرات علم ہے۔

مسرات علم حافظہ ۔ ہم لوگ اپنے حفظ ماضیہ اور کبھی تکالیف سابقہ کو بالتفصیل و بسلسلہ وار خیال کرنے سے خوش ہوتے ہیں اسی خوشی کا نام مسرات حافظہ ہے

مسرات قوت متخیلہ ۔ کبھی قوت حافظہ چند مسرات کو مختلف طور پر مطابق ہماری خواہشوں کے ترتیب دیتی ہے اور اس میں

کبھی ہم لوگ اپنی طرف سے پسندیدہ حالات
جنھیں ہم اپنی ذات یا ذات غیر میں ادراک
کیلئے بڑھا دیتے ہین

مسرات مذہبی ۔ وہ مسرات جو مذہب
سے متعلق ہون

مسرات نجات ۔ جب کوئی شخص تکلیف
اُٹھانے کے بعد صحت پاتا ہے تو مطلق صحت
یا کمی تکلیف باعث خوشی ہوتی ہے اور یہ
خوشی نہایت فرحت افزا ہوتی ہے اسی کو
مسرات نجات بولتے ہین

مسرت ۔ خوشی

مسرت خالصہ ۔ وہ ہے جس سے غالباً
آلام نہ پیدا ہون ۔

مسرور ۔ خوش کیا گیا ۔ خوش

مسروقہ ۔ چوری کیا گیا ۔ چرایا گیا ۔ مال مسروقہ
مشہور ہے ۔

مسطور ۔ لکھا گیا سطر بندی کیا گیا ۔ مذکور

مسکر ۔ نشہ کرنے والی چیز ۔ نشہ دینے
والی چیز ۔ نشہ لانے والی چیز ۔

مسکرات ۔ نشہ دینے والی چیزیں جن سے
نشہ اور منشی پیدا ہو مثل شراب و بھنگ
وغیرہ ۔

مسکرات منشی ۔ اس میں گانجا و بھنگ
اور چرس افیون اور ہر شے جو اشیائے
مذکورۃ الصدر سے آمیز یا ساخت کی گئی ہو

مسکن ۔ رہنے کی جگہ ۔ گھر ۔ جائے سکونت

مسل ۔ مجموعہ کاغذات متعلقہ مقدمہ

تشریح ۔ اس لفظ کے س اور ث سے
ہونے میں تردد ہے کہ آیا ان میں سے صحیح
کس سے ہے عموماً اکثر س سے لکھا ہوا
دیکھا گیا ہے ۔ اور ث سے زیادہ موزون معلوم
ہوتا ہے مگر رواج اور کثرت تحریر س سے ہے
(دیکھو مثل)

مسل مکمل ۔ جو مثل ناقص نہو ۔ جو مثل
پوری اور کامل ہو

مسل ناقص ۔ جو مثل پوری نہو ۔ خلاف
مثل مکمل ۔ مثل ناممل ۔

مسلح ۔ ہتھیار بند ۔ اوجی ۔ اس کی اصل سلاح ہے

مسلح ہونا ۔ اس میں چاقو لاٹھی رکھنا بھی
شامل ہے ۔

تشریح ۔ یہ ایک فیصلہ چیف کورٹ کا منشا
ہے جو قابل غور ہے

مسلم ۔ تسلیم کیا گیا ۔ مانا گیا ۔ تسلیم کردہ ۔
تسلیم کا اسم مفعول ہے

مسلمہ عام ۔ عام لوگوں کا مانا ہوا ۔ مسلمہ
تسلیم کا اسم مفعول مونث ہے

مسلوب ۔ چھینا ہوا ۔ سلب کیا گیا ۔ سلب کا
اسم مفعول

مسلوب الحواس ۔ جس کے ہوش
ٹھکانے نہون ۔

مسئلہ سوال۔ وہ بات جو دریافت کے قابل ہو شرعی بات۔

مسئلہ امر واقع ۔ امر واقع کی بات

مسمی ۔ نام رکھا گیا۔ نام کیا گیا نامزد صاحب نام

تشریح فارسی والے اسے تصرف سے اس کو یاے معروف سے بولتے ہین ۔ یہ اسم مفعول ہے ۔

مُسِن ۔ بہت بڑھا۔ اس کی اصل سن ہے

مسند ۔ تکیہ گاہ۔ بڑا تکیہ ۔ گدی ۔ تخت

مسئول ۔ چاہا گیا۔ سوال کیا گیا۔ سوال درخواست

مسئولات ۔ وہ مقدمات جو واقعات مین موجود ہون مگر اکثر لوگون کو ان پر اطلاع نہو سوال کیئے گئے پوچھے گئے

مسیحی جو مسیحا یعنی حضرت عیسی علیہ السلام کے پیرو ہین عیسائی ۔ نصرانی

مشابہت آپس مین مثل و نظیر ہونا

مشاع جس کی تقسیم نہوی ہو جو مشترک ہو۔ فاش کیا گیا آشکارا ظاہر اور اکثر استعمال اس کا زمین پر ہوتا ہے یعنی وہ زمین جو چند آدمیون کی شرکت مین ہو اور ابھی اس کی تقسیم نہوئی ہو

مشاق بہت مشق کرنے والا جس کو بڑی مشق حاصل ہو ۔ جو نہایت پریکٹس کسی کام مین رکھتا ہو۔

مشاہرہ ۔ ماہوار تنخواہ۔ مہینہ ۔ ماہانہ تنخواہ اس کی اصل شہر بمعنی مہینا ہے

مشتبہ ۔ جس مین شبہ ہو۔ شک کیا گیا ۔ شکی

مشتبہ الوضع جس کی وضع سے مجاشی کا شبہ ہوتا ہو جس کی وضع مین اشتباہ ہو

مشترک ۔ شریک ۔ ساجھی ۔ ساجھا ۔ وہ لفظ جو کئی معنوں مین بنایا گیا ہو۔ جیسے جاریہ کے معنی لونڈی اور آفتاب اور کشتی ہے اور عین کے معنی چشمہ اور زانو اور سونا اور ذات اور ایک حرف ہے۔

مشترکاً ۔ ساجھے کے طور پر۔ شریک ہوتے کی حالت مین ۔ اس کا مصدر اشتراک ہے

مشتری خریدار مول لینے والا ۔ شراء کا اسم فاعل ہے۔

مشتری فرضی ۔ برائے نام خریدار ۔ فرض کیا ہوا مشتری

مشتری بیع مشروط شرطی بیع کا خریدار شرط پر خریدنے والا۔

مشتری نیلام نیلام کا خریدار۔ عام فروخت کا خریدار۔

مشتمل ۔ شامل ۔ شامل ہونے والا محیط ۔ یہ اشتمال کا اسم فاعل ہے

مشتہر اشتہار دینے والا ۔ بر اشتہارہ

اسم فاعل ہے یعنی شہرت دینے والا۔
مشتہر - اشتہار دیا گیا۔ مشہور کیا گیا۔ یہا سے مراد اس اشتہار سے ہے جو لوکل گورنمنٹ کے حکم سے سرکاری گزٹ مین چھپے۔
مشتہرہ - اس سے مراد وہ شایع کردہ ہے جو لوکل گورنمنٹ کے حکم سے سرکاری گزٹ مین مشتہر کیا جاے۔
مشتہر کرنا - مشہور کرنا۔ شایع کرنا۔
مشحون - بھرا ہوا۔ پُر۔ بھرا گیا۔
مشخص - تجویز کیا گیا۔ تشخیص کیا گیا۔ تحقیق کیا گیا۔ تجویز شدہ۔ یہ تشخیص کا اسم مفعول ہے
مشخص جمع - تجویز کی گئی جمع۔
مشخصی دار - وہ زمیندار جس کے ساتھ تصفیہ لگان ہو چکا ہو
مشرح - مفصل کھول کر بیان کیا گیا۔ تفصیلوار یہ تشریح کا اسم مفعول ہے جس کی اصل شرح ہے
مشرح - تشریح کرنے والا۔ تفصیل کنندہ کھول کر بیان کرنے والا۔ یہ تشریح کا اسم فاعل ہے۔
مشروط - مقید۔ شرطیہ۔ شرطی
مشروطاً - مشروط ہونے کی حالت مین۔ یا شرط ہونے سے
مشعر - مشتمل۔ شامل۔ ظاہر کرنے والا
مشقت - سختی۔ تکلیف۔ محنت۔

مشقت تعزیری - سزائی تکلیف
مشقت تعزیری بحالت قید - وہ سزائی تکلیف جو قید کی حالت مین ہو
تشریح - اس مین مجرم قید رہتا ہے اور اس سے مشقت بطور سزا لی جاتی ہے محض قید نہین ہوتی۔
مشقت شدید - سخت تکلیف۔ سخت سزا۔
مشکوک - شکی۔ احتمالی۔ غیر یقینی۔ شک کیا گیا۔ یہ شک کا اسم مفعول ہے
مشمولہ - شامل کیا گیا
مشورہ - صلاح۔ کمیٹی۔ سازش کرنا۔
مشورہ مجرمانہ - خلاف قانون سازش کرنا
مشیر - اشارہ کرنے والا۔ مشورہ دینے والا صاحب مشورت۔ ایک معزز عہدے کا نام ہے عہدہ دار جو بادشاہ یا حاکم کو مشورہ دینے کا مجاز ہو
مشین - یہ ایک اوزار ہے اس کو انگریزی رائفلون کے واسطے کارتوسیان ڈھالنے والی مشین کہتے ہین اور یہ ان کارتوسون کے خولون سے جو ایسی رائفلون کے واسطے ہون مستعمل ٹوپیان نکال کر ان کی جگہ نئی ٹوپیان بھرنے کے کام آتی ہے یعنی کارتوسون مین ٹوپیان ڈالنے کا آلہ ہے۔ ایک سلائی اور دوست ادرجاپنے کا آلہ بھی ہے۔

مصاحب - ہم صحبت۔ ہم نشین۔ امیر کا ہم نشین

مصارف - جمع مصرف۔ خرچ کرنے کی جگہین

مصالحہ - اس کے معنی باہم صلح کرنے کے ہین قانوناً عموماً اس صلح سے مراد ہوتی ہے کہ جو کوئی شخص مرتکب جرم کے ساتھ اس شرط پر کہ مرتکب کچھ معاوضہ دے تو وہ شخص اس پر نالش کرنے سے باز رہے صلح کرے۔

مصالحت نامہ - صلح نامہ۔ راضی نامہ

مصداق - آلہ صادق آنے معنی کا یعنی وہ شے جس پر کوئی معنی بولے جائین مثلاً انسان کے معنی زید پر صادق آتے ہین تو انسان کے معنی کا زید مصداق ہے وہ چیز جو موافق دوسری چیز کے ہے۔ آلہ صدق و سچائی مضمون

مصدع - درد سر پیدا کرنے والا مجازاً تکلیف دینے والا۔ یہ اسم فاعل ہے اس کا مصدر تصدیعہ ہے جس کی اصل صدع یعنی درد سر ہے۔

مصدقہ - تصدیق کیا گیا۔ تصدیق کردہ شدہ یہ تصدیق کا اسم مفعول ہے

مُصر - ضد کرنے والا۔ اصرار کرنے والا یہ اسم فاعل ہے اس کا مصدر اصرار ہے

مُصحح - تصحیح کیا گیا تعین کیا گیا۔ تصحیح کا اسم مفعول ہے

مصمم - تصمیم کیا گیا۔ مضبوط۔ مستحکم ارادہ کیا گیا۔ تصمیم کا اسم مفعول ہے

مصنوعی - بناوٹی۔ تقلیدی۔ نقلی

مضاربت - کسی کو تجارت کے واسطے مال دینا۔

مضاعف - دوچند۔ دونا۔ دوگنا۔ اس کی اصل ضعف ہے

مضافات - جو دیہات کسی قصبہ یا شہر کے متعلق ہون۔

مضرت - ضرر۔ گزند

مضرت دیوانی - ان حقوق مین دست اندازی کرنا ہے جو اشخاص سے بحیثیت الاشخاص تعلق رکھتے ہون۔ یہ تشریح حال کے مصنفون کی ہے۔ وہ مضرات جو دیوانی کے متعلق ہون۔

مضرت قانونی - اس سے یہ مراد ہے کہ کسی کے جسم یا نیک نامی کو نقصان پہونچے وہ مضرت جو قانون کے متعلق ہو۔ اس مین ی نسبت کی ہے۔

مضرت واقعی - جو مضرت اصلی ہو مثلاً کسی کا مکان جلا کر دیا لوٹ لینا

مضمون ہتک - ہتک اور بے عزتی کا مضمون۔ وہ مطلب جو لائبل کے لائق ہو

مطالب - جمع مطلب - لفظ عام مطلبوں پر مستعمل ہوتا ہے اور حسب ایکٹ قرضہ ترقی حیثیت اراضی وہ مطالب مراد ہیں جو کاشت کاری یا عمل کاشت کاری سے تعلق رکھتے ہیں جیسے فرید بلبن نے شکر نیسرہ۔

مطالبہ - طلب کرنا۔ مانگنا۔ مطالبہ کرنا تقاضا واپس مانگنا جیسے بولتے ہیں عندالمطالبہ یعنی مانگنے پر۔

مطالبۂ خفیفہ - اس سے مراد اس قسم کا مقدمہ ہے جو ایکٹ عدالت ہائے مطالبۂ خفیفہ صوبہ مصدرہ ۱۸۸۷ء کے بموجب کسی عدالت مطالبۂ خفیفہ کی سماعت کے قابل ہو۔

مطبوعہ طبع کی گئی چیز۔ چھاپی گئی۔ چھپا ہوا اس میں پتھر اور سیسہ کا چھاپا داخل ہے پتھر یا سیسہ کا چھپا ہوا۔ یہ طبع کا اسم مفعول ہے۔

مطلق - عام بے قید۔ آزاد۔ رواں کیا گیا۔ بالکل۔ جو مقید نہ ہو۔

مطلقہ - طلاق دی گئی عورت چھوڑی گئی عورت۔

مطلوب - طلب کیا گیا۔ مقصود۔ جو درکار ہو ہنر دری؟۔

مطمئن - اطمینان پانے والا۔ تسلی۔

مظاہرت - ایک قسم کی طلاق ہے جس میں مرد اپنی عورت کو اپنے آپ سے الگ کرتا اور اس کی نسبت ناپسندیدگی ظاہر کرتا ہے

مظہر - ظاہر کرنے والا بروزن مبارک اسم فاعل ہے

مع - ساتھ - ہمراہ۔

معاً - ساتھ ہی فوراً - اسی وقت۔

معاش - گذارہ کرنا زندگی بسر کرنا - وہ چیز جس سے زندگی بسر کی جائے روزگار

معاف - بخشا گیا - عفو کیا گیا۔ یہ اسم مفعول ہے اس کی اصل عفو ہے -

معافی - وہ عطیہ اراضی جس پر لگان چھوڑ بخشش - چھٹکارا۔

معافی روانہ - وہ اجازت نامہ جو تجارتی اشیا کی آمد و شد کے واسطے ملے

معافی سزا کا وعدہ - ایک وعدہ سزا کے معاف کرنے کے واسطے دیا جاتا ہے

تشریح اس وعدے کے دینے سے شریک جرم بشرط اثبات جرم اپنے شریک کے معاف کیا جاتا ہے۔

معافی مال گذاری - اس اراضی پر بولا جاتا ہے جس کی مال گذاری کلاً یا جزواً واگذاشت کی گئی ہو یا منقطع کرائی گئی ہو یا کسی معاہدۂ خاص سے چھوڑ دی گئی ہو

معافی نامہ - تحریری معافی معافی کی تحریر

معافی دار معافی رکھنے والا پنجاب میں اس کو کہتے ہیں کہ ایک زمین قطعۂ زمین کا حکام ملکی بحکم سرکاری دوام یا کسی میعاد کے لیئے رکھتا ہے اصلی معنی اس کے یہ ہیں کہ جو خیرات خوراک اراضی معاف کرائے ہیں کہ جس کو سرکار اپنا حق وصولی معاملہ سرکاری منتقل کردے علاوہ اقرار بھی ہا گیا ہے نمبر ۱ پنجاب ریکارڈ ۱۸۶۶ء جاگیردار۔

معاقد عقد کرنے والا عہد کرنے والا۔ نکاح کرنے والا

معاملہ لگان محصول خراج زمین باہم مل کر کوئی کام کرنا۔ عہد جمع عہود جو باہم اس طور پر ہو کہ اس میں سے ہر ایک دوسرے کے بدلے بدل ہو

معاملہ بدنی وہ ہے جس میں شئے معہودہ کے لینے دینے کی نیت نہیں ہوتی بلکہ یہ منشا ہوتا ہے کہ تاریخ مقررہ پر حساب نفع یا نقصان کا بمقابلہ قیمت بازاری و شرح مقررہ کے سمجھ کر جو رقم واجب نکلے ادا کی جائے ایسا معاہدہ حسب قانون معاہدہ کالعدم ہے

معاملہ زمین حسب ایکٹ ذیل ریتا ہے وہ ریٹ بھی شامل ہیں جو بصورت بڑھ جانے حیثیت زمین بوجہ آب پاشی لگایا جاوے اور یہ عموماً محصول الکہ اراضی یا جمع خورش جیشیتی کے نام سے نامزد ہے حسب ایکٹ ۱۸۷۳ء متعلق مال گزاری کا پنجاب معاملہ زمین میں وہ معاملہ بھی داخل ہے جو کسی کے نام گورنمنٹ کی طرف سے تفویض ہوا ہے اور نیز وہ شائع جو زمین کی بابت بطور نذرانہ عوض خدمت یا دیگر نذرانہ کے گورنمنٹ میں واجب الادا ہیں یا کسی ایسے شخص کو واجب الادا ہیں جس کو گورنمنٹ نے حق وصولی شائع مذکور تفویض کیا ہے

معاملہ سنگین۔ سخت یا زیادہ لگان

معان وہ شخص جس کی اعانت کی گئی ہو یہ اعانت کا اسم مفعول ہے

معاہد۔ وہ شخص جو کلام ایجاب کے

معاہد لہ۔ وہ شخص جو کلام ایجاب کو قبول کرے

معاہدہ۔ آپس میں عہد و پیمان باندھنا عہد پیمان اقرار وہ معاملہ ہے جو چند اشخاص باہم اپنے ارادے کے اظہار متفقہ کی بنا پر کرتے ہیں جس کی رو سے ان کے باہمی تعلقات قانونی مشخص ہو جاتے ہیں۔ بعض نے معاملہ اور معاہدہ کے ایک ہی معنی کیئے ہیں ہندوستانی کمشنران قانون نے یہ تعریف تجویز کی تھی معاہدہ وہ معاملہ مابین الفریقین ہوتا ہے جس کی رو سے ایک فریق کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے کا اقرار کرتا ہے

معاہدہ ابراء۔ جس معاہدے کے ذریعے سے ایک فریق دوسرے کو اس نقصان سے

بری کرنے کا عہد کرے۔ جو کہ اس کو خود حلیف کے فعل سے یا کسی اور شخص کے فعل سے حاصل ہوا ہو۔ ابراء کے معنی بری کرنا۔ معاہدہ دیکھو معاہدہ مین۔

معاہدہ ساقط النفاذ۔ ناجایز اقرارنامہ۔ وہ اقرارنامہ جس کا نفاذ نہو سکے

تشریح ساقط کے معنی گرنے والا نفاذ کے معنی جاری ہونا معاہدہ دیکھو زیر لفظ معاہدہ

معاہدہ مشروط۔ ایسا معاہدہ جس مین شرط یا شرطین ہون۔ شرطیہ معاہدہ۔ وہ معاہدہ ہے جس مین کسی شے کا کرنا یا نہ کرنا مشروط بوقوع یا عدم وقوع کسی واقعہ لاحقہ کے ہو جس مین بشرط عدم وقوع کسی واقعہ آیندہ غیر معین کے کرنا یا نہ کرنا کسی امر کا مشروط ہو

معاہدہ ضمانت۔ وہ معاہدہ ہے جو کسی شخص ثالث کے عہد کی ایفا، یا ذمہ داری کے ادا کے لیئے بشرط قاصر ہونے اُس شخص ثالث کے کیا جاے

معاہدہ ممکن الانفساخ۔ جو معاہدہ قانون کی رو سے فریقین مین سے ایک یا زیادہ کی مرضی پر جاری ہو سکتا ہو گر دوسرون کی مرضی پر نہو سکتا ہو۔ ایسا معاہدہ جس کا فسخ ہونا ممکن ہو

تشریح ممکن کے معنی ہو سکنے والا انفساخ کے معنی ٹوٹنا فسخ ہونا معاہدہ کے واسطے دیکھو معاہدہ۔

معاہد لہ۔ وہ شخص جس کے واسطے کوئی عہد کیا گیا ہو۔

تشریح معاہد کے معنی عہد کیا گیا۔ ل کے معنی واسطے اور ہ کے معنی اُس یعنی معاہدہ کیا گیا واسطے اُس کے۔

معائنہ۔ کسی چیز کو آنکھ سے سامنے دیکھنا یا باہم دیکھنا۔ استحاناً دیکھنا۔ ملاحظہ۔ دیکھ بھال۔

معبر۔ اس مین کشتیان اور آہنی پل یا لکڑیون کی بیڑی اور سوننگ برج یعنی جھولتے ہوے پل اور فلائنگ برج یعنی اُٹھاؤ پل اور عارضی پل داخل ہین۔

معتبری۔ ضمانت۔

معتبری دینا۔ ضمانت دینا۔

معترض۔ اعتراض کرنے والا۔

معترف۔ اقرار کرنے والا۔ مُقر۔

معتمد۔ جس پر اعتماد کیا گیا ہو۔ سکرٹری

معجل۔ جلدی کرنے والا۔ سبقت کرنے والا

معدلت۔ عدل۔ انصاف

معدلت حقیقی۔ اصلی انصاف

معدلت عامہ۔ عام انصاف۔

معرض۔ جاے عرض۔ عرض کرنے کی جگہ۔ جگہ ظاہر ہونے کسی چیز کی

معروض ۔ عرض کیا گیا پیش کیا گیا ۔ عرض

معروضہ ۔ عرض کیا گیا پیش کیا گیا عرضی درخواست ۔ معروضہ

معزول ۔ بے کار رکھا گیا ۔ بے کار ۔ برطرف شدہ ۔ معطل ۔

معزولی ۔ حالت بے کاری ۔ برطرفی ۔

معسکر ۔ جگہ اترنے لشکر کی ۔ لشکرگاہ چھاؤنی فوج کی کیمپ ۔

معطل ۔ بے کار کیا گیا ۔ بے کار ۔ کام سے خالی جس کو اپنے عہدے سے عارضی طور پر علیحدہ کیا جا ۔

معطلی ۔ حالت بے کاری بے کار ہونا ۔

معطی لہ ۔ جس کے لئے کچھ عطا کیا گیا ہو ۔ معطی کے معنی عطا کیا گیا ۔ ل کے معنی واسطے اور ہ کے معنی اس ۔

معطوفہ ۔ مندرجہ ۔ جیسے معطوفہ سرکلر فلاں یعنی مندرجہ سرکلر فلاں ۔

معلق ۔ ملتوی ۔

معلی ۔ بلند کیا گیا ۔ برتر ۔

معیشت (دیکھو معاش)

معین ۔ مددگار ۔ اعانت کرنے والا ۔

مغالطہ ۔ کسی کو غلطی میں ڈالنا ۔ دھوکا دینا ۔ فریب دینا ۔

مغالطہ دینا ۔ کسی کو غلطی میں ڈالنا ۔

مغایرت ۔ مخالفت ۔ باہم غیر ہونا ۔

مغتنم ۔ غنیمت ۔ غنیمت کیا گیا ۔

مغلوب ۔ غلبہ کیا گیا ۔ عاجز ۔ زیر کیا گیا شکست خوردہ ۔

مفاجات ۔ اچانک ہونا ۔ دفعۃً ہونا ۔ ناگاہ ہونا ۔ جیسے مرگ مفاجات

مفتری ۔ بہتان لگانے والا کسی پر تہمت اٹھانے والا جھوٹ لگانے والا

مفتش ۔ ڈھونڈنے والا تفتیش کرنے والا

مفتوح ۔ کھولا گیا ۔ فتح کیا گیا ۔ یہ فتح کا اسم مفعول ہے

مفتی ۔ فتوی دینے والا شرع کا حکم دینے والا صاحب فتوی ۔

مفرور ۔ فرار شدہ ۔ فراری ۔ بھاگا ہوا ۔

مفروضات ۔ وہ اشیا جن کی کچھ اصلیت نہ ہو ۔ فرضی امور

مُفسد ۔ فساد کرنے والا ۔ فسادی ۔ دنگا کرنے والا ۔

مفسدہ ۔ فساد ۔ دنگا ۔ بگاڑ ۔

مفسر ۔ بیان کرنے والا تفسیر کرنے والا

مفصل ۔ تفصیل کیا گیا ۔ پورا ۔ مشرح ۔ کھول کر بیان کیا گیا ۔ جدا کیا گیا ۔

مفصل جمع ۔ لگان کی وہ مجموعی رقم جو زمیندار اور مال گذارکاشتکاران وغیرہ سے وصول کر کے گورنمنٹ میں داخل کرتے ہیں

مفقود - گم کیا گیا۔ کھویا گیا۔ محاورۂ لا مین وہ شخص جس کی نسبت یہ نہ معلوم ہو کہ وہ زندہ ہے یا مردہ

تشریح شرعاً مفقود کہتے ہین جو پہلے موجود ہو اور پھر اپنی اہل سے غائب ہو جاے اور اُس کی خبر نہ ملے اور اُس کا نشان تک نہ معلوم ہو اس کی جگہ اور زندگی اور موت کا حال معلوم نہو۔ اُس کے وارث تلاش کرین اور نہ پائین مگر مدت فقدان مین اختلاف ہے۔ ظاہر روایت مین یہ ہے کہ جب اُس کے ہم عمر دنیا مین کوئی نہ رہے تو اُس کی موت کا حکم دیتے ہین اور حسن بن زیاد نے ابی حنیفہ صاحب سے روایت کی ہے کہ مفقود کی پیدایش کے دن سے ایک سو بیس سال تک مدت شمار ہوگی اور محمد صاحب فرماتے ہین کہ ایک سو دس برس ہین اور ابو یوسف صاحب کہتے ہین کہ ایک سو پانچ سال اور بعض کہتے ہین کہ نوے سال اور اسی پر فتویٰ ہے۔

مفقود الخبر - جس کی خبر نہ ملے۔ جو گم ہو گیا ہو

تشریح جس مسلمان کو کفار دار الحرب مین قید رکھین اور اس کا حال معلوم نہ ہو تو یہ بھی مفقود الخبر کے حکم مین ہے (دیکھو مفقود)

مفکوک - جدا کیا گیا۔ چھوڑا گیا۔ یہ فک کا اسم مفعول ہے۔

مفلس - محتاج۔ غریب۔ جس کے پاس پیسہ نہو۔ بھوکا۔ دیوالیا۔ اس کا مصدر افلاس ہے۔

مفلسی - غریبی۔ محتاجی۔ بھوکاپن

مفلوک - فلک زدہ۔ فلاکت زدہ مفلس تباہ۔ تباہ حال۔ یہ صیغہ اسم مفعول کا مصدر جعلی سے ہے۔

مفوض - کسی کو سپرد کیا ہوا۔ یہ اسم مفعول تفویض کا ہے

مفوض الیہ / منتقل الیہ } جو مالک بغیر کرنے انتظام آیندہ اپنی اراضی کے ذمہ سے مفرور یا روپوش ہو جاے اور اُس کی اراضی مال گذاری کا انتظام کسی شخص کے سپرد کر دیا جاے تو مفوض الیہ منتقل الیہ کہلاے گا۔

تشریح مفوض کے معنی تفویض کیا گیا الی کے معنی طرف اور ہ کے معنی اُس منتقل کے معنی انتقال کیا گیا

مفوضہ - محولہ۔ سپرد کردہ شدہ دیا گیا یہ تفویض کا اسم مفعول مونث ہے

مفہوم - مطلب۔ مضمون۔ مندرجہ سمجھا گیا یہ فہم کا اسم مفعول ہے

مقابضت - قبضہ کرنا

مقابلہ - آپس مین برابری کرنا۔ رو برو ہونا

آمنے سامنے ہونا۔ مال گذاری کے حساب
یا کسی تحریر کا امتحان کرنا۔ دو چیز دن کا
باہم نسبت دینا۔

مقاسمت۔ باہم تقسیم کرنا۔ آپس میں
بانٹ لینا۔ کسی سے قسم کھانا۔ کسی کو کوئی
چیز دینا۔ باہم کوئی چیز تقسیم کرنا۔ فصل کا مالک
اور کاشت کار میں تقسیم ہونا جس میں قیمت
میں۔ بانٹنا۔

تشریح اصطلاح علم فرائض میں مقاسمہ
اس کو کہتے ہیں کہ جد (دادا) تقسیم میں
ایک بھائی فرض کیا جاتا ہے اور بنو العلات
تقسیم میں بنو الاعیان کے ساتھ جد کی ضرر
دہی کے واسطے داخل کیے جاتے ہیں جب
جد اپنا حصہ لے لیتا ہے تو بنو العلات بغیر
حصہ لیے کے محروم خارج کر دیئے جاتے
ہیں کبھی کبھی بعض صورتوں میں اُن کو بھی
کچھ مل جاتا ہے اس کو مقاسمۃ الجد بولتے ہیں

مقام۔ حسب ایکٹ آب کاری اس میں مکان
اور کشتی اور بیڑہ بھی شامل ہے۔ اس میں
مکان بود و باش و عمارت و خیمہ اور مرکب
تری بھی شامل ہے۔

مقامرت۔ قمار بازی۔ جوا کھیلنا۔

مقبل۔ اقبال کنندہ۔

مقبوضہ۔ قبضہ کیا گیا۔ جس پر قبضہ ہو

مقتضا۔ چاہا گیا۔ خواہش کیا گیا۔ مراد۔ مطلب

مقتضی۔ خواہش کرنے والا۔ چاہنے والا۔

مقدم۔ اس کے ٹھیک معنی وہ شخص ہے جو
کاشتکاران غیر مالک کے درمیان سردار
ہوتا ہے۔ لیکن علی العموم تعلقداری دیہات
میں بسوہ دار بھی اس لقب سے مشہور ہوتا
ہے چودھری۔ پیش کیا گیا۔ گانوں کا بسیدہ
نمبردار۔ گانون آباد کرنے والا۔

مقدمہ۔ پیش کیا گیا۔ مجازاً کسی حال کی واردات
قانونی نالش۔ مقدمے سے حسب مشتہرہ کتابی
سرکلر صاحب فنانشل کمشنر پنجاب دربارہ
مقدمات سرکاری منجملہ ازاں ایک ایسا
مقدمہ مراد ہے جو سرکار پر یا سرکاری عہدہ
داران پر ان کے سرکاری منصب کے اعتبار
سے دائر ہوتا ہے یا جو سرکار یا سرکاری
عہدہ داران مذکور کی طرف سے دائر کیا
جائے یا جیسے سرکاری عہدہ داران بطرف
سرکار دائر کریں یا اس میں جواب دہی
کریں اور اس میں اپیل اور ہر ایک ایسی عل
جوڈیشل کارروائی بھی داخل ہے جس میں
سرکار یا سرکاری عہدہ داران اپنے سرکاری
منصب کے اعتبار سے کوئی فریق ہو یا اس
سے کچھ تعلق رکھتا ہو۔

مقدمۂ زمین۔ اس سے مراد وہ مقدمہ ہے
جو کسی ایسی زمین سے جس کی تعریف ایکٹ
داخل ریونیو پنجاب ۱۸۸۷ء کی دفعہ ۴ کی

منصوبہ) میں ہے۔ یا ایسی زمین کے کسی حق یا رفق سے متعلق ہو۔

مقدمہ سشن - اس سے وہ تمام مقدمات مراد ہیں اور نیز اس کے مفہوم میں داخل ہیں جن کی تصریح خانہ ۸ ضمیمہ ۲ منسلکہ ایکٹ فوجداری میں بہ لفظ مقدمات قابل تجویز سشن کی گئی ہے۔ اور نیز وہ تمام مقدمات جن کو صاحبان مجسٹریٹ سشن سپرد کریں۔ گو خود بھی تجویز کر سکتے ہوں۔ فوجداری کا مقدمہ

تشریح۔ مقدمات سشن عموماً سنگین ہوتے ہیں جیسے خون۔ جبر زنا وغیرہ۔ ان میں عموماً اہل جوری یا اسیسر مقرر ہوتے ہیں

مقدمہ قابل اجرائے وارنٹ - ایسے ہر جرم کا مقدمہ جس کی سزا پھانسی یا حبس بعبور دریائے شور یا چھ ماہ سے زیادہ میعاد کی قید مقرر ہو۔ ایسا مقدمہ جو وارنٹ جاری کرنے کے لائق ہو جیسے مقدمہ ازالہ حیثیت عرفی وغیرہ۔

مقدمہ قابل سمن - ایسا مقدمہ جس میں سمن بھیجا جا سکے۔

مقدمہ قابل دست اندازی - وہ مقدمہ جس میں پولیس افسر قانونی اختیار سے بے وارنٹ گرفتار کر سکے

مقدمہ قابل ضمانت وہ مقدمہ جس میں ضمانت ہو سکے۔

مقدمہ مال - مال یا روپیہ کا مقدمہ - وہ مقدمہ جو خاص مال سے متعلق ہو۔

مقدمہ مجسٹریٹی - اس سے وہ تمام مقدمات مراد ہیں اور نیز اس کے مفہوم میں داخل ہیں جن کی تصریح خانہ ۸ ضمیمہ ۲ منسلکہ ایکٹ ۱۰ ۱۸۸۲ء میں بلفظ مقدمات قابل تجویز مجسٹریٹ کی گئی ہے اور نیز تمام مقدمات جن کی تجویز صاحبان مجسٹریٹ خود کرتے ہیں گو وہ ان کو تجویز کے لیے سپرد عدالت سشن بھی کرتے ہیں

مقدمہ نا قابل دست اندازی نقیض مقدمہ قابل دست اندازی - دیکھو مقدمہ قابل دست اندازی

مقدمہ نمبری - نمبری مقدمہ - باقاعدہ مقدمہ

مقدمی - جو کہ ایک مقدم کے حقوق یا فرائض اور عہدے سے تعلق رکھتا ہو۔ وہ رقم جو مقدم کو کسان ادا کریں - مقدمی ایک محصول ہوتا ہے۔

تشریح اس کی شرح فی صدی پانچ سے اس تک اور کبھی نہایت لیس تک ہوتی ہے ایک مقدمی بندوبست ہوتا ہے کہ گانوں کے سرداروں سے بطور مالکان کیا جاتا شرح کی تعداد کی ترمیم ہوتی رہتی ہے

مقدور - قدرت کیا گیا - طاقت - زور - قوت اختیار - امتیاز - امکان -

مُقِر۔ اقرار کرنے والا۔ اقبالی۔ اقبال کرنے والا۔ اقراری۔
مقربہ۔ جس پر اقرار کیا گیا ہو۔
مقرلہ۔ جس کے ساتھ اقرار کیا گیا ہو
مقرر۔ یقینی۔ معین۔ قرار دیا گیا۔ ٹھہرایا گیا۔ تعین کیا گیا
مقرری۔ ایک محصول جو مال گذاری کا مستقل شرح پر مقرر ہے جب کہ وہ مالک کو یا گورنمنٹ کو ادا کی جاے۔
مقرری استمراری۔ ایک محصول جو ایک مقررہ مال گذاری کی شرح پر مقرر ہو ویسی مقرری کا جو استمرار اور دوام کے واسطے ہوتی ہے۔
مقرری پٹہ۔ وہ پٹہ جو مقرر کیا گیا ہو زمین کی ایک محدود وسعت کا پٹہ ایک مقررہ محصول کے بدلے ہوتا ہے
مقرری جمع۔ وہ جمع جو مقرر کی گئی ہو جمع کی ایک مقررہ اور مستقل شرح۔
مقرری دار۔ جو کسی علاقہ کی ایک مستقل شرح مال گذاری کی ادا کرتا ہو محض ایک مزارع ہے جس کو ایک خاص قسم کا اعلیٰ حق حاصل ہوتا ہے اور ادنیٰ مالک نہین ہوتا ہے۔ وہ ہے جو مالکان موضع کی طرف سے ایک جزو پر اس شرط سے قابض ہو کر سال بسال زر مقررہ ادا کرے اس

قسم کی ملکیت خود مالکان کے فعل سے پیدا ہوئی یا قابض قطعہ معافی کے حقوق بمال کے واسطے سرکار نے یہ انتظام تجویز کیا ہے
مقروض۔ جس پر قرض ہو۔ مدیون۔
مقروق منہ۔ جس کی قرقی کی جاے جس کی جائداد قرق کی جاے
تشریح۔ مقروق کے معنی قرق کیا گیا ان کے معنی سے اور ہ کے معنی اس یعنی قرق کیا گیا اُس سے۔
مقروقہ۔ قرق کیا گیا۔
مقنن۔ قانون دان۔
مقید۔ قید کیا گیا قیدی۔ مشروط۔ شرطی تعین آزادی۔ یہ قید کا اسم مفعول ہے
مکاتب۔ وہ غلام جو مالک کی خوشی سے اپنی قیمت آپ محنت اور مزدوری کر کے مالک کو ادا کر کے آزاد ہو جاے۔ وہ غلام جس کا اپنے آقا کے ساتھ مقررہ روپیہ ادا کرنے کی شرط پر آزادی کے واسطے معاملہ اور معاہدہ ہو جاے۔
تشریح۔ یہ غلام ناقص کی ایک قسم ہے اس کی تین قسمین ہین۔ مکاتب۔ مدبر۔ ام الولد
مکاتبہ۔ آپس مین خط کتابت کرنا۔ بیع نامہ اور خط کو بھی کہتے ہین غلام کو آزاد کر دینا اپنے غلام کے ذاتی مال کے عوض مین یعنی اُس کو اُسی کے ہاتھ بیچ ڈالنا۔

مکان۔ جگہ رہنے کی مطلق جگہ۔ حسب ایکٹ چوکی داران شہر و قصبات ہر دکان گودام اس مین شامل ہے۔

مکتبا۔ معاہدہ۔ اقرارنامہ۔ عہد و پیمان۔

مکتب۔ مدرسہ۔ سکول۔ پڑھانے کی جگہ۔

مکتب خانہ۔ مدرسہ۔

تشریح۔ تحقیق کی رو سے یہ ترکیب غلط ہے۔ اس لئے کہ مکتب صیغہ اسم ظرف کا ہے یعنی جائے کتاب اب اس کے ساتھ خانہ کی ضرورت نہین۔ لیکن بعض اُستاد اپنے اشعار مین لطرق تجدید لاتے ہین بایں ہمہ ایسے الفاظ سے پرہیز اولی ہے۔

مکتفی۔ کافی۔ کفایت کرنے والا۔ یہ اکتفا کا اسم فاعل ہے جس کی اصل کفایت ہے

مکسوبہ۔ حاصل کردہ شدہ۔ امر کسبی۔ حاصل کیا ہوا۔ جو بذات خود حاصل کیا گیا ہو جائداد مکسوبہ جو جائداد خود حاصل کی گئی ہو۔ یہ کسب کا اسم مفعول ہے

مکفول۔ کفالت کیا گیا۔ ضمانت کیا گیا۔ جو چیز کہ ضمانت و کفالت مین لی یا دی گئی ہو۔ یہ کفالت کا اسم مفعول ہے

مکفول بہ۔ جس کے ساتھ کفالت کی جائے وہ جرم جس کے لیے ضمانت دی گئی ہو۔ مکفول کے معنی کفالت کی گئی۔ بہ کے معنی سے اور ہ کے معنی اُس۔

مکفول عنہ۔ جس سے کفالت کی جائے جس کے لیے ضمانت دی گئی ہو۔ مکفول کے معنی کفالت کی گئی عن کے معنی سے اور ہ کے معنی اُس۔

مکفول لہ۔ جس کے لیے ضمانت کی جائے مکفول کے معنی کفالت کی گئی۔ ل کے معنی واسطے اور ہ کے معنی اُس۔

مکھیا۔ اہل کار گانون کا جیسے چوکی دار۔

مکین۔ مکان رکھنے والا۔ مکان دار۔ مکان مین رہنے والا۔ صاحب مکان۔ صاحب منزلت۔ صاحب مرتبہ۔

ملاحدہ۔ بے دین لوگ۔

ملاحظہ شد۔ دیکھا گیا۔

تشریح۔ یہ لفظ عموماً اہلمد یا مسل خوان کاغذات پر بعد تقسیل و ترتیب کاغذات کے لکھتا ہے۔ اس سے غرض یہ ہوتی ہے کہ کاغذات دیکھے گئے۔ مقابلہ کیا گیا۔ آزمایا گیا

ملازم۔ کسی کے پاس یا کسی جگہ پر ہمیشہ رہنے والا نوکر۔

تشریح۔ اسی مناسبت سے نوکر کو ملازم کہتے ہین اس سے مراد وصول کنندہ اجرت ہے خواہ کسی طرح سے ہو۔

ملازم ریلوے۔ حسب ایکٹ متعلقہ جرائم ریلوے ہر عہدہ دار اور ملازم ریلوے کمپنی کا حسب معنی دفعات ۱۶۱ لغایت ۱۶۵ مجموعہ

تشریحات ہند ملازم سرکار مقصود ہوگا۔

ملازم سرکار بننا۔ اپنے آپ کو سرکاری ملازم ظاہر کرنا۔

ملازم مستعہد۔ وہ ملازم جس کو خاص شرائط اور عہد پر عہدہ ملا ہو۔

ملازم ملکہ۔ اس سے وہ سب افسر اور ملازم مراد ہیں جو ہند میں بحکومت یا باطاعت حکم باب ۱۰۲۔ ایکٹ آف پارلیمنٹ سو سوم قانون متضمن احسن انتظام ہند مجریہ ۲۱ و ۲۲ سنہ جلوس ملکہ معظمہ وکٹوریہ قیصر ہند بالحکم یا باطاعت حکم گورنمنٹ ہند یا کسی گورنمنٹ کے قائم رہنے یا مقرر یا نامزد ہوتے ہوں۔

ملازمت اداے خدمت۔ اس میں سواے اس وقت کے جو کہ کام پر موجود رہتے ہیں صرف ہو وہ رخصت بھی داخل ہے جس کو ضمنی کہتے ہیں۔

ملان خسرہ جس سے حال کمی بیشی تردد اور حیثیت موضع کا معلوم ہوتا ہے

ملبہ۔ ایک خاص رقم جو بموجب رواج ملک کے واسطے اخراجات گاؤن کے نمبرداروں کے پاس رکھی جاتی ہے۔ گاؤن کے اخراجات۔

تشریح یہ رقم تالابوں اور کنووں کی مرمت یا چوپاری یا مجمع عام کی روشنی یا کسی واعظ وغیرہ کے واسطے خرچ کرتے ہیں۔ یہ رقم عموماً دس یا بارہ فی صدی وصول ہوتی ہے ہر گاؤن میں اخراجات سالانہ ہوتے ہیں جو حسب رواج ملک و اجازت گورنمنٹ کے مشترک کھاتے میں لکھے جاتے ہیں۔ اور کبھی یہ لفظ عمارت وغیرہ کے سامان اینٹ پتھر وغیرہ پر بھی بولتے ہیں۔

ملتجی۔ التجا کرنے والا۔ پناہ ڈھونڈنے والا۔ یہ التجا کا اسم فاعل ہے

ملتمس۔ عرض کرنے والا۔ التماس کرنے والا یہ التماس کا اسم فاعل ہے۔

ملتوی۔ لپٹنے والا۔ دیر کرنے والا۔ ٹھہرنے والا۔ پیچ در پیچ ہونے والا

ملٹری کورٹ آف ریکوسٹ۔ عدالت جس میں معاملات قرضہ اہل فوج کی تحقیقات و تجویز ہوتی ہے عدالت ماسوے فوجداری۔

ملحق۔ وہ چیز جو آخر میں لگائی گئی ہو۔

ملزم۔ الزام لگایا گیا۔ تہمت لگایا گیا۔

تشریح مجرم اور ملزم میں صرف یہی فرق ہے کہ بعد ثبوت جرم کے مجرم کہلاتا ہے اور قبل اس کے ملزم۔

ملصق۔ خوب چسپان جیسے گھر کی دیوار زمین کے ساتھ۔ لگایا گیا۔ چپٹایا گیا۔ چسپان ہوا۔ پیوستہ کیا گیا۔ اس کا مصدر الصاق یعنی چپٹانا ہے۔

ملک - ایک دیس جو بادشاہ کے قبضہ مین ہو جسب ایکٹ استحقاق وساخت ہند اس میں برٹش انڈیا کا ہر جزو جس مین اپیل آخری کو کی عدالت ہو شامل ہے وہ قلمرو جو کسی وقت کسی لوکل گورنمنٹ کے تابع حکومت ہو۔ قلمرو تابع حکومت وتحت انتظام لوکل گورنمنٹ -

ملک غیر - اس لفظ سے مراد ہر ملک سوائے برٹش انڈیا کے ہے

ملکہ - بادشاہ کی بیوی حسب ایکٹ عبارت عامہ سع وارثان خود جن کو بعد اُن کے تاج شاہی پہونچے - اس سے سلطان وقت مملکت متحدہ گریٹ برٹن وآئرلینڈ مراد ہے -

ملکہ انگلستان - انگلستان کی بادشاہزادی اسکو بادشاہ وقت بھی کہتے ہیں - (دیکھو ملک)

تشریح ایک حاکم ہو تو بادشاہ وقت جو ان کئی حاکم ہوں وہ جماعت حکام کہلاتی ہے -

ملکیت - وہ اعلی استحقاق ہے جو انسان کو نسبت کسی چیز کے حاصل ہو - جو کسی کا حق ہو - جاگیر - اسباب - مال - جائداد - قبضہ مالکانہ حق - زمین کا قبضہ کبھی معافی ارضی کے قبضہ پر بھی بولتے ہیں - اس میں ہونی ملکیت بھی شامل ہے - یہ اول درجے کی صفت مجردہ ہے - اس میں ایک شے اور ایک شخص کا تصور شامل ہے -

تشریح دھرم شاستر کے مطابق ملکیت کی چار قسمین ہیں منقولہ غیر منقولہ موروثی مکسوبہ -

تشریح ۲ ملکیت اور جائداد میں یہ فرق ہے کہ ملکیت کو بعض اوقات جائداد بھی کہتے ہیں لیکن لفظ جائداد سے شے مملوکہ بھی مراد ہوتی ہے اور حق ملکیت اور شے مملوکہ کو ایک نام سے پکارنا خالی از وقت نہیں -

ملکیت استمراری ہمیشہ کی ملکیت - دوامی مالکانہ حق یا قبضہ -

ملکیت شرطیہ - اگر اس کا شروع یا اختتام کسی واقعہ کے وجود پر منحصر ہو تو ملکیت شرطیہ ہے -

ملکیت مشترکہ جن دیہات میں ایک ہی قسم کی ملکیت ہے وہاں شرکا زمین کے منافع کسی قاعدے یا رواج معین کے موافق آپس میں بانٹ لیتے ہیں - ایسی ملکیت کو ملکیت مشترکہ بولتے ہیں

ممالک - بادشاہی مقامات - سلطنت کے مقام - مملکت کی جمع ہے - صوبے

ممتاز - امتیاز دیا گیا - عزت اور آب دیا گیا - جدا کیا گیا - اسکی اصل امتیاز ہے -

ممتحن - آزمانے والا امتحان لینے والا جیسے بولتے ہیں ممتحن انیوں… یہ اسم فاعل اس کا مصدر امتحان ہے جس کی اصل محن یعنی تکلیف ہے۔

ممکن - حاصل ہونے والا پیدا ہونے والا۔ جو بات ہو سکے جیسا ثبوت ہو کبھی یعنی مخلوق اور انسان کے بھی آتا ہے جسب ایکٹ مال اس میں کل زمین قابل کاشت جو زیر کاشت نہیں اور کل چراگاہ اور دیگر زمین شامل ہے باستثنائے بعض قطعات جو خانہ جات نمبر ۱ و ۲ و ۸ نقشہ سیلان رقبہ میں درج نہیں ہوتے

ممیز - تمیز کیا گیا۔

من - سے۔

من ابتداء - ابتدا سے - از۔

منادی - ندا کرنے والا - پکارنے والا۔ ڈھنڈورا - وہ ڈھول دف وغیرہ کی آواز جو بازار وغیرہ میں پھر کر سنائی جا کر کوئی خاص قابل اشتہار مضمون سنایا جائے آواز دینے والا ڈھنڈورا۔

تشریح جب منادی کے معنی ندا اور پکار کے لیے جائیں گے تو یہ مصدر یہی ہوگا۔ یا یہ کہ اصل میں مناوات ہو ت کو حذف کر دیا جیسا مدارات سے ت اڑا کر مدارا بولتے ہیں۔ فارسی والے تصرف سے د کا کسرہ پڑھتے ہیں جیسے موسی وغیرہ۔

مناسخہ - وہ ترکہ جو بذریعہ تنسیخ کے ملے جب کوئی مردہ اپنے وارث چھوڑ جاتا ہے اور ان میں سے بھی مر جاتے ہیں اور جائداد بلا تقسیم ہی رہ جاتی ہے تو پھر جو ورثا باقی و زندہ رہ جاتے ہیں ان کی نسبت یہ کہا جاتا ہے کہ انھوں نے … ترکہ حاصل کیا یا یوں کہو کہ جب کوئی شخص چند وارث چھوڑ کر وفات پائے اور ان میں سے بعض وارث قبل تقسیم ترکہ کے مر جائیں تو حصہ اشخاص حی القائم کو پہونچتا ہے۔ اسی کا نام مناسخہ ہے۔ یا اس طرح پر کہو کہ نقل سہام ورثا کا قبل تقسیم ترکہ کے ان کی طرف جو ان کے پیچھے ہیں

تشریح یہ مسئلہ علم فرائض میں عموماً بہ نسبت اور مسئلوں کے مشکل مشہور ہے اس لیے اس کا قاعدہ بیان کرنا ضروری سمجھ کر لکھتا ہوں

قاعدہ پہلے میت اول کے مسئلے کی تصحیح کرو اور ہر وارث کے سہام تصحیح سے دے دو پھر میت ثانی کے مسئلے کی تصحیح کرو پھر دیکھو کہ ما فی الید تصحیح اول اور تصحیح ثانی کے بیچ حال میں اگر ما فی الید تصحیح اول ثانی پر ٹھیک تقسیم ہو گیا تو ضرب کی حاجت نہیں۔ اگر پورا پورا تقسیم نہ ہوا تو پھر دیکھو اگر ان دونوں (ما فی الید میت ثانی من تصحیح اول و تصحیح ثانی) میں موافقت ہو تو وفق تصحیح ثانی کو تصحیح اول میں ضرب دو۔ اگر ما فی الید اور تصحیح مسئلہ میں مباینت ہو

تو کل تصحیح ثانی کو تصحیح اول مین ضرب دیدو پس حاصل ضرب دونون مسئلون (یعنی مسئلہ موافقت و مسئلہ مباینت) کا مخرج ہوگا چونکہ بعض اوقات بہ نسبت قاعدے کے مثال کے ذریعے سے مشکل مضمون جلدی سمجھا جاتا ہے اس لئے ایک مثال بھی دیتا ہون جس کے بطن اول بطن ثانی نظیر استقامت اور ثالث نظیر موافقت اور رابع نظیر مباینت ہے ۔ مسئلہ کی صورت یہ ہے ۔

اس پورے مسئلہ کی صورت ذیل مین درج کی گئی

مسئلہ ۱۲ رحمت الٰہی ۴ مصہ ۴ صہ ۴ صہ ۱۶ ر ۳۲ ر ۱۲۸

زوج زید	بنت عائشہ	ام خدیجہ
۳	۹	۳ / ۶

زید مسئلہ ۴ بینہما استقامت ما فی الید ۴

زوجہ رحمت	اب عمرو	ام ہندہ
۱ / ۲ / ۸	۲ / ۴ / ۱۶	۱ / ۲ / ۸

عائشہ مسئلہ ۶ وفق ۲ توافق بالثلث ما فی الید ۱۸ / ۳ صہ وفقہ

جدہ خدیجہ	ابن عبداللہ	ابن کریم اللہ	بنت بکرہ
۱ س	۲ / ۶ / ۲۴	۲ / ۶ / ۲۴	۱ / ۳ / ۱۲

خدیجہ مسئلہ ۴ بینہما مباینت ما فی الید

زوج نور محمد	اخ کریم	اخ رحیم
۲ / ۱۸	۱ / ۹	۱ / ۹

المبلغ ۱۲۸

الاحیاء

رحمت	عمرو	ہندہ	عبداللہ	کریم اللہ	بکرہ	نور محمد	کریم	رحیم
۸	۱۶	۸	۲۴	۲۴	۱۲	۱۸	۹	۹

ورثا کے حصے دینے کا قاعدہ اور اس کے متعلق دیگر تشریحات طوالت سمجھ کر عمداً ترک کر دین ۔

مناط کسی چیز کے ساتھ لگا ہوا ہونے کی جگہ یا لٹکنے کی یا کسی چیز کے لٹکنے کی جگہ۔ مطلب۔ مقصد
تشریح۔ یہ مصدر میمی ہے اور حاصل مصدر کے معنوں میں مستعمل ہوتا ہے اور صیغہ اسم ظرف کا بھی ہے

مناط دعویٰ۔ بنا، مقصد دعوے یا دعوے کی بنائے دعویٰ۔ دعوے کا مضمون

منافع جمع منفعت۔ نفع۔ فائدہ

منافع خالص۔ وہ نفع جو دوسری چیز سے ملا نہو۔ کھرا اور بے آمیز فائدہ۔ اس سے مراد بعض وقت اس منافع کی ہوتی ہے جو بعد منہائی حصۂ مالک یا کاشتکار کے پیداوار زمین سے حاصل ہو۔

منافع خام۔ وہ نفع جو بے اصل یا خالص ہو۔ اجمالی نفع

منافی۔ ضد

مناکحت نکاح کرنا۔ باہم نکاح ہونا مرد یا عورت کا

منتخب۔ خلاصہ۔ برگزیدہ۔ چھانٹا ہوا انگریزی کے حسابوں کا انتخاب۔ یہ اسم مفعول ہے اس کا مصدر انتخاب ہے

منتخب اسامی وار
انتخاب۔

منتقل۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا۔ انتقال کرنے والا۔ یہ انتقال کا اسم فاعل ہے جس کی اصل نقل ہے

منتقل علیہ۔ وہ شخص جس پر جائداد منتقل کی جائے جس پر کوئی چیز انتقال کی جائے منتقل کے معنی انتقال کیا گیا علی کے معنی اوپر کے معنی اس

منحصر علیہ جس پر کچھ موقوف ہو عام موقوف علیہ۔ منحصر کے معنی حصر کیا گیا علی کے معنی اوپر کے معنی اس۔

مندرجہ۔ درج کیا گیا۔ داخل کیا گیا۔ لکھا گیا یہ اندراج کا اسم مفعول ہے جس کی اصل درج ہے

منڈے مار۔ لوتے مار۔ وہ مزارع ہے جو جنگل کو صاف کرکے اراضی کو صاف کرکے اراضی زیر کاشت لائے

منسلک۔ کسی چیز میں پرویا ہوا انتھی کیا ہوا

منسوخ۔ رد کیا گیا۔ یہ نسخ کا اسم مفعول ہے

منشا۔ مطلب۔ سبب پیدا ہونے کی جگہ۔ غرض

منصرم۔ بندوبست کرنے والا۔ منتظم۔ منیجر سپرنٹنڈنٹ۔ یہ انصرام کا اسم فاعل ہے۔

منظر عام عام کے نظر کی جگہ۔ عام لوگوں کے دیکھنے کی جگہ۔

منظور۔ مقبول۔ پسندیدہ۔ مانا گیا

منعقد جمع ہونے والا۔ انعقاد مصدر

منفصلہ فیصلہ شدہ۔ جدا۔ علیحدہ۔ فیصل شدہ بولتے ہیں اشتمال منفصلہ۔

منفعت - فائدہ سود مندی

منفک - جدا کیا گیا - الگ -

منقضی - گذرنے والا - گذشتہ - اس کا مصدر انقضا ہے

منقوش خاطر - ذہن نشین - منقوش کے معنی نقش کیا گیا - خاطر کے معنی دل -

منقولہ - نقل کیا گیا - جو ایک جگہ سے دوسری جگہ جا سکے - قابل انتقال - نقیض غیر منقول اس میں اشجار استادہ فصل استادہ و گھاس وغیرہ ورس دہقان و دیگر جائداد جو غیر منقولہ نہ ہو داخل ہے - یہ نقل کا اسم مفعول ہے - خلاف غیر منقولہ -

منکر - انکار کرنے والا - اس کا مصدر انکار ہے -

منکوحہ - بیاہی ہوئی - قانونی اور شرعی طور پر بیاہی ہوئی -

منگنی - نسبت - سگائی -

منوتی - ضمانت - ضامنی -

منہائی دار - وہ شخص جو ایک ایسی زمین رکھتا ہے جو ناقابل اخراج ہے

منہائی زمین - اس کی تین قسمیں ہیں -
(۱) زمین لاخراج جس کی تحقیقات ہوئی ہو -
(۲) وہ زمین جو کار سرکار سے مخصوص ہو
(۳) جو زمین صاحب بندوبست کی رضامندی سے علوفہ یا مالکانہ ہو -

منیب - ایک تحصیل عملے کا نیو ڈپٹی مہتمم ایجنٹ

منیجر - منتظم مہتمم

منیم - محاسب ہندی -

مواثیق - جمع میثاق بمعنی عہد و پیمان - استواری -

مواجب - مشاہرہ - تنخواہ -

تشریح - جمع موجب جس کے معنی ہیں لازم کیا گیا - اور مقرر کیا گیا - اگرچہ یہ لفظ جمع ہے مگر مفرد کی جگہ پر بھی مستعمل ہے

مواجہہ - آمنے سامنے ہونا - روبرو ہونا -

مواخات - باہم بھائی بنانا -

تشریح - اس میں ت بصورت ۃ ہے اس کی اصل اخ ہے

مواخذہ - کسی سے گرفت کرنا کسی بات کا کسی سے جواب مانگنا - اس کی اصل اخذ ہے

مواخذہ ذاتی - ذاتی گرفت کرنا

مواد تحقیقات - اس سے ہر کارروائی مراد ہے جو تجویز سے پہلے عمل میں آوے ہر کارروائی ماقبل تجویز -

موادعت - ایک دوسرے کو وداع کرنا - ایک دوسرے کو رخصت کرنا -

موازنہ - وزن کرنا - جانچنا - اندازہ کرنا

موازنہ رقبہ بندی - ایک فہرست یا رقبہ ایک گاؤں کی تمام زمین کا - ایسی فہرست یا

نقد قیمت سے رقبہ بندی کا اندازہ معلوم ہو

موازی - برابر - مقابل -

تشریح - یہ خاص ایک اصطلاح نشیانہ ہین سے ہے جو ٹکوں اور آنوں اور ٹکون وغیرہ کے ساتھ مستعمل ہوتی ہے جیسے مبلغ روپیہ کے ساتھ اور افراد انسان کے ساتھ اور دستہ یا تختہ کاغذ کے ساتھ اور قلادہ کتے اور شیر وغیرہ کے واسطے اور راس چارپایون کے واسطے - مہار شتر کے واسطے اور زنجیر فیل کے واسطے اور فرد چادر کے واسطے اور عدد عام اشیا کے واسطے

مواشی - چوپایے بہت راہ چلنے والے عموماً اطلاق اس کا ان چوپایون پر ہوتا ہے جو بارکش ہین مثل گھوڑے بیل وغیرہ کے اس مین حسب ایکٹ جنگلات اجمیر ہاتھی گاؤمیش اسپ - اسپ مادہ - اسپ اختہ - یابچہ - خچر - گدھا - سور - وتبہ - میش - بکری بزغالہ شامل ہین اور اونٹ بھینس بھیڑی بھیڑی کا بچہ بکری کا بچہ بھی شامل ہے یہ جمع ماشیہ کی ہے بعض اس کو مواشی بھی لکھتے اور بولتے ہین

مواقع - جمع موقع یعنی جگہ - محل -

موانع - جمع مانع روکنے والا منع کرنے والا - رکاوٹ پیدا کرنے والا

موانع ارث - جائداد کے وارث ہونے کے مانع -

تشریح - موانع ارث اہل اسلام مین چار ہین - (۱) رق پورا ہو جیسے قن یا ناقص ہو جیسے مدبر مکاتب - ام الولد - (۲) قتل جس پر وجوب قصاص یا کفارے کا ہو - (۳) اختلاف دین جیسے باپ مسلم ہو اور بیٹا مرتد ہو جاے - (۴) اختلاف دارین مثلاً حربی اور ذمی مگر یہ محض کفار کے واسطے -

از روے دھرم شاستر موانع ارث یہ ہین (۱) ناقص العقلی - (۲) نابینائی (۳) بہراپن (۴) گونگا ہونا (۵) جلاجی ہونا (۶) ولد الحرام ہونا (۷) برادری سے خارج ہونا - ۸ پاگل (۹) تارک الدنیا - (۱۰) ناقص خلقت (دیکھو موانع معاہدہ)

موانع معاہدہ - معاہدے کے روکنے والے امور - جیسے مجنونیت - نابالغی - منا کحت ناقص العقلی غلطی - جبر - فریب - غیر مجازیت عام قابلیت - تنسیخ - ذات سے خارج ہونا اور کسی مذہبی فرقے مین داخل ہونا - (دیکھو موانع ارث)

موت مجازی - موت اعتباری - قانوناً ایسی حالت کو موت مجازی کہتے ہین جب کہ کوئی شخص تارک الدنیا ہو کر راہب ہو جاے

موجب - سبب - باعث - لازم کرنیوالا

تشریح - باعث اور موجب میں یہ فرق ہے

کراہت مشتق بعث سے ہے بمعنی برانگیختہ
کرنا۔ اور موجب مشتق ایجاب سے جو بمعنی لازم
کرنے کے ہے پس باعتبار اصل معانی کے
مختلف ہین اور باعتبار لازم معانی کے مرادف
اور معنی لازم یہ ہین کہ معنی برانگیزندہ اور واجب
کنندہ کو مفہوم علیت اور سببیت لازم ہے
پس جہان کہین باعث اور موجب بولے
جاتے ہین یہ مطلب ہوتا ہے کہ اس کا سبب
اور علت کیا ہے

موجل۔ مہلت دیا گیا۔ فرصت دیا گیا وقت
مقرر کیا گیا۔ مہر کا ایک رقم ہے جو اس وقت
تک قابل ادا نہین جب تک نکاح فسخ اور
شکست نہو۔

تشریح مہر دو قسم کا ہوتا ہے معجل اور
موجل۔ معجل تو فوراً دے دیا جاتا ہے۔ یہ
تعجیل بمعنی جلدی سے نکلا ہے اور موجل
رکھا جاتا ہے۔ یہ لفظ اجل بمعنی دیر سے
ماخوذ ہے۔

موجودات۔ پیدا کی ہوئی چیزین مخلوقات
جائداد حاضری۔

مورث۔ وارث کرنے والا۔ ترکہ پہونچانے والا
وہ مرد جو ترکہ ورثا کے واسطے چھوڑ جاے
یہ اسم فاعل ہے اس کی اصل ورثہ ہے

مورث اعلی۔ اوپر کا مورث۔

مورث فاسد۔ جھوٹا مورث اصطلاح
مین نانا یا نانی کو مورث فاسد بولتے ہین۔

تشریح اس کو جد فاسد بھی کہتے ہین۔
جد فاسد وہ ہوتا ہے جو مورث کو بواسطہ
عورت کے ملے۔ اس کو فاسد اس واسطے
کہتے ہین کہ انوثت ذکورۃ کی فرع ہے۔ جدہ
فاسدہ نانی کو کہتے ہین

مورخہ تاریخ۔ بتاریخ۔ معروضہ۔

موروث ارث دیا گیا۔ ترکہ دیا گیا
اسم مفعول ہے

موروثی باپ دادے کی۔ وہ شے جو ورثہ
مین ملے۔ جدی آبائی۔

موروثی اجارہ موروثی ٹھیکہ۔

موروثی اسامی۔ وہ اسامی یا رعیت
جو موروثی ہو۔

تشریح اس اسامی کا قبضہ جب تک
کہ لگان ادا کرے اٹھ نہین سکتا (دیکھو
موروثی اور اسامی)

موصی۔ وصیت کیا گیا وہ شخص جس کو
وصیت کی گئی ہو۔ حسب ایکٹ تصریح حقوق
تعلقہ داران اودھ جن کو حسب منشاء ایکٹ وصیت
کی گئی ہو۔ یہ اسم مفعول ہے۔ اس کی
اصل وصیت ہے۔

موصی بہ۔ وہ شے جس کے دینے کی
وصیت کی ہو۔ جس کی بابت وصیت کی
گئی ہو۔ موصی کے معنی وصیت کیا گیا۔ ب

کے معنی ساتھ اور ہ کے معنی اُس

موصیٰ لہ۔ جس کے لئے وصیت کی گئی ہو
موصیٰ کے معنی وصیت کی گئی۔ ل کے معنی
واسطے۔ ہ کے معنی اُس۔

موصی۔ وصیت کرنے والا۔ یہ اسم فاعل
ہے اس کی اصل وصیت ہے

موصیہ۔ وصیت کرنے والی۔ یہ اسم فاعل
مونث کا صیغہ ہے جس کی اصل وصیت ہے

موضع۔ جگہ۔ مکان۔ گاؤن کسی چیز کے
رکھنے کی جگہ بمعنی مطلق جگہ

موضع اصلی۔ اصلی جگہ یا گاؤن۔ وہ
موضع جس کا فہرست مین ایک نمبر شمار
درج ہے

موضع داخلی۔ چھوٹے چھوٹے گاؤن
جو بعد بندوبست کے آباد ہو گئے ہون۔
موضع توفیر۔ وہ چھوٹا موضع جو بعد اصلی
موضع کے قائم ہوا ہو۔

موضع وار۔ ہ وار۔ بترتیب وہ

موقوف۔ ٹھہرایا گیا۔ برخاست کیا گیا
اپنی خدمت محولہ سے روکا گیا۔ یہ اسم مفعول
ہے اس کا مصدر وقف ہے

موقوفی۔ برخاستگی۔ علیحدگی۔ اس مین
ی مصدری ہے

موکل۔ سپرد کرنے والا۔ ایک کام کو دوسرے
کے سپرد کرنے والا۔ وکیل بنانے والا۔

مومیٰ الیہ۔ جس کی طرف اشارہ کیا جائے
ایما کردہ شدہ۔

تشریح۔ واو مجہول اور میم دوم کے کسرہ
سے محض غلط ہے۔ مومیٰ کے معنی ایما کیا گیا
الیٰ کے معنی طرف اور ہ کے معنی اُس۔

موہوب۔ ہبہ کیا گیا۔ بخشا گیا۔ عطا کیا گیا

موہوب الیہ۔ جس کی طرف ہبہ کیا گیا ہو
موہوب اسم مفعول ہبہ ہے الیٰ کے معنی
طرف اور ہ کے معنی اُس۔

موید۔ تائید کیا گیا۔ مدد کیا گیا۔ یہ اسم مفعول
ہے اس کی اصل تائید ہے۔

مؤید۔ تائید کرنے والا۔ مددگار۔ یہ تائید کا
اسم فاعل ہے۔

مہاجر۔ ایک جگہ چھوڑ کر دوسری جگہ جانے
والا۔ مفارقت کرنے والا۔ اپنے مکان اور
عزیزون سے۔ یعنی مسافر۔ وہ شخص جس
نے رسول صلعم کے ہمراہ مکہ سے مدینے
کو ہجرت کی۔

مہاجن۔ بنک والا۔ روپیہ دینے والا۔
ساہوکار۔ روپیہ کا لین دین کرنے والا
سود پر روپیہ دینے والا۔

تشریح۔ مہا کے معنی بڑا جن کے معنی
آدمی یعنی بڑا آدمی۔ مراد نہایت مشہور
اور معزز آدمی سے ہے۔

مہالک۔ جمع مہلکہ بمعنی ہلاکت کی جگہ۔

مہتمم۔ اہتمام کرنے والا۔ منتظم۔
تشریح اس کی پانچ قسمیں ہیں (۱) مستاجر (۲) متولی (۳) سربراہ کار (۴) امین دیہات (۵) کارندہ منظور کردہ سرکار ان کی تعریف اپنے اپنے موقع پر ہے یہ اہتمام کا اسم فاعل ہے۔

مہتمم اعلیٰ احتیاطات ہند۔ حاوی معنی ہر شخص جو اس وقت تک ہوں گے جو بطور مہتمم اعلیٰ احتیاطات مذکور کے کارکن ہوں یا بطور کارکن کے ہوں جو اندر علاقہ اختیار سماعت اس عدالت کے واقع ہو جس میں کہ نالش دیوانی یا مقدمہ متذکرہ کسی خاص دفعہ کا رجوع کیا جائے یا دائر کیا جائے

مہتمم بندوبست۔ نام عہدہ دار۔ وہ عہدہ دار جو بندوبست کا اہتمام کرے بندوبست کا مہتمم۔ یہ ایک افسر بندوبست ہوتا ہے۔

مہتمم ترکہ۔ ترکہ کا اہتمام کرنے والا۔

مہتمم سرائے عام۔ جو شخص یہ پیشہ کرے کہ مسافر اور راستہ چلنے والوں کو ٹھہرائے اور ان کے جان و مال اور متعلقین کے ٹھہرنے کا مقام اور ضروریات مہیا کرے

مہتممی۔ انتظام۔ اہتمام۔ مہتمم کا کام۔

مہر۔ وہ روپیہ یا جنس جو عورت کو عوض نکاح کے خاوند دیتا ہے۔ ایسا روپیہ یا جنس جس کے مقرر کئے بغیر نکاح نہیں ہوتا۔ مصنفان شرع محمدی نے مہر کی تعریف اس طرح کی ہے کہ مہر وہ مال ہے جو ایک خاوند پر واجب ہو جو اس کے معاہدہ نکاح میں درج ہونے کے یا بحیثیت خود معاہدے کے بالعوض وصلات اس کے جورو کے واجب ہے
تشریح مہر ایسی چیز ہونی چاہیئے جو جسم اور قیمت رکھتی ہو۔ کم سے کم اس کی مقدار دس درہم مضروبہ یا غیر مضروبہ ہے۔

مہر اقل درجہ۔ دس درم ہے۔ کم سے کم مہر دس درم ہوتا ہے

مہر غایت درجہ۔ زیادہ کے واسطے کوئی حد مقرر نہیں

مہر موجل۔ وہ مہر جو ادھار پر ہو۔
تشریح عموماً نصف معجل یعنی نقد اور نصف موجل یعنی ادھار ہوتا ہے۔ معجل تعجیل بمعنی جلدی اور موجل اجل بمعنی دیر سے ماخوذ ہے

مہر مثل۔ وہ ہے جو عورت کے باپ کے خاندان میں مروج اور دیا جاتا ہو۔

مہر مجہول۔ نامعلوم مہر۔

مہر معجل۔ نقد مہر۔ جو مہر جلدی دینے کے قابل ہو۔ مہر کے ایک جزو اور قسم کا نام

ہے جو فوراً ادا ہو سکے والا ہوتا ہے۔ معجل
تعجیل بمعنی جلدی سے ماخوذ ہے۔

مہر۔ چھاپ

مہلک۔ ہلاک کرنے والا۔

مہلک زخم۔ ہلاک کرنے والا زخم۔

میر آب۔ باغبان جو درختوں میں پانی دینے
کا ذمہ دار ہو گذر دریا کا داروغہ جس کے
اختیار میں کشتیاں ہوں۔

تشریح میر کے معنی سردار اور امیر۔
آب کے معنی پانی کا داروغہ

میر آتش داروغہ توپ خانہ

تشریح میر کے معنی سردار اور امیر آتش
کے معنی آگ کا سردار یعنی توپ خانہ
کا داروغہ۔

میراث۔ مردے کا مال جو اس کے وارثوں
کے ہاتھ آئے۔ مردہ کا ترکہ۔

میر مجلس۔ پریزیڈنٹ۔ صدر انجمن۔

میر مجلس جوری۔ پریزیڈنٹ اہل جوری

میزان۔ ٹوٹل۔ جوڑ۔ حاصل جمع۔

میزان کل۔ کل جوڑ۔ کل ٹوٹل۔ گرانڈ ٹوٹل

میعاد۔ وقت مقرر۔

میعاد غیر منقضیہ۔ نہ گذری ہوئی
میعاد۔ وہ مقررہ زمانہ یا مدت جو ابھی ختم
نہ ہو چکا ہو۔

میعاد موعودہ۔ وعدہ کی گئی میعاد۔

مقررہ میعاد۔

میعادی۔ میعاد والا۔ وہ اقرار جس کی میعاد
مقرر ہو۔

میعادی اجارہ۔ ایسا ٹھیکہ جس کی میعاد
مقرر ہو

میل۔ ڈاک ہی۔ اس میں ہر چٹھی یا پارسل
یا اور شے جو بموجب احکام ایکٹ ڈاک ہند
کے روانہ کی جائے اور نیز ہر صندوق یا تھیلی
یا اور شے یا ہر گاڑی یا گھوڑا یا ہرکارہ یا اور
شخص جو ڈاک خانے میں واسطے لیجانے
یا حفاظت و حراست میل کے مامور یا مستعمل ہو
داخل ہے۔

میلان خسرہ۔ جمع بندی کا پیٹہ۔ اس کو
ملان خسرہ بھی لکھتے پڑھتے ہیں۔ (دیکھو ملان
خسرہ)

میمورنڈم بک۔ یہ کتاب محکمۂ ڈاک
میں منی آرڈر کلرک کے پاس رہتی ہے۔ اس
میں ہر قسم کے قطعات برٹش پوسٹل آرڈر
کے نمبروں کی تفصیل اور ان کی تعداد
وغیرہ درج ہوتی ہے

میونسپل۔ قانون متعلق بہ سوسائٹی اس
قاعدے کو کہتے ہیں جن کے خاص جماعات
انتظامی محکوم ہوتی ہیں اور اس کی تعریف
اس طرح کی جاتی ہے۔ میونسپل لا یعنی قانون
جماعت انتظامی وہ قاعدہ ہے جس کے

مطابق جماعت انتظامی کے ارکان عمل کرتے ہین اور جس کو ایک جماعت انتظامی کی حکومت اعلیٰ مشتہر و نافذ کرتی ہے اور جس کی رو سے فعل جائز کے کرنے اور ناجائز سے اجتناب کرنے کا حکم دیا جاتا ہے یہان میونسپل کے معنی سول کے ہین۔ کمیٹی سے تعلق نہین بفصل یہ ہے کہ قاعدہ یعنی وہ حکم حاکم اعلیٰ ہے جو عارضی نہو سرسری نہو اور ناگہانی نہو اور اس کا خطاب ناص نہو

میونسپل کمشنر۔ ایک عہدہ دار جس کو بشرکت اور لوگون کے کسی شہر یا قصبہ وغیرہ کے اُن امور کا انتظام سپرد ہو جن کا انتظام سرکاری ملازمون کو سپرد نہین ہے

میونسپلٹی۔ اس سے مراد کوئی ایسا رقبہ مقامی ہے جو ایکٹ میونسپل کے بموجب میونسپلٹی قرار دیا گیا ہو۔

ن

نا۔ نہین۔

تشریح۔ یہ حرف نفی ہے جو صیغہ صفت یعنی اسم فاعل اور اسم مفعول پر داخل ہوتا ہے جیسے نابالغ اور ناسموع وغیرہ۔ اس مین اور بے مین یہی فرق ہے کہ یہ صیغہ صفت پر اور بے اسماے جامد اور مصدر دن پر آتا ہے جیسے بے علم اور بے شعور وغیرہ مگر بعض مقام پر اس کے خلاف بھی دیکھا گیا ہے جیسے نامراد۔ ناہنجار۔ ناانصاف۔ نااسید۔ ناتوان ناسپاس۔ ناامن۔ ناکام وغیرہ سیا یون کیونکہ نامشتقات پر اور بے غیر مشتقات پر داخل ہوتا ہے۔

نابالغ۔ ایکٹ وراثت ہند مین۔ تعریف درج ہے کہ وہ شخص جس کی عمر اٹھارہ برس تک نہ پہونچی ہو۔ حسب ایکٹ ازدواج ہند مراد لفظ نابالغ سے اُس شخص کی ہے جس نے اکیس سال کی عمر پوری نہ کی ہو حسب ایکٹ شکست ازدواج ہندستانیان تبدیل المذہب یہ مطلوب ہے کہ شخص مذکر نے جو فریق مقدمہ بازوسے عورت کا ہو فقط سولہ برس کی عمر پوری کی ہو اور شخص موئث نے تیرہ برس کی۔ اور مجموعہ تعزیرات ہند دفعہ ۳۶۱۔ ایک قسم کی بلوغیت مذکر مین بعمر چودہ سال اور موئث مین بعمر سولہ

سال کے تسلیم کرتا ہے۔ گویا حدود عمر کی ہیں۔ وارن صاحب بصفحہ ۲۲۹ خلاصہ تشریحات بلیک سٹن صاحب لکھتے ہیں کہ جون کہ قانون عموماً لحاظ کسر یوم کا نہیں کرتا۔ اگر کوئی شخص یکم جنوری کو پیدا ہو اس کو اخیر یوم دسمبر کی صبح کو سن رسیدہ خیال کیا جائے گا اگرچہ وہ ۲۱ برس اڑتالیس گھنٹہ کم زندہ رہا ہو۔ حسب ایکٹ جسٹری وہ شخص ہے جو مطابق اپنی شرع یا دھرم شاستر کے سن بلوغ کو نہ پہونچا ہو حسب ایکٹ صیغہ دیوانی اور حسب سرکلر نمبر ۵ مورخہ ۱۵۔ اپریل ۱۸۷۵ء صاحت ممالک شمال مغربی و پنجاب جب تک نابالغان تحت کورٹ آف وارڈس اکیس برس کی عمر کو نہ پہونچ لین نابالغ متصور ہوں گے۔ حسب ایکٹ تعلقہ واران اودھ شخص کم از اٹھارہ سال حسب ایکٹ مال گذاری ممالک مغربی و شمالی وہ شخص جس کی عمر پوری اٹھارہ سال نہ ہو گئی ہو مراد ہے۔ جو حد بلوغ کو نہ پہونچا ہو عموماً قانون میں اس سے وہ شخص مراد ہوتا ہے جس کی عمر اٹھارہ برس سے کم ہو بحالت مذکر۔ اور بحالت مونث جس کی عمر چودہ سال سے کم ہو عموماً ہندوستان میں سولھوین سال کے اختتام تک نابالغی رہتی ہے۔ بنگال میں پندرہ سال تک یہ

منشاء دھرم شاستر کا ہے۔ قانون محمدی میں تمام شخص خواہ مرد ہوں یا عورت شرعاً نابالغ تصور کیئے جاتے ہیں جب تک سولھوین برس ان کی عمر کا شروع ہو جائے بشرطیکہ کہ علامات بلوغ اس سے پہلے ظاہر نہ ہو۔ حسب نابالغان المیان دین سے وہ شخص ہے جو اکیس برس کے سن کامل کو نہ پہونچا ہو۔ پھر کری جو سوا پہ نالہ ہے اور چھوکرا جو چودہ سال سے کم عمر کا ہو۔

تشریح دیکھو لفظ نابالغ میں کس قدر اختلاف ہے ایسے موقع پر بنا بر تحقیق اور غور سے فیصلہ کرنا چاہیئے کہ آیا حسب قرینہ مقام کونسی حد بلوغ مراد ہے۔ جو بالغ نہ ہو (دیکھو بالغ اور نابالغی)

نابالغی نابالغ ہونا

تشریح۔ نابالغ کے پیچھے ی مصدری لگی ہوئی ہے۔ کل ہندوستان میں سولھویں سال کے خاتمہ تک بنگالہ میں سولھوین سال کے آغاز یعنی پندرھوین سال کے خاتمہ تک مختلف مصنف مع رگھنندن کے نابالغی کی حد کو سولھوین سال تک قرار دیتے ہیں متفق الراے ہیں۔ دیکھو کول صاحب لیکچر دھرم شاستر میگناٹن صاحب کا دھرم شاستر صفحہ ۱۔ الیکن اس امر میں کسی قدر اختلاف ہے اور اس کا قطعی فیصلہ کبھی

نہین ہوا۔ واضعان قانون کے جاری کیے
ہوے قانون کا نتیجہ یہ ہوا کہ بنگالہ و بمبئی
مین کوئی شخص خواہ مرد ہو یا عورت اٹھارہ
سال کی عمر مین خود مختار ہوجاتا ہے لیکن
ہندوستان کے دیگر تعلقات مین سولھوان
سال بلوغت کی عمر ہے باستثناے احاطۂ
مدراس کے جہان ایک آئین کی روسے
اٹھارہ سال کی عمر ان اشخاص کے واسطے
مقرر کی گئی ہے جو زمین کے مالک ہین
اور سرکار کو مال گذاری دیتے ہین۔ اگرچہ
بلوغت کی عمر ان تمام اشخاص کے واسطے
جو ہندوستان کے متوطن تو بن گئے ہین مگر
ہندو و مسلمان مذہبون کے علاوہ ہین ایکٹ
وراثت ہند کے مطابق غالباً اٹھارہ سال
ہے اور گو مختلف ریگولیشن اور ایکٹون مین
ایک جماعت کثیر کے لیئے اور شاید بہت
سے ہندو اور مسلمانون کے لیے عمر بلوغت
اٹھارہ سال تجویز کی گئی ہے تاہم ہندو اور
مسلمان رعایا کا ایک حصہ ایسا بھی ہے
جس سے وہ ایکٹ اور ریگولیشن متعلق نہین
ہے اور اس طرح رعایا کا ایسا بقیہ بھی ابھی
موجود ہے جس کو اس امر مین شبہہ اور
حیرانی ہے کہ اس کی نا قابلیت کس عمر مین
ختم ہوتی ہے۔ ایکٹ رجسٹری و ایکٹ معاہدہ
مین جن کی نسبت خیال کیا جاتا ہے کہ ان
مین نابالغ کی تشریح بیان کی گئی ہے۔
اس معاملے کو مشرح اور مفصل نہین بیان
کیا ہے۔ دستور العمل امتحان قانون ہند متعلق
دھرم شاستر سے لیا گیا ہے جب ایک
تعلقہ داران اودھ حالت شخص کم از پندرہ
سال۔ زیادہ دیکھو زیر لفظ نابالغ۔

ناباستہ۔ نالائق۔ نازیبا۔

نابکار۔ نالائق۔ جو کام کے لائق نہو۔ نکما۔

نابود۔ جو نیست ہوجاے۔

ناپیدا۔ جو ظاہر نہو۔

ناتراش۔ ناہموار۔ سفلہ۔ کمینہ۔ بے ادب

ناتراشیدہ۔ نہ چھیلا ہوا۔ بے ادب
بے تمیز۔

ناتمام۔ ناکامل۔ غیر مکمل۔ جو تمام نہو۔
ناقص۔ ادھورا۔

ناٹ نون۔ معلوم نہین۔ نامعلوم۔
تشریح یہ لفظ عموماً ڈاک خانہ والے
استعمال کرتے ہین

ناٹ کلیمڈ۔ دعوے دار نہین ہوا
تشریح یہ لفظ عموماً ڈاک خانہ والے استعمال
کرتے ہین

ناجوازی۔ نادرستی۔ خلاف قانون۔ عدم
موافقت شرع۔

ناچار۔ لاعلاج۔ لابد۔ بالضرور۔ عاجز
تشریح عام لوگ جو لاچار بولتے ہین غلط

ہے اس لیئے کہ لا عربی لفظ ہے اور جار فارسی ہے ایسی ترکیب درست نہیں ہوتی۔

ناحق۔ بے حق بے سبب جو حق نہ ہو۔ خلاف قانون

ناخدا۔ ملاح۔ حسب ایکٹ تحصیل محصولات مرکب دخانی یہ لفظ حاوی بمعنی ہر شخص (سوا پیلیٹ کے) ہے جو سرداری یا اہتمام کسی مرکب دخانی یا ٹیلہ یا کشتی کا رکھتا ہو حسب ایکٹ لیسی مسافران کے جہاز کے اس کے معنی میں ہر شخص (علاوہ پیلیٹ کے) داخل ہے جو سرداری یا اہتمام کسی جہاز کا رکھتا ہو

تشریح۔ یہ لفظ ناو خدا تھا ناو کے معنی کشتی جہاز۔ اور خدا کے معنی صاحب یعنی کشتی بان ملاح۔

ناخلف۔ وہ بیٹا جو نالائق ہو۔ وہ اولاد جو باپ کے موافق نہ ہو۔

تشریح۔ نا حرف نفی ہے اور خلف کے معنی پیچھے سے آنے والا۔ جانشین۔ فرزند۔ نیک اور پرہیزگار کو معنی ہوئے نالائق بیٹا یا اولاد۔

ناخواندہ۔ ان پڑھ۔ جو پڑھا ہوا نہ ہو۔ بن بلایا ہوا۔

تشریح۔ اس میں مفہوم اس شخص کا بھی داخل ہے جو لکھنا نہ جانتا ہو جس طرح خواندہ میں عموماً نویسندہ کا مضمون داخل متصور

ہوا کرتا ہے

نادار۔ نہایت مفلس جس کے پاس کچھ نہ ہو۔ نہ رکھنے والا۔

ناداری۔ افلاس مفلسی محتاجی۔

نادان۔ بے وقوف۔ جاہل۔ انجان۔ نا جاننے والا جاہل

نادانستہ۔ انجان پن سے۔ بے خبری سے

نادانی۔ بے وقوفی۔ اس میں ی مصدری ہے یعنی نادان ہونا۔

نادم۔ شرمندہ پشیمان۔ ندامت والا۔ یہ ندامت سے اسم فاعل ہے

ناسخ۔ منسوخ کرنے والا۔ رد کرنے والا۔ نیست کرنے والا۔ لکھنے والا۔ یہ نسخ کا اسم فاعل ہے

ناسزا۔ نالائق۔ نازیبا۔

ناطق۔ بولنے والا۔ صاحب عقل۔ کلیات اور جزئیات کا سمجھنے والا۔ قطعی یقینی۔ ناقابل اپیل۔ فیصلہ ناطق بولتے ہیں۔

ناطق و مختتم۔ یقینی و قطعی و آخری۔ مختتم کا مادہ ختم ہے

ناظر۔ دیکھنے والا۔ محرروں کا سردار۔ داروغہ ہرکارہ۔ جاسوس۔ نظر کرنے والا۔

نافذ۔ جاری ہونے والا۔ نفوذ کرنے والا۔ جاری۔ موثر۔

تشریح۔ یہ لفظ اکثر امر اور حکم وغیرہ کی صفت واقع ہوتا ہے۔ نفاذ کا اسم فاعل ہے

ناقابل - جو قابل نہو - جو لائق نہو -
ناقابل تقسیم - جو تقسیم کے لائق نہو - جو بانٹنے کے لائق نہو
ناقد - پرکھنے والا - روپیہ اور اشرفی کا پرکھنے والا - پرکھیا
ناقص جو کامل نہو - جس مین نقص ہو - ناتمام - خراب - ادھورا - کم حوصلے والا - جس مین کچھ کمی ہو - کم -
ناقل - نقل کرنے والا - کسی بات کا بیان کرنے والا - راوی - مورخ - یہ نقل سے اسم فاعل ہے -
ناکا - کھاٹا - چونگی کی چوکی - پولیس کی چوکی جہان محصول لیا جاتا ہے - راہداری یا اُس طرح کے محصول لینے کی جگہ - محرز ناکا مشہور ہے -
ناکابندی - زمین کے محصول کے حساب کی جمع - تمام محصول وغیرہ کے حساب کی جمع -
ناکتخدا - بن بیاہا - جس کی شادی نہ ہوئی ہو
تشریح - بعض ناکدخدا لکھتے ہین - نا حرف نفی ہے اور کد کے معنی گھر - اور خدا کے معنی صاحب یعنی وہ شخص جو ابھی تک گھر والا نہ بنا ہو یعنی بیاہا ہوا نہو - کنوارا - اس مین مذکر و مونث دونون شامل ہین
ناکح مرد نکاح پڑھنے والا -

ناگوار - بدمزہ - بدذائقہ - ناپسند - ناخوش - جو ہضم نہ ہو -
تشریح - یہ گواریدن بمعنی ہضم ہونے سے اسم فاعل ترکیبی ہے - بفتح گ فارسی غلط مشہور ہے -
نالش - نالان ہونا - فریاد کرنا - عرضی دعویٰ - ہتغاثہ - کسی شخص کا بیان جو تقریریا یا تحریراً مجسٹریٹ کے روبرو اس مضمون سے کیا جائے کہ کوئی دوسرا شخص معلوم یا نامعلوم جرم کا مرتکب ہو جسے اس مراد سے کہ مجسٹریٹ موصوف اس پر قانونی فیصلہ صادر کرکے دادرسی کرے -
تشریح یہ نالیدن یعنی رونے کا حاصل مصدر ہے - نالش یعنی عرضی بھی ایک قسم کا حاکم کے پاس رونا ہی ہوتا ہے - اس مین اپیل یا درخواست کو داخل نہ سمجھنا - اس مین اہل کار پولیس کی رپورٹ بھی داخل نہین
نالش استرداد دعوی دعوے کے واپس لینے کی نالش - دعوے کے لوٹانے کی عرضی
نالش استقرار استحقاق - حق کے ٹھہرانے کی نالش - اس امر کی نالش کہ حق برقرار رہے
نالش بیعات - بیعات کی نالش -
(دیکھو بیعیات)

نالش بے دخلی - بے دخلی کی نالش۔ بے دخل کرنے کی عرضی۔

نالش حرمت بہا عزت کی قیمت کی نالش عزت کی نالش۔ لائبل کا دعویٰ۔ ازالۂ حیثیت عرفی کی نالش۔ تہتک کی نالش

نالش دخل یابی - قبضہ پانے کی نالش

نالش زر ہرجہ - ہرجہ اور نقصان کے روپیہ کی نالش۔

نالش سازشی - وہ نالش جو فریب سے ہوئی ہو فریبی نالش۔

نالش سرسری - عام نالش مجمل نالش (دیکھو سرسری)

نالش مخالف - بالمقابل نالش۔

تشریح ایسی نالش عموماً مدعی کی نالش کمزور کرنے کی غرض سے کی جاتی ہے ورنہ پہلے اس کے کرنے کا ارادہ نہین ہوتا حکام کو اس پر نہایت غور کرنا چاہیئے کہ بعد مین نالش کرنے کا کیا باعث ہے۔ عموماً یہی تصور کرنا چاہیئے کہ محض مدعی کی نالش سے کم زور یا مدعی کو راضی نامے پر مجبور کرنے کے دباؤ کی غرض سے نالش کی گئی ہے۔

نالش مفلسی مفلس ہونے اور نادار ہونے کی نالش۔

تشریح ایسی نالش مین حاکم کا فرض ہے کہ بخوبی تحقیقات کرے کہ فی الواقع نالشی مفلس ہے یا فریب اور دھوکے اور اپنے فائدے اور سرکاری نقصان کے واسطے محض نالشی طور پر افلاس ظاہر کرتا ہے اس لیئے کہ افلاس کی حالت مین کاغذ سرکاری مین رعایت کی جاتی ہے۔ اس مین ی مصدری ہے

نالش نمبری - نمبری نالش۔ نمبروار نالش باقاعدہ نالش۔

تشریح یہ نالش فوجداری سے کچھ تعلق نہین رکھتی۔ دیوانی کے متعلق ہوتی ہے اکثر اراضی کے نمبر وغیرہ بٹواروں سے لینے بھی پڑتے ہین شاید اسی واسطے اس کا نام نمبری رکھا ہو۔

نالشی - نالش کرنے والا۔ فریادی۔ مدعی یاس مین ی نسبتی کی ہے

ناشخص بے تحقیق۔ نامعین وہ شخص جو ایک وضع اور ایک حالت پر رہے جس کی پڑتال لکھی گئی ہو۔

نامعقول - نامناسب۔ جو عقل مین نہ آئے بے وقوفی کی بات بے وقوف۔ بے عقل باطل۔ جو معقول نہو۔

ناملائم - نامناسب۔ امر خراب اور بد۔

ناممکن الزراعت - جہان زراعت نہو سکے۔ یہ لفظ اراضی کی تعریف مین استعمال کیا جاتا ہے

ناموس - عصمت عفت نیک نامی تدبیر

غفلت سے عزت کی امید رکھنا۔
تشریح عزت اور ناموس میں یہ فرق ہے کہ عزت کے معنی غلبہ اور بزرگی ہے پس عزت عام ہے اور ناموس خاص ہے۔ ناموس صرف راز پوشیدہ کو جو موجب عزت ہیں کہتے ہین اور عزت خواہ ظاہر ہو یا باطن سب کو شامل ہے

نامی - نامور - مشہور - بڑھنے والا۔
تشریح نامور کے معنون کی حالت مین نام کے پیچھے علی حدہ ی سمجھنی چاہیئے اور بڑھنے کے معنون کی حالت مین نمو معنی بڑھنا سے ہے ی الگ نہین - یہ نمو کا اسم فاعل ہے

نان ونفقہ - روٹی کپڑا - کھانے کپڑے وغیرہ کا خرچ جو اولاد اور بیوی وغیرہ کو خاوند یا باپ وغیرہ کی جانب سے ملتا ہے۔

نان وقف - خدا کے نام کی روٹی - خدا کے نام کا کھانا۔

نان کار - زمین یا علاقہ کے لگان کے ایک حصہ کا انتقال جو قابض یا زمیندار سے اس کے اپنے مال واسباب کے واسطے ایک الاونس کے طور پر کیا جاے یہ عام طور پر قریباً بعض اوقات دس فی صدی ہوتا ہے اور علاقہ کی جمع کے ساتھ ادا کیا جاتا ہے - گذارہ - الاونس - وہ زمین جو نوکر دن کو گذارے کے واسطے دیجائے

نانکار زمین - ایک زمین جو زمیندارون یا افسرون نے اپنی حفاظت کے لیئے معافی مین منتقل کی ہو۔

نائب کارندہ - وہ شخص جسے اصل کارندے نے اپنی کارندگی کے کاروبار مین نامزد کیا ہو - اور وہ تحت اہتمام اس کے عمل کرتا ہو۔

نبیرہ - پسر زادہ - پوتا - کبھی بھانجے کو بھی کہتے ہین - نواسہ -
تشریح گو لغتہً پوتی نواسی پر بھی بول سکتے ہین مگر اس کا زیادہ استعمال مذکر یعنی پوتے نواسے ہی پر ہوتا ہے

نبائر - پسرزادگان - پوتے -
تشریح یہ جمع نبیرہ کی ہے بتصرف فارسیان عربی دان کے لفظ فارسی کو بطور عربی کے جمع بنا لیا ہے - جیسے فرامین فرمان کی جمع ہے۔

نتائج - مرادین - مطالب - بچے - اولاد انجام کار - یہ نتیجہ کی جمع ہے

نتھی - ایک فائل - بنڈل مثل سرکاری کاغذات کی جو اکٹھے بند ہون - قانون مین تو خصوصاً قانونی کاغذات کی نتھی پر مستعمل ہوتا ہے

نتھی الف وب - الف اور ب کی نتھی

تشریح کاغذات مثل کے اول ایک انڈکس لگایا جاتا ہے جس مین تعداد اور قسم اور کورٹ فیس کی مالیت وغیرہ درج ہونے کے بعد خانۂ کیفیت مین الف اور ب لکھے جاتے ہین۔ الف سے تو مراد ایسے کاغذات ہوتے ہین جن پر بناے دعوی موقوف ہو۔ اور ب سے مراد ایسے کاغذات ہوتے ہین جو بناے مقدمہ تو نہین ہوتے البتہ ان کا تعلق مقدمہ سے ہوتا ہے۔ اسکا نام نتھی الف اور ب ہے چنانچہ کچھ عرصہ کے بعد جب تلف کاغذات کی نوبت آتی ہے تو الف کی حفاظت کا خیال بہ نسبت ب کے زیادہ کیا جاتا ہے نتھی الف اور ب کی اقسام جو سرکلرات مین مندرج ہین یہان مفید سمجھ کر لکھے جاتے ہین۔

مسلۂ دیوانی کی صورت مین نتھی الف مشتملہ کاغذات ذیل ہوگی۔

(الف) مقدمات ابتدائی مین جنھین سواے عدالت مقدمات خفیفہ کے کسی عدالت نے سماعت کیا ہو یہ کاغذات ہون گے۔

۱- انڈکس کاغذات

۲- فرد حکم - یا تاریخوار خلاصہ احکام

۳- عرضی دعوی مع کسی فہرست کے جو اُس کے ساتھ منسلک ہو اور تمام دستاویزات اصل یا نقل جو عرضی دعوی کے ساتھ داخل کیے گئے ہون۔

نوٹ - مقدمات متفرق مین سوال یا درخواست تحریری اُس فریق کی جس نے عدالت مین اول تحریک کی ہو بجاے عرضی دعوی کے سمجھی جاے گی۔

۴- تحریری بیانات و عذرات فریقین

۵- درخواست ہاے اشخاص غیر متعلقہ مع احکام عدالت جو ان پر صادر کیے جاوین

۶- یادداشت امور تنقیح طلب مع امور تنقیح طلب مرمہ یا مزید کے (اگر کوئی ہون)

۷- کل اظہارات گواہان

۸- تمام دستاویزات جو بہنگام تجویز بطور شہادت فریقین عدالت مین لی گئی ہون

۹- احکام تقرر اہل کمیشن - کارروائی رو بروے احکام مذکور - و رپورٹ ہاے اہل کمیشن۔

۱۰- رپورٹ ہاے مرسلہ محکمہ محافظ دفتر۔

۱۱- درخواست ہاے تقرر ثالثان یا دیگر قطعی جواب ثالثان مع کارروائی و اظہارات و دستاویزات مرسلہ ثالثان و درخواست منسوخی فیصلہ مذکور (اگر گذرانی گئی ہو) مع احکام عدالت۔

۱۲- بازدعاوی - صلح نامہ جات - یا اقبال دعوے -

۱۳ احکام گرفتاری یا قرقی قبل فیصلہ مع تمام کاغذات متعلقہ۔
۱۴۔ فیصلہ یا دیگر حکم اخیر۔
۱۵۔ فرد ڈگری۔
۱۶۔ جملہ افراد یاد داشت دستخطی حاکم۔
۱۷۔ درخواست ہاے نظر ثانی فیصلہ مع حکم عدالت۔
۱۸۔ فیصلہ جات وڈگریات عدالت ہاے اپیل (اگر کوئی ہون)
۱۹۔ تمام احکام جو کارروائی اجراے ڈگری مین صادر ہون مع تمام درخواست ہاے وعذرداری ہاے وحکم نامہ جات تعمیل شدہ واطلاع نامہ جات ورپورٹ ہاے وجوابات متعلقہ۔
۲۰۔ تمام رسیدات واقرارات مشمولہ کارروائی اجراے ڈگری۔
(ب) مقدمات مشمولہ عدالت ہاے سماعت خفیفہ مین یہ کاغذات ہون گے۔
۱۔ انڈکس کاغذات۔
۲۔ فرد حکم یا تاریخوار خلاصہ احکام۔
۳۔ عرضی دعوی مع کاغذات منسلکہ
۴۔ کوئی دعوی بالمقابل جو مدعا علیہ نے مقابلۂ دعوی مدعی کیا ہو۔
۵۔ کل دستاویزات جو بنگام تجویز بطور شہادت ابین فریقین عدالت مین پیش کیے گئے ہون

۶۔ کوئی فیصلہ ثالثان یا بازدعوی بذریعہ نامہ یا اقبال دعوی۔
۷۔ فیصلہ یا دیگر حکم اخیر۔
۸۔ فرد ڈگری۔
۹۔ جملہ یادداشت ہاے دستخطی حاکم
۱۰۔ کوئی درخواست نظر ثانی فیصلہ یا درخواست تجویز جدید حسب دفعہ ۱۲۔ ایکٹ ۱۱ سنہ ۱۸۶۵ء جو گذرانی گئی ہو مع حکم عدالت
۱۱۔ کوئی حکم جو جیف کورٹ نے بحیثیت عدالت استصواب یا نگرانی صادر کیا ہو۔
۱۲۔ کل احکام جو کارروائی اجراے ڈگری مین صادر ہون مع تمام درخواست ہاے وحکم نامہ جات تعمیل شدہ و اطلاع نامہ جات ورپورٹ ہاے و جوابات متعلقہ۔
۱۳۔ تمام رسیدات واقرارات جو کارروائی اجراے ڈگری مین داخل کی جائین
(ج) مقدمات اپیل مین یہ کاغذات ہونگے
۱۔ انڈکس کاغذات۔
۲۔ فرد حکم یا تاریخوار خلاصہ احکام
۳۔ درخواست اپیل
۴۔ نقول فیصلہ جات وڈگریات عدالت ہاے ماتحت۔

۵- کوئی عذرات بالمقابل جو رسپانڈنٹ نے حسب دفعہ ۵۶۱ مجموعہ ضابطہ دیوانی داخل کیے ہوں۔

۶- امور تنقیح طلب جو عدالت اپیل نے تجویز کے واسطے بھیجے ہوں مع شہادت و تجاویز امور مذکور۔

۷- کارروائی اہالی کمیشن جو بموجب حکم کی جائے و رپورٹ ہائے اہالی کمیشن

۸- کوئی شہادت مزید زبانی یا تحریری جو عدالت اپیل نے حسب دفعہ ۵۶۸ مجموعہ ضابطہ دیوانی لی ہو

۹- درخواست ہائے بعدالت اپیل بابت تقرری ثالثان حکم تقرری ثالثان۔ فیصلہ ثالثان یا دیگر قطعی جواب ثالثان مع کارروائی اظہارات و دستاویزات متعلقہ ثالثان اور کوئی درخواست منسوخی فیصلہ ثالثان جو گذرانی گئی ہو مع احکام عدالت

۱۰- بازدعادی یا صلحنامہ جات یا اقبال دعوے۔

۱۱- فیصلہ یا دیگر حکم اخیر۔

۱۲- فرد ڈگری عدالت اپیل۔

۱۳- جملہ یادداشت ہائے دستخطی حاکم۔

۱۴- درخواست ہائے نظر ثانی فیصلہ مع حکم عدالت

۱۵ کوئی فیصلہ و ڈگری اعلیٰ عدالت اپیل۔

نتھی ب مین وہ تمام کاغذات شامل ہوں گے جو نتھی الف مین شامل نہین ہین۔

۲- مسل فوجداری کی صورت مین نتھی الف مشتمل پر کاغذات ذیل ہوگی۔

(الف) مقدمات ابتدائی مجوزہ عدالت سشن مین یہ کاغذات ہوں گے

۱- انڈکس کاغذات

۲- فرد حکم یا تاریخوار خلاصہ احکام

۳ الزام ابتدائی و مرتبہ صاحب سشن جج۔

۴- تمام اظہارات گواہان و بیانات ملزم مع اُن اظہارات و بیانات کے جو مسل مجسٹریٹ تفویض کنندہ سے منتقل ہوئے ہوں۔

۵- کل شہادت تحریری

۶- حکم اخیر

۷- تجویز اسیسران یا فتوی اہل جوری۔

۸ جملہ یادداشت ہائے دستخطی حاکم

۹- فیصلہ عدالت اپیل (اگر کوئی ہو)

۱۰- کوئی حکم مصدرہ چیف کورٹ بحیثیت عدالت استصواب یا نگرانی

۱۱ وہ وارنٹ جو بعد تعمیل حکم سزا واپس ہوئے ہوں۔

۱۲- کل کارروائی متعلقہ ایصال جرمانہ۔

(ب) تحقیقات و تجاویز مجسٹریٹی مین یہ کاغذات ہوں گے۔

۱- انڈکس کا غذات -
۲- فرد حکم یا تارتخیا یا خلاصۂ احکام -
۳- اخیر رپورٹ پولیس (چالان) یا عرضی استغاثہ -
۴- جملہ اظہارات گواہان و بیانات اشخاص ملزم -
۵- کل شہادت تحریری -
۶- فرد قرار داد جرم جب حسب ضابطہ مرتب ہو
۷- حکم اخیر عدالت
۸- جملہ یادداشت ہائے دستخطی صاحب مجسٹریٹ
۹- حکم صاحب سشن جج کا اُن مقدمات مین جو حسب دفعہ ۳۷۴ مجموعۂ ضابطۂ فوجداری واسطے منظوری کے ارسال کیے گئے ہون -
۱۰- فیصلۂ عدالت اپیل (اگر کوئی ہو)
۱۱- فیصلۂ ہیٹ کورٹ بصیغہ نگرانی (اگر کوئی ہو)
۱۲- وارنٹ جو بعد تعمیل حکم سزا واپس ہوئے ہون
۱۳- کارروائی متفرقہ ایسمال بحرمانہ -
۱۴- مچلکہ ہائے نیک چلنی جو حسب دفعہ ۱۱۰ مجموعۂ ضابطۂ فوجداری لیئے جائین -
(ج) مقدمات اپیل مین یہ کاغذات ہون گے

۱- انڈکس کا غذات -
۲- فرد حکم یا تارتخیا خلاصۂ احکام -
۳- درخواست اپیل
۴- نقل فیصلہ عدالت ماتحت
۵- کوئی شہادت مزید جو حسب دفعہ ۴۲۸ مجموعۂ ضابطۂ فوجداری لی جاے
۶- حکم اخیر عدالت -
۷- جملہ یادداشت ہاے دستخطی صاحب جج
نتیجی یہ مین وہ تمام کاغذات ہون گے جو ضمنی الف مین شامل نہین ہین

نتیجہ - باہر نکالا ہوا - تراشا ہوا بچہ - حاصل - مطلب - غرض - مراد -

نٹ محاصل اس سے مراد اُس منافع زائد کی ہے جو ملبت سے بعد منہائی اخراجات کشت کاری حاصل ہو - اس مین اجرت محنت وغیرہ بھی شامل ہے - پکی پیداوار (دیکھو پکی پیداوار)

نج جوت - وہ زمین جو مالکون یا مال گذارون سے اپنے طور پر اپنے فائدے کے لیئے بوئی جاتی ہے

نجابت - شرافت - اصالت - بزرگواری گرامی ہونا - کھرا ہونا - نجیب ہونا

نجیب - اصیل - شریف - بزرگ -

نجیب الطرفین - جو ماں اور باپ دونوں کی طرف سے کھرا ہو -

نرخ - بھاؤ اناج وغیرہ کا بھاؤ - بازاری بھاؤ - شرح تخمینی شرح جس پر گانون یا ضلع کی جمع بندی کی جائے -

نرخ نامہ - نرخ کی تحریر - وہ فرد جس مین نرخ درج ہون -

نرینہ اولاد - اس مین پسر متبنی بھی شامل ہے نمبر ا پنجاب ریکارڈ ۱۸۷۷ء و نمبر ۶۹ پنجاب ریکارڈ ۱۸۹۶ء و نمبر ۲۵ ۱۸۹۶ء -

نزاع - جھگڑا - ارزو مندی - آپس مین خصومت اور دشمنی سے کشاکش کرنا -

نزاع فیصل شدہ - وہ جھگڑا جو فیصل ہو چکا ہو -

نزدات - مجمل بقایا - وہ رقم جو خرچ ہونے کے سبب موجود نہین اور جب تک صاحب کلکٹران رقوم کے خرچ کرنے کی منظوری صاحب سول آڈیٹر کی دستخطی حاصل کرتے ہین خزانہ کے حساب مین بطور نقد مندرج ہو کر بعد اس کے اپنی اپنی مدات مین محسوب ہوتی ہین -

نزول - اترنا - وہ جائداد جو وارثون کی بے پروائی وغیرہ اسباب سے سرکاری ہو جاتی ہے ہین املاک ذیل بھی شامل ہین - ہر ضیات اور مکانات سکنی جو کسی قصبہ کے عین متصل گورنمنٹ کے قبضہ مین آئے ہون اور محال سے متعلق نہون اور نہ قسط بندی مال مین درج ہون - املاک ضبط شدہ از قسم باغات یا اراضیات یا مکانات ملکیت سرکار جو سابقہ کسی قصبہ یا میونسپل کمیٹی کی حدود مین واقع ہون -

نزولی - فوج کا پڑاؤ - آدمیون کے اترنے کا مقام یا جگہ -

نسب - نسل - نژاد - خاندان -

نسب نامہ - شجرہ نسب - نسل کی تحریر - کرسی نامہ - وہ تحریر جس مین آبا و اجداد کے نام درج ہون -

تشریح - مالکان شجرہ نسب مفصل ضلع مین موجود رہتے ہین اور مختصر شجرہ پٹواریون کے پاس بھی محفوظ رہتے ہین جن مین مالکان موجودہ اور ان کے بزرگون کے نام ثبت ہوتے ہین اور وجہ مالک ہونے کی اور وجہ تسمیہ آبادی شہر یا قصبہ یا گانون وغیرہ بھی درج ہوتی ہے

نسبت - منگنی - لگاؤ - علاقہ - سگائی

نسبی - جو استحقاق بوجہ نسب کے وارث ہون - جو نسب کی طرف منسوب ہو -

تشریح - وارث دو قسم کے ہوتے ہین نسبی جو اپنے نسب سے وارث ہون سببی جو کسی سبب سے وارث ہون جیسے مولی عتاقہ

نسخ - دور کرنا - منسوخ کرنا - رد کرنا - زائل

کرنا۔ لکھنا۔
نسخہ کتاب۔ لکھا ہوا کاغذ۔ وہ پرچہ جس پر حکیم یا طبیب نسخہ لکھ کر مریض کو دیتا ہے
نسل۔ اولاد۔ کنبہ۔ (دیکھو نسب)
نسلاً۔ نسل بنسل۔ اور دے نسل۔ نسب سے از روے نسب۔
نسیئۃً۔ اُدھار پر۔
نشان۔ چہ علامت۔ نشانی۔ علم۔ فوج کا جھنڈا۔
نشان پانی پر تیرنے والا۔ یہ نشان تیرنے والے مادے سے بنایا جاتا ہے۔ بنان جو لکڑی کا بنا ہوا نشان ہوتا ہے اور لنگر کے ذریعے سے جو کم عمق پانی کی تہ پر پڑا ہوتا ہے قائم رہتا ہے اور اس سے یہ غرض ہوتی ہے کہ جو شے پانی کے نیچے ہو اُس کا موقع تبلائے جیسے چٹان اور خطر کا موقع جس سے جہاز کو خطرہ ہوتا ہے اور اکثر جہاز کے لنگر کا موقع بتلانے کے کام میں بھی آتا ہے
نشان حرفہ۔ نشان پیشہ کسب کا نشان ٹریڈ مارک (تجارت کا نشان) وہ نشان جو اس امر کے ظاہر کرنے کے لیئے کام میں لایا جائے کہ کوئی اسباب کسی خاص شخص کا بنایا یا تیار کیا ہوا ہے یا خاص قسم یا مقام میں بنایا یا تیار کیا گیا ہے یا کسی خاص

درجے کا ہے۔
نشان زمین۔ وہ نشان جو حد وغیرہ کے بتلانے کے لیئے زمین پر واقع ہو
نشان سمندری۔ نشان واقع سمندر جو جہاز رانوں کی رہنمائی کے واسطے بنایا جائے
نشان ساحت۔ پیمایش کا نشان اس میں نشان سرحد بھی شامل ہے۔
نشان ملکیت۔ جو نشان اس امر کے ظاہر کرنے کے لیئے کام میں لایا جائے کہ کوئی مال منقولہ کسی خاص شخص کا ہے جائداد کا نشان۔
نشان ملتبس۔ مشتبہ نشان۔ چھپا ہوا نشان۔
نشست جمع تصفیہ لگان مزارع کے ساتھ۔
نشو و نما۔ پیدا ہونا۔ اُگنا۔ بڑھنا۔
تشریح لفظ نما کو ن کے ضمہ سے پڑھنا غلط ہے اس لیئے کہ نما لفظ عربی ہے بمعنی افزایش و بالیدگی کے۔
نص۔ خوب دریافت کرنا کسی امر کو جس سے اُس کا اصل حال کھل جائے۔ ظاہر کرنا۔ بلند کرنا کسی چیز کا علم اصول کی اصطلاح میں وہ آیت قرآنی جس میں صاف صاف بیان ہو اور جو ظاہر اور محتاز کر دے متشابہ کا م کو نیک سے اور وہ بد

فارسی والے ہر کلام صریح اور آشکارا اور ہر ظاہر کو نص کہتے ہیں۔ ایسا ظاہر مقولہ جس سے انکار ممکن نہ ہو۔

نصاب - وہ مقدار مال کی جس پر زکوٰۃ واجب ہو جائے

تشریح زر نقل ورجہ اس مال کا چاندی میں دو سو درم اور سونے میں بیس مثقال ہے اور زکوٰۃ مال کی چالیسواں حصہ اس مال کا ہوتا ہے بعد یک سال کے اور فارسی میں لفظ نصاب یعنی زر اور سرمایہ اور پونجی کے مستعمل ہوتا ہے۔

نصب - برپا کرنا۔ گاڑنا۔ لگانا۔

نطفہ - صاف پانی۔ مرد کی منی۔

نظام حکومت - حکومت کا انتظام۔

نظائر قانونی - قانون کی نظیریں۔

نظر - نگاہ۔ تامل فکر سبب۔

نظر براں - اس وجہ سے۔ اس غرض سے۔ اس نظر سے

نظر بند - وہ قیدی جو نظر سے غائب نہ ہونے پائے۔

تشریح عموماً یہ لفظ اسیران سلطانی پر بولا جاتا ہے ان سے کوئی مشقت نہیں لی جاتی بلکہ محض برائے نام قیدی ہیں سوائے آزادی کے اور ہر طرح کی آسائش ملتی ہے

نظر بندی مقامی قیدی جو ایک احاطہ یا مقام میں سوائے معمولی جیل کے محفوظ رکھا جاتا ہے (دیکھو نظر بند اور اسیر سلطانی)

نظر ثانی - دوبارہ نظر کرنا۔ اگر تجویز خلاف منشا ہو جائے تو اس کو دوبارہ کچہری عدالت میں پیش کرنا۔

تشریح عام لوگ غلطی سے اس کو نگرانی بھی کہتے ہیں۔ مگر اس میں اور نگرانی میں ایک نازک فرق ہے کہ نظر ثانی یا تجویز ثانی اسی حاکم کے پاس ہوتی ہے اور نگرانی دوسرے کے پاس۔ عموماً اس کی میعاد نوے یوم تک ہے۔ اس میں نصف رسوم دینی پڑتی ہے اور نوے یوم کے بعد وجہ موجہ پر پوری رسوم دینی پڑتی ہے۔ مقدمات فوجداری میں زیر دفعہ ۵۱۵ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے کی جائے گی (دیکھو نگرانی)

نظیر - مانند۔ مثل۔ بولتے ہیں اس کی نظیر کوئی فیصلہ پیش کرو

نظیر محولہ - نظیر سپرد کردہ۔ وہ نظیر جس کا حوالہ دیا گیا ہو۔

نعل بہا - جو راجہ اور بادشاہ اپنے ملک کی آمدنی دوسرے قوی بادشاہ کو دے کہ وہ اس کے ملک کو نہ لوٹے۔

نعل بندی - مسلمانوں کی گورنمنٹ میں ایک محصول زمین داروں وغیرہ سے لیا جاتا تھا۔

نفاذ - تیر کا نشانہ کو توڑ کر گذر جانا یا پار ہو جانا جاری ہونا فرمان اور نامے کا حکم کا جاری ہونا موثر ہونا۔ جاری ہونا۔

نفاذ قانون - قانون کا اجرائے۔ قانون کا پاس ہونا۔ قانون کا موثر ہونا۔ قانون کا رواج پانا۔

نفس الامر - فی الواقع حقیقت میں۔ در اصل۔ اصل میں۔

نفوذ - تیر کا نشانہ کو توڑ کر پار نکل جانا گذرنا جاری ہونا فرمان یا نامے کا۔ اثر کرنا۔

نقاد - پرکھنے والا۔ روپیہ اور اشرفی کا پرکھیا کھوٹے کو کھرے سے الگ کرنے والا۔ اس کی اصل نقد ہے۔

نقب - سوراخ کرنا دیوار میں سیندھ لگانا۔ سرنگ لگانا۔ دیوار میں پاڑ لگانا۔ پاڑ دینا۔

نقب زن - پاڑ لگانے والا۔ سیندھ لگانے والا۔ پاڑ دینے والا۔

نقب زنی - سیندھ لگانے کا فعل۔

تشریح - وہ شخص جو مداخلت بے جا بخانہ کا مرتکب ہو نقب زنی کا مرتکب کہلاے گا۔ اگرچہ وہ گھر یا گھر کے کسی حصہ میں نیچے لکھے ہوئے چھ طریقوں میں سے کسی ایک طریق پر داخلت کرے یا اگر کسی جرم کے ارتکاب کے لیئے گھر میں یا اُس کے کسی حصہ میں موجود ہو کر یا وہاں کسی جرم کا ارتکاب کرکے چھ طریقوں مذکورہ میں سے کسی ایک طریق پر اُس مکان سے یا اُس مکان کے کسی حصہ سے باہر نکل آوے (۱) اگر وہ اُسی گذر سے داخل ہو یا باہر نکلے جو خود اُس نے یا مداخلت بے جا بخانہ کے کسی معاون نے مداخلت بے جا بخانہ کے ارتکاب کے لیئے بنا لیا ہو۔ (۲) اگر وہ اسی گذر سے داخل ہو یا باہر نکلے جس سے داخل ہونا انسان کا کسی اور شخص کے نزدیک سوا اس کے یا اس جرم کے کسی معاون کے مقصود نہو یا کسی ایسی گذر سے جس تک کسی دیوار یا عمارت پر کمند لگانے یا چڑھنے سے پہونچا ہو۔ (۳) اگر وہ کسی ایسی گذر سے داخل ہو یا باہر نکلے جس کو اس نے خود یا مداخلت بے جا بخانہ کے کسی معاون نے مداخلت بے جا بخانہ کے ارتکاب کے لیئے ایسے وسیلوں سے کھول لیا ہو جس سے اُس گذر کا کھولا جانا صاحب خانہ کا مقصود نہ تھا (۴) اگر وہ مداخلت بے جا کے ارتکاب کے لیئے یا مداخلت

بے جا کے ارتکاب کے بعد گھر سے باہر نکلنے کے لیے کوئی قفل کھول کر داخل ہوا یا باہر نکلے (۵) اگر وہ جبر مجرمانہ کے استعمال سے یا حملے کے ارتکاب یا حملے کی دھمکی دینے سے دخول یا خروج کرے (۶) اگر وہ ایسی گذر سے داخل ہوا یا باہر نکلے جس کو وہ جانتا ہو کہ ایسے دخول یا خروج کے دفعیہ کے لیے بند کیا گیا ہے اور وہ خود اسی نے یا خلیت بے جا بخانہ کے کسی معاون نے کھول لیا ہے۔

نقد۔ روپیہ اشرفی وغیرہ کا پرکھنا۔ زر مسکوک۔ فی الحال۔ ابھی

نقداً۔ بالفعل۔ فی الفور۔ ابھی۔

نقد وجنس۔ روپیہ اور غلہ اور اسباب وغیرہ۔ روپیہ اور اسباب۔

نقدی۔ روپیہ۔ اشرفی پیسہ کبھی خصوصاً لگان زمین پر مستعمل ہوتا ہے۔ منسوب بہ نقد

نقشہ۔ تصویر۔ نمونہ کسی چیز کا عکس خاکہ

نقشہ انتقال۔ وہ نقشہ جو انتقالات کے واسطے پٹواری وغیرہ تیار کرتے ہین۔ (دیکھو انتقال)

نقشہ تبدیلی۔ کاغذ ضمنم پٹواری۔ کھیوٹ۔ کھتونی ضمنی۔ یہ پٹواری کا ایک نقشہ ہوتا ہے۔

نقشہ بھاک بست۔ بھاک بست کا نقشہ (دیکھو بھاک بست)

نقشہ جریبلی۔ بڑا نقشہ۔ ایک نقشہ جو عموماً اور نقشون سے بڑا ہوتا ہے

نقشہ حال توزیع یعنی حساب مطالبہ وصول باقی مال گذاری کا نقشہ اس مین نام تحصیل۔ نام پرگنہ خالص باقی توزیع ماہ گذشتہ قطع حال کا کل مطالبہ۔ تعداد وصول وغیرہ درج ہوتا ہے

نقشہ جنسوار۔ پٹواری تیار کرتا ہے۔ یہ نقشہ گرداوری سالانہ سے بنایا جاتا ہے۔ نقشہ بترتیب جنس۔

نقشہ خام۔ وہ نقشہ جو پہلے بطور خاکہ یا کچے نقشے کے ہو۔ خام کا نقشہ۔ یہ ایک اصطلاح پٹواریوں وغیرہ کی ہے۔

نقشہ سالانہ۔ سال کا نقشہ۔ وہ نقشہ جس مین سال بھر کی کیفیت مندرج ہو۔

نقشہ کمپاس۔ پیمایش کا نقشہ۔ مساحتی نقشہ

نقشہ کمی بیشی مقابلہ کا نقشہ۔ زیادتی کمی کا نقشہ۔ ایسا نقشہ جس سے زیادتی اور کمی معلوم ہو

نقشہ گرداوری سالانہ۔ سال کے بعد کی گرداوری کا نقشہ۔ وہ نقشہ ہے جس سے غرض دریافت حال وکیفیت قبضہ وملکیت اور حال کاشت اجناس پانچ

سلسل ہے۔
نقشہ ماسک بار - ماہواری نقشہ - ماہانہ نقشہ۔
نقص - کمی - کم ہونا - عیب - کم کرنا۔
تشریح بضم اول پڑھنا غلط مشہور ہے بفتح اول صحیح ہے
نقص جسمانی - ناقص العقل - نابینا ہونا بہرا ہونا - گونگا ہونا - جذامی ہونا - ولد حرام ہونا - خارج از برادری - پیدائشی گونگا ناقص الخلق - پاگل - لاعلاج یہ سب ازروے مرہم شاستر نقص جسمانی مین داخل ہین
نقص فیصلہ - فیصلہ کا عیب۔
نقصان - گھاٹا - ضرر - تکلیف - کمی - خسارہ - ٹوٹا۔
نقصان بالقصد - بالعمد نقصان - ارادۃً نقصان - عمداً نقصان۔
نقصان خانگی - ایسے حقوق کو شکست کرنا ہے جو ہر شخص کو محض بحیثیت شخصی حاصل ہو - یہ تعریف تعزیرات ہند کی شرح بلاکسٹون صاحب سے لی گئی ہے
نقصان ذاتی - اپنا نقصان - اصلی نقصان -
نقصان رسانی - تکلیف دہی - ضرر رسانی - نقصان پہونچانا۔
نقصان عام - اس سے مراد حقوق اور فرائض کی خلاف ورزی ہے جو کہ کل جماعت کو بحیثیت مجموعی حاصل ہے
نقض - توڑنا - عہد وغیرہ کا توڑنا نقض عہد مشہور ہے۔
نقل - اصل کا نمونہ - لکھنا کاپی - ایک جگہ سے دوسری جگہہ جانا ایک جگہہ سے دوسری جگہہ لے جانا۔
نقل پروانہ جات - پروانون کی نقل یہ ایک کتاب اور رجسٹر ہے جس مین ہر طرح کے پروانون کی نقلین مندرج ہوتی ہین۔
نقل غیر مصدقہ - وہ نقل جس کی تصدیق نہ ہوئی ہو۔
نقل نویس - ایک محرر ہوتا ہے جو نقل لکھنے کا کام کرتا ہے نقل نویس سے ایسا شخص مراد ہے اور اس مین ہر ایسا شخص شامل ہے جو کسی ایسے کاغذ یا کاغذات مثل کی نقول یا نقل تیار کرنے کی غرض سے مقرر کیا گیا ہو
نقول نقل کی جمع ہے -
نقول مصدقہ - ایسی نقلین جو تصدیق کی گئی ہون - وہ نقول ہین جو سرکاری عہدہ دار مجاز وقت ادا سے رسوم و فیس قانون حوالہ کرے گا اور نقل کے ذیل پر تصدیق بقید تاریخ لکھے گا کہ وہ مطابق اصل ہے اور ذیل مین اپنا نام تحریر کرے گا

نکاح - شادی کرنا بیاہ کرنا قانونی طور پر شادی کرنا شرعی بیاہ - اس سے مراد ایک عقد ہے جو کہ بضع حلال کرنے اولاد کے ہوتا ہے

نکاح متعہ متعہ کا نکاح - محدود والوقت نکاح - (دیکھو متعہ)

نکاح موقت - وہ نکاح جو کسی وقت پر ٹھہرایا ہوا ہو - عارضی نکاح جو ایک موسم کے واسطے خاص صورت کے واسطے منتخب کیا گیا ہو -

تشریح یہ نکاح قانون کی رو سے منع ہے -

نکاحی - بیاہی ہوئی عورت -

نکاس - خارج شہر - زمین کی بیرونی حدود جو اس سے متعلق ہوں -

نکاسی - علاقہ کی مال گذاری کا حساب محصول چونگی - نکٹ برآمد پر - یا اسباب پر جو شہر یا ضلع سے گذرے - یا ایسے اسباب پر جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لایا جائے اور بغیر فرصت کے علیحدہ کرایا جائے - آمدنی

نکاسی خام تخمینی یا مقطع پیداوار - ایک علاقہ یا گاؤں کی جو کسانوں سے زمینداروں کو حاصل ہو حسب حساب پٹواری یا گماشتہ تخمینی جمع تخمیناً آمدنی -

نگارش - لکھنا - یہ نگاشتن کا حاصل مصدر ہے جس کے معنی لکھنا ہے -

نگران - دیکھنے والا منتظر - معاینہ کرنے والا افسر نگران وہ افسر جو نگرانی کرتا ہے - یہ نگریستن یعنی دیکھنے کا اسم فاعل ہے

نگرانی - دیکھ بھال خلاف منشا فیصل شدہ دعوے کو پھر دوبارہ حاکم مجاز سماعت کے روبرو پیش کرنا - یہ بھی ایک قسم کا اپیل ہوتا ہے جو نگرانی سے نامزد ہے

تشریح نگرانی اور نظرثانی مین نہایت نازک فرق ہے - عام لوگ غلطی سے نگرانی اور نظرثانی کے ایک ہی معنی سمجھتے ہین - فرق یہ ہے کہ نگرانی مین عدالت ماتحت کی بے ضابطگیون کا دیکھنا ہوتا ہے جو مقدمہ پر موثر ہون - دیکھو دفعہ ۶۲۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی - نظرثانی یا تجویز ثانی تو اسی عدالت مین ہوسکتی ہے اور نگرانی دوسری عدالت مین ہوتی ہے - حسب دفعہ ۶۲۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی ہائی کورٹ مجاز ہے کہ مثل مقدمہ کی جس کا اپیل ہائی کورٹ مین نہین ہوتا ہے اپنے پاس طلب کرے بشرطیکہ اس عدالت نے جو مجوزہ مقدمہ تھی خارج از اختیار نافذ کیا ہو جو اس کو قانوناً حاصل نہ تھا یا جو اختیار تھا اس کو عمل مین نہ لائی ہو یا اپنے اختیار کی تعمیل مین خلاف قانون عمل کیا ہو یا کوئی بے ضابطگی عظیم کی ہو اور عدالت ہائی کورٹ مجاز ہے اس مقدمے مین جو حکم

مناسب سمجھے صادر کرے۔ ہائی کورٹ کو اختیار ہے کہ جب عدالت ہائے ماتحت اپنے اختیارات سے تجاوز کریں تو نگران رہے۔ سر زیادہ دیکھو نظر ثانی)،

نمائی۔ ایک قسم کی زمین ہے۔

نمائیش۔ دکھلاوٹ۔ نمود داری ظاہری کام۔ تماشہ۔

تشریح۔ یہ نمودن یعنی دکھانا کا حاصل مصدر ہے بولتے ہین کہ بیع نمائشی ہے یعنی جس قدر روپیہ بیع نامہ مین مندرج ہے محض دکھانے یا حق شفع کے قائم نہ رکھنے کے لیے ہے ورنہ حقیقت مین کم ہے

نمائشی۔ دکھلاوے کا۔ دکھانے کا محض ظاہرداری کا

نمبردار۔ حسب ایکٹ لگان اور وہ وہ شخص ہے جس نے قبولیت ادائے مال گذاری سرکار یا لگان کے جو مالک اپنی قابض بحیثیت داری سے مالک اجنبی کو واجب الادا ہو لکھ دی ہو۔ جو خود اور سرکار کی طرف سے سرکار کے ساتھ تعہد کرتا ہے۔

تشریح عام لوگ اس کو لمبردار کہتے ہیں یہ غلط ہے مگر عام کے ذہنت کے لیئے لمبردار کے لفظ مین بھی اس کی تشریح لکھ دی ہے۔ اصل مین یہ لفظ نمبردار نون کے ساتھ ہے۔ یہ صحیح مانا گیا ہے گو یہ بھی باعتبار ترکیب اور گرامر کے اپنی ذات کا کھرا اور نخیب نہین۔ اس لیے کہ نمبر لفظ انگریزی اور دار لفظ فارسی سے مرکب ہے خیر چونکہ انگریزی نے بباعث انگریزون کی حکومت ہندوستان کے زبان اردو سے بہت کچھ خلط ملط پیدا کر لیا ہے اس لیئے یہ لفظ نہایت استعمال پاکر گویا کہ بمنزلہ صحیح کے شمار ہو گیا ہے۔ دیکھو لمبردار)

نمبری مقدمات۔ مقدمات دیوانی صیغۂ مال جن کو کسی عدالت دیوانی نے فیصل کیا ہو یا اس مین دائر ہوان۔

نمک حرام۔ جو اپنے مالک کا طرف دار ہو جس نے نمک کھا کر حرام کر دیا ہو۔

نمک حلال۔ اپنے آقا کا طرف دار جس نے نمک کھا کر حلال کیا ہو۔

نمک ناجائز۔ وہ نمک جو بغیر ادائے محصول سرکاری کے بنایا یا لایا جائے

نمونہ۔ نقل۔ مثال۔

نو آباد۔ جس مین نئی آبادی ہوئی ہو۔ جو بعد آباد یا بندوبست کیا گیا ہو۔

نواب۔ نیابت کرنے والا۔ نائب خود مختار

نواب لفٹنٹ گورنر۔ حسب ایکٹ تحصیل محصولات مرکب گنگ اس سے لفٹنٹ گورنر بہادر ممالک مغربی و شمالی پریزیڈنسی فورٹ ولیم مراد ہے

نواحی - اطراف کنارے - یہ ناحیہ کی جمع ہے
نوازش - مہربانی عنایت - بڑائی -
تشریح - اس کی جمع نوازشات حسب قاعدہ عربی بنائی ہے یہ محض تصرف فارسیان ہے اس لیے کہ الف اور ت سے جمع کرنا یہ عربی والون کا قاعدہ ہے مگر فصحا پسند نہین کرتے اور نہ کرنا چاہیے مگر یہ عام طور پر مروج ہو گیا ہے - یہ نواختن کا حاصل مصدر ہے
نواہی - وہ باتین جن کا کرنا شرعاً منع ہے -
یہ نہی کی جمع ہے امر و نہی مشہور ہین
نوبرآر - نیا نکالا ہوا جس پر نئی جمع تجویز کی گئی ہو -
نوتوڑ - وہ زمین جو توڑ کر نئی نکالی گئی ہو -
تشریح اس کو جھنڈی توڑ بھی بولتے ہین پر بھی ترقی حیثیت زراعت مین شمار ہوتی ہے عموماً ترقی حیثیت ارضی کا حق کاشت کار بشرط دعوی اور معقول وجہ کے مل جاتا ہے
نوٹری پبلک حسب سرکلر ۲ آف ۱۸۸۱ء فینانشل کمشنر پنجاب وایکٹ اسٹامپ نوٹری پبلک وہ نوشتہ یا تحریر ظہری یا داخلہ یا یادداشت جو نوٹری پبلک نے بہ تعمیل خدمات عہدہ لکھے یا اس پر دستخط کیے ہون یا ایسے ہی کسی کانسل یعنی ملکی دلیل نے یا اور شخص نے جس کو قانوناً منصب اور بہ خدمت نوٹری پبلک کا حاصل ہو لکھا یا دستخط کیا ہو لالف صاحب مجسٹریٹ درج تصدیق مختارنامہ جات بطور نوٹری پبلک کر سکتے ہین - دو روپیہ فیس لی جاکر - جو بمد آمدنی اسٹامپ درج ہونا چاہیے (دیکھو نوشتہ نوٹری پبلک)
نوٹس اطلاع - خبر -
تشریح عموماً اس کا استعمال ایسے پر واقع پر ہوتا ہے مثلاً آقا نے ملازم کو یا ملازم نے آقا کو ملازمت چھوڑنے یا چھڑانے کی اطلاع دی ہو یا ریون کو دائن نے ادا دین کی خبر دی ہو -
نوٹس دینا اطلاع دینا
نوروز سال کا پہلا دن - یکم جنوری -
نوشت تحریر لکھت
نوشت خواند لکھا پڑھی لکھنا پڑھنا -
لکھت پڑھت لکھائی پڑھائی -
نوشتہ لکھا ہوا سند سرٹیفکیٹ
نوشتہ تائیدی یا استزادی - یہ ایسی دستاویز ہے جس کے لیے کوئی اسٹامپ مقرر نہین ہوا
نوشتہ قابل خرید و فروخت -
حسب ایکٹ اسٹامپ اس مین بل آف اکسچینج اور پرامیسری نوٹ داخل ہین
نوشتہ نوٹری پبلک - اس سے مراد وہ نوشتہ یا تحریر ظہری یا یادداشت

یا داخل ہے جو نوٹری پبلک نے بتعمیل خدمات اپنے عہدے کے لکھ دیا ہو یا جس پر اس کے دستخط ثبت ہوں اور اس میں ایسی قسم کا ہر نیج کا نوشتہ داخل ہے جو کسی کانسل ملکی یا وکیل یا اور شخص نے جس کو قانوناً منصب اور اسے خدمت نوٹری پبلک کا حاصل ہو لکھ دیا یا اس پر دستخط کر دیے ہوں (دیکھو نوٹری پبلک)

نوشکست۔ نوتوڑ۔ جو نئی زراعت کی گئی ہو

نوع۔ گونہ۔ قسم۔

نوعیت۔ چگونگی۔ تعیین۔ تفصیل۔ جیسے نوعیت مقدمہ یعنی مقدمہ کی حالت۔

نوکر۔ خدمت گار۔ اسور خانہ داری میں نوکر مزدور کہلاتا ہے۔ خاص پیشوں میں نوکر چھوٹے درجے کا بھی نوکر ہوتا ہے

نویسندہ۔ لکھنے والا۔ محرر۔

نہج۔ راہ راست۔ راہ کشادہ۔ طرح۔

نہر۔ حسب ایکٹ انتظام آب پاشی در روانگی کشتی و پانی کی نکاس اس سے تمام نہریں اور نالے اور تالاب جو بہم رسانی یا اجتماع پانی کے لیے من جانب گورنمنٹ قائم ہوں اور تمام کام اور پشتے اور تعمیرات اور پانی کی آمد اور نکاس کے نالے جو انہا اور نالہ اور تالاب بالا سے ملی ہوئی ہوں اور تمام کول اور ہر چیز دریا یا ندی یا جھیل یا پانی بطور طبعی جمع شدہ پانی کی نکاس کے نالہ غیر مصنوعی کا جس سے ترکل گورنمنٹ نے احکام فصل متعلق کیے ہوں مراد ہے اور نہر کے لفظ میں تمام قطعات زمین جو نہروں کے لیے سرکار کے قبضہ میں ہیں اور تمام عمارات اور کلیں اور بند پھاٹک اور دیگر تعمیرات درختان و فصل و پود و درختان و پیداوار اراضیات مذکورہ مقبوضہ سرکار داخل ہیں۔ دریا کی شاخ۔ ندی نہر مصنوعی۔ ندی قدرتی۔

نہری۔ وہ زمین ہے کہ جس کو نہر سے آب پاش کیا جاتا ہے۔

تشریح۔ اس کی حدود اسی طرح دریافت کی جائیں گی جو چاہی کی نسبت چاہی میں بیان ہوا۔ (دیکھو چاہی) اس سے یہی نسبتی ہے۔

نیابت۔ نائب ہونا کسی جگہ پر قائم مقام ہونا۔

نیابتاً۔ قائم مقامی کے طور پر جب کوئی حاکم کسی کو کسی ملازم کی جگہہ قائم مقام مقرر کرے تو کہا جاتا ہے کہ فلاں شخص نیابتاً مقرر ہوا۔

نیازمند۔ حاجتمند۔ محتاج۔

تشریح۔ یہ لفظ عموماً منشی لوگ خط کے آخر میں لکھ دیا کرتے ہیں۔ جیسے خاک سار

وغیرہ بڑوں اور بزرگوں کی جانب لکھتے ہیں
نیاز کے معنی خواہش محبت و آرزو۔ اظہار
محبت۔ اور مند علامت اسم فاعل ہے
جس کے معنی والا ہے

نیت۔ ارادہ۔ خواہش۔ فارسی والے
بغیر تشدید ی کے بھی بولتے ہیں

نیت فاسد۔ بد یا خراب ارادہ جرم
کا ارادہ۔

نیک نیتی۔ جس عمل کے کرنے یا باور کرنے
میں کما حقہ لحاظ و توجہ عمل میں آئی ہو۔
ارادے کا نیک ہونا

تشریح الفاظ نیک نیتی سے عموماً مراد
اس یقین سے ہے کہ جو اگرچہ در اصل غلط
ہو لیکن بلحاظ واقعات قابل درگذر ہو۔
یعنی جو وجوہات معقول پر مبنی ہو۔ دیکھو
بابے بیل چیف جسٹس صاحب بمقدمہ
لیعک بنام گنیش رسالہ مصنفہ ٹیلر در صفحہ
۲۲۸ نوٹ ن۔ کبھی اس سے محض راست
بازی مراد ہوتی ہے۔

نیلام۔ عام فروخت۔ جنرل بکری۔

نیلام دار۔ ایسی جائداد کا مالک جو نیلام سے
خریدی گئی ہو۔ نیلامی خریدار۔

نیلامی۔ قابل نیلام۔ فعل نیلام۔

نیم آدمی۔ مراد عورت سے

تشریح عورت سے مراد نیم آدمی صرف
اس لیے ہوتی ہے کہ شرع میں عموماً دو
عورتوں کی گواہی بمنزلہ ایک مرد کے مقرر ہے

نیم کارہ۔ وہ کاری گر جو دوسرے شخص کے
اوزار سے کام کرے اور اپنی مزدوری میں
سے اوزار کے مالک کو حصہ یا کرایہ اوزار کا دے

نیم کارہ ادھورا کام۔ ناکام۔ ناقص

نیمہ۔ ادھا۔ نصف۔ ½۔ عرف جامہ
معماروں کا آدھا گز۔ ایک قسم جامہ کوتاہ

و

وابستگان۔ رشتہ دار۔ متعلقین ایک
گھر کے متعلق لوگ۔ عزیز

وابستہ۔ بندھا ہوا۔ متعلق۔ رشتہ دار
عزیز۔ اس کی جمع وابستگان ہے۔
(دیکھو وابستگان)

واپسی واپس کرنے اور لوٹانے کی صورت
واپس ہونے کی حالت۔ معاودت۔ بازگشت
مراجعت۔ استرداد

تشریح واپس کے معنی ہٹا ہوا پھرا ہوا اس میں ی مصدری ہے۔
واپسی شے موہوبہ۔ ہبہ کی ہوئی شے کی واپسی
تشریح جب وصی روپیہ حسب الحکم عدالت ادا کرے اگر وصی کی جائداد جملہ منافع موہوبہ کو مکتفی ہو تو وصی موہوب لہٗ اول الذکر سے روپیہ دادہ کے واپس لینے کا حق ہے۔
واپسی مقدمہ۔ مقدمے کا واپس ہونا۔ عدالت بالا سے ماتحت عدالت میں مقدمہ کا آ جانا۔
واثق۔ مضبوط پختہ پکا۔
تشریح۔ عموماً یقین امید اور اعتماد وغیرہ کی صفت واقع ہوتا ہے۔
واجب۔ دائم ہمیشہ۔ لازم۔ سزاوار ہونے والا۔ جو اپنے وجود میں غیر کا محتاج نہ ہو۔ خدا تعالیٰ۔ ضروری جس کے بغیر کام نہ چل سکے
واجب الاتباع جس کی تابع داری ضرور ہو۔ واجب التعمیل جس کی متابعت اور پیروی ضروری ہو
واجب الادا جس کا ادا کرنا لازم اور ضرور ہو جس کا پورا کرنا لابد ہو قابل ادا۔
واجب التعمیل جس کی تعمیل لازم ہو۔ جس کا عمل میں لانا ضروری ہو۔ (دیکھو واجب الاتباع)
واجب الطلب جس کا طلب کرنا ضروری ہو جس کا مطالبہ لازم ہو جس کی طلبی یا لانا ضروری ہو۔
واجب العرض مال گذار اور سرکار جو عہدنامہ گانون کے رواج اور انتظام کی بابت کرتے ہیں اسی کا نام اقرارنامہ ہے جس کا عرض کرنا ضروری ہو۔ ہدایت نامہ افسران بندوبست میں اس کو اقرارنامہ بھی کہتے ہیں۔ یہ ایک قرارداد یا معاہدہ ہے جو مال گذاران اور سرکار میں کیا جاتا ہے اور بحال پٹی داری میں تمام ضروری کاغذات میں سے زیادہ ضروری ہوتا ہے کیونکہ یہ گانون کی انتظامی حالت کو ظاہر کرتا ہے۔ گانون کا انتظامی کاغذ
واجب العرض چھوٹ۔ اقرارنامہ مال گذاری۔ گانون کی مال گذاری کا کاغذ
واجب القتل جس کا مار ڈالنا ضروری ہو
واجب الوصول جس کا اگاہنا یا وصول کرنا ضروری ہو۔
واجبات۔ ضروریات۔ لازمات۔ یہ واجب کی جمع ہے (دیکھو واجب)
واجبی۔ وہ بات جو نہایت درست ہو۔ جو واجب ہو۔ ضروری۔
وار پار یا پچھ مچھ۔ ایک رواج کا نام

ہے جس کی رو سے صرف اصلی رقبہ پر لحاظ ہوتا ہے خواہ وہ دریا کے شکم مین ہو یا اس سے باہر اور جو زمین ان حدود مین واقع ہو وہ ہمیشہ اُس محال کے ساتھ رہتی ہے یہ رواج دریاے جھیلم پر مروج ہے نمبر ۱۲۲۵ سنہ ۱۸۷۰ع ضلع شاہپور رپورٹ بندوبست شاہپور فقرہ ۳۱۲ صفحہ ۱۳۲ -

وارث - میراث لینے والا - وہ شخص جو باستثنا اس طریق کے جیسا کہ بیوہ وارث ہوتی ہے وارث جائداد ہو - یہ تعریف حسب ایکٹ تعلقداران اودھ کے کی گئی ہے - جو ترکہ پانے کا حق رکھتا ہو

تشریح یہ ایک عجیب امر ہے کہ ضلع ہزارہ مین لفظ وارث سے مراد اخیری فتح کنندہ ہے جس نے زور بازو سے وہ بنیاد اثنا حق ملکیت حاصل کیا ہو دیکھو رپورٹ بندوبست ضلع ہزارہ صفحہ ۱۰۹ فقرہ ۳۵ -

وارث آیندہ - آیندہ کو وارث ہونیوالا

وارث بعید - دور کا وارث - وہ وارث جو کئی پشتون کا واسطہ رکھتا ہو

وارث شرطی جو کسی شرط پر میراث پانے والا ہو -

وارث صلبی یعنی وارث نسلی وارث براہ راست وارث -

وارث عصبہ - وہ وارث خویش اور فرزند زینہ جو باپ کی طرف سے ہو

تشریح عصبہ قرابت پدری ہے گویا یہ جمع عاصب کی ہے بعض کہتے ہین کہ اسکا مصدر عصوبت ہے اور عصبات جمع الجمع ہے جیسے جمالات -

عصبہ تین قسم پر ہے (۱) عصبہ بنفسہ (۲) عصبہ بغیرہ (۳) عصبہ مع غیرہ - عصبہ بنفسہ وہ ہر ذکر ہے جو اس کی نسبت میت کی طرف کرنے سے اُس مین کوئی مونث داخل ہو - عصبہ بغیرہ ہر مونث جو اپنے برابر کے مذکر سے عصبہ ہو جاوے - عصبہ مع غیرہ ہر مونث جو دوسری مونث سے عصبہ ہو جاوے (دیکھو عصبہ و عصبات)

وارث مرجح - ترجیح دیا گیا وارث - وہ وارث جس کو اوروں پر ترجیح ہو - مرجح اسم مفعول ہے ترجیح سے

وارد - اترنے والا -

واردات - واقعہ - حادثہ - وقت جو آدمی پر گذرے - وہ حال جو انسان پر گذرے جیسے اخفاے واردات بولتے ہین

وارڈ - اس سے وہ نابالغ مراد ہے جس کی ذات یا جائداد یا دونون کے لیئے کوئی گارڈین معین ہو -

وارڈن - ایک عہدے کا نام ہے جس کو

نواب گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل یا کل گورنمنٹ واسطے محافظت اصل اوزان اوباوزان منتقص القام اور اوزان و پیمانہ ہائے اجناس تجارتی کے میل کے جس کا ذکر ایکٹ ۱۸۷۱ء میں ہے مقرر کرتے ہیں اور وہ اوزان و پیمانہا کی بابت صحت اور تصدیق کا ذمہ دار ہے

وارنٹ گرفتاری نامہ - عام حکم نامہ گرفتاری مجرم - اختیار - حکم نامہ جو کسی عدالت سے جاری ہو - اور اس پر حاکم اجلاس کنندہ کے دستخط ہون - اور مہر عدالت ثبت ہو - (دیکھو شق اورسمن)

وارنٹ تلاشی - وہ وارنٹ جو تلاشی لینے کی غرض سے لکھا یا جاری کیا جاوے

وارنٹ رہائی - خلاصی اور آزادی کا وارنٹ وہ وارنٹ جو قیدی کو چھوڑ دینے کے واسطے ہو -

وارنٹ قرقی - قرقی کا وارنٹ - وہ وارنٹ جس مین قرقی کرنے کا حکم درج ہو

وارنٹ گرفتاری - گرفتار کرنے کا وارنٹ

وارزخام - یہ ایک حساب ہوتا ہے جس کا صرف یہ مطلب ہے کہ جیسے ہر رقم آمد یا خرچ سیاہہ مین مندرج ہوئی ویسی ہی اس مین بھی لی جاوے

واسطہ - درمیانی بیچ والا - ذریعہ -

واصلات - زرخراج - حاصلات علاقہ وہ روپیہ جو ادا کیا جاوے - اس لفظ سے وہ منافع مراد ہے جو جائداد کے قابض ناجائز نے فی الحقیقت وصول کیا یا وصول کرتا

واصل باقی - جملہ - باقی ہو - بقایا حساب جس سے جمع اور بقایا معلوم ہو -

واصل باقی نویس - محرر زرخراج وصول و بقایا کا محاسب

واضح - روشن - کھلا ہوا - ظاہر - صاف -

واضع - رکھنے والا کسی چیز کا اس کی جگہ پہ پیدا کرنے والا - بنانے والا -

واقع - ہونے والا - اس لفظ کے مفہوم مین یہ امور بھی داخل ہین - اول ہر ایسی چیز یا چیزون کی کیفیت یا چیزون کا ایسا تعلق جو محسوس ہو سکے - دوم - ہر حالت ذہنی جس سے کسی شخص کے دل کو آگاہی ہو

واقعات - واقعہ کی جمع ہے (دیکھو واقعہ)

واقعات تنقیحی - اس کے معنون مین ہر واقعہ داخل ہے جس سے منفسہ یا بہ تعلق اور واقعات کے وجود یا عدم یا نوعیت یا حد کسی ایسے حق یا ذمہ داری یا ناقابلیت کی لازم آتی ہو جس کے اثبات یا سلب کی کسی نالش یا کارروائی مین بحث کی جائے

تشریح جب بموجب احکام قانون مجوزہ وقت متعلقہ ضابطہ دیوانی کے کوئی عدالت

کسی تنقیح واقعاتی کو قلم بند کرے تو جس
واقعہ کا اثبات یا سبب اس تنقیح کے جواب
میں ہوتا وہ واقعہ تنقیحی ہے ۔ واقعات
تصفیہ طلب ۔ واقعات امر متنازعہ

واقعات متعلقہ ایک امر واقع کا دوسرے
امر واقع کے متعلق ہونا اس وقت کہا جائیگا
جب کہ وہ امر واقع دوسرے امر واقع سے
ایسے طور پر علاقہ رکھتا ہو جس کا ذکر ایک
شہادت میں ہے

واقعات منشاء الزام وہ واقعات
جو الزام پیدا کرنے والے ہوں ۔ الزام پیدا
کرنے والے واقعات

واقعہ خواب ۔ جنگ ۔ حادثہ ۔ سختی ۔ سزانہ
قیامت ۔ مرنا ۔ حال ۔ وقوعہ

تشریح قانون میں عموماً وہ واقعہ مراد
ہوتا ہے جس کی جمع واقعات تنقیحی یا واقعات
متعلقہ وغیرہ ہیں خواب وغیرہ کی ضرورت
نہیں پڑتی ۔

واقعہ طلب ۔ مفسد ۔ جنگ جو ۔

واقعہ غیر مثبتہ ۔ وہ واقعہ جو ثابت نہ ہو ۔ وہ
واقعہ جس کا نہ استرداد نہ اثبات ہو ۔

واقعہ متعلقہ ۔ مؤید یا ساعد یا متعلق واقعہ

واقعہ کا اثبات ۔ عدالت امور پیش شدہ
پر غور کرنے کے بعد باور کرے یا یہ خیال کرے
کہ اس کا وجود اس نہج پر امکان رکھتا ہے
کہ اس خاص مقدمے کی صورت میں کسی شخص
محتاط کو اس کے موجود ہونے کے قیاس پر
عمل کرنا چاہیے ۔ واقعہ کا ثابت کرنا ۔

واقعہ کا استرداد ۔ یہ اس وقت ہوگا جب
عدالت امور پیش کردہ پر غور کرنے کے بعد
یہ باور کرے کہ اس واقعہ کا وجود نہیں ہے
یا یہ خیال کرے کہ اس کا انعدام ایسا امکان
رکھتا ہے کہ اس مقدمے کی صورت میں کسی
محتاط کو اس کے نہ موجود ہونے کے قیاس پر
عمل کرنا چاہیے ۔ واقعہ کا رد کرنا ۔

واقعی ۔ درست ۔ منسوب طرف واقع کے ۔
کماحقہ لحاظ کے ساتھ اور کماحقہ تحقیقات
کے بعد ۔ ٹھیک ۔ اصلی ۔ در اصل ۔ فی الحقیقت
بجا ۔ صحیح ۔

واقف ۔ جاننے والا ۔ کسی چیز کا علم یا خبر کا علم
رکھنے والا ۔

واقفیت ۔ علمیت ۔ جاننا ۔ تجربہ ۔ جان پہچان
علم ۔

واگذاشت ۔ عطیہ ۔ معافی ۔

واگذاشت کرنا ۔ چھوڑ دینا ۔ واگذار کرنا ۔

والی ۔ حاکم ۔ مالک

واندھی ۔ وہ مزارع جو دوسرے گاؤں
میں رہتا ہو ۔

واہب ۔ بخشنے والا ۔ دینے والا ۔ ہبہ کرنے والا
یہ اسم فاعل ہے اس کا مادہ وہب ہے ۔

وثوق - استواری - اعتماد - دباؤ۔

وثیقہ - استواری - عہد - پیمان - عہدنامہ - دستاویز - سند - لکھت -

وثیقہ تائیدی - ایسا وثیقہ جو کسی مقدمہ یا مطلب کی تائید و مدد کرے

وثیقہ وقف - وقف کی سند - خدا کی راہ پر دیے ہوئے یا مطلق عطیہ کی سند - وقف کی دستاویز - ایسی چیز کی سند جو کسی کی ملکیت مین نہ ہو (دیکھو وقف اور وثیقہ)

وجوب - واجب ہونا - لازم ہونا سزاوار ہونا - مقرر ہونا - قانون کی تعمیل پر رعایا پر پابندی - فرض کے معنی بھی یہی ہین - قانون مین ہماری مراد اس فرض یا وجوب سے ہوتی ہے جو کہ اس حاکم اعلیٰ ترین کے صریح یا معنوی احکامات سے پیدا ہوتے ہین جن کی ہم اطاعت کرتے ہین - یہ ہمیشہ حکم کا نتیجہ ہوتا ہے -

وجوہ - جمع وجہ (دیکھو وجہ)

وجوہ تمہیدی - ابتدائی وجہین - اولین وجہین -

وجوہ محرک - وہ خواہشین جو بجبر دل مین آنے والی خواہشین اور جسمانی حرکات پیدا کرنے والی خواہشون سے ماسبق ہوتی ہین اور جن کے پیدا کرنے کے لیئے اُن حرکات جسمانی کو پیدا کیا جاتا ہے

وجوہات - جمع الجمع وجہ کی ہے - وجہین اسباب - بواعث - دلائل -

وجوہات محجوب الارث غلامی قتل اختلاف دین - اختلاف متابعت حاکم - ایک خاص کفار سے ہے - محجوب الارث کی وجہین -

تشریح وجوہات جمع ہے وجوہ کی اور وجوہ جمع ہے وجہ کی - پس وجوہات جمع الجمع ہے - محجوب اسم مفعول ہے - اس کا مادہ حجب ہے جس کے معنی لغت مین منع کے ہین اسی سے حاجب نکلا ہے - اصطلاح مین حاجب کہتے ہین اُس کو جو وارث کو فرائض لینے سے روکے - یا وافر فرض لینے سے روکے - تو اس سے ثابت ہوا کہ حجب دو قسم پر ہے - (۱) حجب نقصان - وہ روکنا حصہ کلان سے زیادہ اقل کی طرف (۲) حجب حرمان - وہ روکنا میراث سے ہے یکدفعہ یعنی کلی طور پر محروم کر دینا ہے اور وارث کے معنی ورثہ (دیکھو موانع الارث)

وجہ - طریقہ - طور - حقیقت شے - وہ چیز جس کے سبب سے معاش کرین جیسے زمین - مشاہرہ وغیرہ - باعث -

وجہ تحریک - رغبت دلانے کی وجہ حرکت دینے کا سبب - ترغیب کا باعث - وہ چیز

جس سے کوئی شخص کسی طرف مائل ہو۔
تشریح "وجہ تحریک یا حق السعی کسی کام کرنے کے لیئے" دیکھو جو کوئی شخص کوئی کام کرنے کے لیے جس کا کرنا اس کی نیت میں ہوتا ہو وجہ تحریک کے طور پر یا کوئی کام کرنے کے واسطے جو اس نے کیا ہو حق السعی کے طور پر کوئی مال بہ الاحتظاظ قبول کرے وہ شخص اس عبارت کا مصداق ہوگا جو خطوط وحدانی کے اندر محدود ہے
وجہ ثبوت۔ ثبوت کی دلیل۔ ثبوت کا سبب
وجہ معاش گذارے کی وجہ وہ وجہ جس سے زندگی بسر کی جائے
وجہ سوجہ۔ خوب اور پسندیدہ وجہ کافی سبب۔
ودیعت۔ امانت۔ دھرود ہر سپرد کرنا۔
وراثت۔ مُردے کے مال کا وارث ہونا میراث پانا۔ وہ دولت جو بحیثیت رشتہ داری مورث کے دوسرے کی جائداد ہوئی ہے۔ یہی تعریف دھرم شاستر میں درج ہے اور سنکارو کی تعریف سے یہ مترشح ہوتا ہے کہ گویا مالک حال بلاشک پہلے سے مالک تھا۔
وراثت نامہ۔ وارث ہونے کی تحریر وہ تحریر جس میں وارث ہونے کا مضمون ثبت ہو
وراثتاً۔ وراثت سے۔ وارث ہونے سے اور روسے وارث ہونے کے۔
وَرَثَہ۔ میراث پانے والے لوگ۔ ورثہ پانے والے۔ یہ جمع ہے وارث کی
وِرثہ۔ جائداد۔ میراث۔ وہ دولت جو صرف مالک کے ساتھ رشتہ ہونے کی وجہ سے دوسرے شخص کی ملکیت ہو جاتی ہے
تشریح یہ تعریف دستور العمل دھرم شاستر سے لی گئی ہے۔
ورغلانا۔ بہکانا۔ بُری ترغیب دینا۔
وزارت۔ وزیر ہونا۔ وزیر کا عہدہ اور اسامی۔
وزن۔ تول۔ بوجھ۔ اندازہ۔ تولنا۔ فارسی میں عزت۔ سوقار۔ بزرگی کے معنوں میں بھی مستعمل ہوتا ہے۔
وزن دار۔ بوجھل۔ بھاری۔ وزن رکھنے والی شے۔ معتبر۔ جاندار۔ قابل اعتبار
وزن کش۔ وزن کرنے والا آدمی۔
وزیر۔ جو وزارت کے عہدے پر مامور ہو۔
تشریح وہ شخص جو بوجھ اٹھانے میں شریک ہو چونکہ سلطنت کے کام کے بوجھ اٹھانے میں وزیر شریک بادشاہ کا ہوتا ہے اس لیئے یہ نام ہوا۔ وزر کے معنی بوجھ ہیں
وساطت۔ وسیلہ ہونا۔ واسطہ ہونا۔ ذریعہ۔ درمیان ہونا۔
وسائل۔ وسیلے۔ ذریعے۔ یہ جمع وسیلہ کی ہے

وسعت فراخی۔ چوڑاپن۔

وصول ۔ پہونچنا کسی چیز کا دوسرے کے پاس سے۔ حاصل کرنا۔ خراج یا مال گذاری وغیرہ کا جمع کرنا

وصول کرنا ۔ لے لینا وصول پانا جمع کرنا

وصی ۔ وہ شخص جس کو وصیت کی گئی ہو۔ وصیت کرنے والا۔ اور کبھی حضرت علی سے بھی مراد رکھتے ہین۔ کبھی وصی سے وہ شخص مراد ہوتا ہے جس کو موصی نے اپنے وصیت نامے کی تعمیل کے لیئے وصیت کی روسے مقرر کیا ہو منتظم کارندہ وصیت کی تعمیل کرنے والا۔

وصیت مرتے وقت یا سفر کرتے وقت جو کوئی شخص کہے کہ میرے بعد ایسا ایسا کرنا یہ وصیت ہے حسب ایکٹ استحقاق وراثت ہند وصیت سے مراد اظہار قانونی اُس نیت کا جو موصی (وصیت کرنے والا) اپنی جائداد کی نسبت رکھتا ہے اور جس کا اپنی وفات کے بعد ایفا کرانا اُس کو منظور ہے۔ آخری نصیحت

تشریح شرعاً وصیت کی یہ تعریف ہے کہ موصی (وصیت کرنے والا) موصی لہ (جس کو وصیت کی گئی ہو) کو یہ کہے کہ میرے مرنے کے بعد ایسا ایسا کرنا اور فلانے کو اتنا اتنا دینا بشرطیکہ وصیت جائز ہو اور وصی حر اور بالغ ہو اور وصیت کے وقت موصی لہ زندہ موجود ہو اگر وہ موصی کا قاتل نہو اور موصی بہ قابل تملیک ہو اور شرعاً تعمیل وصیت بعد ادائے دین کے ہوتی ہے اُس صورت مین کہ موصی کے ذمے کچھ ہو اور وصیت بن کے بعد ثلث مابقی مال تک جائز ہے گو بعض نے وارثون کی رضامندی سے زائد علی الثلث کے بھی رائے دی ہے ثلث سے زیادہ وصیت کرتے مین وارثون کا ہرج ہے۔

وصیت تحریری ۔ لکھی ہوئی وصیت وصیت کی لکھت۔

وصیت رعایتی ۔ رعایتی وصیت وہ وصیت جو رعایت سے کی گئی ہو اگر سپاہی بحالت کوچ خدمت مین انجام دے رہا ہو یا جنگ مین شریک ہو یا جہاز مین مقیم ہو۔ اگر اٹھارہ سال کو پہونچا ہوا اپنی جائداد کو بذریعہ وصیت کے بہبہ کردے اس کا نام وصیت رعایتی ہے۔ یہ تعریف ایکٹ استحقاق وراثت ہند سے لی گئی ہے وہ وصیت جس مین عام طور پر کسی قسم کی رعایت ہو۔

وصیت زبانی ۔ جو وصیت صرف زبان سے ہو تحریری نہو۔

وصیت نامہ ۔ اس سے اظہار قانونی اس

نیت کا مرادے جو موصی اپنی جائداد کی نسبت رکھتا ہے اور جس کا اپنی وفات کے بعد عمل کرانا اس کو منظور ہے ہر وصیت وصی حسب ایک تصریح حقوق متعلقہ داران او وہ اظہار منشاے موصی بہ نسبت اس جائداد کی جس پر کہ وہ موثر ہو اور جس پر بعد وفات عمل درآمد چاہتا۔ حسب ایکٹ عبارات عامہ وصیت نامہ ہر قسم جس میں وصی کی مرضی سے اس کی وفات کے بعد جائداد کا تقسیم ہونا لکھا ہو

وصیت نامہ رعایتی ۔ وہ وصیت نامہ جس مین رعایت کی گئی ہو وہ وصیت نامہ جس مین استحقاق بخشا گیا ہو

وصیت نامہ غیر رعایتی ۔ وہ وصیت کی تحریر جس مین رعایت نہو (دیکھو وصیت نامہ رعایتی)

وضاحت ۔ کشادگی ۔ واضح ہونا

وضع ۔ رکھنا ترتیب کرنا چُننا

وضع ادعائی بناوٹی وضع ۔ جھوٹی بناوٹی ہوئی وضع ۔ وہ وضع جو فی الاصل کسی شخص کی نہو بلکہ اس نے کسی غرض کے لیے وہ وضع اختیار کی ہو

وضع حمل بچہ جننا

وضع قوانین ۔ قوانین کا بنانا جبکہ حکام عملی اپنے ارادے یا خواہش کو قانون کی شکل میں ظاہر کرتا ہے تو کہتے ہیں کہ وہ قانون بناتا ہے اور اس کے اس عمل کا نام وضع قوانین ہے

وضع کرنا رکھنا مجرا لینا حساب سے خارج کر لینا منہا کرنا

وضعات جمع وضع کی ہے (دیکھو وضع)

وضعیت وضع کرنا مسلمانوں کی حکومت میں زمین داروں کی مال گذاری کا ایک قسم کا وضع کرنا تھا

وطن ۔ آدمی کے رہنے کی جگہ اپنا دیس اپنا پیدائشی ملک ۔ مولد جنم بھوم زاد بوم

وطی ۔ جماع کرنا عورت سے صحبت کرنی اصلی معنی اس کے پامال کرنے کے ہیں

وطی خلاف وضع فطری ۔ مجامعت با بہائم اغلام (دیکھو خلاف وضع فطری)

وظائف ۔ وظیفہ کی جمع ہے (دیکھو وظیفہ)

وظیفہ ۔ وہ چیز جو کسی کے واسطے ہر روز نئے لیے مقرر ہو روزینہ پنشن جیسے بولتے ہیں وظیفہ یاب یعنی پنشن پانے والا

وعدہ اقرار کرنا نیکی کرنے کا اقرار کرنا

تشریح بجائے اقرار خواہ نیک ہو یا بد مگر اکثر استعمال اس کا نیک وعدے پر ہوتا ہے جیسا وعید کا استعمال برے وعدے اور عذاب کے اقرار پر آتا ہے

وعدہ خلافی - وعدے کا پورا نہ کرنا۔ انکار
اقرار نہ کرنا۔
وغیرہ - سوائے۔ علاوہ - اس کے سوا
تشریح - یہ لفظ ظاہری طور پر مفرد معلوم
ہوتا ہے۔ دراصل و بمعنی اور۔ اور غیر بمعنی
سوائے۔ اور ہ بمعنی اُس سے مرکب ہے
یعنی اور سوائے اُس کے
وقتاً فوقتاً - وقت وقت۔ وقت کے وقت
وقت کے بعد وقت۔
وقعت - عزت - اعتبار۔
وقف - کسی جگہ کھڑا ہونا۔ ٹھہرنا۔ کھڑا ہونا
کلام میں توقف کرنا۔ جاننا۔ خبردار ہونا۔
وہ چیز جو کسی کی ملک میں نہو یعنی راہ خدا
میں اُس کو دے ڈالا ہو۔ عطائے بخشش
مذہبی یا خیراتی عطیہ۔ محمدی قانون میں
ایک خاص محکمہ کا نام تھا جس میں مال
وقف جمع رہتا تھا۔ اس سے مراد ہے علی
حدہ کرنا مال کا عنداللہ یعنی خدا کے نام پر
کچھ مقرر کر دینا ایسے طور پر کہ کوئی اُس کا
مالک نہو بلکہ خود وقف کرنے والا بھی
مال وقف کا مالک نہ رہے۔ الوقف لا یملک
مشہور ہے۔
وقف کرنا - کسی شے کو خدا کی راہ میں
استعمال کیے جانے کے لیئے ایسے
طور پر دے دینا کہ اُس کا کوئی مالک نہ بنے
عام کر دینا (دیکھو وقف)
وقوع - واقع ہونا۔ بمعانی ہر چیز کا ظاہر ہونا
وقوعہ - واقعہ - ظاہر شدہ - کوئی حال
واردات (دیکھو واردات)
وکالت - وکیل ہونا - اپنا کام دوسرے
کے سپرد کرنا۔ مختاری۔ وکیل کا کام یا
عہدہ۔
وکالت نامہ - مختارنامہ - وکیل ہونے
کی تحریر۔ مختار ہونے کی سند۔
وکیل - مختار۔ پلیڈر۔ کفیل۔ وہ شخص جس پر
کوئی دوسرا شخص اپنا کام چھوڑ دے
وکیل سرکاری - گورنمنٹ پلیڈر - وہ
وکیل جو گورنمنٹ کے مقدمات کی پیروی
کرنے کے لیئے مقرر ہوتا ہے۔
ولا - آزاد غلام کی میراث۔
تشریح - ولا دو قسم کا ہے - ایک جو آزاد
کرنے سے حاصل ہوتا ہے - ایک حق وراثت کا
اور دوسرا منحصر ہے آپس کے معاملے پر
جب دو شخص آپس میں معاملہ کرتے ہیں
ایک دوسرے کے آپس میں وارث
ہونے کے لیئے۔
ولادت - بچہ جننا - پیدایش
ولایت - حاکم ہونا - مددگار ہونا - دوست
ہونا - بادشاہی - ملک - وہ زمین جو آباد
ہو - کسی کے کام کا ذمہ دار ہونا - مددی

حکومت - امیری جیسے ولایت کا استحقاق
ولی ہونے کا حق -
ولد - فرزند - بچہ
تشریح - واضح ہو کہ یہ لفظ مفرد اور
جمع دونوں پر استعمال ہوتا ہے اور
مونث اور مذکر دونوں پر بولا جاتا ہے
مگر بہ نسبت مونث کے مذکر پر زیادہ استعمال
کیا جاتا ہے
ولد الحرام - حرام کا بچہ - وہ بچہ جو منکوحہ
عورت سے نہ ہو خانگی وغیرہ کا بچہ - ولد
الزنا - رنڈی - فاحشہ کسبی وغیرہ کا بچہ
وہ بچہ جو زنا سے پیدا ہوا ہو -
ولد الزنا (دیکھو ولد الحرام)
ولد الحلال - حلال کا بچہ - وہ بچہ جو
اپنی منکوحہ عورت سے پیدا ہوا ہو -
ولدیت - باپ کا نام - حسب نسب -
خاندان -
ولی - دوست - یار - مددگار - صاحب -
خداوند - نزدیک - کسی کام کا ذمہ وار
کفیل - محافظ - وہ شخص جو کسی نابالغ کی
جانب سے بباعث قریبی رشتہ داری یا بحکم
گورنمنٹ محافظ مقرر کیا جائے -
تشریح - یہ عموماً یتیم یا نابالغ اولاد یا بیوہ
یا بصورت کورٹ آف وارڈ ہونے کے
مقرر کیا جاتا ہے حسب سول کوڈ پنجاب
خاص رشتہ داروں مذکر جو ان ترتیب
ایک بعد دوسرے کے جیسا کہ بصفحات
۴۵ و ۴۶ قانون پہلو ذاتی حسب درج
ہے - ولی کہلاتے ہیں اُن کو اختیار ہے کہ
مذکر یا مونث نابالغ کو نکاح میں دے دیں
مگر عاقل بھی ہوں -
تشریح ۲ - بولتے ہیں ولی کی ولایت
جائز سے لے بھاگنا یعنی کسی نابالغ لڑکی
کو جس کی عمر چودہ سال سے کم ہو یا کسی نا
بالغ لڑکے کو جس کی عمر سولہ برس سے کم ہو یا
کسی شخص کو جس کی عقل میں ولی جائز کی سپردگی
میں سے بلا رضامندی اس ولی کے لیجانا
یا پھسلا لے جانا -
ولی اصلی - ٹھیک ولی - قدرتی ولی - وہ ولی
جو بنا ولی ہو
ولی بعید - دور کا ولی - وہ ولی جو رشتہ میں
کئی پشتوں کے فاصلے سے ملے -
ولی جائز - ہر اس شخص کو شامل ہے جس کو
نابالغ یا نابالغہ یا بیوہ وغیرہ کی حفاظت
سپرد ہو
ولی شرعی یا قانونی } جو قانون اسلام یا محمدن لا کی
رو سے ولی ہو
ولی عہد - حاکم وقت - اصطلاحاً جس کو
بادشاہ اپنی زندگی میں حکم دے کہ میرے بعد
یہ بادشاہ ہوگا ٹیکا - پرنس آف ویلز

تشریح یہ لفظ اصل مین والی عہد ہے
یعنی عہد کا مالک ترکیب اضافی ہے

ولی قریب قریبی ولی تردیکی ولی
باپ اور دادا وغیرہ بطور ولی قریب کے
متصور ہوتے ہین

ولی نعمت وہ شخص جو کسی کو کھانے کو
دے - پرورش کرنے والا

تشریح یہ بغیر اضافت کے ہے منقول
اکثر مقطوع الاضافت آتا ہے گو حقیقت
مین مضاف مضاف الیہ ہوتا ہے مگر فک
اضافت ہوجاتا ہے یعنی کسرہ اضافت
ظاہر نہین ہوتا جیسے ولی عہد اور ولی
نعمت وغیرہ -

ولیہ - عورت ولی -

ہ

ہاٹ - پینٹھ وہ بازار جو ایک مقررہ
دن کو جمع ہوتا ہے - دوکان

ہادی ہدایت کرنے والا نیک راہ دکھانے
والا - رہنما

ہائی کورٹ - حسب ایکٹ پریوی کونسل
لفظ ہائی کورٹ مین رکارڈر رنگون کا بھی
متصور ہوگا لیکین نہ اس جج پر کہ اس کو
ایسے قواعد کے منضبط کرنے کا اختیار
ہے جو بجز اس عدالت کے اور عدالتون پر
واجب التعمیل ہون - اور حسب ایکٹ
ترمیم قوانین متعلقہ ہائی کورٹ
سے ملکہ معظمہ کی عدالت ہائی کورٹ آف
جوڈیکیچر واقع فورٹ ولیم بنگال - مدراس
یا بمبئی جیسی کہ صورت ہو مراد ہے اور عدالت
موصوفہ کا ایک جج یا کئی جج اور ڈویژنل
کورٹ بھی اس مین داخل ہے حسب ایکٹ
استحقاق وراثت ہند ہائی کورٹ سے وہ عدالت
مراد ہے جس مین عدالت اپیل اکبر ہو -
حسب ایکٹ عبارات عامہ اس سے مراد
اعلی ترین عدالت اپیل دیوانی ہے - جہان
کہین اُن کارروائیون کا حوالہ دیا جاوے
جو رعایاے برطانیہ اہل یورپ کے مقابلہ
مین ہون یا اُن اشخاص کے مقابلہ مین ہون
جن پر بشراکت اہالیان یورپ رعایاے
برطانیہ کے الزام قائم کیا گیا ہو عدالت
ہائی کورٹ آف جوڈیکیچر واقع فورٹ ولیم
و مدراس و بمبئی و ہائی کورٹ آف جوڈیکیچر
ممالک مغربی و شمالی و چیف کورٹ ممالک

پنجاب و عدالت ریکارڈر رنگون مراد ہے
اور صوبہ جات مین اس سے وہ مراد ہے جو
کسی رقبہ ارضی کے لیے معاملات فوجداری
مین سب سے اعلی درجہ کی عدالت اپیل یا
نظر ثانی ہو یا جہان کوئی ایسی عدالت ازروئے
کسی قانون نافذ الوقت کے قائم نہو تو ایسا
عہدہ دار مراد ہے جس کو اب گورنر جنرل بہادر
با جلاس کونسل وقتاً فوقتاً اس کام کے
مقرر فرمائین - بلحاظ کارروائی مقابلہ رعایا
اہل یورپ عدالت ہائی کورٹ کلکتہ و مدراس
و بمبئی و ممالک مغربی و شمالی و چیف کورٹ
پنجاب و دیگر مقامات مین عدالت اعلی اپیل
یا نظر ثانی مقدمات فوجداری -

ہبہ بخشش عطا بخشش - جو شے بغیر لینے معاوضہ
کے دی جاے اس کو ہبہ کہتے ہین عطیہ
ایک کامل بخشش جو پھر کسی اور کو نہ دلائی
جا سکے اور نہ واپس لی جا سکے - ایک جائداد
کا بغیر کسی معاوضہ کے عطا کرنا یہ تعریف محمدی
قانون مین ہے -

ہبہ استقبالی - آیندہ کا ہبہ -

ہبہ بشرط العوض - بدلہ اور عوض کی
شرط پر ہبہ قیمت یا معاوضہ کے وعدہ پر
ہبہ کیا جاتا ہے - یہ بیع کے مشابہ ہے اور
اس سے واہب اور موہوب لہ کا قبضہ ایک
ضروری اور لابدی حالت مین ہوتا ہے -

ہبہ بحالت مرض - اس کو کہتے ہین کہ جو کوئی
شخص بیمار اور اپنی بیماری لاحقہ سے جلد
مر جانے کا خوف رکھتا ہو کوئی شے منقولہ کسی
شخص غیر کو اس غرض سے حوالہ کرے کہ اگر
واہب (ہبہ کرنے والا) اسی مرض مین فوت
ہو جاے تو شخص غیر اس شے کو بطور
موہوبہ (ہبہ کی گئی) کے اپنے تحت التصرف
مین لائے -

ہبہ بمنزلہ وصیت - جو ہبہ شخص قریب
المرگ کی طرف سے عمل مین آیا ہو - ایسا
ہبہ جو مشابہ وصیت نامے کے ہو یا وصیت
نامے کا اثر رکھتا ہو

تشریح لفظ قریب المرگ جو اس جگہ تفصیل
معانی مین ثبت ہے غلط ہے اس لیے کہ لفظ
عربی قریب اور لفظ فارسی مرگ کی ترکیب
صحیح نہیں - اور مرگ فارسی لفظ پر ال داخل
نہین ہو سکتا - یون ہی بے علم اہل عملہ نے
اس لفظ کو رواج دے رکھا ہے

ہبہ بحالت مرض الموت - وہ ہبہ
جو مرض موت کے وقت کیا جاے - اس
کو کہتے ہین کہ کوئی شخص جو بیمار ہو اور اپنے
مرض لاحقہ سے جلدی مر جانے کا خوف
رکھتا ہو کوئی شے منقولہ کسی شخص غیر کو اس
غرض سے حوالہ کرے کہ اگر واہب (ہبہ کرنے
والا) اسی مرض مین فوت ہو جاے تو شخص

غیر اس شے کو بطور موہوبہ (ہبہ کی گئی) کے اپنے تصرف مین لائے۔ (دیکھو ہبہ بحالت مرض)

ہبہ بالکنایہ۔ وہ ہبہ جو اشارے سے ہو۔ وہ ہبہ جو ظاہر طور پر نہ ہو بلکہ پوشیدگی اور خفا سے ہو۔

ہبہ تملیک۔ مالک کرنے یا قبضہ مین دینے کا ہبہ۔ ملکیت کا ہبہ۔

ہبہ خاص۔ خاص ہبہ۔ موصی (وصیت کنندہ) کی جائداد کے ایک خاص حصہ پر شامل ہے جو اس کی جائداد کے تمام حصون پر ممتاز ہوتا ہے۔ اگر موصی اپنی جائداد کے کسی جزو خاص کو جو اس کی جائداد کے باقی جملہ اجزا سے مختلف و متفرق ہو کسی کے نام پر ہبہ کرے تو یہ ہبۃ الاخذ کہلاتا ہے۔

تشریح اس مین و ہبۃ الاخذ مین یہ فرق ہے کہ جہان خاص جائداد موصی لہ کو دی جاتی ہے تو وہ ہبۂ خاص ہے اور جہان یہ ہدایت کی جاتی ہے کہ اس خاص جائداد سے باہر دیا جائے تو وہ ہبۃ الاخذ ہے۔ (دیکھو ہبۃ الاخذ)

ہبہ شرطیہ۔ جو ہبہ کسی شرط پر مبنی ہو جس ہبہ کے ساتھ کوئی شرط لگائی گئی ہو

تشریح مثلاً زید کے نام اس شرط پر ہبہ کیا کہ نامبردہ ایک گھنٹہ مین

بلا وساطت سواری وغیرہ کے ایک سو میل طے کرے عموماً ایسی شرط دشوار ہوتی ہے یا ایسی شرط کہ موصی بحالت مرض موت کہے کہ میں مرگیا تو یہ ہبہ ہے ورنہ نہین۔

ہبہ قطعی سے مراد ایسی ہبہ کی ہے جس سے موہوب لہ کو صریحاً یا مفہوماً اختیار انتقال حاصل ہو۔

ہبہ کالعدم۔ وہ ہبہ جس مین کوئی شرط محال لگائی جائے۔ اگر ہبہ کے وقت موصی کی وفات کی حالت مین ایسا شخص موجود نہو جس پر ہبہ کا ہونا موقوف ہے تو ہبہ کالعدم ہے۔ وہ ہبہ جو ایسی شرط پر مبنی ہو جس کا ہبہ خلاف قانون ہو۔ برائے نام ہبہ۔ وہ ہبہ کہ گویا ہبہ ہی نہین۔ وہ ہبہ جو ایک شخص کو ایک خاص تشریح کے ساتھ کیا جائے اور موصی کی موت کے بعد اس کے مطابق کوئی آدمی موجود نہو

ہبۃ الاخذ۔ جب ہبہ مین یہ ہدایت ہو کہ شے موہوبہ کسی خاص جائداد مین سے دی جائے تو یہ ہبۃ الاخذ ہے۔ بعض اس طرح کہتے ہین کہ جب موصی کسی قدر معین یا کسی اور شے کی ایک تعداد معین ہبہ کرکے کسی اور سرمایہ یا مجموعہ پر اس طور سے حوالہ کرے کہ نقد یا شے موہوبہ اسی سرمایہ یا مجموعہ مین سے دلائی جائے تو ایسا ہبہ ہبۃ الاخذ

کہلائے گا۔

تشریح ہبۃ الاخذ اور ہبۂ خاص مین یہ فرق ہے کہ جب کوئی جائداد خاص موہوب لہ کو دی جائے تو ہبۂ خاص ہے اور جب یہ ہدایت ہو کہ شے موہوبہ کسی جائداد خاص مین سے دی جائے تو یہ ہبۃ الاخذ ہوگا۔

ہبۂ مشاع۔ مشترکہ چیز کا ہبہ۔ خصوصا غیر منقسم چیز کا ہبہ۔ غیر مشترکہ اور غیر منقسمہ زمین کا ہبہ جو اس وقت تک درست نہین جب تک تقسیم نہ ہو۔ اور موہوب لہ کو منتقل نہ ہو جائے۔

ہبۂ مطلق۔ بے قید ہبہ۔ عام ہبہ جس مین ہبہ مین شرط نہ ہو۔ غیر مشروط ہبہ۔ جہان واہب جائداد کا محض ہبہ کرے جس حالت مین کہ جائداد کا قبضہ ہبہ کی درستی اور صحت کے لیئے ضروری ہوتا ہے

ہبۂ مقید۔ جس مین کوئی شرط ہو۔ جیسے ہبۃ بشرط العوض اور ہبہ بالعوض ہے۔

ہبۂ موسومہ وصی۔ جو وصی کے نام کا ہبہ ہو۔

ہبۂ وجوبی۔ واجبی اور لازمی او مقرری ہبہ۔ موہوب لہ کے ذمے ایسا امر وجوبی کیا جائے کہ بغیر تمام و کمال امر مذکور کے ہبہ کا مستحق نہو۔

تشریح ایک شخص جو موصی لہ کے سر پر احسان رکھتا ہے کہ جب تک احسان کو قبول نہ کرے ہبہ سے فائدہ نہین اٹھا سکتا

ہبہ نامہ۔ وہ کاغذ جس پر اقرار ہبہ لکھا جائے۔ دستاویز ہبہ۔ ہبہ کی تحریر۔

ہبہ دار۔ ہبہ رکھنے والا موصی لہ ترکہ پانے والا۔

ہتک۔ پردہ دری۔ رسوائی۔ کسی کا بھید ظاہر کردینا۔ بے عزتی کرنا۔

ہتھ پھیر۔ ادھار۔ عاریت۔ مستعار

ہتھکڑی۔ زنجیر آہنی جو مجرمون کے ہاتھ مین ڈالی جاتی ہے۔ یہ اصل مین ہاتھ کڑی تھا لیکن ہتکڑی بولتے ہین۔ ہائے مخلوط نہین لکھتے پڑھتے۔

ہتھیار۔ جو چیز تیز اور کاٹنے والی ہو لوہے کا اوزار۔

ہتھیار بند۔ مسلح ہتھیار لگانے والا۔ آدمی جو ہتھیار پہنے ہوئے ہو۔

ہدایت۔ رہ نمائی۔ راہ دکھانا

ہر۔ کل۔ سب۔ تمام۔

تشریح یہ حرف تاکید ہے۔ ہر اور ہمہ مین یہ فرق ہے کہ ہر من حیث المجموع شمول افراد کے واسطے آتا ہے اور ہمہ من حیث الافراد شمول افراد کے لیے آتا ہے

ہرانا۔ کسی زمین مین مویشی یا بھیڑین بند رکھنے

ہرج ۔ نقصان ۔ خرابی ۔ فساد ۔ مزاحمت

ہرجہ ۔ نقصان ۔ ضرر ۔ تاوان ۔

ہردل ۔ وہ پیشگی رقم جو ہل جوتنے والے کو بلاسود دی جاتی ہے۔

ہرواہا ۔ ایک زمیندار جس نے پیشگی روپیہ کے عوض اپنی خدمات کو فروخت کر دیا ہو اور یہ عہد کر لیا ہو کہ جب تک روپیہ ادا ہو جائے گا اور کچھ نہیں کیا جائے گا۔

ہریانہ ۔ تقسیم فصل جس مین کاشت کار دو حصے اور مالک سات حصے لیتا ہے

ہزل ۔ سخن بے ہودہ اور مسخرگی اور لاغر کرنا

تشریح ہزل اور لغو مین یہ فرق ہے کہ ہزل بیہودگی خلاف جد اور لغو سخن بیہودہ و خطا جو صواب مین ہو۔

ہست و بود ۔ ایک قطعہ ارضی کی مال گذاری کا تخمینہ ۔ یہ اس رقم پر بھی بولا جاتا ہے جو زمیندار کی کمی پیداوار سے واپس دی جاتی ہے

ہست و بود جمع ۔ ایک حساب جس سے کل رقم مال گذاری تمام قسم کے عنوانوں سے اور تحصول جو ایک گانون پر لگایا جاتا ہے معلوم ہو سکے۔

ہست و بودی ۔ وہ زمین جس پر اُس کی پیداوار کے حساب سے مالگذاری مقرر ہو

ہفت گانہ کاغذ ۔ یہ سات کاغذ مفصلہ

خسرہ (۳) تیرج (۴) جمع واصل باقی ہائی دار ۔ جمع واصل باقی تحصیلی (۵) جمع خرچ (۷) فہرست انتقال حقیت مالکان ۔ یہ کاغذات پٹواری تیار کرتا ہے۔

ہلاکت ۔ نیست ہونا ۔ موت ۔ مرنا ۔ ہلاکت سے صرف ہلاکت انسان مراد ہوگی اگر زہر سے اور نہ پایا جائے

ہلاہل ۔ ایک زہر قاتل کا نام ہے جس کا کھانے والا کسی دوا سے کم اچھا ہوتا ہے

تشریح لکھا ہے کہ ہلاہل ایک پہاڑ کا نام ہے حد و چین مین ۔ اس پر ایک درخت ہوتا ہے جس کی جڑ زہر قاتل ہے ۔ پس اس جڑ کا نام اس پہاڑ کے نام سے مشہور ہو گیا ہے ۔ اس وجہ سے اگر زہر ہلاہل بولین تو مناسب ہے۔

ہل برآر ۔ ہلون کی تعداد پر مال گذاری مقرر کرنا

ہل بندی ۔ زمین زیر کاشت کی مقدار ۔

ہم ۔ نیز ۔ بھی ۔ غم ۔

تشریح جب بھی کے معنی لین تو حرف عطف ہوگا اگر غم کے معنی لین تو اسم ہوگا واضح ہو کہ ہم اُس رنج کو کہتے ہین جو آنے والی مصیبت کے خیال سے ہو اور غم اس رنج کو کہتے ہین جو مصیبت موجودہ پر ہو

تشریح ۲ ۔ نیز اور ہم مین یہ فرق ہے

کہ ہم معطوف اور معطوف علیہ دونوں پر لایا جاتا
ہے بخلاف نیز کے جو تنہا معطوف ہی پر
آتا ہے۔ دیگر یہ کہ لفظ ہم مفردات میں آتا
ہے بخلاف نیز کے کہ سوائے جملے کے
نہیں آتا۔

ہم بستر۔ کسی کے ساتھ سونے والا
جماع یا زنا کرنے والا

تشریح جماع اور زنا میں یہ فرق ہے
کہ جماع کہتے ہیں مرد کا عورت سے صحبت
کرنا مرد کا منکوحہ عورت سے صحبت کرنا۔
اور زنا کہتے ہیں حرام کاری کرنا۔ غیر محرم
عورت سے صحبت کرنا غیر منکوحہ سے
صحبت کرنا

ہم جدی۔ ایک جد کے۔ جو باپ دادے
سے ایک ہوں جس کے باپ دادا و بزرگ
ایک ہوں۔

ہم دردی۔ وہ کیفیت قلبیہ جس کی
وجہ سے دوسروں کی خوشی سے ہم خوش
اور ان کے رنج سے ہم رنجیدہ ہوتے
ہیں کسی کے درد کا شریک ہونا۔

ہم دست۔ شریک۔ متفق۔ برابر۔ ہم قدرت
معرفت۔

ہم رشتہ۔ جو رشتہ میں برابر ہو۔

ہم زلف۔ سالی کا شوہر۔ ساڑھو۔

ہم سر۔ برابر۔ جورو۔ زوجہ۔

ہم شیر اخیافی۔ ماں کی طرف سے بہن

ہم شیر حقیقی ماں اور باپ دونوں سے
بہن۔ سگی بہن۔ عینی بہن

ہم شیر رضاعی۔ دودھ کی بہن۔ انا کی لڑکی

ہم شیر علاتی۔ باپ کی طرف سے بہن۔

ہندوستانی ریاست۔ حسب ایکٹ
حوالگی مجرمان اس سے مقامات بیرون حدود
حکومت ملکہ معظمہ بلحاظ رعایائے ہندوستانی
و بلحاظ رعایائے برطانیہ اہل یورپ عمل
داری اُن والیان ریاست ہائے ہند کی
جن سے اور ملکہ معظمہ سے رابطہ اتحاد مربوط
ہے مراد ہیں۔ اور حسب ایکٹ بابت سکہ
ہندوستانی ریاست ہر ریاست واقع ہند
ہے جو حضور ملکہ معظمہ کی گورنمنٹ کی زیر
حمایت یا تحت انتظام ہو یا جس نے دولت
انگلشیہ کی اطاعت کا اقرار کر لیا ہو۔

ہندوستانی عیسائی۔ اس میں متوطنان
ہندوستان جنھوں نے دین عیسائی اختیار
کیا ہو اور اُن کی عیسائی اولاد بھی اس میں
شامل ہے۔

ہنڈی۔ روپیہ کا پرچہ جس کے ذریعے
سے روپیہ ایک جگہ ادا کیا جاتا ہے اور
دوسری جگہ مل جاتا ہے

تشریح بعض لوگ اس کو ہنڈوی دال
سے لکھتے پڑھتے ہیں اس میں بھی معنی آئے

کی طرح کچھ فیس دی جاتی ہے۔منی آرڈر کا
دستور جاری ہونے سے اس کا رواج بہ
نسبت سابق کے کم ہوگیا ہے۔

ہنڈی درشنی۔اس کا روپیہ فوراً ہنڈی
دیکھتے ہی مل جاتا ہے

تشریح درشن کے معنی دیکھنا ہے اس لیے
اس کے دیکھتے ہی روپیہ مل جاتا ہے

ہنڈی ساہ جوگ۔یہ ہنڈی کبھی درشنی
نہین ہوتی یعنی اس کا روپیہ عند الطلب
فوراً نہین ملتا بلکہ کچھ میعاد کے بعد دیا
جاتا ہے۔

ہنگامہ۔اژدہام۔انبوہ۔لوگون کا مجمع۔
وقت۔ہنگام۔جب دو یا زیادہ اشخاص
آمدورفت عام کی کسی جگہ مین لڑنے سے
آسودگی عامہ خلائق مین خلل ڈالین تو یہ
فعل ہنگامہ کہلائے گا۔زدوکوب دو آدمی
مین ایسے موقع پر ہو جو شارع عام ہو اور
یہ جنگ آسودگی عام کی مخل ہو فساد۔

تشریح رسالہ رہسکو صاحب طبع ساوس
صفحہ ۲۵۳ مین ہنگامہ اور بلوہ مین یہ فرق لکھا
ہے کہ ہنگامہ مین پہلے سے نیت کرنا نہین ہوتا
مثلاً چند اشخاص ایک میلہ یا بازار مین یکجا
ہون اور اتفاقاً ناگہانی لڑائی مین شریک ہوکر
تکرار کرنے لگین تو وہ مجرم ہنگامہ کے ہین نہ کہ
بلوہ کے۔کیونکہ ان کے یکجا ہونے کی غرض
غیر مجرمانہ اور جائز ہے اور فتور اس مین بلا کسی
نیت سابقہ کے واقع ہوا۔بلوہ مین پہلے سے
نیت ہوتی ہے اور مسلح ہوکر خاص تعداد
آدمیون کو جانا پڑتا ہے اور نیت مجرمانہ
ہوتی ہے (زیادہ دیکھو بلوہ)

ہیڈ۔سر۔مراد افسر سے ہوتی ہے۔

ہیڈ آفس۔حسب سب آفس ہینڈ یک
وہ دفتر درمیانی ہے جس مین اس کا اپنا
حساب رہتا ہو۔اور یہ دفتر ایسے تمام دیگر سب
آفسون یا برانچ آفسون کے لیئے دفتر حساب
ہو چکا جن کا حساب صاحب پوسٹ ماسٹر
جنرل نے اس کے متعلق کیا ہو۔اور باعتبار
عام لغت کے بڑا اور اعلی دفتر۔

تشریح یہ انگریزی لفظ ہے ہیڈ کے معنی
بڑا اور آفس کے معنی دفتر یعنی سب سے بڑا دفتر

ی

یابندہ۔پانے والا۔وصول کرنے والا۔ وہ شخص جو کچھ حاصل کرے

پابندہ سمن - جس کے نام پر سمن جاری ہوا ہو۔ اور وہ سمن لے لے۔

یادداشت - یاد - یاد رکھنے کی نشانی۔ جیسے بولتے ہین یادداشت اپیل۔

یادگار - نشان نشانی کبھی فرزند کے معنی بھی لیتے ہین۔

یافت - پانا - آمدنی - آمد - وصول۔

یافتنی - پانے کے لائق - قابل وصول - وہ رقم جو دوسرے کے لینے کے لائق ہو۔

تشریح اس مین ہی لیاقت کی ہے جیسے سوختنی جلانے کے لائق اور کشتنی - رڈالنے کے لائق۔

یتیم - بے پدر جس کا باپ نابالغی کی حالت مین مرجاے گو مان زندہ ہو۔ وہ بچہ جس کا باپ مرگیا ہو۔ اور کبھی بدون مان کے بچے کو بھی یتیم بولتے ہین

یتیم الطرفین - جس بچہ کے مان اور باپ دونون زندہ نہون اُس کو یتیم الطرفین کہتے ہین۔

یعنی - وہ چاہتا ہے قصد کرتا ہے۔

تشریح یہ لفظ گو مضارع ہے "یعنی" وہ مراد رکھتا ہے" ہے مگر اُردو فارسی مین اس کو حرف تفسیر اور حرف بیان بولتے ہین

یک بچی تقسیم ہر کسی رقم یا محصول کی جو تمام اراضی پر ایک ہی نرخ سے لگایا گیا ہو۔

یک جدی - جو ایک جد کا ہو جس کے بزرگ مذکر ایک کنبہ کے ہون۔ ایک نسل کے

تشریح - یک کے معنی ایک - جد کے معنی دادا اور ی اس مین نسبت کی ہے مگر جد کا لفظ عام ہے دادا ہو یا پردادا یا اس کے بھی اوپر دور تک چلا جاے اُس کو عموماً وراثت مین دادا ہی کہتے ہین۔

یک سالہ - ایک سال کا - عموماً اس کا استعمال اُس محصول پر ہوتا ہے جو ایک سال کے واسطے لگایا گیا ہو۔

یک طرفہ ڈگری - وہ ڈگری جو یک طرفہ ہی ہوجاے۔ وہ ڈگری جو مدعی یا مدعاعلیہ مین سے ایک کی حاضری اور دوسرے کی غیر حاضری کے وقت ہو۔

یک مشت - یک لخت - ایک دفعہ۔

یگانہ - ایک - بے مانند - قریبی۔

یوتاک - استری دھن کی ایک قسم ہے

یوٹرائن - ایک مان کی اولاد - یہ یورپ مین مستعمل ہے

یوٹلیٹی - سود مندی۔

یوم - دن - روز۔

یومیہ - ایک دن کا - روزانہ پنشن والون کا الاونس جو ہر روز ملے

تمام شد